ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ؕ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ يُخْفُوْنَ فِيْ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ؕ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ؕ

(۱۱) دفع آسیب کیلئے

جس کو آسیب وغیرہ ہو تو اس کے داہنے کان میں یہ آیت سات بار

(۱) چیچک سے حفاظت

جب چیچک کی بیماری ظاہر ہو تو نیلا دھاگا لے کر اس پر سورہ الرحمٰن پڑھی جائے اور جب فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پر پہنچے تو اس پر پھونک کر گرہ دے جب تمام کر چکے تو بچے کی گردن میں ڈال دے حق تعالیٰ اس کو اس بیماری سے آرام دے گا۔

(۲)

جب کسی آدمی یا بچہ کو بخار آئے اور دو دن چیچک کے دانہ نکلنے کا ہو تو دو ٹکڑے کاغذ پر تین مربعہ شکل میں احمد شریف کے نقش لکھے (۱) ایک کو میں باندھے (۲) دوسرا دھو کر پلا دے (۳) تیسرا اس کے تکیہ میں لکھے اللہ کے فضل و کرم سے چیچک نہ نکلے اور اگر نکلے تو تکلیف نہ ہو وہ مربع شکل یہ ہے۔

بسم اللہ	الرحمٰن الرحیم	الحمد للہ	رب العالمین
الرحمٰن الرحیم	ملک	یوم الدین	ایاک نعبد
وایاک نستعین	اہدنا	الصراط المستقیم	صراط الذین
انعمت علیہم	غیر المغضوب علیہم	ولا الضالین	آمین

پڑھے۔ وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۝

(۲)

دفع آسیب کا یہ بھی عمل ہے کہ اس کے کان میں سات بار اذان دے اور سورۃ فاتحہ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور آیۃ الکرسی اور سورۃ طارق اور سورۃ حشر کی آیتیں یعنی هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ سے آخر سورۃ تک اور سورۃ صافات ساری پڑھے اور پھونک دے آسیب جل جائے گا۔

ف : احراق ذی روح کا بلا ضرورت شدیدہ جائز نہیں اس لئے بہتر یہ ہے کہ پہلے کہدے کہ اگر نہ گئے تو جل جاؤ گے ۔

(۳)

آسیب زدہ کے واسطے یہ عمل ہے کہ اس کے کان میں سورۃ مومنون کی آیتیں پڑھے یعنی اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ سے آخر سورۃ تک پھونک کرے۔

(۴)

دفع آسیب کا یہ بھی عمل ہے کہ پاک پانی پر سورۃ فاتحہ آیۃ الکرسی اور پانچ آیتیں سورۃ جن کی: قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ سے عَلٰی نَفْسِهٖ کَذِبًا) پڑھے اور اس پانی کا اس شخص کے منہ پر چھینٹا مارے کہ ہوش میں آجائے اور جب کسی مکان میں جن معلوم ہو اسی پانی سے اس مکان کی ہر دیوار میں چھینٹے مارے تو وہاں پھر نہ آوے گا۔

(۵)

جس گھر میں جنات کا عمل دخل ہو اور وہ پتھر پھینکتے ہوں تو یہ آیت اِنَّهُمْ یَكِیْدُوْنَ كَیْدًا وَّاَكِیْدُ كَیْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِیْنَ

اَمْهِلْهُمْ رُوَیْدًا۔

چار لوہے کی کیلوں پر ہر کیل پر پچیس پچیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور گھر کے چاروں کونوں میں گاڑ دے انشاء اللہ جنات کا اثر ختم ہو جائے گا۔

(۶)

دفع جن کے لئے یہ عمل بھی بہت مفید ہے کہ اصحاب کہف کے نام گھر کی دیواروں پر لکھے اور وہ نام یہ ہیں۔

یَمْلِیْخَا۔ مَکْسَلِمِیْنَا۔ مَسِیْتَا۔ مَرْنُوْشْ۔ بَرْنُوْشْ شَاذْنُوْشْ۔ مَرْطُوْنَسْ۔ قَطْمِیْر۔

(۷)

دفع آسیب کے لئے کڑوے تیل پر۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاهِرِیْنَ عَلٰى اَعْدَاءِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ایک بار اور اِنَّ الَّذِیْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ یَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِیْقِ ۝ تین بار پھر درود شریف مذکورہ بالا ایک بار پڑھ کر زور سے پھونک مارے اسی ترکیب سے تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے پھر آسیب زدہ کے کان میں وقتاً فوقتاً قطرہ قطرہ ٹپکائے۔ انشاء اللہ آسیب دفع ہو جائے گا۔

(۸)

جن دور کرنے کے واسطے کڑوے تیل میں اجوائن ملا کر اس پر سات دفع یہ اسم (شربت) پڑھے اور آسیب زدہ کے تمام بدن پر مالش کرے خواہ مرد ہو تو صرف مرد کے ہاتھ پاؤں پر مالش کرے انشاء اللہ العزیز

فرعون	ابلیس[۱۱]	هامان[۱۱]	۱۱۳[۸]
ابلیس[۱۲]	هامان[۹]	۱۱۳	فرعون[۱۳]
هامان	۱۱۳	فرعون	ابلیس
۱۱۳[۱۵]	فرعون	ابلیس	هامان[۱۰]
فرعون عجل العجل	ابلیس دو ساعۃ	هامان دو الوجا	۱۱۳ دو الوجا

دفع آسیب و سحر

(۱)

آسیب زدہ اور جادو کے دفعہ کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔ سوا پاؤ کچی گھانی کے سرسوں کا تیل کسی تانبے کے برتن میں ڈال کر چودہ دفعہ آیت قلب پڑھ کر تیل پر اس طرح دم کرے کہ ہر بار پڑھے اور زور کے ساتھ تیل پر پھونکے پھر دم کیا ہوا تیل آسیب زدہ یا جادو کئے ہوتے کے سارے بدن پر اس طرح ملے کہ بال برابر بھی جگہ خالی نہ چھوٹے۔ اس بات کی بھی احتیاط رہے کہ پڑھے ہوتے تیل کی ایک بوند تک زمین پر نہ گرنے پائے نہ اس میں کسی اور کا ہاتھ لگنے پائے اور بدن پر مالش جو پہلے روز کرے وہی روز مرہ کرتا رہے۔ نیز جو وقت اول دن مقرر کرے اس سے منٹ بھر کا فرق نہ کرے خدا نے چاہا تو بموجب پریت جادو سب دفع ہو جائے گا وہ آیت قلب یہ ہے۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ۭ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا

دو تین مرتبہ عمل کرنے سے مریض فوراً اچھا ہو جائے گا۔

(۹)

آسیب کے دفع کے واسطے یہ فلیتہ بھی بہت مجرب ہے اس کو جلا کر مریض کی ناک میں دھواں پہونچائے۔

فرعون۔ هامان۔ شدّاد۔ عاد۔ ثمود۔ نمرود۔ ابلیس کلهم فی نار جحیم جهنم سعیر سقر لظی حطمه هاویه دوزخ شمر

(۱۰)

معوذتین کا نقش آسیب زدہ کے واسطے مریض کے گلے یا بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ شفا پاوے۔ نقش یہ ہے

۳۶۸۹	۳۶۹۲	۳۶۹۵	۳۶۸۳
۳۶۹۴	۳۶۸۳	۳۶۸۸	۳۶۹۳
۳۶۸۴	۳۶۹۶	۳۶۹۰	۳۶۸۶
۳۶۹۱	۳۶۸۶	۳۶۸۵	۳۶۹۶

(۱۱)

اس فلیتہ کو مکہ کر اس پر نیلا دودھ پیپنے اور کوئلوں کی آگ جلا کر آسیب زدہ کے نتھنوں میں دھواں پہونچائے اور مریض کا نام معہ نام ماں والد کے فلیتہ کی پشت پر لکھے۔ وہ فلیتہ یعنی نقش یہ ہے،

لَا يَمْلِكُوْنَ لَكَ يَعْوَنَ وَلَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا
هٰهُنَا ۭ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ
الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ
وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ

(۲)

جو شخص جادو میں مبتلا ہو اس کے دفعیہ کے واسطے یہ عمل بہت مجرب اور چلا ہوا ہے کہ معوذتین یعنی قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور قرآن پاک کی وہ آیتیں جن میں جادو کا ذکر ہے جو ذیل میں لکھے جاتے ہیں پاک کاغذ پر لکھیں اور بہتے پانی کی خواہ گنگا کا ہو یا جمنا کا یا کسی اور دریا یا ندی کا ایک اوسط درجہ کی ٹھلیا منگا کر اس پانی میں یہ تعویذ ڈالیں جب حروف پانی میں گھل مل جائیں تو تھوڑا سا پانی اس مریض کو پلا دیں اور تھوڑے سے ہاتھ پاؤں دھلا دیں اور بقیہ پانی سے غسل دیں مگر پانی زمین پر نہ گرے اور مستعمل پانی زمین میں دفن کر دیں یہ عمل ہفتہ کے بہتہ کرنا چاہیے اگر چہ دفعہ اس ترکیب سے کیا جائے گا ان شاء اللہ تعالیٰ جادو کا بالکل اثر باقی نہیں رہے گا جن آیتوں میں جادو کا ذکر ہے وہ یہ ہیں

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۔ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ
وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۔ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا
بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۔ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ
مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ
لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ
كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۔ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ
السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۔

(۳)

تینتیس (۳۳) آیت کا تعویذ یا ورد جادو کے اثر کو دفع کرتا ہے اور شیطان اور چوروں اور درندوں سے پناہ میں رہتا ہے بارہا تجربہ میں آچکا ہے وہ آیتیں یہ ہیں:-

چار آیت سورۃ بقرہ کے اوّل سے مفلحون تک آیۃ الکرسی اور دو آیتیں خالدون تک اور تین آیت سورۃ بقرہ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ سے آخر بقرہ تک اور تین آیتیں سورۃ اعراف کی اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ سے مُحْسِنِيْنَ تک اور سورۃ بنی اسرائیل کی قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ سے آخر تک اور آیت سورۃ والصّٰفّٰت شروع سے لَازِبٌ تک اور تین آیت سورۃ رحمٰن یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ سے فَلَا تَنْتَصِرَانِ تک اور تین آیت آخر سورۃ حشر لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ سے آخر سورۃ حشر تک اور دو آیت قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ سے شَطَطًا تک۔ (یہی آیات مذکورۂ بالا تینتیس آیتیں آخر میں لکھی جائیں گی)

(۴)

جس پر جادو یا نظرِ بد کا اثر ہو اور جس مریض کو طبیبوں نے جواب دے دیا ہو تو اس کو چاہیے کہ یَا حَيَّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ یَا حَيُّ کر ہر روز بعد نماز فجر دو سو مرتبہ صلوٰۃ اوّل و آخر درود شریف چھ چھ بار پڑھے اور اپنے تمام بدن پر اور پانی پر دم کرے اور وہی پانی صبح و شام پیے — ان شاء اللہ العزیز بہت جلد شفا ہوگی۔

استخارہ کی ترکیب

(۱)

جب کوئی سخت مشکل پیش آئے یا شادی یا سفر یا کوئی کام کرے تو بے استخارہ کئے نہ کرے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے اپنے کاموں میں اصلاح نہ لینا بدبختی اور کم نصیبی کی بات ہے۔ جس کام کو استخارہ کر کے کیا جائے گا تو انشاء اللہ العزیز اس میں ضرور کامیابی ہوگی اور پریشانی نہ اٹھانی پڑے گی۔ استخارہ کی نیت کر کے دو رکعت نفل بعد نماز عشاء کے پڑھے اس کے بعد محو دل لگا کر یہ دعا تین مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَ اَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدُرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ اور جب هٰذَا الْاَمْرَ پر پہنچے تو اس کام کو دھیان میں لاوے جس کے لئے استخارہ کیا ہے بعد فارغ ہونے کے اپنے بستر پر قبلہ کی طرف منہ کر کے باوضو سو جائے جب

سو کر اٹھے اس وقت جو بات دل میں مضبوطی سے آئے وہ ہی بہتر ہے اسی کو کرنا چاہئے۔ اگر ایک دن میں کچھ نہ معلوم ہو اور دل میں خلجان اور تردد باقی رہے تو پھر دوسری رات اسی طرح کرے انشاء اللہ العزیز سات روز کے اندر اندر اس کام کی برائی بھلائی معلوم ہو جائیگی۔

ف: یہ دعا جس کا نام دعاء الاستخارہ ہے مختلف لفظوں سے حدیثوں میں آئی ہے جس کو جس طرح آسان ہو پڑھے۔

(۲)

وضو کر کے پاک کپڑے پہنے اور قبلہ رو داہنی کروٹ پر لیٹ کر سورۃ والشمس سات دفعہ اور سورۃ واللیل سات دفعہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ سات دفعہ پڑھے اور ایک روایت میں بجائے قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ کے سُوْرَۃُ وَالتِّیْنِ کا سات دفعہ پڑھنا آیا ہے بعد پڑھنے کے عاجزی سے کہے خداوندا مجھ کو میرے خواب میں وہ چیز دکھا دے اور میرے اس حال میں کشادگی فرما دے اور میں اپنی دعا قبول ہونے کا حال معلوم کروں اور اس کام کے سرانجام ہونے کی تدبیر میرے دل میں ڈال دے تو انشاء اللہ العزیز اسی رات کو معلوم ہو جائے گا ورنہ اسی طرح دوسری رات کو عمل کر کے سوئے مگر مطلب حاصل ہو جائے فھو المراد ورنہ اسی طرح دوسری تیسری رات کو بھی کرے ساتویں رات تک انشاء اللہ العزیز حال کھل جائے گا اور ساتویں رات سے آگے نہ بڑھے گا۔

(۳)

سب سے آسان استخارہ یہ ہے کہ پیر، جمعرات اور جمعہ کی رات

کو برابر نماز عشاء کے بعد سب کاموں سے فارغ ہو کر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ تین سو مرتبہ پڑھ کر سورہ اَلَمْ نَشْرَحْ معہ بِسْمِ اللّٰہِ شریف ستر بار پڑھے اور اپنے منہ اور سینہ پر دم کرے اور خداوند تعالیٰ سے دُعا کرے کہ فلاں امر میں جو ہونے والا ہے وہ مجھ کو خواب میں یا غنودگی میں کسی آواز دینے والے کی آواز سے معلوم کرا دے اس کے بعد یہ درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ۔ انشاء اللہ العزیز تینوں راتوں میں مقصد حاصل ہو جائے گا۔

حصار کی ترکیب

(۱)

حال کو چاہئے کہ جب کوئی فعل جلالی یا جمالی پڑھے یا کوئی خوف کی بات ہو تو اپنے چوگرد آیۃ الکرسی کا حصار کرے اور حصار کی ترکیب یہ ہے کہ پہلے اکیس مرتبہ اَللّٰہُ پھر اکیس مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ پھر اکیس بار اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ سے خٰلِدُوْنَ تک پڑھے پھر اکیس مرتبہ ھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ پڑھے اور اپنے اوپر دائیں بائیں اوپر نیچے سر سے لیکر پاؤں تک دم کرے۔ پھر سات سو چھیاسی مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر پھونک کر تمام بدن پر دونوں ہاتھ پھیرے کوئی جگہ باقی نہ رہے بعضوں نے لکھا ہے کہ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ کو بھی علیحدہ اکیس مرتبہ پڑھے۔

(۲)

حصار کی ایک ترکیب یہ ہے کہ آیۃ الکرسی ایک دفعہ اور قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ اور قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ایک ایک دفعہ پڑھ کر اپنے چاروں طرف حصار کرے اور چاقو سے خط کھینچ لے۔

(۳)

اچھی طرح وضو کرے اور تین بار درود شریف مع بسم اللہ شریف کے پڑھے اور ایک دفعہ الحمد شریف مع اعوذ اور بسم اللہ کے اور ایک بار سورۃ بقرہ مفلحون تک مع اعوذ اور بسم اللہ کے اور ایک بار آیۃ الکرسی مع اعوذ اور بسم اللہ کے عظیم تک اور ایک دفعہ سورہ یٰسین مع اعوذ اور بسم اللہ کے مستقیم تک پڑھے پھر چاروں قل مع اعوذ اور بسم اللہ کے پھر یہ چاروں آیتیں مع اعوذ اور بسم اللہ پڑھ کر سورۃ حجّ کی شروع کی تین آیتیں شططا تک پڑھے اور تین دفعہ درود شریف پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر پھونک کر تمام بدن پر دونوں ہاتھوں کو مس کرے کہ کوئی جگہ خالی نہ رہے اور اپنے دائیں اور بائیں اور اوپر نیچے پھونک مارے۔

برائے ضعفِ بصر

آنکھ کی کمزوری دور کرنے کے لئے بعد ہر فرض نماز کے یہ آیت پڑھا کرے۔ فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآءَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ۔

مرگی کا علاج

جو شخص مرگی میں مبتلا ہو تو تانبے کی ایک تختی لے کر اس میں القادر کی پہلی ساعت میں اس تختی کے ایک طرف یہ کھدوائے۔ یَا قَهَّارُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ یَا قَهَّارُ اور تختی کے دوسری طرف یہ کھدوادے۔ یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَهْرِ عَنْ یَزِ سُلْطَانُهٗ یَا مُذِلُّ۔

حفاظتِ حمل

①

جس عورت کا حمل گر جاتا ہو یہ عمل ڈھائی مہینے سے چار مہینے تک کرنا چاہیے۔ اجوائن ڈھائی پاؤ پختہ، مرچ سیاہ سوا پاؤ پختہ۔ دونوں کو ملا کر بروز دوشنبہ دوپہر کے وقت اکانوے بار سورۃ والشمس پڑھ کر دم کرے قل واکثر درود شریف تعوذ و تسمیہ ہر بار پڑھنا ضروری ہے۔ خوراک نہار منہ صبح ایک ماشہ اجوائن اور دو آنے بھر مرچ سیاہ بچے کے دودھ پینے تک عورت برابر کھاتی رہے اس کی تدت ڈھائی روپے یا ڈھائی پیسے؟

②

یکشنبہ کے روز سفر کو نکلنے سے پہلے اس دعا کو لکھے اور عورت کے گلے میں جس کلائی بازو سے ناف ہے، باندھے۔ عورت حاملہ ہو اور بچے کے وقت بچوں کو لیسر یعنی تقسیم کرے۔ دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ صلی صلی صلی صلی صلی صلی صلی صلی صلی صلی صلی صلی برحمتک

...رحمٰن الرحیم ط

③

برائے پیدائش فرزند قبل از صحبت درگو بندد۔

مُحَمَّدٌ	مَحْمُوْدٌ	اَحْمَدُ

④

برائے عقیمہ — اس دعا کو لکھ کر اپنی بیوی کو دے اور اپنے پاس رکھے تو وہ عورت اسی مہینے میں حاملہ ہوگی اور جو ...ی درخت میں باندھ دے تو وہ بھی خوب پھلے گا وہ دعا یہ ہے۔ ...سْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (۷ مرتبہ) اللّٰهُ اللّٰهُ ...مرتبہ) حی حی (۷ مرتبہ) قیوم قیوم (۷ مرتبہ) وَصَلَّی اللّٰهُ ...عَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ ط

⑤

برائے زن عقیمہ — انار کی چار پھانکیں اس طرح کرے کہ الگ ہو اور سورۃ یٰسین پڑھنی شروع ...ے جب اوّل مبین پر پہنچے تو دم کرے پھر آگے پڑھے جب دوسرے ...بین پر پہنچے پھر دم کرے اسی طرح ساتوں مبین پر دم کرے جب ...اتوں مبین پر دم کر چکے تو سورت ختم کر کے دم کرے اور پاؤ سیر کشمش

اور پاؤ سیر چنے کی دال بھنی ہوئی ہفت سلاطین کو ثواب پہنچانے کی غرض
سے ننھے ننھے بچوں کو تقسیم کرے اور بانجھ عورت غسل حیض کے بعد بطریق
معروف کھائے انشاء اللہ تعالیٰ فرزند ہوگا۔

صلوٰۃ التسبیح

عامل کو چاہئے کہ جب دینی یا دنیوی کام میں کوئی مشکل پڑے تو صلوٰۃ التسبیح کو
جسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نیکوکاروں اور حاجت مندوں کے لئے فرمایا ہے جہاں
تک ممکن ہو ادا کرے۔ یا تو ہر روز ایک بار پڑھے کسی وقت مگر وقت مکروہ نہ
ہو یا ہفتہ میں ایک بار پڑھے یا ہر مہینے میں ایک بار پڑھے یا ہر سال میں ایک بار پڑھے

طریقہ چار رکعت نفل کی نیت کرے۔ پہلی رکعت میں سُبْحَانَكَ
اللّٰهُمَّ الخ کے بعد سورۃ فاتحہ اور اس کے بعد سورۃ
اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ الخ پڑھے۔ اس کے بعد پندرہ بار سُبْحَانَ اللّٰهِ
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ پڑھے اور رکوع کرے اور
سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ تین بار پڑھ کر دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھے جو اوپر لکھی
گئی ہے۔ پھر سیدھا کھڑا ہو جائے پھر دس مرتبہ اسی تسبیح کو پڑھ کر سجدہ میں
جائے اور سجدہ میں سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى پڑھ کر دس مرتبہ وہی تسبیح پڑھے
پھر سجدہ سے سر اٹھا کر پھر دس مرتبہ تسبیح مذکور پڑھے اور اسی طرح دوسرے
سجدہ میں بھی اور جب دوسرے سجدہ سے سر اٹھائے اور کھڑا ہونا چاہے تو
پہلے دس بار وہی تسبیح پڑھ لے تب کھڑا ہو۔ اس طرح ہر رکعت میں
تسبیح کی تعداد پچھتر مرتبہ ہوتی ہے دوسری رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے
پھر پہلے کی طرح دس بار تسبیح پڑھے۔ یہ وہی طریقہ ہے جو اوپر مذکور ہوا۔
فرق اس دوسری رکعت میں دونوں سجدوں کے بعد منہ کر التحیات پڑھی
جاتی ہے تو اس لئے تسبیح دس بار اس سے پہلے پڑھ لیتے ہیں۔ اور تیسری

رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ اور اسی قدر تسبیح اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص یعنی قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اور تسبیح اسی تعداد سے۔ چار رکعتوں میں تین سو تسبیح پڑھی جاتی ہے چوتھی رکعت میں جب اَلتَّحِیَّاتُ پڑھ کر فارغ ہو تو یہ دُعا پڑھ کر سلام پھیرے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ تَوْفِیْقَ اَھْلِ الْھُدٰی وَاَعْمَالَ اَھْلِ الْیَقِیْنِ وَمُنَاصَحَۃَ اَھْلِ التَّوْبَۃِ وَحَذَرَ اَھْلِ الْخَشْیَۃِ وَعَزْمَ اَھْلِ الصَّبْرِ وَتَعَبُّدَ اَھْلِ الْوَرَعِ وَعِرْفَانَ اَھْلِ الْعِلْمِ حَتّٰی اَخَافَکَ وَاَسْئَلُکَ مَخَافَۃً تَحْجُزُنِیْ عَنْ مَّعَاصِیْکَ حَتّٰی اَعْمَلَ بِطَاعَتِکَ عَمَلًا اَسْتَحِقُّ بِہِ الرِّضَاءَ حَتّٰی اُنَاصِحَکَ بِالتَّوْبَۃِ خَوْفًا مِّنْکَ وَحَتّٰی اُخْلِصَ لَکَ النَّصِیْحَۃَ حُبًّا لَکَ وَحَتّٰی اَتَوَکَّلَ عَلَیْکَ فِی الْاُمُوْرِ کُلِّھَا وَحُسْنَ الظَّنِّ بِکَ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ رَبَّنَا اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

نمازِ استسقاء

استسقاء کی نماز کے لئے مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ ریتیں [illegible] عیدگاہ یا بیابان تینوں دن باہر نکلے اور پیادہ پا جانا بہتر ہے اور پرانا اور استعمال شدہ کپڑا پہن کر نکلے اور عید کی طرح زینت اور آرائش نہ کرے اور خشوع و خضوع اور شرمندگی کے ساتھ عیدگاہ میں جائے اور

دو رکعت نماز نفل پڑھے اور قرأت پکار کر پڑھے اور اس کے بعد خطبہ پڑھے اور دعا کرے اور گناہوں سے بہت توبہ اور استغفار کرے اور چاہئے کہ امام اپنی چادر کے نیچے کا کنارہ اوپر کرے اور اوپر کا کنارہ نیچے کرے اور دائیں طرف کا کنارہ بائیں طرف اور بائیں طرف کا کنارہ دائیں طرف اور نہایت تضرع و زاری کے ساتھ دُعا کرے اور حدیث میں جو دُعا آئی ہے وہ پڑھے اور وہ دُعا یہ ہے:- اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا غَیْثًا مُّغِیْثًا مُّرِیْئًا مَّرِیْعًا نَافِعًا غَیْرَ ضَارٍّ عَاجِلًا غَیْرَ اٰجِلٍ اَللّٰھُمَّ اَسْقِ عِبَادَکَ وَبَھَائِمَکَ وَانْشُرْ رَحْمَتَکَ وَاَحْیِ بَلَدَکَ الْمَیِّتَ۔

نمازِ کسوف وخسوف

اس کی ترکیب یہ ہے کہ جمعہ کا امام لوگوں کے ساتھ دو رکعت نفل نماز پڑھے جس طرح اور دوسری نفل پڑھی جاتی ہے اسی ترکیب سے پڑھے اور قرأت پوشیدہ یعنی آہستہ پڑھے اور جس قدر زیادہ قرأت ہو بہتر ہے اور اس کے بعد دُعا اور استغفار میں مشغول رہے اس وقت تک کہ آفتاب یا ماہتاب روشن ہو۔

○

عملیات حضرت شاہ اہل اللہ رحمۃ اللہ علیہ

برائے تسخیر خلائق ہر بانی بخیر وقتی و ترقی رزق چڑھتے چاند (عروج ماہ) کی گیارھویں یا بارھویں بروز جمعہ (شرط یہ ہے کہ کسی بھی ماہ کی چاند کی گیارھویں یا بارھویں کو جمعہ کا دن پڑے) وقت طلوع آفتاب یہ نقش پڑھ کر کے اپنے پاس رکھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مخلوق میں معزز ہوگا اور رزق وافر ملے گا اور مخلوق خدا مطیع ہوگی۔ اعداد کمتوبی یا حیّ یا قیّوم۔ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۴۳	۴۶	۴۹	۳۶
۴۸	۳۷	۴۲	۴۷
۳۸	۵۱	۴۴	۴۱
۴۵	۴۰	۳۹	۵۰

گمشدہ کی واپسی کیلئے گمشدہ کی واپسی یا مفرور کی حاضری کے لئے اس نقش کو لکھ کر بھاری پتھر کے نیچے دبا دیں انشاءاللہ فوراً واپس آجائے گا۔ بھاگے ہوئے کا نام عدد ۵ کے پیچھے لکھے۔ مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

بسمت راہ شمال یا مجید الکریم

۵۴ د	۹ ط	۲ ب
۳ ج	۵۵ ہ	۷ ز
۸ ح	۱ ا	۹۶

بسمت راہ جنوب یا عبدالرشید

برائے ہر حاجت و مرض یہ تعویز ہر مرض کے لئے مفید ہے۔ مریض کو لکھ کر پلائیں۔ اور حاجت کے لئے لکھ کر باندھیں۔ گلے میں یا بازو میں۔

۷۸۶

	۷	
۸	۱۰	۲
	۳	

○

مجموعۂ وظائف

حضرۃ مولٰی جی ترکیسریؒ وحضرۃ شاہ مولانا عین القضاۃ صاحبؒ

وظیفۂ کشائش

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۱۰۰ مرتبہ

۲ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۱۰۰ مرتبہ

۳ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ۱۰۰ مرتبہ

۴ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ۱۰۰ مرتبہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۱۲۵

درود شریف اول وآخر ۲۵ مرتبہ۔

وظیفۂ سلامتی

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّۃِ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ نَجِّ عَنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

وظیفۂ صفائی قلب

سات سات بار درود شریف اول و آخر اور درمیان میں گیارہ بار آیۃ الکرسی

اپنے پر دم کرلیا کریں اور اسکو پانی پر دم کرکے پی لیا کریں۔ اور بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ سات بار اور اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔

وظیفۂ اقراء (قرآن شریف یا وظائف پڑھنے سے پہلے بطور برکت کے ضرور پڑھ لیا کریں)

وظیفۂ اقراء برائے حصولِ علم ظاہری و باطنی ——— اسکی برکت سے دل روشن ہوجاتا ہے، اور زبان پر خدا کے کلام کی روانی پیدا ہوجاتی ہے اور خیالات نیک پیدا ہونے شروع ہوجاتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ۔ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ اِقْرَاْ وَرَبُّکَ الْاَکْرَمُ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ۔ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ۔

وظیفۂ سلامتی

دل کا سکون اور ہر قسم کی بیماری اور ہر قسم کی بلائیں اور ہر قسم کے ڈر اور خوف کے موقع پر یہ نورِ اسلام مع درود شریف کے گیارہ بار خوب دل لگا کر پڑھا کریں اور چہار طرف دم بھی کر دیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ خوب فائدہ ہوگا۔

(۱) سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ (۲) سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ (۳) سَلٰمٌ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ (۴) سَلٰمٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ (۵) سَلٰمٌ عَلٰی اِلْ یَاسِیْنَ (۶) سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خٰلِدِیْنَ (۷) سَلٰمٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ (۸) اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا مَلٰٓئِکَۃُ

الْمُقَرَّبِيْنَ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ (۹) اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا رِجَالَ الْغَيْبِ۔

دعائے وسیلہ ہر نماز کے بعد یہ وسیلہ والی دعا پڑھ کر ہر چہار طرف دم کریں۔ اس کو پیشِ نظر رکھنا چاہیے کہ :۔ ؎

یہ اپنا کام ہے دستِ طلب دراز رکھیں
یہ اُن کا کام ہے جب چاہیں مستجاب کریں

دعائے وسیلہ ہر قسم کی ظاہری اور باطنی بلاؤں سے انشاء اللہ تعالیٰ حفاظت رہے گی ؎

بارگاہِ حق میں پہونچی یا نہیں : اپنے منہ سے بول دیتی ہے دعا

(۱) يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اِرْحَمْنَا وَعَافِنَا وَاعْفُ عَنَّا وَعَلٰى طَاعَتِكَ وَشُكْرِكَ اَعِنَّا۔ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِجَاهِكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ۔

(۲) بِجَاهِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (۳) وَبِجَاهِ سَيِّدِنَا اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ (۴) وَبِجَاهِ سَيِّدِنَا عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ (۵) وَبِجَاهِ سَيِّدِنَا عُثْمَانَ ابْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ (۶) وَبِجَاهِ سَيِّدِنَا عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ۔

دعائے رحمت ہر ایک نماز کے بعد پہلے اپنی دلی مقصد والی دعائیں دربارِ خداوندی میں بڑی عاجزی سے عرض کریں بعد اسکے میں جاکر یہ دعا دلی فعل بناکر سات مرتبہ پڑھیں

ان شاء اللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول ہوگی۔ اس دعا سے رحمتِ خدا جوش میں آتی ہے اور غصہ ٹھنڈا ہوتا ہے ؎

اے جوشِ جنوں بیکار نہ کچھ خاک اڑا ویرانے کی
دیوانہ تو بننا مشکل ہے اصورت ہی بنا دیوانے کی

يَا مَالِكَ اَمْرِ الْكِتَابِ بِمَحْوِ اللّٰهِ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهٗ اُمُّ الْكِتَابِ بِاَللّٰهِ غَالِبٌ عَلٰى اَمْرِهٖ۔

دعائے مراقبہ اس کے پڑھنے والے پر شیطانی طاقتیں غالب نہیں آسکتیں اور روحانی طاقت بڑھتی ہے، اور دل عبادت کی طرف مائل ہوتا جاتا ہے۔ یہ دعا ہر وقت چلتے پھرتے سوتے جاگتے، بیٹھتے اُٹھتے پڑھا کریں۔

اَللّٰهُ حَاضِرِيْ ۔ اَللّٰهُ نَاظِرِيْ ۔ اَللّٰهُ مَعِيْ

دعائے استقامت اس دعا کے پڑھنے والے پر شیطانی طاقتیں غالب نہیں آسکتیں اور روحانی طاقت بڑھتی ہے اور دل عبادت کی طرف مائل ہوتا جاتا ہے۔ یہ دعا بھی ہر وقت چلتے پھرتے، اُٹھتے بیٹھتے پڑھا کریں۔ اس پر عمل کرنے والے بڑے خوش نصیب ہیں۔

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔ يَا رَبَّنَا اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ۔
(اے اللہ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ (اے ہمارے رب) ہم کو اپنے سیدھے راستے پر چلنے کی ہدایت فرما۔

وظیفہ مشکل کشا روزانہ نماز تہجد ادا کرکے پڑھیں یہاں تک کہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائیں۔

برائے مقدمہ وملازمت وتنگ دستی وادائیگی قرض وامداد وغیبی اور اس کے علاوہ ہر قسم کی مشکلات کے لئے ہر ایک آیت کو سو سو مرتبہ پڑھیں اور سجدے میں جاکر دعا کریں۔

۱ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔
۲ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔
۳ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ۔
۴ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِیْرُ۔
۵ یَارَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔

دُعائے حفاظت کہیں بھی جاتے وقت، یا گھر سے باہر جاتے وقت، یا خوف وڈر کے وقت زور زور سے پڑھیں، یا پاخانہ میں جاتے وقت آہستہ آہستہ پڑھیں (یعنی دل ہی دل میں پڑھتے رہیں) اس کا پڑھنے والا قوی القلب ہو جاتا ہے نیز اس کا پڑھنے والا ہر قسم کی ظاہری اور باطنی آفتوں اور بلاؤں سے اور شیطانی وسوسوں سے مثل قلعہ کے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا مِنْ عَذَابِ بَلَاءِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ مِنَ النَّبِیِّیْنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِیْنَ رَحْمَتَ اَوْلٰٓئِكَ رَفِیْقًا۔ (ایک بار)

وظیفہ توحید یہ دعا رات کو سوتے وقت دس مرتبہ شوق دیدار الٰہی سے مست ہو کر پڑھا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پڑھنے والے کو خواب میں مجھ کو یا کسی خواجہ بزرگ کا دیدار نصیب ہوگا اور جنت مقام ہوگا۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ وَشَرِیْكَ لَهٗ اَحَدًا صَمَدًا لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔

اگر کسی کو کوئی مہم

عمل حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ

پیش آئے تو سورۂ یٰسین شریف پڑھیں اور ہر تین پر پہنچ کر سات بار سورہ فاتحہ مع تسمیہ اول وآخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔

عملیات وتعویذات

حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب سابق مہتمم دارالعلوم دیوبند

نقش برائے فتح مقدمہ وغیرہ بر دشمن وتسخیر حکام بہت مجرب

۷۸۶

۸	۹۴	۹۷	۱
۹۶	۲	۷	۹۵
۳	۹۹	۹۲	۶
۹۳	۵	۴	۹۸

یا اللہ جل جلالہ بہ برکت این نقش بر بلا دفع شود جملہ حکام مسخر شوند

برائے دردِ زہ (بچہ کی ولادت کے لئے)

ذیل کا تعویذ لکھ کر حاملہ عورت کے ہاتھ میں دے دے انشاء اللہ فوراً بچہ ہوگا وہ نقش یہ ہے

ب	ز
ط	ھ
د	ج

دیگر برائے ولادت طفل ایک نقش لکھ کر حاملہ عورت کو کھلائے اور ایک لکھ کر گلے میں باندھ دے انشاء اللہ فوراً بچہ ہوگا۔ خلق النفس من النفس خلقها والتی ما فی بطنها۔

دیگر برائے ولادت یہ لکھ کر عورت کی بائیں ران میں باندھ دے اور بچہ ہونے کے بعد فوراً کھول دے ورنہ آنتیں باہر آجائیں گی۔ ماخینو

بچہ کا رونے سے باز رہنے کا عمل رونے والے بچے کے گلے میں باندھے انشاء اللہ رونے پر ہی کا اثر زائل ہوگا اور بچہ کا رونا بند ہو جائے گا وہ تعویذ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ الْعِقَارِ وَمِنْ شَرِّ حَرْقِ النَّارِ۔

ضد اور رونے سے باز رہنے کا عمل اس عبارت ذیل کو لکھ کر بچے کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ ضد شرارت اور رونے سے باز رہے گا۔

طططططط

تیسرے روز پھر ایسا کرے۔ غرض آخر تک ایسا کرے ہر مقصد کے لئے ایک تعویذ لکھ کر دے دیں۔

جملہ مقاصد کے حل کیلئے دوسرا نقش

اَللّٰہُ

۲۱	۲۶	۱۹
۲۰	۲۲	۲۴
۲۵	۱۸	۲۳

جب چہار شنبہ (بدھ) کی پہلی تاریخ (چاند کی) ہو تب اس کو شروع کرے اول روز ایک مرتبہ دوسرے روز دو مرتبہ تیسرے روز تین مرتبہ لکھے اسی طرح ہر روز ایک بڑھاتا جاوے چھ سات تک پھر کم کرنا شروع کرے ایک روز کم کرتا جائے نوبت ایک تک آجاوے۔ پھر ہر روز ایک مرتبہ لکھ لیا کرے۔ اگر ہر روز ہو سکے تو ہر روز دریا میں دھویا کرے ورنہ آٹھ سات روز بعد اکٹھے کر کے دریا میں دھویا کرے۔ ہر مقصد کے لئے ایک لکھ کر دے دیا کرے انشاء اللہ ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔

○

عملیات حضرت الحاج سید عابد حسین صاحب دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ

برائے فراخی رزق

مندرجہ ذیل عمل خلوص نیت اور حضور قلب کے ساتھ نماز فجر کے بعد ادا کیا جائے یہ عمل حصول مقصد کے لئے تیر بہدف ہے لیکن اکل حلال اور صدق مقال نیز ظاہری و باطنی طہارت ضروری ہے۔

درود شریف گیارہ مرتبہ۔ سورہ فاتحہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم گیارہ مرتبہ۔ بعد ازاں اکتالیس بار یہ دعا پڑھی جائے۔

یَا اَللّٰہُ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ وَسَہِّلْ لِیْ اَبْوَابَ رِزْقِکَ۔

اور یہ دعا کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

تعویذ برائے تپ لرزہ (سردی کے بخار کیلئے)

ل	گس	ھاروت	ھاروت
ف	مع	ماروت	ماروت
یا کافی	یا شافی	۴۸۶	۲۵۸

یا شافی الامراض شفا عطا فرما مریض کو تپ و لرزہ سے
مندرجہ بالا تعویذ مریض کو اس طرح پہنا یا جائے کہ اس کے گلے سے لٹکتا رہے۔

عملیات حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتویؒ

دفع دشمن کے لئے سُبْحَانَ اللّٰہِ الْقَادِرِ الْقَاہِرِ الْقَائِمِ الْکَافِیْ اَعُوْذُ مِنْ شَرِّ عَدُوٍّ ھُوَ اَقْوٰی مِنِّیْ بِرَبِّیْ ھُوَ اَقْوٰی مِنْہُ۔ بعد نماز عشاء ایک سو گیارہ بار پڑھے، اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوگا۔

برائے حُب یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ۔ اڑتالیس ہزار بار، زکوٰۃ کے واسطے پڑھے بے تعداد (یعنی دنوں کی قید نہیں کہ کتنے دن میں اس عدد کو ختم کرے) بے نیاز بے شرط بے قید مگر باوضو اور وقت معین اور پڑھنے میں بولے نہیں۔ بعد کچھ وظیفہ مقرر کرے کم سے کم سات بار بوقت حاجت سات ڈلی شکر کی لے اور اس پر پڑھ کر دم کرے اور طالب و مطلوب کے نام اور ان کے والدہ کا نام گھر میں پڑھے اور مطلوب کو کھلائے اور صاحب زکوٰۃ اگر واسطے رفع مرتبہ اپنے کے چاہے تو سات دفعہ پڑھ کر مطلوب کے سامنے جاوے انشاء اللہ تعالیٰ مسخر ہوگا۔ (صرف جائز کام میں کرے ناجائز کام کے لئے کرے گا تو وبال جان و مال ہوگا)

عمل حُب وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ۔ سات سو بار پڑھ کر شیرینی پر دم کرکے مطلوب کو کھلائے۔ انشاء اللہ مسخر ہوگا۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف

برائے ادا و قرض کلمہ نشرح (پوری سورت) اکہتر مرتبہ بوقت مغرب پڑھے انشاء اللہ قرض

بلد خلاصی ہوگی۔

برائے دفع دشمن لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ (پوری سورت) اکتالیس بار بعد مغرب پڑھے۔ انشاء اللہ کامیاب ہوگا۔

استخارہ ھُوَ الْحَبِیْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُہٗ لِکُلِّ ھَوْلٍ مِّنَ الْاَھْوَالِ مُقْتَحِمِ۔ بعد نماز تہجد تین سو گیارہ روز تک پڑھے۔ اگر اس عرصہ میں مطلب حاصل نہ ہو تو اور گیارہ روز تک پڑھے اگر نماز تہجد نہ ہو سکے تو بعد عشاء پڑھے۔ اگر جنگ و شانی خواب میں دیکھے پڑھنا ہے اور اگر پانی اور مچھلی وغیرہ دیکھے ملاقات ہوگی۔

نقش (یا باسط) برائے کشائش

نقش دو پایہ یا باسط ہر روز ایک نقش تحریر کریں۔

۴۸۶

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	مسلح ق	۳۰

مسلح ق مسلح ق

نقش برائے آسیب زدہ (ہاتھ میں یا گلے میں باندھیں)

۷۸۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

ذٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ فَمَنِ
اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ

ص 06111 ملا 06

نقش برائے آسیب زدہ (پلانے کے لئے)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا

نقش سورۂ مزمل برائے دفع آسیب

یہ نقش دفع آسیب کے لئے مجرب ہے ایک نقش پلائیں اور ایک بازو پر باندھیں۔ (اجازت از نواب قطب الدین صاحب)

۷۸۶

۲۱۵۶۹	۲۱۵۶۳	۲۱۵۶۷
۲۱۵۶۴	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۸
۲۱۵۶۵	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۳

فتیلہ آسیب از منقولات مولانا اسحٰق صاحب

جن فتیلوں سے آسیب جل جاتا ہے۔ ایسے فتیلوں میں یہ عبارت پڑھا دینا چاہئے اگر دگر بزد سوختہ شود

فرعون بے عون ہامان شرمسار
عاد ثمود فرود ابلیس گلہم

فی النار

نقش برائے استحاضہ (لکھ کر پئیں)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سلامٌ	قولاً	مِّنْ	رَبٍّ
قولاً	مِّنْ	رَبٍّ	رَّحِیْمٍ
مِّنْ	رَبٍّ	رَّحِیْمٍ	مفکل
رَبٍّ	رَّحِیْمٍ	مفکل	کشاید

نقش حُب

شیرینی منہ میں رکھ کر لکھیں اور سیاہی میں مطلوب کو کھلائیں (صرف جائز کام میں استعمال کریں)

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقشِ تفریق

نیم کے پتے منہ میں رکھ کر لکھے اور پرانی قبر میں دفن کرے (صرف جائز کام کیلئے کریں)

۷۸۶

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

برائے حُب وَاِنَّهٗ عَلٰی ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ وَّاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ۔
تین بار تین کاغذوں پر مشک و زعفران کے ساتھ لکھیں اور تین دن تک کھلائیں یا ممکن نہ ہو تو سیاہی سے لکھ کر کھلائیں۔

دلفریب برائے کشائش رزق و طلب یَا وَهَّابُ بیکبار ۱۴۱۴ بار پڑھ کر پھونک مارے پڑھے یَا وَهَّابُ هَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رِزْقًا طَيِّبًا اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔ ایک مرتبہ پڑھے اس کے بعد یہ دعا پڑھے اللّٰهُمَّ اَغْنِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔ ایک مرتبہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کا انتظام ہو اور اگر دن میں سو مرتبہ پڑھے تو اس میں برکت ہو۔

عملیات و تعویذات

حضرت مولانا خلیل احمد مہاجر مدنی قدس سرہٗ

بچوں کی بدخوابی، دودھ نہ پینا اور زیادتی گریہ سے نجات کیلئے

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلَّمْ پڑھ کر بچے کے گلے میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

عام امراض کے دفعیہ کیلئے ۷۸۶ ۱۱۱۱ھ ۱۱۱۵

یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ مرض سے نجات ہو جائیگی

ردِ سحر معوذتین (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ) تین شب بہ نیت زکوٰۃ پڑھے اور تین روزے بھی رکھے۔ اگر ان ایام میں ایک اناج کھائے تو اچھا ہے۔ بعد زکوٰۃ صبح و شام بہ نیت ردِ سحر تین بار پڑھ کر مریض پر دم کرے انشاء اللہ سحر رفع ہوگا اور ساحر ہلاک۔ خود پڑھ لیں یا کسی محتاط سے پڑھوائیں۔

ردِ سحر کا دوسرا عمل سُبْحَانَ اللّٰهِ الْقَادِرِ الْقَاهِرِ الْقَائِمِ الْكَافِيْ اَعُوْذُ مِنْ شَرِّ عَدُوٍّ هُوَ اَقْوٰى مِنِّيْ بِرَبِّ هُوَ اَقْوٰى مِنْهُ۔ مریض خود اپنے اوپر دم کرلے یا کوئی دوسرا پڑھ کر اس پر دم کردے۔ تعداد ایک سو گیارہ

باربوقت دفع ہر بلا اور ردِّ سحر کے لئے بھی نافع ہے۔

مرض لاعلاج کے لئے سفید طشتری پر سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھ کر یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَتِہٖ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا حَیُّ۔ لکھا جائے اور آب چاہی یا زمزم میں گھول کر قبل طلوع آفتاب چالیس دن متواتر مریض کو پلایا جائے۔ انشاء اللہ مریض صحتیاب ہوگا۔

بے روزگاری یا قرض کی شکایت دور کرنے کیلئے یَا مُغْنِیُ ایک سو گیارہ مرتبہ ۱۱۱ پڑھے۔ اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔

مقدمہ وغیرہ کی پریشانی کے لئے حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔ بعد نماز عشاء پانچ سو بار (۵۰۰) روزانہ پڑھے

سنگین مقدمہ میں کامیابی کیلئے کچہری یا عدالت میں جانے سے قبل تین یا سات مرتبہ سورۃ قریش پڑھ کر سینہ پر دم کرے اور پھر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کہہ کر اندر قدم رکھے۔ انشاء اللہ مقدمہ میں کامیابی ہوگی۔

گنڈہ برائے مسان نیلے دھاگے کے اکتالیس ۴۱ عورت کے قد کے برابر لیے یکراس پر سورہ اخلاص مع بسم اللہ اکتالیس ۴۱ بار پڑھے اور ہر دفعہ اس دھاگے پر دم کرکے ایک گرہ لگائے جس کے زمانہ میں ماں کے پیٹ پر اس گنڈے کو باندھ دے اور بعد پیدا ہونے کے بچے کے گلے میں ڈال دے اگر حمل کے وقت نہ باندھ سکے تو



بچہ ہی کے گلے میں ڈالنے سے بھی انشاء اللہ تعالیٰ وہی فائدہ ہوگا۔

عملیات: حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ

ہر مقصد کے لئے یہ تعویذ لکھ کر دیں۔

6 A 111 H Z 1115

نقش برائے ہر مرض حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی و مولانا رفیع الدین صاحبؒ

6 A 1111++ 2

1115

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

یہ نقش لکھ مریض کے گلے میں باندھیں۔

اَللّٰہُ رَبُّ الْعِزَّتْ کی محبت کی چاشنی پیدا کرنے کا عمل

حضرت مولانا مفتی الٰہی بخش کاندھلویؒ

شروع ماہ (چاند کے شروع میں) میں پہلے جمعہ سے شروع کرے اور روزانہ بلاناغہ اس طرح پڑھے:-

جمعہ کے دن یا اللہ، یا ھو ہزار مرتبہ۔ شنبہ (ہفتہ) کے دن یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ ہزار مرتبہ یک شنبہ (اتوار) کے دن یا واحد یا احد ہزار مرتبہ۔ دوشنبہ (پیر) کے دن یَا مُحَمَّدُ یَا اَعَزُّ ہزار مرتبہ سہ شنبہ (منگل) کے دن یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ہزار مرتبہ۔ چہار شنبہ (بدھ) کے دن یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ ہزار مرتبہ۔ پنجشنبہ (جمعرات) کے دن یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَام۔ ہزار مرتبہ پھر جمعہ کے دن بعد نماز جمعہ یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَآءِ الْعَظِیْمَۃِ الشَّرِیْفَۃِ الْکَرِیْمَۃِ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ لَدَیْکَ وَالْوَاصِلِیْنَ اِلَیْکَ وَاَنْ تَرْزُقَنِیْ اِیْمَانًا وَّاَمَانًا وَّعَافِیَۃً مِّنْ اَمْرَاضِ الدُّنْیَا وَعُقُوْبَاتِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَاَنْ تَحْبِسَ عَنِّیْ اَبْصَارَ الظَّلَمَۃِ وَالْمُعْتَدِیْنَ اِلَی السُّوْءِ وَاَنْ تَصْرِفَ قُلُوْبَھُمْ عَنْ شَرِّ مَا یُضْمِرُوْنَہٗ اِلٰی خَیْرِ مَالَا یَمْلِکُہٗ غَیْرُکَ اَللّٰھُمَّ ھٰذَا الدُّعَآءُ مِنِّیْ وَمِنْکَ الْاِجَابَۃُ وَھٰذَا الْجُھْدُ مِنِّیْ وَعَلَیْکَ التُّکْلَانُ۔

عملیات وتعویذات

حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہٗ

سر کا اور دانت کا درد اور ریاح

ایک پاک تختی پر پاک ریت بچھا کر ایک میخ سے اس پر یہ لکھو اَبْجَدْ ھَوَّزْ حُطِّیْ اور میخ کو زور سے الف پر دباؤ اور درد والا اپنی انگلی زور سے درد کی جگہ رکھے اور تم ایک دفعہ الحمد آخر تک پڑھو اور اس سے درد کا حال پوچھو اگر اب بھی رہا ہو تو اسی طرح ب کو دباؤ غرض ایک ایک حرف پر اسی طرح عمل کرو ان شاء اللہ تعالیٰ حروف ختم نہ ہونے پائیں گے کہ درد جاتا رہے گا۔ (یہی عمل دیگر تمام اقسام کے درد کے لئے کارآمد ہے)

ہر قسم کا درد

خواہ کہیں ہو یہ آیت بِسْمِ اللّٰہِ سمیت تین دفعہ پڑھ کر دم کریں اور کسی تیل وغیرہ پر پڑھ کر مالش کریں یا باوضو لکھ کر باندھیں وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰہُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا ۝

پیٹ کا درد

یہ آیت پانی وغیرہ پر تین مرتبہ پڑھ کر پلا دیں یا لکھ کر پیٹ پر باندھیں۔ لَا فِیْھَا غَوْلٌ وَّلَا ھُمْ عَنْھَا یُنْزَفُوْنَ۔

سر کا درد (خواہ آدھا سیسی کا ہو یا دوسری طرح کا)

آیات ذیل لکھ کر درد کے موقع پر باندھ دیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ (پوری سورت) لَا یُصَدَّعُوْنَ عَنْھَا وَلَا یُنْزِفُوْنَ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّ کُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ۔

برائے درد سر

اگر کسی کے سر میں درد ہو تو یَا وَھَّابُ ایک سانس میں چودہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور پیشانی ہاتھ سے پکڑے رہے درد جاتا رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

سر کے درد کی مجرب جھاڑ

ایک پرچہ پر بسم اللہ پوری لکھ کر اس کے نیچے موٹے قلم سے حرف (ص) لکھے اور اس کے پہلے شوشہ پر ایک سیخ گاڑ کر کسی لکڑی سے بسم اللہ پڑھ کر سات مرتبہ اس سیخ پر لکڑی مارے چند مرتبہ ایسا کرنے سے بہت نفع ہوگا مجرب ہے۔

نظر بد اگر نظر بد کا احتمال ہو تو آیات ذیل لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا ھُوَ اِلَّا ذِکْرٌ

ایضاً برائے نظر بد

کلمات ذیل بھی نظر بد کا اثر دور کرنے کیلئے خصوصیت سے لکھ کر گلے میں ڈالتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَامَّۃٍ وَّعَیْنٍ لَّامَّۃٍ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝

حفاظت از وبا ہر قسم وطاعون

ایسے امراض کے زمانہ میں جو چیز کھائی پی جائے اس پر تین بار سورۃ اِنَّا اَنْزَلْنَاہُ پڑھ کر دم کر کے کھائیں پئیں اور اگر مریض کے لئے پانی پر تین بار دم کر کے پلایا جاوے تو بتلا تک کو شفا ہو جاوے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

برائے دفع مرگی

آیات ذیل کو لکھ گلے میں ڈال دیا جائے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الشَّیْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ۝ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝ رَبِّ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ ھَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ ۝ وَاَعُوْذُ بِکَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ۝

برائے اصلاح قلب

آیات ذیل کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈال دیں کہ قلب پر پڑی رہیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُھُمْ بِذِکْرِ اللّٰہِ اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝ وَرَبَطْنَا عَلٰی قُلُوْبِھِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا اِنَّا اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰی قُلُوْبِھِمْ لِیَکُوْنَ

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيَسْلِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ

پیشاب رُک جانا یا پتھری ہو جانا کلمات ذیل کو لکھ کر ناف پر باندھ دیا جائے۔

رَبُّنَا اللّٰهُ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اِسْمُكَ اَمْرُكَ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِي السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِي الْاَرْضِ وَاغْفِرْ لَنَا حَوْبَنَا وَخَطَايَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ فَاَنْزِلْ شِفَآءً مِّنْ شِفَآئِكَ وَرَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجِعِ

برائے دفع تپ لرزہ ہر قسم نقش ذیل کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
اللہ	الرحمٰن	الرحیم	بسم
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ
الرحیم	بسم	اللہ	الرحمٰن

مرض ناسور کا علاج اگر کوئی شخص مرض ناسور میں مبتلا ہو جو اکثر گلے میں ہو جاتا ہے اس کے علاج سے ڈاکٹر اور طبیب عاجز ہیں اس کے واسطے یہ عمل ایک فقیر کا فرمودہ ہے بہت مجرب ہے وہ یہ ہے کہ اول کسی زمین پر مریض مصلے بچھا کر سجدوں میں بڑے عجز و انکساری کے ساتھ بارگاہ الٰہی میں دعا کرے اور پھر یہ اسماء بہت کثرت سے پڑھنا شروع کرے۔ جس حالت میں بھی ہو بیٹھا ہو لیٹا

ہو ہر وقت پڑھتا رہے انشاء اللہ چند روز میں خود بخود نفع ہو گا۔ کئی آدمیوں کو اس سے نفع ہو چکا ہے۔ وہ اسماء یہ ہیں۔

یَا اَللّٰهُ ۔ یَا رَحْمٰنُ ۔ یَا رَحِيْمُ

بچھو کا جھاڑ ایک دائرہ بنا کر اُنیس (۱۹) کا ہندسہ (اس طرح لکھے (۱۹) ۔) اس دائرہ میں لکھے اور بسم اللہ پوری پڑھ کر ساتھ جوتے اس ہندسہ پر مارے اسی طرح کرنے سے شفاء ہو جاتی ہے مجرب ہے۔

بچھو کی دوسری جھاڑ ایک پیالہ میں پانی لے کر ایک گھونٹ پیئے اور لفظ بسم پڑھ کر پیئے پھر بسم اللہ پڑھ کر دوسرا گھونٹ پیئے پھر بسم اللہ الرحمٰن پڑھ کر تیسرا گھونٹ پیئے پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر چوتھا گھونٹ پیئے چند مرتبہ کرنے سے شفاء ہو جاتی ہے مجرب ہے۔

سانپ، بچھو یا بھڑ وغیرہ کا کاٹ لینا ذرا سے پانی میں نمک گھول کر اس جگہ ملتے جائیں اور قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ پوری سورت پڑھ کر دم کرتے جائیں بہت دیر تک ایسا ہی کریں انشاء اللہ فائدہ ہو گا۔

باؤلے کتے کا کاٹ لینا آیت فَاِنْهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ایک روٹی یا بسکٹ کے بائیس ٹکڑوں پر لکھ کر ایک ٹکڑا روزانہ اس شخص کو کھلا دیں انشاء اللہ تعالیٰ ہڑک نہ ہو گی۔

وَبَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ

پیشاب رُک جانا یا پتھری ہو جانا کلماتِ ذیل کو لکھ کر ناف پر باندھ دیا جائے۔

رَبُّنَا اللّٰهُ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اِسْمُكَ اَمْرُكَ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِي السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِي الْاَرْضِ وَاغْفِرْ لَنَا حَوْبَنَا وَخَطَايَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ فَاَنْزِلْ شِفَآءً مِّنْ شِفَآئِكَ وَرَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجِعِ

برائے دفع تپ و لرزہ ہر قسم نقش ذیل کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
اللہ	الرحمٰن	الرحیم	بسم
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ
الرحیم	بسم	اللہ	الرحمٰن

مرض ناسور کا علاج اگر کوئی شخص مرض ناسور میں مبتلا ہو جو اکثر گلے میں ہو جاتا ہے اس کے علاج سے ڈاکٹر اور طبیب عاجز ہیں اس کے واسطے یہ عمل ایک فقیر کا فرمودہ ہے بہت مجرب ہے وہ یہ ہے کہ اول کچی زمین پر مریض مصلے بچھا کر سجدوں میں بیٹھ کر عجز و انکساری کے ساتھ بارگاہ الٰہی میں دعا کرے اور پھر یہ اسماء بہت کثرت سے پڑھنا شروع کرے۔ جس حالت میں بھی ہو بیٹھا ہو لیٹا

ہو ہر وقت پڑھتا رہے انشاء اللہ چند روز میں خود بخود نفع ہو گا کئی آدمیوں کو اس سے نفع ہو چکا ہے۔ وہ اسماء یہ ہیں۔

یَا اَللّٰهُ ۔ یَا رَحْمٰنُ ۔ یَا رَحِیْمُ

بچھو کا جھاڑ ایک دائرہ بنا کر اُنیس (۱۹) کا ہندسہ (اس طرح لکھے (۱۹) ۔) اس دائرہ میں لکھے اور بسم اللہ پوری پڑھ کر سات جوتے اس ہندسہ پر مارے اسی طرح کرنے سے شفاء ہو جائیگی، مجرب ہے۔

بچھو کی دوسری جھاڑ ایک پیالہ میں پانی لے کر ایک گھونٹ پیئے اور لفظ بسم پڑھ کر پیئے پھر بسم اللہ پڑھ کر دوسرا گھونٹ پیئے پھر بسم اللہ الرحمٰن پڑھ کر تیسرا گھونٹ پیئے پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر چوتھا گھونٹ پیئے چند مرتبہ کرنے سے شفاء ہو جاتی ہے مفید ہے۔

سانپ، بچھو یا بھڑ وغیرہ کا کاٹ لینا ذرا سے پانی میں نمک گھول کر اس جگہ ملتے جائیں اور قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ پوری سورت پڑھ کر دم کرتے جائیں بہت دیر تک ایسا ہی کریں۔ انشاء اللہ فائدہ ہو گا۔

باؤلے کتے کا کاٹ لینا آیت اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ایک ایک روٹی یا بسکٹ کے چالیس ٹکڑوں پر لکھ کر ایک ٹکڑا روزانہ اس شخص کو کھلا دیں انشاء اللہ تعالیٰ ہڑک نہ ہو گی۔

ہر طرح کی بیماری چینی کی تشتری پر سورہ الحمد مکمل اور یہ آیتیں لکھ کر روزمرہ بیمار کو پلایا کریں بہت ہی تاثیر کی چیز ہے آیات شفا یہ ہیں :۔ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ . وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ۝ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ .

تلی بڑھ جانا یہ آیت بسم اللہ سمیت لکھ کر تلی کی جگہ باندھیں۔ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ

ناف ٹل جانا یہ آیت بسم اللہ سمیت لکھ کر ناف کی جگہ باندھیں ناف اپنی جگہ آجاوے گی اور اگر بندھا رہنے دیں تو پھر نہ ٹلے گی۔ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝

بخار مگر بدن جلنے لگے تو یہ آیت لکھ کر باندھیں اور اسی کو دم کریں۔ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ اور مگر جلنے سے بخار ہو تو یہ آیت لکھ کر گلے میں یا بازو پر باندھیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔

برائے تپ ولرزہ

برائے تپ ولرزہ بازو پر باندھیں۔

۷۸۶

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
اللہ	الرحمٰن	الرحیم	بسم
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ
الرحیم	بسم	اللہ	الرحمٰن

برائے تپ ولرزہ بخار آنے سے قبل شکر کی ڈلی پر بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔ پڑھ کر دم کریں اور مریض کو کھلا دیں۔

ایضاً برائے تپ ولرزہ اس آیت بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ کو ہیری کی لکڑی پر لکھ کر گلے میں ڈال دیں

دیگر برائے تپ ولرزہ تیتر پیل کے پنوں پر اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ آخر تک مع بسم اللہ لکھیں اور مریض کو دیں وہ قبل بخار اس کو دیکھے اور چاٹ لے۔ تین روز تک ایسا ہی عمل کریں انشاء اللہ بخار سے نجات ہوگی۔

گنڈہ برائے ہر بیماری اکیس ۲۱ تار دھاگے کے لیکر ان پر سورۃ مزمل تین بار پڑھے اور اوّل و آخر ایک بار درود شریف پڑھ کر ایک گرہ لگائے۔ اسی طرح اکیس ۲۱ گرہ

لگائے اور گلے میں باندھ لے۔

ایضاً برائے ہر بیماری الحمد (دس) بار اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔ پڑھ کر دم کرے

چیچک ایک نیلا گنڈا سات تار (دھاگے) لے کر اس پر سورہ الرحمٰن جو ستائیسویں پارے کے آدھے پر ہے پڑھے اور جب یہ آیت آیا کرے فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ۔ تو اس پر دم کرکے ایک گرہ لگا دے سورہ کے ختم ہونے تک اکتیس گرہیں ہو جاویں گی پھر وہ گنڈا بچے کے گلے میں ڈال دے اگر چیچک سے پہلے ڈال دیں تو انشاء اللہ چیچک سے حفاظت رہے گی اور اگر چیچک نکلنے کے بعد ڈالیں تو زیادہ تکلیف نہ ہوگی۔

قرار حمل کے لئے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ۱۹ حرفوں کو جداگانہ جداگانہ (الگ الگ) ایک سو دس مرتبہ لکھ کر بعد غسل ایام عورت کے گلے میں لٹکایا جاوے کہ شکم (پیٹ) پر پڑا رہے اور اسی روز قبل غروب آفتاب چینی کی طشتری پر سورہ الحمد شریف تمام مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھیں اور قبل طلوع آفتاب پانی سے دھو کر عورت کو پلائی جاوے اور چالیس روز تک روزانہ پلاتے رہیں اور تعویز اس وقت کھولا جاوے جب کہ حمل رواں کا ہو جاوے اور قرار حمل تک طہر پاک ہونے کے شروع میں دو تین مرتبہ متواتر ہم بستری ہونی چاہئے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی نصیب ہوگی۔

حصول علم کے واسطے ہر نماز فرض کے بعد گیارہ مرتبہ قول اور گیارہ مرتبہ آخر میں درود شریف پڑھے درود شریف کے درمیان گیارہ بار اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ عَلٰی

لَا عَتِیْکَ۔ پڑھے۔ انشاء اللہ حصول علم میں کامیاب ہوگا۔

ہر وقت بیداری کے لئے اگر وقت مقررہ پر اٹھنے میں دشواری ہو تو آیت ذیل ایک مرتبہ پڑھ کر سو رہے انشاء اللہ وقت مقررہ پر ضرور بیدار ہوگا۔ وہ آیات یہ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کَانَتْ لَھُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا خٰلِدِیْنَ فِیْھَا لَا یَبْغُوْنَ عَنْھَا حِوَلًا۔ قُلْ لَّوْ کَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّکَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ کَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِہٖ مَدَدًا۔ قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ یُوْحٰٓی اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ فَمَنْ کَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّہٖ فَلْیَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا یُشْرِکْ بِعِبَادَۃِ رَبِّہٖٓ اَحَدًا۔

برائے دفع دشمن مٹی کے ڈھیلے پر تین مرتبہ یہ دعا پڑھے اور یہ تصور کرے کہ دشمن سامنے موجود ہے اور دشمن کی خیالی صورت پر ڈھیلہ مارے یہ عمل ہر روز کرے یقین ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ خدا کی رحمت سے دشمن دفع ہو جائے گا دعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔

جن و شیاطین سے حفاظت کیلئے جن و شیاطین سے حفاظت کے لئے سونے سے پہلے دس مرتبہ سورہ اخلاص (قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ) پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے جن و شیاطین کے شر سے محفوظ رہے گا۔

●

برائے محبت بعد نماز عشاء کپڑوں میں عطر و خوشبو لگائے اور دو زانو مؤدب بیٹھ کر یہ درود شریف تین سو ساٹھ مرتبہ بحضور قلب پڑھے۔ جملہ حاجات برآئیں گی انشاء اللہ تعالیٰ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْبَشَرِ بَشَرٌ لَّا کَالْبَشَرِ۔ بَلْ ھُوَ کَالْیَاقُوْتِ فِی الْحَجَرِ۔ (عطا از پیر جماعت علی شاہ صاحب علیہ الرحمۃ)

برائے بخار و لرزہ ذیل کا نقش سردی سے چڑھنے والے بخار کے لئے انتہائی مفید ہے۔ مریض کے بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

۷۸۶

ابوبکر	عمر	عثمان
علی	محق	لا الٰہ
الا اللہ	معتد	رسول اللہ

برائے درد سر درد سر کے واسطے یہ نقش مفید ہے سر میں یا چوٹی میں باندھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی اور درد سر دفع ہوگا۔

۷۸۶

۱۹	۲۶	۲۱
۲۴	۲۲	۲۰
۲۳	۱۸	۲۵

برائے سہولت نکاح بعد نماز عشاء یَا لَطِیْفُ یَا وَدُوْدُ گیارہ سو گیارہ بار اول و آخر درود شریف، چالیس روز تک متواتر پڑھے اور اس کا تصور کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقصود برآئے گا۔ اگر چالیس دن سے پہلے کام ہو جائے تب بھی چالیس دن پورے کرے چھوڑے نہیں۔

ڈاڑھ کے درد کے لئے ایک لکڑی کی تختی پر پاک ریت پھیلا کر ا ب ج د ہ و ز لکھے۔ پھر حرف اول پر کیل (بانوک دار چیز) رکھ کر سورہ فاتحہ مکمل ایک بار پڑھے۔ پھر دوسرے حرف پر کیل رکھے اور دوبارہ سورہ فاتحہ پڑھے۔ اسی طرح ہر اگلے حرف پر ایک مرتبہ زیادہ کر کے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد جاتا رہے اور دوسرے جتنے درد ہیں سب کے لئے مفید ہے۔

برائے ہر بیماری الحمد شریف مکمل دس بار اول و آخر گیارہ بار درود شریف پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی۔ سورہ فاتحہ کو گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا بھی مفید ہے۔

ناف ٹلنے کیلئے اس نقش کو ناف پر باندھیں

ذٰلِکَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَرَحْمَۃٌ

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

حصار

عامل کو چاہیئے کہ عمل کرنے سے قبل وضو کرکے تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اور اپنے تمام جسم پر دم کرے اور پھر چاقو لے کر ایک خط اپنے سامنے داہنی جانب سے شروع کرے اور شروع کرتے وقت ایک سانس میں سورۃ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ ۝ لَیْلَةُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝ سَلٰمٌ هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝ پڑھے اور اپنے داہنی طرف خط کھینچے اور سورۃ قل یٰاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ (آخر تک) ایک سانس میں پڑھے پھر بائیں جانب خط کھینچے اور سورۃ قل اعوذ برب الفلق (آخر تک) ایک سانس میں پڑھے پھر اپنے پیچھے ایک خط کھینچے اور قل اعوذ برب الناس (آخر تک) ایک سانس میں پڑھے۔

جس گھر میں جنات ڈھیلے پھینکتے ہوں

جس کے گھر میں ڈھیلے آتے ہوں اس نقش کو لکھ کر دیوار پر قبلہ رو چسپاں کرے وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۲	۱۳	۲
۷	۱۱	۸	۱۰
۱۴	۱	۱۵	۵

جن سے حفاظت کیلئے

یہ نقش سورہ جن کا ہے بچوں کے گلے میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ جن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶۰

۷۸۲۲	۷۸۱۷	۷۸۲۴
۷۸۲۳	۷۸۲۱	۷۸۱۹
۷۸۱۸	۷۸۲۵	۷۸۲۰

جن کے شر سے حفاظت کا نقش

یہ نقش سورۃ قریش کا ہے جو اس کو اپنے پاس رکھے جن کے شر سے محفوظ رہے انشاء اللہ تعالیٰ

۳۲۵۶۶	۳۲۵۵۹	۳۲۵۶۴
۳۲۵۶۱	۳۲۵۶۳	۳۲۵۶۵
۳۲۵۶۲	۳۲۵۶۷	۳۲۵۶۰

نقش برائے دفع جن

جس گھر میں جن آواز دیتا ہو یا ڈراتا ہو اس کو لکھ کر دروازے پر لگا دے جن کے شر سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

بجق جبرئیل یا بدوح

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

تسخیر حکام کیلئے مجرب عمل

ان اسماء کو حاکم کے سامنے پڑھتا ہے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم نرم ہو جاوے گا۔

یَاسُبُّوْحُ۔ یَاقُدُّوْسُ۔ یَا غَفُوْرُ۔ یَا وَدُوْدُ

حکام کو نرم کرنے کا عمل

ان چار حروف کو اپنے داہنے ہاتھ کی انگلیوں پر پڑھ کر حاکم کو سلام کرے اور فوراً مٹھی بند کرے حاکم مطیع ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ الف۔ یاء سین۔ میم

برائے عداوت مجرب

سورۃ تبت بغیر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے نمک و سرسوں دونوں (بال) دونوں کے لیکر اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھے اور ہر مرتبہ علیحدہ علیحدہ پڑھے اور ہر بار دونوں کا نام لے۔ جن میں عداوت کرانی ہو عداوت جانی ہو جائے گی۔ لیکن اس عمل میں شرط یہ ہے جہاں شریعت کی رو سے جائز ہو کرے ناجائز کام کے سلسلہ میں کرے گا تو خود بڑا نقصان اٹھائے گا۔ ناجائز دشمنی کرانے میں اسے استعمال نہ کرے۔

برائے اصلاح زوجین مجرب ہے

برائے عقیمہ (بانجھ عورت کے اولاد ہونے کے لئے)

مندرجہ ذیل طلسم کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کے بائیں بازو پر بندھوا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد ہونے لگے گی۔ وہ طلسم یہ ہے۔

له له له له له له له
اه اه اه اه اه اه اه
علی علی علی علی علی علی علی
هو هو هو هو هو هو هو

برائے عقیمہ (بانجھ عورت کے لئے)

مندرجہ ذیل طلسم کو زعفران یا کچی کالی روشنائی سے باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے ایک عورت کی ناف پر بندھوا دے اور دوسرا نقش عورت کھائے انشاء اللہ تعالیٰ حاملہ ہو جائے گی۔ یہ طلسم یہ ہے۔

هو هو هو هو هو هو هو
الله الله الله الله الله الله الله
حی حی حی حی حی حی حی
قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم

وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

بانجھ عورت کے لئے

جو عورت بانجھ ہو یا حمل نہ ٹھہرتا ہو۔ باوضو اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل ٹھہرے گا بہت ہی مجرب نقش ہے۔ نقش یہ ہے۔

۴۸۲

۱۰	۱	۱۲
۸	۱۵	۳
۲	۴	۵

چور کی شناخت کہ مال کس نے اٹھایا

ان اسماء کو باوضو لکھ کر سر کے نیچے رکھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چور کا حال معلوم ہو جائے گا۔ وہ اسماء یہ ہیں۔

لاع عما حلا اصلع ملج لوصاخ میحؤ

چور کی پہچان کے لئے

قند سیاہ کہنہ (پرانی گڑ یا شکر) پر عربیت ذیل کو باوضو ستر مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور تھوڑا تھوڑا گھر کے جتنے مرد و عورت ہوں سب کو کھلا دیں

ہماری مقبولِ عام مطبوعات

مُرتبہ: اعجاز احمد خاں سنگھانوی

حکایات الصالحین

یعنی اولیاءِ کرام کی ایمان پرور حکایات

اولیاء کرام، صوفیائے عظام، عُلماء حق، مشائخ طریقت اور حکام و قضاۃ کی ایمان افروز حکایات کا عظیم الشان مجموعہ۔

یہ حکایات شریعت و طریقت کا شاہکار، نیکی و تقویٰ کی منادا اور شرافت و انسانیت کا سبق سکھانے والی ہیں۔ اس کی بڑی جلد میں تین سو حکایات ہیں۔ قیمت: ۱۲۰/- روپے۔ چھوٹی کتاب میں صرف ایک سو حکایات ہیں۔ قیمت: ۸۰/- روپے۔

حکایات الاسلاف عن روایات الاخلاف

یعنی عُلماء دیوبند کی دلچسپ اور سبق آموز حکایات

عُلماء دیوبند و سہارنپور کی حکایات کا دلچسپ اور بصیرت افروز مجموعہ۔

ان حکایات کا مُطالعہ انسانی زندگی میں انقلابی تبدیلی پیدا کرتا ہے۔

ان حکایات کا مُطالعہ اخلاق میں سنوار پیدا کرتا ہے۔ نیکی کا شعور پیدا کرتا ہے اور تقویٰ و طہارت کا احساس اُجاگر کرتا ہے۔

یہ حکایات انتہائی دلچسپ اور مؤثر ہیں۔ سفید کاغذ، کُل صفحات: ۳۲۰

قیمت۔ جلد اوّل: ۱۰۰/- روپے۔ جلد دوم: ۱۰۰/- روپے

مظہر بک ڈپو

دکان نمبر ۲ محبوب کارنر ST2 III E نزد گول مارکیٹ ناظم آباد نمبر ۳ کراچی ۱۸

انشاء اللہ تعالیٰ چور کے پیٹ میں درد ہوگا اور سب مطلع ہو جائیں گے۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا اَرْوَوْنَ جِنَّ صَاحِبَ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ

برائے پہچان چور

یہ اسماء لکھ کر درمیان کلام مجید کے رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چور کے پیٹ میں درد ہوگا۔ چور جب تک چیز واپس نہ دے گا درد ختم نہ ہوگا۔ اسماء یہ ہیں۔

یَا شَمْخِیْشَا یَا شَمْخِیْشَا اِفْیًا اِشْرَاھِیَا تَمْخِیْشَا

چور کا پتہ لگانا

جَو کی روٹی پر باوضو نقشہ ذیل لکھ کر جن لوگوں پر شبہ ہو ان سب کو ایک ایک ٹکڑا کھلائیں جو چور ہوگا اس کے حلق میں روٹی اٹک جائے گی وہ کھا نہ سکے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۴۳۱

۱۷۸۰	۱۷۸۳	۱۷۸۸
۱۷۷۵	۱۷۷۷	۱۷۷۹
۱۷۷۶	۱۷۸۱	۱۷۷۴

تنبیہ: محض شبہ کی بنا پر کسی کو ہاتھ لگانا درست نہیں ہے اس کے لئے ٹھوس ثبوت یا معتبر گواہ ضروری ہے۔

برائے حب

مندرجہ ذیل کلمہ ایک ہزار ایک بار شیرینی (مٹھائی) یا مغز (بادام) وغیرہ پر دم کر کے کھلا دے۔ یا کھانے پر پڑھ کر پھونک دے اور کھانا کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ باہمی محبت پیدا ہوگی وہ کلمہ یہ ہے۔

یَا وَدُوْدُ

واپسی مفرور کے لئے

بھاگے ہوئے کی واپسی کے لئے اس طلسم کو باوضو لکھ کر چرخے میں باندھے اور چرخے کو الٹا گھما دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مفرور جلد واپس ہوگا۔ وہ طلسم یہ ہے

ے اط ام وص ۴۱۸ ع ھ ہم اد ہم اود ۵۹۴ ع ۱۱۸۴ م باد

نام مفرور معہ والدہ

فتیلہ برائے آسیب زدہ

جس کو آسیب (جن) لپٹ گیا ہو اس کے لئے اس فتیلہ کو باوضو لکھے اور کاغذ کو جلا کر مریض کی ناک میں اس کا دھواں پہنچائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہوگا۔ وہ فتیلہ یہ ہے۔

۳	۸	۱
۲	۴	۶
۷	بحق یا دردا ئیل بحق یا ہدوح زودے زود بیار	۵

دردِ ناف کے لئے

ناف کے درد کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے
دائیں بازو پر باندھے۔ وہ طلسم یہ ہے۔

٥ تحوسولو تحوہ الھا

برائے بواسیر خونی و بادی

(از مولانا محمد حسین بوڈ بانوی رحمۃ اللہ علیہ)

مندرجہ ذیل کلمات باوضو لکھ کر روزانہ تین وقت صبح، دوپہر اور شام کو
پی لے اور مسلسل نو دن تک پئے۔ کل ستائیس تعویذ لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ
ہر قسم کی بواسیر سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قومٍ قومٍ مرقومٍ
لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ۝

فتح و کامیابی کے لئے

نقش ذیل سورۃ فتح مع سورۃ فاتحہ کا ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر
موم جامہ کر کے دائیں بازو میں باندھ لے یا گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ
ہر قدم پر فتح و کامیابی حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۳۵۹۸۹	۳۵۹۹۲	۳۵۹۹۵	۳۵۹۸۲
۳۵۹۹۴	۳۵۹۸۳	۳۵۹۸۸	۳۵۹۹۳
۳۵۹۸۴	۳۵۹۹۷	۳۵۹۹۰	۳۵۹۸۷
۳۵۹۹۱	۳۵۹۸۶	۳۵۹۸۵	۳۵۹۹۶

برائے بخار ہر قسم

مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر اس پر آٹھ جوتے گن کر ماریں اور بخار آنے
سے دو گھنٹہ قبل مریض کے پاؤں کے ٹخنے میں بندھوا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ
بخار نہیں آئے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے:

شداد	همزاد	نمرود	مردود
فرعون	ملعون	شیطان	هامان

دشمن سے مقابلہ کے وقت

اگر کسی دشمن سے مقابلہ پیش آجائے یا دریا میں جانے یا خشکی
کا سفر کرے یا کسی بلا کا ڈر خوف ہو تو ان کلمات کو کثرت سے پڑھے۔
انشاء اللہ تعالیٰ ہر بلا اور مصیبت سے محفوظ اور دشمن پر غالب آجائے گا۔

الٓمٓصٓ ۝ كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ قٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۝
نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۝

مرگی کا علاج

اگر کسی کو مرگی کا دورہ پڑے تو اس کے کان میں مندرجہ ذیل کلمات
زور سے پڑھے کہ اس کے کان میں آواز پہنچے انشاء اللہ تعالیٰ دورہ سے
نجات حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
الٓمٓصٓ ۝ طٰسٓمٓ ۝ كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ يٰسٓ ۝
وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝ حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۝ نٓ
وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۝

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے خواص

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ہر وہ اہم کام جسے بسم اللہ سے شروع نہ کیا گیا ہو وہ ناقص اور اہم ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر قابل ذکر کام سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ضرور پڑھا کرتے تھے۔ ہر مسلمان کو اس سنت کی اتباع کرتے ہوئے اپنا ہر کام بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سے شروع کرنا چاہیے۔ البتہ شریعت اسلامیہ کے خلاف کام بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر شروع نہ کرے ورنہ سخت گنہگار ہوگا۔ مثلاً کوئی داڑھی مونڈتے وقت بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے تو سخت گنہگار ہوگا، کیونکہ داڑھی مونڈنا شریعت میں ناجائز ہے۔

ہر مشکل اور حاجت کے لئے

جو شخص بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو بارہ ہزار (۱۲۰۰۰) مرتبہ اس طرح پڑھے کہ ہر ہزار پورا کرنے کے بعد درود شریف کم از کم ایک مرتبہ ضرور پڑھے اور اپنے لئے اور اپنے مقاصد کے لئے دعا کرے جب ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر درود شریف کے بعد دعا کرے۔ اسی طرح ہر ہزار مرتبہ پڑھنے کے بعد درود شریف پڑھ کر دعا کرے اسی طرح بارہ ہزار کی تعداد پوری کرے اور بارہ مرتبہ دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل آسان ہوگی اور ہر حاجت پوری ہو جائے گی۔

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے سات سو چھیاسی (۷۸۶) اعداد ہیں جو شخص بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ روزانہ مسلسل سات روز تک پڑھے اور اپنے مقصد میں کامیابی کے لئے دعا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔

عزت حاصل کرنے اور تسخیر قلوب کیلئے

ہر شخص بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو (۶۰) ساٹھ مرتبہ باوضو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو انشاء اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں اس کی عزت و عظمت ہوگی۔ اور کوئی شخص اس سے بدسلوکی نہ کر سکے گا

اچانک موت، چوری اور شیطانی اثرات سے حفاظت

سونے سے پہلے اکیس (۲۱) مرتبہ پوری بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے چوری اور شیطانی اثرات سے اور اچانک موت سے محفوظ رہے گا۔

حافظہ تیز ہونے کے لیے

سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر پانی پر دم کر کے طلوع آفتاب (سورج نکلنے) کے وقت پیئے تو انشاء اللہ تعالیٰ ذہن کھل جائے گا اور حافظہ قوی ہو جائے گا۔

حفاظتِ اولاد کے لئے

جس عورت کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں تو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ باوضو اکسٹھ (۶۱) مرتبہ لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے یا گلے میں ڈال لے تو انشاء اللہ تعالیٰ بچے محفوظ رہیں گے۔

کھیتی کی حفاظت کے لئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو باوضو ایک سو (۱۰۰) مرتبہ لکھ کر

کھیت میں موم جامہ کے دفن کردے تو انشاء اللہ تعالیٰ کھیتی تمام آفات وبلیات سے محفوظ رہے اور اس میں برکت ہو۔

حکام کے لئے

ایک کاغذ پر باوضو پانچ سو (۵۰۰) بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لکھے اور ڈیڑھ سو (۱۵۰) مرتبہ باوضو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر اس پر دم کرکے اور موم جامہ کرکے اس تعویذ کو اپنے پاس رکھے یا دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ حاکم مہربان ہوجائیں اور ظالم کے شر سے محفوظ رہے۔

درد سر کے لئے

باوضو اکیس (۲۱) مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لکھ کر موم جامہ کرکے درد والے کے گلے یا سر میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد بند ہوجائے گا۔

حب کے لئے

باوضو سات سو (۷۰۰) چھیاسی مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر پانی پر دم کرکے جس کو پلائے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اس کو پلانے والے سے گہری محبت ہوجائے۔

(ناجائز کاموں میں استعمال سے وبال کا خطرہ ہے)

آفات وبلیات سے حفاظت کے لئے

جو شخص محرم کی پہلی تاریخ کو باوضو ایک سو تیرہ (۱۱۳) مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے پاس رکھے گا۔ وہ

انشاء اللہ تعالیٰ جملہ آفات ومصائب سے محفوظ رہے گا۔ مجرب ہے۔

برائے دفع تپ ولرزہ ہر قسم (عام بخار یا سردی کا بخار)

نقش ذیل باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل واحسان سے بخار چلا جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ	بِسْمِ
الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ	بِسْمِ	اللّٰهِ
الرَّحِيْمِ	بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ

سر درد کا مجرب جھاڑ

ایک پرچہ پر باوضو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لکھ کر اس کے نیچے موٹے قلم سے حرف (س) لکھے اور اس کے پہلے شوشے پر ایک میخ (کیل گاڑ کر) سات مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر کسی لکڑی سے اس میخ کے اوپر مارے۔ چند مرتبہ ایسا کرنے سے بہت فائدہ ہوگا اور انشاء اللہ تعالیٰ سر کا درد جاتا رہے گا۔ مجرب ہے۔ بسم اللہ اور (س) اس طرح لکھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(س)

اولاد کی حفاظت کے لئے

اگر کسی عورت کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو تو باوضو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

کو ایک سو ساٹھ ۱۶۰ مرتبہ لکھ کر موم جامہ کر کے یہ تعویذ حمل کے دوران عورت کے بازو میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ اولاد محفوظ رہے گی۔

ظاہری و باطنی فتوحات کے لئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۷۸۶ مرتبہ ہر روز پڑھنا عجیب کیمیا ہے۔ تمام ظاہری و باطنی فتوحات اس کی برکت سے کھل جاتے ہیں۔ حضرت شاہ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "غنیۃ الطالبین" میں اس ورد کو بہت مجرب لکھا ہے۔

بعض کا قول اس کے اسم اعظم ہونے کے متعلق بھی ہے۔

ہر مشکل مہم کے لئے

نماز عصر کے بعد بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قبلہ کی طرف منہ کر کے اذان مغرب تک پڑھتا رہے۔ جب مؤذن اذان شروع کرے یہ سجدہ میں چلا جائے اور اپنی حاجت سجدے میں عرض کرے جب مؤذن اذان مغرب ختم کرے تو یہ اپنے سر کو سجدے سے اٹھائے اور ہاتھ اٹھا کر درود شریف پڑھے اور مومن مرد و عورت کے لئے دعائے خیر کر کے نماز مغرب میں شامل ہو جائے۔ یہ عمل بلاناغہ روزانہ کرنا ہے۔ اس عمل کے دوران کسی سے بات نہ کرے اور نہ کسی دوسری طرف متوجہ ہو۔ یہ عمل مسجد میں کرے تو زیادہ بہتر ہے۔ اس طرح مغرب کی جماعت بھی ضائع نہیں ہوگی۔

برائے تسخیر و حصول عزت و توقیر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ روزِ جمعرات بعد نماز عشاء چودہ ۱۴ سو

مرتبہ روزانہ چالیس دن متواتر (برابر لگاتار) پڑھے ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عزت بے شمار ملے گی اور جس کسی سے آنکھ ملائے گا وہی مطیع ہوگا۔

بھڑ اور بچھو کے کاٹے کا علاج

بھڑ اور بچھو کے کاٹے پر تین ۳ بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھتے جائیں اور اس مقام پر انگلی پھیرتے جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

حاجت روائی کے لئے

روزانہ اول و آخر گیارہ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر درمیان میں سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے۔ ایک ہفتہ کے اندر اندر انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہوگی۔

شیطان سے حفاظت کے لئے

سوتے وقت اکیس ۲۱ بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے پورے جسم پر پھیرے تو رات بھر شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

ظالم کے دل میں رعب کے لئے

اگر کسی ظالم کے سامنے پچاس ۵۰ مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے تو اس ظالم کے دل میں پڑھنے والے کی ہیبت اور اس کا خوف پیدا ہو اور پڑھنے والا انشاء اللہ تعالیٰ ظالم کے شر سے محفوظ رہے گا۔

قرآن پاک کی سورتوں کے خواص و فوائد

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۷

(سورۃ ۱)

کو ایک سو ساٹھ مرتبہ لکھ کر موم جامہ کر کے یہ تعویذ حمل کے دوران عورت کے بازو میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ اولاد محفوظ رہے گی۔

ظاہری و باطنی فتوحات کے لئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ آٹھ سو بار ہر روز پڑھنا عجیب کیمیا ہے۔ تمام ظاہری و باطنی فتوحات اس کی برکت سے کھل جاتے ہیں۔ حضرت شاہ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "غنیۃ الطالبین" میں اس ورد کو بہت مجرب لکھا ہے۔

بعض کا قول اس کے اسم اعظم ہونے کے متعلق بھی ہے۔

ہر مشکل مہم کے لئے

نماز عصر کے بعد بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قبلہ کی طرف منہ کر کے اذان مغرب تک پڑھتا رہے۔ جب مؤذن اذان شروع کرے یہ سجدہ میں چلا جائے اور اپنی حاجت سجدے میں عرض کرے جب مؤذن اذان مغرب ختم کرے تو یہ اپنے سر کو سجدے سے اٹھائے اور ہاتھ اٹھا کر درود شریف پڑھے اور مومن مرد عورت کے لئے دعائے خیر کر کے نماز مغرب میں شامل ہو جائے۔ یہ عمل بلاناغہ روزانہ کرنا ہے۔ اس عمل کے دوران کسی سے بات نہ کرے اور نہ کسی دوسری طرف متوجہ ہو۔ یہ عمل مسجد میں کرے تو زیادہ بہتر ہے۔ اس طرح مغرب کی جماعت بھی ضائع نہیں ہوگی۔

برائے تسخیر و حصولِ عزت و توقیر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہر روز جمعرات بعد نماز عشاء چودہ سو

مرتبہ روزانہ چالیس دن متواتر (برابر لگاتار) پڑھے ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عزت بے شمار ملے گی اور جس کسی سے آنکھ ملائے گا وہی مطیع ہوگا۔

بھڑ اور بچھو کے کاٹے کا علاج

بھڑ اور بچھو کے کاٹنے پر تین بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھتے جائیں اور اس مقام پر انگلی پھیرتے جائیں۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

حاجت روائی کے لئے

روزانہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر درمیان میں سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے۔ ایک ہفتہ کے اندر اندر انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہوگی۔

شیطان سے حفاظت کے لئے

سوتے وقت اکیس بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے پورے جسم پر پھیرے تو رات بھر شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

ظالم کے دل میں رعب کے لئے

اگر کسی ظالم کے سامنے پچاس مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے تو اس ظالم کے دل میں پڑھنے والے کی ہیبت اور اس کا خوف پیدا ہو اور پڑھنے والا انشاء اللہ تعالیٰ ظالم کے شر سے محفوظ رہے گا۔

قرآن پاک کی سورتوں کے خواص و فوائد

سُوْرَۃُ الْغَاشِیَۃِ مکیۃ (سورۃ ۸۸) رکوع ۱ آیات ۷

سورۃ فاتحہ کے نام اور ان کے وجوہ

سورۃ فاتحہ کا پہلا نام - فَاتِحَةُ الْكِتَابِ" کیونکہ قرآن کریم کا افتتاح اس سورۃ سے ہوتا ہے۔

دوسرا نام " سُوْرَةُ الْحَمْدِ" ہے کیونکہ الحمدللہ سے اس سورۃ کی ابتدا ہوتی ہے۔

تیسرا نام " اُمُّ الْقُرْاٰن یا" اُمُّ الْكِتَاب" ہے اُم ہر چیز کی اصل کو کہتے ہیں اور اس سورۃ کے مضامین قرآن حکیم کے سارے مضامین کی اصل اور جڑ کی حیثیت رکھتے ہیں گویا یہ مضامین بمنزلہ تخم اور بیج کے ہیں اور قرآن حکیم کے بقیہ مضامین بمنزلہ درخت اور شاخ کے ہیں۔ مختصر یہ کہ سورۃ فاتحہ میں قرآن کریم کے مضامین کا ایک اجمالی خاکہ موجود ہے جس کی تفصیل بقیہ سارا قرآن مجید ہے۔

چوتھا نام " اَلسَّبْعُ الْمَثَانِي" ہے یعنی سات آیتیں دُھرائی ہوئیں۔ یہ نام اس لئے رکھا گیا کہ یہ سورۃ ہر نماز میں دھرائی جاتی ہے۔

پانچواں نام " وَافِيَه" ہے۔ وافیہ کے معنی ہیں پوری ہونے والی یہ نام اس لئے تجویز ہوا کہ یہ ہر رکعت میں پوری پڑھی جاتی ہے۔

چھٹا نام " كَافِيَه" ہے کیونکہ قرآن حکیم کے سارے مضامین پر اجمالی طور پر کافی ہونے والی ہے۔

ساتواں نام " سُوْرَةُ الْكَنْز" ہے کنز کے معنی خزانہ ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے۔ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ سورۃ فاتحہ میرے عرش کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔

آٹھواں نام " سُوْرَةُ الشِّفَاء" ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ فاتحہ الکتاب موت کے سوا ہر بیماری کا علاج ہے۔

نواں نام " سُوْرَةُ الْاَسَاس" ہے اساس کے معنی بنیاد ہے اور یہ سورۃ سارے قرآن حکیم کی بنیاد ہے۔ تیسرے اور نویں نام میں فقط لفظوں کا فرق ہے ورنہ مطلب میں دونوں ایک ہیں۔ اس کو سُوْرَةُ الصَّلٰوة اور سُوْرَةُ الْوَقِيَه بھی کہتے ہیں۔ اور یہ سورۃ خدا تعالےٰ نے بندوں کی زبان سے فرمائی یعنی جب وہ ہمارے دربار میں آیا کریں تو ہم سے یوں درخواست کیا کریں اس لئے اس سورت کا ایک نام " تعلیم مسئلہ" بھی ہے۔

سورۃ فاتحہ کی فضیلت

مؤطا امام مالک میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو آواز دی وہ نماز میں مشغول تھے۔ فارغ ہو کر خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپؐ نے ان کا ہاتھ پکڑا اور مسجد سے باہر نکلتے ہوئے فرمایا کہ:

" میں چاہتا ہوں کہ مسجد سے نکلنے سے پہلے تم کو ایک ایسی سورت بتلادوں کہ اس کا مثل تورات، انجیل اور قرآن میں بھی نہیں"

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ:

" میں نے یہ سن کر اپنی رفتار سست کر دی اور پوچھا کہ حضورؐ وہ سورۃ کیا ہے؟

آپؐ نے فرمایا کہ تم نماز کے شروع میں کیا پڑھتے ہو؟

میں نے کہا: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ الخ

آپؐ نے ارشاد فرمایا:

" وہ یہی سورت ہے، سبع مثانی ہے اور قرآن عظیم ہے جو مجھے دیا گیا ہے"

اسی نوعیت کی اور بھی مختلف روایتیں ہیں۔ صحیح بخاری شریف

فضائل القرآن میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم ایک مرتبہ سفر میں تھے راستے میں ایک جگہ قیام تھا۔ اچانک ایک لڑکی آئی اور کہا کہ یہاں کے قبیلے کے سردار کو سانپ نے کاٹ کھایا ہے۔ ہمارے آدمی یہاں موجود نہیں ہیں آپ میں سے کوئی ایسا ہے کہ جھاڑ پھونک کر دے؟ ہم میں سے ایک شخص اٹھ کر اس کے ساتھ ہولیا مگر ہم کو یہ معلوم نہیں تھا کہ یہ شخص کچھ جھاڑ پھونک بھی جانتا ہے۔ اس نے وہاں پہنچ کر کچھ پڑھ کر دم کیا خدا کے فضل سے وہ بالکل اچھا ہوگیا۔ اس نے خوشی میں تیس بکریاں اور بہت سارا دودھ ہماری مہمانی اور ضیافت کیلئے بھیجا۔ جب وہ صاحب واپس آئے تو ہم نے ان سے دریافت کیا کہ کیا تم کو کچھ جھاڑ پھونک کا علم معلوم تھا؟ انہوں نے کہا کہ میں نے صرف سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کیا ہے۔ اس سے ہم نے یہ کہا کہ اچھا بھائی ابھی آئے ہوئے اس مال کو نہ چھیڑو مدینہ پہنچ کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ پوچھیں گے۔

مدینہ میں پہنچ کر ہم نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ذکر کیا۔ آپ نے فرمایا کہ انہیں کیسے معلوم ہوگیا کہ یہ پڑھ کر دم کرنے کی سورت ہے؟ پھر فرمایا کہ اس مال کے حصے کرلو اور میرا بھی ایک حصہ لگانا۔ صحیح مسلم شریف اور ابو داؤد شریف میں بھی یہ حدیث ہے۔ مسلم شریف کی بعض روایتوں میں ہے کہ دم کرنے والے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی تھے۔

مسلم اور نسائی میں ایک حدیث ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے پاس ایک مرتبہ حضرت جبرئیل علیہ السلام بیٹھے ہوئے تھے کہ اچانک اوپر سے ایک زوردار دھماکہ کی آواز آئی۔ جبرئیل علیہ السلام نے اوپر دیکھ کر فرمایا کہ آج آسمان کا وہ دروازہ کھلا ہے جو کبھی نہیں کھلا تھا۔ پھر وہاں سے ایک فرشتہ حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ خوش ہو جائیے دو نور آپ کو ایسے دیئے گئے ہیں کہ آپ سے پہلے کسی نبی کو نہیں دیئے گئے۔ سورۃ

فاتحہ اور سورۃ بقرہ کی آخری آیتیں، ان میں سے ایک ایک حرف پر نور ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں نے نماز کو اپنے اور اپنے بندے کے درمیان آدھوں آدھ تقسیم کر دیا ہے اور میرا بندہ جو مجھ سے مانگتا ہے وہ میں اسے دیتا ہوں بندہ جب کہتا ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ" تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "حمدنی عبدی" یعنی میرے بندے نے میری تعریف کی۔ پھر بندہ کہتا ہے "اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ" تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "اثنیٰ علیّ عبدی" میرے بندے نے میری ثناء بیان کی۔ پھر بندہ کہتا ہے "مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ" تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "مجدنی عبدی" یعنی میرے بندے نے میری بزرگی بیان کی۔ بعض روایتوں میں ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "فَوَّضَ اِلَيَّ عَبْدِيْ" یعنی میرے بندے نے میرے سپرد کر دیا۔ پھر بندہ کہتا ہے "اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ" تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ میرے اور میرے بندے کے درمیان ہے میرا بندہ مجھ سے جو مانگے گا میں دوں گا۔ پھر جب بندہ آخر سورۃ تک پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ سب میرے بندے کے لئے ہے اور جو کچھ مانگے گا اس کے لئے حاضر ہے۔

سورۃ فاتحہ کے ساتھ نماز کے احکام کا جس قدر تعلق ہے اور کسی سورۃ سے نہیں ہے۔ مسند بزاز میں حدیث ہے:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں جب تم بستر پر لیٹو تو سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) پڑھ لیا کرو۔ انشاء اللہ موت کے سوا ہر چیز سے امن میں آجاؤ گے۔

اس کا نام سورۃ الشفاء، ام القرآن، سورۃ الحمد ہے۔ اس کے کل اعداد نو ہزار چار سو اکسٹھ (۹۴۶۱) ہیں۔ اس کا نقش مندرجہ ذیل کاموں کے لئے بہت مفید ہے۔ لوگوں کے دلوں میں اس نقش کے پاس رکھنے یا گلے یا بازو پر باندھنے والے کا رعب غالب رہے گا۔ ہر قسم کی حاجت پوری ہوگی۔ سر میں باندھے تو سر درد سے آرام ہو۔ بخار کے لئے گلے میں باندھے تو بخار سے نجات حاصل ہو۔ حصولِ روزگار کے لئے بھی اس کا نقش بہت مفید ہے۔ نیز ہر کام کے لئے بھی یہ نقش بہت مفید ہے۔ نقش کو پہلے لوبان کی دھونی دے پھر مؤم جامہ کر کے باندھے۔ جب کام ہو جائے پاک جگہ دفن کر دے یا پتھر کے ساتھ لپیٹ کر باندھ کر دریا یا سمندر میں ڈال دے۔ نقش یہ ہے۔

اور چال پانچویں خانہ میں ہے۔

۷۸۹

۲۳۶۵	۲۳۶۸	۲۳۷۱	۲۳۵۷
۲۳۷۰	۲۳۵۸	۲۳۶۴	۲۳۶۹
۲۳۵۹	۲۳۷۳	۲۳۶۶	۲۳۶۳
۲۳۶۷	۲۳۶۲	۲۳۶۰	۲۳۷۲

سورۃ فاتحہ کا دوسرا نقش

۷۸۹

بسم اللہ الرحمٰن	الرحیم	الحمد للہ	رب العلمین
الرحمٰن الرحیم	ملک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین
اھدنا الصراط	المستقیم	صراط	الذین
انعمت علیھم	غیر المغضوب	علیھم	ولا الضالین

آمین

دیگر فوائد سورۃ فاتحہ

نماز فجر کے وقت سنت اور فرض کے درمیان اکتالیس روز تک اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور درمیان میں سورۃ فاتحہ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر جو مانگے انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہو۔ نیز ہر مشکل کام کے لئے اس عمل کو پابندی سے کرنا بھی کامیابی کی ضمانت ہے۔

سانپ کے کاٹے کا علاج

سورۃ فاتحہ سانپ کے کاٹے پر ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ گڑ کے اوپر دم کر کے مریض کو کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہوگا۔ دم کرنے والا سانپ کو کبھی نہ مارے۔

روزی میں فراخی کے واسطے

چاند دیکھنے کے بعد پہلے ہفتہ کے دن سے شروع کرے اور اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور فجر کی نماز کے بعد اس طرح پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ روزی میں برکت ہوگی اور محتاجگی ختم ہو جائے گی۔ ترکیب یہ ہے:

ہفتہ: بعد نماز فجر درود شریف گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ ستر مرتبہ گیارہ مرتبہ درود شریف

اتوار: " " " سورۃ فاتحہ ستاسی مرتبہ " "

پیر: " " " سورۃ فاتحہ پچاسی مرتبہ " "

منگل: " " " سورۃ فاتحہ چالیس مرتبہ " "

بدھ: " " " سورۃ فاتحہ تینتیس مرتبہ " "

جمعرات: " " " سورۃ فاتحہ چھبیس مرتبہ " "

جمعہ: " " " سورۃ فاتحہ گیارہ مرتبہ " "

اسی طرح ہمیشہ پڑھتا رہے تو انشاء اللہ تعالیٰ کسی کا محتاج نہ رہے گا۔
اور روزی میں برکت ہوگی اور قرض سے محفوظ رہے گا۔ بہت مجرب ہے۔

بخار کا علاج

اگر کسی شخص کو بخار آتا ہو تو نئی روئی لے کر دو پھایہ بنائیں ایک دائیں کان میں لگنے کے واسطے اور دوسرا بائیں کان میں لگانے کے واسطے دائیں کان میں جو پھایہ لگا ہو اس پر اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کریں پھر سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کے دائیں کان میں لگا دیں۔

دوسرے پھایہ پر پہلے پانچ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھایہ پر دم کر کے بائیں کان میں لگا دیں۔

دوسرے دن اسی وقت پر دائیں کان کے پھایہ کو نکال کر بائیں کان میں لگا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار کافور ہوگا۔ (آزمائے گا)

اسی طرح اگر چالیس بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بخار والے پر چھینٹا دے تو انشاء اللہ تعالیٰ بخار دفع ہو۔ اگر دونوں عمل ایک ساتھ کرلے تو تیر بہدف ہے۔

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ؕ

قوتِ حافظہ کے لئے

سورۃ فاتحہ اکتالیس مرتبہ مع بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ روزانہ بعد نماز عصر پڑھ کر سینہ پر دم کر لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ قوی ہوگا اور یادداشت محفوظ ہوگی۔

ہر مشکل کام کے لئے

ہر مشکل اور ہر اہم کام کے لئے سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ شریف کے چالیس بار روزانہ پڑھنا مجرب ہے۔ لیکن فجر کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اس ترکیب سے پڑھنا عظیم تاثیر رکھتا ہے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ اس جگہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو دو مرتبہ کہے اور اپنے دلی مقصد کا خیال کرے پھر سورۃ مذکورہ پوری کرلے اور جب لفظ آمین پر پہنچے تو تین مرتبہ آمین کہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل حل ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی ہوگی پابندی شرط ہے۔

برائے صحتِ کامل و شفائے کلی

سورۃ فاتحہ کو اس ترکیب سے پڑھے اور پھر دعا کرے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو صحتِ کامل اور شفائے کلی حاصل ہوگی مجرب عمل ہے۔
ترکیب یہ ہے:

اسی طرح ہمیشہ پڑھتا رہے تو انشاء اللہ تعالیٰ کسی کا محتاج نہ رہے گا۔
اور روزی میں برکت ہوگی اور قرض سے محفوظ رہے گا۔ بہت مجرب ہے۔

بخار کا علاج

اگر کسی شخص کو بخار آتا ہو تو نئی روئی لے کر دو پھایہ بنائیں ایک دائیں کان میں لٹکنے کے واسطے اور دوسرا بائیں کان میں لگانے کے واسطے دائیں کان میں جو پھایہ لٹکا ہو اس پر اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کریں پھر سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کے دائیں کان میں لگا دیں۔

دوسرے پھایہ پر پہلے پانچ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھایہ پر دم کر کے بائیں کان میں لگا دیں۔

دوسرے دن اسی وقت پر دائیں کان کے پھایہ کو نکال کر بائیں کان میں لگا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار کافور ہوگا۔ (اُتر جائے گا)

اسی طرح اگر چالیس بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بخار والے پر چھینٹا دے تو انشاء اللہ تعالیٰ بخار دفع ہو۔ اگر دونوں عمل ایک ساتھ کرے تو تیر بہدف ہے۔

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

قوتِ حافظہ کے لئے

سورۃ فاتحہ اکتالیس ۴۱ مرتبہ مع بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ روزانہ بعد نماز عصر پڑھ کر سینہ پر دم کر لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ قوی ہوگا اور یادداشت محفوظ ہوگی۔

ہر مشکل کام کے لئے

ہر مشکل اور ہر اہم کام کے لئے سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ شریف کے چالیس ۴۰ بار روزانہ پڑھنا مجرب ہے۔ لیکن فجر کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اس ترکیب سے پڑھنا عظیم تاثیر رکھتا ہے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اس جگہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ کو دو مرتبہ کہے اور اپنے دلی مقصد کا خیال کرے پھر سورۃ مذکورہ پوری کر لے اور جب لفظ آمین پر پہنچے تو تین ۳ مرتبہ آمین کہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل حل ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی ہوگی پابندی شرط ہے۔

برائے صحتِ کامل و شفائے کلی

سورۃ فاتحہ کو اس ترکیب سے پڑھے اور پھر دعا کرے۔ اقل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو صحت کامل اور شفائے کلی حاصل ہوگی مجرب عمل ہے۔

ترکیب یہ ہے:

بسم اللہ شریف کا آخری لفظ الرَّحِیْمِ کے م کو الحمد کے ساتھ ملا کر پڑھے۔ اس طرح:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

یہ عمل جمعہ کے دن سے شروع کرے تو بہتر ہے اور کچھ صدقہ (کچھ رقم یا کھانا کسی غریب کو دے دے) جمعہ کے دن بعد نماز فجر پڑھے تو بہتر ہے۔ ورنہ جو وقت فرصت ملے پڑھے۔

جمعہ کے دن پہلے دن سورہ فاتحہ (۶۲) باسٹھ بار پڑھے
ہفتہ کے دن دوسرے دن سورۃ فاتحہ (۵۲) باون بار پڑھے
اتوار کے دن تیسرے دن سورۃ فاتحہ (۴۲) بیالیس بار پڑھے
پیر کے دن چوتھے دن سورۃ فاتحہ (۳۲) بتیس بار پڑھے
منگل کے دن پانچویں دن سورۃ فاتحہ (۲۲) بائیس بار پڑھے
بدھ کے دن چھٹے دن سورۃ فاتحہ (۱۲) بارہ بار پڑھے
جمعرات کے دن ساتویں دن سورۃ فاتحہ (۷) سات بار پڑھے

سخت سے سخت مرض سے صحت کیلئے

سخت سے سخت مرض ناسور، گٹھیا، وہم مفاصل، مرگی، دردسر یا کوئی بھی مرض کے لئے نماز فجر کی سنتوں کے بعد فرض سے پہلے اکتالیس بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے الرَّحِیْمِ کے میم کو الحمد کے لام سے ملا کر پڑھنا۔ اس طرح:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

پھر کسی کھانے یا پینے کی چیز پر دم کر کے وہ چیز یا پانی شربت یا عرق وغیرہ مریض کو پلانا نہایت مفید و مجرب ہے۔

برائے قضائے حاجت (مراد پوری ہو)

اگر کوئی حاجت یا ضرورت پیش آئے یا کوئی مشکل کام اٹک جائے یا کوئی عزیز سفر پر گیا اور وہاں سے کامیاب اور خیریت سے لوٹ آئے یا کوئی بیمار ہو اور اس کی صحت کے لئے پریشانی ہو تو سورۃ فاتحہ کو اکتالیس بار درمیان سنت اور فرض فجر کی کے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرورت پوری ہوگی۔

دلی مراد پوری ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی دلی مراد پوری ہو اور جملہ رکاوٹیں دور ہوں اور کامیابی حاصل ہو تو سورۃ فاتحہ کو اس طرح پڑھے کہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے میم کو اَلْحَمْدُ کے لام سے ملا دے اس طریقہ سے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

اور فجر کی سنت اور فرض کے درمیان اس ترکیب سے پڑھے۔ اتوار کے دن سے شروع کرے۔

اتوار کے دن	سورۃ فاتحہ	ستر (۷۰)	بار پڑھے
پیر کے دن	سورۃ فاتحہ	ساٹھ (۶۰)	بار پڑھے
منگل کے دن	سورۃ فاتحہ	پچاس (۵۰)	بار پڑھے
بدھ کے دن	سورۃ فاتحہ	چالیس (۴۰)	بار پڑھے
جمعرات کے دن	سورۃ فاتحہ	تیس (۳۰)	بار پڑھے
جمعہ کے دن	سورۃ فاتحہ	بیس (۲۰)	بار پڑھے

ہفتہ کے دن سورۂ فاتحہ دس (۱۰) بار پڑھے۔

تین ہفتے نہیں گذریں گے کہ خدائے تعالیٰ اس کی مراد پوری کرے گا اگرچہ مراد اس کی پہاڑ کے برابر ہو۔ نہایت مجرب عمل ہے۔

عقیدہ درست ہونے اور نورِ ایمان پیدا ہونے کے لئے

اگر کسی کا عقیدہ دین اسلام کی باتوں پر پکا نہ ہوتا ہو یا دین کی بات میں شک رہتا ہو تو ایسے آدمی کے لئے سورۂ فاتحہ کو باوضو پاک چینی کی طشتری (پلیٹ) میں لکھیں اور پانی سے دھوکر پلایا جائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس کے دل سے شک کا اندھیرا دور ہو جائے گا اور نورِ ایمان سے قلب جگمگا جائے گا۔ مجرب عمل ہے۔

دل کی پریشانی اور دل کا بلنا

اگر کسی پریشانی یا صدمہ کے سبب دل پریشان ہو اور اس کی دھڑکن تیز ہو گئی ہو اور دل کے دورہ کا ڈر ہو تو سورۃ الفاتحہ کو باوضو چینی کی پاک طشتری (پلیٹ) پر لکھے اور بارش کے پانی سے دھوکر پیئے تو اس کی گھبراہٹ اور دل کی بے جا حرکت ختم ہو جائے گی۔ دل میں سکون و آرام پیدا ہوگا۔ گھبراہٹ سے نجات حاصل ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

تنبیہ: اگر بارش کا پانی نہ ملے تو دریا یا نہر یا تالاب یا چشمے کنوں کا پانی لے لے۔ یہ بھی نہ ملے تو نل کا پانی استعمال کرے۔

برائے حافظہ و یادداشت

اگر کسی کا حافظہ کمزور ہو یا بچے کا دماغ پڑھائی میں کام نہ کرتا ہو

یا سبق یاد نہ ہوتا ہو تو باوضو سورۃ الفاتحہ (الحمد شریف) کو زعفران سے چینی کی طشتری پلیٹ میں لکھے اور عرق گلاب سے دھوکر پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچے کا ذہن کھلے گا اور جو پڑھے گا یاد رہے گا۔ کم از کم سات دن پلائے۔

دانتوں کے درد سے نجات کے لئے

سورۃ الفاتحہ (الحمد شریف پوری) پڑھے اور زبان کو گرد اگرد دانتوں کے پھیرائے (یعنی زبان کو سارے دانتوں کے لگائے) اگر روزانہ اس طرح عمل کیا کرے تو انشاءاللہ تعالیٰ تمام عمر دانتوں کے درد سے محفوظ رہے گا۔

کان کے درد کے لئے

اگر سورۃ الفاتحہ (الحمد شریف پوری) کو باوضو چینی کی پاک طشتری پلیٹ میں لکھے اور چنبیلی کے تیل سے دھوکر نیم گرم کان میں ڈالے تو انشاءاللہ تعالیٰ کان کا درد جاتا رہے۔

برص کے مرض سے نجات کے لئے

اگر کسی کو خدانخواستہ برص کا مرض ہو جائے یا نارو یا کوئی اور موذی مرض پیدا ہو جائے تو اس کے لئے مرض کے خاتمہ تک روزانہ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان سورۃ الفاتحہ (الحمد شریف پوری) بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے چالیس مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر موذی مرض سے نجات حاصل ہوگی لیکن شرط یہ ہے کہ روزانہ پابندی کے ساتھ بلا ناغہ پڑھے۔ اگر ناغہ ہو جائے تو از سرِ نو شروع کرے۔

—٭—

ہر مشکل کے حل کے لئے

دینی یا دنیاوی مقصد میں کامیابی اور بڑی سے بڑی مشکل کے حل کے لئے سورۃ الفاتحہ (الحمد شریف مکمل بمعہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم) باوضو ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی اور بڑی سے بڑی مشکل چاہے دین کی ہو یا دنیا کی حل ہو جائے گی۔ مجرب ہے۔

دولت میں ترقی کے لئے

دولت میں ترقی کے لئے ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ الحمد شریف مکمل معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وہ کے بعد نماز عشاء پڑھے نہایت مفید ہے مگر جس وقت صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ پر پہنچے تو اس کے بعد اتنا جملہ تین دفعہ کہے۔

مِثْلَ دَاوٗدَ وَسُلَيْمَانَ وَيُوْسُفَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ

اس کے بعد پھر آخری آیت پڑھے۔

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

اسی طرح سورۃ الفاتحہ ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ پڑھ کر ختم کرے اور دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس دن میں مال میں برکت اور تجارت میں ترقی ہوگی۔

تنبیہ: اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔

اولاد کے لئے

(اگلے صفحہ پر)

اگر کسی شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اور وہ اولاد کے سلسلے میں مایوس ہو چکا ہو تو سورۃ الفاتحہ کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کو دستک دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی گود میں بچے کھیلیں گے۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ سورۃ الفاتحہ مکمل معہ بسم اللہ شریف کے ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ پڑھے۔ اور جہاں آیت صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ کے یہ جملہ تین مرتبہ پڑھے۔

مِثْلَ اِبْرَاهِيْمَ وَيَعْقُوْبَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ

اس کے بعد آخری آیت

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

پڑھ کر سورۃ ختم کرلے اور دعا کرے۔ اس عمل کے اول و آخر میں درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ ضرور پڑھے۔

لڑکا ہونے کے لئے

اسی طرح جس شخص کے لڑکیاں ہی لڑکیاں ہوں اور لڑکا نہ ہوتا ہو تو اس کو سورۃ الفاتحہ ایک سو اکیس مرتبہ پڑھنی ہے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پڑھنے کے دوران جب بھی یہ آیت صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ پڑھنے کے بعد تین دفعہ یہ جملہ کہے۔

مِثْلَ زَكَرِيَّا عَلَيْهِ السَّلَامُ

اس کے بعد آخری آیت

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

پڑھے اور دعا مانگے۔ حصولِ مقصد تک اس کا روزانہ پڑھنا ضروری ہے۔

انشاءاللہ تعالیٰ پڑھنے والا اپنی مراد کو ضرور پہنچے گا۔ یہ عمل نہایت پُرزور اور بااثر ہے۔ پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کی ذات پر مکمل اور مضبوط بھروسہ رکھے اور خلوص نیت سے پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ ضرور کامیاب ہوگا۔

الحمد شریف (سُوْرَۃُ الفَاتِحَۃ) کی زکوٰۃ کا طریقہ

اس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ حاصل گیارہ روزے متواتر (بلاناغہ) رکھے۔ سحری اور افطاری میں جَو کی روٹی کھائے اور روزہ مدینہ طیبہ کی کھجور یا آبِ زمزم سے افطار کرے۔ اس گیارہ دن کے عرصہ میں سُورۃ الفاتحہ بسم اللہ شریف کے ساتھ ایک لاکھ دس ہزار مرتبہ پڑھے۔ اگر دس ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے تو گیارہ دن میں ایک لاکھ دس ہزار مرتبہ ہو جائے گا۔ عمل باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر کرے اور عمل پڑھنے سے قبل گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور اسی طرح عمل ختم کرنے کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

گیارہویں دن جب عمل ختم ہو فوراً مرگی والے یا دیوانہ مجنون پر دم کرے۔ اگر مریض وہاں موجود نہ ہو تو پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مریض فوراً تندرست ہو۔ مرگی، جنون اور سارے لاعلاج امراض کے لئے یہ عمل نہایت مجرب ہے۔

(پارہ ۱) (سورۃ ۲) سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۴۰ آیات ۲۸۶

یہ سُورۃ بے شمار خوبیوں کی مالک ہے۔ آسیب، سحر، جادو، سفلی، جن بھوت سے نجات کے لئے بے نظیر ہے۔ اس کو روزانہ پڑھ کر گھر کے تمام افراد کو پانی پلایا جائے اور بلند آواز سے پڑھنے کی برکت سے جن آسیب اس گھر سے نکل جائیں۔

ہر قسم کی بیماری، جنون، پاگل پن، مرگی، بواسیر، برص، جذام،

سے صحت کے لئے اس کا پڑھنا بے حد اکسیر ہے۔ اگر سُورۃ البقرۃ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے تو انشاءاللہ تعالیٰ جملہ آفات و بلیات سے محفوظ رہے۔

اس کے کل اعداد ۹۴۷۶۰۹ ہیں۔ پانچویں خانہ میں چال ہے اور اس کا مربع نقش ہے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۸۹۴
۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۹۰۶
۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۰۰
۲۳۶۹۰۴	۲۳۶۸۹۹	۲۳۶۸۹۷	۲۳۶۹۰۹

ہر مقصد میں کامیابی

سورۃ البقرۃ سات مرتبہ جس مقصد میں کامیابی کی نیت سے پڑھے گا انشاءاللہ تعالیٰ اس میں کامیاب ہوگا۔

دشمن سے حفاظت کے لئے

اگر کسی شخص کو دشمن سے خوف آتا ہے یا دشمن نقصان پہنچانا چاہتا ہے تو باوضو سورۃ البقرۃ مکمل لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے گلے میں لٹکالے یا دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاءاللہ تعالیٰ کوئی دشمن اس کو نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ مجرب ہے۔

(پارہ ۳) (سورۃ ۳) سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرَانَ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۲۰ آیات ۲۰۰

اس سورۃ کا پڑھنے والا انشاء اللہ تعالیٰ باایمان اٹھے گا اور اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو اس کو اکتالیس دن تک روزانہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ چیز مل جائے گی۔ حفاظتِ حمل کے لئے اس کا پڑھنا مفید ہے۔ اس کو پڑھکر پانی پر دم کرکے مریضہ کو پلائے تو انشاء اللہ تعالیٰ حمل قائم رہے گا۔

دل کی بے جا دھڑکن اور خفقانِ قلب کے لئے بھی اس کا پڑھنا بیحد نافع ہے۔ پڑھنا نہ جانتا ہو تو کسی سے پڑھوا کر پانی پر دم کرا کر رکھ لے اور تھوڑا تھوڑا پیتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔ روزگار اور شادی کے لئے بھی اس کا پڑھنا بے حد مفید ہے۔ قبولیتِ دعا اور بخار کے دفعیہ کے لئے بھی یہ سورۃ بہت نافع ہے۔

اس کا نقش مثلث ہے۔ اس کے کل اعداد ۱۸۴۹۵۶ ہیں اس کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے گلے یا بازو پر باندھے تو انشاء اللہ تعالیٰ کسی کا محتاج نہ رہے گا اور غیب سے روزی کا انتظام ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۱۶۵۵	۶۱۶۴۸	۶۱۶۵۳
۶۱۶۵۰	۶۱۶۵۲	۶۱۶۵۴
۶۱۶۵۱	۶۱۶۵۶	۶۱۶۴۹

پیٹ کی جملہ تکالیف سے آرام

اگر کسی کے پیٹ میں کسی بھی قسم کی تکلیف ہو اور کسی طرح آرام نہ آتا ہو تو سورۃ آلِ عمران تیرہ (۱۳) مرتبہ خود پڑھے یا پڑھوا کر پانی پر دم

کرکے مریض کو پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ پیٹ کے مرض سے صحت حاصل ہوگی۔

(پارہ ۴) (سورۃ ۴) سُوْرَۃُ النِّسَآءِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۲۴ آیات ۱۷۶

اس سورت کی تلاوت سے گناہوں سے چھٹکارا حاصل ہوتا ہے۔ اگر کسی عورت یا مرد زنا میں مبتلا ہوں اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور درمیان میں سات مرتبہ سورۃ النساء پڑھ کر اس کا پانی پلائے اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ نیک صالح ہو جائیں گے۔ اس کے کل اعداد ۹۳۹۲۹۳ ہیں۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے گلے یا بازو پر باندھے تو انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے گناہ اور پریشانی سے محفوظ رہے گا۔ اس کا نقش مربع ہوگا اور چال پانچویں خانہ میں ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۸۴۸۱۵	۲۸۴۸۲۹	۲۸۴۸۲۶	۲۸۴۸۲۳
۲۸۴۸۲۷	۲۸۴۸۲۲	۲۸۴۸۱۹	۲۸۴۸۲۸
۲۸۴۸۲۱	۲۸۴۸۲۴	۲۸۴۸۳۱	۲۸۴۸۱۷
۲۸۴۸۳۰	۲۸۴۸۱۸	۲۸۴۸۲۰	۲۸۴۸۲۵

(پارہ ۶) (سورۃ ۵) سُوْرَۃُ الْمَآئِدَۃِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۱۶ آیات ۱۲۰

یہ سورۃ بہت بابرکت ہے۔ اس کا پڑھنے والا ہمیشہ غیب سے روزی پائے گا اور فقر و فاقہ اور قرض سے محفوظ رہے گا۔ اس کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے گلے یا بازو پر باندھے تو فقر و فاقہ سے محفوظ رہے گا۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۸۴۸۵۴۶ ہیں۔ نقش مبارک یہ ہے۔ نقش مربع ہے۔

۷۸۶

۲۱۲۱۲۹	۲۱۲۱۴۲	۲۱۲۱۳۹	۲۱۲۱۳۶
۲۱۲۱۴۰	۲۱۲۱۳۵	۲۱۲۱۳۰	۲۱۲۱۴۱
۲۱۲۱۳۳	۲۱۲۱۳۴	۲۱۲۱۴۴	۲۱۲۱۳۱
۲۱۲۱۴۳	۲۱۲۱۳۲	۲۱۲۱۳۳	۲۱۲۱۳۸

چوری ڈاکہ سے مال کی حفاظت

جو شخص باوضو سورۃ المائدہ کو ہرن کی کھال (ہرن کی کھال چاندی کا ورق بنانے والوں کے پاس مل جاتی ہے) پر لکھے اور صندوق میں رکھے تو انشاءاللہ اللہ تعالیٰ اس کا مال چوری سے محفوظ ہو جائے گا۔ سفر کے سامان میں رکھ دے تو وہ بھی چوری نہ ہو اور محفوظ رہے۔

فاقہ، بھوک سے نجات اور عزت کے لئے

اگر کوئی شخص باوضو اکتالیس مرتبہ سورۃ المائدہ کو پڑھے تو اس کے گھر والے فاقہ سے محفوظ رہیں اور اس کا پڑھنے والا دنیا کے لوگوں کی نگاہ میں عزیز ہو۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

(پارہ ۶) (سورہ ۵) سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۲۰ آیات ۱۶۵

حاجت کے پورا کرنے اور مشکل کے حل کے واسطے سورۃ الانعام کی تلاوت بہت مفید ہے۔ عزت و منصب حاصل کرنے کے لئے اس کا نقش بہت فائدہ مند ہے۔ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے یا بازو پر باندھے۔ اس کا نقش مربع ہے۔ چال پانچویں خانہ میں ہے۔ کل اعداد ۹۳۵۲۲۹ ہیں۔

نقش یہ ہے:

۷۸۱

۲۳۳۸۳۲	۲۳۳۸۳۵	۲۳۳۸۳۸	۲۳۳۸۳۴
۲۳۳۸۳۴	۲۳۳۸۲۵	۲۳۳۸۳۱	۲۳۳۸۳۶
۲۳۳۸۲۷	۲۳۳۸۴۰	۲۳۳۸۳۳	۲۳۳۸۳۰
۲۳۳۸۲۶	۲۳۳۸۲۹	۲۳۳۸۲۷	۲۳۳۸۳۹

سر مقصد میں کامیابی کے لئے

جو شخص سورۃ الانعام کو باوضو اکتالیس مرتبہ پڑھے تو انشاءاللہ تعالیٰ ہر مشکل حل ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

دشمنوں پر کامیابی کے لئے

دشمن کے دفع کرنے کی نیت سے سورۃ الانعام کو تین مرتبہ پڑھنا نہایت اکسیر ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوگا۔

جانور کی حفاظت کے لئے

اگر کوئی باوضو سورۃ الانعام کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے گھوڑے، اونٹ، گائے، بکری یا دوسرے جانوروں کے باندھے تو جانور تمام بیماریوں سے محفوظ رہے انشاءاللہ تعالیٰ۔

(پارہ ۹) (سورہ ۷) سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۲۴ آیات ۲۰۶

جملہ مصائب و آفات سے حفاظت کے لئے اس کا پڑھنا بہت مفید ہے۔ اگر جابر و ظالم حکمران کے سامنے جانا ہو تو تین بار یہ سورۃ مبارکہ پڑھ کر جائے تو حکمران ظلم سے باز رہے اور رحمدلی سے پیش آئے اس سورۃ کا نقش مربع ہے اس کی چال نویں خانہ میں ہے۔ جو شخص اس نقش کو باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے یا اپنے داہنے بازو پر باندھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے امن و امان سے رہے اور کسی قسم کا نقصان اسے نہ پہنچے۔ نیز جادو، فالج، لقوہ کے اثر سے محفوظ رکھنے میں یہ سورۃ پُر تاثیر ہے۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۲۵۳۵۹۲ ہیں۔ نقش مربع ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۳۳۹۷	۶۳۴۰۱	۶۳۴۰۴	۶۳۳۹۰
۶۳۴۰۳	۶۳۳۹۱	۶۳۳۹۶	۶۳۴۰۲
۶۳۳۹۲	۶۳۴۰۶	۶۳۳۹۹	۶۳۳۹۵
۶۳۴۰۰	۶۳۳۹۴	۶۳۳۹۳	۶۳۴۰۵

آنکھ کی تکلیف اور زخم سے آرام کیلئے

اگر کوئی شخص بادھنو عرق گلاب اور زعفران سے سورۃ الاعراف کو پاک کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے وہ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھ کی تکلیف اور آنکھ کے زخم سے صحتیاب ہوگا۔

موذی جانور کے کاٹنے سے حفاظت، دشمن سے حفاظت

جو کوئی شخص بادھنو سورۃ الاعراف کو گلاب و زعفران سے لکھے اور موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھے تو انشاء اللہ تعالیٰ موذی جانور کے کاٹنے سے محفوظ رہے گا، دشمن سے بھی حفاظت رہے گی اور راستہ بھولنے سے بھی محفوظ رہے گا۔

خوف سے امن اور جان کی صحت کے لئے

جو شخص سورۃ اعراف تین مرتبہ پڑھے وہ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے خوف سے امن میں ہوگا اور اس کی صحت قائم رہے گی۔

(پارہ ۹) (سورۃ ۸) سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ مَدَنِيَّةٌ رکوع ۱۰ آیات ۷۵

ہر حاجت کے واسطے سورۃ الانفال کا پڑھنا بہت مفید ہے۔ اگر کوئی ناحق قید ہو گیا ہو تو اس کی روزانہ تلاوت سے وہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رہا ہو جائے۔ نیز اس کا پڑھنے والا ہمیشہ کامیاب رہے، عزت حاصل ہو، دشمنوں پر ہیبت طاری ہو۔ اس کا نقش مربع ہے۔ اس نقش کو بادھنو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے یا گلے میں ڈالے یا بازو پر باندھے تو اس کی برکت سے ہر مشکل آسان ہوگی۔ اس کے کُل اعداد ۴۱۲۳۷۵ ہیں۔ چال تیرھویں خانہ میں ہے۔ یعنی تیرھویں خانہ میں ایک عدد مزید بڑھا دے۔ نقش مربع ہے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۱۰۳۰۹۳	۱۰۳۰۹۶	۱۰۳۱۰۰	۱۰۳۰۸۶
۱۰۳۰۹۹	۱۰۳۰۸۷	۱۰۳۰۹۲	۱۰۳۰۹۷
۱۰۳۰۸۸	۱۰۳۱۰۲	۱۰۳۰۹۳	۱۰۳۰۹۱
۱۰۳۰۹۵	۱۰۳۰۹۰	۱۰۳۰۸۹	۱۰۳۱۰۱

حاکم کے مہربان ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص حاکم یا عدالت یا کسی ظالم کے پاس جانا چاہے اور پریشان ہو تو اس کو چاہیئے کہ سورۃ الانفال لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم اس کے ساتھ نرمی سے پیش آئے گا۔

جیل سے رہائی اور دشمنوں سے حفاظت کیلئے

جو کوئی شخص قید ہو گیا ہو یا دشمنوں کے نقصان پہنچانے کا اندیشہ

ہو تو باوضو ایک بیٹھک میں سورۃ الانفال کو سات مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جیل سے رہائی حاصل ہوگی اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

(پارہ ۱۰) (سورۃ ۹) سُوْرَۃُ التَّوْبَۃِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۱۶ آیات ۱۲۹

ظالم حاکم کو رحمدل بنانے کے لئے اس سورت کی کثرت سے تلاوت بہت مفید ہے۔ اس سورۃ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈال لے یا دائیں بازو پر باندھ لے اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہر جگہ عزت حاصل ہوگی۔ ظالم حاکم نرم ہوگا جہاں جائے اس کی ہیبت قائم ہو۔ اس کا نقش گھر میں لگائے تو گھر چوری ڈاکہ سے محفوظ ہو جائے۔ اس کا نقش مربع ہے۔ اس کے کل اعداد ۷۰۳۶۱۵ ہیں۔ اور چال تیرھویں خانہ میں ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۵۸۹۶	۱۷۵۹۱۰	۱۷۵۹۰۶	۱۷۵۹۰۳
۱۷۵۹۰۷	۱۷۵۹۰۲	۱۷۵۸۹۷	۱۷۵۹۰۹
۱۷۵۹۰۱	۱۷۵۹۰۴	۱۷۵۹۱۲	۱۷۵۸۹۸
۱۷۵۹۱۱	۱۷۵۸۹۹	۱۷۵۹۰۰	۱۷۵۹۰۵

ہر مشکل مہم اور افسران کے سامنے جانے کے لئے

جس شخص کو سخت مشکل درپیش ہو یا کسی افسر کے سامنے پیشی ہو تو سورۃ التوبہ گیارہ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

(پارہ ۱۱) (سورۃ ۱۰) سُوْرَۃُ یُوْنُسَ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱۱ آیات ۱۰۹

دشمن پر فتح پانے اور غلبہ حاصل کرنے کے لئے سورۃ یونس کی تلاوت بہت اکسیر ہے۔ اس کی کثرت سے تلاوت آدمی کو فتح و ظفر سے ہمکنار کرتی ہے۔

ہر مشکل کے لئے اس کی تلاوت اس مشکل کو آسان بنا دیتی ہے۔ اس سورۃ کا نقش مربع ہے۔ اس کے کل اعداد ۵۵۰۱۰۸ ہیں اور چال نویں خانہ میں ہے۔ اس سورۃ کا نقش باوضو لکھ کر اور موم جامہ کر کے جو شخص اپنے گلے یا بازو پر باندھے وہ ہر قسم کے ظلم و زیادتی سے محفوظ رہے اور حاکم اس پر مہربان ہو۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۳۷۵۱۹	۱۳۷۵۲۳	۱۳۷۵۳۰	۱۳۷۵۲۶
۱۳۷۵۳۱	۱۳۷۵۲۵	۱۳۷۵۲۰	۱۳۷۵۳۲
۱۳۷۵۲۴	۱۳۷۵۲۸	۱۳۷۵۲۵	۱۳۷۵۲۱
۱۳۷۵۳۴	۱۳۷۵۲۲	۱۳۷۵۲۳	۱۳۷۵۲۹

مشکلات کے حل کے لئے

سورۃ یونس کو دو مرتبہ باوضو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جملہ مشکلات حل ہوں گی۔ مجرب ہے۔

(پارہ ۱۱) (سورۃ ۱۱) سُوْرَۃُ ھُوْدٍ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱۰ آیات ۱۲۳

ہر مشکل گھڑی میں سورۃ ھود کی تلاوت بہت فائدہ مند ہے۔ اس کے پڑھنے سے دشمن مغلوب رہتا ہے۔ اگر کوئی شخص باوضو اس سورۃ پاک کا نقش لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھے یا دائیں بازو پر باندھ لے تو ہر طرح کے خوف و ڈر سے آزاد ہو جائے گا اور دشمن پر غلبہ حاصل ہوگا۔ اس کے کل اعداد ۵۱۲۰۱۱ ہیں اور چال پانچویں خانہ میں ہے۔

نقش مربع ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۸۶۹۵	۱۲۸۶۹۸	۱۲۸۷۰۱	۱۲۸۶۸۷
۱۲۸۷۰۰	۱۲۸۶۸۸	۱۲۸۶۹۴	۱۲۸۶۹۹
۱۲۸۶۸۹	۱۲۸۷۰۳	۱۲۸۷۹۶	۱۲۸۶۹۳
۱۲۸۶۹۷	۱۲۸۶۹۲	۱۲۸۶۹۰	۱۲۸۷۰۲

جملہ مُہمات میں کامیابی کے لئے

جملہ مہمات میں کامیابی کے لئے ایک مرتبہ باوضو سُورۂ صود کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

(پارہ ۱۲) (سورۃ ۱۱) سُوْرَۃُ یُوْسُفَ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱۲ آیات ۱۱۱

ہر قسم کی حاجت برآری اور ضرورت کے لئے سورۃ یوسف کی تلاوت بہت اہم ہے۔ اگر کوئی شخص اپنے عہدے سے معزول ہو گیا ہو یا نوکری سے نکال دیا گیا ہو تو اس کی کثرت سے تلاوت کرے انشاء اللہ تعالیٰ واپس اپنے عہدے پر بحال ہوگا۔ اگر غریب و نادار ہو تو اس کی تلاوت کرنے سے بحکم خدا غنی اور مالدار ہو جائے گا۔ اس کے کل اعداد ۵۰۳۹۸۰ ہیں اور چال نویں خانہ ہے۔ اس سُورۃ مبارکہ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے یا دائیں بازو میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے باندھنے سے منصب و عہدہ میں ترقی ہوگی اور دنیا میں عزت کی نگاہ سے دیکھا جائیگا۔ نقش مربع ہے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۲۵۹۹۴	۱۲۵۹۹۸	۱۲۶۰۰۱	۱۲۵۹۸۷
۱۲۶۰۰۰	۱۲۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۳	۱۲۵۹۹۹
۱۲۵۹۸۹	۱۲۶۰۰۳	۱۲۵۹۹۶	۱۲۵۹۹۲
۱۲۵۹۹۷	۱۲۵۹۹۱	۱۲۵۹۹۰	۱۲۶۰۰۲

جملہ مہمات میں کامیابی کے لئے

جملہ مہمات میں کامیابی کے لئے روزانہ سورۃ یوسف ایک بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی

قرآن پاک حفظ کرنے کے لئے

جو شخص قرآن پاک حفظ کرنا چاہتا ہے تو سب سے پہلے سورۃ یوسف حفظ کرے انشاء اللہ تعالیٰ قرآن پاک بآسانی حفظ ہوگا۔

(پارہ ۱۳) (سورۃ ۱۳) سُوْرَۃُ الرَّعْدِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۶ آیات ۴۳

اگر بچہ کثرت سے روتا ہے تو اس پر پڑھ کر دم کرنے سے بچہ ہشاش بشاش رہے اس کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص آسیب و جن کے اثر سے محفوظ رہے گا اور ظالم حاکم کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اس کا نقش مثلث ہے۔ اس سورہ کے اعداد ۲۴۴۶۹۲ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۱۵۶۵	۸۱۵۶۰	۸۱۵۶۷
۸۱۵۶۶	۸۱۵۶۴	۸۱۵۶۲
۸۱۵۶۱	۸۱۵۶۸	۸۱۵۶۳

جیل سے رہائی اور بچہ کا رونا موقوف

جیل خانہ سے رہائی کے لئے باوضو مغرب اور عشاء کے درمیان اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھے۔ اور اگر بچہ روتا ہو تو تین ۳ مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کرے۔ مجرب ہے۔

(پارہ ۱۳) (سورۃ ۱۴) سُوْرَۃُ اِبْرٰهِيْمَ مَكِّيَّةٌ رکوع ۷، آیات ۵۲

یہ سورۃ سحر سے نجات کے لئے بہت مفید ہے۔ اگر کسی شخص کی قوتِ مردمی سحر کے ذریعہ باندھ دی گئی ہو تو روزانہ تین مرتبہ سورۃ ابراہیم کی تلاوت کرنے سے سحر باطل ہوگا اور اصلی قوت مردمی بحال ہو جائے گی۔ ان اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ مرد اپنی اصلی حالت پر آجائے گا۔

اس سورۃ کا نقش بچہ کے رونے، نظر بد سے نجات اور حصولِ دودھ کے لئے بہت مفید ہے۔ اس کا نقش بادھنو لکھے اور بچہ کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر قسم کی نظر بد، بیماری اور رونے سے محفوظ رہے گا۔ اس کا نقش مربع ہوگا۔ اس کے کل اعداد ۲۴۵۸۱۸ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۱۴۵۴	۶۱۴۵۷	۶۱۴۶۰	۶۱۴۳۷
۶۱۴۵۹	۶۱۴۴۸	۶۱۴۵۳	۶۱۴۵۸
۶۱۴۴۹	۶۱۴۶۲	۶۱۴۵۵	۶۱۴۵۲
۶۱۴۵۶	۶۱۴۵۱	۶۱۴۵۰	۶۱۴۶۱

دُشمنی دُور کرنے کے لئے

جو شخص سورۃ ابراہیم کو سات مرتبہ پڑھے گا تو اس کے دشمن ذلیل ہوں گے اور دشمنوں سے نجات حاصل ہوگی۔

(پارہ ۱۴) (سورۃ ۱۵) سُوْرَۃُ الْحِجْرِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۶ آیات ۹۹

اگر کوئی شخص سورۃ حجر کو زعفران کے پانی سے باوضو لکھے اور اک پانی سے دھو کر عورت کو پلائے تو بحکم خدا اس کا دودھ بہت زیادہ ہو۔

جب کوئی چیز خریدے یا فروخت کرے اگر اس پر سورۃ حجر پڑھ کر

دم کر دے تو اس مال میں برکت ہوگی۔ اگر اس سورۃ کا نقش زعفران سے لکھ کر اپنے مال و متاع میں رکھ دے تو انشاء اللہ تعالیٰ جملہ مال چوری سے محفوظ ہو جائے گا اور چور اسے چرا نہ سکے گا۔

اس کا نقش اعداد کے حساب سے بھرا جائے سب سے پہلے پہلا خانہ جس میں ایک عدد لکھا ہے پھر دوسرا خانہ جس میں ۲ کا عدد لکھا ہے اسی طرح جملہ خانے بھریں۔ ایک سے لے کر ۹ تک کے اعداد کا نقش سے کوئی تعلق نہیں یہ صرف نقش بھرنے کی چال بتانے کے لئے ہیں۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۱۷۶۷۰۱ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸ ۵۸۹۰۶	۱ ۵۸۸۹۹	۶ ۵۸۹۰۴
۳ ۵۸۹۰۱	۵ ۵۸۹۰۳	۷ ۵۸۹۰۵
۴ ۵۸۹۰۲	۹ ۵۸۹۰۷	۲ ۵۸۹۰۰

خرید و فروخت میں برکت

جو کوئی شخص خرید و فروخت کرنے سے قبل تین مرتبہ سورۃ الحجر پڑھے تو ہر ایک چیز میں برکت و نفع ہو۔ نقصان سے محفوظ رہے۔

(پارہ ۱۴) (سورۃ ۱۶) سُوْرَۃُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱۶ آیات ۱۲۸

اگر کسی شخص کے دشمن اسے جان سے مارنا چاہتے ہوں اور اسے ہلاکت کا خوف ہو تو سورۃ نحل کو ایک بیٹھک میں ایک آدمی یا کئی آدمی ایک تنو پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن اس کے فرماں بردار ہوں گے اگر اطاعت نہ کی تو پریشان اور ذلیل و خوار ہوں گے۔

اگر کوئی شخص اس سُورۃ کا نقش اپنے پاس باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے یا دائیں بازو پر باندھ لے تو دشمن اس کا ذلیل ہو اور دشمن اس پر قابو نہ پا سکے۔

اس سُورۃ کے کل اعداد ۵۲۰۱۸۸ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۴۴۱

۱۷۳۳۹۹	۱۷۳۳۹۲	۱۷۳۳۹۷
۱۷۳۳۹۴	۱۷۳۳۹۶	۱۷۳۳۹۸
۱۷۳۳۹۵	۱۷۳۴۰۰	۱۷۳۳۹۳

دشمنوں میں تفرقہ ڈالنے کے لئے

اگر کسی کے دشمن جتھا بنا کر اور ایک جگہ ہو کر نقصان پہنچانا چاہتے ہوں تو سورۃ النحل کو تین مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن منتشر ہو جائیں گے۔

(پارہ ۱۵) (سورۃ ۱۷) سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مَکِّیَّةٌ رکوع ۱۲ آیات ۱۱۱

سورۃ بنی اسرائیل کا روزانہ باوضو تین مرتبہ پڑھنا، دو جہان کی ترقی، کامیابی، ترقی مراتب و عزت اور سارے جہاں کی مشکلیں حل کرنے کے لئے نہایت مجرب اور مفید ہے۔

حاجت روائی کے لئے

جب کوئی حاجت پیش آئے تو سات بار سورۃ بنی اسرائیل پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔ جب تک حاجت پوری نہ ہو برابر پڑھتا رہے ناغہ نہ کرے اور نہ بددل ہو کر چھوڑے، انشاء اللہ تعالیٰ یقیناً کامیابی ہوگی۔

قیدی کی رہائی کے لئے

سورۃ بنی اسرائیل کو قیدی کی رہائی کے لئے روزانہ باوضو دس بار پڑھے ناغہ نہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ قیدی جلد ہی قید سے رہا ہوگا۔

حاسدوں اور دشمنوں کی شرارت سے حفاظت

دشمنی اور حسد کرنے والوں کی غیبت اور بدگوئی سے حفاظت کے لئے روزانہ باوضو دس بار پڑھنا بہت مجرب ہے۔ اس کا پڑھنے والا دشمنوں اور حاسدوں کی دشمنی اور شرارت سے محفوظ رہتا ہے اور دشمن اور حاسد ناکام رہتے ہیں۔

بچے کی زبان سے لکنت دور کرنا

اگر کسی بچے کی زبان میں لکنت ہے اور وہ بات کرنے میں اٹکتا ہے یا بات کرتے وقت اس کی زبان پھرتی ہے تو عرق گلاب میں زعفران کو حل کر کے پاک کاغذ پر سورۃ بنی اسرائیل کو لکھے اور پانی سے گھول کر روزانہ بچے کو پلائے تو کچھ عرصہ کے بعد اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بچے کی زبان کی لکنت ختم ہو جائیگی۔

شکار یا دشمن پر یقینی حملہ

اگر کوئی شخص سبز کپڑے پر باوضو سورۃ بنی اسرائیل کو تحریر کرے اور کمان کے قبضے پر باندھے یا بندوق یا پستول کی نال پر باندھے تو انشاء اللہ تعالیٰ نشانہ ٹھیک لگے گا کبھی خطا نہ ہوگا۔

کُند ذہن بچے کا ذہن کھولنا

اگر لڑکا یا لڑکی کند ذہن ہو اور سبق یاد نہ ہوتا ہو یا یاد کر کے بھول جاتا

ہو تو سورۃ بنی اسرائیل کو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران کو حل کر کے اس سے بلوری سورۃ لکھے اور پانی میں گھول کر روزانہ بچے کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا ذہن کھل جائے گا اور حافظہ بحال ہو جائے گا۔ جو پڑھے گا یاد رہے گا۔ مجرب ہے۔

دشمن کی شرارت سے حفاظت

اگر دشمن زبان دراز ہو اور اپنی شرارتوں سے باز نہ آتا ہو تو باوضو سورۃ بنی اسرائیل کا نقش لکھے اور موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بند ہو جائے گی اور وہ اپنی شرارتوں سے باز آجائے گا۔ کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

اس سورۃ مبارکہ کے کل اعداد ۳۸۹۱۳ ہیں اور چار خانہ پنجم میں ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۶۵۳	۹۶۵۶	۹۶۵۹	۹۶۴۵
۹۶۵۸	۹۶۴۶	۹۶۵۲	۹۶۵۷
۹۶۴۷	۹۶۶۱	۹۶۵۴	۹۶۵۱
۹۶۵۵	۹۶۵۰	۹۶۴۸	۹۶۶۰

(پارہ ۱۵) (سورۃ بنی اسرائیل) سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱۲ آیات ۱۱۰

سورۃ کہف کا جمعہ کے دن پڑھنا زمین سے آسمان تک نور پیدا کرتا ہے اور آٹھ دن تک وہ نور برابر قائم رہتا ہے پھر اس کے پڑھنے والے کو یہ سارا نور قبر اور حشر کے بعد قیامت میں دیا جائے گا۔ اس سورت کا روزانہ تلاوت کرنا ایمان کی قوت کو زیادہ کرتا ہے اور ایمان میں ترقی بخشتا ہے۔

شیطان اور چور سے حفاظت

جس مکان میں سورۃ کہف پڑھی جائے گی اس مکان میں کوئی شیطان یا چور داخل نہ ہو سکے گا اور نہ اس گھر والوں کو کوئی نقصان پہنچا سکے گا۔

وقت مقررہ پر جاگ اٹھنا

اگر کسی شخص کو رات کے وقت جاگنا منظور ہو اور کوئی جگانے والا نہ ہو اور خود بھی اٹھنے کی امید نہ ہو تو وہ شخص نمازِ عشاء کے بعد سورۃ کہف پڑھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جس وقت اٹھنے کا ارادہ کرے گا بحکم خدا اسی وقت آنکھ کھل جائے گی مجرب عمل ہے۔

قرض سے نجات

جو شخص قرض میں گرفتار ہو اور قرض اترنا مشکل ہو گیا ہو تو بعد نمازِ جمعہ سورۃ کہف سات بار پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے پوری توجہ و یکسوئی کے ساتھ دعائیں مانگا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا قرضہ اتر جائے گا۔

طاعون، برص، جذام، فتنۂ دجال سے حفاظت

اگر کوئی شخص باوضو روزانہ سورۃ کہف کی تلاوت کرتا رہے تو وہ شخص اور وہ گھر اور اس کے جار ہنے والے طاعون، برص، جذام اور فتنۂ دجال سے بحکم خدا تعالیٰ محفوظ رہیں گے۔

دشمن سے حفاظت

اگر کوئی شخص اس سورۃ کے اعداد کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے

اپنے گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا اور ہر قسم کے دشمن سے کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔ اور دشمن اس کی غیبت چغلی اور بدگوئی نہ کر سکے گا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہ دشمن کے ہر حملے سے امن میں رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۵۰۵۱۷ ہیں اور حال خانۂ جسم میں ہے نقش یہ ہے۔

۱۳۸

۱۲۶۳۷۹	۱۲۶۳۸۲	۱۲۶۳۸۵	۱۲۶۳۷۱
۱۲۶۳۸۴	۱۲۶۳۷۲	۱۲۶۳۷۸	۱۲۶۳۸۳
ایک پاک و صاف نیلے رنگ کا دھاگہ لے لیں۔ باوضو پہلے تین بار درود شریف پڑھ کر اس دھاگے پر پھونکیں۔ پھر سورۃ رحمٰن کا عمل اس طرح کریں کہ سورۃ رحمٰن پڑھنا شروع کریں جب فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پڑھیں تو دھاگہ پر ایک گرہ دے کر دم کر دیں۔ ایسے ہی جب یہ آیت آئے تو دھاگہ پر گرہ دے کر دم کرتے جائیں۔ سورۃ رحمٰن میں یہ آیت اکتیس (۳۱) مرتبہ آئے گی لہٰذا دھاگے پر

اکتیس۳۱ مرتبہ لکھیں گی۔

خسرہ اور چیچک سے حفاظت کا دوسرا عمل

جب خسرہ یا چیچک کی وبا پھیل رہی ہو تو اس سے حفاظت کے لیے سونگ پر سورۃ الرحمٰن تین۳ بار باوضو پڑھ کر دم کریں۔ ان سونگوں میں سے تین۳، پانچ۵ یا سات۷ سونگ لے کر رسّے میں ڈال کر پانی سے نگل لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ خسرہ اور چیچک سے حفاظت رہے گی۔

خفقان (دل کا دھڑکنا اور ہولِ دل)

اگر کسی کا دل تیزی سے دھڑکتا ہو یا ہولِ دل کا مرض ہو تو پوری سورۃ الرحمٰن کو باوضو پڑھ کر پانی پر تین۳ بار پھونک مارے (دم کرے) اور مسلسل (لگاتار) ایک ہفتہ تک پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد فائدہ ہوگا۔

آسیب زدہ (جس کو جن بھوت لپٹ گیا ہو) کے لئے

ایک سفید دھاگہ سات تار کا جو پونے دو گز لمبا ہو باوضو ہاتھ میں لے کر گیارہ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دھاگے پر دم کرے اور پھر سورۃ الرحمٰن پڑھنا شروع کرے جس وقت آیت فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ۝ آئے دھاگے پر گرہ لگاتا جائے۔ اور پھونک مارتا جائے (دم کرے) آخر میں گیارہ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کرے۔

یہ گنڈہ آسیب زدہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو صحت حاصل ہوگی اور آسیب کا اثر جاتا رہے گا۔

آنکھ کی تکلیف کے لئے

جس کی آنکھیں دکھتی ہوں اس کے گلے میں اوپر والی ترکیب سے گنڈہ تیار کر کے ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کو جلد شفاء حاصل ہوگی۔

سورۃ الرحمٰن کی زکوٰۃ کا طریقہ

سورۃ الرحمٰن کی زکوٰۃ کی ترکیب یہ ہے کہ زکوٰۃ دینے والا سات دن تک متواتر (لگاتار) روزے رکھے۔ مسجد میں اعتکاف کرے اور ایک سو اکاون۱۵۱ مرتبہ روزانہ سورۃ الرحمٰن باوضو پڑھے۔ اس کے بعد تین۳ مرتبہ روزانہ صبح کی نماز کے بعد ہمیشہ اس سورت کو پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عمل قبضہ میں رہے۔ زکوٰۃ کے بعد اس کا عمل کرنے میں بہت تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔ رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں بآسانی زکوٰۃ دی جا سکتی ہے۔

دلی مقصد میں کامیابی کیلئے

اگر کوئی شخص اپنے دلی مقاصد میں کامیابی حاصل کرنا چاہتا ہو تو سورۃ الرحمٰن کو باوضو گیارہ۱۱ بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دلی مقاصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

تلی (طحال) بڑھ جانا

اگر کسی کو طحال کا مرض ہو تو اس کو چاہیئے کہ باوضو سورۃ الرحمٰن لکھ کر پانی میں گھول کر پیئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تلی کے مرض سے نجات حاصل ہو۔

موذی (تکلیف پہنچانے والے) جانور کے بھگانے کے لئے

اگر کسی جگہ موذی جانور ہوں تو باوضو سورۃ الرحمٰن ایک سفید کاغذ پر لکھے اور اس کو پانی میں گھول کر وہ پانی مکان کی دیواروں پر چھڑکے۔ انشاءاللہ تعالیٰ تمام موذی جانور بھاگ جائیں گے۔

برائے حاجت پورا ہونے کے

سورۃ الرحمٰن کا نقش باوضو لکھ کر بہہ جاری کے نلکے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھے انشاءاللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔

اس کے کل اعداد ۱۲۱۶۱۴ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۳۰۳۹۹	۳۰۴۰۹	۳۰۴۰۶	۳۰۴۰۳
۳۰۴۰۷	۳۰۴۰۲	۳۰۳۹۷	۳۰۴۰۸
۳۰۴۰۱	۳۰۴۰۴	۳۰۴۱۱	۳۰۳۹۸
۳۰۴۱۰	۳۰۳۹۹	۳۰۴۰۰	۳۰۴۰۵

(پارہ ۲۷) (سورۃ ۵۶) سُوْرَۃُ الْوَاقِعَۃِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۳ آیات ۹۶

فاقہ سے نجات

اگر کوئی شخص فاقوں سے تنگ ہو اور گھر میں اکثر فاقہ رہتا ہو تو روزانہ صبح کی سنتوں میں سورۃ واقعہ پڑھتا رہے تو فاقہ سے نجات حاصل ہوگی اور عیش سے زندگی بسر کرے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ

فقر و فاقہ کا خاتمہ

جو شخص شب جمعہ میں ہمیشہ باوضو سورۃ واقعہ ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے وہ انشاءاللہ تعالیٰ فقر و فاقہ سے محفوظ رہے گا۔

استسقاء۔ جلندھر۔ پیٹ پانی

ایسے مریض کو جو جلندھر، پیٹ پانی کے مرض میں مبتلا ہو تین ۳ بار سورۃ واقعہ باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے سات روز تک مسلسل مریض کو پلائیں انشاءاللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا۔

طلب بارش کے لئے

جب ہر طرف بارش کی ضرورت ہو اور بارش نہ ہوتی ہو تو سات مرتبہ روزانہ سورۃ واقعہ باوضو پابندی کے ساتھ پڑھی جائے انشاءاللہ تعالیٰ بارش ہوگی اور خشک سالی ختم ہو جائے گا۔

بارش روکنا

اگر پانی کی کثرت سے سیلاب آگیا ہو اور بارش نہ رکتی ہو تو سورۃ واقعہ روزانہ باوضو پانچ مرتبہ پابندی کے ساتھ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ بارش تھم جائے گی اور آسمان صاف ہو جائے گا۔

باغ میں پھلوں کی کثرت اور تمام آفات سے حفاظت

اگر کوئی شخص باوضو سورۃ واقعہ کو کاغذ پر زعفران سے لکھ کر باغ کے

کسی درخت پر لٹکا دے، تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے باغ میں خوب پھل آئیں گے اور باغ ہر قسم کی ارضی وسماوی آفات سے محفوظ رہے۔

فاقہ کشی سے نجات

اگر کوئی شخص سورۂ واقعہ کو باوضو ایک ہی نشست میں اکتالیس (۴۱) بار پڑھے تو فاقہ کی تکلیف نہ ہو اور اس گھر سے فاقہ ہمیشہ کے لئے رخصت ہو جائے اور رزق بہت ملے۔

حصولِ غنا کا عمل

ظاہری و باطنی غنا حاصل کرنے کے لئے جمعہ کے روز سے سات روز تک متواتر ہر نماز کے بعد پچیس (۲۵) مرتبہ سورۂ واقعہ پڑھے (مثلاً جمعہ کے دن فجر کی نماز کے بعد ۲۵ پچیس مرتبہ پڑھے پھر ظہر کی نماز کے بعد پچیس ۲۵ مرتبہ پڑھے، جب جمعہ کی رات (جمعرات کا دن گذرنے کے بعد آنے والی رات) آئے تو اس سورہ کو بعد نمازِ مغرب پچیس ۲۵ بار پڑھے پھر نمازِ عشاء کے بعد پچیس مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد سو مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غنائے ظاہری و باطنی حاصل ہوگا اور جس مقصد کے لئے پڑھے گا کامیاب ہوگا۔

محتاجگی دور کرنے کے لئے

ہر قسم کی محتاجگی دور کرنے کے لئے سورۂ واقعہ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے داہنے بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ محتاجگی دور ہوگی۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۱۰۲۹۶۵ ہیں اور نقش یہ ہے اور چال خانۂ پنجسم تک ہے۔

۷۸۶

۲۵۷۴۱	۲۵۷۴۴	۲۵۷۴۷	۲۵۷۳۳
۲۵۷۴۶	۲۵۷۳۴	۲۵۷۴۰	۲۵۷۴۵
۲۵۷۳۵	۲۵۷۴۹	۲۵۷۴۲	۲۵۷۳۹
۲۵۷۴۳	۲۵۷۳۸	۲۵۷۳۶	۲۵۷۴۸

(پارہ ۲۷) (سورۃ ۵۷) سُوْرَۃُ الْحَدِیْدِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۴ آیات ۲۹

مقدمہ میں کامیابی کے لئے

سورۃ الحدید کو کمزور مقدمہ میں سات ہزار مرتبہ ناغہ نہ پڑھنا کمزور مقدمہ کو زور دار، ہارے ہوئے مقدمہ کو جتواتا ہے۔ جس قدر ضرورت مند پڑھے گا اسی قدر جلد کام ہوگا۔

میدانِ جنگ میں حفاظت کیلئے

اگر کوئی شخص باوضو سورۂ حدید لکھے اور موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھے اللہ کے فضل وکرم سے جنگ کے دوران ہر قسم کے نقصان، زخم اور چوٹ سے محفوظ رہے گا۔ اسی طرح اگر کسی آدمی کو جنگ کے میدان میں زخم آجائیں تو سورۂ حدید باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر وہ پانی زخموں پر لگائے انشاء اللہ تعالیٰ زخم جلد ہی اچھے ہو جائیں گے۔

ہر کام میں آسانی پیدا ہو

اگر کام میں کسی قسم کی رکاوٹ یا مشکل پیش آئے تو سورۂ حدید ۳ تین مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کام آسانی اور راحت کے ساتھ انجام پائے گا۔

بیماری سے شفاء کے لئے

بیمار کے بیماری سے شفاء کے لئے سات بار سورۃ حدید باوضو پڑھے اور مریض پر دم کرے اور پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا۔

دشمن سے حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص دشمنوں کے ہاتھوں تنگ ہو تو اس کے لئے روزانہ سات مرتبہ باوضو سورۃ حدید پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

دشمنی کو دوستی میں بدلنا

اگر کوئی شخص چاہے کہ دشمن کی دشمنی دوستی میں بدل جائے سورۃ حدید کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمنی دوستی میں بدل جائے گی۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۱۹۸۹۲۴ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۶۶۳۱۱	۶۶۳۰۴	۶۶۳۰۹
۶۶۳۰۶	۶۶۳۰۸	۶۶۳۱۰
۶۶۳۰۷	۶۶۳۱۲	۶۶۳۰۵

(پارہ ۲۸) (سورۃ ۵۸) سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ مَدَنِيَّةٌ رکوع ۳ آیات ۲۲

مایوس العلاج مریض کی شفایابی کے لئے

(اگلے صفحہ پر)

ایسا مریض جس کے علاج سے اہل خانہ مایوس ہو چکے ہوں۔ اس کے لئے بعد نماز عصر باوضو سورۃ مجادلہ تین بار پڑھ کر اور ہر مرتبہ مریض پر پھونکیں۔ یہ عمل سوا چالیس روز تک عمل میں لائیں۔

ف: یہ عمل حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ سابق شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند کے تجربہ میں ہے اور الحمدللہ متعدد مایوس العلاج حضرات شفاء یاب ہوئے ہیں۔

کیڑے سے غلہ کی حفاظت

سورۃ مجادلہ کسی کاغذ پر باوضو لکھ کر غلہ میں وہ کاغذ لپیٹ کر رکھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس غلہ کو کیڑے وغیرہ نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔

خنازیر، کنٹھ، ہنجیر

خنازیر، کنٹھ، اور ہنجیر کے لئے بعد نماز عصر سورۃ مجادلہ کل تین بار باوضو پڑھ کر موم جامہ کرکے گلے میں ڈال لیں انشاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہوگی۔

دشمن سے حفاظت کے لئے

سورۃ مجادلہ کو باوضو تین بار پڑھ کر خاک (مٹی) پر دم کرے اور وہ خاک اس طرف اچھال دے جس طرف دشمن ہوں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں کی ہمت اور ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

دشوار کام میں آسانی اور مشکل مہم کے حل کے لئے

اگر کوئی کام مشکل ہو یا کوئی سخت مہم پیش آگئی ہو تو اس کے لئے تعویذ

شروع مجادلہ باوضو چالیس مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہوگی۔ اور مشکل کام آسان ہو اور مشکل مہم حل ہو۔

دشمنی دور کرنے کے لئے

اگر دو قوموں یا دو گروہوں میں سخت دشمنی ہو تو تین بار باوضو سورۂ مجادلہ پڑھی جائے انشاء اللہ تعالیٰ دشمنی دور ہو اور باہم محبت پیدا ہو جائے۔

جنگ میں ہر طرح سے محفوظ رہنے کیلئے

جو شخص باوضو سورۂ مجادلہ کا نقش لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے بازو پر باندھ لے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے جنگ میں ہر طرح سے محفوظ رہے۔

اس سورۂ کے کل اعداد ۳۴۲۳۷ ہیں اور چال خانہ پنجم میں ہے۔ نقش یہ ہے۔

۵۰۶

۱۵۵۹	۱۵۶۲	۱۵۶۵	۱۵۵۱
۱۵۶۴	۱۵۵۲	۱۵۵۹	۱۵۶۳
۱۵۵۳	۱۵۶۰	۱۵۶۰	۱۵۵۷
۱۵۶۱	۱۵۵۶	۱۵۵۴	۱۵۶۶

پارہ ۲۸ سورۃ ۵۹ سُوْرَةُ الْحَشْرِ مَدَنِيَّةٌ رکوع ۳ آیات ۲۴

حاجت پوری ہونے کے لئے

اگر کوئی حاجت درپیش ہو تو چار رکعت نماز نفل پڑھیں اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک بار سورۂ حشر مکمل پڑھیں۔ پھر سلام پھیر کر

دعا کریں انشاء اللہ تعالیٰ ضرور دعا قبول ہوگی۔

بھول اور نسیان کا علاج

اگر کسی کو بہت بھول ہوتی ہو یہاں تک کہ نماز کی رکعتیں بھی بھول جاتا ہو تو سورۂ حشر کو باوضو چینی کی رکابی (پلیٹ) پر لکھ کر بارش کے پانی سے حل کرکے وہ پانی پی لے اگر بارش کا پانی نہ ہو تو جو پانی مل جائے اسی میں گھول کر پی لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھول اور نسیان کا مرض دور ہوگا۔ حافظہ قوی ہوگا۔

مشکل مہم کے حل کے لئے

ہر قسم کی مشکل مہم کے لئے سورۂ حشر روزانہ باوضو چالیس مرتبہ پڑھے۔ ناغہ نہ کرے جملہ حاجات پوری ہوں اور مشکل مہم حل ہو جائے۔

مال داری کے لئے

اگر کوئی شخص چاہے کہ وہ مال دار بن جائے تو سورۂ حشر کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دا ہنے بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ مالدار ہو۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۱۳۳۴۶۱ ہیں اور چال پانچویں خانہ میں ہے۔ نقش یہ ہے۔

۴۸۶

۳۳۳۶۵	۳۳۳۶۸	۳۳۳۷۱	۳۳۳۵۷
۳۳۳۷۰	۳۳۳۵۸	۳۳۳۶۴	۳۳۳۶۹
۳۳۳۵۹	۳۳۳۷۳	۳۳۳۶۶	۳۳۳۶۳
۳۳۳۶۷	۳۳۳۶۲	۳۳۳۶۰	۳۳۳۷۲

پارہ ۲۸ (سورۃ ۶۰) سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ مَدَنِيَّةٌ رکوع ۲ آیات ۱۳

خاوند سے طلاق لینا

اگر کوئی عورت اپنے خاوند سے شرعی عذر کی وجہ سے طلاق لینا چاہتی ہو اور خاوند اس کو طلاق نہ دیتا ہو تو وہ عورت سورۃ ممتحنہ کو گیارہ روز تک روزانہ باوضو گیارہ مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ کوئی صورت اس طلاق کی ہو جائے گی۔

شیطانی وسوسوں سے نجات کیلئے

شیطانی وسوسوں سے نجات کے لئے سورۃ ممتحنہ روزانہ ایک مرتبہ صبح اور ایک مرتبہ بعد نماز مغرب باوضو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ شیطانی وسوسے دفع ہوں گے۔ اس سورۃ کا پڑھنا اس سلسلے میں نہایت مفید ہے۔

دشمن کے خوف کو دور کرنا

اگر کسی شخص کے دل و دماغ پر دشمن کا خوف چھا گیا ہو اور بہ وقت ڈر اور خوف سے دل لرزتا رہتا ہو تو سورۃ ممتحنہ کو بعد نماز فجر باوضو دو مرتبہ پڑھ کر دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ دل کا خوف ختم ہوگا۔

بدزبان عورت کی اصلاح کے لئے

اگر کوئی عورت بدزبان اور ہر وقت زبان درازی کرتی ہو تو اس کے لئے باوضو سورۃ ممتحنہ لکھے اور پانی میں گھول کر اس عورت کو پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بدزبانی سے باز آجائے گی۔

گھر یا مکان کو شیطان سے پاک کرنا

جس گھر یا مکان میں سورۃ ممتحنہ روزانہ کسی بھی وقت باوضو پڑھی جائے گی۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس گھر یا مکان میں شیطان نہ آئے گا۔

لڑکی کی شادی کے لئے

اگر کسی لڑکی کی شادی میں رکاوٹ ہو اور اس کی شادی نہ ہوتی ہو تو سورۃ ممتحنہ روزانہ پانچ بار باوضو پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ اس کی شادی کسی نیک بخت نوجوان سے ہو جائے گی۔

مرض طحال (تلی) کا علاج

اگر کسی کو طحال یعنی تلی کا مرض ہو گیا ہو تو اس کے لئے روزانہ باوضو چینی کی رکابی (پلیٹ) پر لکھ کر مریض کو تین دن تک پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہوگی۔

شیطانی کاموں اور گناہوں سے بچنے کیلئے

اگر کوئی شخص شیطانی کاموں اور گناہوں میں مبتلا ہو تو اسے چاہیئے کہ روزانہ باوضو پانچ مرتبہ سورۃ ممتحنہ کی تلاوت کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس سورۃ کے پڑھنے سے وہ تمام برے کاموں اور گناہوں سے بچ جائے گا۔

تلی کے مرض سے صحت

طحال یا تلی کے مرض سے صحت حاصل کرنے کے لئے سورۃ ممتحنہ کا نقش

باوضو لکھ کر مرہم جامہ کرکے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالےٰ جلد صحت حاصل ہوگی۔

اس سُورۃ کے کل اعداد ۱۰۱۳۵۰ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۲۵۳۳۷	۲۵۳۴۰	۲۵۳۴۲	۲۵۳۳۰
۲۵۳۴۲	۲۵۳۳۱	۲۵۳۳۶	۲۵۳۳۱
۲۵۳۳۲	۲۵۳۳۵	۲۵۳۳۸	۲۵۳۳۵
۲۵۳۳۹	۲۵۳۳۴	۲۵۳۳۳	۲۵۳۴۴

(پارہ ۲۸) (سورۃ ۶۱) سُوْرَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ رکوع ۲ آیات ۱۴

خاندان والے اور اہل وعیال کا مطیع ہونا

جو کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کی اولاد اور اہل خانہ اور خاندان والے اس کی اطاعت و فرمانبرداری کریں تو اسے چاہیئے کہ سَو مرتبہ سُورہ صف پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی اولاد، اہل خانہ اور خاندان والے مطیع و فرمانبردار ہوں گے۔

ہر قسم کی ناگہانی آفت، بیماری اور بلا سے حفاظت

سورۃ صف کا فجر کی نماز کے بعد روزانہ تین مرتبہ پڑھنا ہر ایک قسم کی ناگہانی آفت، بیماری اور بلا سے محفوظ رکھتا ہے۔

بچہ کا ذہن کھولنے کے لئے

جس بچہ کا ذہن بند ہو اور اُلٹے سیدھے کام کرتا ہو اور پڑھنے میں کمزور ہو تو اس کے لئے فجر کی نماز کے بعد باوضو ایک مرتبہ سُورۃ صف پڑھ کر

پانی پر دم کرکے بچہ کو پلانا ذہن کو کھولتا ہے۔

قلب کو گناہوں سے پاک کرنا اور قلب کو نورانی کرنا

سورۃ صف کا روزانہ بعد نماز ظہر باوضو ایک مرتبہ پڑھنا گناہوں کی سیاہی کو دور کرتا ہے اور قلب کو منور کرتا ہے۔

اولاد کی فرمانبرداری کے لئے

جو لڑکا یا لڑکی نافرمان ہو اور اپنے والدین کی اطاعت نہ کرتے ہوں تو تین بار باوضو سُورۃ صف پڑھ کر ان پر دم کرے اور پانی پر دم کرکے انہیں پلائے انشاء اللہ تعالےٰ ان کے دل سرکشی سے ہٹ کر اطاعت و فرمانبرداری کی طرف مائل ہوں گے۔

مسافر کا خیر و عافیت سے گھر واپس آنا

اگر کوئی آدمی سفر پر گیا ہو تو اسے چاہیئے کہ باوضو روزانہ کسی وقت سُورۃ صف پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالےٰ صحت و سلامتی اور امن و امان کے ساتھ اپنے گھر واپس آئے۔ دورانِ سفر کوئی تکلیف یا نقصان نہ ہوگا۔

اہل خانہ کی اطاعت اور روزی کی فراخی کیلئے

سُورۃ صف کا نقش باوضو لکھ کر مرہم جامہ کرکے اپنے داہنے بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالےٰ اہل خانہ اس کی اطاعت کریں اور اس کی روزی میں فراخی و برکت ہو۔

اس سُورۃ صف کے کل اعداد ۵۹۰۶۰ ہیں اور چالیس خانہ

ہیں ہے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۴۷۶۳	۱۴۷۶۸	۱۴۷۷۱	۱۴۷۵۷
۱۴۷۷۰	۱۴۷۵۸	۱۴۷۶۳	۱۴۷۶۹
۱۴۷۵۹	۱۴۷۷۳	۱۴۷۶۶	۱۴۷۶۲
۱۴۷۶۷	۱۴۷۶۱	۱۴۷۶۰	۱۴۷۷۲

(پارہ ۲۸) (سورۃ ۶۲) سُوْرَۃُ الْجُمُعَۃِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۱۱

میاں بیوی کے درمیان محبت

اگر میاں بیوی میں ناموافقت ہو اور ہر وقت بات بات پر جھگڑا ہوتا ہو تو جمعہ کے دن کسی وقت بھی باوضو تین مرتبہ سورۃ جمعہ پڑھے اور دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ آپس میں محبت بڑھ جائے گی اور نفاق دور ہوگا۔ نیز پانی پر دم کرکے دونوں کو پلانا بھی مفید ہے۔

بات کرنے میں دشواری کا علاج

اگر کوئی شخص اچھی طرح بات نہ کرسکتا ہو اور بات کرنے میں دشواری پیش آتی ہو تو باوضو اس سورۃ جمعہ کو کئی بار روزانہ پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی زبان درست ہوجائے گی اور زبان کی رکاوٹ دور ہوگی۔

مال میں برکت کے لئے

اگر سورۃ جمعہ کو باوضو سیپ پر لکھ کر پلیٹ پر لکھ کر اپنے مال میں رکھے تو [illegible] ہوا اور طیب برکت ہو اور مال نقصان سے محفوظ رہے۔

میاں بیوی میں محبت کے لئے

سورۃ جمعہ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے میاں کے دائیں بازو پر باندھے یا عورت گلے میں پہن لے تو اس کی برکت سے میاں بیوی کے اختلافات ختم ہوجائیں اور آپس میں بہت زیادہ محبت پیدا ہوجائے۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۶۱۵۲۵ ہیں اور چال پانچویں خانہ میں ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵۳۸۱	۱۵۳۸۴	۱۵۳۸۷	۱۵۳۷۳
۱۵۳۸۶	۱۵۳۷۴	۱۵۳۸۰	۱۵۳۸۵
۱۵۳۷۵	۱۵۳۸۹	۱۵۳۸۲	۱۵۳۷۹
۱۵۳۸۴	۱۵۳۷۸	۱۵۳۷۶	۱۵۳۸۸

(پارہ ۲۸) (سورۃ ۶۳) سُوْرَۃُ الْمُنٰفِقُوْنَ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۱۱

دشمن کی پامالی اور ذلت کے لئے

جو کوئی شخص سورۃ منافقون کو روزانہ باوضو رات کو پڑھ کر سوئے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دشمن ہمیشہ پامال اور ذلیل رہیں گے اور اسے نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

نفاق کے مرض سے حفاظت

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کا دل نفاق سے پاک ہوجائے اور اس مرض سے محفوظ رہے تو اسے چاہیئے کہ باوضو روزانہ سورۃ منافقون پڑھے۔ انشاء اللہ

(پارہ ۲۸) (سورۃ ۶۴) سُوْرَةُ التَّغَابُنِ مَدَنِيَّةٌ رکوع ۲ آیات ۱۸

مال میں خیر و برکت کے لئے

اگر کوئی شخص روزانہ باوضو تین۳ بار سورۃ تغابن پڑھے تو انشاءاللہ تعالیٰ اس کے مال میں خیر و برکت پیدا ہوگی۔

مال کی حفاظت کے لئے

زیور، سونا چاندی، مال اور روپیہ رکھ کر سات مرتبہ باوضو سُورۃ تغابن پڑھ کر اس پر پھونک دے انشاء اللہ تعالیٰ کوئی چور اور ڈاکو اس مال کو چوری نہ کر سکے گا۔ وہ مال بالکل محفوظ رہے گا۔

تمام آفات سے حفاظت کے لئے

تمام آفات سے حفاظت کے لئے سُورۃ تغابن کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے داہنے بازو پر باندھے انشاءاللہ تعالیٰ تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

اس سُورۃ کے کُل اعداد ۷۹۷۲۱ ہیں۔ اور چال پانچویں خانہ کی ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۳۱

۱۹۹۳۵	۱۹۹۳۸	۱۹۹۴۱	۱۹۹۲۷
۱۹۹۴۰	۱۹۹۲۸	۱۹۹۳۴	۱۹۹۳۹
۱۹۹۳۹	۱۹۹۴۳	۱۹۹۳۰	۱۹۹۳۳
۱۹۹۳۰	۱۹۹۳۲	۱۹۹۴۰	۱۹۹۴۲

نفاق کے مرض سے محفوظ رہے گا۔

چغل خور سے حفاظت

اگر کوئی شخص چغل خور سے پریشان ہو اور اس سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو ایک سو ساٹھ (۱۶۰) مرتبہ باوضو سُورۃ منافقون پڑھے۔ انشاءاللہ چغل خور کی چغلخوری اور اس کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔

آنکھ میں درد کا علاج

اگر کسی کی آنکھ میں درد ہو تو باوضو ایک بار سُورۃ منافقون پڑھ کر آنکھوں پر دم کرے انشاءاللہ تعالیٰ آنکھوں کا درد چند دن میں دور ہو جائے گا۔

دشمن کے شر سے حفاظت کے لئے

سُورۃ منافقون کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے داہنے بازو پر باندھے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

اس سورہ کے کل اعداد ۵۳۲۵۶ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۷۵۳	۱۷۷۴۸	۱۷۷۵۵
۱۷۷۵۴	۱۷۷۵۲	۱۷۷۵۰
۱۷۷۴۹	۱۷۷۵۶	۱۷۷۵۱

(پارہ ۲۸) (سورۃ ۶۵) سُوْرَۃُ الطَّلَاقِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۱۲

شدید زخموں کا جلد اچھا ہونا

سُورۃ طلاق کا تین دن تک باوضو تین مرتبہ پڑھ کر شدید زخموں پر دم کرنا خدا کے فضل سے زخموں کو جلد اچھا کرتا ہے۔

رنج و غم دور کرنا

اگر کوئی شخص غمگین ہو اور شدید غم میں مبتلا ہو تو سورۃ طلاق کو بغیر باوضو ایک دفعہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دل سے رنج و غم دور ہوگا۔

بیماری سے صحت کے لئے

اگر کوئی شخص بیمار ہو تو اس سورہ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بیمار کے گلے میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ بیمار جلد اچھا ہو جائے گا۔

اس سورہ کے کل اعداد ۸۲۴۰۱۲ ہیں اور چال نویں خانہ میں ہے۔

نقش یہ ہے۔

۶۸۶

۲۰۵۹۹۵	۲۰۶۰۰۹	۲۰۶۰۰۶	۲۰۶۰۰۲
۲۰۶۰۰۷	۲۰۶۰۰۱	۲۰۵۹۹۶	۲۰۶۰۰۸
۲۰۶۰۰۰	۲۰۶۰۰۴	۲۰۶۰۱۱	۲۰۵۹۹۷
۲۰۶۰۱۰	۲۰۵۹۹۸	۲۰۵۹۹۹	۲۰۶۰۰۵

(پارہ ۲۸) (سورۃ ۶۶) سُوْرَۃُ التَّحْرِیْمِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۱۲

ذات الجنب، ورم غلاف پسلی کا درد، نمونیہ وغیرہ

ذات الجنب، ورم غلاف، پسلی کا درد اور نمونیہ وغیرہ کے لئے سورۃ تحریم تین بار پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت کامل ہوگی۔

شوہر بیوی کو آرام سے رکھے اور اولاد تابعدار

جو عورت ہمیشہ روزانہ باوضو سورۃ تحریم پڑھے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ خاوند اس کا ہمیشہ اسے آرام و راحت سے رکھے گا اور اولاد تابعدار اور فرمانبردار ہوگی۔

قرض کی ادائیگی کے لئے

اگر کوئی شخص قرض میں مبتلا ہو اور قرض اترتا نہ ہو تو باوضو اکیس ۲۱ بار سورۃ تحریم پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی قرض ادا ہو جائے گا۔

دشمن کی ایذاء رسانی سے حفاظت

اگر کسی شخص کو دشمن ایذاء دیتا ہو اور تکلیف پہنچانے سے باز نہ آتا ہو تو اس کے شر و ایذاء سے حفاظت کے لئے باوضو سورۃ تحریم پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دوست بن جائے گا اور ایذاء رسانی سے باز آجائے گا۔

مالدار اور غنی ہونا

اگر کوئی شخص غربت کے سبب بہت پریشان ہو تو سورۃ تحریم کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ

غنی اور مالدار ہو جائے گا۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۴۹۲۳۲ ہیں اور چال خانۂ نہم میں ہے۔ نقش یہ ہے:

۶۸۶

۱۲۳۰۰	۱۲۳۱۴	۱۲۳۱۱	۱۲۳۰۷
۱۲۳۱۲	۱۲۳۰۶	۱۲۳۰۱	۱۲۳۱۳
۱۲۳۰۵	۱۲۳۰۹	۱۲۳۱۶	۱۲۳۰۲
۱۲۳۱۵	۱۲۳۰۳	۱۲۳۰۴	۱۲۳۱۰

(پارہ ۲۹) (سورۃ ۶۷) سُوْرَۃُ الْمُلْکِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۳۰

آشوبِ چشم (آنکھ دُکھنا)

سُورۃ مُلک نمازِ مغرب کی سُنّت اور فرض کے درمیان وقفہ میں پورا سُورۃ باوضو ایک بار پڑھ کر انگلیوں کے پوروں پر دم کر کے آنکھوں کے لگائے انشاء اللہ تعالیٰ آنکھ کا دُکھنا موقوف ہوگا اور شفا حاصل ہوگی۔

بانجھ پن سے نجات اور اولاد کے لئے

اولاد ہونے کے لئے بوقت تہجد دو رکعت نفل اس طرح پڑھیں کہ دونوں رکعت میں سُورۃ مُلک تلاوت کی جائے۔ اکتالیس ۴۱ روز تک یہی عمل جاری رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد ہوگی

عذابِ قبر سے نجات

عذابِ قبر سے نجات کے لئے ہر روز کسی وقت بھی باوضو سُورۃ مُلک ایک بار پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ عذابِ قبر سے محفوظ رہے گا۔

مریض کی شفاء کے لئے

مریض کی شفاء کے لئے سُورۃ مُلک تین ۳ بار نمازِ فجر کے بعد باوضو پڑھ کر مریض پر دم کرے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے۔ اسی طرح تین ۳ بار بعد نمازِ مغرب پڑھ کر مریض پر دم کرے اور پانی دم کر کے مریض کو پلائے۔ چند دن کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحتیاب ہوگا۔

زچہ اور بچہ کی حفاظت کے لئے

سُورۃ مُلک کو باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے زچہ اور بچہ کو پلانے سے زچہ اور بچہ جملہ آفات و بلیات سے محفوظ رہیں گے۔

جملہ مشکلات کے حل کے لئے

جو شخص بہت سی مشکلات میں گھرا ہو اور مشکلات حل نہ ہوتی ہوں تو سُورۃ مُلک باوضو اکتالیس ۴۱ بار روزانہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جملہ مشکلات حل ہوں گی اور تمام حاجتیں پوری ہوں گی اور قرض سے نجات حاصل ہوگی۔

حل مطلب کے لئے

حلِ مطلب کے لئے سُورۃ مُلک کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کیا اپنے دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مطلب پورا ہوگا اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

اس سُورۃ کے کل اعداد ۹۹۵۹۴ ہیں۔
اور نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

۷۸۹

۳۳۲۰۱	۳۳۱۹۴	۳۳۱۹۹
۳۳۱۹۶	۳۳۱۹۸	۳۳۲۰۰
۳۳۱۹۷	۳۳۲۰۲	۳۳۱۹۵

(پارہ ۲۹)(سورۃ ۶۸) سُوْرَۃُ الْقَلَمِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۵۲

ہر قسم کی مہمات میں کامیابی کیلئے

جو شخص باوضو پچہتر ۷۵ مرتبہ سُوْرَۃ قلم پڑھے۔ اس کے پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ جملہ مہمات میں کامیابی حاصل ہوگی اور مشکل حل ہوگی۔

چغل خور اور بُرا کہنے والوں سے حفاظت

جو شخص باوضو ستتر ۷۷ بار سُوْرَۃ قلم پڑھے۔ اس کے پڑھنے سے چغل خور اور بُرا کہنے والوں کے شر سے محفوظ رہے۔

سر کے درد کے لئے

جس شخص کے سر میں درد ہو تو سُوْرَۃ قلم کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر سر پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سر درد سے آرام ہوگا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۹۳۷۰۸ ہیں اور حال نویں خانہ میں ہے اور نقش یہ ہے

۷۹۰

۲۳۴۱۹	۲۳۴۳۳	۲۳۴۳۰	۲۳۴۲۶
۲۳۴۳۱	۲۳۴۲۵	۲۳۴۲۰	۲۳۴۳۲
۲۳۴۲۴	۲۳۴۲۸	۲۳۴۲۵	۲۳۴۲۱
۲۳۴۲۳	۲۳۴۲۲	۲۳۴۲۳	۲۳۴۲۹

(پارہ ۲۹)(سورۃ ۶۹) سُوْرَۃُ الْحَآقَّۃِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۵۲

دشمن سے نجات حاصل کرنا

جس شخص کا کوئی دشمن ہو اور ہر وقت تکلیف پہنچانے کی فکر میں رہتا ہو تو سورۃ الحاقہ کو ہفتہ کی صبح بعد نمازِ فجر اکیس ۲۱ بار پڑھ کر دشمن کے دفع ہونے کی دُعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن اپنے کرتوتوں کے سبب بہت جلد قید خانہ میں پہنچ جائے گا۔

مسان کے خلل والے بچے کی صحت کے لئے

اگر سورۃ حاقہ کو متواتر تین ۳ روز تک باوضو ایک مرتبہ پڑھ کر مسان کے خلل والے بچہ پر پڑھ کر دم کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ بچہ بہت جلد تندرست اور صحت مند ہو جائے گا۔

حاجت پوری ہونے کے لئے

اگر کسی کو کوئی حاجت پیش آئے تو باوضو پچہتر ۷۵ مرتبہ سورۃ حاقہ کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ حاجت جلد پوری ہوگی۔

غم سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص کسی غم میں مبتلا ہو اور وہ غم اسے نہ چھوڑتا ہو تو باوضو سورۃ حاقہ کو لکھے اور پانی میں گھول کر پیئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غم سے جلد نجات حاصل ہوگی۔

لڑکی یا لڑکا روتا ہو یا آسیب کا خلل ہو

سورۂ حاقہ کو باوضو لکھے اور پانی میں گھول کر اس لڑکے یا لڑکی کو پلائے جو بہت روتا ہو یا اس پر آسیب کا خلل ہو۔

حمل کی حفاظت کے لئے

اگر سورۂ حاقہ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے حاملہ کے پیٹ پر باندھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے حمل نہ گرے اور محفوظ رہے۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۸۱۷۱۹ ہیں اور چال تیرہویں خانہ میں ہے نقش یہ ہے۔

۲۰۴۲۲	۲۰۴۳۶	۲۰۴۳۲	۲۰۴۲۹
۲۰۴۳۳	۲۰۴۲۸	۲۰۴۲۳	۲۰۴۳۵
۲۰۴۲۷	۲۰۴۳۰	۲۰۴۲۸	۲۰۴۲۴
۲۰۴۳۷	۲۰۴۲۵	۲۰۴۲۶	۲۰۴۳۱

(پارہ ۲۹) (سورۃ ۷۰) سُوْرَةُ الْمَعَارِجِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۲ آیات ۴۴

وبائے مہلک اور بخار سے حفاظت

سورۂ معارج کا بعد نماز ظہر کے باوضو ہمیشہ بلاناغہ پڑھنا ہر طرح کی وبائے مہلک اور بخار سے محفوظ رکھتا ہے

فالج اور لقوہ کی بیماری سے حفاظت

سورۂ معارج کو عشاء کی نماز کے بعد باوضو پڑھ کر شہد پر دم کرے اور اس شہد میں سے تین ۳ انگلیاں بھر کر چاٹ لے اور سو جائے۔ اس کا عمل کرنے والا ہمیشہ فالج اور لقوہ کی بیماری سے محفوظ رہے گا۔

خفقان (دل کا دھڑکنا اور ہولِ دل) سے حفاظت

سورۂ معارج اشراق کے چار نفلوں میں پڑھ کر سینہ پر دم کرنا خفقان کے مرض سے محفوظ رکھتا ہے۔

حمل کی حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص سورۂ معارج باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے حاملہ عورت کے گلے میں باندھے بحکم خدا حمل جملہ آفتوں سے محفوظ رہے گا اور بچہ پیدا ہونے کے بعد سورۂ معارج باوضو لکھ کر پلائے تو بچہ ان تمام آفات و بلیات سے جو بچوں کو پیش آتی ہیں محفوظ رہے گا۔

احتلام سے حفاظت

جس شخص کو احتلام بہت ہوتا ہو باوضو سورۂ معارج کو آٹھ ۸ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ احتلام کی کثرت سے نجات حاصل ہوگی۔

اسی طرح سورۂ معارج کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے داہنے بازو پر باندھے تو احتلام سے محفوظ رہے۔

اس سورہ کے کل اعداد ۷۳۵۲۵ ہیں اور چال پانچویں خانہ میں ہے۔

نقش یہ ہے (نقش اگلے صفحہ پر ہے)

باندھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے دشمنوں پر ہمیشہ غالب رہے گا اور کامیاب ہوگا۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۷۴۳۱۴ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸۵۴۸	۱۸۵۸۱	۱۸۵۸۴	۱۸۵۰۱
۱۸۵۸۳	۱۸۵۷۲	۱۸۵۷۷	۱۸۵۸۲
۱۸۵۷۳	۱۸۵۸۶	۱۸۵۷۹	۱۸۵۷۶
۱۸۵۸۰	۱۸۵۷۵	۱۸۵۷۴	۱۸۵۸۵

(پارہ ۲۹)(سورۃ ۷۲) سُوْرَةُ الْجِنِّ مَكِّيَّةٌ رکوع ۲ آیات ۲۸

رزق میں فراخی کے لئے

اگر کسی شخص کا رزق کم ہو تو اس کے لئے ہر نماز کے بعد باوضو تین مرتبہ سورۂ جن کی تلاوت کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا رزق فراخ ہوگا اور آمدنی میں برکت ہوگی۔

قید سے رہائی کے لئے

اگر کوئی قید کی کثرت سے سورۂ جن باوضو پڑھے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے رہائی عطا کرے۔

برائے حُبّ

سورۂ جن کو سات بار بچو کے دانوں پر پڑھ کر ایک ایک آگ میں ڈالتا جائے تین روز کرے اور دیکھے کہ قدرت خدا سے کیا ظاہر ہوتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی کا دروازہ کھل جائے گا۔

۷۸۶

۱۸۳۸۱	۱۸۳۸۴	۱۸۳۸۷	۱۸۳۷۳
۱۸۳۸۶	۱۸۳۷۴	۱۸۳۸۰	۱۸۳۸۵
۱۸۳۷۵	۱۸۳۸۹	۱۸۳۸۲	۱۸۳۷۹
۱۸۳۸۳	۱۸۳۷۸	۱۸۳۷۶	۱۸۳۸۸

(پارہ ۲۹)(سورۃ ۷۱) سُوْرَةُ نُوْحٍ مَكِّيَّةٌ رکوع ۲ آیات ۲۸

ہر قسم کی اچانک موت سے حفاظت کیلئے

سُورۃ نوح کا عصر کی نماز کے بعد باوضو ہمیشہ پڑھنا ڈوب کر مرنے، دیوار کے نیچے دب کر مرنے اور اسی طرح ہر قسم کی اچانک موت سے محفوظ رکھتا ہے۔

دشمن کے دفعیہ کے لئے

جو شخص موذی اور ستانے والا ہو اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق اس کے ظلم سے پریشان ہو تو ایسے شخص کے دفعیہ کے لئے ایک ہزار مرتبہ سورۂ نوح باوضو پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی اور دشمن دفع ہوگا۔

احتلام سے حفاظت کے لئے

جس شخص کو کثرت سے احتلام ہوتا ہو اسے چاہیئے کہ رات کو سونے سے قبل باوضو ایک بار سورۃ نوح پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ احتلام سے محفوظ رہے گا۔

دشمنوں پر فتح حاصل کرنے کیلئے

اگر سورۃ نوح کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر

آسیب دُور کرنے کے لئے

سُورۃ جن کو زعفران سے یا کالی روشنائی (کجلی روشنائی) سے سفید کاغذ پر باوضو لکھے اور آسیب زدہ کو پلائے انشاءاللہ تعالےٰ آسیب دُور ہوگا۔ نہایت مُجرّب ہے۔

مرگی کے مرض سے شفاء

جس شخص کو مرگی کا خلل ہو۔ سُورۃ جن باوضو زعفران اور عرق گلاب ملاکر باریک کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کرکے سر کے بال کاٹ کر ان بالوں کے درمیان رکھے انشاءاللہ تعالےٰ شفاء حاصل ہوگی۔

مسافر کی بحفاظت و سلامتی کیساتھ واپسی

اگر کوئی مسافر باوضو سورۃ جن لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاءاللہ تعالےٰ اس کی جان اور اس کا مال محفوظ رہے گا اور سفر بخیر و خوبی طے ہوگا۔ عمل مُجرّب ہے۔

جملہ آفات سے بچوں کی حفاظت

بچوں کی جملہ آفات سے حفاظت کے لئے سُورۃ جن کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے بچوں کے گلے میں ڈال دے انشاءاللہ تعالیٰ تمام آفات سے محفوظ رہیں گے۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۶۰۹۲۲ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۶۰۹

۲۰۲۱۲	۲۰۲۰۷	۲۰۲۱۴
۲۰۲۰۹	۲۰۲۱۱	۲۰۲۱۲
۲۰۲۱۰	۲۰۲۱۵	۲۰۲۰۸

(پارہ ۲۹)(سورۃ ۷۳) سُوْرَۃُ الْمُزَّمِّلِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۲۰

ترقی رزق اور ترقی مدارج وعہدہ کے لئے

سُورۃ المزمل کا ختم پڑھنا ترقی رزق، ترقی مدارج یعنی عہدہ کے لئے اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے، ترکیب ختم کی یہ ہے کہ چالیس دن تک روزانہ خلوت (تنہائی) میں بیٹھ کر باوضو پورے چالیس مرتبہ اس سورۃ کو پڑھے۔ جب ایک چلہ پورا ہو جائے تب روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھتا رہے انشاءاللہ تعالیٰ عمل کی تاثیر باقی رہے گی۔

ھدایت: اگر پڑھنے جلالی ہو سکے تب نہایت بہتر ہے ورنہ خیر پرہیز جمالی بھی ہو سکتا ہے

سورۃ مزمّل کے ختم کی دوسری ترکیب: دوسری ترکیب یہ ہے کہ رات بارہ بجے کے بعد روزانہ غسل کرے اور بارہ رکعت تہجد کی پڑھے۔ اس کے بعد تیرہ مرتبہ سُورۃ مُزمّل پڑھے اکتالیس دن تک ایسا ہی کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ رزق اور عہدے میں ترقی ہوگی مگر اس ختم کی تاثیر پہلے ختم سے ایک ثلث (تہائی) ہے۔

فاقہ سے حفاظت کے لئے

جس گھر میں فاقہ رہتا ہو اگر سورۃ مُزمّل ایک بار روزانہ باوضو بعد نماز عشاء پڑھ لی جائے تو انشاءاللہ تعالےٰ وہ گھر فاقہ سے محفوظ رہے گا اور گھر میں برکت ہوگی۔

برائے فراخی رزق و غنا ظاہری و باطنی
(از: حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ)

سورۂ مزمل باوضو روزانہ کسی مقررہ وقت گیارہ مرتبہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں فراخی ہوگی اور غنائے ظاہری و باطنی حاصل ہو۔ اگر ایک وقت میں گیارہ مرتبہ پڑھنا دشوار ہو تو فجر، ظہر، عصر، مغرب کی نماز کے بعد دو دو مرتبہ اور عشاء کی نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھا کرے۔

ہلاکیٔ دشمن کے لئے

اگر جمعرات عید کے روز غسل کر کے مسجد کے راستے کی خاک اور پرانی قبر کی مٹی اور پنڑاوے (کمہار کا آوا) کی خاک لے کر ۹ مرتبہ سورۂ مزمل کو پڑھ کر دم کرے اور دشمن کی طرف یا اس کے گھر کی طرف ارادے دشمن ہلاک ہوگا۔

نوٹ: یہ عمل شرعی ضرورت اور شرعی حدود کو پیش نظر رکھ کر کیا جائے بہتر یہ ہے کہ کسی ثقہ عالم دین سے مشورہ کرلے ورنہ قتل کا گناہ ہوگا اور دنیا و آخرت کی تباہی کا شکار الگ ہوگا۔ لہٰذا احتیاط بہت ضروری ہے۔

ظالم کے ظلم سے نجات حاصل کرنیکا طریقہ

اگر کسی ظالم کے ظلم سے لوگ تنگ ہوں اور اس کی قید میں گرفتار ہوں تو ہر نماز جمعہ سورۂ مزمل انیس ۱۹ مرتبہ پڑھ کر سرسوں پر دم کر کے آگ میں ڈالے مجرب ہے۔ خلاصی ہوگی۔ ظالم ذلیل ہوگا۔

برائے قوتِ حافظہ

حافظہ کی قوت و زیادتی کے لئے روزانہ سورۂ مزمل ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ذہن کھل جائے گا۔

رزق میں فراخی اور فاقہ سے نجات

سورۂ مزمل کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ چالیس مرتبہ روزانہ پڑھنے والا کبھی رزق کی تنگی میں مبتلا نہ ہوگا اور اگر چالیس مرتبہ نہ ہو سکے تو گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں فراخی اور فاقہ سے نجات حاصل ہوگی۔

تسخیر افسر یعنی افسر کو قابو کرنا اور کام نکالنا

سورۂ مزمل اول رکوع اکیس بار اور دوسرا رکوع گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے کچھ پانی منہ پر مل لے۔ اور باقی پانی پی لے انشاء اللہ تعالیٰ افسر مہربان ہوگا اور کام کرے گا اور مقصد میں بآسانی کامیابی حاصل ہوگی۔

برائے مغلوبیٔ دشمن

دشمن کو زیر کرنے کے لئے بعد نماز فجر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے۔ سورۂ مزمل اکیس بار پڑھ کر رائی کے دانوں پر دم کر کے جلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن مغلوب ہوں گے۔

وسعتِ رزق کے لئے

وسعت رزق کے لئے سات بار روزانہ باوضو سورۂ مزمل پڑھے۔ اس کا طریقہ یہ ہے ہر نماز کے بعد سورۂ مزمل ایک بار پڑھے اور فجر کی سنت اور فرض کے درمیان سورۂ مزمل دو ۲ بار اور صبح کے فرض کے بعد ایک بار پڑھے۔ اس طرح دن رات میں سات بار ہو گئی۔

اگر سنت اور فرض کے درمیان وقت کی کمی کے باعث نہ پڑھ سکے تو

فجر کی نماز کے فرض کے بعد تین۳ مرتبہ پڑھ لے۔

دولت سے مالا مال ہونا اور جن وانس پر رعب و دہشت

اگر اکتالیس۴۱ بار سورۂ مزمل اول و آخر درود شریف تین۳ تین۳ بار پڑھے تو دولت سے مالا مال ہوگا اور جن وانس پر اس کا رعب اور اس کی دہشت ہوگی۔

امن و امان سے رہنے کے لئے

اگر کوئی شخص روزانہ گیارہ۱۱ بار سورۂ مزمل باوضو پابندی کے ساتھ پڑھتا رہے تو مصیبت سے امن و امان میں رہے گا۔

بیماری سے شفاء کے لئے

اگر روزانہ باوضو گیارہ۱۱ بار سورۂ مزمل پڑھ کر کسی بیمار پر دم کرتا ہے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کو شفاء حاصل ہوگی

عمل برائے وسعت رزق

(عمل از شاہ محمد فائق صاحبؒ)

سورۂ مزمل شریف ہر روز مغرب و عشاء کے درمیان گیارہ۱۱ بار پابندی سے پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ۱۱ بار درود شریف پڑھے۔ اکیس۲۱ روز متواتر عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں وسعت و برکت ہوگی۔

اُمّ الصبیان (مسان سوکھا) کے واسطے اکسیر

اونٹ کے بالوں کا گنڈا بنائے اور اس پر سورۂ مزمل اکتالیس۴۱ مرتبہ باوضو پڑھ کر دم کرے۔ اس طرح کہ پہلی مرتبہ پڑھ کر ایک گرہ دے اور اس گرہ پر

دم کرے پھر دوسری مرتبہ پڑھ کر دوسری گرہ لگائے اور اس پر دم کرے۔ اسے اکتالیس۴۱ گرہ لگیں گی۔ وہ گنڈہ بچے کے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ فوراً صحتیاب ہوگا۔ بالوں کا گنڈہ بنانے سے قبل ان کو دھو کر پاک کرے۔

سوزاک و قرمہ مثانہ

سوزاک اور قرمہ مثانہ کی تکلیف سے نجات حاصل کرنے کے لئے سورۂ مزمل باوضو عرق گلاب اور زعفران ملا کر سفید کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لیں۔ نیز سورۂ مزمل باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر پئیں انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

بچے کی درازیٔ عمر (لمبی عمر) کے لئے

جس شخص کے اکثر بچے مرجاتے ہوں تو سات۷ مرتبہ باوضو سورۂ مزمل پڑھ کر سپاری (بھالیہ ثابت) پر دم کر کے اس میں سوراخ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کی عمر دراز ہوگی۔

اسباب دنیا کی فراوانی اور زیادتی کیلئے

جو شخص روزانہ باوضو ایک بار سورۂ مزمل پڑھ لیا کرے اللہ تعالیٰ اس کے اسباب دنیا میں زیادتی کر دیتا ہے اور روزی میں برکت ہوتی ہے۔

مشکل مہم میں کامیابی کے لئے

جو شخص اکیلا یا مختلف افراد جمع ہو کر سورۂ مزمل باوضو ایک ہزار بار پڑھ لیں تو ہر قسم کی مشکل مہم میں کامیابی حاصل ہو اور ہر پریشانی سے نجات

حاصل ہو اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہو۔

طریقہ زکوٰۃ سورۃ مزمل (پہلا طریقہ)

سورۃ مزمل کو سات روز تک اکیس مرتبہ روزانہ باوضو پڑھے۔ اور ہر روز پڑھنے کے بعد اکیس نقش باوضو لکھے اور گیہوں کے آٹے میں گولیاں بنا کر روزانہ دریا میں ڈالے۔ اس طرح سات دن گذرنے کے بعد زکوٰۃ سے فارغ ہو کر ایک مرتبہ روزانہ سورۃ مزمل پڑھ لیا کرے۔ اور ایک نقش روز لکھے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۸۶۷	۱۶۸۷۰	۱۶۸۷۳	۱۶۸۶۰
۱۶۸۷۲	۱۶۸۶۱	۱۶۸۶۶	۱۶۸۷۱
۱۶۸۶۲	۱۶۸۷۵	۱۶۸۶۸	۱۶۸۶۵
۱۶۸۶۹	۱۶۸۶۴	۱۶۸۶۳	۱۶۸۷۴

سورۃ مزمل کی زکوٰۃ کا دوسرا طریقہ

سورۃ مزمل باوضو ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھے جتنی مدت میں بھی پوری ہو سکے لیکن پڑھنے کی جگہ اور مصلی نہ بدلے۔ آخر تک اس شرط کا پابند ہونا ضروری ہے اور بہتر یہ ہے کہ ان ایام میں لوگوں سے بات چیت نہ کرے۔

فوائد اعمال سورۃ مزمل

۱۔ اگر کسی شخص کو کوئی مشکل پیش آئے تو چاہیے کہ سات روز یا ستائیس روز تک باوضو اکیس مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اول و آخر تین تین مرتبہ

درود شریف پڑھے۔ ان دنوں میں گوشت کھانا ترک کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل آسان ہو گی۔

۲۔ اگر فائدہ نمبر ۱ میں درج شرائط کے مطابق پڑھے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ مالدار ہو جائے گا۔

۳۔ اگر دردِ زہ والی عورت کو (بچہ کی پیدائش کے وقت) گیارہ بار باوضو سورۃ مزمل پڑھ کر شکر پر دم کر کے کھلا دے تو انشاء اللہ تعالیٰ فوراً خیریت کے ساتھ بچہ پیدا ہو گا۔

۴۔ اگر سورۃ مزمل کو تین بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس پانی کو مرچ مل کر کسی حاکم یا افسر یا ظالم آدمی کے پاس جائے گا تو حاکم انشاء اللہ تعالیٰ اس شخص کی بہت عزت کرے گا۔

۵۔ اگر کوئی شخص قید میں ہو یا کسی کا کوئی مقدمہ دائر ہو تو وہ سورۃ مزمل کو مشک و زعفران سے باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ قیدی فوراً قید سے رہا ہو جائے گا اور مقدمہ والا اللہ تعالیٰ کے فضل سے مقدمہ جیت جائے گا۔

۶۔ اگر بقرعید کے دن غسل کر کے مسجد کے راستے کی خاک اور پرانی قبر کی خاک اور کمہار کے پڑاوے (بھٹہ) کی راکھ لے کر نو (۹) مرتبہ باوضو سورۃ مزمل پڑھ کر دم کرے اور دشمن کے گھر کی طرف یا دشمن کی طرف اڑا دے تو انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ہلاک ہو گا۔

(ف) بلا عذر شرعی نہ کرے اور کرنے سے پہلے کسی متقی عالم دین سے مشورہ کرے اور بلا سبب کسی کو عمل کے ذریعہ مارے گا تو قتل کا گناہگار ہو گا۔

۷۔ اگر کسی ظالم کے ظلم سے لوگ تنگ ہوں اور اس کی قہر

حاصل ہو اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہو۔

طریقہ زکوٰۃ سورۃ مزمل (پہلا طریقہ)

سورۃ مزمل کو سات روز تک اکیس مرتبہ روزانہ باوضو پڑھے۔ اور ہر روز پڑھنے کے بعد اکیس نقش باوضو لکھے اور گیہوں کے آٹے میں گولیاں بنا کر روزانہ دریا میں ڈالے۔ اس طرح سات دن گذرنے کے بعد زکوٰۃ سے فارغ ہو کر ایک مرتبہ روزانہ سورۃ مزمل پڑھ لیا کرے۔ اور ایک نقش روز لکھے۔

نقش یہ ہے۔

۴۸۶

۱۶۸۶۷	۱۶۸۷۰	۱۶۸۷۳	۱۶۸۶۰
۱۶۸۷۲	۱۶۸۶۱	۱۶۸۶۶	۱۶۸۷۱
۱۶۸۶۲	۱۶۸۷۵	۱۶۸۶۸	۱۶۸۶۵
۱۶۸۶۹	۱۶۸۶۴	۱۶۸۶۳	۱۶۸۷۴

سورۃ مزمل کی زکوٰۃ کا دوسرا طریقہ

سورۃ مزمل باوضو ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھے جتنی مدت میں بھی پوری ہو سکے لیکن پڑھنے کی جگہ اور مصلی نہ بدلے۔ آخر تک اس شرط کا پابند ہونا ضروری ہے اور بہتر یہ ہے کہ ان ایام میں لوگوں سے بات چیت نہ کرے۔

فوائد اعمال سورۃ مزمل

۱۔ اگر کسی شخص کو کوئی مشکل پیش آئے تو چاہیئے کہ سات روز یا ستائیس روز تک باوضو اکیس مرتبہ سورۃ پڑھے۔ اول و آخر تین تین مرتبہ

درود شریف پڑھے۔ ان دنوں میں گوشت کھانا ترک کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل آسان ہو گی۔

۲۔ اگر قاعدہ نمبر ۱ میں درج شرائط کے مطابق پڑھے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ مالدار ہو جائے گا۔

۳۔ اگر دردِ زہ والی عورت کو (بچہ کی پیدائش کے وقت) گیارہ بار باوضو سورۃ مزمل پڑھ کر شکر پر دم کر کے کھلا دے تو انشاء اللہ تعالیٰ فوراً خیریت کے ساتھ بچہ پیدا ہو گا۔

۴۔ اگر سورۃ مزمل کو تین بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس پانی کو سر پر مل کر کسی حاکم یا افسر یا ظالم آدمی کے پاس جائے گا تو حاکم انشاء اللہ تعالیٰ اس شخص کی بہت عزت کرے گا۔

۵۔ اگر کوئی شخص قید میں ہو یا کسی کا کوئی مقدمہ دائر ہو تو وہ سورۃ مزمل کو مشک و زعفران سے باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ قیدی فوراً قید سے رہا ہو جائے گا اور مقدمہ والا اللہ تعالیٰ کے فضل سے مقدمہ جیت جائے گا۔

۶۔ اگر بقر عید کے دن غسل کر کے مسجد کے راستے کی خاک اور پرانی قبر کی خاک اور کمہار کے پڑاوے (بھٹہ) کی راکھ لے کر نو (۹) مرتبہ باوضو سورۃ مزمل پڑھ کر دم کرے اور دشمن کے گھر کی طرف یا دشمن کی طرف اڑا دے تو انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ہلاک ہو گا۔

(ف) بلا عذر شرعی نہ کرے اور کرنے سے پہلے کسی متقی عالم دین سے مشورہ کرے اور بلا سبب کسی کو عمل کے ذریعہ مارے گا تو قتل کا گناہ گار ہو گا۔

۷۔ اگر کسی ظالم کے ظلم سے لوگ تنگ ہوں اور اس کی قہ

گرفتار ہوں تو بعد نماز جمعہ سورۃ مُزمّل باوضو اکیس مرتبہ پڑھ کر سرسوں پر دم کرکے آگ میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ظلم سے نجات حاصل ہوگی اور قیدسے رہائی ملے گی۔ اور ظالم ذلیل و خوار ہوگا۔

۸۔ اگر کسی معصوم بچہ پر سایہ یا جن وپری کا اثر ہو تو فولاد کے چاقو پر اکتالیس بار باوضو سورۃ مُزمّل پڑھ کر اس بچہ کو کھڑا کرکے اس کے سایہ پر زمین میں گاڑ دے تو انشاء اللہ تعالیٰ بچہ اس تکلیف اور مصیبت سے نجات پائے گا۔

۹۔ اگر مرد و عورت میں باہم موافقت نہ ہو تو سورۃ مزمل کو باوضو اکیس مرتبہ پڑھ کر دونوں میں جو خلاف ہو اس پر دم کرکے یا کسی چیز پر دم کرکے اسے کھلادے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں محبت پیدا ہو جائے گی۔

مریض کی صحت کے لئے

اگر سورۃ مُزمّل کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈال دے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مریض جلد اچھا ہوگا۔

اس سورہ کے کل اعداد ۶۸۴۶۶ ہیں اور نقش یہ ہے

۲۲۸۲۵	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۳
۲۲۸۲۰	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۴
۲۲۸۲۱	۲۲۸۲۶	۲۲۸۱۹

(پارہ ۲۹) (سورۃ ۷۴) سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۲ آیات ۵۶

محتاجگی دور کرنے کے لئے

(اگلے صفحہ پر)

اگر کوئی شخص محتاج ہو اور چاہتا ہو کہ محتاجگی دور ہو جائے تو سورۃ مُدثر روزانہ ایک مرتبہ باوضو پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ محتاجگی ختم ہو جائے گی اور مالدار ہو جائے گا۔

دشمنوں پر غالب آنے کے لئے

اگر میدان جنگ یا جہاد میں جانے کا اتفاق ہو تو سورۃ مُدثر کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں پر غالب رہے گا۔

اس سورہ کے کل اعداد ۹۲۳۵۵ ہیں نقش یہ ہے۔

۳۰۷۸۶	۳۰۷۸۱	۳۰۷۸۸
۳۰۷۸۷	۳۰۷۸۵	۳۰۷۸۳
۳۰۷۸۲	۳۰۷۸۹	۳۰۷۸۴

(پارہ ۲۹) (سورۃ ۷۵) سُوْرَةُ الْقِيٰمَةِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۲ آیات ۴۰

علم دین میں ترقی کے لئے

سورۃ قیامہ کا روزانہ رات کو ایک بار باوضو پڑھنا اور ایک بار صبح کو باوضو پڑھنا طالب علم کے لئے علم دین میں ترقی بخشتا ہے۔

آنکھوں کی روشنی تیز کرنا۔

جو شخص چاہتا ہو کہ اس کی آنکھوں کا نور تیز ہو جائے تو بعد نماز عشاء باوضو ایک مرتبہ سورۃ قیامہ پڑھ کر دم کرکے پانی پر دم کرکے اور اس پانی

سورہ کی سلائی ترکیے آنکھوں میں لگائے۔ انشاء اللہ تعالےٰ آنکھوں کی روشنی تیز ہوگی۔

لوگوں کو قابو میں کرنے کے لئے

تسخیر خلائق کے لئے سورۃ قیامہ کو روزانہ سات بار باوضو پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالےٰ لوگ مطیع ہوں گے اور خوب عزت و خدمت کریں گے۔

حکام کے دلوں میں ہیبت کے لئے

جو شخص باوضو سورۃ قیامہ کا نقش لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھے گا تو انشاء اللہ تعالےٰ حکام کے دلوں میں اس کی ہیبت قائم ہوگی۔

اس کے کل اعداد ۵۴۶-۷ ہیں۔ چال تیرہویں خانہ کی ہے۔ اور نقش یہ ہے۔

۵۴۶

۱۳۶۵۱	۱۳۶۵۴	۱۳۶۵۸	۱۳۶۴۳
۱۳۶۵۷	۱۳۶۴۵	۱۳۶۵۰	۱۳۶۵۵
۱۳۶۴۹	۱۳۶۶۰	۱۳۶۵۲	۱۳۶۴۹
۱۳۶۵۳	۱۳۶۴۸	۱۳۶۴۷	۱۳۶۵۹

(پارہ ۲۱) (سورۃ ۷۵) سُوْرَةُ الْقِيٰمَةِ مَدَنِيَّةٌ رکوع ۲ آیات ۴۱

استحاضہ اور کثرت حیض

(اگلے صفحہ پر)

اگر کسی عورت کو استحاضہ اور کثرت حیض کا مرض ہو تو اس کے لئے سورۃ دھر باوضو ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لے اور سات دن تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالےٰ مرض سے شفاء حاصل ہوگی۔

مکان کو طاعون سے محفوظ رکھنا

سورۃ دھر کا تین مرتبہ روزانہ باوضو پڑھنا اس مکان کو طاعون سے اللہ تعالےٰ کے فضل و کرم سے محفوظ رکھتا ہے۔

دشمن کے دفع ہونے کے لئے

سات بار روزانہ سورۃ دھر کا باوضو دشمن کے دفع ہونے کی نیت سے پڑھنا۔ اللہ تعالےٰ کے فضل و کرم سے سات روز میں دشمن کو دفع کرتا ہے۔

روزی کی فراخی کے واسطے

روزی کی فراخی کے لئے پچھتر بار باوضو پڑھے انشاء اللہ تعالےٰ روزی فراخ ہوگی۔

مراد دلی حاصل کرنے کے لئے

دلی مراد حاصل کرنے کے لئے سورۃ دھر کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ دلی مراد حاصل ہوگی۔ اس سورہ کے کل اعداد ۷۷۵۸۸ ہیں اور چال نویں خانہ میں ہے نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۱۹۳۸۹	۱۹۴۰۳	۱۹۴۰۰	۱۹۳۹۶
۱۹۴۰۱	۱۹۳۹۵	۱۹۳۹۰	۱۹۴۰۲
۱۹۳۹۴	۱۹۳۹۸	۱۹۴۰۵	۱۹۳۹۱
۱۹۴۰۴	۱۹۳۹۲	۱۹۳۹۳	۱۹۳۹۹

(پارہ ۲۹) (سورۃ ۷۷) سُوْرَۃُ الْمُرْسَلٰتِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۵۰

سانس پھولنے کے لئے

اگر کسی کا سانس بہت پھولتا ہو اور اسے ضعف نفس کی شکایت ہو تو اسے چاہیئے کہ باوضو سورۃ مرسلٰت پڑھے۔ انشاء اللہ سانس پھولنا بند ہوگا اور دل کی تپش دھڑکن ختم ہوگی۔

بُرے بُرے خواب سے نجات

اگر کوئی شخص بُرے بُرے اور ڈراؤنے خواب دیکھتا ہو تو روزانہ فجر کی نماز کے بعد ایک مرتبہ باوضو سورۃ مرسلات پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ بدخوابی سے نجات حاصل ہوگی۔

احتلام سے حفاظت

سفر میں جو شخص باوضو ایک مرتبہ روزانہ بعد نماز عشاء پڑھ کر سوئے تو انشاء اللہ تعالیٰ احتلام سے محفوظ رہے گا۔

بیمار کی شفاء کے لئے

(اگلے صفحہ پر)

اگر کوئی بیمار ہو تو سورۃ مرسلات باوضو ایک مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے اور پانی پر پڑھ کر ۔ ۔ ۔ دم کرے۔ اور ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ مریض کو پانی پلائے انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا۔

مسافر کا صحیح وسالم گھر واپس آنا

اگر کوئی گھر کا فرد سفر پر گیا ہو اور گھر والوں کو اس کے بارے میں پریشانی ہو تو روزانہ ایک مرتبہ باوضو سورۃ مرسلات پڑھ لیا کریں۔ جب تک مسافر واپس آئے برابر پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مسافر بخیریت اور صحیح وسالم گھر آئے گا۔

غائب اور مفرور کو حاضر کرنا

اگر کوئی گھر کا فرد یا کوئی لڑکا یا نوکر فرار ہو گئے ہوں تو سورۃ مرسلات کا نقش باوضو لکھ کر پتھر یا کسی وزنی چیز کے نیچے دبا دے اور اس پر کوئی کمبل یا رضائی ڈال دے یا اندھیری جگہ میں دبائے تو انشاء اللہ تعالیٰ مفرور جلد واپس ہوگا۔

اس سورۃ مرسلات کے کل اعداد ۳۴۰۶۷ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۶۵۸	۱۷۶۶۱	۱۷۶۶۴	۱۷۶۵۱
۱۷۶۶۳	۱۷۶۵۱	۱۷۶۵۷	۱۷۶۶۲
۱۷۶۵۲	۱۷۶۶۶	۱۷۶۵۹	۱۷۶۵۶
۱۷۶۶۰	۱۷۶۵۵	۱۷۶۵۴	۱۷۶۶۵

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۷۸) سُوْرَۃُ النَّبَاِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۴۰

دل میں یقین اور نورِ ایمان پیدا کرنا

سورۃ نبأ کا ایک مرتبہ باوضو بعد نماز عصر پڑھنا دل میں یقین اور نورِ ایمان پیدا کرتا ہے اور خدا کے فضل و کرم سے اس سورۃ پڑھنے والے کا ایمان پر خاتمہ ہوگا۔

حاکم کے شر سے حفاظت

اگر کوئی شخص باوضو زعفران کو عرقِ گلاب میں گھول کر سورۃ نبأ لکھے اور اس کا تعویذ بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاکم کے شر سے محفوظ رہے گا۔

آنکھوں کی روشنی کے لئے

سورۃ نبأ کا بعد نماز عصر باوضو تین مرتبہ پڑھنا آنکھوں کی روشنی کو بڑھاتا ہے اور روشنی جسم قائم رہتی ہے۔ انتہائی مفید ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی روشنی ضائع نہیں ہوگی۔

نقصان پہنچانے والوں سے حفاظت

سورۃ نبأ کو باوضو سفید کاغذ یا سفید کپڑے پر لکھے اور موم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاکم کے شر اور دشمن کے ضرر سے محفوظ رہے گا اور نقصان سے نوٹ رہے گا۔

لوگوں کی نظروں میں ہمیشہ باوقار رہنا

سورۃ نبأ کا عامل لوگوں کی نظروں میں باوقار رہتا ہے۔ اس عمل کی ترکیب یہ ہے کہ دس ۱۰ دن کا اعتکاف کیا جائے۔ نماز اور دس ۱۰ روزے رکھے جائیں اور پرہیزِ جلالی کے ساتھ ایک سو اکتالیس ۱۴۱ مرتبہ روزانہ اس مبارک سورۃ کو صبح کی نماز کے بعد ظہر تک پڑھا جائے، پھر ظہر کی نماز کے بعد سے شام تک یہ آیت برابر بے گنتی پڑھتا رہے۔

يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ۝

اور روزانہ قدرے (تھوڑے) عرقِ گلاب پر یہ سارے ختم پڑھ کر دم کرتا رہے۔ دس ۱۰ روز کے بعد اس گلاب کے عرق میں سیاہی گھول کر تمام سورۃ نبأ باوضو لکھ کر تعویذ بنا کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ لوگوں کی نظروں میں بڑے بڑے امیر کبیر کی وہ عزت نہ ہوگی جو اس عامل کی عزت ہوگی۔

عمل کو قائم رکھنے کے لئے روزانہ بعد نماز فجر باوضو تین ۳ بار پڑھے اور اسی طرح مغرب کی نماز کے بعد باوضو ایک بار پڑھے اور بعد نماز عشاء ایک بار اس کو پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی پابندی سے عمل قائم رہے گا اگر ناغہ ہوگیا تو دوبارہ اسی طرح دس ۱۰ دن کا اعتکاف کرکے عمل کرنا ہوگا۔

آنکھوں کی روشنی کے لئے

جو شخص باوضو سورۃ نبأ کا نقش لکھے اور موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھے اور ایک تعویذ پانی میں گھول کر پیئے اور اس پانی

کو آنکھوں پر بھی لگائے تو آنکھوں کی روشنی زیادہ ہو۔
اس سورۃ کے کل اعداد ۵۲۶۵۱ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۴۱

۱۷۵۵۵	۱۷۵۴۸	۱۷۵۵۳
۱۷۵۵۰	۱۷۵۵۲	۱۷۵۵۴
۱۷۵۵۱	۱۷۵۵۶	۱۷۵۴۹

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۷۹) سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۲ آیات ۴۲

دشمن یا حاکم کے سامنے بے خوف ہونا

جو شخص باوضو سورۃ والنازعات پڑھ کر کسی دشمن یا حاکم کے سامنے جائے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اس کے دل سے دشمن و حاکم کا خوف نکل جائے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ وہاں سے سلامت واپس آئے گا۔

سلامتی ایمان کے لئے

جو شخص باوضو ہر روز اکیس ۲۱ مرتبہ سورۃ والنازعات پڑھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ موت کی تکلیف سے محفوظ رہے گا اور مرتے وقت اپنا ایمان سلامت لے جائے گا۔

قیامت کے ہول اور ڈر سے حفاظت

جو شخص قیامت کی ہول اور اس کی سختی سے ڈرتا ہو تو اسے چاہیے کہ روزانہ باوضو سورۃ والنازعات پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ قیامت کے ہول اور ڈر سے محفوظ رہے گا۔

ایمان کی حفاظت کے لئے

جو شخص باوضو سورۃ والنازعات کا نقش لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس کا قدم شریعت کی راہ سے نہ ڈگمگائے گا اور ایمان سلامت رہے گا۔

اس کے کل اعداد ۶۷۲۵۳ ہیں۔
نقش یہ ہے اور چال پانچویں خانہ میں ہے۔

۷۸۶

۱۶۸۱۳	۱۶۸۱۶	۱۶۸۱۹	۱۶۸۰۵
۱۶۸۱۸	۱۶۸۰۶	۱۶۸۱۲	۱۶۸۱۷
۱۶۸۰۷	۱۶۸۲۱	۱۶۸۱۴	۱۶۸۱۱
۱۶۸۱۵	۱۶۸۱۰	۱۶۸۰۸	۱۶۸۲۰

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۸۰) سُوْرَةُ عَبَسَ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۴۲

بچے کا رونا بند کرنا

جو بچہ روتا ہو اور چپ نہ ہوتا ہو اس کے لئے باوضو سات مرتبہ سورۃ عبس پڑھ کر پانی پر دم کر کے تھوڑا تھوڑا بچے کو پلائے اور بچے پر بھی دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچے کا رونا بند ہو جائے گا۔

دشمن سے حفاظت اور حاکم پر رعب

اگر کسی کو دشمنوں سے واسطہ پڑ جائے یا ظالم اور بے رحم حاکم کے پاس حاضری ہو تو چاہیے کہ باوضو تین ۳ بار سورۃ عبس پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا اور حاکم کے سامنے جائے گا تو وہ ہیبت کی وجہ سے خاموش رہے گا۔

دورانِ سفر حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص باوضو ہرن کی کھال پر سورۂ عبس لکھے اور موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ دورانِ سفر محفوظ رہے گا اور اس کو کوئی نقصان اور تکلیف نہ پہنچے گی۔

کسی کو با اخلاق اور اطاعت گزار بنانا

اگر کسی شخص کی عورت، یا اس کا مالک یا عورت کا خاوند بدمزاج ہو اور ہر وقت تیوری چڑھائے رکھتا ہو، کبھی اخلاق سے بات نہ کرتا ہو، اور پھر کوئی ایسے بداخلاق شخص کو اپنا مطیع کرنا چاہے، سورۂ عبس کا ختم طہور رکوٰۃ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد ہی مطلب حاصل ہوگا۔

ترکیب ختم کی یہ ہے۔ پرہیز جلالی کے ساتھ گیارہ روز کا اعتکاف کرے اور خلوت میں (تنہا) بیٹھ کر سورۂ عبس کو تین سو تیرہ مرتبہ روزانہ باوضو پڑھے اور حصولِ مقصد کے لئے ذکر کرتا رہے۔ جب اعتکاف سے باہر نکلے، تب تین مرتبہ سورۂ مذکور کو پڑھ کر کسی چیز پر دم کرکے کھلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بداخلاق شخص کے اخلاق درست ہو جائیں گے اور مطیع اور فرماں بردار بن جائے گا۔

ہر قسم کے مرض سے صحت کے لئے

اس مبارک سورۃ (سورۂ عبس) کو باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرکے جس قسم کے مریض کو بھی روزانہ پلائے گا انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحت یاب ہوگا۔

آنکھ میں ورم یا شب کوری (رتوندا) کے لئے

جس شخص کی آنکھ میں ورم ہو یا شب کوری یا رتوندا ہو اور اسے رات کو دکھائی نہ دیتا ہو تو سورۂ عبس کو باوضو پچیس بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھ کا ورم اور رتوندا کا مرض دور ہوگا۔

ہر قسم کے امراض سے حفاظت

جو شخص سورۂ عبس کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے امراض سے محفوظ رہے گا اور اگر مرض میں مبتلا ہوگا تو جلد صحت حاصل ہوگی۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۵۱۳۱۴ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۸۶

۱۲۸۲۸	۱۲۸۳۱	۱۲۸۳۴	۱۲۸۲۱
۱۲۸۳۳	۱۲۸۲۲	۱۲۸۲۷	۱۲۸۳۲
۱۲۸۲۳	۱۲۸۳۶	۱۲۸۲۹	۱۲۸۲۶
۱۲۸۳۰	۱۲۸۲۵	۱۲۸۲۴	۱۲۸۲۵

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۸۱) سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۲۹

بیمار کی صحت یابی کے لئے

بیمار کی صحت یابی کے لئے سورۂ تکویر کو سات مرتبہ باوضو پڑھ کر بیمار پر دم کرے اور پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ بیمار جلد صحتیاب ہوگا۔

۹۵۶۷	۹۵۸۱	۹۵۷۶	۹۵۷۳
۹۵۷۸	۹۵۷۳	۹۵۶۸	۹۵۸۰
۹۵۷۷	۹۵۷۵	۹۵۸۳	۹۵۶۹
۹۵۸۲	۹۵۷۰	۹۵۷۱	۹۵۷۹

(پارہ ۳۰) (سورہ ۸۲) سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۱۹

سحر اور جادو مدفون کا پتہ لگانا

سحر اور جادو کسی مکان میں دفن ہو لیکن اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو سورۃ انفطار کو ایک بار باوضو پڑھ کر تازہ پانی پر دم کرکے اور پورے مکان کی دیواروں پر چھڑکے انشاءاللہ تعالےٰ خواب کے ذریعہ معلوم ہو جائے گا کہ فلاں جگہ سحر یا جادو دفن ہے۔ اور کوئی سحر یا جادو اس کو نقصان نہ پہنچائے گا۔

حاجت روائی کے لئے

جب کوئی حاجت ہو۔ سورۃ انفطار کو باوضو ستر بار پڑھ کر دعا مانگے انشاءاللہ تعالےٰ حاجت پوری ہوگی۔

قیدی کی رہائی کے لئے

اگر کوئی شخص قید ہو گیا ہو اور رہائی چاہتا ہو تو سورۃ انفطار باوضو ستر بار پڑھے۔ انشاءاللہ تعالےٰ جلد رہا ہوگا۔

دشمن کے شر سے حفاظت

(اگلے صفحہ)

کام بآسانی ہونے کے لئے

کسی بھی کام کا بآسانی ہونے کے لئے اور جملہ رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے سورۃ تکویر (سورۃ کورت) کو باوضو اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ کام میں آسانی ہوگی اور جملہ رکاوٹیں دور ہوں گی۔

آتشک مجازی کے لئے

جس کسی کو آتشک کی بیماری ہو تو باوضو سورۃ تکویر کو سات بار پڑھے اور آب زمزم پر دم کرکے اکیس ۲۱ روز تک پلائے۔ انشاءاللہ تعالےٰ صحت کامل حاصل ہوگی۔

دشمنوں سے حفاظت کے لئے

جب کسی شخص کو دشمن تکلیف پہنچائیں اور ایذاء دیں تو باوضو سورۃ تکویر اکیس ۲۱ بار پڑھے اور دعا کرے انشاءاللہ تعالےٰ دشمنوں سے حفاظت رہے گی۔ اور دشمنوں پر غلبہ حاصل ہوگا۔

واسطے دفع بلیات کے

ہر قسم کی بلاؤں کے دفع ہونے کے لئے سورۃ تکویر کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے داہنی بازو پر باندھ لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی بلا دور ہوگی اور ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۳۸۲۹۹ ہیں اور نقش یہ ہے۔ اور حال تسخیر یہ خانہ یہ ہے۔ (اگلے صفحہ)

دشمن کے شر کو دفع کرنے اور اس کے شر سے حفاظت کے لئے
سورۃ انفطار کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھے
انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کا شر دفع ہوگا اور دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۲۶۷ ۳۵ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۸۹۱

۸۹۱۸	۸۹۱۱	۸۹۱۶
۸۹۱۳	۸۹۱۵	۸۹۱۷
۸۹۱۴	۸۹۱۹	۸۹۱۲

(پارہ ۳۰)(سورۃ ۸۲) سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِيْنَ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۳۶

بچہ کی بآسانی پیدائش کے لئے

جو شخص ستر بار باوضو سورۃ المطففین پڑھے تو بچہ آسانی کے
ساتھ پیدا ہو اور انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے۔

بچہ کا رونا ختم کرنا

اگر کوئی بچہ بوقت روتا رہتا ہو اور خاموش نہ ہوتا ہو تو باوضو
ستر مرتبہ سورۃ المطففین پڑھ کر پانی پر دم کرے اور بچہ پر بھی دم کر کے
اور وہ پانی بچہ اور اس کی ماں کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونے سے
رک جائے گا۔

غلہ کی کیڑوں سے حفاظت

اگر سورۃ المطففین باوضو پڑھ کر غلہ (اناج وغیرہ) پر دم
کر دیا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ غلہ کیڑوں سے محفوظ رہے گا۔

بچہ کا رونا

اگر لڑکا بہت روتا ہو تو باوضو سات بار سورۃ المطففین پڑھ کر
بچے پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونے سے باز رہے گا۔

بچہ کے رونے کو روکنا

جو بچہ کثرت سے روتا رہتا ہو اور چپ نہ ہوتا ہو اس کے لئے
سورۃ المطففین کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں باندھ
دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونا بند کر دے گا۔

اس سورۃ المطففین کے کل اعداد ۴۸۷۰ ہیں اور نقش یہ ہے۔
چہل تیرہویں خانہ میں ہے۔

۴۸۶

۱۲۱۶۹	۱۲۱۸۳	۱۲۱۷۹	۱۲۱۷۶
۱۲۱۸۰	۱۲۱۷۵	۱۲۱۷۰	۱۲۱۸۲
۱۲۱۷۴	۱۲۱۷۷	۱۲۱۸۵	۱۲۱۷۱
۱۲۱۸۴	۱۲۱۷۲	۱۲۱۷۳	۱۲۱۷۸

(پارہ ۳۰)(سورۃ ۸۴) سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۲۵

بچھو کے زہر سے آرام

اگر کسی کو بچھو ڈنک مار دے اور زہر کے سبب بہت تکلیف ہو
تو باوضو سورۃ انشقاق پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ
بچھو کا زہر زائل ہوگا اور مریض کو آرام آجائے گا۔

بدہضمی سے شفاء

اگر کسی کو بدہضمی ہوگئی ہو یا کھانا ہضم نہ ہوتا ہو تو عرقِ گلاب پر باوضو سورۃ انشقاق پڑھ کر دم کرے اور وہ مریض کو تھوڑا تھوڑا کر کے پلائے۔ انشاء اللہ تعالےٰ بدہضمی سے شفاء حاصل ہوگی۔

بچہ کا رونا

اگر کوئی بچہ بہت روتا ہو اور باز نہ آتا ہو تو اس کے لئے باوضو سورۃ انشقاق پڑھ کر بچے پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالےٰ بچہ کا رونا موقوف ہوگا۔

بچہ کی پیدائش کے لئے

بچہ کی پیدائش کے وقت کی سخت تکلیف سے بچنے کے لئے سورۃ انشقاق کا نقش باوضو لکھ کر سفید کپڑے میں لپیٹ کر عورت کی کمر میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تکلیف کے بغیر بچہ آسانی کے ساتھ پیدا ہوگا۔ لیکن بچہ پیدا ہوتے ہی یہ نقش فوراً کمر سے کھول دے ورنہ آنتیں باہر آجائیں گی۔ نیز اس سورۃ کا پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا بھی مفید ہے۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۲۸۸۴۶ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۸۰۶

۷۲۱۱	۷۲۱۴	۷۲۱۷	۷۲۰۴
۷۲۱۶	۷۲۰۵	۷۲۱۰	۷۲۱۵
۷۲۰۶	۷۲۱۹	۷۲۱۲	۷۲۰۹
۷۲۱۳	۷۲۰۸	۷۲۰۷	۷۲۱۸

(پارہ ۳۰) (سورہ ۸۵) سُوْرَۃُ الْبُرُوْجِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۲۲

دشمن، بدگو اور دیو پری سے حفاظت

دشمن، بدگو، دیو اور پری کے شر سے حفاظت کے لئے جو شخص باوضو بیس۲۰ مرتبہ سورۃ البروج پڑھے تو انشاء اللہ تعالےٰ دشمن، بدگو اور دیو و پری کے شر و ظلم سے محفوظ رہے گا۔ اور وہ اسے کسی طرح کوئی نقصان نہ پہنچا سکیں گے

بدگویوں کے دفع ہونے کے لئے

بدگو لوگوں کے دفع ہونے کے لئے روزانہ باوضو سورۃ البروج ۱۰ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ بدگو دفع ہوں گے۔

بچہ کا آسانی کے ساتھ دودھ چھڑانا

جو شخص باوضو سورۃ البروج کو لکھے اور موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالے تو انشاء اللہ تعالیٰ بچہ آسانی کے ساتھ دودھ چھوڑ دے گا اور از خود دودھ سے باز رہے گا۔

دشمنوں کی قید سے رہائی

جو کوئی شخص دشمنوں کی قید سے رہائی چاہے یا دشمن کی قید میں جانے سے بچنا چاہے وہ سورۃ بروج کو سترہ بار باوضو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ قید سے محفوظ رہے گا اور اگر قید ہوگیا ہو تو جلد رہا ہوگا۔

دنبل کا علاج

اگر کسی شخص کے دنبل نکلیں (پھوڑے پھنسی) تو وہ روزانہ بعد نماز عصر باوضو سورۃ البروج ایک مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ افیہ

حاصل ہوگی اور آئندہ اس مرض سے محفوظ رہے گا۔

ہر قسم کی حاجت کے واسطے

ہر قسم کی حاجت کے لئے سورۃ البروج کا نقش باوضو لکھ کر بوم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی حاجت پوری ہوگی۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۳۲۱۵۵ ہیں اور نقش یہ ہے چال تیرہ ہوں خانہ میں ہے۔

۸۰۳۱	۸۰۴۵	۸۰۴۱	۸۰۳۸
۸۰۴۲	۸۰۳۷	۸۰۳۲	۸۰۴۴
۸۰۳۶	۸۰۳۹	۸۰۴۶	۸۰۳۳
۸۰۳۹	۸۰۳۴	۸۰۳۵	۸۰۴۰

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۸۵) سُوْرَۃُ الطَّارِقِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۱۷

سانپ بچھو سے حفاظت

جس گھر میں سانپ یا بچھو نکلتے ہوں۔ وہاں سورۃ الطارق کو باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر دیوار پر لگا دیں۔ نہایت مجرب ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے لگانے کے بعد کوئی سانپ یا بچھو باہر نظر نہ آئے گا اور اگر باہر نکل بھی گیا تو کسی کو نقصان نہ پہنچائے گا۔

دیو، پری سے نجات کے لئے

جس گھر میں دیو یا پری کا اثر ہو اس گھر میں باوضو سورۃ الطارق

چالیس مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دیو یا پری اس گھر سے چلے جائیں گے

دیو پری والے کا علاج

اگر کسی شخص یا بچے پر دیو یا پری کا اثر ہو گیا ہو تو اس کے لئے تین مرتبہ سورۃ الطارق باوضو پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ یہ عمل روزانہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحت یاب ہوگا۔

دانت کے درد کا علاج

جس شخص کے دانت میں درد ہو اس کے لئے باوضو سورۃ الطارق دو کاغذ پر لکھے اور ایک کاغذ موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے اور دوسرا کاغذ لپیٹ کر درد والے دانت کے نیچے دبالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد ختم ہو جائے گا اور آرام آجائے گا۔

قے سے حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص دوا یا شربت پیے یا کوئی چیز کھائے تو اس پر ایک مرتبہ سورۃ الطارق باوضو پڑھ کر دم کر کے پی لے یا کھالے انشاء اللہ تعالیٰ قے سے محفوظ رہے گا۔

باغ یا کھیت کو موذی جانوروں سے محفوظ کرنا

باغ یا کھیت کو موذی جانوروں مثلاً ٹڈی، جنگلی چوہے، خطرناک کیڑے اور دیگر جانوروں سے محفوظ رکھنے کے لئے سورۃ الطارق کو چار کاغذ کے ٹکڑوں پر الگ الگ لکھے اور زیتون کی لکڑی میں لپیٹ کر اپنی لکڑی سے سوراخ کر کے اس میں رکھ کر باغ یا کھیت کے چاروں کونوں میں دفن کر دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فصل کو نقصان دینے والے تمام جانور اس باغ یا کھیت سے ٹل جائیں گے اور باغ یا کھیت کی فصل کو نقصان نہ پہنچائیں گے۔

یاوَلے (پاگل) کتے کا زہر

اگر کسی کے یاوَلا (پاگل) کُتا کاٹ لے تو سورۃ الطارق تین بار باوضو پڑھ کر کاٹی ہوئی جگہ پر دم کرے انشاء اللہ تعالےٰ یاوَلے کُتے کا زہر اثر نہ کرے گا اور صحت حاصل ہوگی۔

احتلام سے حفاظت

اگر کسی کو سونے میں احتلام بہت ہوتا ہو تو اس کے لئے تین بار باوضو سوتے وقت سورۃ الطارق پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لیا کرے۔ انشاءاللہ تعالےٰ احتلام سے محفوظ رہے گا۔

بھاگے ہوئے کی واپسی کے لئے

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو اور اسے واپس بلانا ہو تو سورۃ الطارق کا نقش لکھ کر اس کے نیچے بھاگنے والے اور اس کی والدہ کا نام لکھے اور کسی وزنی مار پتھر یا کسی بھاری وزن والی چیز کے نیچے اس طرح دبائے کہ پورا وزن اس پہ پڑے۔ انشاءاللہ تعالےٰ بھاگا ہوا جلد آئے گا اس کے آتے ہی فوراً نقش نکال کر کسی پاک زمین میں دفن کر دے۔

اس کے کل اعداد ۱۷۷۶۵ ہیں۔ نقش یہ ہے اور چال پانچویں خانہ میں ہے۔

۷۸۹

۴۴۴۱	۴۴۴۲	۴۴۴۷	۴۴۴۳
۴۴۴۶	۴۴۴۴	۴۴۴۰	۴۴۴۵
۴۴۴۰	۴۴۴۴	۴۴۴۰	۴۴۴۹
۴۴۳۵	۴۴۴۹	۴۴۴۲	۴۴۴۹
۴۴۴۳	۴۴۴۸	۴۴۳۹	۴۴۴۸

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۸۷) سُوْرَۃُ الْاَعْلٰی مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۱۹

ہر قسم کے درد اور جملہ آفتوں سے حفاظت

ہر قسم کے درد کے لئے صبح بعد نماز فجر باوضو سورۃ الاعلیٰ پڑھے اور دونوں ہاتھ درد کی جگہ پھیرے انشاء اللہ تعالےٰ درد دور ہوگا اور اگر کوئی باوضو اس سورۃ کو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ جملہ آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

بواسیر سے صحت کے لئے

بواسیر کے لئے سورۃ الاعلیٰ کا روزانہ باوضو ایک مرتبہ پڑھنا بواسیر سے نجات کے لئے کافی ہے۔ اس کے پڑھنے سے انشاءاللہ تعالیٰ مرض دور ہو جائے گا۔ یہ عمل بواسیر خونی و بادی دونوں کے لئے مفید ہے۔

برائے ذہن و قوتِ حافظہ

باوضو سورۃ الاعلیٰ لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ذہن و حافظہ قوی ہوگا۔

کان کا بہنا

اگر کسی کا کان بہتا ہو تو سورۃ الاعلیٰ باوضو تین بار پڑھ کر کان میں دم کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔ پڑھنے والا اگر اپنے کان میں خود دم کرنا چاہے تو پلاسٹک کی نلکی لے کر اس کا ایک سرا منہ میں لگائے اور دوسرا سرا کان کے سوراخ میں لگا کر پھونک مارنے سے دم ہو جائے گا۔

ناسور (زخم) اور بھگندر وغیرہ کے لئے

اگر کسی کو ناسور (کاذخم) ہوگیا ہو یا بھگندر ہوگیا ہو تو اس کے لئے سورۃ الاعلیٰ باوضو روزانہ ایک مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ناسور اور بھگندر کی تکلیف سے آرام ہوگا۔

راہ کی ہر قسم کی آفات سے حفاظت

اگر کوئی شخص سفر پر جارہا ہو تو باوضو تین بار سورۃ الاعلیٰ پڑھ لے راستے کی ہر قسم کی آفات سے انشاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہے گا اور صحیح وسلامت اپنے گھر واپس آئے گا۔

جملہ قسم کی آفات و بلیات سے حفاظت

جملہ قسم کی آفات و بلیات سے حفاظت کے لئے باوضو سورۃ الاعلیٰ کا نقش لکھے اور دم جاری کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جملہ قسم کی آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۴۰۴۰ ۱۷ ہیں اور چار نویں خانہ میں ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۹

۴۴۲۵	۴۴۲۹	۴۴۳۲	۴۴۱۸
۴۴۳۱	۴۴۱۹	۴۴۲۴	۴۴۳۰
۴۴۲۰	۴۴۲۴	۴۴۲۷	۴۴۱۳
۴۴۲۸	۴۴۲۲	۴۴۲۱	۴۴۲۳

(پارہ نمبر ۳۰)(سورۃ نمبر ۸۸) سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۲۶

آخرت کا خوف، قلب میں رقت اور اعمال میں اصلاح کے لئے

سورۃ الغاشیہ کا باوضو ہر نماز (فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشاء) کے بعد پڑھنے سے پڑھنے والے کے دل میں آخرت کا خوف، قلب میں رقت اور اعمال میں اصلاح پیدا کرتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر نماز کے بعد اس کا پڑھنے والا نیک اور صالح بن جائے گا۔

ہچکی بند ہونے کے لئے

اگر کسی کو ہچکی لگی ہوئی ہو اور بند نہ ہو رہی ہو تو سورۃ الغاشیہ باوضو لکھ کر دم جاری کرکے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ ہچکی فوراً بند ہوگی۔

چیچک و دیگر امراض کے لئے

سورۃ الغاشیہ چیچک اور دیگر وبائی امراض سے بچنے کے لئے باوضو اکیس مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا پڑھنے والے چیچک اور دیگر وبائی امراض سے محفوظ رہیں گے۔

بُرے اور فاسد خیالات سے حفاظت

اگر کسی کو گندے اور فاسد خیالات بہت آتے ہوں تو باوضو سورۃ الغاشیہ اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ گندے اور فاسد خیالات سے حفاظت رہے گی۔

ہر مرض سے صحت کے لئے

اگر کوئی شخص مریض پر باوضو سورۃ الغاشیہ تین۳ بار پڑھ کر دم کرے تو انشاءاللہ تعالےٰ مریض جلد صحتیاب ہو۔

ہر قسم کی وبا سے حفاظت

اگر وبائی امراض پھیل رہے ہوں تو ان سے حفاظت کے لئے سورۃ الغاشیہ کا نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے گھر کے باہر ہر فرد کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ پورا گھر وبائی امراض سے محفوظ رہے گا۔

سورۃ الغاشیہ کے کل اعداد ۳۷۴۵۷ ہیں اور نقش یہ ہے:
چال پانچویں خانہ میں ہے۔

۷۸۶

۹۳۶۴	۹۳۶۷	۹۳۷۰	۹۳۵۶
۹۳۶۹	۹۳۵۷	۹۳۶۳	۹۳۶۸
۹۳۵۸	۹۳۷۲	۹۳۶۵	۹۳۶۲
۹۳۶۶	۹۳۶۱	۹۳۵۹	۹۳۷۱

(پارہ ۳۰)(سورۃ ۸۹) سُوْرَةُ الْفَجْرِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۳۰

ہر قسم کی بلا سے حفاظت کے لئے

جو شخص روزانہ باوضو سورۃ الفجر کو سات مرتبہ پڑھ لیا کرے وہ انشاءاللہ تعالےٰ ہر قسم کی بلا سے محفوظ رہے گا اور اگر سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ پانی تمام اہل خانہ کو پلا دیا کرے تو انشاءاللہ تعالیٰ جملہ گھر والے بھی ہر قسم کی بلا سے محفوظ رہیں گے۔

ہر قسم کی بلا کو دفع کرنے کے لئے

ہر قسم کی بلا کو دفع کرنے کے لئے سات بار باوضو سورۃ الفجر پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس گھر سے ہر قسم کی بلا دور ہوگی۔

لڑکا پیدا ہونے کے لئے

جو شخص چاہے کہ اس کے لڑکا پیدا ہو تو سورۃ الفجر کو باوضو سو مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دُعا مانگے۔ انشاءاللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔

ہر قسم کی مشکل مہم کے حل کے لئے

جو شخص چاہے کہ اس کا مشکل حل ہو اور ہر قسم کی مشکل مہم سے آسانی نکل جائے تو اسے چاہیے کہ باوضو سو مرتبہ یا سورۃ الفجر پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی مشکل مہم حل ہوگی۔

ہر قسم کی پریشانی سے نجات

ہر قسم کی پریشانی سے نجات کے لئے سورۃ الفجر کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی پریشانی سے نجات حاصل ہوگی۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۸۸۰۹۲ ہیں اور چال نویں خانہ میں ہے۔

۷۸۶

۲۲۲۷۲	۲۲۲۷۶	۲۲۲۷۹	۲۲۲۶۵
۲۲۲۷۸	۲۲۲۶۶	۲۲۲۷۱	۲۲۲۷۷
۲۲۲۶۷	۲۲۲۸۱	۲۲۲۷۳	۲۲۲۷۰
۲۲۲۷۵	۲۲۲۶۹	۲۲۲۶۸	۲۲۲۸۰

(پارہ ۳۰)(سورۃ ۹۰) سُوْرَۃُ الْبَلَدِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۲۰

پریشانی دور کرنے کے لئے

جو شخص سورۃ البلد کو روزانہ ایک مرتبہ باوضو پڑھے گا انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی پریشانی سے محفوظ رہے گا۔

درد گردہ سے آرام

جو شخص درد گردہ کا مریض ہو وہ اگر روزانہ باوضو سورۃ البلد گیارہ مرتبہ پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ درد گردہ کی تکلیف سے آرام پائے گا۔ اگر گیارہ مرتبہ درد گردہ کے مریض کو پانی پر دم کر کے پلائے تو انشاءاللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

مرگی والے کا علاج

مرگی کے مریض کے لئے روزانہ گیارہ مرتبہ سورۃ البلد باوضو پڑھ کر مریض پر دم کرے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی۔

کسی شہر میں داخلے کے وقت عزت پانا

جب کسی شہر میں داخل ہونے کا ارادہ ہو تو باوضو ایک مرتبہ سورۃ البلد کو پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ اہل شہر اس کی عزت کریں گے اور اس کے ساتھ لطف و مہربانی کا برتاؤ کریں گے اور اس شہر میں وہ شخص امن و امان کیساتھ رہے گا۔

نظر بد سے حفاظت

نظر بد سے حفاظت اور نظر بد کے اثرات کو زائل کرنے کے لئے

البلد کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں باندھ دے انشاءاللہ تعالیٰ نظر بد سے محفوظ رہے گا اور نظر بد کے اثرات بد سے صحت حاصل ہوگی۔

اس سورۃ کے کُل اعداد ۲۲۲۸۳ ہیں۔ نقش یہ ہے اور چال تیرہویں خانہ میں ہے۔

٦٠٧٠	٦٠٧٣	٦٠٧٧	٦٠٦٣
٦٠٧٦	٦٠٦٣	٦٠٦٩	٦٠٧٣
٦٠٦٥	٦٠٧٩	٦٠٧١	٦٠٦٨
٦٠٧٢	٦٠٦٧	٦٠٦٦	٦٠٧٨

(پارہ ۳۰)(سورۃ ۹۱) سُوْرَۃُ الشَّمْسِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۱۵

چھوٹے بچوں کی حفاظت

جن عورتوں کے بچے مرجاتے ہوں۔ اس کے لئے حمل کے پہلے مہینہ میں پاؤ بھر دیسی اجوائن۔ آدھ پاؤ سیاہ مرچ ڈھائی پاؤ شہد خالص پر چاند کے شروع میں (چاند دکھائی دینے کے بعد پہلا پیر) پیر کے دن سے اشراق کی نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ باوضو سورۃ الشمس پڑھ کر تمام چیزوں پر دم کرے۔ پھر روزانہ ایام حمل (حمل کے دوران جب بچہ پیٹ میں ہو) ایک چمچی اجوائن تین دانہ سیاہ مرچ اور ایک انگلی شہد کی روزانہ بلاناغہ کھانا نہایت مفید عمل ہے۔ اگر یہ چیزیں ختم ہو جائیں تو دوبارہ پڑھ کر پھر تیار کر لیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچہ زندہ رہے گا اور طویل عمر پائے گا۔

فالج، لقوہ اور رعشہ سے حفاظت

(اگلے صفحہ پر)

روزانہ بعد نماز اشراق باوضو سورۃ الشمس کا ایک مرتبہ پڑھنا انشاء اللہ تعالیٰ فالج، لقوہ اور رعشہ سے محفوظ رکھتا ہے۔

بچہ زندہ رہنے کے لئے

اجوائن اور کالی مرچ ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ پیر کے دن دوپہر کے وقت چالیس بار باوضو سورۃ الشمس اس طرح پڑھے کہ ہر دفعہ سورۃ الشمس پڑھنے کے ساتھ اول و آخر درود شریف ایک ایک مرتبہ پڑھے۔ اور جب چالیس بار ہو جائے تو پھر ایک بار درود شریف پڑھے اور اجوائن اور کالی مرچ پر دم کرے اور جب حمل قائم ہو جائے یا تین ماہ کا ہو جائے تو تھوڑی اجوائن اور تھوڑی کالی مرچ لے کر روزانہ پابندی کے ساتھ بلاناغہ کھاتی رہے اور دودھ چھڑانے تک برابر کھاتی رہے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ زندہ رہے گا۔ یہ عمل سوکھا اور ہسان کے مریض بچوں کے لئے بھی فائدہ مند ہے۔

سلامتی جان و مال کے لئے

سلامتی جان و مال کے لئے سورۃ الشمس باوضو لکھ کر دوم جامہ کپڑے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جان و مال محفوظ رہیں گے۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۱۹۴۹۹ ہیں اور نقش یہ ہے۔ چار تیرہویں خانہ میں ہے

۷۸۶

۴۸۶۴	۴۸۸۱	۴۸۷۷	۴۸۷۳
۴۸۷۸	۴۸۷۳	۴۸۶۸	۴۸۸۰
۴۸۷۲	۴۸۷۵	۴۸۸۳	۴۸۶۹
۴۸۸۲	۴۸۷۰	۴۸۷۱	۴۸۷۶

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۹۲) سُوْرَةُ الَّيْلِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۲۱

بھاگے ہوئے یا غائب شخص کا واپس لوٹانا

اگر کوئی شخص گم ہو جائے یا بھاگ جائے تو اس کی سلامتی سے واپسی کے لئے سورۃ اللیل کو باوضو ہرن کی کھال پر لکھ کر کسی درخت کی شاخ پر باندھ دے کہ ہلتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا یا غائب جلد واپس آئے گا۔
نہایت مجرب عمل ہے۔

ملازمت اور رزق کی ترقی کے لئے

ملازمت لگ جانے، نوکری مل جانے اور رزق میں برکت کے لئے سورۃ اللیل کو باوضو روزانہ اکتالیس مرتبہ پڑھے اور پھر اکتالیس چونیاں (یا اٹھنیاں یا روپے) راہِ خدا میں تقسیم کرے۔ اکتالیس دن تک یہ عمل پابندی کے ساتھ کرے ناغہ نہ کرے۔ اس عمل کے دوران کچا لہسن، کچا پیاز اور ہینگ کا استعمال نہ کرے ورنہ عمل میں اثر پیدا نہ ہوگا۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ کہیں نہ کہیں ملازمت ضرور مل جائے گی اور آدمی نوکر ہو جائے گا۔ اگر نوکر ہے تو رزق میں ترقی اور برکت ہوگی۔

بیماری سے صحت کے لئے

جو بخار والا یا بیمار آدمی باوضو سورۃ اللیل کو لکھ کر اور پانی میں گھول کر پئے یا کسی دوسرے کو پلائے تو اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ بخار فوراً دور ہوگا اور بیماری سے صحت حاصل ہوگی۔

مال کی حفاظت کے لئے

جو شخص سورۃ اللیل کو باوضو سات مرتبہ پڑھ کر اپنے مال پر پھونک دے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا مال جلنے، ڈوبنے اور گم ہونے یا لوٹ پھوٹ سے محفوظ رہے گا

ہر حاجت کے پورا ہونے کے لئے

جو شخص کسی سخت مشکل میں پھنسا ہو یا کوئی ضروری حاجت سامنے ہو اس کے پورا ہونے کے لئے باوضو سات مرتبہ سورۃ اللیل روزانہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہو گی اور حاجت پوری ہو گی۔

مشکل آسان ہونے کے لئے

جب کوئی مشکل سامنے آجائے اور حل ہونا مشکل نظر آئے تو سورۃ اللیل کو باوضو ایک سو اسی مرتبہ ایک ہی بیٹھک میں پڑھے کیسی ہی مشکل ہو انشاء اللہ تعالیٰ حل ہو جائے گی۔

مال کی حفاظت کے لئے

مال کی حفاظت کے لئے سورۃ اللیل کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مال محفوظ رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۲۹۶۶ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۹۶

۷۴۱۶	۷۴۱۹	۷۴۲۲	۷۴۰۹
۷۴۲۱	۷۴۱۰	۷۴۱۵	۷۴۲۰
۷۴۱۱	۷۴۲۴	۷۴۱۷	۷۴۱۴
۷۴۱۸	۷۴۱۳	۷۴۱۲	۷۴۲۳

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۹۳) سُوْرَةُ الضُّحٰی مَکِّیَّةٌ رکوع ۱ آیات ۱۱

بھولی ہوئی چیز کا واپس ملنا

اگر کوئی شخص کوئی بات، جگہ یا چیز یاد رکھ کر بھول جائے تو اسے چاہیئے کہ کثرت سے سورۃ الضحیٰ باوضو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ وہ بات، جگہ یا چیز بھولی ہوئی یاد آجائے گی۔

بھاگے ہوئے کو واپس لانا

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی گم ہو گیا ہو یا کوئی بڑا آدمی ملازم فرار ہو گیا ہو تو اس کی واپسی کے لئے ایک دائرے کی شکل میں باوضو سورۃ والضحیٰ لکھے اور باہر دائرہ کے چار کونوں پر خلفاء راشدین کے نام (امیر المومنین ابو بکر صدیقؓ، امیر المومنین عمر فاروقؓ، امیر المومنین عثمان غنیؓ اور امیر المومنین حضرت علی مرتضیٰؓ) اور دائرہ کے درمیان بھاگنے والے کا نام اور اس کی والدہ یا والد کا نام لکھے اور دائرہ کے درمیان بھاگنے والے کا نام اور اس کی والدہ یا والد کا نام لکھے اور قرآن شریف کی سیپارہ کے درمیان اس کاغذ کو لپیٹ کر رکھ دے اور قرآن شریف اس کمرے میں رکھے جہاں بھاگنے والا ہو یا ہو۔ انشاء اللہ بھاگنے والا مفرور جلد واپس آئے گا۔

دو شخصوں میں ملاپ کرانا

دو شخصوں میں ملاپ کرانے کے لئے سورۃ الضحیٰ کو اکیس مرتبہ باوضو عشاء کے بعد پڑھ کر سوئے۔ پھر صبح (فجر) کی نماز کے بعد سات مرتبہ سورۃ والضحیٰ پڑھ کر بہت دیر تک حصولِ مقصد کے لئے دعا کرے۔ گیارہ دن میں کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

بدخوابی یا سوتے ہوئے ڈرنا اور ڈنا

بدخوابی یا سوتے ہوئے ڈرنا یا ڈرنا ان سب باتوں کو رفع کرنے کیلئے سورۃ والضحیٰ کا سات مرتبہ روزانہ پڑھ کر سونا مفید ہے۔

ترقی مال اور تجارت کے چلنے کے لئے

سورۃ والضحیٰ کا تین سو تیرہ مرتبہ اکیس دن روزانہ پڑھنا اور تیرہ کو کھانا کھانا، ترقی مال کے لئے تجارت کے چلنے کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے انشاء اللہ تعالیٰ مال میں ترقی ہوگی اور تجارت خوب چلے گی۔

برائے حُب

محبت میں کامیابی کے لئے سورۃ والضحیٰ سات بار پانی پر پڑھ کر دم کرکے اور محبوب کو دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ محبت پیدا ہوگی۔

برائے گمشدہ یا فرار شدہ

سورۃ والضحیٰ (مکمل) ایک کاغذ پر لکھیں اس کے چاروں کونوں پر خلفاء راشدینؓ (حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت علی مرتضیٰؓ) کے نام لکھے اس تعویذ کو چوراہے پر باندھ کر انشا پھاڑے اس طرح اکیس مرتبہ انشا پھاڑے اور اکتالیس روز تک پیل جاری رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ یا فرار شدہ جلد آجائے گا۔

برائے مال گمشدہ یا لڑکا لڑکی گمشدہ

(اگلے صفحہ پر)

سورۃ والضحیٰ کی زکوٰۃ ادا کرے۔ اس طرح کہ بعد نماز عشاء پڑھنا گیارہ بار۔ کہ اکیس رات تک بلاناغہ پڑھے۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ اس کے بعد بوقت ضرورت اگر کسی کا مال گم ہو گیا ہو تو سات دفعہ پڑھ کر دم کرے اور چادر یا رومال کے ایک کنارے پر گانٹھ (گرہ) دے اور مال گمشدہ والا گانٹھ نہ کھولے بلکہ تین دن تک انشاء اللہ تعالیٰ مال مل جائے گا۔ مال مل جانے کے بعد حامل کے پاس جلتے ہی گانٹھ کھولے گا۔ بغیر زکوٰۃ کے ادا نہ ہوگا۔

چوری کی ہوئی چیز کی دستیابی اور چور کی گرفتاری

گمشدہ یا چوری شدہ چیز کی واپسی کے لئے سورۃ والضحیٰ (پوری سورت) کو سات مرتبہ پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کرکے اپنے سر کے چاروں طرف پھیرے۔ اس کے بعد سات مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر دستک دے۔ بیٹی ہاتھ پر مارکر انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ یا چوری شدہ مال واپس مل جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ جَوَارِ اللّٰہِ۔ اَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَ اَصْبَحْتُ فِیْ جَوَارِ اللّٰہِ۔

منہ کے چھالے

اگر کسی کے منہ میں چھالے ہو گئے ہوں اور کھانا یا مرچ نمک کا استعمال مشکل ہو گیا ہو تو سورۃ والضحیٰ اکتالیس بار چینی پر دم کرکے مریض کو دیں وہ اس چینی کو منہ میں رکھ کر چوسے۔ چوسنے سے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے منہ کے چھالے ٹھیک ہو جائیں گے۔

غائب اور مفرور کے حاضر ہونے کیلئے

(اگلے صفحہ پر)

غائب اور بھاگے ہوئے کے لئے سورۃ والضحیٰ دو ہزار مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مفرور جلد واپس آجائے گا۔ کئی آدمی بھی مل کر پڑھ سکتے ہیں۔

بھاگے ہوئے کے لئے

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی بھاگ کر چلے گئے ہوں تو اس کے لئے سورۃ والضحیٰ کا نقش لکھے اور اس نقش کے نیچے اس بھاگے ہوئے کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھ کر قرآن شریف میں اسی جگہ رکھدے جہاں سورۃ والضحیٰ لکھی ہوئی ہے انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا جلد واپس آئے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۱۳۲۲ ہیں نقش یہ ہے۔

۶۸۹

۳۳۳۰	۳۳۳۳	۳۳۳۶	۳۳۳۳
۳۳۳۵	۳۳۳۴	۳۳۳۹	۳۳۳۳
۳۳۳۵	۳۳۳۸	۳۳۳۱	۳۳۳۸
۳۳۳۲	۳۳۳۷	۳۳۳۶	۳۳۳۰

(پارہ ۳۰، سورۃ ۹۳) سُوْرَةُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۸

دفع وسواس، دل کی دھڑکن

جو شخص سات روز مسلسل ہر نماز کے بعد (پانچوں نمازوں کے بعد) سات مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھ کر پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ وسواس دور ہوں گے اور دل کی دھڑکن اور بے چینی دور ہوگی۔

درد سینہ و درد دل سے امن

(بقیہ)

سورۃ الم نشرح کو ہر شخص سات روز مسلسل ہر نماز کے بعد پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ درد سینہ اور درد دل سے صحت حاصل ہوگی۔

مثانہ کی پتھری و درد سے نجات

جو شخص باوضو عرق گلاب اور زعفران کو ملا کر سورۃ الم نشرح لکھے اور پانی میں گھول کر اس پر تین مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھ کر اس پانی پر دم کرے اور پلائے انشاء اللہ تعالیٰ درد گردہ اور مثانہ کی پتھری سے نجات حاصل ہوگی۔

برائے ادائے قرض

سورۃ الم نشرح مکمل سورت اکہتر بار باوضو روزانہ وقت مقررہ پر پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ قرض سے جلد چھٹکارا حاصل ہوگا۔

رنج و غم اور وہم دور کرنے کے لئے

ہر نماز کے بعد سات مرتبہ سورۃ الم نشرح آخر تک باوضو پڑھیں اور سونے وقت ستر مرتبہ باوضو یہی سورۃ پڑھیں اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں اور سینہ پر دم کر لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے رنج و غم اور وہم سے نجات حاصل ہوگی۔

غنی اور مالدار ہونے کے لئے

سورۃ الم نشرح آخر تک باوضو بعد نماز فجر چالیس بار سات دن تک لگاتار پڑھے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ وہ غنی اور مالدار ہوگا۔ اگر ہمیشہ اس عمل کو کرتا رہے تو کبھی غریب و محتاج نہ ہوگا۔

برائے زبان بندیٔ دشمن

سورۃ الم نشرح آخر تک بادضو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ایک سو اکیس بار پڑھے اور گندم (گیہوں) کے دانوں پر دم کرکے اور مرغیوں کو کھلا دے۔ یہ عمل سورج نکلنے سے قبل پڑھے اور ختم کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بند ہوگی۔

یادِ آخرت سے غفلت یا دین کے کاموں میں سستی

دینی معاملات میں غفلت دور کرنے اور دین کے کاموں میں مثلاً نماز، روزہ میں سستی ہونے لگے تو روزانہ باوضو بعد نماز فجر سورۃ ۔۔۔ ایک مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد سات مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ یادِ آخرت پیدا ہوگی اور دین کے کاموں میں سہولت و آسانی پیدا ہوگی سستی و کاہلی دور ہوگی۔

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

ہر مشکل کے حل کے لئے اور ہر مقصد میں کامیابی کے لئے سورۃ الم نشرح باوضو پابندی نماز کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور درمیان میں سو بار سورۃ الم نشرح پڑھ کر دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل حل ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

دردِ شقیقہ یعنی آدھے سر کا درد (آدھا سیسی)

جس کسی کے سر میں آدھا سیسی کا درد ہو یعنی یہ درد سورج نکلنے کے ساتھ ساتھ شروع ہوتا ہے اور جیسے جیسے سورج بلند ہوتا جاتا ہے تیز سے تیز تر ہوتا جاتا ہے اور ناقابلِ برداشت ہو جاتا ہے اور سورج ڈھلنے کے بعد از خود ختم ہو جاتا ہے اس درد کو ختم کرنے کے لئے سورۃ الم نشرح باوضو سو بار پڑھ کر مریض کے سر پر دم کیا جائے

ان شاء اللہ تعالیٰ درد سے نجات حاصل ہوگی۔

نسیان (بھول جانے کا مرض)

(از معمولات پیر طریقت مولانا امام شاہ صاحب گوگڑاں)

جس شخص کو بھول جانے کا مرض ہو گیا ہو یا بچہ کو سبق یاد نہ ہوتا ہو یاد کیا بھول جاتا ہو تو اس کے لئے زعفران کو عرقِ گلاب میں حل کرکے سورۃ الم نشرح مکی بادضو چینی کی پلیٹ پر لکھے اور اکتالیس دن تک متواتر بلاناغہ ایک پلیٹ لکھی ہوئی پانی میں حل کرکے پلائی جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ تیز ہوگا اور بھول چوک کا مرض دور ہوگا۔

ترقی مدارج دین و دنیا، مال کی کثرت، نیک بخت اولاد عزت و نیک نامی۔

سورۃ الم نشرح کا ختم پڑھنا ترقی مدارج دین اور ترقی مراتب دنیا کے لئے نہایت مفید ہے، مال کی کثرت ہو، اولاد نیک بخت پیدا ہو، ہر قسم کی عزت آبرو، جہاں میں نیک نامی ہو، خاندان میں بیماری، ہیضہ، طاعون داخل نہ ہو۔

الغرض یہ سورۃ ایک خزانہ ہے عرشِ الٰہی کے خزانوں میں سے۔

ترکیبِ ختم کی یہ ہے کہ ہر روز غسل کرنے کے بعد دو رکعت میں نفل پڑھنے کے بعد سات سو ستر مرتبہ سورۃ الم نشرح مکمل سورۃ دو زانو بیٹھ کر پڑھے۔ جب پڑھ چکے تب آخر میں سات مرتبہ بلند آواز سے یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کہہ کر وظیفہ ختم کرے۔ پھر چالیس دن تک اسی طرح عمل کرتا رہے جب چلہ (چالیسواں) پورا ہو جائے تب روزانہ اکتالیس مرتبہ اس سورۃ کو بعد نماز عشاء کے پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ عمل قبضہ میں ہے گا اور بے حد فوائد و ثمرات کے حاصل ہوں گے۔

مال میں برکت

جب کوئی مال خریدے تجارت کے لئے تو سورۃ الم نشرح آخر تک تین مرتبہ پڑھ کر اس مال پر دم کرے، انشاء اللہ تعالیٰ مال میں برکت ہوگی۔

سینے کے درد کے لئے

اگر کسی شخص کے سینے میں درد ہو تو سورۃ الم نشرح آخر تک باوضو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے حل کر کے اس پانی کو سینے پر ملے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سینہ کے درد سے نجات حاصل ہوگی۔

گٹھیا کے مرض کا علاج

نقش سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گٹھیا کے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گٹھیا کا مرض دور ہوگا اور صحت حاصل ہوگی۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۳۰۹۴ ہیں۔ چار خانہ میں ہے۔ اور نقش یہ ہے۔

۳۰۹۴

۳۱۰۳	۳۱۰۷	۳۱۱۰	۳۰۹۶
۳۱۰۹	۳۰۹۷	۳۱۰۲	۳۱۰۸
۳۰۹۸	۳۱۱۳	۳۱۰۵	۳۱۰۱
۳۱۰۶	۳۱۰۰	۳۰۹۹	۳۱۱۱

پارہ ۳۰ (سورۃ ۹۵) سُوْرَۃُ التِّیْنِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱، آیات ۸

خوبصورت لڑکے کی پیدائش کے لئے

(اگلے سو پیج)

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کے گھر میں خوبصورت لڑکا پیدا ہو تو اسے چاہیئے کہ حمل کی ابتداء سے نو مہینہ تک برابر سفید چینی کی تشتری (پلیٹ) پر سورۃ والتین کو روزانہ باوضو لکھ کر نہار منہ (کھانا کھانے سے پہلے صبح کو) عورت کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا خوبصورت پیدا ہوگا

ہر پریشانی سے نجات اور ہر مقصد میں کامیابی

سورۃ والتین سات ہزار مرتبہ باوضو پڑھے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر پریشانی دور ہوگی اور اگر کوئی اہم مقصد ہے تو اس میں کامیابی ہوگی۔

عزت اور سرخروئی کے لئے

اگر کوئی آدمی کسی سخت حاکم کے سامنے پیشی ہونے والا ہو اور اس کی سختی سے خوف کھاتا ہو تو اس کے سامنے جانے سے پہلے باوضو تین مرتبہ سورۃ والتین پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی اور مخلوق میں عزت بڑھے گی۔

غائب یا بھاگے ہوئے کو واپس لانا

اگر کوئی شخص غائب ہو گیا ہو یا بھاگ گیا ہو اس کو واپس لانے کے لئے باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں دو ہزار مرتبہ سورۃ والتین پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ غائب حاضر ہوگا اور بھاگنے والا واپس آئے گا۔

زبان کی بندش کھولنا

اگر زبان میں گرہ پڑ گئی ہو یا بولنے میں دشواری پیش آتی ہو تو زبان کی

بندش کھولنے کے لیے سورۃ والتین باوضو فجر کی نماز کے بعد اور مغرب کی نماز کے بعد اکیس اکیس بار (یعنی فجر کی نماز کے بعد اکیس بار اور مغرب کی نماز کے بعد اکیس بار پڑھے) انشاء اللہ تعالیٰ زبان کی بندش کھل جائے گی۔

سوکھا مسان

اگر کسی بچہ کو سوکھا مسان کا مرض ہے تو اس کے لیے سورۃ والتین کو گیارہ روز تک روزانہ گیارہ بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچہ کو وہ پانی پلائے انشاء اللہ تعالیٰ اس مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

غائب یا بھاگے ہوئے یا گم شدہ کی واپسی

اگر کوئی آدمی غائب ہو گیا، یا بھاگ گیا یا گم ہو گیا ہو تو اس کے لیے سورہ والتین کا نقش ایک کاغذ پر باوضو لکھ کر بھاری پتھر کے نیچے اس طرح دبائے کہ پورے پتھر کا وزن اس نقش پر پڑے انشاء اللہ تعالیٰ غائب حاضر ہوگا۔ بھاگا ہوا بلد واپس آئے گا اور گم شدہ جلد مل جائے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۱۰۲۴ ہیں اور چال تیرہویں خانہ میں ہے۔ اور نقش یہ ہے۔

۴۸۶

۲۵۶۱	۲۵۶۴	۲۵۶۸	۲۵۵۴
۲۵۶۷	۲۵۵۵	۲۵۶۰	۲۵۶۵
۲۵۵۶	۲۵۷۰	۲۵۶۲	۲۵۵۹
۲۵۶۳	۲۵۵۸	۲۵۵۷	۲۵۶۹

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۹۵) سُوْرَةُ الْعَلَقِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۱۹

جوڑوں کے درد کو زائل کرنا

سورۃ العلق (اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ) کا فجر کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے پہلے سات مرتبہ پڑھنا پھر ایک سجدہ تلاوت کرنا اور سجدہ میں حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ سات مرتبہ پڑھنا جوڑوں کے درد کو زائل کرنے کے لئے نہایت مفید عمل ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کے کرنے سے جوڑوں کا درد ختم ہو جائے گا۔

ام الصبیان کا علاج

جس بچہ کو ام الصبیان کا مرض ہو یا ہونے کا ڈر ہو تو تانبے کی تختی پر سورۃ العلق کو کندہ کرا کر اس پر پلاسٹک چڑھا کر بچہ کے گلے میں ڈالنا بچہ کو ام الصبیان کے مرض سے محفوظ رکھتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ام الصبیان کے مرض سے محفوظ رہے گا۔

حاکم و افسر کی پیشی میں کامیابی

اگر کسی انسان کو ضروری کام سے یا حاکم کے طلب کرنے پر اس کے سامنے پیش ہونا پڑے تو باوضو تین مرتبہ سورۃ العلق پڑھ کر جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاکم و افسر مہربان ہوگا اور ظلم سے باز رہے گا۔

دشمن کی پریشانی کے لئے

اگر کوئی ظالم دشمن بلاوجہ کے ستاتا ہو اور باز نہ آتا ہو تو اس کے پریشان کرنے کے لئے سورۃ العلق باوضو سات مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن بے چین

اور پریشان ہوگا۔

جمیع آفات سے حفاظت

اگر کوئی شخص سورۃ علق کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھے انشاءاللہ تعالیٰ جمیع آفات سے محفوظ رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۲۲۵۴۱ ہیں اور چال پانچویں خانہ میں ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۶۲۵	۵۶۳۸	۵۶۴۱	۵۶۲۷
۵۶۴۰	۵۶۲۸	۵۶۲۴	۵۶۲۹
۵۶۲۶	۵۶۴۳	۵۶۳۶	۵۶۳۳
۵۶۲۷	۵۶۳۲	۵۶۳۰	۵۶۳۲

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۹۷) سُوْرَۃُ الْقَدْرِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۵

آنکھوں کی روشنی کے لئے

جس شخص کی آنکھ کی روشنی کم ہو یا اس کی آنکھ کی پلکوں پر چھوٹے چھوٹے دانے نکل گئے ہوں ان امراض سے شفا کے لئے روزانہ باوضو اکیس (۲۱) مرتبہ سورۃ القدر پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ آنکھوں کی روشنی زیادہ ہوگی اور دانے ختم ہو جائیں گے۔

خارش خشک و تر کے لئے

اگر کسی کو خارش ہو گئی ہو چاہے خشک خارش ہو یا تر خارش اس کے

لئے سات بار باوضو سورۃ القدر پڑھ کر مریض پر دم کرے اور پانی بردم کر کے مریض کو پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ خارش سے نجات حاصل ہوگی۔

ہیضہ ہر قسم کی وبا و طاعون وغیرہ کیلئے

ہیضہ، وبا، وطاعون وغیرہ امراض کے زمانے میں جو چیز کھائیں پہلے اس چیز پر تین بار باوضو سورۃ القدر پڑھ کر دم کر لیا کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ تمام امراض سے حفاظت رہے گی اور جس کو یہ مرض ہو جائے اس کو بھی کسی چیز پر دم کر کے کھلا دیں یا پانی پر دم کر کے پلا دیں انشاءاللہ شفا ہوگی۔

سر کے درد کے لئے

جس شخص کے ورد سر میں ہو اس کی پیشانی پر زعفران سے باوضو سورۃ القدر لکھ دی جائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مریض کے سر کا درد جاتا رہے گا۔

خفقان (دل کا دھڑکنا اور ہولِ دل)

جس آدمی کا دل دھڑکتا ہو یا ہولِ دل کے مرض میں مبتلا ہو اس کے لئے سورۃ القدر کو باوضو تین مرتبہ پڑھ کر چنبیلی کے پھول پر دم کرے اور مریض اس پھول کو دیر تک سونگھتا رہے، دن میں تین مرتبہ (صبح، دوپہر، رات) یہ عمل کرنا ہے۔ چالیس روز تک برابر بلا کسی ناغہ کے کرنے سے انشاءاللہ تعالیٰ یہ مرض دور ہو جائے گا اور صحت حاصل ہوگی

حصولِ عزت کے لئے

جو شخص چاہتا ہو کہ اپنے خاندان، دوست، احباب اور ساتھیوں

میں عزت حاصل ہو تو روزانہ صبح وشام باوضو سورۃ القدر تین تین بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ باعزت ہوجائے گا۔

حصولِ عزت وجاہ کے لئے

عزت وجاہ حاصل کرنے کے لئے سورۃ القدر کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ عزت وجاہ حاصل ہوگی۔

اس سورۃ کے عمل اعداد ۸۳۱۱ ہیں اور چال تیسری ہوئی خانہ میں ہے۔

نقش یہ ہے

۸۳۱۱

۲۰۷۷	۲۰۸۰	۲۰۸۴	۲۰۷۰
۲۰۸۳	۲۰۷۱	۲۰۷۶	۲۰۸۱
۲۰۷۲	۲۰۸۶	۲۰۷۹	۲۰۷۵
۲۰۷۹	۲۰۷۴	۲۰۷۳	۲۰۸۵

(بارہ ۳۰) (سورۃ ۹۸) سورۃ البینۃ مدنیۃ [illegible]

تکسیر روکنا

اگر کسی آدمی کی تکسیر جاری ہوگئی ہو اور ناک سے خون مسلسل بہہ رہا ہو تو اس کے لئے سورۃ البینۃ کو تین بار باوضو پڑھ کر ملتانی مٹی پر دم کرکے وہ ملتانی مٹی ماتھے پر لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تکسیر فوراً بند ہوجائے گی۔

سُستی نامردی کے لئے

سُستی نامردی کے لئے سورۃ البینۃ پوری سورۃ باوضو لکھ کر پانی میں گھول

کر مریض کو وہ پانی پلایا جائے انشاء اللہ تعالیٰ صحت بحال ہوگی۔

ہر حاجت پوری ہونے کے لئے

جو شخص چاہتا ہو کہ اس کی حاجت پوری اور مقصد میں کامیابی حاصل ہو تو وہ باوضو اکیس ۲۱ مرتبہ روزانہ سورۃ البینۃ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہوگی۔

مقبولیت وعزت حاصل کرنے کیلئے

مقبولیت وعزت حاصل کرنے کے لئے سورۃ البینۃ باوضو روزانہ اکیس ۲۱ بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ لوگوں میں مقبولیت حاصل ہوگی اور لوگوں میں باعزت ہوجائے گا۔

یرقان (پیلیہ) سے صحت

جو شخص سورۃ البینۃ کو باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے یرقان والے کے گلے یا بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ یرقان کے مرض سے صحت حاصل ہو۔

عارضہ برص یا مرض یرقان سے شفاء

اگر کسی شخص کو عارضہ برص ہو یا یرقان (پیلیہ) کا مرض ہو تو باوضو سورۃ البینۃ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلے انشاء اللہ تعالیٰ ایسا کرنے سے عارضہ برص اور یرقان کے مرض سے شفاء حاصل ہوگی۔

برص یا یرقان کا علاج

اگر کوئی شخص برص یا یرقان (پیلیہ) میں مبتلا ہو تو سورۃ البینۃ کا نقش باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر وہ پانی پیئے اور کچھ پانی سر، چہرے اور دونوں ہاتھوں

ہر عزت حاصل ہو تو روزانہ صبح وشام باوضو سورۃ القدر تین تین بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ باعزت ہو جائے گا۔

حصولِ عزت وجاہ کے لئے

عزت وجاہ حاصل کرنے کے لئے سورۃ القدر کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ عزت وجاہ حاصل ہوگی۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۸۳۱۱ ہیں اور چالیس تیسرے چوکور خانہ میں ہے۔ نقش یہ ہے

۸۳۱۱

۲۰۷۷	۲۰۹۰	۲۰۸۴	۲۰۷۰
۲۰۸۳	۲۰۷۱	۲۰۷۶	۲۰۸۱
۲۰۷۲	۲۰۸۶	۲۰۷۸	۲۰۷۵
۲۰۷۹	۲۰۷۴	۲۰۷۳	۲۰۸۵

(پارہ ۳۰) اسورۃ ۹۸ | سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ مَدَنِيَّةٌ [illegible]

نکسیر روکنا

اگر کسی آدمی کی نکسیر جاری ہوگئی ہو اور ناک سے خون مسلسل بہہ رہا ہو تو اس کے لئے سورۃ البینہ کو تین بار باوضو پڑھ کر ملتانی مٹی پر دم کرکے وہ ملتانی مٹی ماتھے پر لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نکسیر فوراً بند ہو جائے گی۔

سُستی نامردی کے لئے

سُستی نامردی کے لئے سورۃ البینہ پوری سورۃ باوضو لکھ کر پانی میں گھول

کر مریض کو وہ پانی پلایا جائے انشاء اللہ تعالیٰ صحت بحال ہوگی۔

ہر حاجت پوری ہونے کے لئے

جو شخص چاہتا ہو کہ اس کی حاجت پوری اور مقصد میں کامیابی حاصل ہو تو وہ باوضو اکیس مرتبہ روزانہ سورۃ البینہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہوگی۔

مقبولیت وعزت حاصل کرنے کیلئے

مقبولیت وعزت حاصل کرنے کے لئے سورۃ البینہ باوضو روزانہ اکیس بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ لوگوں میں مقبولیت حاصل ہوگی اور لوگوں میں باعزت ہو جائے گا۔

برقان (پیلیہ) سے صحت

جو شخص سورۃ البینہ کو باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے برقان والے کے گلے یا بازو پر باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ برقان کے مرض سے صحت حاصل ہو۔

عارضہ برص یا مرض برقان سے شفاء

اگر کسی شخص کو عارضہ برص ہو یا برقان (پیلیہ) کا مرض ہو تو باوضو سورۃ البینہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلے انشاء اللہ تعالیٰ ایسا کرنے سے عارضہ برص اور برقان کے مرض سے شفاء حاصل ہوگی۔

برص یا برقان کا علاج

اگر کوئی شخص برص یا برقان (پیلیہ) میں مبتلا ہو تو سورۃ البینہ کا نقش باوضو لکھ کر پانی میں گھلا کر وہ پانی پئے اور کچھ پانی سر، چہرے اور دونوں ہاتھوں

پر کپڑوں تک ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرض زائل ہوگا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۳۱۲۲۳ ہیں۔ چالی تیر ہویں خانہ میں ہے نقش یہ ہے۔

۷۷۹۸	۷۸۱۲	۷۸۰۸	۷۸۰۵
۷۸۰۹	۷۸۰۴	۷۷۹۹	۷۸۱۱
۷۸۰۳	۷۸۰۶	۷۸۱۴	۷۸۰۰
۷۸۱۳	۷۸۰۱	۷۸۰۲	۷۸۰۷

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۹۹) سُوْرَةُ الزِّلْزَالِ مَدَنِيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۸

لقوہ کے دفع ہونے کے لئے

جو شخص سورۃ الزلزال کو باوضو لقوہ کی تمثالی اشکال بنا کر لکھے اور لقوہ کا مریض اس تمثال کو نگاہ جما کر کچھ دیر دیکھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس طرح دیکھنے سے اس کا چہرہ درست ہو جائے گا۔

دشمن کے ذلیل ہونے اور دفع ہونے کیلئے

دشمن کے دفع ہونے اور ذلیل ہونے کے لئے سورۃ الزلزال کو باوضو روزانہ اکتالیس بار بلا ناغہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل ہوگا اور دفع ہو جائے گا۔

مسان کے مرض سے حفاظت

سورۃ الزلزال کو سات روز تک روزانہ سات مرتبہ باوضو پڑھ کر چار تولہ باجرے کے آٹے پر دم کرے اور پھر اس آٹے کو بطانہ مرغ کے تین سفید چوزوں کو کھلائے۔ آٹھویں روز ان چوزوں کو ذبح کرے اور ان کے گوشت کے تین حصے

کرے اور ایک حصہ کی روٹی بنا کر بچہ کو کھلائے۔ تین دن متواتر یعنی کھلانے سے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ مسان کے مرض سے محفوظ رہے گا۔

مکان کو آسیب کے خلل سے پاک کرنا

سورۃ الزلزال کو باوضو ایک سفید کاغذ پر لکھے اور آسیب زدہ مکان میں دیوار پر لٹکا دے اس طرح کہ وہ کاغذ دروازے کے سامنے والی دیوار پر ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ مکان آسیب کے خلل سے پاک ہو جائے گا۔

ٹھیک وقت پر بیدار ہونا

اگر کوئی شخص ٹھیک وقت پر بیدار ہونا چاہتا ہے تو سونے سے پہلے باوضو تین مرتبہ اس سورت کو پڑھ لے اور سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جس وقت اٹھنا چاہے گا اٹھ جائے گا۔ اور وقت پر آنکھ کھل جائے گی

ناجائز دوستی ختم کرنا

شریعت اسلامیہ کی رو سے ناجائز دوستی کو ختم کرنے کے لئے سات دن باوضو پڑھ کر سورۃ الزلزال سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور ایک ایک ماش کوئلہ کی آگ میں ڈال دے۔ دانہ ڈالتے وقت دونوں کا نام لیتا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ناجائز دوستی ختم ہو جائے گی۔

ہر قسم کی مشکل کے حل کے لئے

ہر مشکل کے حل کرنے کے لئے باوضو سورۃ الزلزال ایک بیٹھک (نشست) میں سات مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی مشکل آسان ہو جائے گی

ہر مشکل کو دُور کرنا

ہر مشکل کے دور کرنے کے لئے باوضو سورۃ الزلزال کے نقش کو کسی اور موم جامہ کے اپنے داہنے بازو پر باندھے انشاءاللہ تعالیٰ مشکل دور ہوگی۔
اس سورۃ کے کل اعداد ۱۹۹۶۶ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۹۹۱	۴۹۹۴	۴۹۹۷	۴۹۸۴
۴۹۹۶	۴۹۸۵	۴۹۹۰	۴۹۹۵
۴۹۸۶	۴۹۹۹	۴۹۹۲	۴۹۸۹
۴۹۹۳	۴۹۸۸	۴۹۸۷	۴۹۹۸

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۱۰۰) سُوْرَةُ الْعٰدِيٰتِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۱۱

دشمن کو جھکانا

اگر کسی دشمن بہت تنگ پیلاتا اور ہر وقت ستاتا ہو اس کے لئے روزانہ تین بار باوضو سورۃ العٰدیٰت پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن ذلیل ہوگا اور آکر سامنے جھکے گا اور معافی مانگے گا۔

گرمی کا بخار، دردِ بدن اور دردِ جگر کیلئے

ایک مٹی کی پاک پلیٹ (یا چینی کی پلیٹ) پر سورۃ العٰدیٰت باوضو لکھے اور بارش (کنویں، نہر، دریا، نل) کے تازہ پانی سے دھو کر شکر ملا کر مریض کو پلائے۔ تین روز مسلسل استعمال سے انشاءاللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

بچہ کو بھاگنے سے روکنا

اگر کسی بچہ کو بھاگنے کی عادت پڑ گئی ہو اور بار بار بھاگ جاتا ہو تو اس کے لئے باوضو سورۃ والعٰدیات کو ایک سفید کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے اس بچہ کے گلے یا دائیں بازو پر باندھ دے انشاءاللہ تعالیٰ وہ بچہ پھر کبھی نہ بھاگے گا۔

نظرِ بد کے دفع ہونے کے لئے

جو بچہ اکثر نظرِ بد کا شکار ہو جاتا ہو اس کے لئے سورۃ والعادیات کو تین مرتبہ باوضو پڑھے اور پڑھ کر اس بچہ پر روزانہ دم کر دیا کرے انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی نظرِ بد کا اثر ختم ہو جائے گا۔

دردِ جگر کے لئے

اگر کسی کو دردِ جگر کا عارضہ ہو اس کے لئے سورۃ والعادیات کو نقش باوضو لکھے اور اس کو پانی میں گھول کر مریض کو تین دن تک پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ صحت ہوگی۔

قرض سے نجات حاصل کرنا

جو شخص مقروض ہو اور ہر وقت قرض کی ادائیگی کی فکر لگی رہتی ہو اسے چاہیئے کہ باوضو سورۃ والعادیات کے ساتھ نقش روز صبح کے وقت لکھے اور ان نقوش کو ۱۱ عدد آٹے میں لپیٹ کر گولیاں بنائے اور روزانہ دریا، سمندر یا کنویں میں ڈالا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی قرضہ ادا ہو جائے گا۔
اس سورۃ کے کل اعداد ۱۳۳۵۴ ہیں اور نقش اگلے صفحہ پر ہے

۷۸۲

۳۳۳۸	۳۳۴۱	۳۳۴۴	۳۳۳۱
۳۳۴۳	۳۳۳۲	۳۳۳۷	۳۳۴۲
۳۳۳۳	۳۳۴۶	۳۳۳۹	۳۳۳۶
۳۳۴۰	۳۳۳۵	۳۳۳۴	۳۳۴۵

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۱۰۱) سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۱۱

ہر کام میں سہولت اور درستی کے لئے

جو شخص چاہے کہ مشکل حل ہو اور ہر کام سہولت سے انجام پائے اور کام درست طریقہ پر ہوا ہو تو چاہیے کہ باوضو ایک سو آٹھ ۱۰۸ مرتبہ سورۃ القارعہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل حل ہوگی۔

میاں بیوی میں لڑائی جھگڑا ختم

اگر میاں بیوی میں اکثر لڑائی جھگڑا رہتا ہو اور کسی طرح کم نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے ایک نشست (بیٹھک) میں باوضو ایک سو سات ۱۰۷ مرتبہ سورۃ القارعہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جھگڑا ختم ہوگا اور دونوں پیار و محبت سے رہنے لگیں گے۔

موذی جانور، زمین، کھیت، مکان کو نقصان پہنچانے والے

ایسے موذی جانور جو کھیتوں کو اجاڑتے ہیں، مکانوں میں گڑھے کر دیتے ہیں، مکانوں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ مثلاً سانپ، بچھو، چوہے، گھونس اور دیگر موذی جانوروں تو چاہیے کہ ایک تھال میں سورۃ القارعہ باوضو لکھ کر

کنویں، نہر، دریا یا نل کے تازہ پانی سے اس تھال کو دھو کر وہ پانی مکان کے کونوں، کھیت کے چاروں طرف چھڑکیں، انشاء اللہ تعالیٰ تمام جانور اس جگہ سے نکل جائیں گے۔

برائے عداوت

اگر دو شخصوں میں یا عورت اور مرد میں ناجائز محبت ہو تو اس کے لئے چاند کے مہینوں کی آخری تاریخوں میں بوقت زوال سورۃ القارعہ باوضو ایک بار پڑھے اور منہ کے سیدھے (دائیں) پیر کی مٹی اور عورت کے الٹے (بائیں) پیر کی مٹی لے کر اس پر دم کرے اور کسی ایک کے مکان کی چوکھٹ کے نیچے دفن کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عداوت ہو جائے گی۔ ناجائز مقصد کے لئے نہ کرے نقصان ہوگا۔

کافر دشمن کو برباد کرنے کے لئے

سورۃ القارعہ کو دشمن کافر کے برباد کرنے کے لئے پڑھنا نہایت مفید ہے ترکیب پڑھنے کی یہ ہے کہ سات دن متواتر روزہ رکھ کر پرہیز حلالی (انڈا، مچھلی، گوشت اور دودھ استعمال نہ کرے) کرکے روزانہ سات ۷ سو تیرہ ۱۳ مرتبہ اس مبارک سورۃ (سورۃ القارعہ) کو فجر کی نماز کے بعد دوپہر تک پڑھے۔ مگر جس وقت يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ۔ آیت پر پہنچے تو یہاں دشمن کے غارت ہونے کا تصور کرے اور اسی طرح عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات روز کے عرصہ میں مقصود حاصل ہوگا۔ ناجائز وجہ میں اس عمل کا کرنا منع ہے ورنہ ڈاہنی جان کا ہے۔ احتیاط شرط ہے۔

ہر قسم کی وبا مثلاً ہیضہ، طاعون، انفلوئنزا کیلئے

ہر قسم کی وبا سے نجات کے لئے سورۃ القارعہ باوضو ایک ۱۰۱ سو اکیس بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی وبا سے محفوظ رہے گا۔

جمیع بلیات سے حفاظت

(اگلے صفحہ پر)

جمیع بلیات وآفات اور وبا و بیماری سے حفاظت کے لئے سورۃ القارعہ کو باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ جملہ بلیات وآفات، وبا، وبیماری سے محفوظ رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۱۳۴۶۴ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۴۸۹	۴۴۸۴	۴۴۹۱
۴۴۹۰	۴۴۸۸	۴۴۸۶
۴۴۸۵	۴۴۹۲	۴۴۸۷

پارہ ۳۰ (سورۃ ملک) سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۸

آدھے سر کا درد۔ دردِ شقیقہ

پوری سورۃ التکاثر باوضو پڑھتے جائیں اور پیشانی (ماتھے) پر انگلی پھیر کر دم کرتے جائیں انشاء اللہ تعالیٰ چند بار ایسا کرنے سے درد دور ہو جائے گا۔

حُبِّ جاہ اور حُبِّ مال کے مرض کا علاج

حُبِّ جاہ اور حُبِّ مال کے مرض کو دور کرنے کے لئے اور دینی شوق پیدا کرنے کے لئے نمازِ فجر کے بعد تین۳ بار باوضو سورۃ التکاثر پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دل سے حُبِّ جاہ اور حُبِّ مال کا مرض دور ہوگا۔

بُخل کو دور کرنا

اگر کسی شخص میں بُخل کا شدید مرض ہو اور وہ کنجوسی کی وجہ سے زکوٰۃ

خیرات سے بچتا ہو اور اللہ کے نام پر دینے سے جی چُراتا ہو تو ایسے آدمی کو چاہئے کہ فجر کی نماز کے بعد باوضو اکیسویں۲۱ مرتبہ سورۃ التکاثر کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ بخل اور کنجوسی کا مرض دور ہو جائے گا۔

مردہ کو خواب میں دیکھنا اور اس سے باتیں کرنا

جو شخص یہ چاہے کہ وہ اپنے والدین یا کسی مردہ عزیز کو خواب میں دیکھے اور اس سے باتیں کرے تو اسے چاہئے کہ جمعرات کے دن کے بعد جو رات آتی ہے یعنی شب جمعہ کو باوضو سورۃ التکاثر ایک سو تیرہ۱۱۳ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مُردہ خواب میں نظر آئے گا اور باتیں کرے گا۔ مجرب عمل ہے۔

قرض کی ادائیگی کے لئے عمل

جو آدمی مقروض ہو اور اس کا قرضہ کسی طور نہ اُترتا ہو تو چاہئے کہ بعد نمازِ فجر تین۳ مرتبہ روزانہ باوضو سُورۃ التکاثر کو پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا تمام قرضہ ادا ہو جائے گا۔

ظلم سے نجات اور حاکم کے مہربان ہونے کیلئے

جو شخص ظلم کا شکار ہو یا حاکم کے روبرو اس کی پیشی ہو تو اسے چاہئے کہ روزانہ بعد نمازِ فجر باوضو اکیسویں بار سورۃ التکاثر پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ظلم سے نجات حاصل ہوگی اور حاکم مہربان ہوگا۔

قرض کی ادائیگی کے لئے

قرض کی ادائیگی کے لئے سورۃ التکاثر کا نقش باوضو لکھے اور موم جامہ

کے دائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈالے، انشاء اللہ تعالیٰ قرضہ جلد ادا ہوگا۔
اس سورۃ کے کل اعداد ۳۶۷۰-۱ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۸۲

۲۵۹۱۷	۲۵۹۲۰	۲۵۹۲۳	۲۵۹۱-
۲۵۹۲۲	۲۵۹۱۱	۲۵۹۱۶	۲۵۹۲۱
۲۵۹۱۲	۲۵۹۲۵	۲۵۹۱۸	۲۵۹۱۵
۲۵۹۱۹	۲۵۹۱۴	۲۵۹۱۳	۲۵۹۲۴

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۱۰۳) سُوْرَةُ الْعَصْرِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۳

برائے حب

سورۃ العصر باوضو بعد نماز عصر ایک سو ایک مرتبہ ایک ہفتہ تک پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوز و کامیابی حاصل ہوگی۔ لیکن شرط یہ ہے کہ جائز مقصد کے لئے کرے۔

برائے ذلت و خواری دشمن

جو شخص دشمنوں سے پریشان ہو وہ روزانہ باوضو اکیس مرتبہ سورۃ العصر پڑھے۔ اس کے تمام دشمن، بدگو اور بدخواہ سرگردان و ذلیل و خوار ہوں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ہر قسم کا غم اور مرنے والے کا غم کم کرنا

اگر کسی کا کوئی عزیز فوت ہو جائے اور ان کا غم کسی طرح اس کے حل سے کم نہ ہوتا ہو تو اس شخص کے غم کو دور کرنے کے لئے باوضو سورۃ العصر

پینتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے۔ تین روز تک برابر یہی عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دل سے ہر قسم کا غم، اور مرنے والے کا غم دور ہوگا۔

سخت مشکل کو آسان کرنا

اگر کوئی شخص کسی سخت مشکل میں پھنس گیا ہو تو ہر نماز کے بعد (فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشاء) باوضو سورۃ العصر کو سات مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی مشکل آسان ہوگی اور ہر قسم کا غم دور ہوگا۔

آنکھوں کی بیماریوں کا علاج

سرسوں کے سلائی پر تین مرتبہ سورۃ العصر باوضو پڑھ کر دم کرے اور اس سے سرمہ آنکھوں میں لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی تمام بیماریوں سے صحت حاصل ہوگی

دردِ سر کا علاج

اگر کسی کے سر میں درد ہو تو اسے دور کرنے کے لئے سورۃ العصر باوضو تین بار پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دردِ سر دور ہوگا۔

بچہ کا رونا

اگر بچہ روتا ہو اور چپ نہ ہوتا ہو تو باوضو سورۃ العصر سات بار پڑھ کر بچے پر دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ رونا بند کرے گا۔

پیٹ کے درد کے لئے

اگر کسی شخص کے پیٹ میں درد ہو اس کے لئے اکیس مرتبہ باوضو سورۃ

العصر پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے انشاءاللہ تعالیٰ درد ختم ہو جائے گا

حاکم اور مخالف کے سامنے جانا

اگر کوئی شخص اکیس بار باوضو سورۃ العصر پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور حاکم یا مخالف دشمن کے پاس جائے تو وہ اسے نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

مال کی حفاظت

اگر کوئی شخص مال دفن کرتا ہے یا مال کہیں بھیجتا ہے تو اس کی حفاظت کے لئے سورۃ العصر باوضو تین مرتبہ پڑھ کر اس مال پر پھونک دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دفن کیا ہوا مال ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔ اور بھیجا ہوا مال بخیریت منزل مقصود پر پہنچے گا۔

حب کے لئے

سورۃ العصر کو باوضو کثرت سے پڑھے اور اس کا نقش باوضو لکھ کر حرم جامہ کے اپنے بغل میں ڈال لے یا دائیں بازو پر باندھے عورت بائیں بازو میں باندھے۔ مجرب ہے۔ جائز کام کے لئے کرے۔ حرام اور ناجائز میں نقصان کا اندیشہ ہے

اس سورۃ کے کل اعداد ۴۷۴۰ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۴۱

۱۵۸۱	۱۵۷۶	۱۵۸۳
۱۵۸۲	۱۵۸۰	۱۵۷۸
۱۵۷۷	۱۵۸۴	۱۵۷۹

(پارہ ۳۰ سورۃ ۱۰۴) سُوْرَةُ الْهُمَزَةِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۹

جابر حاکم کے دفتر میں حاضری کے وقت

اگر کسی آدمی کو کسی جابر و ظالم حاکم کے سامنے جانا پڑے تو اکیس بار باوضو سورۃ الھمزہ پڑھ کر جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاکم نرمی سے پیش آئے گا اور اس کا کام کر دے گا۔

بدگو اور چغل خور کی زبان بندی کے لئے

بدگو اور چغلخور اور ظالم دشمن کی زبان بندی کے لئے روزانہ باوضو اکیس مرتبہ پڑھے، انشاء اللہ تعالیٰ بدگو، چغل خور اور ظالم دشمن کی زبان برائی سے رک جائے گی۔ اور وہ اپنی زبان کے ذریعہ نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے روزانہ باوضو گیارہ مرتبہ سورۃ الھمزہ پڑھ لیا کریں، وقت کی پابندی ضروری نہیں ہے، جس وقت فرصت ملے پڑھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا اور باوجود کوشش کے کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

آنکھ کے زخم اور چوٹ سے شفاء

اگر کسی کی آنکھ میں زخم ہو گیا ہو یا چوٹ کے سبب آنکھ کو نقصان پہنچا ہو تو اس کے لئے باوضو ایک مرتبہ سورۃ الھمزہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرے اور آنکھ پر پھیر لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ زخم اور چوٹ سے شفاء حاصل ہوگی۔

آنتوں کے کیڑے چرنے وغیرہ

اگر کسی کی آنتوں میں کیڑے، چرنے ہوں تو اس سے نجات کے لئے سورۃ الفیل باوضو گیارہ بار روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ پانی مریض کو پلائے۔ یہ عمل ایک ہفتہ تک کرے انشاءاللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

آنکھوں کی شفاء کے لئے

جو شخص آنکھوں کے درد میں مبتلا ہو تو باوضو سات بار سورۃ الھمزہ پڑھ کر آنکھوں پر دم کرے یا دونوں ہاتھوں پر دم کرکے آنکھوں پر پھیر لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ آنکھوں کو درد سے نجات ملے گی۔

آنکھوں کی بیماری سے نجات

اگر کسی کی آنکھ میں تکلیف رہتی ہو یا آنکھیں خراب رہتی ہوں ان کی صحت کے لئے سورۃ الھمزہ کا نقش باوضو لکھے اور پانی میں یا دوا میں نقش گھول کر وہ پانی یا دوا آنکھ میں ڈالے۔ اگر پانی ڈالنا نقصان کرتا ہو تو صرف دوا ڈالے۔ انشاءاللہ تعالیٰ آنکھیں ہر قسم کی بیماری تکلیف سے صحت یاب ہو جائیں گی۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۲۰۸۴ ہیں اور چار پانچویں خانہ میں ہے۔ نقش یہ ہے۔

۲۰۸۴

۲۰۸۵	۲۰۸۸	۲۰۹۱	۲۰۷۷
۲۰۹۰	۲۰۷۸	۲۰۸۴	۲۰۸۹
۲۰۷۹	۲۰۹۳	۲۰۸۶	۲۰۸۳
۲۰۸۷	۲۰۸۲	۲۰۸۰	۲۰۹۲

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۱۰۵) سُوْرَةُ الْفِيْلِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۵

ناف ٹلنے (ہٹ جانے) کا عمل

ناف ٹلنے کا یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ سورۃ الفیل مکمل (چھوٹی سورت) اس طرح پڑھے کہ باوضو پہلے تین بار درود شریف (نماز والا درود شریف افضل و بہتر ہے) پڑھے اس کے بعد دس بار سورۃ الفیل پڑھے پھر آخر میں تین بار درود شریف پڑھے اور ناف پر دم کرے۔ پھر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے تمام بدن پر مل لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ناف جگہ پر آجائے گی۔

برائے حب

چاند دیکھنے کے بعد جب پہلی بدھ آئے۔ اس دن سے شروع کرے۔ مکان میں ایک جگہ منتخب کرلے وہ جگہ پاک و صاف رکھے۔ اور عطر و خوشبو اور خمیرنی (مٹھائی) وغیرہ بھی اسی جگہ رکھے۔ بدن، کپڑا، جگہ سب پاک ہو اور باوضو سورۃ الفیل بہ نیت تسخیر پڑھنا شروع کرے اور چار سو مرتبہ بلا ناغہ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے، مٹھائی پانے خود کھائے یا بچوں میں تقسیم کرے اور جب سورۃ الفیل ایک مرتبہ پڑھ چکے تو کہے فلاں ابن فلاں (اس کا نام اس کی والدہ کا نام لے) در محبت و عشق فلاں ابن فلاں (یہاں محبت کرنے والے کا نام اور اس کی ماں کا نام لے) نزد ختہ و بے قرار شدہ حاضر شو۔ چالیس دن تک ناغہ نہ کرے اور نہ تعداد میں کمی کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مقصد میں ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ یہ عمل صرف جائز مقصد میں استعمال کرے ناجائز اور حرام میں استعمال کرے گا تو نقصان اٹھائے گا۔ بہتر ہے کہ اس عمل کو کرنے سے پہلے کسی نیک متقی عالم دین سے مشورہ کرلے۔ یہ عمل اتنا پکا ہے کہ جب دونوں میں سے ایک رحلت کر جائے تب البتہ جدائی ہو۔

دشمن کی پائمالی اور ذلت کے لئے

اگر کوئی دشمن بروقت نقصان پہنچانے کے لئے تیار رہتا اور طرح طرح سے ستاتا ہو تو اس کی پائمالی اور ذلت کے لئے سورۃ الفیل مکمل باوضو بارہ سو پچاس (۱۲۵۰) مرتبہ پڑھے۔ پیر کے دن کے بعد جو رات آتی ہے جمعرات کی شب کہلاتی ہے اسی رات میں بعد نماز عشاء اس عمل کو کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پائمال اور ذلیل ہوگا اور پڑھنے والا اس پر غالب رہے گا۔

دفع دشمن کے لئے

اگر کسی کا دشمن بہت ظالم ہو اور ظلم و زیادتی سے باز نہ آتا ہو اس کے لئے سورۃ الفیل اس طرح پڑھے کہ اول سات مرتبہ درود شریف پھر تین سو تیرہ مرتبہ سورۃ الفیل پھر سات مرتبہ درود شریف پڑھے جب اصحاب الفیل کے کلمہ پر پہنچے دشمن کا تصور کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ناکام و نامراد ہو کر دفع ہو جائے گا۔

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ وہ یہ ہے کہ پڑھنا شروع کرے کٓهٰیٰعٓصٓ۔ حٰمٓعٓسٓقٓ۔ جب "ق" پڑھے تو دائیں ہاتھ کا انگوٹھا بند کرے (موڑ لے) جب "ھا" پڑھے تو انگوٹھے کے برابر والی انگلی بند کرے۔ پھر جب "یا" پڑھے تو اس کے برابر والی انگلی بند کرے پھر جب "عٓ" پڑھے تو اس کے برابر والی انگلی بند کرے جب "ص" پڑھے تو آخری (چھنگلیا) بند کرے اس کے بعد حٰمٓعٓسٓقٓ پڑھنا شروع کرے اور "حا" پر بائیں ہاتھ کی آخری انگلی (چھنگلیا) بند کرے جب "عٓ" پڑھے تو اس کے برابر والی انگلی بند کرے جب "سٓ" پڑھے تو اس کے برابر والی انگلی بند کرے جب "قٓ" پڑھے تو

انگوٹھے کے برابر والی انگلی بند کرے اور جب "ق" پڑھے تو بائیں ہاتھ کا انگوٹھا بند کرے۔ پھر جب دونوں انگلیاں بند ہو جائیں۔ تب آہستہ آواز سے سورۃ پڑھنی شروع کرے جب نَرْمِيْهِمْ کے لفظ پر پہنچے تو اس لفظ کو دس مرتبہ کہے اور ہر مرتبہ اس لفظ کو پڑھتے کے ساتھ ایک ایک کر کے انگلی کھولتا چلا جائے۔ پھر باقی سورۃ پڑھ کر ختم کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ ضرور دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

دفع دشمن کے واسطے

اگر کسی کو دشمن بہت پریشان کرتا ہو اور ہر وقت تکلیف پہنچانے کی فکر میں رہتا ہو تو ایسے دشمن کے دفع کرنے کے لئے بادضو ایک تسبیح پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہو جائے گا۔

دشمن سے حفاظت کے لئے

دشمن سے حفاظت کے لئے باوضو سورۃ الفیل کا نقش لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن سے حفاظت رہے گی اور وہ کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۵۸۵۹ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۶۸۶

۱۹۵۶	۱۹۳۹	۱۹۵۴
۱۹۵۱	۱۹۵۳	۱۹۵۵
۱۹۵۲	۱۹۵۷	۱۹۵۰

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۱۰۶) سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۴

آندھی کا طوفان، بارش کا طوفان دفع کرنا

آندھی کا طوفان، مینہ (بارش) کا طوفان، دفع کرنے کے لئے سورۃ قریش کو گیارہ بار باوضو پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ طوفان آگے چلا جائے گا۔
یہ عمل نہایت مفید ہے۔

دوکان کی ترقی کے لئے

دوکان کی ترقی کے لئے سورۃ قریش کو چاندی کے پترہ پر باوضو محرم کی دسویں تاریخ کو کندہ کرا کر (عود دھوکر) دوکان میں لگانا بہت مجرب عمل ہے۔ اس کے لگانے سے انشاء اللہ تعالیٰ دوکان بہت جلد ترقی کرتی ہے۔

پیشاب میں خون آنا

اگر کسی کو پیشاب میں خون آتا ہو اس کے لئے ضروری ہے کہ جب کھانا کھائے باوضو سورۃ قریش ایک مرتبہ پڑھ کر کھانے پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب میں خون آنا بند ہو جائیگا۔ چند دن عمل کرنا ضروری ہے۔

باؤلے (پاگل) کتے کا زہر

اگر باؤلے (پاگل) کتے کا کاٹا ہوا کو اس کے لئے پہلے ایک مرتبہ درود شریف پڑھے پھر بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے اس کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ قریش باوضو پڑھے پھر یہ الفاظ کہے۔

"الٰہی! بحرمت خواجہ محمد صادق ابن حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی قدس سرہٗ بحکم خدا و برکت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اثر سگ

دیوانہ گم شد"

یہ سب پڑھ کر اور کہہ کر پسے ہوئے نمک پر دم کریں۔ اور یہی دم کیا ہوا نمک خوراک میں ملا کر مریض کو گیارہ دن نمک استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پاگل کتے کے کاٹے کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

بچہ کا سوکھا اور دبلا پن

جو بچہ دبلا اور روز بروز سوکھتا جاتا ہو اس کے موٹا تازہ ہونے کا یہ عمل بہت مفید ہے۔ مکھن (مسکہ) گائے کا دودھ لے کر دہی جما کر چھاچھ بلو کر گھر میں نکالا گیا ہو۔ آدھ پاؤ (سو گرام) لے کر کانسی کی تھالی (یا جو برتن میسر ہو) میں ڈالے اور باوضو ایک سو مرتبہ سورۃ قریش (پوری سورت) پڑھ کر اس مکھن پر دم کرے اور اس مکھن میں پانی ڈال کر دونوں ہاتھوں سے اس پانی اور مکھن کو خوب ملائے۔ پھر اس کا پانی نتھار لے (پانی نکال دے) اور مکھن کسی برتن میں رکھ لے اس مکھن میں سے تھوڑا سا مکھن لے کر روزانہ بچے کے بدن پر ملے اس طرح کہ بدن کا کوئی حصہ خالی نہ رہے۔ اگر گرمی کا موسم ہو تو مالش کے بعد پانی سے نہلا کر کپڑے پہنا دے (صابن نہ لگائے) اور اگر جاڑے (سردی کا موسم ہو تو ٹھنڈی ہوا سے بچا کر نہلائے۔ ویسے بچے کو روزانہ نہلانا ضروری نہیں ہے۔

کاروبار میں ترقی کے لئے

جس آدمی کا کاروبار ٹھپ ہو چکا ہو اور روز بروز نقصان ہو رہا ہو تو اسے چاہیئے کہ سورۃ قریش باوضو کثرت سے اس نیت سے پڑھے کہ کاروبار کھل جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

درد گردہ کے لئے

اگر کسی شخص کو درد گردہ کی شکایت ہو تو سورۂ قریش کو باوضو پڑھ کر کھانے پر دم کر کے مریض کو کھلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد گردہ کی تکلیف سے نجات حاصل ہوگی۔

برائے دفع دشمن

موذی دشمن کے دفع ہونے کے لئے سورۂ قریش بعد نماز مغرب باوضو اکتالیس بار روزانہ پابندی کے ساتھ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوگا۔ اور اس کے شر سے حفاظت رہے گی۔

برائے قضائے حاجات و دفع خطرات

ہر قسم کی حاجات پوری کرنے کے لئے اور ہر قسم کے خطرات سے حفاظت کے لئے بعد نماز عشاء باوضو ایک سو مرتبہ سورۂ قریش جلسہ واحدہ (ایک ہی بیٹھک) میں پڑھے۔ روزانہ یہ عمل کرے اور اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

جنگل میں رہزن لٹیروں کا خطرہ یا خطرناک دشمن کا سامنا

قافلہ چلنے والوں یا جنگل بیابان میں رہزن لٹیروں کا خطرہ ہے یا کسی کو کسی سخت دشمن کا ڈر ہے یا جانی دشمن اچانک سامنے آگیا۔ قافلے کی حفاظت کے لئے اول و آخر درود شریف پڑھے پھر ایک سو ایک بار سورۂ قریش پڑھے اور آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر عاجزی سے دشمن کے دفع ہونے کی دعا

کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہو جائے گا مگر لفظ "اٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ" پر اس دشمن لٹیروں کا تصور کرتا رہے۔ اگر جانی دشمن سامنے آجائے تو سورۂ قریش جس قدر ممکن ہو پڑھتا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن بلا نقصان پہنچائے دفع ہوگا

غربت و بے روزگاری سے نجات

اگر کوئی شخص غریب و بے روزگار ہے اور ہر وقت پریشان رہتا ہے تو اسے چاہیئے کہ روزانہ کسی بھی وقت باوضو سورۂ قریش اکتالیس بار پڑھ لیا کرے اول و آخر درود شریف تین تین بار۔ اور جب کلمہ "اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ" پر پہنچے تو اپنی بھوک اور غریبی کے دفع ہونے کا تصور کرتا رہے۔

ہر بلا سے امن و امان

ہر بلا اور مصیبت سے نجات کے لئے سنت نماز کی رکعتوں میں سورۂ قریش پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہر بلا سے امن و امان میں رہے گا۔

زہر کے نقصان سے حفاظت

اگر کسی نے غلطی سے زہر کھالیا یا کسی دشمن نے زہر کھلا دیا ایسی صورت میں سورۂ قریش ایک مرتبہ پڑھ کر کھانے پر دم کرے اور کھانا کھائے انشاء اللہ تعالیٰ زہر کے اثرات سے محفوظ رہے گا۔ اگر جو کھانا کھا رہا ہے اس میں بھی زہر ہے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے زہر کے اثرات اور اس کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔

جس شخص کو زہر دیا گیا ہو اسکی صحتیابی کے لئے

(اگلا صفحہ)

اگر کسی شخص کو زہر کھلا دیا گیا ہو تو سورۃ قریش کو باوضو پاک صاف کی طشتری (پلیٹ) میں زعفران کو عرقِ گلاب میں حل کر کے لکھے۔ اور اس پلیٹ کو پانی سے دھو کر وہ پانی مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ زہر نقصان نہ کرے گا اور لرزہ (دھڑکن) اس کے دل کا جاتا رہے گا۔

ہر قسم کا درد، قے، جلن، جی متلانا

جو شخص جو کھاتا ہو اس سے پیٹ میں یا جسم میں درد رہتا ہو یا کھانے کے بعد قے ہو جاتی ہو یا سینے میں جلن کی شکایت ہو جائے یا کھانے کے بعد جی متلانے لگے تو ان تمام صورتوں میں باوضو ایک مرتبہ سورۃ قریش پڑھ کر کھانے پر دم کر کے اور کھانا کھائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام امراض سے محفوظ رہے گا۔ اور کھانا کھانے کے بعد کوئی گرانی محسوس نہ ہوگی۔

فکر و غم میں مبتلا کا علاج

اگر کوئی شخص کسی فکر و غم میں مبتلا ہو اور ہر وقت خاموش رہتا ہو اور اس کے غم کا پتہ بھی نہ چلتا ہو تو باوضو سورۃ قریش پڑھے اور پانی پر دم کرے اور وہ پانی اس غمزدہ کے چہرے پر زور سے مارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند بار کرنے سے اس کا فکر و غم دور ہوگا اور وہ ہنسی خوشی رہنے لگے گا۔

سفر کے دوران سواری کا حصول

اگر کوئی آدمی سفر کر رہا ہو لیکن راہ میں کوئی سواری ملنے کا امکان نہ ہو اور نہ کوئی سواری کا بندوبست ہو تو ایسی حالت میں دستر پر بیٹھ کر سورۃ قریش کو کثرت سے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سواری کا انتظام غیب سے ہوگا اور منزل مقصود

پر بآسانی پہنچ جائے گا۔ مجرب ہے۔

غربت کو دور کرنے کے لئے

جو شخص محتاج ہو یا غریب ہو وہ باوضو روزانہ ستر مرتبہ سورۃ قریش پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ محتاجگی اور غربت دور ہوگی اور مالدار ہو جائے گا۔

نظر بد کے دفعیہ کے لئے

اگر کسی بچہ یا بڑے پر نظر بد کا گمان ہو تو باوضو سورۃ قریش پڑھ کر کھانے پر دم کر کے کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ نظر بد کے اثرات زائل ہو جائیں گے

دشمنوں کے دفع ہونے کے لئے

اگر کسی شخص کا کوئی جانی دشمن ہو اور ہر وقت نقصان و تکلیف پہنچانے کی فکر میں رہتا ہو تو اس کے دفع ہونے کے لئے بعد نماز فجر روزانہ باوضو سورۃ قریش ایک سو ایک بار پڑھے۔ اول و آخر سات سات بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل ہوگا اور دفع ہوگا

دشمن کو جھکانے کے لئے

دشمن کو ذلیل کرنے اور جھکانے کے لئے سورۃ قریش کا نقش باوضو کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے اپنے داہنے بازو پر باندھ لے، عورت بائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل ہوگا اور سرنگوں ہوگا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۶۳۰۴ ہیں اور چال خانہ نہم میں ہے۔

نقش یہ ہے۔ (بقیہ صفحہ)

۷۸۶

۱۵۶۸	۱۵۸۲	۱۵۷۹	۱۵۷۵
۱۵۸۰	۱۵۷۴	۱۵۶۹	۱۵۸۱
۱۵۷۳	۱۵۷۷	۱۵۸۴	۱۵۷۰
۱۵۸۳	۱۵۷۱	۱۵۷۲	۱۵۷۸

(پارہ ۲۸) (سورۃ ۵۸) سُوْرَۃُ الْمَاعُوْنِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۷

دشمن کے برباد کرنے کے لئے

اگر کسی کا دشمن اس قدر خطرناک ہے کہ اس سے ہر وقت جان و مال کی بربادی کا خطرہ لگا رہتا ہے۔ یا کوئی خبیث ہے جو ہر وقت لوگوں پر ظلم کرتا ہے۔ ایسے دشمن کے برباد کرنے کے لئے اندھیری رات میں متواتر (برابر بلاناغہ) تین رات پابندی کے ساتھ باوضو سورۃ الماعون ایک ہزار ایکسو مرتبہ پڑھے اور نیت دشمن کے ہلاک ہونے کی کرنا دشمن کو جلد تباہ کرتا ہے۔ روحانی تیر ہے کہ جسمانی۔ صرف جائز مقصد کے لئے کرے ناجائز طور پر کرے گا یا بلاوجہ کسی بیوقوف کو ایسے نقصان پہنچائے گا تو خود تباہ و برباد ہونے کا خطرہ ہے۔ لہٰذا احتیاط ضروری ہے۔

اہل خانہ، اولاد اور رشتہ دار ہر قسم کی بلا اور محتاجگی سے حفاظت

جو شخص پابندی کے ساتھ باوضو سورۃ الماعون روزانہ اکتالیس بار پڑھے گا۔ اس سورۃ کے پڑھنے کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے تمام گھر والے، رشتہ دار اور اس کی اولاد ہر قسم کی بلا، آفات اور محتاجگی سے ہر طرح محفوظ رہے گی

ہر مشکل کو آسان کرنا

اگر کوئی مشکل پیش آئے تو باوضو سورۃ الماعون ایک ہزار مرتبہ ایک بیٹھک میں پڑھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی مشکل آسان ہوگی۔

مشکل مہم میں کامیابی کے لئے

اگر کسی شخص کو مشکلات نے گھیر لیا ہو اور ان سے نکلنے کا راستہ نہ ملتا ہو تو سورۃ الماعون کا نفس باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے داہنے بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جملہ مشکلات سے بآسانی نکل کنے کا اور سارے معاملات حل ہو جائیں گے۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۹۲۵۳ ہیں اور چال پانچویں خانہ میں ہے۔

۷۸۶

۲۳۰۵	۲۳۱۹	۲۳۱۶	۲۳۱۳
۲۳۱۷	۲۳۱۲	۲۳۰۶	۲۳۱۸
۲۳۱۱	۲۳۱۴	۲۳۲۱	۲۳۰۷
۲۳۲۰	۲۳۰۸	۲۳۱۰	۲۳۱۵

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۱۰۸) سُوْرَۃُ الْکَوْثَرِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۳

رزق کی زیادتی کے لئے

برائے زیادتی رزق بہ نیت غنا دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سات مرتبہ سورۃ کوثر پڑھے (یعنی پہلی رکعت میں بھی سات مرتبہ اور دوسری رکعت میں بھی سات مرتبہ سورۃ کوثر پڑھے) اور سلام پھیرنے کے

بعد گیارہ بار یہ دعا پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غنائے ظاہری و باطنی حاصل ہوگا
دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ

دردِ سر

اگر کسی شخص کے سر میں درد ہو اور کسی طرح آرام نہ آتا ہو تو سورۃ الکوثر سات بار باوضو پڑھکر مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد سر آرام ہوگا

آشوب چشم (آنکھ دکھنا)

اگر کسی کی آنکھیں دکھنی آگئیں ہوں تو اس کے لئے سورۃ الکوثر باوضو گیارہ بار پڑھ کر مریض کی آنکھ پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی صحت حاصل ہوگی۔ سورۃ الکوثر پڑھنے سے قبل گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور اسی طرح سورۃ الکوثر پڑھنے کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

پیٹ کے درد کے لئے

اگر کسی شخص کے پیٹ میں درد ہو اور کسی طور ٹھیک نہ ہوتا ہو تو باوضو سورۃ کوثر سات بار پڑھ کر نمک پر دم کرکے مریض کو چٹائیں انشاء اللہ تعالیٰ پیٹ کے درد سے فوراً آرام ہوگا۔

منہ کے چھالے

اگر کسی کے منہ میں چھالے ہو گئے ہوں تو اس کے لئے بادام پر گیارہ

مرتبہ باوضو سورۃ کوثر پڑھ کر دم کرے اور بادام کو گھس کر منہ کے چھالوں پر لگائے یا چھڑکے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند بار ایسا کرنے سے آرام ہو جائے گا۔

حضورِ اکرم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم (فداہ ابی و امی) کی زیارت کیلئے

اگر کوئی شخص حضور اکرم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کرنا چاہتا ہو تو اسے چاہیئے کہ سب سے پہلے گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک ہزار بار سورۃ کوثر پڑھے پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ چند روز اس عمل کو کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ زیارت نصیب ہوگی۔

دفع دشمن کے لئے

دشمن کو دفع کرنے اور اس کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے باوضو اول و درود شریف گیارہ بار پڑھے اس کے بعد تین سو تیرہ ۳۱۳ بار سورۃ کوثر پڑھے اور آخر میں پھر گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ جب آیت اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ پڑھے تو ہر بار دشمن کے دفع ہونے کا تصور کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہو جائے گا۔

استحاضہ (کثرتِ حیض)

اگر کسی عورت کو استحاضہ کا مرض ہو یا حیض کی کثرت کے سبب پریشانی ہو تو اس کے لئے روزانہ باوضو سورۃ کوثر تین سو تیرہ ۳۱۳ بار بارش کے پانی پر دم کرکے پلائیں۔ بارش کا پانی نہ ملے تو نہر، کنویں، دریا یا نل کا پانی لے لیں انشاء اللہ تعالیٰ استحاضہ اور کثرتِ حیض کے مرض سے شفا حاصل ہوگی۔

—÷—

برائے دفع دشمن و بربادیٔ دشمن

اگر کوئی دشمن بہت زیادہ ظلم کرتا ہو یا ہر وقت نقصان پہنچانے کی فکر میں رہتا ہو تو اس کے لئے چاند کے مہینے کے آخری منگل کو زوال کے وقت باوضو سورۂ کوثر ۱۸ مرتبہ پڑھ کر سرسوں کے دانوں پر دم کرے اور لفظ "اَبْتَرُ" کو "اَبْکَرُ" کہے۔ اور وہ سرسوں دشمن کے گھر میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوگا اور پریشان و برباد ہو جائے گا۔

تنبیہ: یہ عمل کرنے سے قبل کسی عالم دین سے مشورہ کرے ناحق کسی پر ظلم کرے گا تو خود برباد ہو جائے گا۔

برائے ہلاکیٔ دشمن

سات نئی مٹی کی اینٹیں لے کر ہر اینٹ پر سات سات بار باوضو سورۂ کوثر پڑھے اور اس اینٹ پر دم کرے۔ جب سب اینٹوں پر دم ہو جائے تو ان اینٹوں کو کسی ویران کنویں میں ڈال دے جہاں لوگوں کا آنا جانا نہ ہو انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ہلاک ہوگا۔

تنبیہ: یہ عمل انتہائی مجبوری اور آخری مشکل میں کیا جائے بلاشرعی وجہ کے کسی کو ہلاک کرنا دنیا و آخرت میں تباہی کا باعث ہے۔ بہتر یہ ہے کہ اس عمل کو کرنے سے قبل کسی نیک متقی عالم دین سے مشورہ کر لے۔

دشمن کی تباہی و بربادی و ہلاکت کے لئے

دشمن کی تباہی و بربادی و ہلاکت کے لئے اگر شریعت کی روشنی میں جائز ہو تو باوضو سورۂ کوثر مکمل اور بہ ظاہر

یَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ یَا قَاهِرُ قَهِّرِ الْاَعْدَاءَ۔

ایک مٹی کے پیالے یا پلیٹ (طشتری) پر لکھ کر اور اسے کوٹ کر باریک کر کے وہ خاک دشمن کے گھر میں ڈال دے۔ دشمن تباہ و برباد اور ہلاک ہوگا۔

دشمنوں میں نااتفاقی پیدا کرنا اور ان پر ہیبت قائم کرنا

دشمنوں کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے اور ان پر ہیبت قائم کرنے کے لئے باوضو سورۂ کوثر چالیس بار پڑھے اس کے بعد تمام دشمنوں کے نام لے کر کہے کہ ان سب میں آپس میں جدائی ہو جائے اور نااتفاقی ہو جائے کہ یہ کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکیں اور دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن یہ عمل کرنے سے دشمنوں میں نااتفاقی ظاہر ہوگی اور دشمنوں پر ہیبت قائم ہوگی اور لوگوں میں مظلوم کی عزت قائم ہوگی۔

تجارت میں برکت کے لئے

سورۃ الکوثر کو تانبے کے پترہ پر باوضو کندہ کرا کے دکان میں لٹکائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تجارت میں خوب برکت ہوگی اور دوکان خوب چلے گی۔

ہر قسم کی بیماری سے صحت کے لئے

جو شخص مریض ہو اور بیماری سخت ہو تو اس کے لئے سورۃ الکوثر باوضو ایک سو بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی تھوڑا تھوڑا پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے استعمال سے مریض بالکل صحتیاب ہوگا۔

بے اولاد کے اولاد ہونے کے لئے

(اگلے صفحہ پر)

اگر کوئی شخص اولاد سے محروم ہو تو سورۃ الکوثر کو باوضو پانچ سو بار روزانہ پڑھا کرے اور پابندی کے ساتھ یہ عمل مکمل تین ماہ تک کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صاحب اولاد ہو جائے گا۔

جس کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو

جس شخص کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو وہ اگر اس سورت کو سات سو مرتبہ صبح کی نماز کے بعد باوضو اکتالیس ۴۱ روز تک پڑھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی اولاد زندہ رہے گی اور ہمیشہ کے لئے اس کا نام جاری رہے گا۔

دفع دشمن اور بدگو لوگوں سے حفاظت

اگر کوئی شخص چاہے کہ دشمن دفع ہو اور لوگ اس کی بدگوئی نہ کریں تو اس کے لئے روزانہ کسی وقت بھی باوضو سات بار سورۃ الکوثر پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوگا اور لوگ اس کی بدگوئی نہ کریں گے۔

حاکم کے سامنے جانے کے لئے

اگر کسی حاکم یا سخت مزاج آدمی کے پاس کسی کام سے جانا ہو تو باوضو سات مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھ کر جائے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم نرمی سے پیش آئے گا۔

دشمن کے شر سے حفاظت

دشمن کے شر اور اس کی شرارت سے حفاظت کے لئے سورۃ الکوثر باوضو ایکسو بار روزانہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے شر اور اس کی شرارت سے محفوظ رہے گا۔

دشمن کی شرارت سے حفاظت

اگر کوئی دشمن ایذا دے، تکلیف پہنچائے اور شرارت کرے تو کوری اینٹ (کچی جو پکی نہ ہو) لے کر باوضو اس پر سورۃ الکوثر کا نقش لکھے اور اس اینٹ کو پرانی قبر میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ہر طرح سے ناکام رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۲۷۵۴ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۱۹	۹۱۴	۹۲۱
۹۲۰	۹۱۸	۹۱۶
۹۱۵	۹۲۲	۹۱۷

(پارہ نمبر ۳۰) (سورۃ نمبر ۱۰۹) سُوْرَۃُ الْکٰفِرُوْنَ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۶

شرک و بداعتقادی سے حفاظت

جو شخص سورۃ الکافرون کو نماز فجر کے بعد باوضو ایک مرتبہ ہمیشہ پڑھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ شرک اور بداعتقادی سے محفوظ رہے گا۔

ہر قسم کی حاجت روائی کے لئے

جو شخص اتوار کے دن سورج نکلنے کے وقت دس مرتبہ باوضو سورۃ الکافرون پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے جو حاجت طلب کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اس کی ہر قسم کی حاجت کو پورا کرے گا۔

بیمار کی صحتیابی کے لئے

(اگلے صفحہ پر)

اگر بخار سخت ہو اور کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو یا ایسا مرض ہو جس کا پتا معلوم نہ ہو اس مرض سے صحتیابی کے لئے سورۃ الکافرون باوضو ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) بار پڑھے اور مریض پر دم کرے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے انشاءاللہ تعالیٰ مریض جلد صحتیاب ہوگا۔

سانپ، بچھو یا بھڑ کے کاٹے کا علاج

اگر سانپ ڈس لے، یا بچھو ڈنک مارے یا بھڑ اپنا ڈنک چبھو دے تو اسی وقت ذرا سے پانی میں نمک گھول کر جس جگہ موذی جانور نے کاٹا ہے اس جگہ ملتے جائیں اور سورۃ کافرون باوضو پڑھ پڑھ کر مریض پر دم کرتے جائیں بہت دیر تک ایسا ہی کریں انشاء اللہ تعالیٰ آرام آجائے گا۔

بچوں کا رونا

جو بچہ اکثر روتا رہتا ہو، بہت شکایت چڑچڑا ہوتا ہو تو اس کے لئے باوضو تین بار سورۃ الکافرون پڑھ کر بچے پر دم کریں (بچے کے سر پر پھونک ماریں) انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونے سے رک جائے گا۔

ہر قسم کی بلاؤں کو دور کرنے کیلئے

ہر قسم کی بلاؤں کو دور کرنے کے لئے سورۃ الکافرون باوضو ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے۔ اور اس وقت تک پڑھتا رہے جب تک بلائیں دور نہ ہوں۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی بلائیں دور ہوں گی اور ان سے حفاظت رہے گی۔

ہر قسم کی بلاؤں سے حفاظت

(اگلے صفحہ پر)

ہر قسم کی بلاؤں سے حفاظت کے لئے باوضو سورۃ الکافرون کا نقش لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈالے یا بائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی بلاؤں سے حفاظت رہے گی۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۲۸۳۲ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۴۵	۹۴۰	۹۴۷
۹۴۶	۹۴۴	۹۴۲
۹۴۱	۹۴۸	۹۴۳

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۱۱۱) سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۳

برائے خاتمہ قرض

بعد نماز عشاء اسی جگہ پر جہاں نماز پڑھی ہے سورۃ النصر اکتالیس (۴۱) بار باوضو اکتالیس دن تک برابر بلا ناغہ پڑھتا رہے۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ (۱۱) مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ قرض کا خاتمہ ہوگا اور خوشحالی کا دور دورہ ہوگا۔

ہر قسم کی مراد پوری ہونے کے لئے

ہر قسم کی مراد پوری ہونے کے لئے سورۃ النصر کو ایک سو تیئیس (۱۲۳) بار ستر (۷۰) دن تک باوضو پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی مراد پوری ہوگی۔

ہر قسم کی رکاوٹ دور کرنے کے لئے

ہر قسم کی رکاوٹ دور کرنے کے لئے ہر نماز (فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشاء) کے بعد سات مرتبہ سورۃ النصر باوضو پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی

جلد سے بڑی رکاوٹ دور ہوگی۔

دشمنوں کے دفع کرنے کے لئے

اگر دشمن ستاتے ہوں یا تنگ کرتے ہوں ان کے دفع کرنے کے لئے عشاء کی نماز کے بعد باوضو اکیس[۲۱] بار سورۃ النصر مکمل پڑھے اور نَصْرٌ اللّٰہِ کا لفظ تین[۳] بار بلند آواز سے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوں گے اور ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

فتح یابی اور کامیابی کیلئے

اگر دشمن پر فتح حاصل کرنا چاہتا ہو تو اول تین[۳] بار درود شریف پڑھے پھر اکہتر[۷۱] بار سورۃ النصر باوضو پڑھے اور آخر میں درود شریف تین[۳] بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔

بے یارو مددگار کی نصرت

اگر چاہے کہ دشمن پر رعب و ہیبت طاری ہو اور ڈر سے پسپا ہو جائے اور فتح حاصل ہو تو چاہیے کہ سورۃ النصر پڑھے اور جب آیت یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا[۲] پر پہنچے تو یہ تصور کرے کہ اللہ تعالیٰ میرا مددگار بنا پھر تین[۳] بار درود شریف پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے مدد و نصرت کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

دشمن کے پسپا ہونے اور کامیابی کے لئے

اگر چاہے کہ دشمن پر رعب و ہیبت طاری ہو اور ڈر سے پسپا ہو جائے

اور فتح حاصل ہو تو چاہیے کہ سورۃ النصر کو باوضو اپنے ہتھیار اور لڑائی کے سامان پر نقش کرے (کندہ کرے) اور دشمن کے سامنے جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ہیبت زدہ ہو کر پسپا ہوگا اور فتح حاصل ہوگی۔

دشمن پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے

دشمن پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے باوضو سورۃ النصر کو ہر روز سات مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر غلبہ حاصل ہوگا۔

روزی میں برکت کے لئے

روزی میں برکت اور فراخی کے لئے سورۃ النصر باوضو پچیس[۲۵] بار بعد نماز فجر پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ روزی میں برکت اور فراخی حاصل ہو۔

دفع دشمن کے لئے

جو شخص ہر روز باوضو سورۃ النصر سات بار پڑھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا دشمن دفع ہوگا اور اس کے نقصان اور شر سے محفوظ رہے گا۔

محتاجی دور کرنا

اگر کوئی شخص روزانہ باوضو سورۃ النصر ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ تو محتاجی سے محفوظ رہے اور اسے اللہ تعالیٰ کی خصوصی مدد حاصل ہو انشاء اللہ تعالیٰ

دشمن پر فتح پانا

جب کوئی دشمن ہر طرح سے تکلیف پہنچانے کی فکر میں رہتا ہو

تو اس کے لئے سورۃ النصر کو ایک ہزار ایک سو گیارہ بار باوضو پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔ اور دشمن تکلیف پہنچانے سے باز آجائے گا۔

دشمن کے شر سے حفاظت

دشمنوں کے شر سے حفاظت کے لئے باوضو سورۃ النصر کا نقش لکھے اور موم جامہ کرکے اپنے گلے میں ڈال لے یا اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے انشاءاللہ تعالیٰ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۶۱۲۴ ہیں اور چال نویں خانہ میں ہے نقش یہ ہے۔

۱۵۳۰	۱۵۳۴	۱۵۳۰	۱۵۲۳
۱۵۳۶	۱۵۲۴	۱۵۲۹	۱۵۳۵
۱۵۲۵	۱۵۳۹	۱۵۳۲	۱۵۲۸
۱۵۳۳	۱۵۲۷	۱۵۲۶	۱۵۳۸

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۱۱۱) سُوْرَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۵

برائے عداوت

سورۃ اللہب کو بغیر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے نمک، سرسوں اور دونوں فریق جن میں عداوت کرانی ہے ان کے سر کے بال لے کر باوضو اکیس مرتبہ پڑھے اور پہلے نمک پر پھونک مارے (دم کرے) اس کے بعد پھر اکیس بار پڑھے اور سرسوں کے دانوں پر دم کرے اور اکیس مرتبہ سورۃ اللہب کو پڑھ کر بالوں پر دم کرے اور دونوں کا نام ان کی والدہ کے نام کے ساتھ لے اور کہے کہ ان میں عداوت ہوجائے۔ سخت دشمنی ہوجائے گی لیکن

اس عمل میں شرط یہ ہے کہ جہاں شریعت کی رو سے جائز ہو کرے اور ناجائز کام کے سلسلے میں کرے گا تو سخت گنہگار ہوگا اور خود بڑا نقصان اٹھائے گا چنانچہ ناجائز دشمنی کرانے میں اس عمل کو استعمال نہ کرے۔

دشمن کے شر سے حفاظت کے لئے

سورۃ اللہب کسی بھی وقت ایک ہزار ۱۰۰۰ مرتبہ روزانہ باوضو پڑھ لیا کرے۔ اگر رات کو پڑھے تو زیادہ بہتر ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا اور دشمن دفع ہوجائے گا۔

دفع دشمن کے لئے

اگر کسی کا دشمن خون کا پیاسا ہو یا ہر قسم کی تکلیف دینے پر ہر وقت آمادہ رہتا ہو تو اس کے لئے باوضو سورۃ اللہب اکتالیس مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور لفظ "اَبِیْ لَهَبٍ" پر اپنے دشمن کا تصور کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوجائے گا۔

تنبیہ: اس عمل کو ناجائز طور پر استعمال نہ کرے ورنہ گنہگار ہونے کے علاوہ قیامت کے دن ذلیل و رسوا ہوگا۔

ظالم دشمن کی بربادی کے لئے

سورۃ اللہب کو روزانہ باوضو تین ہزار مرتبہ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن تباہ و برباد ہوگا۔ یہ عمل جائز کام کے لئے ہے ناجائز استعمال کرے گا تو خود بھی تباہ ہوگا۔ لہٰذا احتیاط ضروری ہے اور عمل کرنے سے قبل اگر کسی شریعت کے ماہر عالم سے دریافت کرلیں تو بہتر ہے۔

دشمن سے حفاظت کے لئے

ہر قسم کے دشمن سے حفاظت کے لئے باوضو سورۃ اللھب کا نقش لکھے اور موم جامہ کرکے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن سے حفاظت رہے گی۔ اور دشمن ہمیشہ ناکام ہوگا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۵۸۲۶ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹۴۳	۱۹۳۸	۱۹۴۵
۱۹۴۴	۱۹۴۲	۱۹۴۰
۱۹۳۹	۱۹۴۶	۱۹۴۱

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۱۱۲) سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۴

کھانسی سے نجات کے لئے

جس شخص کو کھانسی نے تنگ کیا ہو اس کے لئے سورۃ اخلاص باوضو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائے انشاء اللہ تعالیٰ کھانسی سے نجات حاصل ہوگی۔

حاجت پوری ہونے کے لئے

جس شخص کو کوئی اہم حاجت پیش آگئی ہو اس کے پورا ہونے کے لئے باوضو سورۃ الاخلاص سات ہزار (۷۰۰۰) مرتبہ پڑھے۔ حل واکثر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاجت حل ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔

اولاد ہونے کے لئے

جو عورت بانجھ ہو اور اولاد سے محروم ہو اس کے لئے دس رات پڑھے۔ ایک رات میں ایک ہزار ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھے اور دس راتوں میں دس ہزار کی تعداد پوری کرے۔ ناغہ نہ کرے مسلسل پڑھے اور اولاد کے ہونے کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بانجھ پن ختم ہوکر اولاد ہونے لگے گی۔ عورت نہ پڑھ سکے تو شوہر پڑھے۔

سانپ کے کاٹنے سے حفاظت

جو شخص سورۃ اخلاص ایک سو بار روزانہ پڑھے گا اس کو سانپ نہیں کاٹے گا اور اگر کاٹ بھی لے تو زہر اثر نہیں کرے گا۔

نظر کی پہچان اور اس کا علاج

نظر کی پہچان اور اس کے علاج کے لئے ایک مرغی کا انڈا لے اس پر باوضو سات جگہ یہ کلمات لکھیں وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا مَدَحَ وَقَرَعَ

اور پھر انڈہ کو اپنی ہتھیلی میں لے کر سرسوں دھنیا جو سوکھا یا گیا ہو، کوئلے کی آگ بلا کر اس میں تھوڑا تھوڑا ہر اور دھنیا ڈال کر اس کی دھونی انڈہ کو دیں۔ اور دھونی کے ساتھ ساتھ سورۃ اخلاص پڑھتے رہیں۔ جب تک وہ انڈہ خود بخود ہتھیلی پر کھڑا نہ ہوجائے تو پھر اس انڈے کو توڑ دیں اس کے اندر سے خون کے سرخ نقطے نظر آئیں تو جان لیں کہ نظر لگی ہے۔ اگر سرخ نقطے نہ ہوں تو نظر نہیں ہے بلکہ بیماری ہے اس کا علاج کریں۔ اور اگر نظر معلوم ہو تو اسی انڈے کی زردی وغیرہ

سے ذرا سا کچھ لے کر نظر لگے ہوئے بچے کی پیشانی (ماتھے) پر مل دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ نظر اسی وقت اُتر جائے گی اور بچہ فوراً اچھا ہو جائے گا۔

ناخونہ، ظفرہ، پھولا سے صحت

ناخونہ، ظفرہ، پھولا سے نجات کے لئے سورۃ اخلاص باوضو پڑھ کر آنکھوں پر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی۔

پاؤں کے امراض

پاؤں میں درد ہو یا کوئی اور تکلیف ہو اس کے لئے سورۃ اخلاص باوضو پڑھ کر سرسوں یا زیتون کے تیل پر دم کریں اور تین دن پاؤں پر مالش کریں انشاء اللہ تعالیٰ درد اور دیگر تکالیف سے نجات حاصل ہوگی۔ (۱۱) بار

پیشاب کی بندش اور رکاوٹ

اگر کسی کا پیشاب رُک گیا ہو یا اس میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہو تو باوضو گیارہ بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد گیارہ بار سورۃ اخلاص پڑھیں اور پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور پانی پر دم کریں اور وہ پانی تھوڑا تھوڑا کر کے مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب کی بندش کھل جائے گی۔

منہ کے چھالے

اگر کسی کے منہ میں چھالے ہو گئے اور کھانا کھانا مشکل ہو گیا ہو تو ایسی صورت میں باوضو سورۃ اخلاص اکتالیس (۴۱) بار پڑھ کر چینی یا مصری پر دم کر کے منہ میں رکھ کر چوسیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی۔

معدہ کے منہ (فم معدہ) کا درد

بعض مرتبہ تیز مرچ کھانے سے یا سخت چیز نگلنے سے معدہ کا منہ درد کرنے لگتا ہے۔ اس کے لئے تین (۳) عدد کالی مرچ لیں اور باوضو اکیس (۲۱) بار سورۃ اخلاص پڑھ کر ان پر دم کریں اور مریض کو کھلائیں یہ عمل ایک ہفتہ تک کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی۔

سر میں پانی بھر جانا

باوضو سورۃ اخلاص سالم زبان سے پڑھتا جائے اور سر پر ہاتھ پھیرتا جائے۔ تین بار یہی عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند دن یہ عمل کرنے سے صحت حاصل ہوگی

قید سے رہائی کے لئے

قید سے رہائی کے لئے سورۃ اخلاص کو باوضو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قید سے جلد رہائی ملے

برائے حب و رفع شان

لوگوں میں مقبول ہونے اور عزت و عظمت میں اضافہ کے لئے سورۃ اخلاص کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے داہنے بازو پر باندھے۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۱۰۰۲ ہیں اور نقش یہ ہے

۳۳۵	۳۳۰	۳۳۷
۳۳۶	۳۳۴	۳۳۲
۳۳۱	۳۳۸	۳۳۳

(پارہ ۳۰)(سورۃ ۱۱۳) سُوْرَۃُ الْفَلَقِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۵

وسوسۂ شیطانی سے حفاظت

شیطانی وسوسوں سے حفاظت کے لئے سورۃ الفلق باوضو بعد نماز فجر ایک دفعہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا۔

دفع جمیع بلیات وجادو

تمام بلیات کو دفع کرنے کے لئے اور جادو اور سحر سے حفاظت کے لئے روزانہ باوضو تین مرتبہ سورۃ فلق پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بلاؤں اور سحر و جادو سے محفوظ رہے گا۔

بچوں کی نظرِ بد، جادو جن اور آسیب سے حفاظت

سورۃ الفلق کو باوضو تین بار پڑھ کر بچوں پر دم کرنے سے بچے نظرِ بد، جادو، جن اور آسیب سے محفوظ رہتے ہیں۔

سحر کے دفعیہ کے لئے

سحر و جادو کے دفعیہ کے لئے سورۃ الفلق ایک سو ایک بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لے انشاء اللہ تعالیٰ سحر و جادو سے نجات حاصل ہوگی۔

سحر و جادو و جن سے حفاظت

سحر و جادو، جن و آسیب سے حفاظت کے لئے سورۃ الفلق کا نقش

باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے یا سیدھے بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ سحر، جادو، جن اور آسیب سے حفاظت رہے گی اور دل سے ہر قسم کا ڈر نکل جائے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۸۶۷۷ ہیں اور چال پانچویں خانہ میں ہے اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۱۶۹	۲۱۷۲	۲۱۷۵	۲۱۶۱
۲۱۷۴	۲۱۶۲	۲۱۶۸	۲۱۷۳
۲۱۶۳	۲۱۷۷	۲۱۷۰	۲۱۶۷
۲۱۷۱	۲۱۶۶	۲۱۶۴	۲۱۷۶

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۱۱۴) سُوْرَۃُ النَّاسِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۶

وساوسِ شیطانی سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے

جس شخص کو شیطانی وساوس اور بُرے بُرے خیالات کثرت سے آتے ہوں اسے چاہیے کہ سورۃ الناس باوضو روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھ لیا کرے، یا پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شیطانی وساوس اور بُرے بُرے خیالات سے حفاظت رہے گی۔ یہ اکسیر عظم ہے

سانپ کے کاٹے، بچھو اور بھڑ، تتیا کے ڈنک کا علاج

جس شخص کو سانپ ڈس لے یا بچھو، شہد کی مکھی، بھڑ، تتیا ڈنک مارے اس کے لئے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ سورۃ الناس باوضو پڑھتا جائے اور مریض پر دم کرتا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پانچ منٹ

تک مسلسل پڑھنے اور دم کرنے سے مریض کو صحت حاصل ہوگی۔
اسی طرح سانپ کے ڈسے ہوئے پر سورۃ الناس تین مرتبہ یا گیارہ مرتبہ باوضو پڑھ کر نمک پر دم کرے اور سانپ ڈسے ہوئے کو وہ نمک تھوڑا تھوڑا کر کے چٹاتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سانپ کا زہر اثر نہ کرے گا۔

ڈیہ کا مرض

نمک کی سات کنکریاں لے اور بچہ کے پیٹ پر پھیرتا جائے اور سورۃ الناس باوضو پڑھا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً فائدہ ہوگا۔

جادو و بلیات سے حفاظت

جادو و بلیات سے حفاظت کے لئے روزانہ باوضو تین مرتبہ سورۃ الناس پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جادو اور ہر قسم کی بلیات سے حفاظت رہے گی۔

وساوس شیطانی سے حفاظت

جو شخص باوضو سورۃ الناس کو تین مرتبہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ ہر قسم کے وساوس شیطانی و دیو و جنات سے محفوظ رہے گا۔

بچے کی جملہ آفات و بلیات سے حفاظت

اگر کوئی بچہ ڈرتا ہو، سوتے میں چونکتا ہو، یا ہر وقت روتا رہتا ہو یا ہر وقت کسی نہ کسی مرض یا تکلیف میں مبتلا رہتا ہو اس کے لئے سورۃ الناس کو باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جملہ آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا۔

برائے حب

سورۃ الناس کو باوضو اس ترکیب سے پڑھے اور اکیس لونگ لے (گرم مصالحہ والی لونگ) اور ہر لونگ پر اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور ایک ایک کر کے لونگ انگاروں کی آگ میں جلاتا جائے۔ گیارہ دن تک پابندی کے ساتھ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی صرف جائز مقاصد کے لئے کرے ناجائز کام کے لئے کرے گا تو کامیاب نہ ہوگا۔ سورۃ الناس پڑھنے کی ترکیب یہ ہے۔
فلاں کی جگہ محبوب کا نام اور بن فلاں کی جگہ اس کی ماں کا نام لکھے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ	فلاں بن فلاں کی جان میرے پاس
مَلِكِ النَّاسِ	فلاں بن فلاں کی جان میرے پاس
اِلٰهِ النَّاسِ	فلاں بن فلاں کی جان میرے پاس
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ	فلاں بن فلاں کی جان میرے پاس
الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ	فلاں بن فلاں کی جان میرے پاس
مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ۔	فلاں بن فلاں کی جان میرے پاس۔

(طحال) تلی کے مرض کیلئے

طحال یعنی تلی کے مرض کے لئے سورۃ الناس کو باوضو گیارہ بار پڑھے اور بارش کے پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے اگر بارش کا پانی موجود نہ ہو تو جو پانی مل جائے اسی پر دم کر کے پلادے انشاء اللہ تعالیٰ تلی کے مرض سے صحت حاصل ہوگی۔

سحر جادو سے نجات

سحر و جادو سے نجات حاصل کرنے کے لئے سورۃ الناس کو باوضو اکیس

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ) باوضو پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ سحر سے نجات حاصل ہوگی۔

نظرِ بد و آفات سے بچوں کی حفاظت

معوذتین باوضو تین۳ بار پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ اور پانی پر دم کر کے پلائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ نظرِ بد دور ہوگی اور بچہ ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہے گا۔

آسیب کا خلل

معوذتین باوضو سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور مریض پر دم بھی کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب کا خلل دور ہوگا۔

چولھے میں آگ نہ جلے یا آگ کی گرمی ظاہر نہ ہو

اگر آگ نہ جلے یا جلنے کے باوجود اس میں چیز پکانے کی صلاحیت نہ ہو تو معوذتین تین۳ مرتبہ باوضو پڑھ کر چولھے اور آگ پر پھونک ماری جائے انشاءاللہ تعالیٰ آگ میں تیزی پیدا ہوگی۔

جنون اور پاگل پن دُور کرنا

معوذتین کو گیارہ ۱۱ باوضو پڑھ کر سات کنوؤں کے پانی پر دم کر کے مریض کو پلایا جائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جنون و پاگل پن دور ہوگا۔

نظرِ بد سے بچنے اور نظر دفع ہونے کے لئے

قرآن پاک کی آخری تین سورتیں (سورۃ اخلاص، قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس) باوضو ایک بار روزانہ پڑھے پھر تین۳ بار یہ سورتیں

مرتبہ روزانہ پڑھے اور پانی پر دم کر کے پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ سحر و جادو سے نجات حاصل ہوگی۔

جادو و جن بھوت سے نجات

ہر قسم کی بلائے حماقت، جادو، سحر، جن بھوت سے محفوظ رہنے کے لئے سورۃ الناس کا نقش باوضو لکھے اور اس نقش کو موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ اسی طرح بچوں کی حفاظت کے لئے بھی یہ نقش بہت مفید ہے۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۵۲۹۶ ہیں۔ جمل نویں خانہ میں ہے۔ نقش یہ ہے۔

(۸۶)

۱۳۲۳	۱۳۲۷	۱۳۳۰	۱۳۱۶
۱۳۲۹	۱۳۱۷	۱۳۲۲	۱۳۲۸
۱۳۱۸	۱۳۳۲	۱۳۲۵	۱۳۲۱
۱۳۲۶	۱۳۲۰	۱۳۱۹	۱۳۳۱

معوذتین (یعنی سورۃ الفلق و سورۃ الناس) پاگل پن۔ مالی خولیا۔ وہم و سواس

جس شخص کو مالی خولیا اور وہم کا مرض ہو اس کے لئے معوذتین گیارہ گیارہ (یعنی گیارہ بار سورۃ الفلق اور گیارہ بار سورۃ الناس) باوضو پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مریض کو شفاء حاصل ہوگی۔

سحر کے دفعیہ کے لئے

سحر کے دفعیہ کے لئے کثرت سے معوذتین (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ

پڑھے پھر ایک بار درود شریف پڑھے۔ جس کو نظر بد لگی ہے یا نظر بد لگنے کا خوف ہو اس پر روزانہ تین۳ دن تک دم کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نظر بد سے محفوظ ہو جائے گا۔

جانور کی نظر بد دور کرنا

اگر کسی جانور کو نظر بد لگ گئی ہو اور وہ دودھ نہ دیتا ہو یا دانہ گھاس نہ کھاتا ہو تو اول ایک بار درود شریف پڑھے۔ پھر تین۳ بار باوضو سورۃ اخلاص سورۃ فلق اور سورۃ ناس پڑھے اور آخر میں ایک بار درود شریف پڑھے اور جانور پر دم کرے اور دانہ گھاس پر دم کرے اور نمک پر دم کرے اور تین۳ دن تک دم کرتا رہے اور دانہ گھاس، نمک پر دم کرکے کھلاتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جانور کی نظر بد دور ہوگی۔

سحر و جادو کے دفع کے لئے

سحر و جادو کے دفع کے لئے باوضو ایک بار درود شریف پڑھے پھر تین۳ بار سورۃ اخلاص، سورۃ فلق اور سورۃ ناس پڑھے پھر ایک بار درود شریف پڑھ کر مریض پر دم کرے اور پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر و جادو دفع ہوگا۔

ہر قسم کے حوادثات سے حفاظت

جس مکان میں سوتے اور سوتے وقت باوضو سورۃ اخلاص، سورۃ فلق اور سورۃ ناس تین۳ مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر پھونک مار دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام حوادثات سے محفوظ رہے گا۔

جنگل میں اور دورانِ سفر ہر بلا سے حفاظت

اگر جنگل میں جائے یا سفر کر رہا ہو تو معوذتین کو تین۳ بار باوضو پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کرکے اسے تمام بدن پر پھیر لے۔ پھر تین۳ بار دوبارہ معوذتین کو پڑھے اور اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کرکے اپنے تمام بدن پر پھیر لے۔ پھر تیسری بار معوذتین کو تین۳ بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے تمام بدن پر پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جنگل میں ہر قسم کے خطرات، ڈاکو، جن بھوت اور موذی جانوروں سے محفوظ رہے گا۔

ہر قسم کی نظر بد، سحر، جادو اور حوادثات سے حفاظت

ہر قسم کی نظر بد، سحر، جادو اور حوادثات سے حفاظت کے لئے باوضو معوذتین کا نقش لکھے اور موم جامہ کرکے کالے کپڑے میں یا کالے چمڑے میں کرکے گلے میں باندھ لے یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح سے حفاظت رہے گی۔

معوذتین کے کل اعداد ۱۳۹۷۳ ہیں۔ اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۴۹۳	۳۴۹۶	۳۴۹۹	۳۴۸۵
۳۴۹۸	۳۴۸۶	۳۴۹۲	۳۴۹۷
۳۴۸۷	۳۵۰۱	۳۴۹۴	۳۴۹۱
۳۴۹۵	۳۴۹۰	۳۴۸۸	۳۵۰۰

حاکم کے روبرو جانے کے لئے

(اگلا صفحہ پر)

اگر حاکم کے سامنے جائے تو یا وضو معوذتین گیارہ بار پڑھ کر حاکم کی طرف منہ کر کے پھونک مارے اور اپنے دونوں ہاتھوں پر بھی گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے اپنے بدن پر پھیر لے اور اپنے سینے پر بھی پھونک مارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاکم کے رعب اس کی دہشت اور ہر قسم کے خطرہ سے محفوظ رہے گا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

آج مورخہ ۱۲ر شوال المکرم ۱۴۱۷ھ/یکم مارچ ۱۹۹۷ء
بروز ہفتہ بعد نماز عصر بیاض اوّل حضرت حاجی محمد شاہ صاحب بھلتی رحمۃ اللہ علیہ کی تکمیل ہوئی۔

تنبیہ: بیاض اوّل میں عشر آخر سورتوں کی بابت حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے چند ارشادات تحریر فرمائے تھے ہم نے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے قرآن پاک کی جملہ ایک سو چودہ (۱۱۴) سورتوں کے خواص اور نقوش جمع کر دیئے ہیں۔ اب اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ بیاض اوّل ہر طرح سے مکمل اور لائق استفادہ ہو گئی ہے۔ قارئین اور اس بیاض سے فائدہ اٹھانے والوں سے التماس ہے کہ وہ حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی مغفرت اور بلندی درجات کی دعا فرمائیں۔ اور اس کتاب کی عند اللہ مقبولیت اور مخلوق خدا کے لئے نفع رساں ہونے کی دعا کریں نیز احقر ناقل اور اس کے جملہ اہل خانہ کے لئے بھی دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ دین و دنیا کی کامیابیاں عطا فرمائے۔ آمین

آپ نے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ "آثار عملیات و تعویذات" کی جلد پنجم سے فائدہ اٹھایا۔
اب جلد ششم، جلد ہفتم اور جلد ہشتم سے فائدہ حاصل کریں۔

تَمَّتْ بِالْخَیْرِ

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ

اور اُتارتے ہیں ہم قرآن میں سے وہ چیز کہ وہ شفا ہے اور رحمت واسطے ایمان والوں کے۔

سات سو ۷۰۰ عملیات و تعویذات

خاندان شاہ ولی اللہ محدث دھلوی علماء دیوبند و سہارنپور اور انکے منتسبین کے آسان اور فوراً اثر کرنیوالے عملیات اور تعویذات کا بیش قیمت مجموعہ جس میں ایک سو سالہ پرانی اور نایاب بیاض بھی شامل ہے۔

جلد: ٦

مرتبہ

عامل کامل اعجاز احمد خاں سنگھانوی

ایم۔اے

اسلامیات، تاریخ اسلام، عربی

ناشر

مظہر بکڈپو

دکان نمبر ST-2,III E محبوب کارنر فرنٹ گول مارکیٹ ناظم آباد ۱ کراچی ۱۸

پوسٹ کوڈ نمبر: ۷۴۶۰۰

محمد اجمل مفتاحی متوناتھ بھنجن پوربی اتر پردیش انڈیا

نام کتاب ——— آسان عملیات وتعویذات جلد ششم
نام مرتب ——— اعجاز احمد خاں سنگھانوی (ایم۔ اے)
نام کاتب ——— محمد عیسیٰ سربازی/عبدالغفار رئیس/سید احمد شاہ
سائز ——— ۲۳ × ۳۶ / ۱۶
کل صفحات ——— ۳۲۰
قیمت ——— ۳۰۰ روپے
ناشر ——— شاہ محمد قمر عالم خان
اشاعتِ اوّل ——— صفر المظفر ۱۴۱۸ھ / مئی ۱۹۹۷ء
مصحح — استاذ الحفاظ والقراء قاری وحافظ فرید احمد صدیقی دہلوی
فون: ۶۷۰۳۴۹۴ (6703494)

اجازت

از طرف مؤلف

میں جملہ مرد وعورت کو ان عملیات کی اجازت دیتا ہوں۔ البتہ ان شرائط کی پابندی کی جائے۔

۱۔ نماز باجماعت۔ عورتیں اپنے گھر پر پابندی کے ساتھ اوّل وقت نماز ادا کریں۔

۲۔ حلال روزی کمانے اور کھانے کا اہتمام کریں۔

۳۔ سچ بولیں، جھوٹ اور بیہودہ باتوں سے بچیں۔

۴۔ تقویٰ اختیار کریں اور کسی اللہ والے کی صحبت اختیار کریں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو کبھی کبھی اللہ والوں کی خدمت میں حاضری دیا کریں۔ عورت اپنے شوہر کے ساتھ جائے اور پردے کی پابندی کرے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عملیات کرنے والے کے لئے ضروری ہدایات

۱- تعویذ لکھنے والے یا عمل کرنے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ نمازِ پنجگانہ مسجد میں باجماعت پابندیٔ وقت کے ساتھ ادا کرے، نوافل، اشراق، چاشت اوابین اور سنت تہجد کی ادائیگی میں حتی الامکان کوشش کرے۔ نیز مختلف اوقات میں تحیۃ الوضو، تحیۃ المسجد اور دیگر نوافل بھی ادا کرتا رہے۔

۲- کثرت سے درود شریف کا ورد رکھے۔ ہر نماز کے بعد سو دفعہ درود شریف پڑھے۔ جو درود نماز میں پڑھا جاتا ہے وہ افضل ہے، ورنہ جو درود شریف یاد ہو پڑھے۔ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ استغفار پڑھے۔ نیز فارغ اوقات میں ذکرِ الٰہی میں زبان کو مصروف رکھے، بیہودہ اور فضول باتوں میں وقت ضائع کرنے سے بچے۔ اپنا قیمتی وقت محنت مزدوری اور یادِ الٰہی میں صرف کرے۔ اپنے بچوں کی دیکھ بھال میں وقت صرف کرنا بھی بہتر ہے۔ روزانہ گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھا کرے، اس طرح کہ فجر، ظہر، عصر، مغرب کی نماز کے بعد دو دو مرتبہ اور عشاء کے بعد تین مرتبہ۔ اگر ایسا نہ ہو سکے تو ایک ہی بیٹھک میں گیارہ مرتبہ پڑھ لے۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔

۳- تعویذ اور نقش باوضو لکھے۔ بغیر وضو نہ کوئی عمل کرے اور نہ تعویذ وغیرہ لکھے ہمیشہ کوشش کر کے باوضو رہے۔

۴- نقش یا تعویذ لکھنے سے پہلے زبان سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ضرور پڑھے۔

۵- تعویذ لکھتے وقت اُس آیت، دُعا، کلمات یا الفاظ کو زبان سے ضرور پڑھے اگر آیت یا دُعا کے الفاظ پر اعراب نہ ہوں تو کسی عالمِ دین سے اعراب لگوا لے لکھی جانے والی آیت، دعا یا کلمات کو لکھنے سے پہلے ایک دفعہ پڑھ لینے سے



اس تعویذ کی قوتِ تاثیر میں زبردست اضافہ ہو جاتا ہے۔

۶۔ نقش یا تعویذ کو ہمیشہ موم جامہ کر کے باندھے تاکہ ہر قسم کی بے حرمتی کے گناہ سے محفوظ رہے۔ بغیر موم جامہ کئے کوئی نقش یا تعویذ نہ باندھے۔

۷۔ تعویذ یا نقش پرسیدہ ہو جائے تو اسے کسی پاک و صاف کپڑے میں لپیٹ کر کسی پاک جگہ دفن کر دے یا پتھر کے ساتھ باندھ کر سمندر یا کنویں میں ٹھنڈا کر دے (یعنی آہستہ سے اس میں چھوڑ دے پتھر پھینکنے کی طرح نہ پھینکے)

۸۔ نقش یا تعویذ موم جامہ کر کے مرد اپنے دائیں (سیدھے) بازو پر باندھے یا گلے میں ڈالے اس طرح کہ نقش دل پر ہو۔ اگر عورت ہو تو بائیں بازو میں موم جامہ کر کے نقش باندھے یا گلے میں ڈالے۔

۹۔ نقش یا تعویذ کو موم جامہ کر کے چاندی کے تعویذ میں بند کرلے یا پھر کسی نیلے یا کالے کپڑے میں بندکرے یا پاک چمڑے میں سلوالے۔ بغیر موم جامہ کوئی تعویذ یا نقش نہ باندھے۔

۱۰۔ اگر ہرن کی کھال پر تعویذ لکھنا ہو تو چاندی کا ورق بنانے والوں کے پاس سے ہرن کی کھال آسانی مل جاتی ہے۔ ان سے خرید لے۔

۱۱۔ نقش پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے سب سے چھوٹا عدد لکھا جائے پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خانہ پُر کیا جائے۔ پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خالی خانہ پر کیا جائے۔ سب سے بڑا عدد سب سے آخر میں لکھا جائے یعنی اعداد کی ترتیب سے خالی خانے پُر کئے جائیں۔

۱۲۔ تعویذ ہمیشہ کچی کالی روشنائی سے لکھے۔ اگر کچی کالی روشنائی میسر نہ ہو تو زعفران کو پانی میں حل کر کے اس سے تعویذ یا نقش لکھے۔ کچے رنگ یا پکی روشنائی (شنگرف، الرانک وغیرہ کی طرح کی پکی روشنائی) سے تعویذ یا نقش لکھے کہ اس میں اسپرٹ استعمال کی جاتی ہے جو شراب سے بنتی ہے۔ لہٰذا احتیاط لازم ہے۔

۱۳۔ خون وغیرہ سے کوئی نقش یا تعویذ نہ لکھے۔ جن نقوش یا تعویذات میں مُرغ کے خون سے تعویذ لکھنے کو کہا گیا ہے یا کسی اور جانور کے خون سے تعویذ یا نقش لکھنے کی بابت درج ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ عامل جس وقت کالی روشنائی سے یا زعفران سے تعویذ لکھنے لگے اسی وقت مرغ یا اس جانور کو بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر وہ اسم اشخص ذبح کر دے۔ دراصل یہ رمز و اشارہ ہے۔

۱۴۔ تعویذ یا نقش لکھتے وقت یا عمل پڑھتے وقت ان شرائط کو ملحوظ رکھے جو تعویذ یا نقش یا عمل کے لئے ضروری ہیں۔

۱۵۔ بغض و حب کے اعمال ہرگز نہ کرے۔ عالم دین سے ضرور مشورہ کر کے عمل کرے۔ ورنہ دنیا و آخرت کی تباہی کا اندیشہ ہے۔

۱۶۔ تعویذ اور نقش کی بابت یہ گمان کرے کہ ہر کام اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے ہوتا ہے اس کی مرضی یا مصلحت ہوگی تو کام ہو جائے گا۔ تعویذ یا نقش بذاتِ خود کچھ تاثیر نہیں رکھتے البتہ ان کی وجہ سے رحمتِ حق متوجہ ہو جاتی ہے۔

ہمیشہ دل میں یہ خیال رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کام ہوتا ہے اگر اللہ تعالیٰ کا حکم ہوا تو کام ہو جائے گا اور اگر اللہ تعالیٰ کا حکم نہ ہوا تو کام نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا عامل ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے کام کرے گناہ اور معصیت سے بچے اور اس کے فضل و احسان کا طالب رہے۔ سب سے اچھا یہ ہے کہ ہر عمل میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نمونہ سامنے رکھے اور سنت پر عمل کرے۔

۱۷۔ عامل پر لازم ہے کہ وہ عاجزی، انکساری اور فروتنی کو اپنا شعار بنائے اور ہر قسم کے دعویٰ سے خود کو بچائے کہ تکبر ہمیشہ ذلت و خواری کا سبب ہے اور اللہ تعالیٰ سے دوری پیدا کرتا ہے۔

۱۸۔ انبیائے کرامؑ، مقرب فرشتوںؑ اور اولیائے کرامؒ کے اسمائے گرامی جن نقوش

یادداشوں میں استعمال ہوئے ہیں وہ محض برکت اور توسل کے لئے ہیں۔ اصل کام بنانے والا اللہ تعالیٰ رب العلمین ہے لہذا اسی کے کرم وفضل پر نظر رکھی جائے۔

۱۹۔ سورج، چاند ستارے عملیات میں کچھ مددگار ثابت نہیں ہوتے اور نہ اوقات کی پابندی ضروری ہے۔ جب دل متوجہ ہو عمل کرے یا نقش وتعویذ لکھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ پورا پورا فائدہ حاصل ہوگا۔

۲۰۔ شریعت اسلامیہ کے خلاف کوئی کام نہ کرے۔ اگر کرے گا تو دنیا میں ذلیل اور آخرت میں تباہ وبرباد ہوگا۔

۲۱۔ تعویذ یا نقش کا معاوضہ لینا جائز ہے۔ لیکن متعلقہ شخص کی آمدنی کا لحاظ کرکے لے تو بہتر ہے۔

۲۲۔ حلال روزی کمائے اور حلال روزی کھائے، حرام اور مشتبہ کھانے سے دل کا نور اور زبان کی تاثیر ختم ہوجاتی ہے۔ لہذا اس معاملے میں سخت احتیاط ضروری ہے۔

۲۳۔ جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے اس عظیم گناہ کے سبب زبان کا اثر جاتا رہتا ہے اور جھوٹا آدمی کسی پر کلام پڑھ کر دم کرے گا تو فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

۲۴۔ جھوٹ، غیبت، حسد، بغض، چغلی، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی نیز دیگر قلبی، زبانی اور عملی گناہوں سے خود کو بچائے اور اگر گناہ ہوجائے تو فوراً توبہ کرے۔

۲۵۔ بھاگنے اور فرار ہونے والے کے نقش یا تعویذات جو باندھے گئے ہوں یا دفن کئے گئے ہوں مفلوک کے کپڑے ہی فوراً نکال لیں اور انہیں سمندر، دریا، نہر یا کنویں میں پتھر باندھ کر ڈال دیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

۲۶۔ فقہاء نے فرمایا ہے کہ خاوند کے لئے تسخیر کا تعویذ کرانا حرام ہے گو اس فعل

کی عبارت مطلق ہے مگر قواعد سے اس کی شرح یہ ہے کہ حقوق دو طرح کے ہیں۔ ایک تو وہ حقوق جو شرعاً شوہر پر واجب ہیں اور دوسرے وہ ہیں جو شرعاً واجب نہیں۔ سو جو حقوق واجب نہیں ان میں کسی تعویذ وعمل کے ذریعہ سے اس کو مجبور کرنا یعنی تسخیر کی ایسی تدبیر جس سے وہ مقلوب اور پاگل ہوجائے اور اپنے مصالح کی کچھ خبر نہ رہے یہ غیر واجب پر مجبور کرنا ہے یہ حرام ہے۔ ہاں اگر حقوق واجبہ میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کے لئے مجبور کرنا بھی جائز ہے اور چونکہ ان عملیات میں اثر تابع ہوتا ہے قصد کے اس لئے عمل کے وقت غیر واجبہ حقوق حاصل ہونے کا قصد کرنا بھی گناہ ہے اور اثر کا تابع قصد ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ عملیات بھی ایک قسم کا مسمریزم ہے جس سے کسی کے دل اور دماغ پر قابو حاصل کیا جاتا ہے۔ لہذا عامل کو اس قسم کے تعویذ دینے میں احتیاط کرنا ضروری ہے اور کسی متقی عالم دین سے مشورہ کرکے نقش یا تعویذ دے تو بہتر ہے۔

۲۷۔ مؤلف کتاب ھٰذا کے والدین مرحومین، جملہ بزرگان دین ومشائخ عظام جن کے عملیات وتعویذات اس کتاب میں درج ہیں ان سب کے لئے اول درود شریف تین مرتبہ الحمد شریف چودہ مرتبہ اور سورۂ اخلاص قل ھو اللہ احد آخر تک تین مرتبہ پھر درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب مرحومین کو بخش دے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کرے تاکہ پورا پورا فیض حاصل ہو۔

تنبیہ: جو شخص کسی کو کچھ ثواب ہبہ کرتا ہے تو حق تعالیٰ بمحض احسان مثل اس ثواب کے اس کو عینی جس کو اس نے بھیجا ہے عطا فرماتا ہے اور فرستندہ کا اصل ثواب فرستندہ کے واسطے رکھتا ہے

(مکتوب گرامی از حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی بنام مولانا ضیاء الحق منقول در مکتوبات اکابرین دیوبند صفحہ ۵۵)

کاہن[۱]، ساحر[۲]، جادوگر[۳]، رمّال[۴]، نجومی[۵] کا شرعی حکم

شیخ علی قاریؒ شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں:

ایک مسئلہ یہ ہے کہ کاہن جو غیب کی خبریں دیتا ہے۔ اس کی تصدیق کرنا کفر ہے کیونکہ ارشاد خداوندی ہے:

"کہہ دیجئے کہ نہیں جانتے غیب جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں سوائے اللہ کے"

اور آنحضرتؐ کا ارشاد ہے "جو شخص کاہن کے پاس گیا پس اس کی بات کی تصدیق کی تو اس نے کفر کیا اس کے ساتھ جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا گیا ہے"

"اور کاہن وہ شخص ہے جو آئندہ زمانے کے واقعات کی خبر دیتا ہے اور کہانت کے اسرار کی معرفت کا مدعی ہو کہا گیا ہے کہ کاہن ساحر ہے۔ اور نجومی جب آئندہ واقعات کے علم کا دعویٰ کرے تو وہ بھی کاہن کے مثل ہے اور اسی حکم میں رمّال داخل ہے"

قونوی کہتے ہیں کہ حدیث کاہن، قیافہ شناس اور نجومی سب کو شامل ہے۔

اسلئے نجومی، رمّال اور اس نوعیت کے دوسرے لوگ مثلاً کنکریاں پھینک کر حساب لگانے والے کی پیروی جائز نہیں ان لوگوں کو جو اجرت دی جاتی ہے وہ بالاجماع حرام ہے جیسا کہ بغوی اور قاضی عیاض وغیرہ نے نقل کیا ہے

اور انبیاء علیہم السلام کے بعد اس شخص کی پیروی بھی جائز نہیں جو مدعی الہام بن کر الہامات کے ذریعہ خبریں دیتا ہو اور نہ اس شخص کی پیروی جائز ہے جو حروف ابجد کے علم کا مدعی ہو کیونکہ یہ بھی کاہن کے حکم میں ہے۔

(شرح فقہ اکبر ص ۱۸۲، ۱۸۳)

---

[۱] کاہن: وہ شخص جو غیب کی خبریں بتانے کا دعویٰ کرے۔

[۲] ساحر: جادوگر۔ جادو، فریب، افسوں اور ہر ایسے علم کو کہتے ہیں جس کا سرچشمہ مخفی امور ہو۔

[۳] جادوگر: جادو کرنے والا۔ علم دقل کا ماہر، جوتشی، نجومی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فہرست مضامین

آسان عملیات وتعویذات جلد ششم

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱	عملیات کرنے والے کے لئے ضروری ہدایات	۵
●	فہرست مضامین	۱۱
۲	(۱) برائے شناخت (پہچان) مرض	۲۰
۳	(۲) مرض، آسیب، سحر، جن معلوم کرنے کا طریقہ	۲۳
۴	(۳) مریض کا حال معلوم کرنا	۲۴
۵	(۴) مرض معلوم کرنے کا طریقہ	۲۵
	استخارہ کی ترکیب	//
۶	پہلی ترکیب (۱)	۲۶
۷	دوسری ترکیب (۲)	۲۷
۸	تیسری ترکیب (۳)	۲۸
۹	چوتھی ترکیب (۴)	۲۹
۱۰	حصار کی ترکیب	۴۰
●	بیاض اقول حاجی محمد شاہ صاحب چلتی رحمۃ اللہ علیہ	۴۲
۱۱	نقش نام قرآن مجید	۴۲
۱۲	نقش سورۃ مزمل شریف	۴۲
۱۳	فصد برائے آسیب	۴۳
۱۴	برائے زہر مرض	//
۱۵	فصد برائے بھوت آسیب وغیرہ	۴۴
۱۶	بھاگے ہوئے کی بخیریت واپسی	۴۵
۱۷	آنکھ کی روشنی کے لئے	//
۱۸	برائے قیام حمل	۴۶

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱۹	بلائے حب	۴۶
۲۰	تعویذ برائے طاعون	۴۷
۲۱	قوت مردمی کے لئے	۴۸
۲۲	برائے حاضری مفرور (بھاگے ہوئے کو واپس لانا)	//
۲۳	برائے حب	۴۹
۲۴	برائے حاضری مفرور (بھاگے ہوئے کو بلانا)	//
۲۵	برکت کے واسطے	۵۰
۲۶	بات معلوم کرنا	//
۲۷	برائے بواسیر	۵۱
۲۸	برائے بواسیر	//
۲۹	برائے بواسیر	۵۲
۳۰	برائے بواسیر خونی و بادی	//
۳۱	جنگ میں فتح حاصل کرنے کے لئے	۵۳
۳۲	برائے فتح و نصرت	//
۳۳	بچہ کی حفاظت کے لئے	۵۴
۳۴	چوری معلوم کرنا	۵۵
۳۵	عورتوں کے جاری خون کو بند کرنا	//
۳۶	خون جاری کرنے کا گنڈہ	۵۶
۳۷	برائے پیدائش بچہ	//
۳۸	زن (بیوی) اور شوہر میں محبت	۵۷
۳۹	ایام حمل میں درد شکم کے لئے	۵۸
۴۰	برائے حل مطلب	۵۹
۴۱	خواب کا استخارہ	//
۴۲	حمل کی حفاظت کے لئے	۶۰
۴۳	پیٹ کی تکلیف دہ مسان	۶۱
۴۴	گنڈہ برائے دفع مسان	//
۴۵	برائے قبض (بانجھ عورت کے لئے)	۶۲

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۴۶	لڑکے کی پیدائش کے لئے	۶۳
۴۷	برائے عقیمہ عورت	۶۳
۴۸	بچوں کی حفاظت کا تعویذ	۶۴
۴۹	ہر بلا و مصیبت اور گناہ سے نجات	۶۴
۵۰	ڈاڑھ کے درد کا علاج	۶۵
۵۱	نقش پندرہ برائے مشکل کام	//
۵۲	خاصیت آیۃ الکرسی	۶۶
۵۳	حفاظت کے لئے	//
۵۴	اسم اعظم	۶۷
۵۵	ایمان کی سلامتی کے لئے	//
۵۶	قرض کی ادائیگی کے لئے	۶۸
۵۷	اولاد کے لئے	//
۵۸	جانور کی شرارت سے حفاظت	//
۵۹	روزی میں برکت کے لئے	۶۹
۶۰	ہر بلا و مصیبت سے نجات	۷۰
۶۱	قبولیت دعا کے لئے	//
۶۲	ظلم سے نجات و قید سے رہائی	۷۱
۶۳	حفاظت حمل کے لئے	۷۲
۶۴	حمل گرانے کی عزیمت	//
۶۵	قیدی کی رہائی کے لئے	۷۳
۶۶	محبت کے لئے	۷۴
۶۷	تفریق و عداوت	//
۶۸	عشق میں بیقراری کا علاج	۷۵
۶۹	برائے ولادت فرزند	//
۷۰	برائے درد سر	۷۶
۷۱	تعویذ برائے بخار و بہاڑ	//
۷۲	برائے دردزہ (بچہ کی پیدائش کے لئے)	۷۷

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۷۳	دردزہ کے لئے دوسرا تعویذ	۷۷
۷۴	برائے پیدائش بچہ	۷۸
۷۵	بچہ کی پیدائش کے لئے	//
۷۶	تکلیفوں کے رشتہ کے لئے	۷۹
۷۷	قرض کی ادائیگی کے لئے	//
۷۸	برائے ترقی رزق	۸۰
۷۹	برائے ترقی روزگار	//
۸۰	مال کی زیادتی اور مکان و دکان میں برکت کے لئے	//
۸۱	قید سے رہائی، اولاد، گمشدہ کی واپسی جملہ مشکلات کے لئے	۸۱
۸۲	برائے دردزہ	۸۲
۸۳	برائے پیدائش آسانی کے ساتھ	//
۸۴	بچھو کے زہر کا اُتار	//
۸۵	برائے دفع جالا و بھولا آنکھ	۸۳
۸۶	امتحان میں کامیابی کے لئے	//
۸۷	گھبراہٹ اور پریشانی سے نجات کے لئے	۸۴
۸۸	دشمن پر غلبہ کے لئے	//
۸۹	مکان کیلنا (جن بھوت کا اثر نہ رہے)	//
۹۰	حصار برائے حفاظت	۸۵
۹۱	چہل کاف	۸۶
۹۲	مکان کیلنے کا مجرب عمل	//
۹۳	عمل برائے دفع جن و آسیب و جنون	۸۷
۹۴	سحر و جادو کا اثر دور کرنا	۸۸
۹۵	برائے سحر و جادو	//
۹۶	سحر و جادو کا مکمل علاج	۸۹
۹۷	سحر یا جادو کا علاج	۹۰
۹۸	برائے سوختن (جلانے) جن	//
۹۹	برائے ام الصبیان و برائے آسیب وہ	۹۱

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱۰۰	برائے آسیب زدہ	۹۲
۱۰۱	برائے دفع آسیب، مرض، مسان وغیرہ	۹۳
۱۰۲	حفاظت از تمام آفات و بلیات	//
۱۰۳	برائے آسیب زدہ و جن الزدہ جن	۹۴
۱۰۴	برائے جملہ امراض	۹۵
۱۰۵	تمام امراض سے صحت کے لئے	//
۱۰۶	برائے ہر مرض و میاں بیوی میں محبت کے لئے	۹۶
۱۰۷	برائے دفع مسان	۹۷
۱۰۸	برائے دفع مسان طفل	۹۸
۱۰۹	برائے دفع مسان	۹۹
۱۱۰	برائے دفع مسان	۹۹
•	**از دیگر بیاض**	۱۰۰
۱۱۱	برائے قضائے حاجت از مولانا تاسین علی دال بچراں رحمۃ اللہ علیہ	//
۱۱۲	نئے کپڑے پہننے کا عمل از مولانا قاضی محمد احسن صاحب	//
۱۱۳	ہر قسم کی بیماری یا درد سے نجات از سید محمد دین شاہ صاحب	۱۰۱
۱۱۴	بچہ کی لاغری اور کمزوری	۱۰۳
۱۱۵	دودھ کی کمی دور کرنا	//
•	**بیاض ثانی حضرت حاجی محمد شاہ صاحب پھلتی رحمۃ اللہ علیہ**	۱۰۴
۱۱۶	میاں بیوی کی محبت کے لئے (۱)	//
۱۱۷	میاں بیوی کی محبت کے لئے (۲)	//
۱۱۸	برائے دفع امراض	۱۰۵
۱۱۹	برائے بول دل	//
۱۲۰	برائے دفع آسیب (قلیہ دھونی)	//
۱۲۱	برائے آدھا سیسی درد	۱۰۶
۱۲۲	تعویذ ہر مرض کے لئے	۱۰۶
۱۲۳	برائے بغض و عداوت	۱۰۷
۱۲۴	دیو پری سے حفاظت کے لئے	۱۰۷

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱۲۵	برائے حب	۱۰۷
۱۲۶	برائے بخار	۱۰۸
۱۲۷	برائے مسان	//
۱۲۸	نقش برائے دریافت حال	۱۰۹
۱۲۹	نقش برائے واپسی گمشدہ اور مفرور	۱۱۱
۱۳۰	برائے حُب (۱)	۱۱۲
۱۳۱	برائے حُب (۲)	//
۱۳۲	برائے حب (۳)	۱۱۳
۱۳۳	برائے حُب (۴)	//
۱۳۴	برائے حُب (۵)	//
۱۳۵	برائے حُب (۶)	۱۱۴
۱۳۶	برائے حُب (۷)	//
۱۳۷	برائے حُب (۸)	//
۱۳۸	شوہر کی ناراضگی دور کرنے کے لئے	۱۱۵
۱۳۹	برائے حُب (۱)	//
۱۴۰	برائے حُب (۲)	//
۱۴۱	برائے حُب (۳)	۱۱۶
۱۴۲	برائے کامیابی رشتہ	//
۱۴۳	برائے حب	//
۱۴۴	الحب	۱۱۷
۱۴۵	برائے عزت وعظمت	//
۱۴۶	الحب	۱۱۸
۱۴۷	حُب کے لئے	//
۱۴۸	برائے حُب	۱۱۹
۱۴۹	برائے محبت	//
۱۵۰	خاتم برائے تسخیر عام	۱۲۰
۱۵۱	الحب	//

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱۵۲	عمل حب	۱۲۱
۱۵۳	اہل خانہ اور تسخیر عام کے لئے	۱۲۲
۱۵۴	برائے محبت	//
۱۵۵	برائے حب	//
۱۵۶	برائے محبت	۱۲۳
۱۵۷	تسخیر عام کے لئے	//
۱۵۸	برائے حُب	//
۱۵۹	برائے عداوت	۱۲۴
۱۶۰	دشمن کی پائمالی اور ذلت کے لئے	//
۱۶۱	دشمن کی تباہی و بربادی و ہلاکت کے لئے	//
۱۶۲	مقدمہ میں کامیابی کے لئے	۱۲۵
۱۶۳	مشکل کے حل کے لئے	//
۱۶۴	برائے مغلوب دشمن	۱۲۶
۱۶۵	برائے فتوحات وحل مشکلات	//
۱۶۶	برائے حل مشکلات	//
۱۶۷	برائے بغض وعداوت	//
۱۶۸	برائے زبان بندی دشمن	۱۲۷
۱۶۹	برائے تسخیر وحصول عزت وتوقیر (۱)	//
۱۷۰	برائے تسخیر وحصول عزت وتوقیر (۲)	۱۲۸
۱۷۱	تسخیر افسر وکام ہونے کے لئے	//
۱۷۲	تسخیر افسر کے پاس جاتے وقت	//
۱۷۳	واسطے توسیع فتوح	//
۱۷۴	وسعت رزق (۱)	۱۲۹
۱۷۵	وسعت رزق (۲)	//
۱۷۶	عمل برائے حاجت	//
۱۷۷	غنی ہونے کا عمل	۱۳۰
۱۷۸	مصیبت اور تکلیف دور ہونے کے لئے	//

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱۷۹	برائے زبان بندی (۱)	۱۳۰
۱۸۰	برائے زبان بندی (۲)	۱۳۱
۱۸۱	برائے حاجات دینی و دنیوی	//
۱۸۲	برائے دست غیب	۱۳۲
۱۸۳	برائے قضائے حاجات	//
۱۸۴	قضائے حاجات	۱۳۳
۱۸۵	برائے قضائے حاجات (۱)	۱۳۴
۱۸۶	برائے قضائے حاجات (۲)	//
۱۸۷	برائے قضائے حاجات (۳)	۱۳۵
۱۸۸	برائے قضائے حاجات (۴)	//
۱۸۹	قضائے حاجات وحل المشکلات	//
۱۹۰	برائے حل مشکلات	۱۳۶
۱۹۱	برائے مقصد برآری	//
۱۹۲	قضائے حاجات	۱۳۷
۱۹۳	واسطے سرنگونی دشمن	//
۱۹۴	طریقہ عمل سورۂ اخلاص	//
۱۹۵	برائے زبان بندی	۱۳۸
۱۹۶	برائے قضائے حاجت	//
۱۹۷	برائے حل مشکلات ومطلب برآری	۱۳۹
۱۹۸	مرادیں پوری ہونے کا عمل	۱۴۰
۱۹۹	مخالفین اور بدگو کی ذلت و بربادی کا عمل	//
۲۰۰	مقدمہ یا دنیاوی مقاصد میں کامیابی کے لئے	//
۲۰۱	برائے غلبہ و فتح بر دشمن	۱۴۱
۲۰۲	برائے کامیابی وغلبہ بر دشمن	//
۲۰۳	دشمن پر کامیابی کے لئے	//
۲۰۴	ہر حاضری کا عمل	//
۲۰۵	تسخیر عام کے لئے اور عوام میں مقبول ہونے کے لئے	۱۴۲

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۲۰۶	برائے حب	۱۴۲
۲۰۷	برائے فتوحات	۱۴۳
۲۰۸	پوشیدہ بات معلوم کرنا	//
۲۰۹	برائے مغلوبی و فرمانبرداری مخالفین	۱۴۴
۲۱۰	صفائی قلب کے لئے	//
۲۱۱	حصار قادریہ	//
۲۱۲	واسطے زبان بندی	۱۴۵
۲۱۳	کیمیائے سلطنت	//
۲۱۴	نظر بد کے دفعیہ کے لئے	۱۴۶
۲۱۵	کامیابی اور برکت کے لئے	//
۲۱۶	اکسیر برائے بواسیر (از حکیم برکات احمد صاحب ٹونکی)	۱۴۷
۲۱۷	برائے اولاد	//
۲۱۸	الحب	۱۴۸
۲۱۹	محبت کے لئے	//
۲۲۰	الحب	//
۲۲۱	برائے عداوت	۱۴۹
۲۲۲	عداوت	//
۲۲۳	برائے دشمنی	۱۵۰
۲۲۴	عداوت	//
۲۲۵	دشمنی و عداوت	//
۲۲۶	عمل تفرقہ اندازی	۱۵۱
۲۲۷	برائے بیماری دشمن	//
۲۲۸	برائے عداوت	۱۵۲
۲۲۹	قلعہ کے شر سے محفوظ رہنے کا عمل	//
۲۳۰	خرابی دشمن کے لئے	//
۲۳۱	برائے عداوت و جدائی	//
۲۳۲	دشمن کے دفع ہونے کے لئے	۱۵۳

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۲۳۳	ہر مرض و ہر درد کے ازالہ کے لئے	۱۵۴
۲۳۴	سردی کے بخار سے نجات کے لئے / درد سے نجات	//
۲۳۵	حفاظت حمل کے لئے	۱۵۵
۲۳۶	ہر قسم کا درد، بیماری، سحر، جادو، نظر بد، دور کرنا	//
۲۳۷	حفاظت از جملہ امراض	۱۵۶
۲۳۸	زہریلے جانور کے کاٹے کا علاج	//
۲۳۹	ہول دل اور دل کی گھبراہٹ دور کرنے کے لئے	۱۵۷
۲۴۰	قیام حمل کے لئے	//
۲۴۱	لڑکا پیدا ہونے کے لئے	۱۵۸
۲۴۲	برائے مارگزیدہ (سانپ کے کاٹے کا علاج)	۱۵۹
۲۴۳	دافع زہر بچھو، سانپ، بھکھیرہ وغیرہ	//
۲۴۴	پیٹ کا درد	//
۲۴۵	نفی بڑھ جانا	۱۶۰
۲۴۶	ناف ٹل جانا	//
۲۴۷	پھوڑا پھنسی یا ورم کے دفعیہ کے لئے	//
۲۴۸	ہمیشہ لڑکی ہوتی	۱۶۱
۲۴۹	دودھ کی کمی دور کرنا	//
۲۵۰	ہیضہ اور ہر قسم کی وبا طاعون وغیرہ	۱۶۲
۲۵۱	دانتوں کی مضبوطی کے لئے	//
۲۵۲	بچھو کے کاٹے کا علاج	۱۶۳
۲۵۳	بچے کی درازی عمر کے لئے	//
۲۵۴	حصار واسطے حفاظت از بلیات	۱۶۵
۲۵۵	دفع بخار کے لئے	//
۲۵۶	ولادت بچہ کے لئے	//
۲۵۷	بدخوابی اور پریشان خوابی سے نجات کے لئے	۱۶۶
۲۵۸	اولاد کے واسطے	//
۲۵۹	استقاط حفاظت کے لئے	۱۶۷

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۲۶۰	واسطے حفاظت حمل	۱۶۷
۲۶۱	جس کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو	۱۶۸
۲۶۲	پیدا شدہ بچے کو آفات سے محفوظ رکھنے کے لئے	//
۲۶۳	واسطے اولاد کے	۱۷۰
۲۶۴	برائے تپ لرزہ (سردی کے بخار کے لئے)	۱۷۱
۲۶۵	بخار کے دفعیہ کے لئے	//
۲۶۶	برائے ام الصبیان (عطیاز بیچ یحییٰ صاحب بھوپال)	۱۷۲
۲۶۷	تجاری اور چوتھیہ بخار کے دفعیہ کے لئے	۱۷۳
۲۶۸	برائے دفع اکاترا، تجاری، چوتھیہ، روزانہ آنے والا بخار	//
۲۶۹	برائے دفع اکاترا بخار، تجاری بخار، چوتھیہ بخار، روزانہ کا بخار	۱۷۴
۲۷۰	برائے دور ہونے بخار اکاترا، تجاری، چوتھیہ، روزانہ کا	۱۷۵
۲۷۱	ہر قسم کے بخار کے لئے	//
۲۷۲	سر کے درد سے آرام کے لئے	//
۲۷۳	جلد ہر قسم کے درد سے نجات کے لئے	۱۷۶
۲۷۴	برائے آسانی ولادت (بچہ آسانی سے پیدا ہو)	۱۷۷
۲۷۵	برائے بدخوابی۔ نیند میں ڈر خوف سے نجات کے لئے	//
۲۷۶	ہر بلا اور مصیبت سے نجات کے لئے	//
۲۷۷	برائے واپسی مفرور اور بھاگے ہوئے کے لئے	۱۷۸
۲۷۸	برائے امساک	۱۷۹
۲۷۹	برائے حفاظت حمل	۱۸۰
۲۸۰	ہر قسم کے بخار سے نجات کے لئے	//
۲۸۱	ورم پستان دور کرنے اور آدھے سر کا درد ختم کرنے یا بچگی بند کرنے کے لئے	//
۲۸۲	دافع بلیات اور امراض سے نجات	۱۸۱
۲۸۳	دافع بلیات و دافع امراض	//
۲۸۴	واسطے آسانی ولادت (درد زہ کی سہولت کے لئے)	۱۸۳
۲۸۵	واسطے زیادتی دودھ	//
۲۸۶	درد سر	۱۸۴

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۲۸۷	واسطے زیادتی دودھ	۱۸۴
۲۸۸	گریۂ اطفال (بچوں کا رونا)	//
۲۸۹	ختم نقش بندی	۱۸۵
۲۹۰	درد سر	۱۸۶
۲۹۱	برائے قیام حمل نقش (سورۂ مزمل شریف)	//
۲۹۲	آدھے سر کے درد کے لئے	۱۸۷
۲۹۳	برائے تپ لرزہ (روزانہ آنے والا جاڑے کا بخار)	//
۲۹۴	نظر بد کے لئے	۱۸۸
۲۹۵	برائے دفع ہر مرض و دافع بلیات و برائے حاجت برآری	//
۲۹۶	دماغ کی کمزوری دور کرنا	۱۸۹
۲۹۷	نگاہ کی کمزوری دور کرنے کے لئے	//
۲۹۸	برائے حاضری مفرور	//
۲۹۹	بخار سے نجات کے لئے	۱۹۰
۳۰۰	نظر بد کے لئے	//
۳۰۱	ذکر شب و روز پریشانی اور جملہ امراض سے نجات کے لئے	۱۹۱
۳۰۲	قلب کی ظاہری و باطنی صفائی کے لئے اور بلند مرتبہ حاصل کرنے کے لئے	۱۹۲
۳۰۳	ہر ضرورت کو پورا کرنے کا عمل	۱۹۳
۳۰۴	عمل برائے کشائش رزق	//
۳۰۵	جان و مال کی حفاظت کے لئے	۱۹۴
۳۰۶	عمل حفاظت جان و مال	۱۹۵
۳۰۷	عمل برائے وسعت رزق	//
۳۰۸	برائے فراخی رزق	۱۹۶
۳۰۹	برائے وسعت رزق	//
۳۱۰	عمل برائے حاجات	۱۹۷
۳۱۱	عمل حاجت روائی (از سلطان المشائخ)	۱۹۸
۳۱۲	عمل برائے تسخیر (مہربانی و سرخروئی و رزق)	//
۳۱۳	عمل حب	۱۹۹

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۳۱۴	فلیتہ برائے ہر مطلب	۲۰۰
۳۱۵	برائے حب	//
۳۱۶	برائے نظر بد	۲۰۱
۳۱۷	ان بچوں کے لئے جو رات دن روتے رہتے ہیں	//
۳۱۸	بچے کا رونا ختم کرنے کے لئے	۲۰۲
۳۱۹	ہر مرض سے صحت کے لئے	//
۳۲۰	برائے دریافت کیفیت مرض	//
۳۲۱	برائے دفع ہر مرض	۲۰۳
۳۲۲	برائے نظر و آسیب	//
۳۲۳	برائے محافظت خانہ از جن	۲۰۴
۳۲۴	برائے دفع اثرات آسیب و بھوت و سحر و جادو	//
۳۲۵	جن، بھوت، دیو، پری، آسیب سے نجات کے لئے	۲۰۵
۳۲۶	ہر قسم کے بخار سے نجات کے لئے	//
۳۲۷	بخار کا تعویذ	۲۰۶
۳۲۸	جملہ قسم کے آسیب کے دفعیہ کے لئے (از شیخ محمد حیو صاحب پھلتی)	//
۳۲۹	فلیتہ برائے آسیب زدہ	۲۰۷
۳۳۰	عمل برائے حفاظت از بلیات و برائے رد رجعت	۲۰۸
۳۳۱	برائے درد زہ (برائے زچگی)	//
۳۳۲	برائے رہائی قیدی از قید و سرخروئی	//
۳۳۳	دنیا و دنیا کے مطالب کے حصول کے لئے نیز جملہ بلیات سے حفاظت کے لئے مجرب	۲۰۹
۳۳۴	فلیتہ حاضرات جن	۲۱۰
۳۳۵	جنات کو حاضر کرنے کا عمل	//
۱۳۶	سلامتی کے ساتھ اولاد کی پیدائش	۲۱۲
۳۳۷	آسیب سے نجات کے لئے	//
۳۳۸	برائے آسیب زدہ	۲۱۳
۳۳۹	آسیب اور ہر درد سے نجات کے لئے	//
۳۴۰	سخت آسیب سے نجات کے لئے	۲۱۴

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۳۴۱	آسیب کے دفعیہ کے لئے	۲۱۴
۳۴۲	معلوم کرنا کہ غائب سلامتی کے ساتھ آئے گا یا نہ	۲۱۵
۳۴۳	ہر کام میں کامیابی اور ہر مرض سے نجات کے لئے	//
۳۴۴	برائے آسیب زدہ	۲۱۶
۳۴۵	برائے تسخیر و محبت	۲۱۷
۳۴۶	برائے حُب	//
۳۴۷	برائے محبت و دوستی	۲۱۸
۳۴۸	برائے محبت و بے قراری	۲۱۸
۳۴۹	برائے حُب	۲۱۹
۳۵۰	برائے محبت و چاہت	//
۳۵۱	برائے حُب	۲۲۰
۳۵۲	برائے حُب	//
۳۵۳	برائے محبت	//
۳۵۴	برائے حُب	۲۲۱
۳۵۵	ہر مرض سے نجات اور ہر حاجت پوری ہونے کے لئے	۲۲۲
۳۵۶	برائے محبت باہمی درمیان شوہر و بیوی	//
۳۵۷	فرار شدہ یا بھاگا ہوا واپس آئے	//
۳۵۸	برائے حُب	۲۲۳
۳۵۹	برائے حُب شدید	۲۲۴
۳۶۰	مفرور شدہ کے لئے	۲۲۴
۳۶۱	برائے حُب	۲۲۵
۳۶۲	محبوب و مفرور کی واپسی کے لئے	۲۲۵
۳۶۳	بچوں کا رونا	۲۲۶
۳۶۴	دشمن کی زبان بند کرنے کے لئے	۲۲۶
۳۶۵	حصار	۲۲۷
۳۶۶	ظلیہ برائے آسیب زدہ	۲۲۷
۳۶۷	برائے معلوم کردن مرض (از صوفی کرم حسین صاحب گلاؤٹھی)	۲۲۸

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۳۶۸	واسطے دریافت آسیب و مرض، سحر	۲۲۹
۳۶۹	برائے دفع آسیب و درد شکم و درد سر	۲۳۰
۳۷۰	برائے دفع آسیب و درد شکم و درد سر	//
۳۷۱	برائے آسیب	//
۳۷۲	نقش برائے آسیب زدہ	۲۳۱
۳۷۳	برائے آسیب زدہ (۱)	//
۳۷۴	برائے آسیب زدہ (۲)	۲۳۲
۳۷۵	برائے آسیب زدہ (۳)	//
۳۷۶	برائے دفع آسیب	//
۳۷۷	برائے آسیب زدہ	۲۳۳
۳۷۸	برائے آسیب	//
۳۷۹	نظر جنات کے لئے	۲۳۴
۳۸۰	ظلیہ برائے آسیب زدہ	//
۳۸۱	ظلیہ برائے آسیب زدہ	۲۳۶
۳۸۲	برائے دفع آسیب جن و بھوت	//
۳۸۳	ظلیہ برائے آسیب و صان و دیگر امراض	۲۳۸
۳۸۴	ظلیہ برائے دفع آسیب جن وغیرہ و برائے حضور	//
۳۸۵	ظلیہ برائے دفع آسیب و جن	۲۳۹
۳۸۶	برائے سوختن (جلانے) جن کے	۲۴۰
۳۸۷	ظلیہ برائے سوختن جنات	//
۳۸۸	علاج سحر مکمل (از شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنیؒ)	۲۴۲
۳۸۹	برائے شفائے امراض مزمنہ (از شیخ الاسلام مدنیؒ)	۲۴۳
۳۹۰	برائے ام الصبیان و حفاظت از بلیات (از شیخ الاسلام مدنیؒ)	//
۳۹۱	برائے حفاظت یجیبؑ بے مثل (از ماوی بالله حضرت مولانا سید اصغر حسینؒ)	۲۴۴
۳۹۲	برائے درد سر و نیم سر و ہلہ دردوں کے لئے	۲۴۵
۳۹۳	برائے درد سر و نیم سر	۲۴۶
۳۹۴	برائے درد سر	//

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۳۹۵	برائے درد سر و آدھے سر	۲۴۷
۳۹۶	برائے درد سر و آدھے سر	//
۳۹۷	سارے سر کا درد یا آدھے سر کا درد	۲۴۸
۳۹۸	برائے درد سر	//
۳۹۹	برائے درد سر	۲۴۹
۴۰۰	برائے درد سر و جملہ درد ہا (ہر قسم کے درد کے لئے)	//
۴۰۱	بچوں کا رونا	۲۵۰
۴۰۲	برائے گریہ اطفال	//
۴۰۳	برائے گریہ طفل	۲۵۱
۴۰۴	نیند نہ آنا اور خوف معلوم ہونا یہ ہو یا خواہ بڑا	//
۴۰۵	بچوں کی جملہ بیماریوں کے لئے تیر بہدف	۲۵۲
۴۰۶	ام الصبیان کے لئے	۲۵۳
۴۰۷	برائے شب	//
۴۰۸	برائے حفاظت آبرو و عزت	۲۵۴
۴۰۹	برائے واپسی مفرور	۲۵۵
۴۱۰	الحب (محبت کے لئے)	//
۴۱۱	تسخیر حکام اور مخلوقات کو زیر کرنے کے لئے	۲۵۶
۴۱۲	فلیتہ برائے احراق جن و پری (جن و پری کو جلانے کا فلیتہ)	۲۵۷
۴۱۳	فلیتہ برائے دھونی برائے آسیب زدہ	۲۵۸
۴۱۴	فلیتہ دھونی برائے رات کو ڈسنے خوف کھانے والے کے لئے	//
۴۱۵	ہر مرض کے دفعیہ کے لئے	۲۵۹
۴۱۶	دل کی گھبراہٹ کے لئے	//
۴۱۷	برائے بغض و عداوت	۲۶۰
۴۱۸	فلیتہ برائے آسیب زدہ	//
۴۱۹	برائے بخار	۲۶۱
۴۲۰	برائے حمل	//
۴۲۱	بچے کے ورم کے لئے	۲۶۲

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۴۲۲	برائے آسیب زدہ (نقش سورۂ جن)	۲۶۲
۴۲۳	برائے دفع مسان	//
۴۲۴	برائے زچگی	۲۶۴
۴۲۵	بچے کا رونا	//
۴۲۶	ہر مرض سے نجات کے لئے	//
۴۲۷	نقش برائے آسیب	۲۶۵
۴۲۸	برائے درد سر	۲۶۶
۴۲۹	فلیتہ دھونی برائے آسیب زدہ	//
۴۳۰	ہر بلا و آفت سے حفاظت کے لئے	۲۶۷
۴۳۱	فلیتہ برائے آسیب زدہ	//
۴۳۲	استخارہ	۲۶۸
۴۳۳	بھاگے ہوئے کو واپس لانا	۲۶۹
۴۳۴	زناکار کی شہوت باندھنا	۲۷۰
اتوار یا جمعرات کے روز دو چھوٹی چھوٹی مٹی کی کلھیا پاک صاف باوضو بازار سے خرید کر لائے اور قیمت دیتے وقت دل میں یہ کہے کہ یا اللہ میرے دشمن کی زبان بند کر دو دونوں کلھیا میں اپنے گھر کے چولہے کی راکھ بھر کر کسی صندوق میں یا کسی اونچی طاق میں پوشیدہ (چھپا کر) رکھ۔ جہاں کسی آدمی کا سایہ نہ پڑتا ہو۔ اور رکھتے وقت یہ پڑھے۔ صُمٌّ صُمٌّ صُمٌّ بُکْمٌ بُکْمٌ بُکْمٌ زبان فلاں بن فلاں دشمن کی بند کر دے تصدق علی مرتضیٰ شیر خدا سو بار پڑھے۔ انشاء اللہ زبان دشمن کی بند ہوگی۔ جب کام ہو جائے تو راکھ نکال کر دریا، سمندر، چشمے یا کنویں میں ڈالدے اور شکر سے دونوں کلھیا بھر کر بہ نیت ایصال ثواب بزرگان دین بچوں میں تقسیم کر دے۔

برائے تسخیر و حصول عزت و توقیر (۱)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۷ بروز جمعرات سے بعد نماز عشاء چودہ سو مرتبہ روزانہ چالیس یوم (دن) برابر پڑھے عزت بیشمار ملے گی اور جس کسی سے آنکھ ملائے گا (یعنی جس کسی کو گھور کر دیکھے گا) وہی مطیع ہوگا۔

برائے تسخیر وحصول عزّت وتوقیر (۲)

یَا اِلٰہِیْ اَحَدِیْ صَمَدِیْ مِنْ عِنْدِكَ مَدَدِیْ۔ اِنَّكَ قَوِیٌّ تُعِیْنُ قَاحِدٌ دَلِیْلٌ۔ بِحَقِّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝ پنجوقتہ بعد نماز فرض گیارہ مرتبہ تبلہ حاجات دینی ودنیاوی کے لئے اور جو شخص اس کا ورد کریگا وہ کسی کا محتاج نہ رہے گا اور کوئی کام اس کا اٹکا نہ رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

تسخیر افسر وکام ہونے کے لئے

سورۂ مزمل شریف (پارہ ۲۹ رکوع ۱۳ و ۱۴) اول رکوع اکیس بار اور دوسرا رکوع گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے منہ پر لے اور پی لے انشاء اللہ تعالیٰ افسر مہربان ہوگا اور مقصد میں بآسانی کامیابی حاصل ہوگی۔

تسخیر افسر کے پاس جاتے وقت

كَهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتَنَا سیدھے ہاتھ کی چھنگلی انگلی سے بند کرنا شروع کرے اور انگوٹھے پر ختم کرے اور حٰمٓعٓسٓقٓ حِمَايَتَنَا بائیں ہاتھ کی چھنگلی سے بند کرے اور افسر کے سامنے جا کر مٹھی کھول دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ افسر مہربان ہوگا۔

واسطے توسیع فتوح

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی قدس اللہ سرہٗ سے منقول ہے کہ

ہر روز بعد نماز فجر (صبح) دس مرتبہ اس کو پڑھے مگر ہفتہ سے شروع کر کے سات روز پڑھے اگر مراد حاصل نہ ہو تو میں ضامن ہوں فروائے قیامت میں دامن گیر ہو۔

سُبْحَانَكَ الْقَادِرُ الْقَاهِرُ الْقَوِیُّ الْكَافِیْ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

وسعتِ رزق (۱)

اِنَّ لَكَ فِی النَّهَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا ۝ روزانہ دس مرتبہ پڑھے۔ ایک ماہ کے اندر تونگر (مالدار) ہوگا۔

وسعتِ رزق (۲)

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِیْلًا ۝ جو شخص تنگی ومفلسی میں مبتلا ہو اس سے نجات کے لئے پڑھے حسب الحکم اللہ تعالیٰ بادشاہ جنات حاضر ہو کر حکم کی تعمیل کرے گا۔ ہر وقت اس کا ورد رکھے تعداد مقرر نہیں ہے۔

عمل برائے حاجت

یَا مَالِكَ الْمُلْكِ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔ یہ وظیفہ بلا تعداد بے وضو وقتاً فوقتاً شب وروز پڑھے کہ حد سے گذر جائے۔ اور ایک وقت مقررہ رات کو باوضو ایک ہزار بار توجہ دلی سے پڑھے

چند روز کے بعد اس کا جلوہ ظاہر ہوگا بحکم خدا فقیر کو غنی کرنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ دیگر خوبیاں بروقت عمل خود معلوم ہوں گی۔

غنی ہونے کا عمل

سورۃ الم نشرح۔ آخر تک بسم اللہ الرحمن الرحیم ۴۰ بار سات دن لگاتار پڑھے گا۔ بے شک وہ غنی ہوگا۔

سورۃ الانشراح (الم نشرح)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

مصیبت اور تکلیف دور ہونے کے لئے

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ۔ ۱۱۰۰ (گیارہ سو) مرتبہ بعد نماز عشاء اول و آخر درود شریف انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی تکلیف دور ہوگی اور مصیبت سے نجات ملے گی

برائے زبان بندی (۱)

قمر در عقرب یا کسی نحس ساعت میں ایک رسی سیاہ لے کر اور عزیمت کو سات مرتبہ پڑھ کر ایک گرہ لگاؤ۔ اسی طرح سات گرہیں لگا کر اس

رسی کو مطلوب کی گذرگاہ یا اس کے مکان میں یا پرانی قبر میں دفن کرو۔ انشاء اللہ کبھی بھی خلافِ کلمات ادا کرنے کی جرأت نہیں کرے گا۔

عزیمت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ بستم دستش تانگیرد۔ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ بستم اندامش تا نہ جنبد۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ بستم زبانش تانگوید۔ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ بستم دلش تا نہ اندیشد۔ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ آمین بستم ہفت اندام فلاں بن فلاں بحق این حروف بہ او دہی سرن ک سرک برحمتك یا ارحم الراحمین

نیز بعد نماز عشاء کلمات بالا ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن مغلوب ہوں گے۔

برائے حاجات دینی و دنیوی

يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ ۔ يَا كَافِيَ الْمُهِمَّاتِ ۔ يَا شَافِيَ الْاَمْرَاضِ ۔ يَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ يَا حَلَّ الْمُشْكِلَاتِ يَا مُجِيْبَ الدَّعْوَاتِ يَا دَافِعَ الْبَلِيَّاتِ ۔ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

کلمات بالا ایک ہزار مرتبہ روزانہ ایک چلہ (چالیس دن تک) برابر بعد نماز عشاء پڑھیں) پانچ بیڑے پان اور شیرینی کو پہلے

روز میاں شمس الدین قدس سرہٗ وحضرت سید داؤد سبز پوش حسینی قدس سرہٗ کے ایصال ثواب کے لئے خیرات کرے۔ غسل وغیرہ پہلے ہی روز کرے اور ہفتہ (سنیچر کی شب) کی رات عروج ماہ (چاند کے دیکھنے کے بعد پہلے ہفتہ کو) میں شروع کرے۔

برائے دستِ غیب

عروج ماہ سے شروع کرے۔ ساعت قمر و عطارد و مشتری ہو اس وقت لکھے تو نہایت اکسیر ہے ایک تہائی نقش کا کل دن یوم (دن) میں اٹھارہ نقش روزانہ کے حساب سے لکھ کر پورے کرے۔ روزانہ ان نقوش کو ویرانہ میں دفن کیا کرے۔ بعد ختم ہونے کے ایک مرد شریف آئیں گے اور سوا روپیہ روزانہ دے جائیں گے چار آنے خیرات کر دے اور ایک روپیہ اپنے صرفہ (خرچ) میں صرف کرے۔ رقم بچا کر نہ رکھے۔ روزانہ کی رقم روزانہ خرچ کر دے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۴۸۶

۲۶۲	۲۶۵	۲۶۸	۲۵۵
۲۶۷	۲۵۶	۲۶۱	۲۶۶
۲۵۷	۲۷۰	۲۶۳	۲۶۰
۲۶۴	۲۵۹	۲۵۸	۲۶۹

برائے قضاء حاجات

غسل کرے اور پاک کپڑے پہنے۔ خوشبو لے اور جلائے (لوبان

وغیرہ) مصلے پر بیٹھ کر آیۃ الکرسی۔ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے آخر تک۔ چاروں قل (قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ الخ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ الخ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ الخ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ الخ) ہر ایک تین تین بار پڑھے اور اپنے بدن پر دم کرے سورۂ فاتحہ اس ترتیب سے پڑھے۔ ایک ہفتہ۔

یکشنبہ (اتوار)	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ	۵۸۲ بار	
دوشنبہ (پیر)	اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	۶۱۸ بار	
سہ شنبہ (منگل)	مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ	۲۴۲ بار	
چہارشنبہ (بدھ)	اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ	۲۳۶ بار	
پنجشنبہ (جمعرات)	اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ	۱۰۴۳ بار	
جمعہ (جمعہ)	صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ	۱۸۰۷ بار	
شنبہ (ہفتہ)	غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ۔ اٰمین	۱۳۰۴ بار	

قضائے حاجات

ترک حیوانات کرکے ایک ہفتہ پڑھے (انشاء اللہ مراد حاصل ہوگی (اس دوران گوشت مچھلی انڈا نہ کھائے ایک اناج کھائے تو بہتر ہے)

یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ	ایک ہزار مرتبہ	اتوار
یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ	ایک ہزار مرتبہ	پیر
یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ	ایک ہزار مرتبہ	منگل
یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ	ایک ہزار مرتبہ	بدھ
یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ	ایک ہزار مرتبہ	جمعرات

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ایک ہزار مرتبہ جمعہ
لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ایک ہزار مرتبہ ہفتہ

برائے قضائے حاجات (۱)

جمعہ کی رات کو سات مرتبہ سورۂ یٰس شریف (پارہ ۲۲ رکوع ۱۸) پڑھے اور سات سلطان کی ارواح کو بخشے۔ دوسرا جمعہ نہ ہونے پائے گا کہ مراد پوری ہوگی۔ سات سلطان یہ ہیں۔

(۱) سلطان ابوسعیدؒ (۲) سلطان بایزید بسطامیؒ (۳) سلطان محمد صلابتؒ (۴) سلطان اسمٰعیل سامانیؒ (۵) سلطان سنجر بلخیؒ (۶) سلطان ابراہیم ادہمؒ (۷) سلطان محمود غزنویؒ۔

برائے قضائے حاجات (۲)

اس دعا کو سات روز لکھے اور پانی میں ڈالے اللہ تعالیٰ اس کی ہر حاجت جس کے لئے لکھے پوری کرے گا۔ اگر بہ نیت زیارت رسول اکرم حضور سرور کائنات کے کرے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہو۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہٗ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا دَیَّانُ۔ یَا سُلْطَانُ۔ یَا غُفْرَانُ۔ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ہ

برائے قضائے حاجت (۳)

جمعہ کی رات یا دن کو ایک ہزار دو سو پچاس ۱۲۵۰ مرتبہ سورہ فاتحہ الحمد شریف پڑھے۔ جگہ، لباس، پاکیزہ ہو۔ تنہائی کی ضرورت نہیں۔ سوا سیر چاول میٹھے پکا کر بہ نیت ایصال ثواب حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم۔ غربا یا معصوم بچوں کو کھلا دے۔ اس کے بعد اپنی حاجت کی دعا مانگے۔ اگر خدانخواستہ پہلے جمعہ میں حاجت پوری نہ ہو تو تین جمعہ تک یہی عمل کرے (یعنی ہر جمعہ کو عمل کرے) انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہوگی۔

برائے قضائے حاجت (۴)

صبح کی سنت کے بعد اکتالیس ۴۱ بار۔ اعوذ باللہ بسم اللہ کے۔ ساتھ سورۂ فاتحہ سات روز پڑھے بسم اللہ کا میم الحمد سے ملا دے۔ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ تین ۳ مرتبہ پڑھے۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پڑھتے وقت اپنے مقصد و مراد کا تصور کرے۔ امین۔ تین ۳ مرتبہ کہے۔

اگر فجر کی نماز قضا ہو جائے تو جب قضا پڑھے تب بھی سنت و فرض کے درمیان پڑھے۔ اگر فجر کی بجائے عشاء میں پڑھنا چاہے تو یہی سنت و فرض کے درمیان پڑھے۔ فجر کا وقت اول ہے۔ جہاں تک ہو فجر کا وقت مقرر کرے۔

قضائے حاجات وحل المشکلات

آدھی رات کے وقت اٹھ کر غسل کرے اور دو ۲ رکعت نماز بہ نیت

قضائے حاجت پڑھے دونوں رکعت میں دس دس بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ بعد سلام کے سر برہنہ (ننگے سر) "یَا وَھَّابُ" تین سو مرتبہ پڑھے اور کھڑے ہو کر انکساری و خلوصِ دل سے درگاہ پروردگار میں دعا کرے اور بیٹھ جاوے اور پھر یَا وَھَّابُ چار سو مرتبہ پڑھے اور کھڑے ہو کر دعا مانگے۔ بعد فراغت دعا پھر بیٹھ جاوے اور یَا وَھَّابُ تین سو بیالیس مرتبہ پڑھے اور سجدہ میں جا کر دعا مانگے کل تعداد ۱۰۴۲ یَا وَھَّابُ ہے۔ شروع و آخر میں درود شریف گیارہ گیارہ بار یَا وَھَّابُ کے شروع میں درود شریف پڑھے اور سجدہ سے پہلے درود شریف پڑھے۔ تین روز پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر حاجت پوری ہوگی اور دعا قبول ہوگی۔

برائے حل مشکلات

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔ بارہ سو مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھے۔ پڑھتے وقت تھوڑے پانی میں عرق گلاب ڈال کر اپنے پاس رکھ لے اور وظیفہ شروع کرنے سے قبل وہ پانی پیئے یعنی ہر سینکڑہ پر ایک گھونٹ پانی پیئے۔ شروع کرنے سے قبل سات مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھی جائے۔ یہ وظیفہ چاند دیکھنے کے بعد پڑھا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مرد کامیابی ہوگی۔

(عطا کردہ گلاب شاہ صاحب مرحوم)

برائے مقصد برآری

دو رکعت نماز بعد عشاء بانیت مقصد برآری پڑھے۔ ہر رکعت میں

بعد فاتحہ پانچ سو مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھی جاوے۔ بعد سلام کے سر برہنہ سجدہ میں دعا مانگے۔ تین روز پڑھے۔ پڑھتے وقت گلابی ریوڑی اور چنبیلی کے پھول پاس رکھے۔ صبح پھول تو بہتے دریا میں ڈال دے اور ریوڑی بچوں میں تقسیم کر دے۔ عروج ماہ نو چندی جمعرات سے شروع کرے۔ (یعنی چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات سے شروع کرے۔)

قضائے حاجات

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَا قَدِیْمُ یَا قَآئِمُ یَا دَآئِمُ یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا کَرِیْمُ یَا رَحِیْمُ یَا سَنَدُ مَنْ لَّا سَنَدَ لَہٗ یَا مَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ سو مرتبہ بعد نماز فجر انشاء اللہ تعالیٰ ہر حاجت پوری ہوگی۔

واسطے سرنگونی دشمن

باوضو تعویذ لکھ کر زرد جامہ کر کے بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن سرنگوں ہوگا۔

۸۸۶

۲۶۳	۲۵۸	۲۶۵
۲۶۴	۲۶۲	۲۶۰
۲۵۹	۲۶۶	۲۶۱

طریقۂ عمل سورۂ اخلاص

بارہویں ربیع الاوّل کو بعد نماز عشاء بیس رکعت دو گانہ بلا ناغہ

حضرت سرور کونین علیہم الصلوٰۃ والسلام پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورۂ اخلاص اکیس۲۱ بار پڑھنی ہوگی بعد بیس۲۰ رکعت کے حضوری قلب سے جس قدر درود شریف ہو سکے کسی میوہ یا کھانے پر ختم پڑھ کر ہدیہ پہنچا دیں۔ تو اس دن کی ریاضت و عبادت کے صلہ میں تمام سال کے لئے سورۂ اخلاص میں اس قدر برکت و رحمت با اثر ہوگی کہ ہر کام میں تیر بہدف ہوگی۔ بعد اس کے زعفران گلاب سے چند نقش سورۂ اخلاص کے لکھ کر تبرکاً اپنے پاس محفوظ رکھیں گے تو باعث برکت عظیمہ رحمت کریمہ اور آئندہ جس کام کے لئے لکھے با اثر ہو۔ اس کی برکت سے صاحب کو ہ کی طرح تیر بہدف ہو۔

۷۸۶

ھوالنافع	۲۵۶	۲۵۳	۲۵۰
۲۵۴	۲۴۹	۲۴۴	۲۵۵
۲۴۸	۲۵۱	۲۵۸	۲۴۵
۲۵۷	۲۴۶	۲۴۷	۲۵۲

برائے زبان بندی

سورۂ الم نشرح بغیر بسم اللہ کے ایک سو اکیس بار پڑھے اور دانہ گندم پر دم کرے اور مرغیوں کو کھلا دے سورج نکلنے سے قبل پڑھے اور ختم کرے۔

برائے قضائے حاجت

دو رکعت نماز بہ نیت قضائے حاجت پڑھے۔ پہلی رکعت میں بعد

سورۂ فاتحہ کے سورۂ الم نشرح (آخر تک) اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اذا جاء نصر اللہ (آخر تک) پڑھے اور اس کے بعد اپنی حاجت کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ مشکل آسان ہوگی۔

سورۂ انشراح (سورۂ الم نشرح)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

سورۂ النصر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۝ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝

برائے حل مشکلات و مطلب برآری

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ انتالیس۳۹ روز ہر روز تین۳ ہزار دفعہ پڑھے۔ جب تعداد پوری ہوگی تمام چیزیں اس کے ہمراہ ہونگی۔ اسرار ظاہر ہونگے۔ فہم و ادراک میں استعداد پیدا ہوگی اس ریاضت کا کرنے والا اگر کسی کو نظر قہر سے دیکھے گا وہ باذن اللہ ہلاک ہوگا اگر نظر رحمت سے دیکھے گا تو دنیا و آخرت میں نیک ہوگا

بیماروں کو صحت کی نظر سے دیکھے گا تو باذن اللہ صحت یاب ہونگے اور اگر بعد نماز فجر اور عصر چار سو پچاس مرتبہ پڑھے گا اور مداومت کرے گا تو اللہ تعالیٰ عالم کو اس کا مسخر اور فرمانبردار کرے گا۔

مرادیں پوری ہونے کا عمل

وَاللّٰہِ ثُمَّ وَاللّٰہِ بِحَقِّ قُرْآنٍ کَرِیْمٍ وَّرَسُوْلٍ رَّحِیْمٍ۔ جو شخص رات دن میں ہزار بار چالیس روز پڑھے گا اس پر کشف روحانی ہوگا۔ ساری مرادیں پوری ہوں گی۔ اس کا تصرف سلاطین کی طرح چلے گا۔

مخالفین اور بدگو کی ذلت و بربادی کا عمل

رَبِّ اللّٰہُ نُرْنِیْ عَلَی الْقَوْمِ الْمُفْسِدِیْنَ ۝ بعد نماز عصر عشاء اور فجر یا اگر ممکن ہو تو بجائے فجر کے تہجد کے وقت ایک ایک ہزار بار پڑھے انشاء اللہ مفسدوں کے دل مخالفت سے خالی ہو جائیں گے۔ یا ان پر اس طرح کی مصیبت اور تباہی آئیگی کہ پڑھنے والا ان سے نجات پائے گا۔

مقدمہ یا دنیاوی مقاصد میں کامیابی کے لئے

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔ مقدمہ یا دنیاوی مقصد کے لئے بادام پر ایکسو ہزار مرتبہ۔ ایک دن تین دن، پانچ دن، سات دن یا نو دن تک بعد نماز عشاء پڑھے۔ کام ہو جانے پر بادام کو شیرینی میں ملا کر غربا کو تقسیم کر دے۔

برائے غلبہ و فتح بر دشمن

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ (آخر تک) اکیس بار بعد نماز عشاء پڑھے۔ "نَصْرُ اللّٰہِ" کا لفظ تین بار بلند آواز سے پڑھے۔

سورۃ النصر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ وَاسْتَغْفِرْہُ ؕ اِنَّہٗ کَانَ تَوَّابًا ۝

برائے کامیابی و غلبہ بر دشمن

"اَلْعَزِیْزُ" گیارہ سو گیارہ بار بعد نماز فجر پڑھتا رہے ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہو۔ مسلسل کامیابی تک پڑھتا رہے دنوں کی قید نہیں ہے۔

دشمن پر کامیابی کے لئے

بلا تعداد بے شمار پڑھے مسلسل تین دن تک۔ الفاظ یہ ہیں۔

اُڑ بھنبھیری ساون آیا

مزار پر حاضری کا عمل

مزار سے پچیس قدم کے فاصلے پر کھڑے ہو کر پڑھے۔ اگر اشارہ

ہوجائے ورنہ واپس لوٹ جائے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

سُبُّوحٌ ۔ قُدُّوسٌ ۔ رَبُّ الْمَلٰئِكَةِ
۲۵ مرتبہ ۲۵ مرتبہ ۲۵ مرتبہ

وَالرُّوحِ ۔ يَا مُوحُ مُوحُ مَا بِكَ
۲۵ مرتبہ ۲۵ مرتبہ

تسخیر عام کیلئے (عوام میں مقبول ہونے کیلئے)

خضر حاضر حضور ۔ خضر ظاہر ظہور ۔ خضر آؤ ۔ خضر جاؤ ۔ خضر گر گر لاؤ ۔ خضر ڈیا بھر بھول خضر کردہ معمور ۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف روزانہ سوا مرتبہ تسخیر عام کے لئے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

برائے حُب

مندرجہ ذیل آیت تین سو تریسٹھ (۳۶۳) بار سورج یا چاند محسن (گرہن) یا شب قدر کے دن ۔ سرمہ ۔ عطر ۔ شکر ۔ نمک پر دم کرکے دیں اور بوقت ضرورت اور روزانہ بطور وظیفہ (۱۱۲۱ مرتبہ) روزانہ بعد فجر یا بعد نماز عشاء پڑھا کریں ۔ ناغہ نہ کریں ۔

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ يُحِبُّوْهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۔

برائے فتوحات

برائے فتوحات گیارہ سو بار بعد نماز عشاء پڑھیں ۔ اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ ۔

سُبْحَانَكَ الْقَادِرُ الْقَاهِرُ الْقَوِيُّ الْكَافِي

پوشیدہ بات معلوم کرنا

دو رکعت نماز بعد نماز عشاء قبل وتر اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ (آخر تک) اور دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ آخر تک) پڑھے ۔ نماز کے بعد گیارہ سو بار (۱۱۰۰) یہ دعا پڑھے ۔ اور اسی جگہ سو جائے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ پوشیدہ بات معلوم ہوجائے گی ۔ وہ دعا یہ ہے :-

يَا خَبِيْرُ اَخْبِرْنِيْ ۔ يَا بَشِيْرُ اَبْشِرْنِيْ ۔ يَا عَلِيْمُ عَلِّمْنِيْ ۔ يَا مُبِيْنُ بَيِّنْ لِّيْ ۔ يَا اَحَدُ اِهْدِنِيْ ۔ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔

سورۃ الکافرون

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

سورۃ الاخلاص

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

برائے مغلوبی و فرمانبرداری مخالفین

تین یوم (دن) تک مندرجہ ذیل الفاظ سات سو چیاسی (۷۸۶) مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔

يَا لَطِيْفًا بِخَلْقِهٖ۔ يَا عَلِيْمًا بِخَلْقِهٖ۔ يَا خَبِيْرًا بِخَلْقِهٖ
اُلْطُفْ بِهٖ۔ يَا لَطِيْفُ۔ يَا عَلِيْمُ۔ يَا خَبِيْرُ

صفائی قلب کے لئے

(علیہ و تبرک از خلیفہ حضرت الحاج سید طالب اللہ شاہ اشرفی)

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَ الْاَبْصَارِ۔ سات سو چیاسی (۷۸۶) بار
يَا خَالِقَ الَّيْلِ وَ النَّهَارِ۔ تین سو ساٹھ (۳۶۰) بار
ثَبِّتْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ۔ ایک سو اکیس (۱۲۱) بار
اکتالیس دن تک بلا ناغہ۔

حصار قادریہ

صبح و شام سات سات بار پڑھ کر عامل اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔ وہ الفاظ یہ ہیں۔

يَا حَافِظُ۔ يَا حَفِيْظُ۔ يَا نَاصِرُ۔ يَا نَصِيْرُ۔ يَا رَقِيْبُ
يَا وَكِيْلُ۔ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ۔

واسطے زبان بندی

جس وقت دربار میں یا کسی حاکم کے دفتر میں یا کسی بزرگ کے پاس کسی حاجت کے لئے جائے تو اس اسم کو تین بار پڑھ کر اپنے بدن پر دم کر کے جاوے دیکھتے ہی مہربان ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ برزبانش عصائے کلیم اللہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ بِحَقِّ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝

کیمیائے سلطنت

نقش تمام کلام اللہ سمیت تمام بسم اللہ کے ہر چیز کے لئے۔ ہر مشکل کے لئے موم جامہ کر کے گلے یا دائیں بازو پر باندھے۔ عورت بائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔

۷۸۶

۶۱۰۱۲۲۲ ۸	۶۱۰۱۲۲۵ ۱۱	۶۱۰۱۲۳۱ ۱۴	۶۱۰۱۲۱۵ ۱
۶۱۰۲۳۰ ۱۳	۶۱۰۱۲۱۶ ۲	۶۱۰۱۲۲۱ ۷	۶۱۰۱۲۲۶ ۱۲
۶۱۰۱۲۱۷ ۳	۶۱۰۱۲۳۳ ۱۶	۶۱۰۱۲۲۳ ۹	۶۱۰۱۲۳۰ ۶
۶۱۰۱۲۲۴ ۱۰	۶۱۰۱۲۱۹ ۵	۶۱۰۱۲۱۸ ۴	۶۱۰۱۲۳۲ ۱۵

نظرِ بد کے دفعیہ کیلئے

جنوں اور آدمیوں کی نظر لگ جانے کے لئے پانی میں گھول کر پلائے۔

۲۱۶۸ ۸	۲۱۷۱ ۱۱	۲۱۷۵ ۱۴	۲۱۶۱ ۱
۲۱۷۴ ۱۳	۲۱۶۲ ۲	۲۱۶۷ ۷	۲۱۷۲ ۱۲
۲۱۶۳ ۳	۲۱۷۷ ۱۶	۲۱۶۹ ۹	۲۱۶۶ ۶
۲۱۷۰ ۱۰	۲۱۶۵ ۵	۲۱۶۴ ۴	۲۱۷۶ ۱۵

کامیابی اور برکت کیلئے

(۱) اگر اس تعویذ کو سات شمس میں کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ (۲) اگر اس تعویذ کو لوہے کی تختی پر کندہ کرا کر گھر میں یا دوکان پر رکھے گا تو انشاء اللہ خیر و برکت ہوگی۔

۷۸۶

یامقتدر	۷	لی	ط	ص	یاغالب
۷	۷	ھو	صلح	۷	ح
ھ ۷	د	۷	ع	لو	ح
۷ ح	ح	م	ط	۷	ح
لو	م	ط	ع	صلح	ص
یاقوی	ص	ط	ی	۷	یاغالب

اکسیر برائے بواسیر

(از: حکیم برکات احمد صاحب ٹونکی)

بدھ کے روز آفتاب نکلنے سے پہلے لکھے اور لوبان کی دھونی دے اور ظہر سے قبل دھونی (دوبارہ) دے کر گھر میں باندھیں۔ نقش لکھتے وقت اور باندھتے وقت دھونی دینا چاہیئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بواسیر جاتی رہے گی نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یاحافظ ۱	یاحفیظ ۳	یارقیب ۶
یاحفیظ ۲	یارقیب ۵	یاوکیل ۸
یارقیب ۴	یاوکیل ۷	یااللہ ۹

نام مریض (یا مریضہ) معہ ولدیت

برائے اولاد

واسطے اولاد کے بروز بدھ فجر کو لکھ دے اور تعویذ چاندی کے تعویذ میں بند کر کے باندھے۔

بحق نبی اللہ ۷۸۶ بحق مدنی اللہ

یااللہ	یاقدیر	یاواسع
یاعدل اللطیف	یاصاحب الملک	یاعزیز
یاخالق الباری	یابارئ المصور	یاصاحب معروف

اَلْحُبّ

یَآ اَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَۃٍ وَّخَلَقَ مِنْھَا زَوْجَھَا وَبَثَّ مِنْھُمَا رِجَالًا کَثِیْرًا وَّنِسَآءً ۔ یَاحَفِیْظُ یَاحَافِظُ ۔ یَانَصِیْرُ یَارَقِیْبُ یَاوَکِیْلُ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ ۔ ۱۰۱ بار پڑھ کر شکر پر دم کر کے ایک ہفتہ کھلائیں انشاء اللہ تعالیٰ مطیع و فرمانبردار ہوگا۔

محبت کے لئے

نماز فجر سے قبل چار نمک کی کنکریوں پر پڑھے اور آگ میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جس وقت سامنے آئے گا بے چین ہو جائے گا۔
وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِیَ خَلْقَہٗ ۔ قَالَ مَنْ یُّحْیِ الْعِظَامَ وَھِیَ رَمِیْمٌ ۔ قُلْ یُحْیِیْھَا الَّذِیْ اَنْشَاَھَآ اَوَّلَ مَرَّۃٍ ۔ وَھُوَ بِکُلِّ خَلْقٍ عَلِیْمٌ ۔ (یٰسٓ ۔ ۷۸)

اَلْحُبّ

بعد نماز عشاء عروج ماہ میں۔ پہلے روز ایک ہزار بار یَاوَدُوْدُ پڑھے دوسرے روز دو ہزار بار پڑھے۔ اسی طرح ہر روز ایک ہزار بڑھاتے ہوئے ساتویں دن سات ہزار مرتبہ پڑھے۔ اور اپنے سینہ پر دم کر لیا کرے۔ اس چلہ کے بعد جب ضرورت ہو۔ مطلوب کے دائیں پیر اور طالب کے بائیں پیر کی مٹی پر سات مرتبہ آیت ذیل کو دم کر کے یک

کپڑے میں باندھ کر مطلوب کے مکان کی طرف منہ کر کے طالب اس مٹی کو اپنے پاؤں کے نیچے دبائے۔ مطلوب دیوانہ وار حاضر ہوگا۔ ھُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ۔ بِحَقِّ یَاوَدُوْدُ فلاں بن فلاں کو حاضر کر حاضر کر۔

برائے عداوت

وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ۔ پ درمیان فلاں بن فلاں عداوت و تفریق ہو۔ بھوج پتر پر لکھے اور درمیان پرانی قبر کے دفن کرے۔



عداوت

فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُکِّرُوْا بِہٖ فَتَحْنَا عَلَیْھِمْ اَبْوَابَ کُلِّ شَیْءٍ ۔ حَتّٰٓی اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰھُمْ بَغْتَۃً فَاِذَا ھُمْ مُّبْلِسُوْنَ ۔ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۔ پ ۷ ع ۱۱
اگر ظالموں کی خانہ ویرانی اور ان کی جماعت کی پراگندگی مقصود

ہوتو ان آیتوں کو کسی مذبوح جانور کی پرانی ہڈی پر لکھ کر اس کو باریک کوٹ کر اس کے گھر میں ڈال دے۔

برائے دشمنی

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ چالیس بار پڑھا جاوے اور چاقو سے زمین پر لکیر کرتا جاوے جب چالیس بار ہو جاوے تو چار مرتبہ لکیروں کا کاٹ دے اور لکیروں پر تھوک دے۔ (حلیہ جنابہ فیع الدین صاحب)

عداوت

اس طلسم کو لکھ کر آنت گوسپند (بکری) میں لپیٹ کر رات کو گورستان (قبرستان) میں دفن کر دے اور تھوڑا سا سلگا دے اور یہ کہہ آوے کہ "باذن اللہ" یہ میرا مطلب پورا کرنا۔ جب کام پورا ہو۔ حتی المقدور کھانا شیرینی اس قبر پر رکھ آوے۔ اگر نہ دے گا تو وہی مردہ چھاتی پر سوار ہو کر اپنا بھوگ لے گا۔



درمیان بیت دمشق فلاں بنت فلاں و فلاں بن فلاں البغض افتد

دشمنی و عداوت

ان اسماء اور حرفوں کو نام مع ولدیت لکھ کر آپس میں نفاق ڈالنا منظور ہو تو پانی میں دھو کر پلا دے تو راجدائی ہو۔



عمل تفرقہ اندازی

نزول ماہ روز شنبہ یا دوشنبہ ساعت اول تازہ شانہ گوسپند (بکری) پر لکھے اور نام فریقین معہ والدہ زیر نقش تحریر کرے بعدہٗ قبر کہنہ میں جانب مشرق دفن کرے اور ۷۸۶ تعویذ پر نہ لکھا جائے۔ (آیت سورۃ مائدہ)

والقينا	بينهم العداوة	والبغضاء	الى يوم القيامة
الى يوم القيامة	والبغضاء	بينهم العداوة	والقينا
بينهم العداوة	والقينا	الى يوم القيامة	والبغضاء
والبغضاء	الى يوم القيامة	والقينا	بينهم العداوة

برائے بیماری دشمن

بروز اتوار یا منگل کو پرانی قبر کی اکتالیس ۴۱ کنکریاں لے کر اسی جگہ پڑھے اور ان کو لا کر گھڑے یا کنویں میں جہاں سے دشمن پانی پیتا ہو ڈالدے وقت ٹھیک بارہ بجے کا ہو۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ نَاسِ نَاسِ مَلِكِ النَّاسِ نَاسِ نَاسِ اِلٰهِ النَّاسِ نَاسِ نَاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ نَاسِ نَاسِ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ نَاسِ نَاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ نَاسِ نَاسِ۔

برائے عداوت

پوری سورۃ القارعہ (پ۳۰) نو۹ بار بوقت زوال اخیر ماہ میں مردے سیدھے پیر کی مٹی اور عورت کے بائیں پیر کی مٹی لے کر پڑھے اور چوکھٹ کے نیچے دفن کرے۔

ظالم کے شر سے محفوظ رہنے کا عمل

یَا مُذِلُّ۔ پچھتر مرتبہ پڑھے اور سجدہ میں جائے اور کہے کہ الٰہی فلاں ظالم کے شر سے مجھے بچا۔

خرابی دشمن کے لئے

خرابی دشمن کے لئے کمہار کے آوے (وہ بھٹی جس میں کمہار مٹی کے برتن پکاتا ہے) میں ڈالے۔

۷۸۶

۵	۵۱	۲	۴۶
۴۵	۳	۴۸	۸
۵۰	۶	۴۷	۱
۴	۴۴	۷	۴۹

برائے عداوت و جدائی

بروز سہ شنبہ (منگل) آک کے پتے پر لکھ کر آگ میں جلاوے۔ جدائی

ہوگی۔ کبھی موافقت نہ ہوگی۔

فی الارض الفساد بالحج عج حرحر ملمی +

۱۱ ۱۱ ۹ دی ص ۱۱۲ ج ۸۹۱۲ ج

فلاں بن فلاں علی البغض فلان بن فلاں

دشمن کے دفع ہونے کیلئے

اول تین بار یہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاھِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَآءِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔
اس کے بعد یہ آیت پڑھ کر ہتھیلی زمین پر مارے اور نام دشمن کا لے اور تین بار آمین کہے۔ وہ آیت یہ ہے۔
اَلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ۝
اور پھر سورۂ یٰسٓ شریف شروع سے پڑھنا شروع کرے اور جب پہلے مبین پر پہنچے تو آیت بالا کو پڑھ کر زمین پر ہاتھ مارے اور دشمن کا نام لے اور تین بار آمین کہے۔ اس کے بعد پھر سورۂ یٰسٓ شروع سے پڑھے اور دوسرے مبین پر آیت بالا پڑھے اور زمین پر ہاتھ مارے اور دشمن کا نام لے اور تین بار آمین کہے۔
اسی طرح ہر مبین پر کرے (سورۂ یٰسٓ شریف میں سات مبین ہیں) اور سورۂ یٰسٓ ختم کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوگا۔

ہر مرض و ہر درد کے ازالہ کے لئے

ہر مرض اور ہر درد کے واسطے مقام مرض پر ہاتھ رکھ کر ان آیتوں کو پڑھ کر دم کر دے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد صحت ہوگی۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۙ

سردی کے بخار سے نجات کے لئے

اگر سردی سے بخار آتا ہو تو بیری کی لکڑی پر لکھ کر گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔ آیت یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۙ

درد سے نجات

مندرجہ ذیل آیتوں کو ایک سفید چینی کے برتن پر لکھ کر آب باراں (بارش کے پانی) سے دھو کر پینے سے ذکاوت بڑھتی ہے۔ اگر کسی قسم کے درد پر جو جسم کے کسی حصہ پر ہو باوضو پڑھ کر دم کر دینے سے درد انشاء اللہ تعالیٰ فوراً دفع ہو جاتا ہے۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ

سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

حفاظتِ حمل کے لئے

اگر حمل گر جانے کا خوف ہو یا حمل نہ ٹھہرتا ہو تو اس آیت کو لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہے گا۔

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۖ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ (پ ۱۳ ع ۲)

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝ (پ ۱۳ ع ۸)

ہر قسم کا درد، بیماری، سحر، جادو، نظر بد، دور کرنا

سورۂ معوذتین (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مکمل) ہر قسم کے درد، بیماری، سحر، نظر بد وغیرہ کے لئے پڑھنا۔ دم کرنا۔ لکھ کر باندھنا مفید ہے۔ اور سوتے وقت پڑھنے سے ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہے گا۔ اور اگر حاکم کے روبرو جاتے وقت پڑھے تو اس کے شر سے محفوظ رہے۔

سُوْرَةُ الْفَلَقِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي

الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۙ

سُوْرَةُ النَّاسِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ
صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۙ

حفاظت از جملہ امراض

نقش ہر سہ قل برائے جمیع امراض۔ جمعہ کے روز باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ جملہ امراض سے محفوظ رہے گا۔
نقش یہ ہے

۳۵۴۰	۳۵۴۳	۳۵۴۶	۳۵۴۳
۳۵۴۵	۳۵۴۴	۳۵۴۹	۳۵۴۴
۳۵۳۵	۳۵۴۸	۳۵۴۱	۳۵۳۸
۳۵۴۲	۳۵۳۷	۳۵۳۶	۳۵۴۷

زہریلے جانور کے کاٹے کا علاج

اگر زہریلا جانور کاٹے تو جہاں پر کاٹا ہو۔ اس کے گرد انگلی گھماتا ہوا ایک سانس میں سات مرتبہ پڑھے۔ اور دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زہر و درد دفع ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ۚ (پ ۱۹ ع ۱۱)

ہول دل اور دل کی گھبراہٹ دور کرنے کیلئے

ہول دل کے لئے لکھ کر گلے میں اس طرح لٹکائے کہ عین قلب پر رہے اور دھاگہ سے باندھ دے تاکہ قلب سے ہٹنے نہ پائے۔
لِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ۚ (پ ۱۰ ع ۱۲)

قیام حمل کے لئے

حقیقہ عورت کے حمل قرار پانے کے لئے یہ دعا لکھے اور موم جامہ کرکے گھڑے میں ڈالے اور پانی بھر دے اور دونوں مرد عورت اس پانی کو پیویں۔ جب پانی تمام ہو جائے تو موم علیحدہ کرکے موم جامہ کرکے عورت کے گلے میں اس دعا کو باندھ دیں۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ۔
وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۚ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۚ (پ ۲۹ ع ۲)
وَبِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ اِهْيَا اِشْرَاهِيَا۔ بِسْمِ اللّٰهِ شَافِيْ۔ بِسْمِ اللّٰهِ كَافِيْ۔ بِسْمِ اللّٰهِ مُعَافِيْ۔ بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَآءِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ

إِسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ إِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

لڑکا پیدا ہونے کے لئے

روایت ہے کہ حضرت داؤدؑ نے مداومت کی تو حضرت سلیمانؑ کو پایا اور حضرت یعقوبؑ نے مداومت کی تو حضرت یوسفؑ کو پایا اور حضرت ابراہیمؑ نے مداومت کی تو حضرت اسمٰعیلؑ کو پایا۔

پس ہر مومن کو چاہئے کہ بصدق دل درخواست بدرگاہ کبریا کرے اور اس دعا کو بعد ہر نماز جس قدر ممکن ہو پڑھتا رہے۔ تو اس کی مراد پوری کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔ دعا یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ

يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝

برائے مارگزیدہ (سانپ کے کاٹے کا علاج)

اگر کسی کو سانپ کاٹے تو اپنی پگڑی کے کنارے پر یہ دعا پڑھے تین مرتبہ اور دم کرے اور جس نے عامل کو خبر دی ہو کہ فلانے کو سانپ نے کاٹا ہے اس کے ہاتھ میں وہ عمامہ دے کر بھیجے اور کہے کہ تین بار مارگزیدہ کے منہ پر اور پاؤں پر پھیرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ مارگزیدہ صحت پائے گا اور زہر اس کے جسم سے زائل ہوگا بحکم خدا۔ دعا یہ ہے۔

طَيْرًا طُوْرِ سِيْنَا افْوُتًا آخُوْسًا سَاسًا

دافع زہر بچھو، سانپ، بسکھیرہ وغیرہ

سات مرتبہ پڑھ کر قند سیاہ (گڑ یا شکر) پر دم کرے اور گزیدہ (کاٹے ہوئے) کو کھلائے۔ یا شربت بنا کے پلائے۔ بفضل خدا جلد صحت حاصل ہو۔

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الضَّحِيَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عَقْرَبٍ وَّحَيَّةٍ إِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّأَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكَافِرِيْنَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

پیٹ کا درد

یہ آیت پانی وغیرہ پر تین بار دم کر کے پلا دیں یا لکھ کر موم جامہ کر کے

پیٹ پر باندھ دیں انشاء اللہ تعالیٰ درد سے جلد نجات ملے گی۔

لَا فِيهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ۝

تلی بڑھ جانا

یہ آیت معہ بسم اللہ کے لکھ کر تلی کی جگہ باندھیں انشاء اللہ صحت حاصل ہوگی۔

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۝

ناف ٹل جانا

یہ آیت معہ بسم اللہ کے لکھ کر موم جامہ کر کے ناف کی جگہ باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ ناف اپنی جگہ آجائے گی اور گیہوں ہضم ہونے لگیں تو پھر نہ ٹلے گی۔

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ۚ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝

پھوڑا پھنسی یا ورم کے دفعیہ کے لئے

پاک مٹی کا ثابت ڈھیلا ہو چاہے پسی ہوئی ہو لے کر سیدھا تین بار پڑھ کر اس پر تھوکے اور اس پر تھوڑا سا پانی چھڑک کر وہ مٹی تکلیف کی جگہ یا اس کے آس پاس دن میں دو چار بار ملا کرے بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا يُشْفٰى سَقِيْمُنَا

بِاِذْنِ رَبِّنَا ۝

ہمیشہ لڑکی ہونا

اس عورت کا خاوند یا کوئی دوسری عورت اس کے پیٹ پر انگلی سے دائرہ ستر بار بنا دے اور ہر دفعہ میں يَا مَتِيْنُ کہے انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔

دودھ کی کمی دور کرنا

جس عورت کی چھاتیوں میں دودھ کم ہوتا ہو اور بچہ بھوک سے روتا رہتا ہو اس کے لئے یہ دونوں آیتیں نمک پر سات بار پڑھ کر دم کر دیں اور وہ پڑھا ہوا نمک ماش (اُڑد) کی پکی ہوئی دال میں ملا کر عورت کو چند دن کھلائیں انشاء اللہ تعالیٰ دودھ زیادہ مقدار میں پیدا ہوگا۔ پہلی آیت یہ ہے:

وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ۝

دوسری آیت یہ ہے:

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۚ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ۝

اگر جانور کے تھنوں میں دودھ کم ہو تو دوسری آیت آٹے کے پیڑے (تھوڑے آٹے) پر سات بار پڑھ کر دم کر کے وہ آٹے کا پیڑہ گائے یا بھینس کو کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ زیادہ دودھ

دے گی۔ اسی طرح اگر بکری کو کھلائے گا وہ بھی انشاء اللہ تعالیٰ زیادہ دودھ دے گی۔

ہیضہ اور ہر قسم کی وبا طاعون وغیرہ

طاعون یا ہیضے کے دنوں میں جو چیز کھائے پہلے تین بار اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ۔ آخر تک پڑھ کر دم کر کے کھایا کرے انشاء اللہ تعالیٰ حفاظت ہوگی اور جس کو ہیضہ یا طاعون ہو جائے اس کو بھی کسی چیز پر دم کر کے کھلائیں پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔

سُوْرَةُ الْقَدْرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ۚ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ ۚ لَیْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۚ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۙ سَلٰمٌ ۛ هِیَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۚ

دانتوں کی مضبوطی کے لئے

جب ستارہ ٹوٹتا ہوا دیکھے تو سورۂ فاتحہ شروع سے اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ تک پڑھے پھر زبان کی نوک کو اوپر کے دانتوں کے اندر کی جانب داہنی طرف سے دانتوں کی جڑوں میں پھیرتا ہوا بائیں جانب اخیر تک لائے۔ پھر نیچے کی جانب اندر کی

طرف سے پھیرتا ہوا سب دانتوں کی جڑوں میں گھماتا ہوا داہنی جانب نیچے کی طرف لا کر ختم کر دے بفضلہ درد، نزلہ وغیرہ سے امن رہے گا۔

بچھو کے کاٹے کا علاج

اگر کسی کو بچھو کاٹ لے اور اس کا درد بے حال ہو تو سورۃ الناس مکمل بغیر سین کے پڑھے اور بچھو کے کاٹے پر دم کرے یا رومال پر دم کر کے ڈنک ماری (کاٹی ہوئی) جگہ پر وہ رومال مارے انشاء اللہ تعالیٰ مکمل آرام ہوگا۔

سُوْرَةُ النَّاسِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۙ

بچے کی درازیٔ عمر کے لئے

جس کے اکثر لڑکے مر جاتے ہوں تو سات مرتبہ سورۃ مزمل شریف پڑھ کر سپاری (چھالیہ) پر دم کر کے بچہ کے گلے میں ڈالے اللہ تعالیٰ بچہ کی عمر دراز کرے گا۔

سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّیَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یٰۤاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۙ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا ۙ نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ

مِنْهُ قَلِيْلًا ۝ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۝ اِنَّا
سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً
وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۝ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ۝ وَاذْكُرِ
اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۝ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ
وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ۝ وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي
النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ۝ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ۝
وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ۝ يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَ
الْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ۝ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ
رَسُوْلًا ۝ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ۝
فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ۝ فَكَيْفَ
تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ۝ السَّمَآءُ
مُنْفَطِرٌ بِهٖ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ۝ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۝
فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ
تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ
الَّذِيْنَ مَعَكَ ۝ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۝ عَلِمَ اَنْ لَّنْ
تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ۝
عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۝ وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي
الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۝ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۝ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ
وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۝ وَمَا تُقَدِّمُوْا

لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ
اَجْرًا ۝ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

حصار واسطے حفاظت از بلیات

اس حصار کو تین بار پڑھ کر ہاتھ پر دم کرے تمام بدن پر ہاتھ پھیرے
یا حکیمُ۔ یا کریمُ۔ یا حافظُ۔ یا حفیظُ۔ یا ناصرُ۔
یا نصیرُ۔ یا رقیبُ۔ یا وکیلُ، یا اللّٰہُ۔ یا اللّٰہُ۔ یا اللّٰہُ۔
وَبِحَقِّ کٓهٰیٰعٓصٓ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ حرز کردم خود را با لَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ حصار کردم خود را با مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

دفع بخار کے لئے

داہنے کندھے پر ہاتھ رکھ کر دس بار پڑھے۔ یا محقق شمس تبریز
جناب امیر احمد پھر بائیں کندھے پر ہاتھ رکھ کر دس بار پڑھے اور
دم کرے۔ یا تپ بگریز جناب امیر احمد انشاء اللہ تعالیٰ بخار دفع
ہوگا۔

ولادت بچہ کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ
لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا
وَتَخَلَّتْ ۝ ان آیتوں کو لکھ کر ولادت کے لئے بائیں ران پر باندھے
انشاء اللہ تعالیٰ آسانی کے ساتھ ولادت ہوگی۔ مگر بعد ولادت

تعویذ کو فوراً کھول دینا چاہئے۔ اور اس عورت کے سر کے بال کی دھونی مقام خاص پر دینا مفید ہے۔ اگر تعویذ فوراً نہ کھولا تو آنتیں تک باہر آجانے کا اندیشہ ہے۔ لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

بدخوابی اور پریشان خوابی سے نجات کے لئے

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

بدخوابی ہوتی ہو اور پریشان خواب دیکھتا ہو گلے میں ڈالے یا سوتے وقت پڑھے انشاء اللہ بدخوابی اور پریشان خوابی سے نجات حاصل ہوگی۔

اولاد کے واسطے

بروز بدھ بعد نماز فجر کو لکھ کر دے اور تعویذ چاندی کے تعویذ میں بند کر دے اور گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ اولاد پیدا ہوگی۔

یا اللہ	یا قدیر	یا واسع
یا عدل لطیف	یا صاحب الملک	یا عزیز
یا خالق الباری	یا باری المصور	یا صاحب صنوع

اسقاط سے حفاظت کے لئے

ایک تانگا کسم کا رنگا ہوا عورت کے قد کے برابر لے اور نو گرہ لگا دے اور ہر گرہ پر وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝ اور سورۃ کافرون آخر تک پڑھے اور گرہ دیتا جائے اور دم کرتا جائے اور کمر میں باندھے۔

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

واسطے حفاظت حمل

وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۝ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ۝

آیات مذکورہ نگا بداشت حمل اور پیدائش لڑکے کیلئے جب عورت کو حمل قرار پائے چالیس روز گذریں کاغذ پر لکھ کر اور سوت میں لپیٹ کر موم جامہ کر کے حاملہ کے زیر ناف باندھیں

——— ——— ۔جب بچہ پیدا ہو تو تعویذ مذکورہ بچے کے گلے میں ڈال دیں جملہ آفات و عارضہ چشم بد سے محفوظ رہے گا۔

جس کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو

اجوائن اور کالی مرچ (اجوائن سوا پاؤ، کالی مرچ سوا پاؤں پر دوشنبہ (پیر کے دن) کو دوپہر کے وقت اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر درمیان میں چالیس بار سورۃ والشمس پڑھ کر عورت کو حمل کے دن سے بچے کا دودھ چھڑانے تک کھلا دیں۔

سُوْرَةُ الشَّمْس

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا ۝ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰهَا ۝ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ۝ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ۝ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ۝ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَا ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا ۝ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ۝ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰهَا ۝ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰهَا ۝ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۝ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰهَا ۝ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝

پیدا شدہ بچے کو آفات سے محفوظ رکھنے کے لئے

واسطے دفع آفات مولود کے سورۃ الحاقۃ آخر تک ایک

طشت (تھال) میں لکھے اور آب گرم (گرم پانی) سے دھوئے اور وہ پانی بچہ کے سر پر روزانہ تھوڑا تھوڑا لگائے یا ساتھ مرتبہ تیل پر پڑھ کر دم کرے اور بدن میں جذب کرائے (مالش کرے) حشرات وطیور موذیہ سے امن میں رہے گا۔

سُوْرَةُ الْحَآقَّة

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَآقَّةُ ۝ مَا الْحَآقَّةُ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحَآقَّةُ ۝ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ وَعَادٌۢ بِالْقَارِعَةِ ۝ فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا بِالطَّاغِيَةِ ۝ وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ۝ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ۝ فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ۝ وَجَآءَ فِرْعَوْنُ وَمَنْ قَبْلَهٗ وَالْمُؤْتَفِكٰتُ بِالْخَاطِئَةِ ۝ فَعَصَوْا رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً رَّابِيَةً ۝ اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ۝ لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ۝ فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۝ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ۝ وَالْمَلَكُ عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا ۚ وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ۝ يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ۝ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ

فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ۚ اِنِّيْ ظَنَنْتُ اَنِّيْ مُلٰقٍ
حِسَابِيَهْ ۚ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۙ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۙ
قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ۚ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ
فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ۔ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ ۙ
فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ۚ وَلَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ۚ
يٰلَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ۚ مَآ اَغْنٰى عَنِّيْ مَالِيَهْ ۚ هَلَكَ عَنِّيْ
سُلْطٰنِيَهْ ۚ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ۚ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ۚ ثُمَّ فِيْ
سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ۚ اِنَّهٗ كَانَ
لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ۙ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۚ
فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ۙ وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ۚ
لَّا يَاْكُلُهٗٓ اِلَّا الْخَاطِئُوْنَ ۚ فَلَآ اُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُوْنَ ۚ
وَمَا لَا تُبْصِرُوْنَ ۚ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ۚ وَّمَا هُوَ
بِقَوْلِ شَاعِرٍ ۭ قَلِيْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ ۙ وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ ۭ
قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۚ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔ وَلَوْ
تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ ۙ لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ ۙ
ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ ۚ فَمَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ عَنْهُ
حٰجِزِيْنَ ۔ وَاِنَّهٗ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ۔ وَاِنَّا لَنَعْلَمُ
اَنَّ مِنْكُمْ مُّكَذِّبِيْنَ ۔ وَاِنَّهٗ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۔
وَاِنَّهٗ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ ۔ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۚ

واسطے اولاد کے

اولاد کے واسطے چالیس روز بلا ناغہ مرد اور عورت انڈے پر

لکھ کر صبح کے وقت کھائیں اللہ پاک اولاد نرینہ عطا فرمائے گا۔
مرد کے انڈے پر یہ آیت لکھے۔ وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا
بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ۔
عورت کے انڈے پر یہ آیت لکھے۔ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا
فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ۔

برائے تپ لرزہ (سردی کے بخار کے لئے)

از اعداد مجربہا ۲۵۹۲۔ روزانہ لکھ کر پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار
اتر جائے گا۔ جب بخار اتر جائے پلانا بند کر دیں۔

۷۸۶

۶۴۷	۶۵۰	۶۵۶	۶۴۰
۶۵۵	۶۴۱	۶۴۶	۶۵۱
۶۴۲	۶۵۸	۶۴۸	۶۴۵
۶۴۹	۶۴۴	۶۴۳	۶۵۷

بخار کے دفعیہ کے لئے

ذیل کا نقش لکھ کر روزانہ پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ
بخار دفع ہوگا۔
نقش بخار انا اعداد ۱۲۴۲

۷۸۶

۳۰۳	۳۱۶	۳۱۳	۳۱۰
۳۱۴	۳۰۹	۳۰۴	۳۱۵
۳۰۸	۳۱۱	۳۱۸	۳۰۵
۳۱۷	۳۰۶	۳۰۷	۳۱۲

برائے ام الصبیان (عطیہ از پیر یحییٰ صاحب بھوپال)

جب بچہ کو ام الصبیان کا دورہ پڑے تو مندرذیل کلمات اکیس۲۱ مرتبہ شروع و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر وقت دورہ دونوں کانوں میں پھونکے۔ کلمات یہ ہیں

اے دیو ہانز باشندہ سنگلدیپ تراشیخ عبدالقادر جیلانی می طلبد اگر بازد آئی ہلاک شوی۔ اور یہ تعویذ گلے میں موم جامہ کر کے باندھے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

ھو الکافی

یاقدیر	یاقدیر	یاقدیر	یاقدیر
یاقدیر	یاقدیر	یاقدیر	یاقدیر
یاقدیر	یاقدیر	یاقدیر	یاقدیر
یاقدیر	یاقدیر	یاقدیر	یاقدیر

تجاری اور چوتھیہ بخار کے دفعیہ کے لئے

(عطیہ از مفتی شیخ محمد صاحبؒ نائب مفتی بھوپال)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ سلٰمٌ قف قولًا من ربٍ رحیم ۔ قلنا یٰنار کونی بردًا و سلامًا علیٰ ابن ھیرہ ۔ وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ سیدنا محمد وعلیٰ اٰلہ و اصحابہ وسلموا اجمعین۔ بعد بخورات لوبان کی دھونی دے کر اس تعویذ کو (موم جامہ کر کے بازو (دائیں ہاتھ) پر باندھے۔ اگر مسلم ہو۔ ورنہ روئی پر سات بار پڑھ کر دم کر دیا جائے (اگر غیر مسلم ہو) اور باری آنے کے روز (یعنی بخار والے دن بخار آنے سے پہلے) دونوں کانوں میں رکھ دیئے جائیں۔ ایک ہفتہ روئی کانوں کے سوراخ میں لگی رہے۔ بعد میں دریا، نہر، سمندر یا کنوئیں میں تعویذ یا روئی ٹھنڈی کر دی جائے (بہا دی جائے) یہ تجاری یا چوتھیہ کو بہت مفید ہے۔

برائے دفع اکاترا۔ تجاری۔ چوتھیہ، روزانہ آنے والا بخار

کوری ٹھیکری یا بھوج پتر پر اول روز (پہلے دن) یہ لکھے اس طرح:۔

۷۸۶

یا محیط

دوسرے روز اس طرح لکھے

۷۸۶

یا محیطط

تیسرے روز اس طرح لکھے :-

۷۸۶

یا محیط

پہلے روز لکھ کر داہنے بازو کی کلائی پر (ہاتھ کے پنجے سے اوپر جہاں گھڑی باندھتے ہیں) باندھ لیں اور جس دن بخار آنے کی باری ہو (یعنی بخار آنے کا دن ہو بخار آنے سے پہلے) کھول کر کنویں میں ٹھنڈا کر دیں (یا نہر میں، یا دریا میں، یا سمندر میں ڈال دیں) اور دوسرا تعویذ باندھ دیں۔ اور تیسری باری (تیسرے دن) پر بھی یہی عمل کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت کامل حاصل ہوگی۔

برائے دفع اکاترا بخار، تجاری بخار، چوتھیہ بخار، روزانہ کا بخار

لہسن کے جوئے پر پہلے روزیہ لکھیں،

۷۸۶

۱۱۱

دوسرے روز یہ لکھیں،

۷۸۶

تتا

تیسرے روز یہ لکھیں،-

۷۸۶

ثاثا

ہر لفظ سورج نکلنے سے قبل دائیں کلائی پر باندھا جائے۔ انشاء اللہ

بخار دفع ہوگا اور صحت بحال ہوگی۔

برائے دور ہونے بخار اکاترا، تجاری، چوتھیہ، روزانہ کا

کاغذ پر پہلے روز یہ لکھے :- ارسم

کاغذ پر دوسرے روز یہ لکھے :- سرسم

کاغذ پر تیسرے روز یہ لکھے :- سراسیم

ہر روز بخار چڑھنے سے قبل یا سورج نکلنے سے پہلے داہنے بازو (سیدھے ہاتھ) پر باندھ لے۔ اگر خود لکھنا نہ جانتا ہو کسی دوسرے سے لکھوا لے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا اور بخار سے نجات ملے گی۔

ہر قسم کے بخار کے لئے

مندرجہ ذیل طریقے پر لکھے اور نقش کو ملے کر کے (موڑ کر) آٹھ جوتے اس پر مارے اور پاؤں کے تلوے پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ بخار دفع ہوگا۔

شداد	هزاد	نمرود	مردود
فرعون	ملعون	شیطان	هامان

سر کے درد سے آرام کے لئے

زمین پر راکھ (یا مٹی) پھیلا کر انگلی سے (نمرود) لکھے اور جس کے سر میں درد ہو اس کو سامنے بٹھائے اللہ ہاتھ سے سر

پکڑوائے اور تین جوتے زور زور سے (لفظ نمرود پر زمین پر) مارے اگر پہلی مرتبہ سر کا درد نہ جائے تو دوبارہ پانچ جوتے لکھ کر مارے اور اگر دوسری مرتبہ میں بھی نہ جائے تو تیسری بار سات جوتے مارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سر کے درد کو آرام ہوگا۔

جملہ ہر قسم کے درد سے نجات کے لئے

سورۂ فاتحہ کا یہ نقش عرق گلاب اور زعفران سے لکھا دہانی میں گھول کر پیئے اور ہاتھ جگر کو درد کی جگہ اور منہ پر ملے۔ بدخوابی اور ہمہ بلیات و فنون کے لئے گلے میں موم جامہ کر کے ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
مٰلِكِ	يَوْمِ	الدِّيْنِ	اِيَّاكَ	نَعْبُدُ	وَاِيَّاكَ
نَسْتَعِيْنُ	اِهْدِنَا	الصِّرَاطَ	الْمُسْتَقِيْمَ	صِرَاطَ	الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ	عَلَيْهِمْ	غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ	عَلَيْهِمْ	وَلَا	الضَّآلِّيْنَ

الٰہی بحرمت کلام خود فلاں کو از خود پناہ دے ــــــ آمین

نوٹ: فلاں کی جگہ اس مریض کا نام لکھے۔

نقش ۲۸۶ (بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا نقش)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱۹۶	۱۹۹	۲۰۲	۱۸۹
۲۰۱	۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰
۱۹۱	۲۰۳	۱۹۷	۱۹۴
۱۹۸	۱۹۳	۱۹۲	۲۰۳

برائے آسانی ولادت (بچہ آسانی سے پیدا ہو)

کچی رکابی (کچی مٹی کی بنی ہوئی یا مٹی کی پلیٹ) پر موٹے قلم سے مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر حاملہ کے سر پر رکھیں انشاء اللہ تعالیٰ فوراً بچہ پیدا ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں:

جس دم جینی سر پر دھری۔ نکل پڑا یا نکل پڑی

برائے بدخوابی۔ نیند میں ڈر خوف سے نجات کے لئے

(عطیہ از مفتی شیخ محمد صاحبؒ نائب مفتی بھوپال)

مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں یا داہنے بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔ اگر ایسا نہ کر سکے تو لکھ کر موم جامہ کر کے سرہانے رکھ لے۔ انشاء اللہ بدخوابی اور ہر قسم کے ڈر خوف سے نجات مل جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ اَجْمَعِيْنَ

ہر بلا اور مصیبت سے نجات کے لئے

مندرجہ ذیل نقش لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے یا داہنے

بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر بلا سے نجات ملے گی وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

ی ا س ل ا م ی ا ح ف ی ظ

برائے واپسی مفرور اور بھاگے ہوئے کے لئے

برائے واپسی فراری (بھاگے ہوئے کے لئے) چکی کے پاٹ کے درمیان دبا دے یا بھاری پتھر یا اینٹوں کے نیچے دبا دے۔ جب مفرور واپس آجائے تو پتھر یا اینٹوں کے وزن کے برابر شیرینی لے کر (بہ نیت اصحاب کبار کے ایصال ثواب) تقسیم کر دیں۔ وہ اصحاب کبار مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
(۲) حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ
(۳) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ
(۴) حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ
(۵) حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ

نقش یہ ہے اس طرح لکھے،



(نوٹ) فلان ابن فلان کی جگہ مفرور اور اس کی والدہ کا نام لکھے۔ مثلاً اس طرح محمد شریف بن فاطمہ خاتون اگر والدہ کا نام معلوم نہ ہو تو مفرور کا نام اور اس کے والد کا نام لکھ دے۔

برائے امساک

یہ نقش چاند گرہن یا سورج گرہن کے وقت ناف تک پانی میں کھڑے ہو کر پانی میں رگڑے ہوئے ماجو کے پانی سے جس قدر ہو سکیں لکھ لیں۔ اس کے بعد ایک نقش موم جامہ کر کے کمر میں باندھ لیں۔ جب تک یہ نقش ناف پر ہوگا امساک قائم ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ نقش یہ ہے،

۴۸۶

۱۸	۲۵	۲	۷
۶	۳	۲۲	۲۱
۲۳	۱۹	۸	۱
۴	۵	۲۰	۲۳

برائے حفاظت حمل

سرخ رنگ کا ڈورا عورت کے قد کے برابر (عورت کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بال شروع ہونے کی جگہ تک پیشانی پر) لیں اور ساتھ مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر گرہ دیں اسی طرح سات گرہ لگائیں اور تاگہ (دھاگہ) کمر میں بندھوا دیں۔

اَشْہَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

ہر قسم کے بخار سے نجات کے لئے

اول روز یہ لکھیں اور کاغذ کی گولی بنا کر مریض کو کھلا دیں علیحٰ

دوسرے روز یہ لکھیں اور کاغذ کی گولی بنا کر مریض کو کھلا دیں علیحٰ

تیسرے روز یہ لکھیں اور کاغذ کی گولی بنا کر مریض کو کھلا دیں علیحٰ

درد پستان دور کرنے اور آدھے سر کا درد ختم کرنے یا ہچکی بند کرنے کے لئے

مندرجہ ذیل کلمات تین تین مرتبہ پڑھ کر پھونکیں (فلاں کی جگہ مریض کا نام لکھیں)

کالی چڑی کالے بن کو جائے
فلاں کے کلیجے فلاں کا دیدے جائے

دافع بلیات اور امراض سے نجات

نقش آیۃ الکرسی (کل اعداد آیۃ الکرسی ——— ۳۱۶۲۶)

۷۸۶

۱۰۵۴۵	۱۰۵۳۸	۱۰۵۴۳
۱۰۵۴۰	۱۰۵۴۲	۱۰۵۳۴
۱۰۵۴۱	۱۰۵۴۶	۱۰۵۳۹

مندرجہ بالا نقش لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں یا سیدھے (دائیں بازو) ہاتھ میں باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بلا سے نجات حاصل ہوگی اور امراض دور ہوں گے۔

دافع بلیات و دافع امراض

سورۃ فاتحہ (الحمد شریف پوری سورت) آیۃ الکرسی۔ سورہ بقرہ کی آخری آیات (رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا سے عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ تک) اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ (سورۃ کوثر پوری) دعائے سیف العرش، ان کے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف اور درمیان میں یہ سورتیں اور آیتیں تین تین مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ انشاء اللہ ہر بلا دور ہوگی اور مرض سے شفاء حاصل ہوگی۔

سُوْرَةُ الْفَاتِحَة

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِكِ یَوْمِ

اگر کسی کو سردی سے بخار آتا ہو تو یہ نقش لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ بخار جاتا رہے گا پھر تعویذ کھول کر دریا یا کنوئیں، نہر یا سمندر میں ٹھنڈا کر دے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

بحکم حضرت شمس تبریز بگریز بگریز ورنہ دیو سفید بر تو مقرر گشت۔			
الٰہی بحق جبرئیل	الٰہی بحق میکائیل	الٰہی بحق اسرافیل	الٰہی بحق عزرائیل
الٰہی بحق ابوبکرؓ	الٰہی بحق عمرؓ	الٰہی بحق عثمانؓ	الٰہی بحق علیؓ
الٰہی بحق توریت	الٰہی بحق انجیل	الٰہی بحق زبور	الٰہی بحق قرآن

برائے بغض وعداوت

روٹی کے سات ٹکڑوں پر لکھ کر کالے کتے کے سامنے ڈالے اگر مردوں کے درمیان عداوت کرانی ہے تو کتے کے سامنے ڈالے اور اگر عورتوں کے درمیان عداوت کرانی ہے تو کتیا (مادہ) کے سامنے ڈالے وہ طلسم یہ ہیں۔



تنبیہ: صرف جائز مقصد کے لئے کرے ناجائز مقصد میں کامیاب نہ ہوگا اور گنہگار ہوگا۔

حصار مکان

جس مکان میں آسیب، جن، بھوت کا خلل ہو یا فضول تعویذ لکھ کر اس مکان میں اس طرح چسپاں کرے کہ دروازے کے سامنے والی دیوار پر نقش چسپاں ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نقش کی برکت سے حفاظت رہے گی۔

چیچک (بڑی چیچک کے لئے)

اگر کسی کو چیچک نکل گئی ہو یا نکلنے کے آثار ہوں تو یہ نقش پانی پر لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد صحتیاب ہوگا۔ نقش باندھنے سے قبل مٹھائی سوا کلو مدرسہ کے بچوں میں تقسیم کردے یا نمازیوں کو بانٹ دے۔ وہ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم	الحمد للہ	رب العلمین	الرحمن الرحیم	۴
ملک	یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	۴
اھدنا	صراط المستقیم	صراط الذین	انعمت علیھم	۴
غیر المغضوب	علیھم	ولا الضالین	آمین	۴

دست غیب

دست غیب کا عمل اس شخص کے لئے جائز ہے جو کمانے اور محنت کرنے کی صلاحیت نہ رکھتا ہو یا اس کا کوئی سہارا نہ ہو ایسی صورت میں دست غیب کا عمل کر کے وہ اپنے کھانے کا انتظام کر سکتا ہے البتہ متقی اور پرہیزگار کے لئے یہ عمل مناسب نہیں ہے اسے اللہ تعالیٰ پر توکل کرنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ اپنے مخلص اور نیک بندوں کے ذریعہ اس کی روزی کا انتظام کرے گا۔ وہ عمل یہ ہے۔

نیچے دیئے ہوئے نقش پر "یا حیّ" ۱۸۰۰ مرتبہ پڑھ کر

دم کرے اور ایک ہفتہ کے بعد اس نقش کو جیب میں رکھ کر بازار میں جائے اور اگر کوئی شخص اس نقش کو طلب کرے خاموشی سے اس کو دے دے بات نہ کرے۔ روزانہ وہ شخص گذارہ کے لائق رقم دیا کرے گا اگر وہ شخص ایک ہفتہ بعد نہ آئے تو اکتالیس روز تک عمل کرتا رہے اور ہر ہفتہ (عمل شروع کرنے کے ایک ہفتہ بعد) بازار تعویذ لے کر جائے۔ جس ہفتہ میں وہ شخص مل گیا کام پورا ہو گیا اب صرف روزانہ اٹھارہ سو مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ نقش پر دم کرنے کی ضرورت نہیں۔ وہ نقش یہ ہے۔

۴۸۶

۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵

برائے دستِ غیب

عروج ماہ (چاند دکھائی دینے کے بعد) میں بروز جمعرات سرسوں کا تیل سوا پانچ روپے کا لے کر مسجد میں ملی کے چراغ میں روئی کی بتی ڈال کر روشن کرے۔ رات کے وقت (بعد نماز عشاء) ایک مصلّٰ (نماز پڑھنے والا) لے اور پانچ ٹھیکری لے اور مصلّٰ کے چاروں کونوں کے نیچے ایک ایک ٹھیکری رکھ دے اور ایک ٹھیکری مصلّٰ کے نیچے سجدے کی جگہ رکھ دے

ہر ٹھیکری پر یہ اسماء لکھے



اور اول و آخر تین تین بار درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

درمیان میں اسم عمل سات ہزار سات سو ستر (۷۷۷۰) مرتبہ اکیس یوم (دن) پڑھے مصلّٰ کے نیچے سے جو قسمت کا ہوگا ملے گا اور آئندہ ملتا رہے گا۔ وہ اسم عمل یہ ہے

یَا فَتَّاحُ

اکیس یوم عمل کرنے کے بعد سات سو مرتبہ پڑھ لیا کرے تاکہ عمل قائم رہے۔

استخارہ

وضو کر کے عطر لگائے اور دوشنبہ (پیر) کے دن روزہ

رکھے اور شب (رات) کو باوضو سوئے صبح منگل کو قبل طلوع آفتاب (سورج نکلنے سے پہلے) اس آیت کو سبز (ہرے) کپڑے پر لکھے۔ زعفران اور عرق گلاب سے پھر اس کو عود و عنبر (یا لوبان دا گرنبی) کی دھونی دے کر اس کپڑے کو ایک ڈبیہ کے اندر رکھ کر اس کو بند کر دے تاکہ نہ کوئی آدمی اس کو دیکھے نہ چاند سورج کا سایہ پڑے۔ بدھ کی رات کو نماز عشاء پڑھ کر اس ڈبیہ کو ہاتھوں (دونوں ہاتھوں) میں لے کر اکیس مرتبہ کہے۔

يَا عَالِمَ الْخَفِيَّاتِ فِي الْأَمْرِ يَا مَنْ هُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ اَطْلِعْنِي عَلَى كُلِّ مَا أُرِيدُ اِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ۔

اس کو اکیس مرتبہ پڑھنے کے بعد درود شریف پڑھتا ہوا سو جائے اس طرح کہ باوضو ہو اور قبلہ کی طرف کروٹ لے کر سو جائے۔ اگر اس شب (رات) کو معلوم نہ ہو تو جمعرات کے دن روزہ رکھے اور شب جمعہ کو اسی طرح کرے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور معلوم ہو جائے گا۔ وہ آیت جو کپڑے پر لکھی جائے گی یہ ہے۔

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيرُ الْمُتَعَالِ۔

برائے حب

مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر مندرجہ ذیل آیات باوضو

لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھے۔ نیچے مطلوب اور اس کی والدہ کا نام بھی لکھے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۙ وَاَنْتَ حِلٌّ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۙ وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ۙ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْ كَبَدٍ ۙ اَيَحْسَبُ اَنْ لَّنْ يَّقْدِرَ عَلَيْهِ اَحَدٌ ۙ يَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ۙ اَيَحْسَبُ اَنْ لَّمْ يَرَهٗٓ اَحَدٌ ۙ اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَيْنَيْنِ ۙ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ ۙ وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ۙ الحب فلانة بنت فلانة على حب فلان بن فلان۔

تنبیہ: حرف جائز مقصد کے لئے کرے۔ ناجائز مقصد کے لئے کرے گا تو سخت نقصان اٹھائے گا۔

برائے حب

روئی کو شہد میں تھوڑا سا تر کر کے اور خوشبو لگا کر اس نقش کو اس میں لپیٹ کر کوئے چراغ میں جلائے۔ چراغ کا منہ خانہ مطلوب (مغلوب) کے گھر کی طرف چراغ کی لو ہوا کی طرف ہو۔ ایک ہزار چار سو پینتالیس (۱۴۴۵) مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ سَخِّرْ قَلْبَ فلان بن فلان لِيْ بِحَقِّ جِبْرَائِيْلَ، بِحَقِّ دَرْدَائِيْلَ بِحَقِّ رَفْشَائِيْلَ

بِحَقِّ مِیکَائِیلَ سَامِعًا مُطِیعًا بِحَقِّ یَا بَدُّوحُ۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۶۴	۳۶۱	۳۵۳	۳۶۷
۳۵۳	۳۶۶	۳۶۵	۳۶۰
۳۶۹	۳۵۵	۳۵۹	۳۶۲
۳۵۸	۳۶۳	۳۶۸	۳۵۶

برائے دست غیب

ایک روپیہ پر تین مرتبہ یٰسٓ۔ یٰسٓ۔ یٰسٓ لکھے۔ اس روپیہ پر جمعہ کے دن سے علی الصبح (صبح سویرے) باصوم و ترک حیوانات (گوشت، مچھلی، انڈا وغیرہ سے پرہیز کرے صرف ایک اناج، جو کی روٹی، چنے کی روٹی یا گیہوں کی روٹی پانی کے ساتھ کھالے)
روزانہ ایک ہفتہ تک مقررہ وقت پر سورۂ نون (۲۹) تین سو مرتبہ پڑھ کر اس روپیہ پر دم کرے اور اس روپیہ کو اپنے بٹوے یا پیسہ رکھنے کی جگہ رکھ لے بحکم خدا برکت ہے صد ہوگی۔ تجربہ کیا ہوا ہے۔

ہچکی کے واسطے

اگر ہچکی بند نہ ہوتی ہوں تو باوضو عرق گلاب اور

زعفران کو ملا کر لکھے۔ اور مریض کو پانی میں گھول کر پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہچکی بند ہو جائے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

برائے عداوت

سورۂ کوثر (پ۳۰) آک کے سات پتوں پر لکھے اور نام دونوں اشخاص معہ نام والدہ لکھے اور آگ میں ڈالے۔ بحکم خدا دشمنی پیدا ہوگی۔
تنبیہ۔ صرف جانی دشمنوں میں باہم عداوت پیدا کرنے کے لئے عمل کرے یا ناجائز دوستی کو ختم کرنے کے لئے کرے تو صحیح ہے ورنہ بلاوجہ بھائیوں میں دشمنی پیدا کرے گا تو سخت گنہگار ہوگا۔ دنیا و آخرت میں سخت نقصان اٹھائیگا۔

آسیب والے پر دم

اگر کسی آسیب والے کے پاس جائے تو اس وقت باوضو پڑھے اور سب آیتیں بلند آواز سے پڑھے۔ جملہ

آیتیں پڑھنے کے بعد مریض پر دم کرے اور پانی پر دم کرکے
مریض کے منہ پر چھینٹے مارے اور اس کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ
مریض کو ہوش آجائے گا اور آسیب کا اثر جاتا رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ
يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ اِهْدِنَا
الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ
غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ؕ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ۚ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ
الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا
رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ
اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ؕ
اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۔
وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ
الرَّحِيْمُ ۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ
سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ
مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ
اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ
عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ

الْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ
الْعَظِيْمُ ۔ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ
الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَ
يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۚ
لَا انْفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۔ اَللّٰهُ وَلِيُّ
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى
النُّوْرِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓئُهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ
يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ
اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ؕ

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَاِنْ تُبْدُوْا
مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ۚ
فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاللّٰهُ عَلٰى
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ
مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۚ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ
وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ
رُّسُلِهٖ ۚ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۖ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا
وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۔ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۚ
لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۔ رَبَّنَا
لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ
عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ
رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۚ

وَاغْفِرْ لَنَا وَتُبْ وَارْحَمْنَا وَتُبْ أَنْتَ مَوْلَانَا فَانْصُرْنَا
عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ
فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ قف يُغْشِي
اللَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۝ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ
وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِأَمْرِهٖ ۝ أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ
الْأَمْرُ ۝ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۝ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۝
رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا
آخَرَ ۝ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۝ فَإِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ
رَبِّهٖ ۝ إِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ
وَارْحَمْ وَأَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالصّٰفّٰتِ صَفًّا ۝ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝ فَالتّٰلِيٰتِ
ذِكْرًا ۝ إِنَّ إِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ
وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝ إِنَّا زَيَّنَّا
السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ الْكَوَاكِبِ ۝ وَحِفْظًا مِّنْ
كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝ لَا يَسَّمَّعُوْنَ إِلَى الْمَلَإِ
الْأَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ
عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝ إِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَأَتْبَعَهٗ
شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ أَشَدُّ خَلْقًا

أَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ۝ إِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝
لَوْ أَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَأَيْتَهٗ
خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۝ وَتِلْكَ
الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝
هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۝ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۝
هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ إِلٰهَ إِلَّا
هُوَ ۝ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ
الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۝ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا
يُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ
الْأَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۝ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۝
وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ أُوْحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْا إِنَّا
سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝ يَّهْدِيْ إِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ۝
وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَا أَحَدًا ۝ وَأَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا
مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝ وَأَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ
سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ
شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي
الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ
فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۙ

اگر کسی آسیب والے کے پاس جائے تو مندرجہ بالا آیتیں اور سورتیں پڑھ کر اس پر دم کرے اور اگر خطرہ ہو کہ حملہ کرے گا تو پانی پر دم کر کے پلائے اور منہ پر چھینٹے مارے انشاء اللہ تعالیٰ مریض ہوش میں آجائے گا۔ شرط یہ ہے کہ یہ جملہ آیتیں اور سورتیں بلند آواز سے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہوگا۔

عملیات غفرانی

از مولوی قاری صوفی شاہ سید محمود الحسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ
بیعت کردہ
از حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ

آداب و شرائط قبولیت عملیات و تعویذات

۱۔ اکلِ حلال کھانا چاہیئے۔ حرام لباس اور حرام غذا سے بچنا چاہیئے۔ حرام غذا کھانے والے کا عمل کامیاب نہیں ہوتا۔
۲۔ لباس پاک ہو، بدن پاک ہو، پڑھنے کی جگہ پاک ہو، نیت خالص ہو، دکھاوا اور نمائش مقصود نہ ہو۔
۳۔ وضو کر کے قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے۔ قلب اور حوالی قلب میں خشوع و خضوع جہاں تک ہو سکے پیدا کرے۔ ورنہ مطلب حاصل نہ ہوگا یعنی روحانی فیوض سے محروم رہے گا۔
۴۔ سچ بولیں۔ جھوٹ کو حرام سمجھیں۔ ہمیشہ جھوٹ سے دور رہیں۔ مذاق میں بھی جھوٹ نہ بولیں۔ بچوں سے بھی جھوٹ نہ بولیں۔ بیہودہ باتوں سے پرہیز کریں۔ جھوٹ سے زبان کی تاثیر اور عمل کی برکت اور کامیابی ختم ہو جاتی ہے۔

۵۔ جائز مطلب کے لئے دعا مانگے اور کم از کم تین بار دعا مانگے۔ امید ہر حالت میں قبولیت کی رکھے۔ اگر دعا کے قبول ہونے میں دیر ہو جائے تو پریشان یا تنگ ہو کر ہرگز نہ چھوڑے۔ اگر چھوڑ دیا تو سمجھ لو کہ شیطان کا حربہ کارگر ہو گیا۔

۶۔ بلا وضو تو کلام پاک کھول کر پڑھنا جائز ہے۔ نہ بے وضو آیات قرآنی کاغذ پر یا سلیٹ پر لکھنا جائز ہے۔

۷۔ تعویذ لکھتے وقت، تعویذ ہاتھ میں لیتے وقت، تعویذ پانی میں گولتے وقت، تعویذ کو موم جامہ کرتے وقت اور تعویذ کو دھونی دیتے وقت ہر ایک کا وضو ضروری ہے بغیر وضو تعویذ کو ہاتھ نہ لگائے۔ قرآنی آیات کے تعویذ کو بغیر وضو ہاتھ لگانے سے گنہگار ہوں گے اور وہ اثرات اور فائدے حاصل نہ ہوں گے جو تعویذ لکھنے کا مقصد تھے۔ جب تعویذ سے کام ہو چکے تعویذ کو قبرستان میں دفن کر دیں، یا نہر، دریا یا سمندر میں ڈال دیں بے ادبی نہ کریں۔

۸۔ اگر کسی تعویذ کو گلے میں باندھنے کی ضرورت ہے تو اول لوبان کی دھونی دے کر موم جامہ کر لیں پھر باندھیں۔

۹۔ عمل کرتے وقت ہر ایک سے اظہار کرتے۔ پھریں کہ میں نے فلاں عمل فلاں کے واسطے شروع کیا ہے اگر کوئی رد یافت کرے بتلانے سے پرہیز کریں۔

۱۰۔ لغویات اور بیجا الفاظ خود انسان کو خطرے میں ڈال دیتے ہیں احتیاط رکھیں۔

۱۱۔ اگر رات کو یا دن کو غسل کی حاجت پیش آئے غسل کریں

اور پھر عمل پڑھیں۔ جس وقت نیند سے آنکھ کھلے سب سے پہلے غسل کرنا چاہیئے۔

۱۲۔ سوتے وقت ایک ایک بار آیۃ الکرسی اور سورۂ اخلاص پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کریں تاکہ شیطان کے شر سے محفوظ رہیں اور غسل کی حاجت پیش نہ آئے اور عمل کا انجام بخیر ہو۔

۱۳۔ آیۃ الکرسی شریف پڑھ کر حصار کر لیا کریں۔ آیۃ الکرسی تین بار پڑھنا کافی ہوتا ہے۔

ف: عامل اگر مضبوط دل کا ہے تو کسی حصار کی ضرورت کسی عمل میں نہیں ہے۔ جب عامل کمزور قلب کا ہوتا ہے اس وقت حملہ بھی ہوتا ہے ورنہ نہیں۔ اس لئے کہ مؤکلان خواہ کتنا ہی خوف دلائیں مگر پڑھنے والے کے پاس نہیں آتے وہ ڈرتے ہیں اور اگر کمزور قلب کا ہے تو حصار کرنے پر بھی دل میں وسوسہ اور خطرات کا سامنا ہوتا ہے۔

۱۴۔ ترک حیوانات، صفائی قلب کے واسطے۔ اس کے واسطے بہت پر تاثیر عمل یہ ہے کہ اسماء الٰہیہ میں سے کوئی اسم (اللہ تعالیٰ کا نام) اپنے مزاج کے موافق اول پڑھ لیں تاکہ قلب قوی اور طاقت ور ہو جائے اور دل کا خوف نکل جائے پھر شروع کریں مثلاً اَللّٰہُ اَللّٰہ۔ ایک ہزار بار ایک ہفتہ روزانہ پابندی کے ساتھ پڑھیں ناغہ نہ کریں۔ نیز یا قوی پڑھنا بھی دل کو قوت پہنچاتا ہے اور دل سے خوف کو نکالتا ہے۔

۱۵۔ عملیات کے پڑھنے اور اس کا نتیجہ خاطر خواہ نہ نکلنے پر کمال

افسوس ہوتا ہے اور یہ شکایت ہوتی ہے کہ عمل کمزور ہے یا کسی بزرگ کی اجازت نہیں ہوگی۔ اس طرح ایک عمل کیا۔ پھر دوسرا عمل کیا۔ پھر تیسرا عمل کیا لیکن کامیابی حاصل نہ ہوئی۔ دل میں یہ خیال جم گیا کہ یہ سب باتیں بیکار ہیں۔ اور عمل کے ذریعہ کوئی کامیابی نہیں ہوتی۔ اس سلسلے میں مندرجہ ذیل امور غور طلب ہیں۔

اول اپنے عیوب پر نظر ڈالیں۔ مثلاً کسی کا مال ناجائز غصب کر کے کھا جانا۔ قرض داروں کا قرض ادا نہ کرنا، غیبت کرنا، چوری کرنا۔ لڑائی جھگڑا آپس میں کرا دینا، علماء اور علم دین کی توہین کرنا۔ نظر بد رکھنا۔ نماز روزہ کا پابند نہ ہونا۔ عقائد شریعت اسلامیہ کے خلاف ہونا۔ دل میں خیال قائم کر لینا کہ عملیات میں کیا رکھا ہے کون ملا بنے۔ یہ باتیں اگر آپ کے اندر ہیں تو سمجھ لیجئے کہ قلب گندہ ہے، باطن صاف نہیں ہے۔ پھر سے عمل پڑھئے ایسا ممکن نہیں کہ رب العزت کی درگاہ سے اُمید بر نہ آئے۔

ہدایاتِ ضروریہ

صوفیہ کرام نے عملیات کو پڑھنے کے لئے سال کے بارہ مہینوں کو تین حصوں پر تقسیم کیا ہے۔ اُسی کے موافق عمل درآمد کریں۔

ماہِ ثابت

جیٹھ، بھادوں، اگہن، پھاگن۔ ان ماہ میں ترقی۔ تبادلہ۔ بحث

وغیرہ کے عملیات کئے جائیں۔

ذوجسدین

چیت۔ اساڑھ۔ کنوار۔ پوس۔ ان ماہ میں کامیابی مقدمات، تسخیر، منظورِ نظر، حبِ دنیا، حاجات دنیاوی و دنیاوی، محبت زوجین، نیز ثابت کے مہینے میں جو عمل مخصوص ہیں ذوجسدین کے مہینے میں بھی پڑھے جا سکتے ہیں۔

ماہِ منقلب

بیساکھ۔ ساون۔ کاتک۔ ماگھ۔ ان ماہ میں نقصان دشمن، تفریق، عداوت وغیرہ کے عملیات پڑھے جا سکتے ہیں۔

فائدہ: عروج ماہ میں ہر مہینے کی پہلی جمعرات سے شروع کرنا بہت زیادہ مؤثر ہے۔ نیز ضرورت پر اگر ان مہینوں کا حساب نہ ملے تو ہر عمل پڑھ سکتے ہیں۔ مؤثر کم ہوگا۔ تھوڑی بہت کامیابی ضرور ہوگی۔ اس لئے قبولیت مستجاب الدعوات کے قبضۂ قدرت میں ہے۔

ہر وظائف کے پڑھنے کا طریقہ

جس سے بفضلہ شرطیہ کام ہوتا ہے

کنجخ بامُش کنجخ اَمش
کنجخ بامُش کنجخ بمش

اشارات

(ک) اشارہ اگنی کا ہے (ن) اشارہ نیروت کا ہے (ج) اشارہ

جنوب کا (خ) اشارہ غرب کا (ب) اشارہ بائب کا (ا) اشارہ
ایسان کا (ھ) اشارہ مشرق کا (ش) اشارہ شمال کا
زیادہ وضاحت کی ضرورت نہیں ہے۔ صرف اتنا بتا دینا ضروری ہے کہ رجال الغیب کا ہمیشہ دورہ ہوتا رہتا ہے۔ اگر بائیں جانب وظیفہ پڑھنے والے کا رُخ آن کر پڑ جائے گا۔ وظیفہ پورا نہ ہوگا۔ رجال الغیب اس میں رکاوٹ بن جاتے ہیں۔
لہذا ہمیشہ دائیں شانہ سے لینا چاہیئے۔ چند مثالوں سے یہ طریقہ سمجھا دیا جاتا ہے۔
اکنی کی پہلی تاریخ چاند کی ہے۔ نیروت۔ جنوب۔ غرب۔
۱ ۲ ۳ ۴
بائب۔ ایسان۔ مشرق۔ شمال۔ اکنی۔ نیروت۔ جنوب۔
۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱
غرب۔ ایسان۔ مشرق۔ شمال۔ اکنی۔ نیروت۔ جنوب۔
۱۲ ۱۳ ۱۴ ۱۵ ۱۶ ۱۷ ۱۸
غرب۔ بائب۔ ایسان۔ مشرق۔ شمال۔ اکنی۔ نیروت۔
۱۹ ۲۰ ۲۱ ۲۲ ۲۳ ۲۴ ۲۵
جنوب۔ غرب۔ بائب۔ مشرق۔ شمال
۲۶ ۲۷ ۲۸ ۲۹ ۳۰
مذکورہ بالا شعر سے تطبیق دے دی گئی ہے پورے ماہ کے دنوں کی تقسیم ہوگئی مثال۔ آج پندرہ تاریخ ہے اور پندرہ تاریخ شمال کی ہے اس لئے شمال کو دائیں شانہ پر رکھا، اور جانب غرب منہ کر کے پڑھنا شروع کیا۔
دوسری مثال: آج غرب کی ۱۹ تاریخ ہے تو دائیں شانہ پر غرب کو

رکھا منہ جانب جنوب ہوگا۔ لہذا جنوب کی جانب منہ کر کے پڑھنا چاہیئے۔
تیسری مثال: آج ۲۶ تاریخ ہے۔ لہذا جنوب نکلا۔ جنوب کو دائیں شانہ پر رکھا۔ اب منہ آپ کا جانب مشرق ہوگا لہذا مشرق کی جانب منہ کر کے پڑھنا چاہیئے۔
ایک نقشہ درج کیا جاتا ہے۔ اس کو سامنے رکھ کر سمجھ لیں ہر شخص کی سمجھ میں بھی آجائے گا اور قاعدہ سے پڑھ سکے گا۔



جنوبی مشرق اکنی ہے۔ شمال مشرق ایسان ہے۔ جنوبی مغرب نیروت ہے۔ شمالی مغرب بائب ہے۔
یہ چار گوشہ چاروں سمت کے ہیں۔ لہذا اکنی کی تاریخ سے عمل شروع کرنا منظور ہے تو اکنی کو دائیں شانہ پر رکھ کر عمل شروع

کرنا چاہیئے۔ اگر نائب ہے تو بائیں کو دائیں شانہ پر رکھ کر پڑھیں۔ اسی طرح ایسان اور نیروت کو سمجھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اس کی تعریف لکھنا مشکل ہے۔ ہر کام کو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ شروع کرنا باعث برکت ہے۔ بعض علماء نے فرمایا کہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اسم اعظم ہے۔

برائے ترقی تنخواہ (آمدنی)

روزانہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کی پابندی کے ساتھ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آمدنی میں اضافہ ہوگا اور جو دلی خواہش ہوگی پوری ہوگی۔

حاجت روائی

روزانہ ایک وقت مقرر کر کے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ پڑھے۔ ایک ہفتہ نہ گذرے گا کہ بحکم خدا حاجت پوری ہوگی۔

حفاظت از شیطان

جو شخص سوتے وقت اکیس مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ لے اور پھر کسی سے بات چیت نہ کرے اور سو جائے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رات بھر شیطان کے شر سے

محفوظ رہے گا۔

ظالم کے دل میں ہیبت (ڈر خوف)

اگر کسی شخص کا واسطہ کسی ظالم سے پڑ گیا ہو تو اس ظالم کے سامنے پچاس مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ لے۔ ظالم کے دل میں خوف پیدا ہوگا اور انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔

امیر کبیر ہو جانا (مالدار بن جانا)

بوقت طلوع آفتاب (سورج نکلنے کے وقت) اول تین سو بار درود شریف پڑھے (نماز میں جو درود شریف پڑھا جاتا ہے افضل ہے ورنہ جو درود شریف ہو پڑھے) اس کے بعد تین سو بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے اور روزانہ اس کو بلا ناغہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک سال کے اندر اندر امیر کبیر اور انتہائی مالدار ہو جائے گا۔

ہدایت: اگر غسل کی حاجت پیش آجائے تو قبل طلوع آفتاب غسل کر لینا ضروری ہے۔ ورنہ اثرات زائل ہو جائیں گے۔

بذریعہ خواب اسرار منکشف ہو جانا

جو شخص بعد نماز فجر روزانہ ایک چلہ تک (بائیس دن مسلسل) پابندی وقت کے ساتھ ڈھائی ہزار مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے

انشاء اللہ تعالیٰ جو بات دنیا میں ہونے والی ہوگی قبل از وقت معلوم ہو جائے گی اور اس کا علم خواب کے ذریعہ ہو جایا کرے گا۔ نیز عجیب عجیب باتیں انکشاف میں آئیں گی۔

مخلوق کی نظر میں باوقار ہونا

۲۲۵ جو شخص چہار شنبہ کے دن چالیس مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ طلوع آفتاب (سورج نکلتے وقت) یا بعد نماز فجر کالی روشنائی (روشنائی قلم سے لکھ کر تعویذ بنا کر ٹوپی میں رکھ لے۔ بڑی عزت ہوگی۔ دشمنوں کے دل میں خوف پیدا ہوگا۔ نیز کوئی شخص نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

تسخیر نظر

روزانہ چالیس روز تک طلوع آفتاب (سورج نکلتے وقت) کے وقت نظر جما کر سورج کے سامنے آنکھ قائم رکھ کر ایک سو بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں آنکھ میں بجلی کی طاقت پیدا ہو جائے گی۔ جس شخص پر نظر ڈالے گا اور بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ چند بار پڑھے گا اور دل میں یہ خیال کرے گا کہ فلاں شخص میری طرف چلا آئے وہ شخص چند منٹ کے واسطے آ کر بیٹھ جائے گا۔ پھر روزانہ معمول بنالیں کسی ایک وقت مقررہ پر ایک سو بار روزانہ قبل نماز ظہر یا بعد نماز عشاء پڑھتے رہیں اب سورج پر پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

فائدہ: بسم اللہ شریف میں اسم اعظم مخفی (چھپا ہوا) ہے۔

صدق دل سے پڑھنے والا کسی کا محتاج نہیں رہتا۔ ہر مرض کی دوا اور ہر مرض کی شفاء ہے۔ جو کام مقصود ہو، پاک باوضو ہو کر، خلوص نیت اور درد کے ساتھ پڑھے بے حساب پڑھے انشاء اللہ مراد جلد پوری ہوگی۔

تصدیقات عام و خاص

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے عملیات کرنے والے مختلف حضرات نے خطوط کے ذریعہ ان عملیات کے موثر اور تیر بہدف ہونے کی تصدیق کی ہے۔ چند تصدیقات شائع کی جاتی ہیں فائدہ اٹھائیں۔

تصدیق ۱: آنجناب نے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے متعلق لکھا تھا کہ آپ اس کو ترقی تنخواہ کے واسطے ایک تسبیح بعد ہر نماز کے پڑھ لیا کریں۔ میں نے شروع کر دیا اور برابر پڑھتا رہا۔ موجودہ زمانہ اور قلب کے اندر وساوس لوگوں کے ڈالنے سے میں نے چھوڑ دینے کا ارادہ کر لیا تھا۔ محض اس بنا پر کہ جب قسمت میں ہوگا ترقی ہو جائے گی۔ جناب والا نے اطمینان کامل دلایا کہ ہرگز نہ چھوڑنا چنانچہ برابر پڑھتا رہا۔ اب کچھ عرصہ کے بعد مجھے اور فوائد حاصل ہونے لگے یعنی خیر و برکت شروع ہوگئی۔ اطمینان قلب کو ہوا۔ لیکن ایک سال میں اللہ تعالیٰ نے ترقی کا دن دکھلایا اور ایک ادنیٰ سے اعلیٰ عہدہ پر پہنچ گیا۔ اس کا وہم و گمان بھی نہ تھا۔ کیا شان ایزدی ہے۔ اب یقین کامل ہوگیا

کہ درحقیقت قسمت میں جو کچھ لکھا ہے اس کا علم کسی کو نہیں ہے۔ دنیا عالم اسباب ہے اور اُمید پر قائم ہے، کوشش کرنا بارآوری کا ثمرہ عطا فرماتا ہے۔ فقط والسلام

خادم العلماء سید احمد علی از مدراس

تصدیق ۲: روزانہ (۷۸۶) سات سو چھیاسی مرتبہ موافق اسم اعداد کے پڑھنا شروع کیا اور رات کو اکیس ۲۱ بار پڑھ کر سو جاتا تھا۔ اللہ تعالیٰ تمام معمولی ضروریات شبانہ روز کی پوری فرماتا ہے۔ اور اکثر و بیشتر مجھ سے جھگڑا ہو جایا کرتا تھا۔ یہ بات بھی جاتی رہی۔

امد حسن از کانپور

تصدیق ۳: بندہ نے خوب جم کر اسم اعظم بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھا۔ مخلوق کہنے لگی کہ ابھی تم تو نماز روزہ سے غافل تھے کس مُلّا نے ہاتھ پھیر دیا جو دُعا گو بن گئے۔ میں نے خیال کیا کہ یہ بیوقوف ہیں۔ اپنے کام میں مشغول رہا۔ چند روز بعد منہاری کی دکان کھول لی۔ اللہ کا شکر ہے کہ روزانہ بکری کا معمول ہر دکاندار سے اچھا رہتا ہے اور جس قدر میرا خرچ روزانہ تھا اس میں خود بخود روزانہ کمی ہونا شروع ہو گئی اور روزانہ پس انداز اچھا خاصا جمع ہونے لگا۔ کیا عرض کریں دل خوش، ہم خوش، اہل و عیال خوش۔ یہ سب کچھ ایک سال کے اندر اندر ہو گیا۔ نماز پنجوقتہ پڑھ رہا ہوں اور برابر بسم اللہ شریف معمول میں ہے۔

تصدیق ۴: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کی چلہ کشی نے عجیب

فائدہ دکھلائے نئی نئی باتیں اور نئے نئے قصے سننے میں آتے ہیں اور مخلوق کی نظر میں کمال عزت ہوتی ہے ہر شخص میری بات کو مانتا ہے اور عالم میں جو بات ہونے والی ہوتی ہے اس کا علم مجھے ہو جاتا ہے اور میں لوگوں سے کہہ دیتا ہوں بڑے تعجب ہوتے ہیں اور میرے قلب میں عجیب عجیب باتوں کا ظہور ہوتا رہتا ہے۔

فقط فقیر محمد ضیاء نظر نگر

تصدیق ۵: اتفاق سے ایک مرتبہ (عدالت میں) شہادت دینے کا اتفاق ہوا تو حسب ہدایت (۲۱۵) دو سو پچیس مرتبہ لکھ کر جلدی سے میں نے ٹوپی میں رکھ لی اور جاتے ہی افسر کو سلام کیا اس نے ایک نظر مجھ پر ڈالی اور پھر نہایت نرم گفتگو سے آہستہ آہستہ میرا بیان لیا۔ قلب میں جو ایک قسم کی گھبراہٹ اور بے چینی تھی سب بحمداللہ رفع ہو گئی۔

خاکسار احمد علی گوڈگانوں۔

تصدیق ۶: سورج کے سامنے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھنے والا عمل حیرت انگیز عمل ہے۔ میں تعریف نہیں کر سکتا۔ وہی تعویذ والا سورج کے سامنے کا عمل تھا۔ جس کی طرف نظر ڈالو اپنا ہو جاتا ہے۔

راقم سید احمد از حیدرآباد

تصدیق ۷: میرا عمل سورۂ رحمٰن شریف کا مکمل ہو گیا۔ مجلس احباب دو ہفتہ کے بعد شروع ہو گئی تھی اب روزانہ ایک بار بعد نماز فجر پڑھتا ہوں۔ میرا علاج بھی موافق آ رہا ہے اللہ تعالیٰ

کا ہجوم لگا رہتا ہے۔ ایسا عمل تسخیر عام وخاص میری نظر سے نہیں گذرا۔ سچ ہے اللہ تعالیٰ کے کلام میں وہ تاثیر ہے جس کے سامنے دنیا کی سب طاقتیں ہیچ ہیں۔

کریم اللہ خان از میسور

تصدیق ۸۰ : سورج والا عمل جب سے شروع کیا ہے تجارت کو بڑا فروغ ہے اور معقول نکاسی روزانہ ہوتی ہے۔

کمال خان ضلع فیض آباد

اسماء حسنیٰ (اللہ تعالیٰ کے پیارے نام)

حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد گرامی:

خلوص نیت اور محبت کے ساتھ اپنے عقائد کو درست رکھتے ہوئے توجہ الی اللہ کی جانب مائل ہو جائے اور زیادہ نہیں کسی ایک اسم کا ورد کرے۔ چندے مزاولت (پابندی سے کرنے) پر سب کچھ ظہور میں آجاتا ہے اور جس اسم کا جو کچھ فائدہ ہے خود بخود پیدا ہوتا جاتا ہے۔

اَللّٰہُ (معنیٰ خدا)

جلال۔ عدد (۶۶) چھیاسٹھ۔ یَا اَللّٰہُ۔ یا۔ اَللّٰہُ اَللّٰہُ پڑھ

اسم ذات ہے۔ جو کوئی ہزار[۳] بار ہر روز پڑھے صاحب یقین ہو اور جو کوئی سوا لاکھ چالیس دن میں لکھے یا لکھوائے اور گولیاں باندھ کر دریا (سمندر) میں بہا دے خدا کے فضل سے مطلب اس کا جلد بر آوے۔

اس اسم کی جس قدر تعریف کی جائے کم ہے۔ یہ اسم اخص الاسماء ہے۔ اس اسم کے ذکر کرنے والے (پڑھنے والے) کو کوئی نظر بھر کر دیکھ نہیں سکتا۔ اس کے کثرت سے پڑھنے سے جملہ امراض سے نجات حاصل ہوتی ہے۔ اس کا ذاکر شاغل کمال بزرگی حاصل کرتا ہے اور ہمیشہ خوش رہتا ہے (ہر اسم کے پڑھنے سے پہلے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنا فرض ہے)۔

کشفِ قلوب

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ عالم میں جو بات ہونے والی ہو اس کا مجھے علم ہو جایا کرے اسے چاہئے کہ ہر نماز کے بعد بصد خشوع ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) اسم ذات "اللہ" کی پڑھ لیا کرے، چند روز کے بعد کشف قلوب ہونے لگتا ہے۔ مثلاً کسی شخص نے کوئی بات زبان سے نکالی، دل میں وہ بات آگئی، اور وہی بات ظہور میں آئے گی اس کے خلاف نہ ہوگا۔ یا فلاں شخص ملازمت کی تلاش کر رہا ہے، ہوگا یا نہیں، دل میں خود بخود آجائے گا، اگر اس کی مداومت کر لی تو وہ درجہ حاصل ہو جائے گا جو پیروں کے پاس جانے سے ہوتا ہے کہ آپ پہنچے اور ان کے ذہن میں بات آگئی کہ یہ فلاں غرض کے واسطے

آیا ہے۔ وقت وقت یہ نوبت انشاء اللہ تعالیٰ پہنچے گی کہ جو بات زبان سے نکلے گی وہ ہو کر رہے گی، اور زبان میں ایک ایسی خاصیت پیدا ہو جائے گی جس کا کھٹکا کچھ مناسب معلوم نہیں ہوتا۔ اتنا خیال رہے کہ خواہش نفسانی اور تکبر و غرور سے دور رہیں۔ اس لئے کہ جب مخلوق خدا کو فائدہ پہنچانا مقصود ہوتا ہے تو اس وقت زبان سے ایسے کلمات نہ کہے ڈالیں جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہوں۔ یہ ایک بڑا راز ہے جس پر آپ کو متنبہ کیا جاتا ہے۔ اولیاء اللہ اور بزرگان دین کا ہمیشہ معمول یہی طریقہ کار رہا ہے اور اسی کی بدولت سب کچھ پایا۔

یَا رَحْمٰنُ (نعمتِ خداوندی سے مالا مال ہونا)

اس کے اعداد (۲۹۹) ہیں، ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھنے سے خدا کی رحمت اور نعمتوں سے مالا مال ہو جائے۔ سبحان اللہ عجیب چیز ہے۔ جس قدر اس اسم کی تعریف کی جائے کم ہے مختصر اسم ہے۔

یَا مُجِیْبُ (لوگ مہربان پڑھنے والا مستجاب الدعوات)

اس کے اعداد (۵۵) ہیں روزانہ اگر بعد نماز فجر پڑھا جائے تو دنیا کی کوئی بات نہ بنے گی۔ اس کا ذکر کرنے والا مستجاب الدعوات ہو جاتا ہے کامیابی کا سامان ہے عجیب و غریب اسم ہے۔ خود آزما کر دیکھئے۔

یَا مَالِکَ (ہر بہبود کامیابی اور مال و دولت کی فراوانی)

اس کے اعداد (۹۰) ہیں۔ بعد ہر نماز حاصل اعداد (یعنی ۹۰ بار)

پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بڑی زبردست کامیابی نصیب ہو اور مال و دولت سے مالا مال ہونے لگے لیکن شرط یہ ہے کہ غفلت سے نہ پڑھے بلکہ حضوری قلب کے ساتھ پڑھے۔

یَا قُدُّوْسُ (دشمن کے شر سے حفاظت، دشمن دوست بن جائے)

اس اسم پاک کے اعداد (۱۷۰) ہیں۔ اس کا ایک سو ستر مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھنے والا دشمن کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔ تین سو انیس (۳۱۹) مرتبہ پڑھ کر شیرینی (مٹھائی) پر دم کر کے جس کو کھلائے وہ مہربان ہو جائے۔ اس اسم پاک کا پڑھنے والا نفسانی خواہشات سے محفوظ رہے یہ فرشتوں کا کلام ہے جو رات دن پڑھتے ہیں اور پروردگار ذوالمنن کی پاکی بیان فرماتے ہیں۔ اس اسم پاک کا پڑھنے والا بڑا نرم دل ہو جاتا ہے۔ عجیب اسم ہے۔

یَا سَلَامُ (ہر برائی سے حفاظت اور خاندان میں عزت)

اس اسم پاک کے کل اعداد (۱۳۱) ہیں۔ اس اسم کو اعداد کے مطابق ایک سو اکتیس بار پڑھنے والا ہر برائی سے محفوظ رہے گا۔ میاں بیوی اولاد اور والدین کے درمیان محبت زیادہ کرنے کے لئے شیرینی (مٹھائی، مصری، گڑ وغیرہ) پر (۳۱۹) مرتبہ پڑھ کر دم کر کے کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ محبت میں اضافہ ہوگا۔ بشرطیکہ جائز محبت لوجہ اللہ ہو۔ ورنہ کچھ نہ ہوگا۔ نیت پر اعمال کا دارومدار ہے۔

یَامُؤْمِنُ (حاجت پوری ہونے اور شیطان کے شر سے حفاظت)

اس اسم کے کل اعداد (۱۳۶) ہیں۔ اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد ایک سو چھتیس ۱۳۶ بار موافق اعداد پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہو اور شیطان کے شر سے محفوظ رہے۔ چالیس دن پڑھنے سے مخلوق کہنا مانے۔ اگر ایک چلہ (چالیس دن) میں کامیابی نہ ہو۔ دوسرا چلہ پورا کرے۔

یَامُهَیْمِنُ (راز معلوم ہونا۔ دشمن پر غلبہ)

اس اسم کے کل اعداد (۱۴۵) ہیں۔ ہر نماز کے بعد موافق اعداد کے پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ساتھ رہنے والوں کے تمام راز معلوم ہو جایا کریں گے لیکن یہ بات چند ماہ برابر عمل کرنے کے سبب حاصل ہو گی۔ اس کا پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہمیشہ دشمن پر غالب رہے گا۔ وضو کرتا جائے اور اس اسم کو پڑھتا جائے پھر تماشہ دیکھے کچھ روز کے معمول سے دشمن پانی مرتا جائے گا

یَاعَزِیْزُ (ہر شخص کی نظروں میں پیارا، صاحب عزت بن جائے)

اس اسم کے کل اعداد (۹۴) ہیں۔ اس اسم کا اعداد کے موافق ہر نماز کے بعد پڑھنے والا ہر شخص کی نظروں میں پیارا ہو گا اور کسی کا محتاج نہ ہو نیز اس اسم کا پڑھنے والا لوگوں کی نظروں میں شیریں و عزت والا ہو گا۔ زبان تعریف سے قاصر ہے۔ یہ اسم بہت خوبیوں والا ہے۔

یَاجَبَّارُ (دشمن زیر ہو۔ دشمن پر ہیبت طاری ہو)

اس کے کل اعداد (۲۰۶) ہیں۔ دو سو چھ ۲۰۶ مرتبہ کسی بھی ایک وقت پابندی کے ساتھ پڑھے تو دشمن مقہور ہو اور ناکام رہے اور اس اسم کا پڑھنے والا جس آدمی کی طرف بھی نظر بھر کر دیکھے گا اس پر خوف طاری ہو گا۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنا ضروری ہے (یہ اسم جلالی ہے)

یَامُتَکَبِّرُ (ہر شخص پر کامیابی۔ برتری حاصل کرنا)

اس اسم کے کل اعداد (۶۶۲) چھ سو باسٹھ ہیں۔ موافق اعداد کے کسی ایک وقت پڑھنے والا ہر شخص پر کامیابی حاصل کرتا ہے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے۔

یَا جَبَّارُ۔ یَامُتَکَبِّرُ کو زیادہ نہ پڑھے ورنہ غصہ بڑھ جائے گا۔ یہ اسم جلالی ہے۔ ہر اسم اپنی تعداد میں پڑھنے سے کچھ لطف دکھلاتا ہے۔

یَاخَالِقُ (قلب و چہرہ نور سے بھرپور)

اس اسم کے کل اعداد سات سو اکتیس (۷۳۱) ہیں۔ دن میں کسی ایک وقت باوضو پڑھنے والے کا قلب اور چہرہ پُرنور ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے پڑھنے والے کے لئے مغفرت کا سامان مہیا فرماتا ہے۔ بے لوث ہو کر یاد الٰہی کا مزہ کچھ اور ہی ہے۔

یا بارِئُ (طبیب و ڈاکٹر کا علاج کامیاب۔ اہل خانہ مطیع)

اس اسم پاک کے کل اعداد (۲۱۲) دو سو تیرہ ہیں۔ طبیب، ڈاکٹر کو اس کا پڑھنا بے حد مفید ہے علاج موافق پڑتا ہے اور جس مریض کا علاج شروع کیا وہی صحتیاب ہو جاتا ہے۔ اگر تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ باوضو چالیس ۴۰ دن پڑھ کر زکوٰۃ ادا کر دے۔ پھر کسی ٹھنڈے عطر پر پچھتر ۷۵ بار پڑھ کر دم کر کے لگائے بیوی بچے، دوست احباب سب محبت کرنے لگیں صرف جائز مقصد کے لئے کرے۔

یا مُصَوِّرُ (لوگوں کی نظروں میں محبوب۔ ہر کام میں آسانی)

اس اسم کے کل اعداد تین سو چھتیس (۳۳۶) ہیں۔ جو شخص وضو کر کے پیشانی پر شہادت کی انگلی سے بغیر روشنائی کے یا مصور لکھے گا۔ وہ جس شخص کے پاس جائے گا اس کی نظروں میں محبوب بن جائے گا۔ اگر روزانہ ایک مرتبہ تین سو چھتیس ۳۳۶ مرتبہ پڑھ لیا کرے تو ہر کام میں آسانی پیدا ہو۔

پیشانی پر لکھ کر دیکھو اور تجربہ کر لو اپنے کو پوشیدہ رکھو۔ تعریف سے لوگوں کو خوش نہ ہو۔ خوف خدا دل میں رکھو جب اسم کا راز سمجھ میں آجائے گا۔

یا غَفَّارُ (راز کی حفاظت کے لئے)

اس اسم پاک کے کل اعداد بارہ سو اکیاسی (۱۲۸۱) ہیں۔ جس

شخص کے دل میں کوئی بات نہ ٹھہرتی ہو اور راز اگلنے کا مرض ہو تو اس اسم کو روزانہ رات کے وقت بعد نماز عشاء بارہ سو اکیاسی (۱۲۸۱) مرتبہ پڑھے اور چند روز تک پڑھتا رہے۔ اللہ تعالیٰ دل کی بات ظاہر نہ ہونے دے گا۔ نہایت ہی مجرب ہے۔ اس اسم کا پڑھنے والا بڑے بڑے راز، فتوحات ربانی اور فیوض رحمانی کے دل میں پوشیدہ رکھ سکے گا۔

یا قَهَّارُ (ظالم کو سخت سزا کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد تین سو چھ (۳۰۶) ہیں۔ اس اسم پاک کو موافق اعداد پڑھنے اور ظالم کے لئے بددعا کرنے سے تین ہفتہ کے اندر اندر ظالم ہلاک ہوگا یا اپنے قصور کی معافی چاہے گا۔ معاف کر دے ورنہ دشمن کے ہلاک ہونے کا خطرہ ہے۔ اور بعض مرتبہ ضد کرنے اور معاف نہ کرنے سے اپنی جان کا بھی خطرہ پیدا ہو جاتا ہے۔ لوگ اس اسم سے کامیابی پر اپنے قصور پر شرمندہ نہیں ہوتے کہ ہمارا کیا قصور ہے اور بدلہ لینے کے خواہشمند ہوتے ہیں اگر صبر سے کام لیا اور پھر اس اسم کو پڑھا انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہوگا۔

یا وَهَّابُ (فاقہ سے حفاظت، غیب سے روزی)

اس اسم کے کل اعداد چودہ (۱۴) ہیں۔ جس گھر میں فاقہ ہوتا ہو، سامان بظاہر نہ ہو روزانہ ایک سو ایک ۱۰۱ مرتبہ صبح پھر ہر نماز کے بعد سجدہ میں سر رکھ کر پڑھے۔ اللہ تعالیٰ غیب سے سامان کرے گا اور

اگر سجدہ میں جاکر بعد ہر نماز کے چودہ (۱۴) بار پڑھے فقر و فاقہ سے نجات ملے، اور مخلوق سے بے پرواہ ہو جائے۔ اور اگر اس اسم کو کثرت سے پڑھے خدا کے فضل سے غیب سے فتوحات ہوں۔ بڑا زبردست اسم ہے۔ بعد نماز تہجد پڑھنا چاہے تو پانچ ہزار (۵۰۰۰) تک روزانہ معمول بنالے اور روزانہ پانچ ہزار مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے فتوحات کے دروازے کھل جائیں گے۔

یا رزّاقُ (رزق میں فراخی، روزی میں برکت)

اس اسم کے کل اعداد تین سو آٹھ (۳۰۸) ہیں۔ باوضو روزانہ صبح و شام تین سو آٹھ بار جو شخص اس اسم کو پڑھے گا اس کے رزق میں فراخی ہوگی اور روزی میں برکت ہوگی لیکن ہر نماز کے بعد پڑھے تو زیادہ بہتر ہے۔ چند روز کی مزاولت اور پابندی سے بہت بہتر نتیجہ نکلے گا۔ اس کے ذریعہ کوئی خزانہ ہاتھ نہیں آتا بلکہ ہر شئے میں برکت ہوتی ہے۔ کیونکہ رزق دینے والا اور اس میں برکت دینے والا وہی رازق مطلق ہے۔

یا فتّاحُ (قلب کی صفائی۔ فتوحات کا حصول)

اس اسم کے کل اعداد چار سو نواسی (۴۸۹) ہیں، موافق اعداد کسی وقت مقررہ پر پڑھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے قلب مثل آئینہ کے چمکے۔ باطن کی صفائی حاصل ہو بعد نماز تہجد روزانہ کثرت سے پڑھنے سے بڑی زبردست فتوحات حاصل ہوتی ہیں۔

مفلس اور نادار اس اسم کی بدولت اپنے پروردگار کے راز پر مطلع ہو جاتے ہیں۔ کرنا شرط ہے۔ استقلال بڑی چیز ہے مستقل مزاجی سے پڑھتا رہے۔ نتیجہ پر غور نہ کرو۔ پڑھتے جاؤ پھر اس اسم کے عجیب و غریب لطائف دیکھو۔ غیب سے کس طرح پروردگار سامان کرتا ہے۔

یا علیمُ (کشفِ قلوب کے لئے۔ شانِ بزرگی کا پیدا ہونا)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو پچاس (۱۵۰) ہیں۔ اس کو دن میں کسی ایک وقت موافق اعداد پڑھنے سے کشفِ قلوب پیدا ہوتا ہے اور نامعلوم باتوں کا اظہار ہوتا ہے۔ چند روز میں شانِ بزرگی پیدا ہو جاتی ہے۔

یا قابضُ (خطرناک دشمن کی ہلاکت)

اس اسم کے کل اعداد نو سو تین (۹۰۳) ہیں۔ موذی اور خطرناک جان دشمن کی ہلاکت کے لئے موافق اعداد اسم اور اعداد نام معہ والدہ کے نام کے ملا کر اتنی تعداد میں روزانہ پڑھے وقت مقررہ پر۔ انشاء اللہ تعالیٰ پورا اثر ظاہر ہوگا۔ لیکن سوچ سمجھ کر کرے۔ غصہ حرام ہے بعد میں پھر افسوس ہوتا ہے۔ دشمن کے نام معہ والدہ یا والد کے نام کے اعداد نکال کر (۹۰۳) عدد میں جمع کرنے اور اتنی تعداد روزانہ پڑھے۔ اگر ایک چلہ میں کامیابی نہ ہو تو پھر دوسرا چلہ شروع کر دے۔ ضرور کامیاب ہوگا۔ ان شاء

طور پر کرے گا تو اپنی جان کا خطرہ ہے لہٰذا احتیاط شرط ہے۔

یا باسِطُ (قرض سے نجات۔ خلق خدا کی توجہ کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد بہتر (۷۲) ہیں۔ جو شخص روزانہ باوضو ہر نماز کے بعد موافق اعداد اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر دعا مانگے۔ قرض سے خلاصی پائے۔ حد بیر ضرور یہ عمل میں لاتا رہے۔ تاکہ قرض سے آسانی سے نجات حاصل ہو۔ اور قرضداروں کے واسطے محبوب بنانے والا عمل پڑھے تاکہ وہ زیادہ تنگ نہ کریں۔ اور اپنے نام کے اعداد نکال کر رات کو سونے سے پہلے اول و آخر پانچ پانچ بار درود شریف پڑھ کر اپنے نام کے موافق اتنی تعداد میں پڑھ کر اپنے سر سینہ پر دم کرے۔ اگر دوکاندار ہے تو دوکان خوب چلے۔

یا خافِضُ (دشمن پر فتح و غلبہ، دشمن کے شر سے حفاظت)

اس اسم کے کل اعداد چودہ سو اکیاسی (۱۴۸۱) ہیں۔ جو شخص روزانہ ایک وقت باوضو موافق اعداد کے (۱۴۸۱) مرتبہ پڑھے تو دشمن پر فتح اور غلبہ حاصل ہوگا۔ لیکن کچھ عرصہ تک پڑھتا رہے اور آخر میں دشمن کا نام لے کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگ لیا کرے کہ دشمن کے شر سے حفاظت رہے۔ اس عمل کا ہر نماز کے بعد کرنا اچھا ہے۔

یا رافِعُ (مالدار ہونا۔ فتوحات۔ بلندی مرتبہ)

اس اسم کے کل اعداد تین سو اکیاون (۳۵۱) ہیں اس اسم کے عدد کے موافق پڑھنے سے مالدار ہو اور فتوحات کا دروازہ کھل جائے۔ بلندی مرتبہ کے لئے بھی یہ اسم بڑا سریع التاثیر ہے فوراً اس کے پڑھنے کا کمال ظاہر ہوتا ہے۔

یا مُعِزُّ (مخلوق سے بے خوف ہونا۔ مخلوق میں عزت)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو سترہ (۱۱۷) ہیں۔ اس اسم کو اس کے اعداد کے مطابق روزانہ باوضو پڑھنے والا مخلوق سے نہیں ڈرتا۔ ہر قسم کا بے جا ڈر خوف اس کے دل سے نکل جاتا ہے۔ اس کا پڑھنے والا تمام مخلوق میں باعزت رہتا ہے۔ سبحان اللہ کیا بے شمار فائدوں والا اسم ہے۔

یا مُذِلُّ (دشمن کی ذلت۔ دشمن کی دشمنی ختم)

اس اسم کے کل اعداد سات سو سات (۷۰۷) ہیں۔ جو شخص روزانہ پابندی کے ساتھ اس اسم کا کل اعداد کے موافق ذکر کرنے والا دشمن کو ذلیل و خوار کرتا ہے۔ سجدہ میں جاکر دعا مانگے۔ مخالفت سے دشمن باز آجائے۔

یَا سَمِیْعُ (دُعا کی قبولیت کا آسان طریقہ)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو اسی (۱۸۰) ہیں۔ روزانہ بعد نماز اس اسم کو موافق عدد کے پڑھتا رہے تو ذاکر بن جائے۔ جو مانگے قبول ہو۔ یوں سمجھ لو کہ جو اس کو پڑھے گا اُسے پروردگار جو کچھ سُنائے گا وہ سنے گا اور قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔ بس ہمارا کام سُننا اور رب کا کام قبول کرنا ہے۔

یَا بَصِیْرُ (خفیہ رازوں کا عِلم ہونا)

اس اسم کے کل اعداد تین سو دو (۳۰۲) ہیں۔ ہر نماز کے بعد موافق اعداد پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ چھپے ہوئے امور ظاہر فرماتا ہے۔ بڑا زبردست اسم ہے۔ اور ایک عرصہ تک ترک حیوانات جلال و جمالی کی پابندی کے ساتھ پڑھتے رہنے سے بہت سے خفیہ رازوں پر مطلع ہوتا ہے۔

یَا حَکَمُ (حاکم پڑھے مخلوق مطیع ہو، پرہیزگاری حاصل ہو)

اس اسم کے کل اعداد اڑسٹھ (۶۸) ہیں۔ حاکم اگر پڑھے مخلوق میں سرداری پائے۔ باطن اچھا ہو اور پڑھنے والا پرہیزگار بن جائے۔ بدباطنی دور ہو۔ روزانہ ایک وقت موافق اعداد کے پڑھے۔

یَا عَدْلُ (ظالم دشمن کے گرفتار بلا ہونے کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چار (۱۰۴) ہیں۔ جو شخص موافق عدد روزانہ پڑھ کر کسی موذی ظالم پر پڑھ کر بددُعا کرے وہ ظالم فوراً گرفتار بلا ہو۔ منصف (جج، حاکم، افسر) پڑھے ہمیشہ عدل وانصاف کرتا رہے۔ ظالم کا ظلم حد سے زیادہ ہو جائے تو اس وقت یہ اسم بہت تیز کام کرتا ہے۔

یَا لَطِیْفُ (قید سے رہائی، بچوں کی شادیوں کے لئے رزق میں ترقی)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو انتیس (۱۲۹) ہیں۔ یہ اسم بہت جلد قبول ہوتا ہے اسی لئے اس اسم کو سریع الاجابت کہتے ہیں۔ اس کا ذاکر قید سے چھٹکارا حاصل کرے۔ بچوں کی شادیاں کرنا ہو کثرت سے پڑھے۔ خود بخود انتظام ہو جائے۔ موافق اعداد کے روزانہ ایک وقت پڑھے پھر اس کی تاثیر دیکھے۔ اگر صرف ہزار چھ سو اکتالیس (۱۶۶۴۱) بار پڑھے جو دعا مانگے قبول ہو۔ ایک سو تینتیس بار روزانہ پڑھنے سے رزق میں فرق ہو۔ تمام کام آسانی سے پورے ہوں۔ باریک باتوں کو پیدا کرنے والا۔ لطف و محبت پیدا کرنے والا بڑا زبردست اسم ہے اس کے پڑھنے سے عجیب و غریب مشاہدات ہوں گے

کہ یہ کیا چیز ہے۔

یَا خَبِیْرُ (لوگ خبر گیری کریں۔ راز خلق کے ظاہر ہوں)

اس اسم کے کل اعداد آٹھ سو بارہ (۸۱۲) ہیں۔ روزانہ باوضو موافق اعداد پڑھنے سے اس کے قریب رہنے والے ہمیشہ اس کی خبر گیری کریں۔ بشرطیکہ کثرت سے پڑھے۔ تمام راز خلق اللہ کے ظاہر ہوں۔

یَا حَلِیْمُ (ظالم حاکم کے غصہ کو ختم کرنا۔ سزا سے حفاظت)

اس اسم کے کل اعداد اٹھاسی (۸۸) ہیں۔ اگر حاکم یا افسر کسی پر زیادہ غصہ کرتا ہو تو موافق اعداد کے روزانہ اس کو پڑھے اس کا غصہ دفع ہوگا۔ اگر کسی پر حاکم یا افسر سخت ناراض ہو رہا ہو تو اس وقت اس اسم کو پڑھنا شروع کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا غصہ فوراً ٹھنڈا ہوگا۔ اگر کسی کی سزا کا فیصلہ ہونا ہے تو موافق اعداد کے روزانہ برابر فیصلہ تک پڑھتا رہے سزا سے بچ جائے اور اگر سزا یا جرمانہ ہو بھی تو بہت کم ہو۔ عمدہ نتیجہ اسی وقت نکلتا ہے جب درد بھرے دل سے پڑھے

یَا عَظِیْمُ (مخلوق میں عزت والا۔ عیب لوگوں سے پوشیدہ)

اس اسم کے کل اعداد ایک ہزار بیس (۱۰۲۰) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ پڑھنے والا مخلوق میں عزیز اور مکرم ہوگا۔ اور اس

کی برائیاں خلق سے پوشیدہ رہیں گی۔ بڑا عظمت والا اسم ہے۔ جسم میں حرارت بڑھاتا ہے۔ (اسم جلالی ہے)

یَا غَفُوْرُ (قلب میں روشنی اور مرض سے شفاء)

اس اسم کے کل اعداد ایک ہزار دو سو چھیاسی (۱۲۸۶) ہیں۔ موافق اعداد صبح یا شام ایک بار پڑھ لیا کرے۔ قلب میں روشنی اور مرض سے شفا ہو۔ دلجوئی، نرمی اور رحم کے آثار قلب میں پیدا ہوں۔

یَا شَکُوْرُ (نیکی میں زیادتی اور شکر خدا بجالانے کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد پانچ سو چھبیس (۵۲۶) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ ایک بار پڑھ لیا کرے۔ اس کا ذکر کرنے والا ہمیشہ نیک کام کرتا اور نیک مشورہ دیتا ہے اور اس سے نیک کام ہوتے رہتے ہیں اور شکر خدا بجالاتا ہے۔

یَا عَلِیُّ (ہر قسم کی برائی اور پریشانی سے حفاظت۔ مخلوق میں باعزت)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو دس (۱۱۰) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ ایک بار پڑھ لیا کرے اس اسم کا ذاکر ہر قسم کی برائی، پریشانی سے محفوظ رہتا ہے اور مخلوق کی نظروں میں باعزت

رہتا ہے۔ اکثر حضرات نے اس آیم کو اپنا معمول بنایا اور بہت فائدہ اٹھایا ہے۔

یَاکَبِیْرُ (عالی مرتبہ، باوقار اور ہر مشکل مہم میں کامیاب)

اس آیم کے کل اعداد دوسو بتیس (۲۳۲) ہیں۔ روزانہ کسی ایک وقت موافق اعداد کے پڑھ لیا کرے اس کا مسلسل پڑھنے والا تھوڑے عرصہ میں عالی مرتبہ باوقار اور ہر مہم اور مشکل کام میں کامیاب ہو۔ دنیا حقیر نظر آئے۔

یَاحَفِیْظُ (دل کا خوف دور، ہر طرح حفاظت، دشمن ناکام)

اس آیم کے کل نوسو اٹھانوے (۹۹۸) اعداد ہیں۔ روزانہ ایک وقت موافق اعداد پڑھنے سے دل کا خوف دور ہو۔ ہر طرح حفاظت رہے۔ ہر آفت سے محفوظ رہے۔ دشمن خواہ ایڑی چوٹی کا زور لگائے لیکن بال بیکا نہ کر سکے۔ موافق اعداد نہ پڑھ سکے تو ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) روزانہ بعد ہر نماز پڑھ لیا کرے۔

یَامُقِیْتُ (بزرگانِ دین کا ورد ہے۔ بہت جلد قبولیت حاصل ہو)

اس آیم کے کل اعداد پانچ سو پچاس (۵۵۰) ہیں۔ روزانہ

باوضو موافق اعداد کے کسی ایک وقت پڑھ لیا کرے۔ اس ذکر کو کرنے سے بھوک نہ لگے صالحین اور بندگانِ دین کا یہ ورد ہے اور بہت جلد قبولیت حاصل ہوتی ہے۔ سریع الاجابت ہے۔

یَاحَسِیْبُ (اکاؤنٹینٹ (محاسب) کے لئے یہ عمل بہت کارآمد ہے)

اس آیم کے کل اعداد اسی (۸۰) ہیں۔ اس آیم کو موافق اعداد پڑھنے والا حساب دیتے وقت نہ ڈرتا ہے اور نہ اس کے دل میں خوف پیدا ہوتا ہے۔ محاسب (اکاؤنٹینٹ) کے لئے یہ عمل بہت مفید اور کارآمد ہے۔

یَاجَلِیْلُ (لوگوں کے دلوں میں با عظمت و باعزت ہونے کے لئے)

اس آیم کے کل اعداد تہتر (۷۳) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ ایک مرتبہ پڑھنے سے لوگوں کے دلوں میں اس کی عظمت اور اس کا خوف پیدا ہو اور پڑھنے والے کو لوگ عزت کی نگاہ سے دیکھیں۔ اس آیم کی تاثیر کچھ عرصہ پڑھنے کے بعد معلوم ہوتی ہے۔

یَاکَرِیْمُ (رزق بے منت و بے محنت ملے۔ فراخیٔ رزق کے لئے)

اس آیم کے کل اعداد دوسو ستر (۲۷۰) ہیں۔ اگر اس اسم کو

روزانہ موافق اعداد (۲۷۰ مرتبہ) پڑھ لیا کریں تو رزق بے منت اور بے مشقت ملتا رہے۔ کچھ عرصہ پابندی کے ساتھ پڑھنے سے بڑے بڑے عملوں سے یہ اسم بے نیاز کر دیتا ہے۔ فراخیٔ رزق میں بے مثال ہے۔

یَا رَقِیْبُ (اللہ تعالیٰ کا محبوب بننا)

اس اسم کے کل اعداد تین سو بارہ (۳۱۲) ہیں۔ اس اسم کو روزانہ موافق اعداد پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کو محبوب رکھتا ہے۔ عجیب چیز ہے۔ پڑھنے والے کو اس کی قدر معلوم ہوگی۔

یَا مُجِیْبُ (دعا کی قبولیت کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد پچپن (۵۵) ہیں۔ روزانہ ایک مقررہ وقت پر موافق اعداد پڑھ کر دعا مانگے اس کی دعا قبول ہو۔ دعا کی قبولیت میں یہ اسم تیر بہدف ہے۔

یَا وَاسِعُ (کشادگیٔ علم، تنگیٔ رزق سے حفاظت)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو سینتیس (۱۳۷) ہیں۔ اس اسم کو موافق اعداد روزانہ ایک بار پڑھنے والا کشادگیٔ علم سے فیضیاب ہوتا ہے اور تنگیٔ رزق سے محفوظ رہتا ہے۔

یَا حَکِیْمُ (مشکل اور اٹکے ہوئے کام کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد اٹھہتر (۷۸) ہیں۔ ہر مشکل اور اٹکے ہوئے

کام کے آسانی سے ہونے کے لئے روزانہ ایک وقت موافق اعداد پڑھنا چاہیئے۔ اس کے پڑھنے والے پر حکمت کے راز منکشف (ظاہر) ہوں گے۔

یَا وَدُوْدُ (ہر معاملے میں کامیابی کے لئے۔ ہر دلعزیزی حاصل ہو)

اس اسم کے کل اعداد بیس (۲۰) ہیں۔ محبت کے واسطے نہایت اچھا ہے۔ موافق اعداد کے پڑھنے انشاء اللہ ہر جگہ کامیابی حاصل ہو۔ ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) روزانہ پڑھے۔ ہر دلعزیز رہے۔ شیرینی (مٹھائی، مصری، چینی، گڑ وغیرہ) پر ایک سو بار پڑھ کر پھونک دیں اور بیوی کو یا اولاد کو کھلا دیں۔ ناراض ہوں رضامند ہو جائیں۔ راضی ہوں اطاعت گذار بن جائیں۔ اور اگر کثرت سے روزانہ اس کو پڑھتے رہیں۔ دنیا مسخر (قابو میں) ہو جائے۔ ہر شخص پیار کرے اور محبت سے پیش آئے۔ خاص طور پر گھر والے جاں نثار ہوں۔

یَا مَجِیْدُ (سب لوگوں میں باعزت ہونا)

اس اسم کے کل اعداد ستاون (۵۷) ہیں۔ اگر اپنے ہم جنسوں اہل خانہ اور دوست احباب میں عزت نہ ہو تو روزانہ ایک وقت موافق اعداد کے پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے سے سب لوگوں

میں عزت نصیب ہو۔

یَا بَاعِثُ (زندہ دلی پیدا ہونا۔ مایوسی ختم ہونا)

اس اسم کے کل اعداد پانچ سو تہتر (۵۷۳) ہیں۔ اگر کسی کا دل مردہ ہو یا وہ کم ہمت ہو یا سست ہو تو روزانہ ایک بار موافق اعداد کے پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند دن بعد اس کا دل زندہ ہو جائے گا۔ ہمت جوان ہوگی اور سستی چستی میں بدل جائے گی۔ لاجواب اسم ہے۔

یَا شَهِیْدُ (راہ خدا میں شہادت کے لئے) (فاسق لڑکی کا نیک بننا)

اس اسم کے کل اعداد تین سو انیس (۳۱۹) ہیں۔ اگر اللہ تعالیٰ کے راستہ میں شہید اور قربان ہونا چاہتا ہو تو اس اسم کو کثرت سے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ شہادت نصیب ہوگی۔ اگر کسی کی لڑکی فاسق ہو اس کے لئے کثرت سے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ نیک اور صالح ہو جائے۔

یَا حَقُّ (قید سے جلد رہائی، عبادت میں خوب دل لگے۔ سچ گوئی حاصل ہو)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو آٹھ (۱۰۸) ہیں۔ اگر قیدی

موافق اعداد کے روزانہ پڑھے اللہ تعالیٰ کے حکم سے قید سے جلد رہائی پائے۔ اور جس کا دل عبادت سے اُچاٹ ہو وہ پڑھے عبادت میں اس کا بڑا جی لگے اور کثرت سے عبادت کرنے لگے۔ اور ثابت قدمی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرے۔ ایسا آدمی سچ گو اور حق بات کہنے والا بن جاتا ہے۔ مخلوق خدا اس سے مشورہ کرتی ہے۔

یَا وَكِیْلُ (بجلی اور دیگر آفات سے محفوظ رہے)

اس اسم کے کل اعداد چھیاسٹھ (۶۶) ہیں۔ اس کو موافق اعداد روزانہ پڑھنے والا بجلی اور دیگر آفات و بلیات سے محفوظ رہتا ہے۔ تجربہ شدہ ہے۔

یَا قَوِیُّ (دل کی قوت اور دفع دشمن کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو سولہ (۱۱۶) ہیں۔ اگر کوئی شخص اس اسم کو موافق اعداد کے ہر نماز کے بعد پڑھے تو دل اس کا قوی ہو۔ اگر بہ نیت دفع دشمن پڑھے دشمن مصیبت میں مبتلا ہو۔ بڑی قوی الاثر اسم ہے۔

یَا مَتِیْنُ (دعا کی قبولیت۔ مقصد میں کامیابی)

اس اسم کے کل اعداد پانچ سو (۵۰۰) ہیں۔ موافق اعداد کے صبح کے وقت پڑھنے والے کی دعا ضرور قبول ہوتی ہے۔ جس مقصد کے لئے موافق اعداد کے پڑھے گا بحکم خدا اس میں کامیابی

نصیب ہوگی۔

یَا وَلِیُّ (بیوی کی اصلاح۔ مخلوق کی باتوں سے واقفیت)

اس اسم کے کل اعداد چھیالیس (۴۶) ہیں۔ اگر بیوی جھگڑالو اور بدعادت رکھتی ہو تو ہر نماز کے بعد موافق اعداد کے پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خوش خلق اور ہمدرد ہو جائے گی۔ اس اسم کا ذکر کرنے والا مخلوق کی باتوں سے آگاہ ہو جاتا ہے۔

یَا حَمِیْدُ (لوگوں میں نیک نامی۔ وقار و عزت کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد باسٹھ (۶۲) ہیں۔ روزانہ بعد ہر نماز موافق اعداد کے پڑھ لیا کرے۔ تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہر شخص تعریف سے یاد کرے۔ لوگوں میں وقار و عزت پیدا ہو۔ بُرے افعال سے نجات ملے۔ پسندیدہ افعال پیدا ہوں۔ جس شخص کا نام محمود ہو اس کے واسطے اس کا ذکر نہایت اچھا ہے۔

یَا مُحْصِیُ (اللہ تعالیٰ کی مہربانیوں کی آمد)

اس اسم کے کل اعداد اڑتالیس (۴۸) ہیں۔ اس اسم کا موافق اعداد کے روزانہ پڑھنے والا ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی مہربانیوں کا حقدار رہتا ہے۔

یَا مُبْدِئُ { اسرار کا انکشاف، مصنفین ومؤلفین کے لئے کام کی چیز }

اس اسم کے کل اعداد چھپن ہیں۔ اس اسم کو روزانہ موافق اعداد کے پڑھنے والے پر اسرار کا انکشاف ہوتا ہے۔ کتابیں لکھنے والے، تحقیقات کرنے والے، تخلیقات اشیاء کے کاریگر اور شاعر نعت گو اگر پڑھیں تو زیادہ کامیاب اور اپنے کام کو زیادہ بہتر طور پر انجام دے سکیں۔ یہ اسم جدت طبع پیدا کرتا ہے۔

یَا مُعِیْدُ (گمشدہ کا پتہ ملنا، گمشدہ چیز مل جائے)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چوبیس (۱۲۴) اگر کوئی شخص غائب ہو گیا ہو یا کوئی چیز گم ہو گئی ہو تو روزانہ ایک وقت مقررہ پر موافق اعداد کے ایک سو چوبیس (۱۲۴) مرتبہ پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ کا پتہ لگ جائے گا اور گمشدہ چیز مل جائے گی۔ اس سلسلے میں یہ بہترین چیز ہے۔

یَا مُحْیِیُ (قلب میں خوشی، موت کی یاد کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد اٹھاون (۵۸) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ ایک مرتبہ پڑھنے انشاء اللہ تعالیٰ ظاہری اور باطنی زندگانی حاصل ہو۔ قلب میں فرحت، دنیا کی زندگانی ہیچ معلوم ہو۔ موت کی یاد ہر وقت دل میں رہے۔ بڑا زندہ کرنے والا اسم ہے۔

یَا مُمِیْتُ (دشمن پر غلبہ اور فتح حاصل ہو)

اس اسم کے کل اعداد چار سو نوے (۴۹۰) ہیں۔ اگر کسی کا دشمن ظالم اور نامہربان ہو اور ظلم سے نہ چوکتا ہو تو موافق اعداد کے روزانہ پڑھے اور دشمن، ظالم، فاسق و فاجر شخص کے لئے نام لے کر بددعا کرے یہ عمل چالیس دن تک کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر فتح و کامیابی حاصل ہو اور دشمن ظلم سے باز رہے۔ ذرا دل سے پڑھے پھر اس کا کمال دیکھے۔

یَا حَیُّ (بیماری سے شفاء۔ قلب میں نور، زندگی کا لطف)

اس اسم کے کل اعداد اٹھارہ (۱۸) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ خلوص قلب اور پوری توجہ سے ایک مرتبہ پڑھا کرے۔ صبح و شام پڑھے تو بہتر ہے۔ اس کا پڑھنے والا اگر بیمار ہو شفا پائے۔ قلب میں نور توحید کی روشنی پیدا ہو۔ زندگی کا پورا پورا لطف حاصل ہو۔ ہر وقت ہشاش بشاش رہے۔

یَا قَیُّوْمُ [مخلوق میں محبوبیت حاصل کرنا اور مخلوق پر ہیبت قائم ہو۔]

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چھپن (۱۵۶) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ فجر کے وقت پڑھے تو مخلوق میں تصرف ظاہر ہو۔ مخلوق محبوب رکھے اور اگر "یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ" دونوں کو

ملا کر دو سو پندرہ (۲۱۵) مرتبہ پڑھے مخلوق ڈرے اور جو بات زبان سے نکالے شرطیہ بفضل خدا پوری ہو۔ بندگی اور جلال پیدا ہو۔ عام خلائق دوستی کا دم بھرے۔ دنیا کی کوئی طاقت اس کو نقصان نہیں پہنچا سکتی۔

یَا وَاجِدُ (کشف قبور، قلب منور)

اس اسم کے کل اعداد چودہ (۱۴) ہیں۔ اس اسم کو کثرت سے پڑھنے کی برکت سے کشف قبور پیدا ہوتا ہے اور قلب نور سے روشن ہوتا ہے۔

یَا مَاجِدُ (اس کا پڑھنے والا معزز اور کامیاب ہوگا)

اس اسم کے کل اعداد اڑتالیس (۴۸) ہیں۔ اس کا موافق اعداد ہر نماز کے بعد پڑھنا، بادشاہ حاکم، افسر، معلم اور سیٹھ آدمی کو پڑھنا بہت موافق ہے۔ رئیسوں کے لئے یہ اچھا اسم ہے

یَا وَاحِدُ (اللہ تعالیٰ کا محبوب اور پیارا بندہ بننا)

اس اسم کے کل اعداد انیس (۱۹) ہیں۔ اس اسم کا ذکر خدا کو بہت محبوب ہے اور اس کا پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کا پیارا بندہ بن جاتا ہے اور خواب میں بزرگان دین سے ملاقات ہوتی ہے۔

یَا اَحَدُ (اللہ تعالیٰ کا قرب، خدا کا محبوب بندہ)

اس اسم کے کل اعداد تیرہ (۱۳) ہیں۔ اس کا ذکر خدا تعالیٰ

سے قریب کرتا ہے اور اس کا پڑھنے والا خدا کے محبوب بندوں میں شمار ہوتا ہے۔

یَاصَمَدُ (کشائش رزق، فقر و فاقہ سے نجات)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چونتیس (۱۳۴) ہیں زبردست عمل ہے۔ بھوک پیاس سے بے پرواہ کرتا ہے۔ کشائش رزق میں بڑا اثر رکھتا ہے۔ فقر و فاقہ دور کرتا ہے۔ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) پڑھیں۔

یَاقَادِرُ [دشمن کے پنجہ میں گرفتاری سے حفاظت۔ مشکل آسان]

اس اسم کے کل اعداد تین سو پانچ (۳۰۵) ہیں۔ روزانہ صبح و شام موافق اعداد کے پڑھے تمام مشکلیں آسان ہوں۔ اگر ہر حضور و غیبت وقت پڑھے، کسی دشمن کے پنجہ میں گرفتار نہ ہوگا بے حد مؤثر ہے۔

اوّل پانچ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سات سو تیس (۷۳۰) مرتبہ یَارَزَّاقُ یَامُعِزُّ یَاقَادِرُ پڑھے۔ آخر میں پانچ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ وسعتِ رزق، دشمن سے حفاظت، مخلوق کا رجوع حاصل ہو۔ اگر پابندی سے پڑھتے رہیں۔ خدا تعالیٰ وسعت کرے۔ سبحان اللہ کیا کہنا۔

یَامُقْتَدِرُ [محنت مزدوری کرنے والے کے کام میں آسانی]

اس اسم کے کل اعداد سات سو چوالیس (۷۴۴) ہیں۔ محنت مزدوری کرنے والے روزانہ ایک وقت اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف درمیان میں سات سو چوالیس بار یہ اسم پڑھے۔ اس کے پڑھنے سے ان کے کام میں آسانی پیدا ہو اور مشقت کم ہو۔

یَامُقَدِّمُ (مقبولیت دعا کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چوراسی (۱۸۴) ہیں۔ موافق اعداد پڑھ کر جو دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے قبول ہو۔

یَامُؤَخِّرُ (ظاہری و باطنی ترقی کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد آٹھ سو چھیالیس (۸۴۶) ہیں۔ اس اسم کا کسی ایک وقت موافق اعداد کے پڑھنا ظاہری اور باطنی درجے کو بڑھاتا ہے۔

هُوَ الْاَوَّلُ (نیک صالح لڑکے کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد سینتیس (۳۷) ہیں اس اسم کا موافق اعداد چالیس دن مسلسل کسی ایک وقت خلوص سے پڑھنے کی

برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ نیک صالح لڑکا پیدا ہوگا۔ صرف اَوَّل مسمّا لفظ نہ پڑھے بلکہ ھُوَ الْاَوَّل پڑھے۔

ھُوَ الْاٰخِرُ (دشمن کی ذلت وخواری کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد آٹھ سو ایک (۸۰۱) ہیں۔ روزانہ ایک بار موافق اعداد پڑھنے والے کو زبردست نصرت، طاقت اور قوت پیدا ہو۔ دشمن اگر حملہ کرے خود ذلیل وخوار ہو۔

یَا ظَاھِرُ (پوشیدہ راز معلوم ہو، آنکھیں منور)

اس اسم کے کل اعداد گیارہ سو چھ (۱۱۰۶) ہیں۔ روزانہ پابندی کے ساتھ کسی ایک وقت موافق اعداد پڑھنے سے دفینہ ہاتھ آئے۔ پوشیدہ راز معلوم ہوں۔ آنکھیں منور ہوں۔ بڑا اچھا عمل ہے۔

یَا بَاطِنُ (اسرار باطنی سے واقفیت۔ مخلوق میں باعزت)

اس اسم کے کل اعداد باسٹھ (۶۲) ہیں۔ کثرت سے ذکر کرنے والے پر اللہ تعالیٰ اسرار باطنی کو ظاہر فرما دیتا ہے۔ ہر شخص عزت کرے اور ہر قسم کے خوف سے دور ہو جائے۔

یَا وَالِیُ (بہر تاثیر عمل۔ کامیابی کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد سینتالیس (۴۷) ہیں۔ بزرگان اور مشائخ کے واسطے اس کا ذکر عجیب تاثیر رکھتا ہے۔ اس ذکر

کو کثرت سے کیا جائے۔

یَا مُتَعَالِیُ [ایام ماہواری کی تکلیف اور جملہ بیماریوں سے نجات]

اس اسم کے کل اعداد پانچ سو اکیاون (۵۵۱) ہیں۔ اگر عورت موافق اعداد اسم روزانہ ایک وقت پڑھے۔ ماہواری ایام کی تکلیف اور دیگر بیماریوں سے نجات پائے۔ یہ عمل عورتوں کے لئے بے حد مفید ہے۔

یَا بَرُّ (دن بھر راحت اور خوشی سے بسر ہو)

اس اسم کے کل اعداد دو سو دو (۲۰۲) ہیں۔ موافق اعداد روزانہ بعد نماز فجر پڑھنے سے دن بھر خوشی اور راحت سے گذرے

یَا تَوَّابُ (قبولیت توبہ، خوف خدا، گناہ سے حفاظت)

اس اسم کے کل اعداد چار سو نو (۴۰۹) ہیں۔ اس اسم کو روزانہ موافق اعداد کسی ایک وقت پڑھ لے۔ توبہ قبول ہوتی ہے۔ خوف خدا ہر وقت دل میں رہے۔ معصیت وگناہ سے محفوظ رہے۔

یَا مُنْتَقِمُ (ظالم دشمن کی ذلت وخواری)

اس اسم کے کل اعداد چھ سو تیس (۶۳۰) ہیں۔ اگر کوئی شخص اپنے ظالم دشمن سے بدلہ نہ لے سکتا ہو تو اس اسم کو موافق اعداد

روزانہ ایک وقت پڑھے۔ اس کے پڑھنے کی برکت سے اللہ تعالیٰ جلد سے جلد دشمن سے بدلہ لے گا اور اگر بددعا ہلاکت کی کرے۔ اللہ تعالیٰ اسکو بُری طرح ہلاک کردے۔ بشرطیکہ زیادتی دشمن کی ہو۔ اس عمل کو کرنے سے پہلے کسی متقی عالم دین سے مشورہ کرلے ورنہ قتل کا گناہ ہوگا۔

یَاعَفُوُّ (گناہوں کی معافی کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چھپن (۱۵۶) ہیں۔ جو شخص موافق اعداد روزانہ ایک وقت اس اسم کو پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت کو جوش آئے گا اور پروردگار اس کے گناہ معاف کردے گا۔ بڑا غفور الرحیم ہے۔

یَارَؤُفُ (غصہ کو ٹھنڈا کرنا۔ دل میں نرمی پیدا ہونا)

اس اسم کے کل اعداد دو سو چھیاسی (۲۸۶) ہیں۔ دن میں ایک وقت روزانہ موافق اعداد کے پڑھنے سے غصہ ٹھنڈا ہوتا ہے۔ مخلوق پر رحم آتا ہے دل میں نرمی اور محبت کا اثر پیدا ہوجاتا ہے۔ بڑا بہتر اسم ہے۔

یَامَالِكَ الْمُلْكُ [تمام حاجات دینی ودنیاوی پوری ہونے کے لئے]

اس اسم کے کل اعداد دو سو بارہ (۲۱۲) ہیں۔ اس اسم کو روزانہ ایک وقت موافق اعداد پڑھنے سے تمام حاجات دینی ودنیاوی پوری ہوں۔ خلوص سے روزانہ پڑھے۔

ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَام [مخلوق کی نگاہ میں مکرم ومعظم بننا]

اس اسم کے کل اعداد ایک ہزار بانوے (۱۰۹۲) ہیں۔ روزانہ موافق اعداد پڑھیں اور عاجزی وانکساری کے ساتھ پڑھیں۔ اس کا پڑھنے والا مخلوق کی نگاہ میں مکرم ومعظم بنا رہے گا اور لوگ احترام کریں۔

یَامُقْسِطُ (عادل بننے کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد دو سو نو (۲۰۹) ہیں۔ اس کا موافق اعداد پڑھنے والا ہمیشہ لوگوں کے ساتھ عدل وانصاف کرے اور اس کے مزاج سے حد سے بڑھنا ختم ہوجائے اور طبیعت میں اعتدال قائم ہوجائے۔

یَاجَامِعُ [چوری گئی ہوئی چیز کا پتہ ملے یا بھاگے ہوئے کا علم ہوجائے]

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چودہ (۱۱۴) ہیں۔ اس اسم کا موافق اعداد پڑھنے والے کو چوری گئی ہوئی چیز کا بآسانی پتہ چل جائے کہ کس نے لی ہے اور بھاگے ہوئے شخص کے بابت معلوم ہوجائے کہ کہاں گیا ہے۔

یَاغَنِیُّ (مالدار ہونے، تجارت میں خوب نفع حاصل ہو)

اس اسم کے کل اعداد ایک ہزار ساٹھ (۱۰۶۰) ہیں۔ اس اسم کو موافق اعداد پڑھنے والے کو تجارت اور کاروبار میں خوب نفع حاصل ہو۔ اس اسم کا پڑھنے والا جلد مالدار ہوجائے۔ اس اسم کی برکت سے کسی کا محتاج نہ رہے۔ اس اسم کا ہمیشہ پڑھنے والا مال و دولت سے غنی رہے۔ کم از کم چار چھ ماہ تک اس کا ورد ضرور رکھے۔

یَامُغْنِیُ (مالداری حاصل ہو۔ خلق سے بے پرواہ)

اس اسم کے کل اعداد گیارہ سو (۱۱۰۰) ہیں اس اسم کو روزانہ موافق اعداد چالیس دن تک پڑھے تو مالدار ہوجائے۔ اگر ہمیشہ کے لئے اس اسم کا پڑھنا موافق اعداد جاری رکھے تو بے شمار نعمتیں ملیں اور خلق سے بے پرواہ ہو۔ بعض مشائخ سے اس طرح پڑھنا بھی منقول ہے کہ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) بار یَامُغْنِیُ پڑھے آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ جلد مالدار ہوجائے گا۔ اور فقر و فاقہ رفع ہوگا۔

یَامَانِعُ (خوف، ڈر اور گھبراہٹ دور کرنا)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو اکسٹھ (۱۶۱) ہیں۔ موافق اعداد اس اسم کو پڑھا جائے تو دل سے ہر قسم کا خوف نکل جاتا ہے اور گھبراہٹ

دور ہوجاتی ہے۔

یَاضَآرُّ (دشمن سے نجات کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) ہیں۔ اگر موافق تعداد روزانہ چالیس دن وقت مقررہ پر خلوص دل سے ہمہ تن متوجہ ہوکر پڑھے۔ چند روز بعد فوراً دشمن بیمار ہوجائے گا اور مصیبت میں جان آجائے گی جب تک پڑھنا نہ چھوڑے گا دشمن اچھا نہ ہوگا۔ بشرطیکہ ترک حیوانات جلالی بھی کرے۔

ف:۔ ایسا عمل انتہائی مجبوری میں کیا جاتا ہے اور اس کے لئے کسی نیک متقی عالم دین سے مشورہ کرکے کرے ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے لہٰذا احتیاط ضروری ہے۔

یَانَافِعُ (بیماری سے شفا کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد دو سو ایک (۲۰۱) ہیں۔ بیمار اگر موافق اعداد پڑھے شفا پائے اور کثرت سے پڑھنے والا جس مریض پر ہاتھ پھیرے گا اور پھونک دے گا انشاء اللہ تعالیٰ بیمار کو شفا حاصل ہو۔

یَانُوْرُ (قلب منور، چہرہ روشن اور پُرجلال)

اس اسم کے کل اعداد دو سو چھپن (۲۵۶) ہیں۔ یہ ٹھنڈا اسم ہے۔ عجیب و غریب تاثیر رکھتا ہے۔ اس کو اگر روزانہ موافق تعداد

اسم پڑھے تو قلب منور، چہرہ چمکتا ہوا اور پُرجلال ہو جائے۔ چہرے پر بھولے پن کے انوار عجیبہ کا ظہور ہوتا ہے۔

یَاھَادِیُ (راہِ ہدایت حاصل ہو)

اس اسم کے کل اعداد بیس (۲۰) ہیں۔ اگر کوئی اس اسم کو موافق اعداد روزانہ پابندی کے ساتھ پڑھ لیا کرے راہِ ہدایت پر قائم رہے اور اگر گمراہی میں پڑا ہو صراط مستقیم پر آجائے اگر سفر میں راستہ بھول گیا ہو اس اسم کو پڑھنا شروع کرے انشاء اللہ تعالیٰ صحیح راستہ پر خود بخود آجائے گا۔ ورنہ کوئی شخص بتلا دے گا۔

یَابَدِیْعُ (اسرار غیبی اور حکمت کا حصول)

اس اسم کے کل اعداد چھیاسی (۸۶) ہیں۔ اگر یَانُوْرُ یَا بَدِیْعُ دونوں کو روزانہ تین سو پینتالیس (۳۴۵) بار صبح اور شام دو وقت پڑھتا رہے تو اندھیرے میں روشنی کا کام دے اور اگر ہر نماز کے بعد پڑھتا رہے تو خدا جانے کیا کیا اسرار غیبی اور حکمت اسرار زبان سے بے ساختہ نکلیں گے جن کا سمجھنا مشکل اور اس کا علم خود کرنا ہوگا۔

یَابَارِئُ (عمل مقبول، رنج سے محفوظ)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو تیرہ (۱۱۳) ہیں۔ موافق تعداد

اسم کے پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے تمام عمل مقبول ہوں اور انشاء اللہ تعالیٰ کسی سے اسے رنج نہ پہنچے گا اور اس کا پڑھنے والا انتہائی خوش و خرم رہے گا۔

یَاوَارِثُ (غیب سے حفاظت)

اس اسم کے کل اعداد سات سو سات (۷۰۷) ہیں۔ اس اسم کو موافق اعداد روزانہ پڑھنے والے کی انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے حفاظت ہوگی اور اسے کوئی چیز نقصان نہ پہنچا سکے گی۔

یَارَشِیْدُ (لوگ اس کے پاس رائے مشورہ لینے آئیں)

اس اسم کے کل اعداد پانچ سو چودہ (۵۱۴) ہیں۔ موافق تعداد اس کا پڑھنے والا لوگوں میں عزت و عظمت کا حامل بن جاتا ہے اور لوگ اس سے مشورے کے محتاج ہو جاتے ہیں اور اس کے مشورہ کے بغیر کوئی کام نہ کریں اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اس کا ورد رکھنے والا صحیح رائے اور مشورہ دینے کا پابند ہوگا۔ اس کے مشورہ پر چلنے والے نقصان سے محفوظ رہیں گے۔

یَاصَبُوْرُ (تحمل، برداشت، سوچ، سمجھ پیدا ہو)

اس اسم کے اعداد دو سو اٹھانوے (۲۹۸) ہیں۔ موافق اعداد اس اسم کو پڑھنے والے میں تحمل، برداشت، سوچ، سمجھ اور اچھے خیالات پیدا ہوتے ہیں۔ اس اسم کا ورد کرنے والا انشاء اللہ

تعالیٰ صبر و ضبط کا پیکر بن جاتا ہے۔

ف: الحمد للہ اسماء صفات کے خواص ختم ہوئے۔ اسماء حسنیٰ کے ورد کرنے سے اُن لوگوں کو خاص طور سے فائدہ پہنچے گا جو زیادہ طویل آیات پڑھنے سے گھبراتے ہیں یا ان کی زبان عربی نہ جاننے کے سبب آیات پڑھنے سے قاصر ہے۔ ان اسماء کی پابندی سے عجیب و غریب لطف آتا ہے۔ ہر اسم کو بعد شوق پڑھے۔

جو شخص جس مصیبت و پریشانی میں مبتلا ہو اسے چاہئے حسب حال اسم تجویز کر کے پڑھنا شروع کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقصد بر آئے اور تمام تکالیف دور ہوں گی، راحت کی زندگی ملے گی۔

یہاں چند مخصوص فوائد درج کئے گئے ہیں ورنہ ہر ہر اسم کے سینکڑوں فوائد ہیں پڑھنے پر معلوم ہوں گے۔

سورۂ یٰسین شریف کے خواص

جو شخص روزانہ سورۂ یٰسین شریف کو اپنا اس طرح ورد بنالے کہ ایک مرتبہ قبل نماز فجر اور پھر ایک بار بعد نماز فجر، اسی طرح ہر نماز سے قبل اور بعد ایک ایک بار، یعنی پانچ نمازوں سے قبل پانچ مرتبہ اور پانچ نمازوں کے بعد پانچ مرتبہ اس طرح دس مرتبہ روزانہ ہوا۔ اگر ایسا ممکن نہ ہو تو صبح کو سات بار بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب تین بار پڑھیں۔

اس طرح سورۂ یٰسین شریف پڑھنے کی برکت سے کوئی شخص نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ مزاج میں استقلال پیدا ہوگا۔ روزانہ

خرچ کا انتظام خود بخود ہوگا۔ نہ یہ حاجت رہے گی کہ کل کیا ہوگا۔ حتیٰ کہ شادی بیاہ اور تمام ضروریتیں خود بخود پوری ہوتی چلی جائیں گی، افسران خوش رہیں گے۔ ہر بات اور مشورہ کو مخلوق صحیح مانے گی اور اس پر عمل کرے گی۔ کتنی ہی روزی میں تنگی ہو غیب سے سامان ہوتا رہے گا۔ اگر صاحب اولاد ہے سب اچھی حالت میں رہیں گے اور ہمیشہ خواب میں اپنے والدین کو اچھی حالت میں دیکھے گا۔ چہرہ پر جلال رہے گا اور ہر شخص قدر و منزلت کرے گا۔ جس مریض پر ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر دے گا انشاء اللہ تعالیٰ اسے شفا حاصل ہوگی۔

اللہ تعالیٰ نے عجیب و غریب صفات اس سورۃ میں مخفی رکھی ہیں۔ جس قدر تعداد بڑھا کر پڑھے گا اسی قدر فائدہ زیادہ بہتر حاصل ہوگا۔ نہایت خلوص کے ساتھ روزانہ پڑھتے جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ قدم قدم پر کامیابی حاصل ہوگی۔

مشرف بہ زیارت بزرگانِ دین

روزانہ جبکہ سونے کا وقت ہو اور اپنی تمام ضروریات سے آپ فارغ ہو کر سونے کے واسطے جائیں اس وقت ایک تسبیح سورۂ اخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ آخر تک) اور ایک تسبیح سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ۔ کی پڑھ لیٹے پڑھ کر سو جائیں اور پھر کسی سے بات چیت نہ کریں۔ اس کا بہت زیادہ خیال رہے۔ اگر بات چیت کی ضرورت پڑ جائے ہرگز نہ بولیں

اور گھر میں کہدیں کہ میں بول نہیں سکتا۔ اشارے سے منع کردیں ہاں اگر خدانخواستہ کوئی ایسی ضرورت پیش آجائے جو خطرہ کی ہو مضائقہ نہیں۔ روزانہ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں بزرگان دین کی زیارت ہوگی۔ بڑے سے بڑے لطف سے بہرہ اندوز ہوں گے۔ عام اجازت ہے۔ یہ عطیہ حضرت شاہ محمد اشرف صاحب بھوپال مرحوم کا ہے اور بیش بہا تحفہ ہے

کسی مقدمہ میں پھنس جانا

خدانخواستہ کسی مقدمہ میں پھنس جائے۔ اس مصیبت سے نجات کے لئے موقع ہو تو خود پڑھے ورنہ اگر خود مجبور ہے تو اپنے ماں باپ، بھائی یا عزیز و اقارب سے پڑھوالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قویٰ ابلا اخذ جواب بری ہوگا۔ روزانہ بعد نماز عشاء یا بعد نماز فجر باوضو بارہ سو (۱۲۰۰) مرتبہ پڑھنا چاہئے۔ دو ہفتے نہ گذریں گے کہ انشاء اللہ تعالیٰ خود بخود چھوٹ جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔
یَا رَحْمٰنُ کُلِّ شَیْءٍ وَ رَحِیْمُہٗ وَ رَحِیْمُہٗ یَا رَحْمٰنُ۔
فائدہ: بعض لوگ چوری میں بعض لوگ ڈکیتی میں ماخوذ ہوگئے اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے چھوٹ گئے۔

عمل برائے تسخیر عام و خاص

اس عمل کی بدولت، حکیم، ڈاکٹر، وکیل، دوکاندار، کاریگر اور جملہ کاروباری لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ یہ عمل زیادہ سے زیادہ

پانچ منٹ میں ختم ہوجاتا ہے۔
عمل یہ ہے اگر آپ حافظ ہیں تو ماشاء اللہ نور علیٰ نور، ورنہ اول سورۂ رحمٰن شریف خوب زبانی یاد کرلیں جب خوب اچھی طرح یاد ہوجائے۔ روزانہ سورج جب صبح کو نکلے اور ایک نیزہ بلند ہوجائے، تقریباً پانچ منٹ بعد سورج ایک نیزہ بلند ہوجاتا ہے۔ اب سورج کی طرف منہ کرکے سورۂ رحمٰن پڑھنا شروع کردیں جب آیت فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ۔ پر آئیں تو داہنے ہاتھ کی کلمہ والی انگلی سے سورج کی طرف ایک اشارہ کردیں۔
اسی طرح ہر مرتبہ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ۔ پر انگلی سے اشارہ کرتے رہیں یہاں تک کہ سورت ختم ہوجائے۔
یہ عمل روزانہ پانچ منٹ میں ختم ہوجاتا ہے۔ ایک ہفتہ کے بعد آمد مخلوق شروع ہوجاتی ہے۔ لیکن یہ ذکر کرے۔ آپ التفات نہ کریں اور آنے والوں کو کمال اخلاق سے بٹھایا کریں اور خوش مزاجی سے پیش آئیں۔ بعد ختم چلہ صبح کو روزانہ ایک مرتبہ سورۂ رحمٰن پڑھتے رہیں۔ یہ عمل چالیس دن کا ہے بڑی آسانی سے بعد نماز فجر پورا ہوجاتا ہے۔
ایک چلہ میں عام مخلوق کی آمد، دوسرے چلہ میں خاص خاص لوگوں کی آمد، تیسرے چلہ میں رئیسوں، جاگیرداروں کی آمد، چوتھے چلہ میں رات دن مخلوق کا ہجوم لگا رہتا ہے۔ اگر تجارتی کاروبار ہے سب خریداری کریں گے۔ اور ہر شخص دوکان کی طرف

خود بخود کھنچ کر آئے گا۔ عجیب و غریب صفات کا یہ عمل ہے۔ اگر کسی حاکم یا افسر کے پاس جانا ہے تو ایک بار سورۃ رحمٰن پڑھ کر جائیں اگر زیادہ وقت نہ ملے تو تین بار فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ۔ پڑھ لیں اور پھر سلام کریں افسر کمال اخلاق سے پیش آئے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

فائدہ: احباب اور آنے والی مخلوق عامل کی طرف کھنچے گی اور بعض اوقات دریافت کریں گے کہ آپ نے کیا عمل پڑھا ہے ہم خود بخود آپ کی طرف چلے آتے ہیں۔ خوش مزاجی سے کہہ دیجئے کہ آپ کی بندہ نوازی اور محبت ہے ہم کس لائق ہیں۔ جو شخص کاروبار کرتا ہے اس کو لازمی یہ عمل پڑھنا چاہئے۔

دردِ زہ (بچہ ہونے) کی تکلیف

بچہ کی آسانی کے ساتھ ولادت کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو لکھ کر اس کے نیچے یہ الفاظ لکھے اور سفید کپڑے میں لپیٹ کر عورت کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً اور آسانی کے ساتھ بچہ پیدا ہوگا۔ لیکن بچہ پیدا ہوتے ہی تعویذ فوراً کھول کر نکال دے ورنہ آنتیں باہر آنے کا ڈر ہے۔ لہٰذا احتیاط کو دے بے پرواہ کو یہ تعویذ نہ دے کہ کہیں فائدے کی جگہ نقصان اٹھانا پڑے۔ تعویذ اس طرح لکھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۙ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۔
اِنَّمَا اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْـًٔا

ملازمت کا بہترین عمل

جو شخص بیروزگار ہو اور روزگار کے سلسلے میں بہت پریشان ہو تو مندرجہ ذیل آیت و دیگر کلمات کو روزانہ بعد نماز عشا یا بعد نماز تہجد روزانہ پابندی کے ساتھ بلاناغہ باوضو ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند روز کے بعد اس کو ملازمت مل جائے گی اور ہر شخص تعریف کرے گا کہ یہ بڑا نیک اور غریب ہے۔ یہ عمل بڑا پُراثر اور تیر بہدف ہے اس کے پڑھنے سے فوراً نوکری مل جاتی ہے۔ آدمی بے روزگار نہیں رہتا۔ وہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
حٰمٓ ۚ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۙ غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِیْدِ الْعِقَابِ ۙ ذِی الطَّوْلِ ؕ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ؕ اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ ۝
بِسْمِ اللّٰہِ بَابُنَا مُبَارَکٌ حِیْطَانُنَا۔ یٰسٓ

فائدہ۔ اس عمل کی بدولت بحمداللہ بہت لوگ کامیاب ہو رہے ہیں۔ اِدھر پڑھا اُدھر ملازم ہو گئے۔ لیکن بعد ملازمت چالیس دن پورے کرے (یعنی چالیس دن تک برابر پڑھتا رہے) ایسا نہ کرے کہ درمیان میں چھوڑ دے اور بعد ختم چلہ اس کو ایک بار فرور پڑھ لیا کرے۔ تاکہ مالک یا حاکم خوش رہے۔ پھر صفت یہ ہے کہ مالک یا حاکم، افسر جس کے ماتحت آپ ملازم ہیں بلامشورۂ آپ کے کوئی کام نہ کرے گا اور جو رائے آپ دیں گے اس پر عمل درآمد کرے گا انشاء

اللہ تعالیٰ۔

بعض احباب لکھ مارتے ہیں کہ نماز کا جھگڑا اچھا لگا دیا۔ یہ وسوسۂ شیطانی ہے۔ نماز کی بدولت دین و دنیا کے سب کام بحسن و خوبی انجام کو پہنچتے ہیں اور دربار خداوندی میں پانچ وقت حاضر ہونے والا جلد مقرب بارگاہ الٰہی بن جاتا ہے۔ اللہ پاک بھی اس کی خوب سنتے ہیں۔ مقصد دل جلد پورا ہوتا ہے۔

رحمت خداوندی کا حاصل کرنا

مندرجہ ذیل کلمات ہر نماز کے بعد سات سات مرتبہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اس کو اپنی رحمت میں چھپا لیتا ہے۔ اگر کوئی امر خلاف سرزد ہو جائے اُس پر مخلوق کے ذریعہ سے ظاہر کرا دیتا ہے اور اس کو ہر قسم کے نقصان اور ہر قسم کی پریشانی سے بچا لیتا ہے۔ بڑا اچھا عمل ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ اللّٰهُ نَاظِرٌ اِلَيْنَا بِحَوْلِهٖ اللّٰهُ لَا يَقْدِرُ عَلَيْنَا۔

بدمزاج عورت کی درستی اور اصلاح

اگر میاں بیوی میں نفاق رہتا ہے اور کسی طرح نہیں بنتی۔ اس وقت چاہیئے کہ ذیل کی آیات کو روزانہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) پڑھے صبح و شام سجدہ میں جا کر دعا مانگے کہ:۔

اے پروردگار میری بیوی کو میرا مطیع اور فرمانبردار بنا دے ہفتہ یا دس دن نہ گذریں گے کہ کمال محبت ہو جائے گی۔

وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّ وَلِيِّيَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۖ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ۝

زہر خورانی کا دفعیہ

اگر کسی شخص کو شبہ ہو کہ اس کھانے میں زہر ملایا گیا ہے یا پانی میں زہر ملا دیا گیا ہے تو تین بار ان کلمات کو پڑھ کر اس کھانے یا پانی پر دم کر کے کھائیں پئیں ان شاء اللہ تعالیٰ زہر کا کچھ اثر نہ ہوگا یا یہ طریقہ اختیار کر لیں کہ جب کھانا سامنے آئے تین بار پڑھ کر کھانے پر دم کر کے کھایا کریں انشاء اللہ تعالیٰ زہر کے اثر سے محفوظ رہیں گے۔ اسی طرح سورۂ لِاِيْلٰفِ (قُرَيْش) پوری پڑھ کر دم کرنے سے بھی اس ضرر اور نقصان سے محفوظ رہتا ہے۔ اگر ایسا کر لے کہ یہ کلمات تین بار اور سورۂ لایلاف (قریش) ایک بار پڑھ کر دم کر لیا کریں انشاء اللہ تعالیٰ زہر کے اثر سے حفاظت رہے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

سورۂ لایلاف (قریش) یہ ہے۔

سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَكِّيَّةٌ

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

خوش اسلوبی (اچھے طریقے) سے ہر کام کا پورا ہونا

جو آدمی یہ چاہے کہ اس کے تمام کام بڑے اچھے طریقے سے انجام پا جائیں، تمام مہمات میں کامیابی حاصل ہو، ہر کام احسن طریقہ پر پورا ہو، مخلوق معاون اور مددگار بن جائے۔ جو دعا مانگے خداوند عالم آسان طریقہ سے اس کے پورا ہونے کا بندوبست فرمادے گا۔ اور آپ کو معلوم بھی نہیں ہوگا کہ کس طرح کام ہوگیا۔ تیر بہدف عمل ہے۔

روزانہ ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) صبح بعد نماز فجر اور ایک تسبیح بعد نماز عشاء پڑھ لیا کریں۔ اس کے علاوہ جو فائدہ پہنچے گا اس کا علم آپ کو خود ہو جائے گا۔ نیز اگر چار بجے صبح (صبح صادق کے وقت نماز فجر سے قبل) ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) آسمان کے نیچے سر ننگا کر کے (یعنی سر پر ٹوپی، رومال یا کوئی کپڑا نہ ہو) کھڑے ہو کر پڑھا کریں۔ زبردست توکل حاصل ہوگا اور ایسا آدمی کسی کا محتاج نہ رہے گا تیر بہدف عمل ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝

فتوحاتِ غیبی

یہ ایک بڑے زبردست عالم فاضل جو ہندوستان اور دیگر ممالک میں اپنی نظیر نہیں رکھتے۔ یہ عمل صاحب موصوف کے خاندان

میں چلا آیا ہے اور مصنف نے بھی اس کو پڑھا ہے۔ فتوحات غیبی روزانہ اس عمل کے پڑھنے سے شروع ہو جاتی ہیں اور کچھ عرصہ تک پڑھنے سے عجیب و غریب کمالات کا ظہور ہونا شروع ہو جاتا ہے پروردگار عالم طرح طرح کی نعمتیں عطا فرماتا ہے۔ تحفے تحائف ملتے ہیں۔ فراخی رزق ہوتی ہے۔ دل ہر وقت خوش رہتا ہے۔ آپ جس وقت اس کو پڑھنا شروع کریں گے، دل باغ باغ رہے گا اور اس عمل کی برکت سے وہ فوائد آپ کو پہنچیں گے جس کا اظہار کرنا مناسب نہیں معلوم ہوتا۔ قید صرف اس قدر ہے کہ ایک وقت مقررہ پر پڑھا جائے۔ اچھا معمول اس کا یہ ہے کہ روزانہ بعد نماز فجر باہر ہوا خوری کے واسطے نکل جائے اور پڑھنا شروع کر دے، چار فرلانگ جانے اور چار فرلانگ آنے میں ختم ہو جاتا ہے۔ جی چاہے ایک جگہ بیٹھ کر پڑھے۔ بہرحال ناغہ نہ ہو اور کم سے کم چالیس دن تک تو اس کو اپنے ورد میں رکھے۔ جب یہ عمل چند روز معمولات میں آجاتا ہے دل چھوڑنے کو نہیں چاہتا۔ یہی طبیعت ہوتی ہے کہ اس کو پڑھے جاؤ۔ ایک چلہ سے کم نہ پڑھا جائے اور یہ امر ذہن نشین کر لیا جائے کہ نتیجہ کی جانب توجہ نہ کی جائے کام جاری رکھیں اور خیالات فاسدہ دل میں نہ لائیں۔ خود بخود فوائد کا اظہار ہونے لگتا ہے۔ عجیب چیز ہے تمام امورات سے اس لئے آگاہ کیا جاتا ہے کہ جو جو باتیں ظہور میں آئی ہیں ان کے اشارے لکھ دیئے گئے ہیں تاکہ آپ بدظن نہ ہوں اور چھوڑ نہ دیں۔ وہ عمل یہ ہے۔

روزانہ گیارہ بار درود شریف (نماز میں پڑھا جانے والا درود

بہتر ہے) اور گیارہ سو گیارہ بار یا مُغْنِیُ پھر گیارہ بار سورۂ مزمل شریف (پ ۲۹) پھر گیارہ بار درود شریف۔ پھر دعا مانگ لے۔ نتائج و ثمرات چند دن کے بعد ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

ف: بعض احباب کو چار چار چھ چھ ماہ پڑھنے کے بعد فتوحات حاصل ہوئیں۔ یہ عمل تجارت اور کاروبار میں عظیم نفع پہنچانے والا ہے۔

مغربی سیّارہ کا برقی عمل

حضرت قطب صاحب کا بتلایا ہوا یہ عمل ہے۔ اس عمل سے خاکسار نے بہت کچھ فائدہ حاصل کیا اور برابر کر رہا ہے، اور روزانہ اللہ تعالیٰ غیب سے امداد فرماتا ہے۔ یہ عمل تجارتی فوائد میں اپنا نظیر نہیں رکھتا۔

مثال: مشتہرین، مطابع اور پریس والے، کتب فروش، اخبارات یا رسالہ جات نکالنے والے، مصنف کتب تجارت میں بکری (فروخت) کم ہونی، بہرحال مذکورۂ بالا تجربہ ہو چکا ہے۔ مذکورہ بالا کام کرنے والے بہت نفع اٹھائیں گے۔

بزرگانِ دین کے عطیہ سے خود فائدہ اٹھانا اور مخلوق کی نظر سے پوشیدہ رکھ کر اپنے اغراض پورے کرنا یہ وسوسۂ شیطانی ہے۔

بزرگانِ دین اگر آج ایسا کرتے تو دنیا میں ان کے فوائد سے ہم لوگوں کو کیا علم ہوتا۔ ہم دنیا کے کتے ہیں۔ اپنا فائدہ ہمیشہ پیش نظر رہتا ہے۔ لہٰذا اسم تجلی اور کنجوسی کو اللہ تعالیٰ نے دل سے نکال دیا۔ اور اسرار مخفیہ بھی منظر عام پر پیش کر دیئے گئے۔ تاکہ عام طور سے

احباب فائدہ اٹھا سکیں۔

مغربی سیّارہ کی پہچان یہ ہے کہ یہ سیّارہ مشرق سے نکلتا ہے اور مغرب میں جا کر غروب ہو جاتا ہے۔ اور پھر روزانہ اسی مقام سے نکلتا ہے۔ روشنی اچھی ہوتی ہے۔ موسم سرما خصوصاً نومبر دسمبر میں اس کا وقت نکلنے کا ۱/۲ ۷ بجے ہے۔ یہ ساڑھے سات بجے نکلنا شروع ہوتا ہے اور آٹھ بجے پورا نکل کے سامنے آجاتا ہے۔ اس سیّارہ کی چال تیز ہے۔ آنکھوں کے سامنے آدھ گھنٹے کے اندر اندر دس بارہ ہاتھ اوپر چڑھ جاتا ہے۔ اس کی روشنی شروع میں ہلکی اور پھر رفتہ رفتہ تیز اور زیادہ ہو جاتی ہے۔ بڑی آسانی سے معلوم ہو جاتا ہے۔ اس کا نام مغربی تارہ ہے۔ اگر شناخت (پہچان) میں نہ آئے صبح پانچ بجے قبلہ رُخ غروب ہوتا ہے دیکھ لیں یا منجم (نجومی) سے دریافت کر لیں۔

روزانہ اس تارے کے سامنے کھڑے ہو کر اور منہ تارے کی جانب رکھیں اور ہاتھ اٹھا کر درود شریف ذیل دس مرتبہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَفِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ۔

اور اس کا ثواب حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی روحِ پاک کو بخش دیں۔ اور یہ دعا مانگے کہ!

"یا اللہ میری کتب، یا رسالہ یا فلاں تجارت کو فروغ دے اور خریدار مہیا کر"

قسم ہے اُس پروردگار کی جس کے قبضۂ قدرت میں جان ہے۔

بڑی اشاعت ہوتی ہے۔ خریداران کتاب جو اس سے فائدہ اٹھائیں خاص اجازت اور مشورہ دیا جاتا ہے کہ اس عمل کو روزانہ کرتے رہیں اور اس کے فوائد سے محروم نہ رہیں۔ دو ہفتہ کے اندر اندر اس کے اثرات ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب وعلمہ اتم والیہ المرجع والمآب۔

ف۔ جب آپ کے تجربہ میں یہ عملیات آجائیں خود فائدہ اٹھانے کی کوشش نہ کریں بلکہ مخلوق خدا کو بھی ان عملیات سے فائدہ اٹھانے کی طرف متوجہ کریں تاکہ پریشان حال لوگ سکون سے زندگی گذار سکیں یہ بہت ثواب کا کام ہے

ف۔ بعض اوقات کسی گناہ یا نافرمانی یا ظلم کے سبب سب کچھ کرنے کے باوجود نتیجہ حاصل نہیں ہوتا۔ اس کا سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ گناہ، نافرمانی اور ظلم سے فوراً توبہ کریں اور حرام کے لقمے سے بچیں۔ حرام کا کھانا آجکل عام ہے۔ پرائز بانڈ۔ بینک میں ڈپازٹ رکھ کر سود لینا عام ہو گیا ہے۔ سود پر ہاؤس بلڈنگ سے قرض لے کر مکان بنانا بھی بہت بڑا گناہ ہے۔ ریڈیو گراس کے ٹکٹ کا انعام یہ سب سودی کاروبار ہیں ان کے کرنے والے سخت گنہگار اور عملیات میں ناکام رہنے والے ہیں۔

ف۔ بعض اوقات ہمارے پروردگار کا ایسا حکم ہوتا ہے کہ نتیجہ صفر رہتا ہے۔ ایسی صورت میں پریشان نہ ہوں برابر پڑھتے رہیں خلوص دل سے توبہ کریں اور دعا مانگ لیا کریں۔ پھر دیکھئے غیب سے کیا ظہور میں آتا ہے۔

جنت میں باغ لگانا اور شیطان کے شر سے محفوظ رہنا

روزانہ ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ)

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ

اور ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ)

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ

پڑھنے سے دو سو درخت روزانہ جنت میں فرشتے لگائیں گے اور مغفرت کا سامان ہوگا برائی اور خراب عادت سے بچیں گے۔ حدیث شریف میں ان ہر دو تسبیح کی بڑی تعریف آئی ہے چنانچہ ایک حدیث میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص روزانہ سو مرتبہ یہ کلمات

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ

پڑھے گا اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے چاہے وہ کثرت میں سمندر کے جھاگوں کے برابر کیوں نہ ہوں (بخاری و مسلم)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:۔

یہ وہ کلام ہے جو اللہ نے اپنے فرشتوں کے لئے پسند فرمایا ہے (مسلم)

نیز حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ:۔

دو کلمے ایسے ہیں جو زبان پر ہلکے ہیں۔ ترازو میں بہت وزنی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کو بہت پیارے ہیں۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ (بخاری)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم میں کوئی اس بات

کو نہ چھوڑے کہ روزانہ ایک ہزار نیکیاں ہو جائیں۔ سو دفعہ تسبیح پڑھ لیا کرو۔ ایک ہزار نیکیاں ہو جائیں گی۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ (فضائل ذکر)

پھر ایک تسبیح روزانہ (ایک سو مرتبہ)

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شیطان کے شر اور شیطانی اثرات سے محفوظ رہے گا۔

سفر بخیر و خوبی تمام ہونا

ریل کا سفر ہو یا پیدل کا سفر ہو، ہوائی جہاز کا سفر ہو یا سمندری جہاز، کشتی، موٹر، کار یا گھوڑے اور خچر کا سفر ہو۔ الغرض کسی طریقے سے بھی انسان سفر کرے۔ جب سواری پر بیٹھنے کا ارادہ کرے ایک بار اس آیت شریف کو پڑھے پھر سوار ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ سفر بخیر و خوبی پورا ہوگا اور دوران سفر ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۔

سردی سے بخار آتا ہو اس کا علاج

اگر کسی شخص کو سردی سے بخار آتا ہو تو آیت ذیل کو بیری کی لکڑی پر لکھ کر بیمار آدمی کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ

تعالیٰ بخار چلا جائے گا اور مریض صحتیاب ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۔

سفر میں بالکل تھکن نہ ہو

اگر آپ پیدل سفر کرتے ہیں مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے ناف سے لے کر پاؤں کے پنجوں تک پھیر لیں انشاء اللہ تعالیٰ اس قدر قوت و طاقت پیدا ہوگی کہ چلنے کا بالکل احساس نہ ہوگا اور نہ تھکن محسوس ہوگی انسان چاق و چوبند رہے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ (۳۳ بار) تینتیس بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ (۳۳ بار) تینتیس بار اللّٰہُ اَکْبَرُ (۳۴ بار) چونتیس بار۔

ف:۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پودا لگاتے ہوئے دیکھا تو ارشاد فرمایا:۔

"میں تمہیں بہترین پودے جو لگائے جائیں بتاؤں۔ وہ سُبْحَانَ اللّٰہِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ۔ کہنا ہے۔ (ہر کلمہ پڑھنے پر جنت میں ایک درخت لگ جاتا ہے" (فضائل ذکر)

گم شدہ (کھوئی ہوئی) چیز مل جائے

جب کوئی چیز گم ہو جائے فوراً آیت ذیل پڑھیں گم شدہ چیز

انشاء اللہ تعالیٰ جلد مل جائے گی اور جب تک نہ ملے پڑھتے رہیں اگر وہ چیز نہ ملی تو غیب سے اُس سے عمدہ کوئی چیز مل جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے:۔

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ۝

چیز کی حفاظت اور گم شدہ چیز کا مل جانا

اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو بیس مرتبہ

يَا حَافِظُ

پڑھ لیں تاکہ وہ چیز محفوظ ہو جائے اور آئندہ مل جائے۔

ہر مصیبت، پریشانی اور مشکل کا آسان حل

آیت کریمہ کی زکوٰۃ سوا لاکھ مرتبہ پڑھنا ہے۔ (ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھنا) روزانہ ایک وقت مقرر کر کے آسان سے جس قدر آپ پڑھ سکیں مقرر کر لیں۔ مثلاً پانچ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیں تو پچیس (۲۵) دن میں زکوٰۃ پوری ہو جائے گی۔ اور عمل قبضہ میں آ جائے گا۔ آپ کو کوئی مصیبت یا پریشانی یا کوئی زبردست خطرہ پیدا ہو گیا ہے چند آدمی مسجد میں بیٹھ کر پڑھ لیں یا گھر میں جمع ہو کر پڑھ لیں۔ ایک ہی رات میں پورا کر لیں اور پھر سب مل کر دعا کر لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دعا قبول ہو گی اور اس مصیبت سے نجات ملے گی۔ نہایت پُر اثر عمل اور مشہور و معروف ہے۔

اس آیت شریف میں اللہ تعالیٰ کی مدد چھپی ہوئی ہے۔ جس مشکل کا حل چاہے گا ملے گا، جس بلا اور مصیبت میں پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ عظیم اٹھائے گا۔ جس قدر اس عمل کی تعریف کی جائے کم ہے۔ اکثر و بیشتر یہ عمل ایسا تیر بہدف ہے کہ اگر پھانسی کا حکم قیامتا ہوتا ہوا معلوم ہو سزا میں تبدیل ہو جائے۔ چند اشخاص مل کر مسجد یا گھر میں پڑھ لیں، ایک دن میں پورا ہو سکتا ہے۔ قانون اپنی جگہ لیکن سزا میں کمی ہو جائے گی۔ آیت کریمہ یہ ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

دشمن کی زبان بندی

دشمن یا بدگو کی زبان بندی کے لئے روزانہ ایک بار صبح اور ایک بار شام کو پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام برائیوں سے محفوظ رہیں گے اور جب کوئی شخص بُرائی سے یاد کرنا چاہے گا، زبان بند ہو جائے گی۔ بڑا سریع الاثر عمل ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ صد ہزار بار گرد بگرد من و گرد دوستانِ من حصار باد مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ بر من و بر دوستانِ من یار باد۔ بستم دست، پا، زبان، چشم، عقل و ہوش و گوش کسانیکہ ہژدہ ہزار عالم آدمیان و خدائے ناترسان و ناحقان و ناشکران آدمیان و دیوان عقل و پریان کسانیکہ مارا دوستان مارا بدگویند بدخواہند و بد بدانند و بد اندیشند بحرمت لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ قَوْلًا وَّفِعْلًا

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۔ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَتَكَلَّمُوْنَ۔ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

زبان بندی کا دوسرا عمل

دشمن اور بدگو کی زبان بند کرنے کے لئے یہ عمل مختصر ہے۔ اس کے پڑھنے سے دشمن اور بدگو کی زبان ہر قسم کی بدزبانی اور بدگوئی کرنے سے بند ہو جاتی ہے اور انسان کی عزت محفوظ ہو جاتی ہے۔ وہ عمل یہ ہے:۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ برجانش۔ عصائے موسیٰ برجگرش۔ مہر سلیمان داؤد علیہ السلام بردہنش۔ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔ اس کو سات مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے جسم پر پھیر لیں۔ یا چاروں طرف پھونک دیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن اور بدگو کی زبان بند ہوگی۔

ہدایت: اسماء حسنیٰ میں سے کوئی ایسا اسم منتخب کر کے پڑھنا چاہیے جس سے عام مخلوق تعریف سے یاد کرے۔ نظروں میں عزت و وقار ہو، اور نیکیاں بڑھتی جائیں۔ برائیاں مٹتی جائیں۔ بزرگان دین نے ہمیشہ ایسا مشورہ دیا ہے۔

اعداد نکالنے کا طریقہ

ابجد - ھوز - حطی

ا - ب - ج - د ، ہ - و - ز ، ح - ط - ی ،
۱ - ۲ - ۳ - ۴ ، ۵ - ۶ - ۷ ، ۸ - ۹ - ۱۰ ،

کلمن - سعفص - قرشت

ک - ل - م - ن ، س - ع - ف - ص ، ق - ر - ش - ت ،
۲۰ - ۳۰ - ۴۰ - ۵۰ ، ۶۰ - ۷۰ - ۸۰ - ۹۰ ، ۱۰۰ - ۱۱۰ - ۱۲۰ - ۱۳۰ -

ثخذ - ضظغ

ث - خ - ذ ، ض - ظ - غ

۵۰۰ - ۶۰۰ - ۷۰۰ ، ۸۰۰ - ۹۰۰ - ۱۰۰۰ -

بہت سے احباب کو اعداد نکالنے کا طریقہ معلوم نہیں ہے، ان اعداد سے تاریخی نام رکھا جاتا ہے اور جس عمل کی ضرورت ہو موافق اعداد اسم کے پڑھا جائے۔ نہایت درجہ مؤثر ہوگا، ہر اعداد کے بالمقابل ہندسے لکھ دیئے گئے ہیں اس لفظ کے نیچے دیکھ لیں کونسا ہندسہ لکھا ہے۔ سب الفاظ کے ہندسہ لگا کر اور ملا کر جوڑ لیں۔ پھر اسی تعداد میں روزانہ پڑھنا چاہیے۔ مثال کے لئے ذیل کا عمل دیکھا جائے۔

مثلاً ہم کو ترقی علم اور فراخی ذہن کے لئے (رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا) پڑھنا ہے یہ دشن اعداد ہیں۔ اور ان کا مجموعہ (۴۱۶) چار سو سولہ ہوتا ہے۔ لہٰذا روزانہ (۴۱۶) چار سو سولہ مرتبہ کسی

ایک وقت مقررہ پر پڑھیں گے۔ عظیم فائدہ اٹھائیں گے۔

ہر مرض اور ہر درد کی دوا

اگر کسی کے جسم کے کسی بھی حصہ میں درد ہو تو مقام مرض یا مقام درد پر ہاتھ رکھ کر ان آیات کو تین بار پڑھ کر دم کر دے۔ دن میں دو بار دم کر دیا کرے۔ اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا تو جلد سے جلد مرض سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۙ

درندہ (کاٹنے والے) جانور کے حملے سے محفوظ رہنا

اگر شیر یا کتا یا بھیڑیا، یا اور کوئی جانور حملہ کرے تو حملے سے قبل فوراً اس آیت کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ موذی جانور فوراً باز آجائے گا اور ہرگز نہ کاٹے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ

اولاد سے مایوسی

اگر آپ کو اولاد کی جانب سے مایوسی ہے تو موافق اعداد کے ایک چلہ تک روزانہ اس آیت شریفہ کو پڑھئے۔ اللہ تعالیٰ اولاد عطا فرمائے گا۔ اس آیت کے اعداد ابجد کے حساب سے نکالیں اور اس تعداد میں روزانہ پڑھنے کا معمول بنالیں۔ وہ

آیت یہ ہے۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۚ

کیسا ہی سخت مرض ہو شفاء ہوگی

آیات ذیل کو پڑھ کر روزانہ پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے اور تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے یا تشتری (چینی کی پلیٹ بغیر پھول والی) پر لکھ کر مریض پلادے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی۔ بارہا کا آزمودہ عمل ہے۔ طبیب، ڈاکٹر اور علاج کرنے والوں کو چاہیے کہ روزانہ بوقت صبح بعد نماز فجر ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ پھر تو آپ جس مریض پر پڑھ کر دم کریں گے شفاء ہوگی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۙ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۙ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ؕ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۙ

جنات کا اُتار دینا

سورۃ جن (پ ۲۹) پوری ایک بار پڑھ کر جس پر آسیب کا خلل ہو دم کر دیں انشاء اللہ تعالیٰ جن اُتر جائے گا۔ پھر سورۃ یٰسین شریف ایک بار پڑھ کر چاروں کونوں میں پھونک ماریں۔ ہمیشہ کے واسطے

مکان محفوظ ہو جائے گا۔ نیز سورۂ جن پوری باوضو کسی کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں باندھ دیں انشاء اللہ تعالیٰ مریض جن کے اثر سے محفوظ و مامون ہو جائے گا۔

بصارت (نگاہ) میں کمی نہ ہونا

اگر آپ چاہتے ہیں کہ میری آنکھوں کی روشنی کم نہ ہو تو وضو سے فارغ ہونے کے بعد آسمان کی جانب نظر کر کے سورۂ اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ۔ پوری پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں میں کوئی نقصان پیدا نہ ہوگا اور بینائی قائم رہے گی۔ سورۃ القدر یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ۚ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ ۚ لَیْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۚ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۙ سَلٰمٌ ۛ هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

کسی کی طرف سے برائی نہ ہونا۔ حفاظت کے لئے

ہر نماز کے بعد جبکہ فرض ختم ہوں اور دعا مانگنے سے پہلے اپنے سجدے کے سامنے دائیں ہاتھ کو پانچوں انگلیوں کو زمین پر رگڑے اور ایک بار آیت الکرسی شریف پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر پھونک کر

تالی بجا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی چوری، ڈاکے، دشمن کے شر اور فتنہ سے محفوظ رہے گا۔ یہ عمل اگر ہر عورت اپنے گھر میں ہر نماز کے بعد کر لیا کرے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے گھر ہر طرح کے شر اور ڈاکہ، چوری سے محفوظ ہو جائے۔ یہ عمل اتنا آسان ہے کہ چند سیکنڈ میں ہو جاتا ہے اور اس کا فائدہ اتنا عظیم ہے کہ سارا گھر چوری، ڈاکہ، قتل و غارت گری سے محفوظ ہو جاتا ہے آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

شدید ظالم کو شہر سے باہر نکال دینا

اگر کسی ظالم شخص کے ظلم سے مخلوق تنگ آ گئی ہو تو آیت شریفہ ذیل کو ایک چلہ (چالیس دن) تک روزانہ پڑھے۔ اس چلہ کے درمیان میں ظالم شہر سے نکل جائے گا۔

عمل یہ ہے کہ روزانہ سات گھونگچیاں جو سناروں کے پاس ہوتی ہیں۔ زیور کے تول میں کام آتی ہیں۔ روزانہ ان کو کنوئیں میں ڈالتے جائیں۔ واضح رہے کہ جب یہ عمل شروع کریں بلقید

ترکِ حیوانات کریں۔ یہ بھی خیال رکھیں کہ اگر ناجائز جگہ پر بلا وجہ آپ نے عمل کیا سخت نقصان پہنچے گا۔ خوب یاد رکھئے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۔

بخار کا حکمیہ علاج

اگر کسی کو بخار آتا ہے تو نئی روئی لے کر دو پھایہ بنائیں۔ ایک دائیں کان میں لگانے کے واسطے اور دوسرا بائیں کان میں لگانے کے واسطے۔ دائیں کان میں جو پھایہ لگانا ہے اُس پر گیارہ مرتبہ درود شریف اور سات بار الحمد شریف پوری پڑھ کر دم کر کے دائیں کان میں لگا دیں۔ دوسرے پر پانچ بار الحمد شریف پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کر کے بائیں کان میں لگا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار فوراً اُتر جائے گا۔ اسی طرح اگر چالیس بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے بخار والے پر چھینٹا مارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار دفع ہوگا۔

اگر دونوں عمل ایک ساتھ کرے تو سبحان اللہ کیا کہنا۔ تیر بہدف ہے۔ اگر اس پر بھی بخار نہ جائے تو اسی قاعدہ کے ساتھ سورۃ الم نشرح پڑھنا چاہئے۔

سورۃ الفاتحہ یہ ہے

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۠

سورۃ الم نشرح یہ ہے۔

سُوْرَةُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ؕ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ؕ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۠

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

فقیر سے مالدار ہونا۔ بے گمان رزق ملنا

آیت الکرسی (خالدون تک) ہر نماز کے بعد پڑھ لیا کرے۔

یہاں تک کثرت کرے کہ اُس کا علم ہونے لگے کہ یہ فائدہ پہنچ رہا ہے جی چاہے ایک تسبیح (ایک سو بار) روزانہ مقرر کر کے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ غربت دور ہوگی اور مالدار ہو جائے گا اور رزق بے گمان ملے گا۔ آیۃ الکرسی (خالدون تک) یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۚ لَاۤ اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ ۙ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ ۚ فَمَنْ یَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَیُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی ۗ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۚ اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ۙ یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اَوْلِیٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ یُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ؕ

امراء، حکام اور عوام کی نظر میں محبوب رہنا

مندرجہ ذیل آیت بعد نماز جمعہ کانچ کے برتن پر مسجد میں بیٹھ کر گلاب کے عرق میں زعفران حل کر کے لکھیں۔ قلم پاک ہو

پھر اُس کو شہد خالص سے دھو کر سرمہ اصفہانی بقدر ضرورت ملا کر پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں اور آنکھوں میں لگایا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر دل عزیز رہیں گے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَكَذٰلِكَ نُرِیْۤ اِبْرٰهِیْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِیَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِیْنَ ۔

ایک عجیب راز

حروف تہجی میں سات حرف مخصوص ہیں

(ت) جمعرات کے لئے مخصوص ہے۔ اگر کوئی اسم جس کا اوّل حرف (ث) ہو۔ ثابت کے مہینہ میں شروع کیا جائے (ثابت کے مہینے یہ ہیں بھادوں، جیٹھ، پھاگن، اگھن (مگھر) اور (ج) کے لئے جمعہ ہے۔ (خ) کے واسطے اتوار ہے۔ (ز) واسطے منگل ہے۔ (ظ) کے واسطے بدھ ہے۔ (س) کے واسطے پیر کا دن مخصوص ہے۔ (ف) کے واسطے ہفتہ مقرر ہے۔

مطلب یہ ہے کہ اسماء حسنہ کے پڑھنے سے پہلے اس کا خیال رکھیں مثلاً یا فاتح پڑھنا ہے تو (ف) پہلا حرف ہے یہ عمل ہفتہ سے پڑھنا شروع کریں کیونکہ (ف) کے واسطے ہفتہ مقرر ہے۔ یا مثلاً یا ظاہر پڑھنا ہے تو بدھ سے پڑھیں کہ (ظ) کے واسطے بدھ ہے۔

بغض و عداوت اور نا اتفاقی کا خاتمہ

جن لوگوں میں آپس میں بغض و عداوت اور جانی دشمنی ہو

اور بول چال بند ہو، یا قرابت داری کے جھگڑے کی وجہ سے مخالفت ہو۔ ان لوگوں کو برفی جو مسلمان کے ہاتھ کی بنائی ہو لکھ کر دونوں فریقوں کو کھلا دیں یا انجیر پر لکھیں اور ہر دو فریق کو کھلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپس میں الفت و محبت پیدا ہو جائے گی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِم مِّنْ غِلٍّ تَجْرِي مِن تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي هَدَانَا لِهَٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا أَنْ هَدَانَا اللَّهُ ۖ لَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۖ وَنُودُوا أَن تِلْكُمُ الْجَنَّةُ أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۔

چیچک سے بچہ کی حفاظت

موسم گرما میں اکثر بچوں کے چیچک نکلتی ہے۔ عمل یہ ہے کہ ایک نیلا تاگا (دھاگہ) لیا جائے اور سورۂ رحمٰن یاد نہ ہو پڑھنا شروع کریں جب یہ آیت۔ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ؟ آئے تو دھاگے میں ایک گرہ لگا دیں۔ اسی طرح جتنی بار فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ؟ آئے برابر گرہ لگاتے رہیں۔ جب سورۃ پوری ہو جائے وہ دھاگہ بچے کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ چیچک سے محفوظ ہو جائے گا۔ سورۂ رحمٰن میں فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ؟ اکتیس مرتبہ آیا ہے لہذا دھاگے میں اکتیس (۳۱) گرہ لگیں گی۔

نظر بد سے حفاظت

اگر بچہ کو نظر لگ جائے تو سورۂ مزمل (پارہ ۲۹) ایک بار مکمل پڑھ کر تین بار دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ نظر زائل ہوگی۔

نہایت مؤثر اور مجرب عمل

برائے مطلوب و دافع اعداء و تلاش روزگار

سورۂ اخلاص (قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ ۝) کا ایک بار پڑھنا تہائی قرآن شریف کے برابر ہے۔ اول و آخر سو سو بار درود شریف (یعنی قل ھو اللہ شریف پڑھنے سے پہلے درود شریف ایک سو بار پڑھے پھر قل ھو اللہ ایک ہزار بار پڑھے پھر درود شریف ایک سو بار پڑھے) اور درمیان میں ایک ہزار بار سورۂ اخلاص پڑھنا چاہئے۔ یہ عمل چاند کی شروع کی تاریخوں میں تلاش معاش اور نوکری ملازمت حاصل کرنے کے لئے پڑھے۔ اور چاند کی پندرہ تاریخ کے بعد دشمن کے دفع ہونے کے واسطے ایک ہفتہ تک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

نیز اگر اس سورت کو نقش کی صورت میں بعد نماز فجر قبل طلوع آفتاب۔ سنیچر (ہفتہ) کے دن عروج ماہ (چاند کی شروع کی تاریخوں میں) ثابت کے مہینے (بھادون۔ جیٹھ۔ پھاگن۔ اگھن یعنی (مگھر) میں لکھے اور بغیر سیاہی میں ڈبوئے سوکھے قلم سے دونوں فریق کا نام معہ ان کی والدہ کے ناموں کے لکھے

اور اس کے بعد یہ کہے:۔

"الٰہی بہ برکت اس کلام پاک کے ان دونوں فریقوں میں موافقت کر اور ان کی دشمنی ختم کر کے محبت قائم فرما"

پھر اس نقش کو دھو کر مطلوبہ شیرینی میں کھلا دے۔ حلال اور جائز کام کے علاوہ دوسرے ناجائز کام میں ہرگز ہرگز استعمال نہ کرے ورنہ دنیا میں نقصان اٹھائے گا اور آخرت تباہ ہوگی۔

قل ھو اللہ شریف کا نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قل	ھو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد
ھو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم
اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد
احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ
لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ	کفوا
یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ	کفوا	احد

سورۂ اخلاص یعنی قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ہے۔

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ

يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۚ

دفینہ کا خواب میں معلوم ہونا

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ خزانہ کہاں دفن ہے اس کی صحیح جگہ معلوم ہو جائے۔ نصف شب (آدھی رات) کے بعد اٹھ کر وضو کرے اور کثرت سے یہ کلمات پڑھے۔

اَلْهَادِيُ الْخَبِيْرُ الْمُبِيْنُ

جب مندرجہ بالا کلمات ایک سو مرتبہ پڑھ چکے تو یہ کلمات کہے۔ ہر سو بار پڑھنے کے بعد یہ کلمات کہتا رہے

اِهْدِنِيْ يَا هَادِيُ - اَخْبِرْنِيْ يَا خَبِيْرُ وَبَيِّنْ لِيْ يَا مُبِيْنُ

پھر جس چیز کا حال دریافت کرنا ہو اس کا نام لے۔ جب نیند غالب ہو۔ سو جائے۔ خواب میں انشاء اللہ تعالےٰ معلوم ہو جائے گا۔ اسی طرح باوضو بستر پاک پر لیٹ کر بعد نماز عشاء

يَا بَاسِطُ

بکثرت پڑھے۔ خواب میں علم ہو جائے گا۔

ف: اگر اور کوئی بات معلوم کرنا ہو تو اس کو زبان سے ادا کرے۔

بُرائی سے حفاظت

(سورۂ کافرون) روزانہ ہر نماز کے بعد پڑھنا ہر شر اور بُرائی سے محفوظ رکھتا ہے۔ اس کے پڑھنے سے انشاء اللہ ہر قسم کے

نقصان اور دشمنوں کی شرارت سے محفوظ ہو جائے گا۔
سورۂ کافرون یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۧ

فراخیٔ رزق

سورۂ اخلاص یعنی قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ الخ پوری سورت اگر کوئی شخص نیچے دی ہوئی تعداد اور وقت مقررہ پر پڑھے گا اور اتنی تعداد اول و آخر درود شریف پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں برکت ہوگی۔ اس ترتیب سے پڑھے۔

۱۔ بعد نماز فجر۔ اکیس[۲۱] بار درود شریف۔ ۲۱ بار سورۂ اخلاص۔ ۲۱ بار درود شریف
۲۔ بعد نماز ظہر۔ بائیس[۲۲] بار درود شریف۔ ۲۲ بار سورۂ اخلاص۔ ۲۲ بار درود شریف
۳۔ بعد نماز عصر۔ تیئس[۲۳] بار درود شریف۔ ۲۳ بار سورۂ اخلاص۔ ۲۳ بار درود شریف
۴۔ بعد نماز مغرب۔ چوبیس[۲۴] بار درود شریف۔ ۲۴ بار سورۂ اخلاص۔ ۲۴ بار درود شریف
۵۔ بعد نماز عشاء پچیس[۲۵] بار درود شریف۔ ۲۵ بار سورۂ اخلاص۔ ۲۵ بار درود شریف

ف: عمل کا پورا پورا فائدہ جب ہی حاصل ہوتا ہے جبکہ برابر پڑھتا رہے اور وقت، تعداد کی پابندی کے ساتھ روزانہ مسلسل پڑھے ناغہ نہ کرے۔ کبھی پڑھ لیا کبھی چھوڑ دیا تو اس طرح عمل کا فائدہ ظاہر نہیں ہوتا۔

آپ خود غور فرمائیے کہ اللہ تعالیٰ نے رزق کا وعدہ فرمایا ہے برابر دے گا یہ انعام سمجھنا چاہئے جو مزید عطا ہو۔ پس مستحق انعام کے کام کرنا چاہئے۔
سورۃ الاخلاص یہ ہے

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۚ

دشمن کے خوف سے حفاظت

سورۂ لایلاف پوری۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف درمیان میں ایک سو بار سورۂ لایلاف روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔
اگر خدانخواستہ اتنا موقع نہ ملے تو "یاحفیظُ" پڑھتا رہے۔ دشمن سے اگر مقابلہ ہو جائے تب بھی "یاحفیظُ" پڑھتا رہے۔
اگر سورۂ لایلاف کو اپنا عمل بنا لے اور روزانہ پابندی کے ساتھ پڑھ لیا کرے تو بحمد اللہ ہزاروں دعائے سیفی سے بہتر ہے۔
سورۂ لایلاف یہ ہے۔

سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۙ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۚ

فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۝ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

بچوں کا زندہ نہ رہنا

اگر کسی عورت کے بچہ زندہ نہ رہتا ہو تو یہ کرے کہ پیر کے دن ٹھیک دوپہر کے وقت سوا پاؤ سیاہ مرچ اور ڈھائی پاؤ اجوائن پر باوضو اول ایک بار درود شریف پڑھیں پھر چالیس بار سورۃ والشمس (پ۳۰) پڑھیں پھر ایک دفعہ درود شریف پڑھ کر دونوں چیزوں پر دم کریں اور عورت حمل کے دوران بھی اور بچہ پیدا ہونے کے بعد بھی جب تک بچہ دودھ نہ چھوڑے روزانہ چند دانے سیاہ مرچ اور چند دانے اجوائن کے کھاتی رہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اولاد زندہ رہے گی اور لمبی عمر پائے گی۔ یہ عمل تجربہ کردہ ہے اور قاعدے کے موافق عمل کرنے سے کامیاب ہوتا ہے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

سورۃ الشمس یہ ہے۔

سُوْرَةُ الشَّمْسِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالشَّمْسِ وَضُحٰىهَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰىهَا ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰىهَا ۝ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰىهَا ۝ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰىهَا ۝ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰىهَا ۝ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا ۝ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ۝ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا ۝ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَا ۝ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۝ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰىهَا ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۝ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ۝ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰىهَا ۝

گھر میں پتھر آنا یا شیاطین کا پریشان کرنا

اگر مکان میں پتھر آتے ہوں یا شیاطین پریشان کرتے ہوں ڈراتے ہوں، سونے نہ دیتے ہوں تو لوہے کی چار میخ (بڑی کیلیں) لے کر ہر کیل پر پچیس ۲۵ مرتبہ یہ آیت باوضو پڑھ کر دم کرے پھر پچیس ۲۵ مرتبہ پڑھ کر دوسری کیل پر دم کرے اسی طرح چاروں کیلوں پر پچیس ۲۵ پچیس ۲۵ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے ان کیلوں کو کرے یا مکان کے چاروں کونوں میں ٹھونک دے یا دبا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح سے حفاظت ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے:

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

دیوانہ کتے کا کاٹنا

اگر کسی کو خدانخواستہ دیوانہ کتا کاٹ لے تو باوضو روٹی کے چالیس ٹکڑوں پر یہ آیت لکھے اور مریض کو چالیس دن تک ایک ٹکڑا روز کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ مریض جنون اور ہڑک اور کتے کی طرح بھونکنے سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

دردزہ (بچہ پیدا ہونے) کی تکلیف سے نجات

اگر کسی عورت کے بچہ پیدا ہونے والا ہو تو باوضو ایک کاغذ پر مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر عورت کی بائیں ران پر باندھیں اور بچہ پیدا ہونے کے فوراً بعد کھول دیں ورنہ آنتیں باہر آجائیں گی سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ اِنِّيْ اِسْرَافِيْلُ

دافع آسیب، جن بھوت، نظر بد وغیرہ

جس گھر میں بچہ پر جن، آسیب، پری، نظر بد یا بھوت پریت

کا اثر ہو۔ اس پر باوضو سورۂ جن (پ ۲۹) سات بار پڑھ کر دم کرے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے۔ سورۂ جن پوری پڑھے۔ اور روزانہ اسی طرح کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ جن، بھوت، آسیب، پری دفع ہوں گے اور نظر بد سے نجات حاصل ہوگی۔

لڑکی کی منگنی کا ہونا اور شادی کا انتظام

اگر کسی لڑکی کے واسطے اچھا بَر (رشتہ) نہ ملتا ہو یا کہیں سے پیغام شادی نہ آتا ہو تو عروج ماہ (چڑھتے چاند کے دنوں میں) باوضو اکتالیس مرتبہ سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر دعا مانگ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیغام اچھے سے اچھا آئے گا۔

حاجت پوری ہونے کے لئے

اگر کسی کو کوئی حاجت پیش آگئی ہو اور کامیابی نہ ہوتی ہو تو بعد نماز فجر قبل طلوع آفتاب روزانہ چالیس دن تک سورۂ یٰسین شریف (پ ۲۲) کو باوضو پڑھے۔ جب پہلے مبین پر پہنچے سات بار مبین کا لفظ پڑھے پھر شروع سے یٰسین شریف پڑھنا شروع کرے پھر دوسرے مبین پر پہنچے تو سات بار مبین مبین کہے پھر لوٹ کر شروع سے پڑھنا شروع کرے۔ سات مبین ہیں ہر مبین کے لفظ پر پہنچ کر سات مرتبہ مبین۔ مبین کہے۔ پھر آخر میں شروع سے لے کر آخر تک سورۂ یٰسین ایک بار تلاوت کے انداز میں پڑھے اور دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل حل

روزانہ کسی وقت باوضو ایک مرتبہ پڑھتا رہے تو بحکم خدا غم، تکلیف، صدمہ دور ہو اور امید و حاجت پوری ہو ان آیات کا پڑھنا پریشانی دور کرنے اور حاجات دنیوی پوری کرنے میں تیر بہدف ہے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

شوہر کی فرمانبرداری کے لئے

اگر شوہر بدمزاج ہے، بیوی کو تنگ کرتا ہے، ظلم و ستم ڈھاتا ہے تو عورت کو چاہئے کہ سورۂ یٰسین شریف روزانہ باوضو ایک مرتبہ کسی بھی نماز کے بعد پڑھ لیا کرے انشاء اللہ شوہر فرماں بردار ہوگا اور ہر قسم کے ظلم و ستم سے باز رہے گا۔ اور دن رات آرام و سکون سے گذریں گے۔

محبوب خلائق ہونا اور جائز محبت میں کامیابی

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ کے اعداد آٹھ سو سینتیس ۸۳۷ ہیں۔ روزانہ اول بہ نیت زکوٰۃ اکیس ۲۱ یوم پڑھے پھر ایک ہزار بار پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے رکھ لے۔ روزانہ لگایا کرے۔ لوگوں کی نظر میں

ہوگی اور حاجت پوری ہوگی۔

لاعلاج مرض کا علاج

سورۂ فاتحہ کا نام سورۃ الشفاء ہے یہ ہر قسم کے لاعلاج مرض کا آسان اور یقینی علاج ہے۔ روزانہ ایک مرتبہ باوضو پڑھ کر مریض پر دم کر دیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء عاجلہ کاملہ حاصل ہوگی۔ اگر خود بیمار ہے تو پڑھ کر دم کر لے اور یا کسی دوسرے سے پڑھوا کر دم کرا لے ہر طرح صحت حاصل ہوگی۔ اگر کوئی زخم ہے یا جسم کے کسی حصہ میں درد ہے تو سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر دیا کرے جب تک صحت حاصل نہ ہو برابر پڑھ کر دم کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہوگی۔ سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

آسیب، غم، تکلیف، صدمہ، امید، حاجت

مندرجہ ذیل آیات باوضو پڑھ کر آسیب زدہ پر پھونکیں تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آسیب دفع ہوگا اور اگر بعد نماز

محبوب رہے گا کوئی اسے نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ اور اگر ایک ہزار بار روزانہ طالب و مطلوب کے نام معہ والدہ وغیرہ کے اسم کے ہر بار پڑھا جائے اور لوبان برابر سلگاتا رہے اکیس دن میں انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب حاضر ہو کر حسب دلخواہ حکم بجالائے گا۔

تنبیہ:۔ ناجائز کام میں کلام پاک کے اثرات نہیں ہوتے۔ اگر ایسا خیال ہے تو ہرگز ہرگز نہ کریں۔ جائز کام میں دیکھئے حکیمہ اثر رکھتا ہے۔

حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہونا

جمعرات گذرنے کے بعد جو رات آتی ہے وہ شب جمعہ (جمعہ کی رات) ہے۔ اس رات میں غسل کرے اور پاک و صاف کپڑے پہنے، عطر لگائے بعد نماز عشاء مسجد میں گھر میں یا کسی پاک جگہ میں ایک ہزار مرتبہ درود شریف اور ایک ہزار بار سورۂ کوثر پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ ضرور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوگا۔

ف:۔ حضور اکرم خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہونا کچھ مشکل نہیں ہے۔ شرط صرف یہ ہے کہ پڑھنے والے کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت جان سے، مال سے اور گھر والوں سے زیادہ ہو اور سنت نبویؐ پر عمل کرنے والا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت سے دل سرشار اور گناہوں سے بچنے والا ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ زیارت کی نعمت سے ضرور مالا مال ہوگا۔ اس سلسلے میں ہر مسلمان کو کوشش کرنی چاہیئے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

سورۂ کوثر یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْکَوْثَرِ مَکِّیَّۃٌ
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ
شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ ۝

عاجزی انکساری پیدا کرنا، عزت حاصل ہونا اور نرم دل کر دینا

اگر کسی نے جادو کر کے زمین میں دفن کر دیا ہو یا گھر میں دفن ہو تو اس کو نکالنے کے لئے سُوْرَۃُ کُوِّرَتْ (یا تکویر) پ ۳۰ رکوع ۱ کو مسلسل بلاناغہ باوضو روزانہ ایک بار پڑھے اور جب تک دفن کئے ہوئے جادو کا پتہ نہ چلے برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اگر گھر میں جادو گڑا ہوا (دفن کیا ہوا) ہے اور اس کی جگہ معلوم نہ ہو تو اس سورۃ پاک کے پڑھنے سے جگہ معلوم ہو جائے گی، اور آیۃُ الکُرسی اور چاروں قُل تین تین بار پڑھ کر نکال لے انشاء اللہ تعالیٰ کسی قسم کا نقصان نہ ہوگا۔

دنبل (بغیر منہ کا پھوڑا) وغیرہ کے لئے

تین روز تک باوضو سُوْرَۃُ فاتحہ اور آیت وَتَرَی الْجِبَالَ سے مَرَّ السَّحَاب تک پڑھ کر دم کرنا مفید ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پھوڑے پر دم کرنے سے اس کی سختی ختم ہوگی اور تکلیف میں بھی کافی فرق پڑ جائے گا۔

سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ؕ

وَتَرَی الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَۃً وَّهِیَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ؕ

برائے ورم عانہ (یعنی پیڑو کا ورم)

پیڑو کا ورم جس کو وایدہ کہتے ہیں ورم کے مقام پر یہ نقشہ بنائیں اور چالیس مرتبہ باوضو سُوْرَۃُ فاتحہ پڑھیں۔ جس وقت پڑھنا شروع کریں تو جب دس مرتبہ پڑھ لیں اس

FREE AMLIYAAT BOOKS . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

نقشہ پر ورم کی جگہ دم کریں پھر دوبارہ پڑھنا شروع کریں جب دس مرتبہ پڑھ لیں تو پھر ورم کی جگہ دم کریں اسی طرح ہر مرتبہ دس بار پڑھنے کے بعد دم کرے کل چار مرتبہ دم کرنا ہے۔ تین یوم کی جھاڑ سے شفاء ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ وہ نقش یہ ہے۔



برائے دفع چیچک

اگر کسی کو چیچک کا خطرہ ہو یا نکل آئی ہو تو مندرجہ ذیل آیت کا تعویذ با وضو لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ چیچک سے محفوظ رہے گا اور اگر چیچک نکل آئی ہو تو اسی آیت کو با وضو لکھ کر روزانہ پانی میں گھول کر مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چیچک سے جلد صحت حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ؕ

باب پنجم

درعملیات متفرقہ۔ قضائے حاجات
دفع اعداء، چور کی شناخت وغیرہ

برائے رہائی از جیل خانہ

قیدی جس جگہ سوتے ہیں اس جگہ کی مٹی لے اور جیل خانہ کی رسی لے اور دونوں کو ملا کر بہت ساری ٹکیہ (چھوٹی روٹی کی طرح) بنالے۔ ان ٹکیوں پر پیر کے دن بحساب ابجد فجر (صبح) کی نماز کے بعد "الف" سے "طا" باب ج د ھ و ز ح ط تک لکھے اور قیدی اس ٹکیہ کو کپڑے میں سی کر یا باندھ کر اپنے بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد رہائی پائے گا۔

عمل چور معلوم کرنے کا

جن لوگوں پر چوری کا شبہ ہو ان کے نام علیحدہ علیحدہ کاغذ پر لکھ کر گیہوں کے آٹے میں لپیٹ کر گولے بنالے۔ اور ایک طشت (تھال یا پرات) میں پانی اوپر تک بھر لے اور اس کے بعد آیۃ الکرسی اور چاروں قل ایک ایک

FREE AMLIYAAT BOOKS.... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

مرتبہ پڑھ کر ان گولوں پر دم کرے اور پانی میں ڈال دے۔ چور کے نام کا گولہ اوپر آجائے گا باقی گولے پانی کی تہہ میں بیٹھ جائیں گے۔

تنبیہ: حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے "اَلْقَوْلُ الْجَمِیْلُ" میں فرمایا ہے کہ اس قسم کے اعمال پر یقین کا درجہ نہ رکھے اور خواہ مخواہ متہم شخص سے نہ الجھے اگرچہ اس کا نام بھی عمل میں نکل آئے اس لئے کہ معاملہ حقوق العباد کا ہے اور یہ اعمال ظنی ہیں قطعی اور یقینی نہیں ہیں۔

برائے خیش تنیا (تقیئے کے ڈنک کا علاج)

اگر کسی کو تنیا ڈنک مار دے اور شدید تکلیف ہو تو سورۃ فاتحہ (۹) بار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھے پھر دسویں بار پڑھ کر زمین پر تھوک دے اور اس تھوک کے لعاب میں مٹی ملا کر جس جگہ تقیئے نے ڈنک مارا ہے اس مٹی کو ملے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد سے جلد نجات حاصل ہوگی۔

برائے خلاصی از قرض

اگر کوئی شخص قرض میں پھنس گیا ہو اور قرض سے نجات مشکل ہو گئی ہو تو اس کے لئے بعد نماز فجر باوضو چالیس

بار سورۃ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ آخر تک پابندی کے ساتھ روزانہ بلا ناغہ پڑھتا رہے۔ جب تک قرض نہ اترے برابر پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ تمام قرض ادا ہو جائے گا۔

سورۃ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ یہ ہے۔

سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝

دشمن یا حاکم (افسر) کا خوف

اگر کسی شخص کو کسی غنڈے، بدمعاش، دشمن، مخالف یا حاکم سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو یا تکلیف پہنچاتا ہو تو یہ عمل حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ سے بطریق حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ منقول ہے۔ اس کو کرے۔ وہ عمل یہ ہے۔

بعد نماز تہجد گیارہ سو بار آیۃ کریمہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۚ

پڑھے۔ اول گیارہ مرتبہ درود شریف درمیان میں یہ عمل اور آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور دعا کرے۔ وضو، طہارت، پاک جگہ، پاک مکان اور وقت سعید

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

شرط ہے۔ زوال اور سورج نکلنے اور غروب ہونے وقت نہ پڑھے۔ اگر تہجد میں ممکن نہ ہو تو بعد نماز عشاء پڑھے۔ جب تک دشمن کا خطرہ ہو برابر پڑھتا رہے۔ ناغہ نہ کرے۔ کم از کم چالیس روز ضرور کرے۔

عمل برائے دفع دشمنان

دشمنوں کے دفع کرنے اور انہیں دور بھگانے کے لئے بعد نماز عشاء دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ فیل سات مرتبہ پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد چالیس بار ذیل کی آیت پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن وہاں سے چلا جائے گا۔

سورۂ فیل یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْفِيْلِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝

وہ آیت یہ ہے

وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ۝ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ۝

تنبیہ: صرف جائز حالت میں کرے ناجائز کسی کو ستانے کے لئے کرے گا خود برباد ہو گا۔

سانپ کو ایک جگہ روک دینا

سانپ کو کیل دینا کہ حرکت نہ کر سکے۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ پتھر کی ایسی کنکریاں لے جن پر پانی نہ لگا ہو، ان پر سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کرے (ان کنکریوں پر پھونک مارے) اور سانپ پر مارے۔ جب سانپ کو کنکری (چھوٹا پتھر) لگے گی تو وہ اپنی جگہ سے حرکت نہ کر سکے گا۔ وہ آیت یہ ہے

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝

دشمن کی تباہی کے لئے

اگر کوئی شخص جان و مال کا دشمن بن گیا ہو۔ اور ہر وقت نقصان پہنچانے کی فکر میں رہتا ہو تو اس کے لئے چاند کے مہینے کی آخری تاریخوں میں (یعنی بیس تاریخ کے بعد) جمعہ کے دن پچاس تنکے مسجد کی جھاڑو یا کوڑے سے لے اور کچھ مٹی اجاڑ جگہ کی اور کچھ مٹی کسی اجاڑ مسجد کی اور کچھ مٹی کسی اجاڑ مکان کی لا کر ہر تنکے پر پچاس پچاس بار الم ترکیف (سورۂ فیل پڑھ) پڑھ کر دم کرے اور ان سب کو جلا دے اور راکھ دشمن کے مکان میں ڈال دے۔ دشمن برباد ہو جائے گا۔

FREE AMLIYAAT BOOKS . . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

سورۂ فیل یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْفِيْلِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝

تنبیہ: یہ عمل کرنے سے پہلے کسی شریعت کے پابند عالم دین سے مشورہ کرلے اگر ناحق کسی کو ستانے اور برباد کرنے کے لئے کرے گا تو ڈر ہے کہ خود برباد نہ ہو جائے اس لئے بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ محض جذبات سے مغلوب ہو کر ایسا قدم اٹھانا درست نہیں ہے ورنہ خود نقصان اٹھائے گا۔

نماز حاجت پوری ہونے کے لئے

اگر کوئی کام اٹک جائے یا ضرورت پیش آجائے یا کوئی مقصد حل نہ ہوتا ہو تو حل مشکلات کے لئے چار رکعت نماز آدھی رات گذرنے کے بعد اس طریقے سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) کے بعد ایک تسبیح یہ آیت پڑھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک تسبیح مرتبہ یہ آیت پڑھے۔

اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

اور تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد اُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝

اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک تسبیح یہ

نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝

پڑھے۔ التحیات، درود شریف اور دعا کے بعد سلام پھیر دے اور تین قدم چلے پہلے داہنا قدم اٹھائے اور پھر سات بار کہے

رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

پھر واپس لوٹ کر اپنی جگہ واپس آجائے اور سجدہ کرے اور اس میں اپنی ضرورت حق تعالیٰ سے عرض حاجت کرے انشاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔

دفع دشمن کے لئے

اگر کسی شخص کا کوئی ایسا شخص ہو جس کا قتل شرعاً جائز ہو اس کے لئے یہ عمل کرے اور یہ عمل کسی نہر، دریا، سمندر، چشمے یا کنوئیں کے پاس بیٹھ کر کرے۔ باوضو پاک جگہ بیٹھ کر سورہ یٰسین شریف کو اکتالیس (۴۱) بار پڑھے اور ایک پکی مٹی کی اینٹ اپنے سامنے رکھ لے جب ایک مرتبہ سورۂ

FREE AMLIYAAT BOOKS . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

یٰسین شریف پڑھ لے تو اس اینٹ پر ایک لکیر چاقو کی نوک سے کھینچ دے۔ اسی طرح اکتالیس بار سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر اکتالیس لکیریں کھینچ دے۔ پھر قبلہ کی طرف منہ کر کے دشمن کی ہلاکت اور تباہی کی نیت سے وہ اینٹ پانی میں پھینک دے۔ دشمن ہلاک ہو گا۔ یا برباد ہو گا یا عہدہ سے معزول ہو جائے گا

برائے حل مشکلات

کوئی ایسی مشکل پیش آگئی ہو جو حل نہ ہوتی ہو یا کوئی ایسا مقصد ہو جو پورا نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے باوضو روزانہ (۱۰۰) بار سورۂ قریش پابندی کے ساتھ پڑھے جب تک کام نہ بن جائے برابر پڑھتا رہے ناغہ نہ کرے اور نہ تنگ ہو کر چھوڑے بلکہ جب تک مشکل حل نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور بضرور مشکل حل ہو گی۔

قریش یہ ہے۔

سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۙ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۚ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۙ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۚ

ہر قسم کے مشکلات کے حل کے لئے

حل مشکلات کے لئے بعد نماز عشاء باوضو روزانہ اسم ذات "اللہ" کو چار ہزار پانچ سو (۴۵۰۰) مرتبہ پڑھنا اکسیر ہے۔ اس کی برکت سے ہر مشکل حل ہو گی اور ہر کام کی رکاوٹ ختم ہو گی۔ شرط یہ ہے کہ ناغہ نہ کرے اور نہ عمل کو درمیان میں چھوڑے بلکہ جب تک مشکل حل نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہو گی۔

برائے حصول حاجت

ہر قسم کی حاجت پوری ہونے کے لئے روزانہ ایک وقت مقررہ پر باوضو یہ دعا ایک سو مرتبہ پڑھے۔ پابندی سے پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہو گی۔

اَللّٰهُمَّ يَا رَبَّ الْاَرْبَابِ وَ يَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَمُسَهِّلَ الْاَصْعَابِ وَيَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَيَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ وَيَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ نَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ يَا رَبِّ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَيْكَ يَا رَبِّ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

FREE AMLIYAAT BOOKS .. pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کسی نئے شہر میں داخلہ کے وقت

اگر کوئی شخص کسی نئے شہر میں داخل ہو اور یہ دعا داخلے کے وقت ایک بار پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کا سفر کامیاب کرے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

رَبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَکًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ

برائے حصول جمیع حاجات

ہر مشکل اور ہر مہم کے لئے الحمد شریف باوضو چالیس بار روزانہ پڑھنا مجرب عمل ہے لیکن فجر کی نماز کی دو سنت پڑھ کر چالیس بار الحمد شریف آخر تک پڑھے اور پھر فرض نماز ادا کرے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ فجر کی اذان سے دس منٹ قبل مسجد میں چلا جائے اور اطمینان سے وضو کرے اور اذان ہوتے ہی فجر کی سنتیں پڑھے اور پھر سورۂ فاتحہ پڑھنا شروع کرے تاکہ جماعت کھڑی ہونے سے قبل یہ وظیفہ پورا کرلے تاکہ جماعت میں شریک ہو کر فرض نماز باجماعت ادا کرلے۔ اگر اس وظیفے کی وجہ سے جماعت کو ترک کرے گا تو بہت نقصان اٹھائے گا۔

ترکیب یہ ہے پہلے اعوذ اور بسم اللہ شریف اس طرح پڑھے

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ

الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ (اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو دو مرتبہ کہے اور اس موقع پر مقصد کا خیال کرے)
مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝
اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۝ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ
وَلَا الضَّآلِّیْنَ (آمین، آمین، آمین) کو تین مرتبہ کہے۔ جس مقصد کے لئے بھی یہ عمل کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہوگا بشرطیکہ وہ مقصد جائز ہو۔

دشمن کی خرابی کے لئے

اگر کسی دشمن سے جان کا خطرہ ہے یا ہر وقت نقصان پہنچانے کے درپے رہتا ہے ایسے دشمن کی خرابی کے لئے ایک روٹی پر حروف تہجی (نو حروف) حروف ابجد کے حروف سے الف سے لے کر ط تک باوضو لکھے اور اس روٹی کے پانچ ٹکڑے کرے اور پانچ کتوں کو کھلائے۔ کھلاتے وقت کہے فلاں ابن فلاں (یہاں دشمن اور اس کے باپ کا نام لے، دشمن اگر عورت ہو تو اس کا اور اس کی ماں کا نام لے) کا گوشت کھاؤ اور اس کو ٹکڑے ٹکڑے کردو۔ اس عمل سے دشمن کا بدن پھوٹ نکلے گا۔ یہ عمل حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے۔

تنبیہ:۔ یہ عمل صرف جائز حالت میں کرنا ہے اگر ظلماً

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کرے گا یا بلا وجہ کسی کو ستانے کے لئے کرے گا تو بہت سخت گنہگار ہوگا اور نقصان اٹھائے گا۔

برائے قضائے حاجات (حاجات پوری ہونے کے لئے)

اپنی حاجات کے پورا ہونے کے لئے باوضو ظہر کے وقت یہ کلمات تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ روزانہ بلاناغہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرورت ہوگی۔ وہ یہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ حَبِیْبِکَ اِنِّیْ مُشْتَاقٌ بِنُوْرِ جَمَالِکَ وَرَسُوْلِکَ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ

غیبت سے محفوظ رہنے کے لئے

جو شخص کسی مجلس میں بیٹھتے وقت اور مجلس سے اٹھتے وقت یہ کلمات پڑھے گا وہ انشاء اللہ تعالیٰ اس مجلس میں غیبت کرنے اور کئے جانے سے محفوظ رہے گا۔ اور اس پر ایک فرشتہ غیبت سے حفاظت کرنے کے لئے منجانب اللہ مامور (مقرر) ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہٗ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ۔

چور کا پتہ لگانا

اگر کسی کے ہاں چوری ہو جائے اور چوری کرنے والا

چور معلوم نہ ہو تو عامل دس مرتبہ درود شریف شنگرف سے پڑھ کر اپنی ران پر ملے اور چالیس بار ان اسماء کو استرہ پر پڑھ کر اپنی ران کے بال مونڈ لے۔ چور کے سر کے بال خود بخود اتر جائیں گے۔ عجیب ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ عَلِیْقَہ۔ مَلِیْقَہ۔ تَلِیْقَہ۔ نَلِیْقَہ۔ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَعَلِیٌّ وَّلِیُّ اللّٰہِ۔

برائے حل مشکلات

برائے حل مشکلات سورۂ فاتحہ اس طرح پڑھے کہ دنیاوی مقاصد کے لئے جنوب کی طرف منہ کر کے پڑھے اور دینی مقاصد کے لئے قبلہ کی طرف منہ کر کے پڑھے۔ باوضو سات دن وقت مقررہ پر اس ترتیب سے پڑھے۔

اتوار کے دن۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۵۰۲ پانچ سو دو مرتبہ اور آمین ایک سو مرتبہ ۵۵۶

پیر کے دن۔ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۲۱۱ پانچ سو چھپن مرتبہ اور آمین ایک سو مرتبہ

منگل کے دن۔ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۸۲۲ دو سو گیارہ مرتبہ اور آمین ایک سو مرتبہ

بدھ کے دن۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۸۳۲ آٹھ سو چھتیس مرتبہ اور آمین ایک سو مرتبہ

FREE AMLIYAAT BOOKS ...pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

جمعرات کے دن۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ایک ہزار چالیس مرتبہ اور آمین ایک سو مرتبہ
جمعہ کے دن۔ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ایک ہزار ایک سو تیرہ مرتبہ اور آمین ایک سو مرتبہ
ہفتہ کے دن۔ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ چار ہزار ستر مرتبہ اور آمین ایک سو مرتبہ
اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ دینی و دنیاوی مرادیں پوری ہوں گی۔

چور کا پتہ لگانا

ترنج ( ) کے پتے لاکر ہر ایک پتہ پر انسک سے آیت کریمہ کو باوضو لکھے اور جن افراد پر شبہ ہو۔ ان کے نام اس آیت کے نیچے لکھے اور آگ میں جلاتے چور کے پیٹ میں درد ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ

نماز برائے قضائے حاجات

ظالموں کے شر سے نجات پانے اور حاجات کے پورا ہونے کے لئے بہت مؤثر اور پُر تاثیر ہے:
چار رکعت نماز نفل اس طرح پڑھے۔ پہلی

رکعت میں الحمد شریف کے بعد یہ آیتیں پندرہ بار پڑھے۔ وہ آیتیں یہ ہیں۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ کوثر پڑھے۔ سورۂ کوثر یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

تیسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ کافرون پڑھے۔ سورہ کافرون یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ

FREE AMLIYAAT BOOKS . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

مَا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝
لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

چوتھی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ اخلاص پندرہ مرتبہ پڑھے۔ سورہ اخلاص یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝
وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

اور نماز کے بعد دس مرتبہ یہ دعائیں پڑھے

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝ رَبِّ اِنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَى اللّٰهِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ ۝ يَا مَنْ ذِكْرُهٗ شَرَفٌ لِّلذَّاكِرِيْنَ وَيَا مَنْ طَاعَتُهٗ نَجَاةٌ لِّلْمُطِيْعِيْنَ وَيَا مَنْ رَاْفَتُهٗ مَلْجَاءٌ لِّلْعَالَمِيْنَ وَيَا مَنْ لَا تُحْصٰى عَلَيْهِ ثَنَاءُ الْمُحْتَاجِيْنَ اِغْفِرْ لِيْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

خاصیت اسمائے اصحاب کہف

اصحاب کہف کے اسمائے گرامی بہت متبرک اور بابرکت ہیں۔ ان کے بے شمار فوائد ہیں اگر ان اسماء کو

باوضو لکھ کر گھر کے صدر دروازے پر لگا دیا جائے تو وہ گھر چوری، وبا اور ہر قسم کی پریشانی سے محفوظ ہو جائے گا۔

اگر کوئی آدمی زمین غصب کرنا چاہتا ہے یا مکان یا دوکان پر ناجائز قبضہ کرنا چاہتا ہے تو باوضو لکھ کر ان اسماء کو اس گھر، دوکان کے دروازے پر لگا دیا جائے اور زمین کے اندر کسی ڈھکن والی ہانڈی میں رکھ دفن کر دیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ دوکان، مکان اور زمین ہر قسم کے ناجائز قبضہ سے محفوظ ہو جائے گی۔

اگر کہیں آگ لگ گئی ہو تو ان اسماء کو باوضو کاغذ پر لکھ کر آگ میں ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ آگ کی تیزی ختم ہو جائے گی۔

اگر کوئی عورت حاملہ ہو تو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے حاملہ کے باندھ دیا جائے تو اس کا حمل گرنے سے محفوظ رہے گا۔

اگر کسی عورت کے بچہ ہونے والا ہو تو اس کے لئے باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کی پیدائش کے وقت بائیں ران میں باندھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ آسانی سے پیدا ہو گا۔

اگر زمین میں روپیہ دفن کیا ہو اور چاہتے ہوں کہ لوگوں کی نگاہ سے محفوظ رہے تو اس کے لئے باوضو لکھ کر اس روپیہ کے اوپر رکھ دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

روپیہ محفوظ رہے گا۔

اسماء اصحاب کہف یہ ہیں،

اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ یَمْلِیْخَا۔ مَکْسَلِمِیْنَا۔ کَشْفُوْطَطْ۔ کَشَافْطَیْطُوْنَسْ۔ تَبْنُوْنَسْ۔ اَذْرُفَطْیُوْنَسْ۔ یُوَانَسْ۔ بُوْس۔ وَکَلْبُهُمْ قِطْمِیْرٌ وَعَلَی اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ وَلَوْ شَآءَ لَهَدَاکُمْ اَجْمَعِیْنَ۔

برائے دفعیہ موش (چوہے بھگانے کا تعویذ)

کھیت سے چوہوں کو بھگانے کے لئے اس تعویذ کو باوضو لکھے اور ایک لمبے بانس کے کنارے باندھ کر اس بانس کو لے کر کھیت کے چاروں طرف چکر لگائے۔ پھر اس بانس کو کھیت کے ایک کونہ میں گاڑ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چوہے اس کھیت میں نہ آئیں گے۔

وہ تعویذ یہ ہے اس طرح لکھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِحُرْمَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٰہی بحرمت حضرت بایزید عثمانی از شر موشہا نگہدار۔

اگر چوہوں نے کھیت میں سکونت اختیار کرلی ہو (کھیت میں بل بنا کر رہنا شروع کر دیا ہو) تو اس طرح نقش بنا کر لکھے

(نقش اگلے صفحے پر)



برائے قبولیت دعا و حاجات پورا ہونے اور جسم کی ہر مرض سے حفاظت

دعا کی قبولیت، مکاشفات و مناجات اور امور دنیاوی بآسانی انجام پانے کے لئے آدھی رات کے وقت یہ دس اسماء الٰہی جل شانہٗ پڑھے۔ وہ یہ ہیں۔

اَلْمُحِیْطُ۔ اَلْعَالِمُ۔ اَلرَّبُّ۔ اَلرَّشِیْدُ۔ اَلْحَسِیْبُ۔ اَلْفَعَّالُ۔ اَلْخَلَّاقُ۔ اَلْبَارِئُ۔ اَلْخَالِقُ۔ اَلْمُصَوِّرُ۔

حاجات پورا ہونے کے لئے

اپنی جائز حاجات اور جائز مقصد میں کامیابی کے لئے یہ طلسم روزانہ باوضو گیارہ عدد لکھے اور جاری پانی

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

(بہتے پانی) یعنی دریا، سمندر، نہر، جاری چشمہ میں روزانہ ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاجات پوری ہوں گی اور ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔ وہ طلسم یہ ہے۔



برائے قضائے حاجات

ہر قسم کی حاجات کے پورا ہونے کے لئے مندرجہ ذیل کلمات کا ورد (بار بار پڑھنا کم از کم اکتالیس بار یا ایک سو ایک بار پڑھے) انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی سختی دور ہوگی اور حاجت کے پورا ہونے کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ یَا مُوْنِسَ کُلِّ وَحِیْدٍ وَیَا صَاحِبَ کُلِّ غَرِیْبٍ وَیَا ظَاھِرَ کُلِّ مَلَاءٍ وَیَا شَاھِدَ کُلِّ نَجْوٰی وَیَا مُنْجِیَ الْھَلْکٰی وَیَا مُسْقِذَ الْغَرْقٰی وَیَا صَاحِبِیْ فِیْ شِدَّتِیْ وَیَا وَلِیِّیْ فِیْ نِعْمَتِیْ وَیَا غِیَاثِیْ فِیْ کُرْبَتِیْ وَیَا مُؤْنِسِیْ فِیْ وَحْشَتِیْ اِبْعَثْ اِلَیَّ مُؤْنِسًا یُؤْنِسُنِیْ وَاکْسُ عَوْرَتِیْ وَاٰمِنْ رَوْعَتِیْ یَا کَرِیْمُ۔

چور کی گرفتاری کے لئے

نابالغ لڑکے یا نابالغ لڑکی کی دونوں ہتھیلیوں پر تیل میں سیاہی ملا کر مل دیں (یعنی تیل میں سیاہی لگا کر بچے کے ہاتھ پر مل دے (اس کی دونوں ہتھیلیاں کالی ہو جائیں گی) پھر یہ عزیمت جو یا ماش (کالا اڑد) کے نو (۹) دانوں پر علیحدہ علیحدہ پڑھ کر ایک ایک دانہ اس بچے یا بچی کے مارے اور بچے سے کہے کہ وہ سیاہ ہتھیلی پر نظر جما کر دیکھتا رہے۔ تھوڑی دیر کے بعد ہتھیلی میں چور کی صورت صاف دکھائی دے گی۔ یہ عزیمت باوضو پڑھ کر ایک دانہ پر دم کر دے اسی طرح بار بار پڑھ کر ہر دانہ پر الگ الگ دم کر دے۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ فَتَعُوْنَ فَتَحُوْنَ حَبِیْبِکَ حَبِیْبِکَ حَبِیْبِکَ شَفِیْعًا شَفِیْعًا عَطِیْشًا عَطِیْشًا عَطِیْشًا سَرُوْرًا سَرُوْرًا سَرُوْرًا قَدُوْرًا قَدُوْرًا قَدُوْرًا۔ سَھْلَدْ سَھْلَدْ سَھْلَدْ۔ نَھْلَدْ نَھْلَدْ نَھْلَدْ اُحْضُرْ وَمِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ بِحَقِّ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ۔

برائے حفظ قرآن

اگر کوئی بچہ حفظ قرآن کر رہا ہو اور دماغ نہ چلتا ہو یا

FREE AMLIYAAT BOOKS . . . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

حافظہ کمزور ہو تو مندرجہ ذیل آیات باوضو ایک چینی کی طشتری (پلیٹ) پر لکھے اور زمزم کے پانی سے دھو کر بچہ کو پلائے اگر آپ زمزم نہ ہو تو عرق گلاب سے دھو کر پلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ قوی ہوگا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلرَّحْمٰنُ ۙ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ؕ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۙ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۔ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۙ وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ ۔

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ؕ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۚ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۚ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ؕ

بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۙ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ؕ

سمندر میں تلاطم (طوفان اور تیز ہواؤں) کے وقت

سُوْرَةُ الْعَلَقِ پوری پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ طوفان ختم ہو جائے گا۔ سورۃ العلق یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْعَلَقِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۚ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۚ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ؕ كَلَّاۤ اِنَّ

الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰۤى ۙ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ؕ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ؕ اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يَنْهٰى ۙ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ؕ اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ عَلَى الْهُدٰۤى ۙ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ؕ اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ؕ اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ؕ كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ ۙ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۚ فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ ۚ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ۙ كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۩

دشمن کے شر سے حفاظت

ظالم پڑوسی بلاوجہ ستاتا ہے یا دشمن ہر وقت نقصان پہنچانے کی فکر میں رہتا ہے تو اس طرح کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے روزانہ باوضو ایک ہزار بار پڑھا کرے۔ اپنے بچوں اور اہل خانہ کو بھی پڑھنے کی ہدایت کرے۔ ان کلمات کے پڑھنے کی برکت سے ظالم کے ظلم اور اس کے شر سے نجات مل جائے گی۔ یا تو دشمن دفع ہو جائے گا یا پھر بے بس ہو کر خاموش بیٹھ جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔

قوت مردمی کی بندش کھولنا

جو شخص بندش کے سبب عورت سے مجامعت پر قادر

FREE AMLIYAAT BOOKS .. pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

نہ ہو اس کے لئے ایک پاک وصاف برتن پر سورۂ بینہ (یعنی لَمْ یَکُنِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا) پوری سورت باوضو اس طرح لکھے کہ کوئی حرف مٹنے نہ پائے پھر اس کو پانی سے دھو کر پی لے۔ تین دن متواتر ایسا کرنے سے پورا فائدہ ہوگا۔ سورۂ بینہ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْبَیِّنَۃِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَمْ یَکُنِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ وَ الْمُشْرِکِیْنَ مُنْفَکِّیْنَ حَتّٰی تَاْتِیَھُمُ الْبَیِّنَۃُ ۙ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰہِ یَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَھَّرَۃً ۙ فِیْھَا کُتُبٌ قَیِّمَۃٌ ؕ وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْھُمُ الْبَیِّنَۃُ ؕ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِیَعْبُدُوا اللّٰہَ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ ۙ حُنَفَآءَ وَیُقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوا الزَّکٰوۃَ وَذٰلِکَ دِیْنُ الْقَیِّمَۃِ ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ وَالْمُشْرِکِیْنَ فِیْ نَارِ جَھَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْھَا ؕ اُولٰٓئِکَ ھُمْ شَرُّ الْبَرِیَّۃِ ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ اُولٰٓئِکَ ھُمْ خَیْرُ الْبَرِیَّۃِ ؕ جَزَآؤُھُمْ عِنْدَ رَبِّھِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا الْاَنْھٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْھَآ اَبَدًا ؕ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ ؕ ذٰلِکَ لِمَنْ خَشِیَ رَبَّہٗ ؕ

موذی جانوروں سے گھر کی حفاظت

تکلیف دینے والے جانوروں کو گھر سے بھگانے اور گھر کو محفوظ بنانے کے لئے ایک بڑے تھال میں سورۃ العلق (یعنی اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ) آخر تک باوضو لکھے اور اس تھال کو کنویں کے پانی سے دھو کر وہ پانی گھر کے تمام کونوں میں چھڑکے تو گھر سے تمام موذی جانور سانپ بچھو وغیرہ وہاں سے بھاگ جائیں گے۔

سورۃ العلق یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْعَلَقِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ ۚ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۚ اِقْرَاْ وَرَبُّکَ الْاَکْرَمُ ۙ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ ؕ کَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَیَطْغٰٓی ۙ اَنْ رَّاٰہُ اسْتَغْنٰی ؕ اِنَّ اِلٰی رَبِّکَ الرُّجْعٰی ؕ اَرَءَیْتَ الَّذِیْ یَنْھٰی ۙ عَبْدًا اِذَا صَلّٰی ؕ اَرَءَیْتَ اِنْ کَانَ عَلَی الْھُدٰٓی ۙ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰی ؕ اَرَءَیْتَ اِنْ کَذَّبَ وَتَوَلّٰی ؕ اَلَمْ یَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰہَ یَرٰی ؕ کَلَّا لَئِنْ لَّمْ یَنْتَہِ ۙ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِیَۃِ ۙ نَاصِیَۃٍ کَاذِبَۃٍ خَاطِئَۃٍ ۚ فَلْیَدْعُ نَادِیَہٗ ۙ سَنَدْعُ الزَّبَانِیَۃَ ۙ کَلَّا ۫ لَا تُطِعْہُ وَاسْجُدْ

FREE AMLIYAAT BOOKS ...pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

وَاقْتَرَبَ بِيْنَهٗ

دشمنوں کے شر سے حفاظت

ان ذیل کی پانچ آیتوں کا مجموعہ اعداد دس ہزار چار سو ستر (۱۰۴۷۰) ہے ان کا نقش بنا کر دشمن کو کھلا دے اس کے شر سے محفوظ ہو جائے گا۔

لَا تَخَفْ ط اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ ۔
لَا تَخَفْ ط نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۔
لَا تَخَفْ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى
لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ۔
لَا تَخَافَا اِنَّنِيْ مَعَكُمَا اَسْمَعُ وَاَرٰى ۔

دشمن کو دفع کرنے کے لئے

اگر کوئی دشمن نقصان پہنچانے والا ہو اس کو دفع کرنے کے لئے آیت مبارک كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ۔ کے اعداد بحساب ابجد نکال کر ان اعداد کے مطابق اس آیت کو مسلسل پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا اور دشمن دفع ہو گا۔ اس آیت کے اعداد بحساب (ابجد ۸۹۴۲) آٹھ سو چورانوے ہیں۔

دشمن کی زبان بندی کے لئے

اگر کوئی دشمن چرب زبان ہو اور اپنی زبان زوری سے ہر وقت پریشان کرتا ہو یا عدالت میں جھوٹی شہادت دیتا ہو تو ایسے آدمی کی زبان بندی کے لئے یہ آیت مسلسل بلا ناغہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مخالفت کے معاملے میں دشمن کی زبان بند ہو جائے گی اور وہ مخالفت میں کبھی کچھ نہ کہہ سکے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۔

دشمن سے حفاظت کے لئے

دشمن سے حفاظت کے لئے باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے یا جیب میں رکھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر غالب رہے گا اور جھگڑے میں دشمن سے زیر نہ ہو گا۔ اگر کسی منصب یا عہدہ سے برطرف یا معزول ہو گیا ہو تو ان آیات کا ورد جاری رکھے یعنی اس آیت کو مسلسل پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد اپنے عہدہ پر بحال ہو گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

(اگلے صفحہ پر)

FREE AMLIYAAT BOOKS . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰى
قَوْمِهٖ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ
حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۝ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَ
يَعْقُوْبَ ؕ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَيْنَا
مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ
وَاَيُّوْبَ وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ؕ
وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَزَكَرِيَّا وَ
يَحْيٰى وَعِيْسٰى وَاِلْيَاسَ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝
وَاِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ؕ وَكُلًّا
فَضَّلْنَا عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَمِنْ اٰبَآئِهِمْ
وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ وَاجْتَبَيْنٰهُمْ
وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ ذٰلِكَ
هُدَى اللّٰهِ يَهْدِىْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ

حاجات پورا ہونے کے لئے اور مشکلات کے حل کے لئے

ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی کا وظیفہ اس طرح پڑھے کہ اس میں دس جملے ہیں اور ہر جملہ پر ہاتھوں کی انگلیاں اس طرح بند کرے۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ پہلے وقف پر دائیں ہاتھ کی خنصر (سب سے چھوٹی انگلی) بند کرے اور دوسرے وقف پر اس کے برابر والی انگلی بنصر بند کرے اور تیسرے وقف پر

بیچ والی انگلی کو بند کرے اور چوتھے وقف پر شہادت کی انگلی کو بند کرے اور پانچویں وقف پر انگوٹھے کو بند کرے۔ اسی طرح چھٹے وقف پر بائیں ہاتھ کی خنصر (سب سے چھوٹی انگلی) بند کرے۔ ساتویں وقف پر بنصر بند کرے، آٹھویں وقف پر درمیان والی انگلی بند کرے اور نویں وقف پر شہادت کی انگلی بند کرے اور دسویں وقف پر انگوٹھا بند کرے۔

اور جب کلمہ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ پر پہنچے تو دونوں عین (يَشْفَعُ اور عِنْدَهٗٓ کا عین) کے درمیان اپنے درجات کی ترقی اور وسعت رزق کی دعا کرے اور بائیں ہاتھ کی خنصر (سب سے چھوٹی انگلی) بند کرتے وقت يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ کی دو میم کے درمیان دشمنوں کی مقہوریت کا خیال کرے اگر کسی کے فرمانبردار کرنے کی نیت ہو تو انگوٹھے کے عقد (انگوٹھے کو بند کرتے وقت) کے وقت اس شخص کا تصور کرے۔ اسی طرح دسوں انگلیوں کے بند کرنے سے فارغ ہو کر تین مرتبہ سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ مکمل تین مرتبہ سورۂ اخلاص اور تین مرتبہ درود شریف اور دس مرتبہ سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) پڑھے پھر ہاتھوں کی مٹھیاں کھول دے اور انگلیاں کھولتے وقت اپنے ہر مقصد کا نام لے۔

سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

FREE AMLIYAAT BOOKS ..... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

سُوْرَۃُ الْاِنْشِرَاحِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ ۝ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَہْرَکَ ۝ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ ۝

سُوْرَۃُ اِخْلَاص یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ ۝ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

سُوْرَۃُ فَاتِحَہ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۝ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

ہر حاجت کے لئے مجرب اور آزمودہ

یہ نقش حزب البحر کا ہے۔ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ عورت اپنے بائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر حاجت پوری ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۴۸۶

۲۶۱۵۷۱	۲۶۱۵۷۲	۲۶۱۵۷۷	۲۶۱۵۶۴
۲۶۱۵۷۶	۲۶۱۵۶۵	۲۶۱۵۷۰	۲۶۱۵۷۵
۲۶۱۵۶۶	۲۶۱۵۷۹	۲۶۱۵۷۲	۲۶۱۵۶۹
۲۶۱۵۷۳	۲۶۱۵۶۸	۲۶۱۵۶۷	۲۶۱۵۷۸

ہر قسم کی ضرورت کے لئے اکسیر

یہ نقش اسم ذات "اللہ" کا ہے۔ ہر قسم کی ضرورت کے لئے بہت مجرب ہے۔ روزانہ چھیاسٹھ (۶۶) دن تک

FREE AMLIYAAT BOOKS . ...pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

وقت مقررہ پر چھ ہزار چھ سو چھ (۶۶۰۶) مرتبہ اسم ذات۔ یا اللہ، جل شانہ پڑھا کرے اور نیچے دیا ہوا نقش چھیاسٹھ (۶۶) عدد پُر کیا کرے اور جب کوئی ضرورت پیش آئے لکھ کر دریا میں ڈالے اور اس نقش کی پشت (پیچھے) پر وہ مقصد لکھ دے اور دشمنوں کی بربادی کے لئے اس نقش کو لکھ کر چراغ کی لَو میں جلائے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳	۲۴	19
۱۸	۲۲	۲۶
۲۵	۲۰	۲۱

دولت کی زیادتی، مرتبہ کی ترقی اور دشمنوں سے حفاظت کے لئے

ہر فرض نماز کے بعد باوضو عمل اس طرح پابندی کے ساتھ کرے ناغہ نہ کرے۔ آیۃ الکرسی میں دس وقف ہیں۔ ہر وقف پر ایک انگلی بند کرے۔ لیکن داہنے ہاتھ کی خنصر (سب سے چھوٹی انگلی) سے شروع کرے اور انگوٹھے پر ختم کرکے بائیں ہاتھ کی خنصر سے بند کرنا شروع کرے اور بائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر ان عقود کو ختم کرے اور یشفع عندہ کی دو عین کے درمیان اپنی حاجت کا خیال کرے اور یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ کی دو میم کے درمیان مقہوریت و

بربادی دشمنان کا خیال کرے۔ عقد پورا کرنے کے بعد (یعنی تمام انگلیوں اور انگوٹھوں کو بند کرنے یعنی ہتھیلی کی طرف موڑنے کے بعد) سورۃ الم نشرح ۷ مرتبہ اور سورۃ اخلاص (قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ) ۷ مرتبہ اور درود شریف (نماز والی درود شریف بہتر ہے) تین مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک مارے پھر سورۃ فاتحہ انگلیوں کو کھولتے وقت اس طرح پڑھے کہ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ یعنی الرحیم کی میم کے زیر کو الحمد کی لام سے ملا کر (بل حمد) ملحمد پڑھے۔ اور آمین کہتے وقت اسی ترتیب سے کھولے جس ترتیب سے بند کی تھیں۔ اس طرح دس مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے سارے بدن پر پھیرے۔ یہ عمل حضرت شاہ ابوالبرکات صاحبؒ کا مجرب اور معمول تھا۔

FREE AMLIYAAT BOOKS . . . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

عملیات

حضرت علامہ مولانا سید محمد انور شاہ کاشمیری رحمۃ اللہ علیہ

(۱) کیڑوں سے حفاظت

اگر سورہ "وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ" پوری سورت پڑھ کر غلہ وغیرہ پر دم کر دیا جائے تو وہ غلہ کیڑے سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۲)

"سورہ مجادلہ" اگر کسی کاغذ پر باوضو لکھ کر غلہ میں رکھ دیا جائے تو اس غلہ کو کیڑا وغیرہ نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۱) مچھروں سے حفاظت

اگر کہیں مچھروں کی کثرت ہو تو چار کاغذوں پر الگ الگ یہ عدد لکھ کر مکان یا باغ یا کمرہ کے چاروں کونوں میں چپکا دیں انشاء اللہ سب بھاگ جائیں گے۔ مجرب ہے۔

"11 12 12"

(۲)

اگر مچھروں کی کثرت ہو تو سات مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے چارپائی کے چاروں طرف چھڑک دے انشاء اللہ پھر پریشان نہیں کرے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔

وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ۚ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝

اور پانی چھڑکنے کے وقت یہ پڑھتا رہے۔

اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اَيَّتُهَا الْبَرَاغِيْثُ فَكُفُّوْا عَنَّا شَرَّكُمْ وَاَذَاكُمْ۔

چیونٹیوں سے حفاظت

اگر کسی برتن میں میٹھی چیز رکھی ہوئی ہو اور اس میں چیونٹی کے گھسنے کا اندیشہ ہو تو اس برتن کے چاروں طرف ہاتھ پھیرتے ہوئے اس دعا کا پڑھنا مفید ہے انشاء اللہ چیونٹی اس برتن کے قریب بھی نہ جائے گی۔ وہ دعا یہ ہے:۔

هٰذَا لِوَكِيْلِ الْقَاضِيْ اَوْ هٰذَا لِرَسُوْلِ الْقَاضِيْ اَوْ هٰذَا لِخَادِمِ الْقَاضِيْ۔

سہولت ولادت

دردزہ کے وقت عورت کے بائیں ران میں یہ لکھ کر باندھنے سے ولادت میں سہولت ہوتی ہے۔ وہ دعا یہ ہے:۔

يَا خَالِقَ النَّفْسِ مِنَ النَّفْسِ وَيَا مُخْرِجَ النَّفْسِ مِنَ النَّفْسِ خَلِّصْهَا۔ ولادت کے فوراً بعد اس دعا کو کھود کر پاک جگہ دفن کر دیں۔

مال کا گم ہو جانا

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے تو یہ دعا پڑھ کر اپنی گمشدہ چیز کے لی

AMLIYAAT BOOKS ..... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

جانے کی دعا کرے انشاء اللہ بہت جلد وہ چیز مل جائے گی۔

یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادِ اِجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ کَذَا فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یَجْمَعُ بَیْنَکَ وَبَیْنَ ذَالِكَ الشَّیْءِ۔ ذَالِكَ الشَّیْءُ کی جگہ اپنی گمشدہ چیز کا تذکرہ کرے۔ اسی طرح اگر کسی انسان کو اپنی طرف مائل کرنا چاہے تو "ذالك الشیء" کی جگہ اس شخص کا نام لیوے (ناجائز کام کے لئے ذکر نہ کرے ورنہ وبال ہوگا)۔

گمشدہ چیز ملجانے کے لئے

گمشدہ چیز ملجانے کے لئے اس دعا کی کثرت کرے۔

یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْهِ اِجْمَعْ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ

انشاء اللہ اس دعا کی برکت سے وہ چیز مل جائے گی۔

مفرور کی واپسی کیلئے

دو رکعت نفل نماز پڑھ کر ایک سو انیس ۱۱۹ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دعا مانگے انشاء اللہ بھاگا ہوا شخص واپس آجائے گا۔ یہ عمل چالیس ۴۰ دن تک جاری رکھے۔ آیت یہ ہے:۔

اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰی مَعَادٍ ۃ

زوجین کی محبت

اگر شوہر و بیوی میں ناراضگی ہو تو اس نقش کو تعویذ بنا کر روم جائے

FREE AMLIYAAT BOOKS ...pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کر کے زوجین میں سے جس کو ضرورت ہو اپنے داہنے بازو میں باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام اختلافات دور ہو جائیں گے۔

۷۸۶

د۲۵۰	و۲۵۳	د۲۵۶	و۲۴۳
و۲۵۵	د۲۴۴	و۲۴۹	د۲۵۴
و۲۴۵	د۲۵۸	و۲۵۱	د۲۴۸
د۲۵۲	و۲۴۷	د۲۴۶	و۲۵۷

یاودود الٰہی القیوم دارندہ این نقش معظم سورۂ اخلاص را قلب قلب فلاں بن فلاں (فلانۃ بنت فلانۃ) علی حب فلانۃ بنت فلانۃ (فلاں بن فلاں) حباشدیدا سطیا عاشقا دائما ابدا ابدا ابدا یامقلب القلوب والابصار

نس بندی سے نجات کیلئے

اگر کسی نے جادو وغیرہ کے ذریعہ نس بندی کر دی ہو جس کی وجہ سے وہ جماع پر قادر نہ ہو تو ایک تلوار (چھری) کے اوپر یہ عمل لکھ کر اس تلوار (چھری) سے سیاہ مرغی کا ایک انڈا ٹھیک درمیان سے کاٹ کر اس کے دو حصے کرے۔ ایک حصہ عورت کھالے اور دوسرا مرد کھالے انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے اس کی نس بندی کھل جائے گی۔ مجرب ہے۔

بکصم لا لا دم ماما لا لا لا ہ ہ

نس بندی کھولنے کیلئے

نس بندی کھولنے کی غرض سے اس آیت کو لکھ کر تعویذ بنا کر مرد کے گلے میں لٹکا یا جاوے انشاء اللہ فائدہ پہنچے گا۔

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ۔

اولاد نرینہ کیلئے

جس عورت کے یہاں لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں لڑکا نہ ہوتا ہو تو یہ دعا لکھ کر دھو کر حاملہ کو پلائے انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ كٓهٰيٰعٓصٓ وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَائِهِمْ مُّحِيْطٌ حٰمٓ عٓسٓقٓ يَلُوْنَ بِالْحَقِّ وَهُوَ فَاتِحُ صٰدٓ۔

چوپایہ کی سرکشی

اگر کوئی جانور سرکشی کرتا ہو تو یہ دعا پڑھ کر اس کے کان میں پھونکے انشاء اللہ وہ تابع ہو جائے گا۔ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ۔

آسیب سے نجات کیلئے

آسیب زدہ پر یہ دعا پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ فوراً اچھا ہو جائے گا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ الٓمٓ الٓمٓصٓ طٰهٰ طٰسٓمٓ كٓهٰيٰعٓصٓ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ۔

خوف سے نجات کیلئے

اس دعا کو کثرت پڑھنا خوف و ڈر کے واسطے نہایت مفید ہے

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۔

دشمنوں سے حفاظت کے لئے

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ یہ آیت دشمنوں سے حفاظت کے لئے اکسیر ہے۔

حٰمٓ عٓسٓقٓ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔

نظرِ بد کے لئے

دو تین ہلدی کی گرہ پر تین تین مرتبہ یہ کلمہ پڑھ کر پھونکے اور پھر آگ میں ڈال کر اس کی دھونی اس شخص کو دے جسے نظر بد ہو گئی ہو انشاء اللہ اچھا ہو جائے گا۔ اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّالْكُفْرُ بَاطِلٌ۔

FREE AMLIYAAT BOOKS . . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بچھو کے کاٹے کا عمل

اگر کسی کو بچھو نے کاٹ لیا ہو تو یہ عمل پڑھ کر جھاڑنا مفید ہے۔
انشاء اللہ فوری فائدہ ہوگا۔ عمل یہ ہے۔

شَجَّةٌ قَرِيْنَةٌ مِلْحَةٌ بَحْرٍ قَفْطَا

بچھو کے زہر سے نجات

جس شخص کو بچھو نے ڈنک مار لیا ہو اگر وہ فوراً یہ دعا پڑھ لے تو زہر اثر نہیں کرے گا:۔

نُوْدِيَ اَنْ بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَحَوْلَهَا وَسُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

کتے کے کاٹنے سے حفاظت کے لئے

اگر کسی کے اوپر کتا حملہ کرے تو گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ لے۔
انشاء اللہ اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ

کتے کے کاٹے کا زہر ختم کرنا

اگر کسی کو کتے نے کاٹ لیا ہو تو یہ عمل کسی نئے برتن پر لکھ کر روغن زیتون سے دھو کر اس شخص کو پلانے سے انشاء اللہ کتے کا زہر ختم ہو جائے گا مجرب ہے۔

ا ب ج ا ع لا ہ د باب اللہ

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/

ہماری مقبولِ عام مطبوعات

مرتبہ: اعجاز احمد خان سنگھانوی

حکایات الصالحین یعنی اولیاءِ کرام کی ایمان پرور حکایات

اولیاء کرام، صوفیائے عظام، علماء حق، مشائخ طریقت اور حکام و قضاۃ کی ایمان افروز حکایات کا عظیم الشان مجموعہ۔

یہ حکایات شریعت و طریقت کا شاہکار، نیکی و تقویٰ کی منادا اور شرافت و انسانیت کا سبق سکھانے والی ہیں۔ اس کی بڑی جلد میں تین سو حکایات ہیں۔ قیمت: ۱۲۰/- روپے، چھوٹی کتاب میں صرف ایک سو حکایات ہیں۔ قیمت: ۳۰/- روپے۔

حکایات الاسلاف عن وایا الاخلاف یعنی علماء دیوبند کی دلچسپ اور سبق آموز حکایات

علماء دیوبند و سہارنپور کی حکایات کا دلچسپ اور بصیرت افروز مجموعہ۔

ان حکایات کا مطالعہ انسانی زندگی میں انقلابی تبدیلی پیدا کرتا ہے۔

ان حکایات کا مطالعہ اخلاق میں سنوار پیدا کرتا ہے، نیکی کا شعور پیدا کرتا ہے اور تقویٰ و طہارت کا احساس اجاگر کرتا ہے۔

یہ حکایات انتہائی دلچسپ اور موثر ہیں۔ سفید کاغذ، کل صفحات: ۲۲۰

قیمت۔ جلد اول: ۱۰۰/- روپے، جلد دوم: ۱۰۰/- روپے

مظہر بک ڈپو

دکان نمبر ۷ مجوب کارنر STREET نزد گول مارکیٹ نئی دہلی ۱۱۰۰۰۱

https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

اور ہم اتارتے ہیں قرآن سے وہ چیز کہ شفا ہے اور رحمت ہے ایمان والوں کو

عملیات و تعویذات

حاملِ کامل اعجاز احمد خان سکھانوی

ایم اے

اسلامیات۔ تاریخ اسلام عربی

جلد: ۱۰

ناشر

مظہر بکڈپو

ST-2-III گلبرگ نمبر ۲ لاہور

پوسٹ کوڈ نمبر ۵۴۶۰

نام کتاب : ——— آسان عملیات وتعویذات (جلد دہم)
نام مرتب : ——— اعجاز احمد خاں سنگھانوی (ایم اے)
نام کاتب : ——— سید احمد شاہ، عبدالغفار رئیس
سائز : ——— ۲۳ × ۱۸/۸
کل صفحات : ——— ۳۲۰
قیمت : ——— ۱۴۰ روپے
ناشر : ——— شاہ محمد قمر عالم خان
اشاعت اول : ——— ذوالحجہ ۱۴۲۱ھ / مارچ ۲۰۰۱ء
مصحح : مولانا حافظ قاری محمد حیات صاحب شجاع آبادی دامت برکاتہم
فون : ۶۷۰۲۳۹۴ (4703994)

اجازت از طرف مؤلف

میں جملہ مرد عورت کو ان عملیات کی اجازت دیتا ہوں۔
البتہ ان شرائط کی پابندی کی جائے۔

(۱) نماز باجماعت۔ عورتیں اپنے گھر پر پابندی کے ساتھ اول وقت نماز ادا کریں۔
(۲) حلال روزی کمانے اور کھانے کا اہتمام کریں۔
(۳) سچ بولیں، جھوٹ اور بیہودہ باتوں سے بچیں۔
(۴) تقویٰ اختیار کریں اور کسی اللہ والے کی صحبت اختیار کریں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو کبھی کبھی اللہ والوں کی خدمت میں حاضری دیا کریں۔
(۵) عورت اپنے شوہر کے ساتھ یا کسی محرم کیساتھ جائے اور پردے کی سختی سے پابندی کریں۔

FREE AMLIYAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

عملیات کرنے والے کے لئے ضروری ہدایات

۱- تعویذ لکھنے والے یا عمل کرنے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ نماز پنجگانہ مسجد میں باجماعت پابندی وقت کے ساتھ ادا کرے، نوافل، اشراق، چاشت اوابین اور سنت تہجد کی ادائیگی میں حتی الامکان کوشش کرے۔ نیز اوقات اوقات میں تحیۃ الوضو، تحیۃ المسجد اور دیگر نوافل بھی ادا کرتا رہے۔

۲- کثرت سے درود شریف کا ورد رکھے۔ ہر نماز کے بعد ستر ۷۰ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ جو درود نماز میں پڑھا جاتا ہے وہ افضل ہے، ورنہ جو درود شریف یاد ہو پڑھے۔ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ استغفار پڑھے۔ نیز فارغ اوقات میں ذکر الٰہی میں زبان کو مصروف رکھے، بیہودہ اور فضول باتوں میں وقت ضائع کرنے سے بچے۔ اپنا قیمتی وقت محنت مزدوری اور یاد الٰہی میں صرف کرے۔ اپنے بچوں کی دیکھ بھال میں وقت صرف کرنا بھی بہتر ہے۔ روزانہ گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھا کرے، اس طرح کہ فجر، ظہر، عصر، مغرب کی نماز کے بعد ۷ مرتبہ اور عشا کے بعد تین مرتبہ، اگر ایسا نہ ہو سکے تو ایک ہی نشست میں گیارہ مرتبہ پڑھ لے۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔

۳- تعویذ اور نقش باوضو لکھے۔ بغیر وضو نہ کوئی عمل کرے اور نہ تعویذ و نقش لکھے ہمیشہ کوشش کرے باوضو رہے۔

۴- نقش یا تعویذ لکھنے سے پہلے زبان سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ضرور پڑھے

۵- تعویذ لکھتے وقت آیت، دعا، کلمات یا الفاظ کو زبان سے ضرور پڑھے اگر آیت، دعا کے الفاظ اعراب دہرے ہوں تو کسی عالم دین سے اعراب لگوا لے لکھنے والی آیت، دعا یا عملیات کو لکھنے سے پہلے ایک دفعہ پڑھ لینے سے

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

اس تعویذ کی قوت تاثیر میں زبردست اضافہ ہو جاتا ہے۔

۶۔ نقش یا تعویذ کو ہمیشہ موم جامہ کر کے باندھے تاکہ ہر قسم کی بے حرمتی کے گناہ سے محفوظ رہے۔ بغیر موم جامہ کئے کوئی نقش یا تعویذ نہ باندھے۔

۷۔ تعویذ یا نقش بوسیدہ ہو جائے تو اسے کسی پاک و صاف کپڑے میں لپیٹ کر کسی پاک جگہ دبا دے یا پتھر کے ساتھ باندھ کر سمندر یا کنویں میں ٹھنڈا کر دے (یعنی آہستہ سے اس میں پھینک دے پتھر پھینکنے کی طرح نہ پھینکے)۔

۸۔ نقش یا تعویذ موم جامہ کر کے مرد اپنے داہنے (سیدھے) بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے اس طرح کہ نقش دل پر ہو۔ اگر عورت ہو تو بائیں بازو میں موم جامہ کر کے نقش باندھے یا گلے میں ڈالے۔

۹۔ نقش یا تعویذ کو موم جامہ کر کے چاندی کے تعویذ میں بند کر لے یا پھر گہرے نیلے یا کالے کپڑے میں بند کرے یا پاک کپڑے میں سلوا لے۔ بغیر موم جامہ کوئی تعویذ یا نقش نہ باندھے۔

۱۰۔ اگر ہرن کی کھال پر تعویذ لکھنا ہو تو چاندی کا ورق بنانے والوں کے پاس سے ہرن کی کھال بآسانی مل جاتی ہے۔ ان سے خرید لے۔

۱۱۔ نقش پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے سب سے چھوٹا عدد لکھا جائے پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خانہ پُر کیا جائے۔ پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خالی خانہ پر کیا جائے۔ سب سے بڑا عدد سب سے آخر میں لکھا جائے یعنی اعداد کی ترتیب سے خالی خانے پُر کئے جائیں۔

۱۲۔ تعویذ ہمیشہ کالی روشنائی سے لکھے۔ اگر کالی روشنائی میسر نہ ہو تو زعفران کو پانی میں حل کر کے اس سے تعویذ یا نقش لکھے۔ پکے رنگ یا پکی روشنائی (شوفر الراک شو کی طرح کی پکی روشنائی) سے تعویذ یا نقش لکھنا اس لئے ضروری ہے کہ [illegible]

۱۳۔ خون وغیرہ سے کوئی نقش یا تعویذ نہ لکھے۔ جن نقوش یا تعویذات میں مرغ کے خون سے تعویذ لکھنے کو کہا گیا ہے یا کسی اور جانور کے خون سے تعویذ یا نقش لکھنے کی بابت دعا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ عامل جس وقت کالی روشنائی سے یا زعفران سے تعویذ لکھے گا اسی وقت مرغ یا اس جانور کو بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر ذبح کر دے۔ عامل یہ رمز و اشارہ ہے۔

۱۴۔ تعویذ یا نقش لکھتے وقت یا عمل پڑھتے وقت ان شرائط کو ملحوظ رکھے جو تعویذ یا نقش یا عمل کے لئے ضروری ہیں۔

۱۵۔ جس وجہ کے اعمال ہیں کسی پرہیزگار عالم دین سے خود مشورہ کر کے عمل کرے۔ ورنہ دنیا و آخرت کی تباہی کا اندیشہ ہے۔

۱۶۔ تعویذ اور نقش کی بابت یہ گمان کرے کہ ہر کام اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے ہوتا ہے اس کی مرضی یا مصلحت ہوگی تو کام ہو جائے گا۔ تعویذ یا نقش ذات خود کچھ کارگر نہیں رکھتے البتہ ان کی وجہ سے رحمت حق متوجہ ہو جاتی ہے۔

ہمیشہ دل میں یہ خیال رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کام ہوتا ہے اگر اللہ تعالیٰ کا حکم ہوا تو کام ہو جائے گا اور اگر اللہ تعالیٰ کا حکم نہ ہوا تو کام نہیں ہو سکتا لہٰذا عامل ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے کام کرے گناہ اور معصیت سے بچے اور اس کے فضل و احسان کا طالب رہے۔ سب سے اچھا یہ ہے کہ ہر عمل میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نمونہ سامنے رکھے اور سنت پر عمل کرے۔

۱۷۔ عامل پر لازم ہے کہ وہ عاجزی، انکساری اور فروتنی کو اپنا شعار بنائے اور ہر قسم کے دکھاوے سے خود کو بچائے کیونکہ یہ چیز ہمیشہ ذلت و خواری کا سبب ہے اور اللہ تعالیٰ سے دوری پیدا کرتا ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

یا دعاؤں میں استعمال ہوتے ہیں وہ محض برکت اور توسل کے لئے ہیں۔ اصل کام بنانے والا اللہ تعالیٰ رب العالمین ہے لہذا اس کے کرم و فضل پر نظر رکھی جائے۔

۱۹- سورج، چاند ستارے عملیات میں کچھ مددگار ثابت نہیں ہوتے اور ذاتیات کی پابندی ضروری ہے۔ جب حل متوجہ ہو عمل کرے یا نقش و تعویذ لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پورا پورا فائدہ حاصل ہوگا۔

۲۰- شریعت اسلامیہ کے خلاف کوئی کام نہ کرے۔ اگر کرے گا تو دنیا میں ذلیل اور آخرت میں تباہ و برباد ہوگا۔

۲۱- تعویذ یا نقش کا معاوضہ لینا جائز ہے۔ لیکن متعلقہ شخص کی آمدنی کا لحاظ کر کے لے تو بہتر ہے۔

۲۲- حلال روزی کمائے اور حلال روزی کھائے، حرام اور مشتبہ کھانے سے دل کا نور اور زبان کی تاثیر ختم ہو جاتی ہے۔ لہٰذا اس معاملے میں بہت احتیاط ضروری ہے۔

۲۳- جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے اس عظیم گناہ کے سبب زبان کا اثر جاتا رہتا ہے اور جھوٹا آدمی کسی پر کلام پڑھ کر دم کرے گا تو فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

۲۴- جھوٹ، غیبت، حسد، بغض، چغلی، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی نیز دیگر کبیرہ زبانی اور عملی گناہوں سے خود کو بچائے اور اگر گناہ ہو جائے تو فوراً توبہ کرے۔

۲۵- بھاگے اور فرار ہونے والے کے نقش یا تعویذات جو باندھے گئے ہوں یا دفن کئے گئے ہوں مقصود کے ملتے ہی فوراً نکال لیں اور انہیں سمندر، دریا، نہر یا کنویں میں پتھر باندھ کر ڈال دیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

۲۶- فقہاء نے فرمایا ہے کہ خاوند کے لئے تسخیر کا تعویذ کرانا حرام ہے کیونکہ

کی عبارت مطلق ہے مگر قواعد سے اس کی شرح یہ ہے کہ حقوق دو طرح کے ہیں۔ ایک تو وہ حقوق جو شرعاً شوہر پر واجب ہیں اور دوسرے وہ جو شرعاً واجب نہیں۔ سو جو حقوق واجب نہیں ان میں کسی تعویذ و عمل کے ذریعے سے اس کو مجبور کرنا یعنی تسخیر کی ایسی تدبیر جس سے وہ مغلوب اور پاگل ہو جائے اور اپنے مصالح کی کچھ خبر نہ رہے یہ غیر واجب پر مجبور کرنا ہے یہ حرام ہے۔ ہاں اگر حقوق واجبہ میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کے لئے مجبور کرنا بھی جائز ہے اور چونکہ ان عملیات میں اثر تابع ہوتا ہے قصد کے اس لئے عمل کے وقت غیر واجبہ حقوق حاصل ہونے کا قصد کرنا بھی گناہ ہے اور اثر کا تابع قصد ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ عملیات بھی ایک قسم کا مسمریزم ہے جس کے کسی شے کے دل اور دماغ پر قابو حاصل کیا جاتا ہے۔ لہٰذا عامل کو اس قسم کے تعویذ دینے میں احتیاط کرنا ضروری ہے اور کسی شقی عالم دین سے مشورہ کر کے نقش یا تعویذ دے تو بہتر ہے۔

۲۷- [illegible] عملیات و تعویذات اس کتاب میں درج ہیں ان کے لئے اول درود شریف آخر درود شریف چار مرتبہ اور سورۃ اخلاص درمیان میں اکیس مرتبہ پڑھ کر اس کتاب مروجہ کو کشف دے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کرے تاکہ پورا پورا فیض حاصل ہو۔

تنبیہ: جو شخص کسی کو کچھ ثواب ہبہ کرتا ہے تو حق تعالیٰ بمحض احسان مثل اس ثواب کے اس کو جتنی جس کو اس نے بھیجا ہے عطا فرماتا ہے اور فریقین کا اصل ثواب فریقین کے واسطے رہتا ہے

(مکتوب گرامی حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی بنام مولانا محمد یعقوب صاحب مندرجہ مکتوبات ۱۲ مرتبہ دوم صفحہ ۵۵)

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کاہن، ساحر، جادوگر، رمّال اور نجومی کا شرعی حکم

شیخ علی قاری شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں:

ایک مسئلہ یہ ہے کہ کاہن جو غیب کی خبریں دیتا ہے، اس کی تصدیق کرنا کفر ہے۔ کیونکہ ارشادِ خداوندی ہے:

"کہہ دیجئے کہ نہیں جانتا غیب جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں سوائے اللہ تعالیٰ کے"

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کاہن کے پاس گیا پس اس کی بات کی تصدیق کی تو اس نے کفر کیا اس کے ساتھ جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کیا گیا ہے۔

اور کاہن وہ شخص ہے جو آئندہ آنے کے واقعات کی خبر دیتا ہے اور دعویٰ کے اسرار کی معرفت کا مدعی ہو کہا گیا ہے کہ کاہن ساحر ہے اور نجومی جب آئندہ واقعات کے علم کا دعویٰ کرے تو وہ بھی کاہن کے مثل ہے اور اسی حکم میں رمّال داخل ہے۔

قونوی کہتے ہیں کہ حدیث کاہن، قیافہ شناس اور نجومی سب کو شامل ہے۔ ان لئے نجومی، رمّال اور اس نوعیت کے دوسرے لوگ مثلاً کنکریاں پھینک کر حساب لگانے والے کی پیروی جائز نہیں۔ ان لوگوں کو جو اجرت دی جاتی ہے وہ بالاجماع حرام ہے جیسا کہ نووی اور قاری عیاض وغیرہ نے نقل کیا ہے اور انبیاء علیہم السلام کے بعد اس شخص کی پیروی بھی جائز نہیں جو مدعی الہام ہو کر الہامات کے ذریعہ خبریں دیتا ہو اور نہ اس شخص کی پیروی جائز ہے جو حروف ابجد کے علم کا مدعی ہو، کیونکہ یہ بھی کاہن کے حکم میں ہے۔ (شرح فقہ اکبر ص ۱۸۲)

لے جنوں سے روایت کر کے غیب کی خبریں بتانے والا۔ کے جادوگر، جادو ٹونہ، افسوں اور طلسم کرنے والا کے جادو کرنے والا۔ کے علم نجوم کا ماہر و شناسی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرست مضامین

آسان عملیات و تعویذات جلد دہم

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱	عملیات کرنے والے کے لئے ضروری ہدایات	۵
۲	کاہن، ساحر، جادوگر، رمّال، نجومی کا شرعی حکم	۱۰
۳	فہرست مضامین	۱۱
۶۲۵۲۷	۵	۴	۶۲۵۳۷

آسیب کو جلانے کا فتیلہ

آسیب زدہ کے واسطے یہ فتیلہ جو میں

باوضو فتیلہ بنا کر نیلے رنگ کا دھاگا اس پر لپیٹ کر حسب قاعدہ چراغ میں جلا دیں اور مریض کو سامنے بٹھا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب جل کر خاک ہو گا۔ نقش فلاں کی جگہ مریض کا نام لکھے۔ فتیلہ والا نقش یہ ہے۔

شداد	هامان	ابلیس	فرعون
نمرود	شداد	هامان	ابلیس
لعین	نمرود	شداد	هامان
ابلیس	لعین	نمرود	شداد

هرکه در وجود فلان ابن فلان شده کشته شود

آسیب کے اثرات سے چھٹکارا

سورۃ نمل یا مؤکل کا نقش بھی آسیب زدہ کے لئے تیر بہدف ہے۔ باوضو نقش لکھ کر موم جامہ کر کے آسیب زدہ کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیبی اثرات سے چھٹکارا نصیب ہو گا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۹۲۲۰	۲۹۲۲۳	۲۹۲۲۷	۲۹۲۱۳
۲۹۲۲۶	۲۹۲۱۴	۲۹۲۱۹	۲۹۲۲۴
۲۹۲۱۵	۲۹۲۲۹	۲۹۲۲۱	۲۹۲۱۸
۲۹۲۲۲	۲۹۲۱۷	۲۹۲۲۸	۲۹۲۱۶

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

آسیب سے صحت کاملہ کے لئے

اگر کوئی شخص آسیب وجنات کا ستایا ہوا ہو تو اس آسیب زدہ کا علاج اس نقش سے کریں۔ باوضو لکھ کر دم جامہ کر کے ایک نقش گلے میں باندھیں اور ایک نقش روزانہ متواتر سترہ روز تک پلائیں اور ایک نقش تیل میں ڈالیں۔ اور روزانہ آسیب زدہ کے پورے بدن کی مالش کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب زدہ کو صحتِ کاملہ عطا ہوگی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۴	۲۸	۳۱	۱۷
۳۰	۱۸	۲۳	۲۹
۱۹	۳۳	۲۶	۲۲
۲۷	۲۱	۲۰	۳۲

آسیب سے نجات کا نقش

آسیب زدہ کے لئے یہ نقش بھی انتہائی مفید ہے اس نقش کو اگر جمعرات کو صبح کے وقت باوضو لکھ کر دم جامہ کر کے رکھ لیں تو زیادہ مفید ثابت ہوگا۔ آسیب زدہ کے گلے میں ڈالیں۔ نقش یہ ہے اگلے صفحہ پر

۷۸۶

۵۶۱۲	۵۶۲۵	۵۶۲۲	۵۶۱۹
۵۶۲۳	۵۶۱۸	۵۶۱۳	۵۶۲۴
۵۶۱۷	۵۶۲۰	۵۶۲۷	۵۶۱۴
۵۶۲۶	۵۶۱۵	۵۶۱۶	۵۶۲۱

آسیب کو دفع کرنے لئے

اگر کسی عامل کے پاس کوئی آسیب زدہ شخص آئے تو اس کے داہنے کان میں یہ آیت باوضو سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا

(پ۲۳ ع۱۲)

انشاء اللہ بھاگ جائے گا۔ اور اگر آسیب دفع نہ ہو تو مریض کے بائیں کان میں باوضو اذان پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس طرح ضرور دفع ہوگا۔

اور اگر اس طرح بھی دفع نہ ہو پھر بائیں کان میں سورۃ فاتحہ، چاروں قل، آیت الکرسی، سورۃ طارق اور پھر سورۃ حشر کا آخری رکوع پڑھ کر آسیب زدہ پر دم کریں۔ اور یہی آیات تین مرتبہ پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کر کے دیدیں۔ اور آسیب زدہ کو تاکید کریں کہ انشاء اللہ تک ہر روز اس پانی کو سوتے وقت کھانے سے پہلے پیتا رہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا۔ کتنا ہی سخت آسیب ہوگا دفع ہوگا۔

آسیب سے شفاء کے لئے

اگر کسی شخص کو آسیب یا جن ستاتا ہو تو اس نقش کو جمعہ کے دن بعد نماز فجر باوضو لکھ کر تیار رکھیں اور ضرورت پڑنے پر ایک نقش موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں اور ایک نقش آسیب زدہ کو بوتل میں ڈال کر اس کا پانی پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ مریض کو شفاء آسیب ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۹۰۹	۳۹۰۴	۳۹۱۱
۳۹۱۰	۳۹۰۸	۳۹۰۶
۳۹۰۵	۳۹۱۲	۳۹۰۷

آسیب وجنات کے دفعیہ کے لئے

اس نقش مکرم کو صبح کی نماز کے بعد چاند دیکھنے کے بعد شروع تاریخوں میں باوضو لکھ کر رکھ لیں اور بوقت ضرورت موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ آسیب کی خرابیوں سے نجات ملے گی اور آئندہ کے لئے بھی آسیب کے اثرات سے حفاظت رہے گی۔ نقش یہ ہے [illegible]



یا اللہ جمیع آسیب وجنات دفع شوند

آسیب سے نجات کے لئے

[illegible] ایک گز سفید کپڑا لیں اور اس کو ہلدی میں رنگ کر چالیس فتیلے بنا لیں اور چالیس دن تک بعد نماز عشاء روزانہ ایک فتیلہ آسیب زدہ کی سونے کی جگہ روشن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب رفع ہوگا۔

مریض کی آسیب سے صحتیابی کے لئے

سورۃ ناس (پارہ ۳۰) قرآن حکیم کی آخری سورۃ کو پڑھ کر سرسوں کے تیل پر دم کر لیں اور آسیب زدہ کی آنکھ، کان، ناک اور ہاتھ پاؤں کے ناخنوں پر لگائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض شفا پائے گا۔

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

آسیب، دیو، پری سے نجات کے لئے

جس شخص پر آسیب، دیو یا پری وغیرہ کا اثر ہو تو اس کو چاہئے کہ اس فتیلے کو عشاء کی نماز کے بعد باوضو لکھ کر جب لوگوں کی آمد و رفت کم ہو جائے۔ تنہائی میں اس چراغ کو سرسوں کا تیل ڈال کر روشن کرے۔ اور مریض کو تاکید کرے کہ وہ چراغ کو دیکھتا رہے۔ اسی طرح لگاتار فتیلہ چار یا پانچ دن تک روشن کرے چراغ نہ بدلے چراغ وہی رہے۔ البتہ روزانہ فتیلہ بدلتا رہے۔ جب فتیلہ جل جائے تو چراغ اٹھا کر احتیاط سے رکھ دے۔ اور اگلے دن پھر اسی چراغ میں نیا فتیلہ جلائے۔ اس طرح پانچ دن تک پانچ فتیلے اسی چراغ میں جلاتا رہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو آسیب وغیرہ کے اثرات سے کلی طور پر نجات ہو جائے گی۔

فتیلہ کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

آسیب کا اثر دور کرنے کے لئے

جس شخص کو آسیب کا اثر ہو تو اس کو چاہئے کہ اس نقش کو لکھ کر فتیلہ بنا کر کورا چراغ لیکر جس میں پانی نہ لگا ہو سرسوں کا خالص تیل لیکر اس فتیلے کو بغیر کپڑے اور روئی کے تیل میں بھگو کر روشن کرے۔ یہ چراغ جس میں فتیلہ روشن ہو گا اس کو مریض کے سرہانے رکھے اور جس چیز پر اسٹول وغیرہ پر چراغ رکھے۔ اس کی اونچائی اس پلنگ کے برابر ہی ہو جس پر مریض لیٹا ہے۔ کوشش کرے کہ مریض تمام حاجات سے فارغ ہو کر بستر پر دراز ہو اس لئے کہ پھر بہتر یہ ہے کہ صبح تک مریض اپنی جگہ سے نہ اٹھے۔ عامل کو چاہئے کہ اس بات پر غور کرے کہ چراغ کی روشنی کس رنگ کی ہے۔ اگر دوران عمل فتیلہ بجھ جائے تو فوراً ہی اس کو روشن کر دیا جائے۔ فتیلہ کا سرا جب جل جائے تو دیا سلائی سے اس کو اوپر کی طرف کرتا رہے۔ جب فتیلہ پورا جل جائے تو اس چراغ کو اٹھا کر حفاظت کہیں رکھ دے اور پھر اگلے دن اسی وقت پھر روشن کرے اس طرح لگاتار تین دن ایسا کرے۔ جس وقت فتیلہ جلایا جائے تو گھر کے سب لوگ سو گئے ہوں۔ کمرے میں مریض ایک تیماردار اور عامل موجود ہوں اس سے زائد افراد نہ ہوں۔

فتیلے کو چھ کی طرف سے موڑنا شروع کرے اور آٹھ کا عدد ہر بار کہتے جائیں۔ اس نقش کو منگل کے دن ایک بجے

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

یا تین بجے لکھے۔ باوضو لکھے اور دیکھتا رہے کہ پہلے دن چراغ کتنی دیر اور دوسرے اور تیسرے دن کتنی دیر تک روشن رہا۔ اگلے دن فتیلہ کا جلد جل جانا صحت کی علامت ہوگا۔ اگر مریض چت لیٹا رہے تو بہتر ہے۔ ورنہ اس کو کروٹ سے بھی لٹا سکتے ہیں۔ اس فتیلے کو روشن ہوتے وقت مریض کا اس کو دیکھنا ضروری نہیں ہے۔ یہ عمل بے حد مجرب المجرب ہے اور بارہا کا آزمودہ بھی ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

فرعون، قارون، ہامان، شداد، نمرود، ابلیس علیہم اللعنۃ واتباع ایشان اگر دگر یزند سوختہ شوند

آسیب وجنات کے اثرات گھر میں سے ختم کرنا

اگر کسی گھر میں آسیب اور جنات کے اثرات پیدا ہو گئے ہوں تو مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر کالے کپڑے میں موم جامہ کر کے گھر میں لٹکا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اثرات ختم ہو جائیں گے۔

نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)



لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

دیو، پری، جنات کے اثرات دور کرنا

دیو، پری اور جنات کے اثرات کو رفع کرنے کے لئے اس عزیمت کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو فائدہ ہوگا۔ عزیمت یہ ہے۔

صلح صلح صلح صلح صلح یا اللہ یا اللہ

آسیبی اثرات سے نجات

سورۃ مومنون (پارہ ۱۸) کی آخری آیات سات مرتبہ باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے آسیب زدہ کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک دو روز میں طبیعت بحال ہو جائے گی۔ اور آسیبی اثرات سے نجات مل جائے گی۔ آیات یہ ہیں۔

أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ ۝ فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۝ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ ۝ وَمَنْ يَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهُ بِهِ فَإِنَّمَا حِسَابُهُ عِنْدَ رَبِّهِ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُونَ ۝ وَقُلْ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ ۝

AAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

آسیب کو بھگانے کا فتیلہ

اس نقش کو باوضو لکھ کر فتیلہ بنا کر اس پر کپڑا چڑھا کر آسیب زدہ کو دھواں دیں۔ دھواں ناک میں داخل ہونا ضروری ہے۔ انشاء اللہ آسیب ایسا بھاگے گا کہ پھر کبھی پلٹ کر نہیں آئے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۶۲	۵۵۷	۵۶۴
۵۶۳	۵۶۱	۵۵۹
۵۵۸	۵۶۵	۵۶۰

آسیب کو جلانے کا فتیلہ

اس نقش کو باوضو تیار کر کے فتیلہ بنا کر روغنِ زیتون میں جلائیں۔ اور مریض کو تاکید کریں کہ وہ چراغ کی طرف دیکھے انشاء اللہ تعالیٰ آسیب یا تو بھاگ جائے گا یا جل کر راکھ ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶



آسیب کو دفع کرنے کے لئے

آسیب کو دفع کرنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر آسیب زدہ کے گلے میں ڈالیں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۹۸۹	۷۹۸۲	۷۹۸۷
۷۹۸۴	۷۹۸۶	۷۹۸۸
۷۹۸۵	۷۹۹۰	۷۹۸۳

آسیب کی شرارتوں سے نجات

جس گھر میں آسیب کو دفع کرنے کے لئے اس نقش کو سرخ رنگ کے کپڑے میں باوضو دھوم دھام کر کے تعویذ بنا کر گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ آسیب کی شرارتوں سے نجات ملے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۵

آسیب کے اثرات کو ختم کرنے کے لئے

اس نقش کو جب قاعدہ سروں کے تیل میں باوضو فتیلہ

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بنا کر روشن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔
نقش یہ ہے۔



نقش جسیوں سے

جن و آسیب کا اثر زائل کرنے کے لئے

تجربات دیر بی میں لکھا ہے کہ جب کسی کو جن آزار دیتا ہو تو ان آیات کو نیلے کپڑے پر لکھ کر مرچ ملا کر کے آسیب زدہ کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ان آیات و کلمات کی برکت سے جن اور آسیب کا اثر زائل ہو جائے گا۔

وہ آیات یہ ہیں۔

هٰذَا اِفْكٌ لَا يَنْطِقُوْنَ ۚ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ ۚ (پ۲۹) فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۚ (پ۹) وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ۚ (پ۲۰) حٰمٓ عٓسٓقٓ حُمِيْتُ فَلَا يُبْصَرُ كَهِيْعٓصٓ عَفَوْتُ عَنْكَ يَا حَامِلَ كِتَابِيْ هٰذَا اِلَى الْخَلْقِ الْبَشَرِيْنَ قُلْ اَللّٰهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ وَجَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا وَّجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا۔

آسیب کے اثرات دور کرنے کے لئے

نیلے رنگ کے سات تار سوتی مریض کے قد کے برابر ناپ لیں۔ ناک کی جڑ سے پیر کے انگوٹھے تک ناپیں۔ پھر [illegible] سات مرتبہ باوضو پڑھ کر ایک گرہ لگائیں اور گرہ بند کرنے سے پہلے دم کرے۔ اسی طرح سات گرہ لگائیں۔ اور مریض کے گلے میں اس گنڈے کو (دوہرہ یا تہرہ کر کے) ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔ آیت یہ ہے۔

اَلتَّآئِبُوْنَ الْعَابِدُوْنَ الْحَامِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السَّاجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحَافِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ

آسیب کے اثر سے شفاء کے لئے

[illegible] ہر ایک مرچ پر سات سات

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

مرتبہ باوضو سورۂ قریش (پارہ ۳۰) پڑھ کر دم کر دیں پھر انہیں پانی میں گھس لیں اور اس پانی کو آسیب زدہ کی آنکھوں میں لگائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو شفاء ہوگی۔

آسیب، جن کے اثر سے حفاظت کے لئے

خزانہ جلالی میں لکھا ہے کہ روایتِ صحیح سے یہ ثابت ہے کہ جو کوئی عہد نامہ جنیان کو اپنے پاس رکھے گا کبھی اس پر آسیب کا اثر نہیں ہوگا اور سفلی عمل کے حملے سے بھی انشاء اللہ وہ محفوظ رہے گا۔

عہد نامہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ۝ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا هُوَ مَوْلٰنَا وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ۔ وَمَا لَنَآ اَنْ لَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰنَا سُبُلَنَا وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ۔ اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ۔ اِنَّ وَلِيِّيَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَقُلْ [illegible]

وَصِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ۝ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝ هٰذَا كِتٰبٌ مِّنْ مُّحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّقَبَائِلِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ مِنْ اَهْلِ الْمَدَائِنِ وَالْاَمْصَارِ جَمِيْعِ الْاَرَضِيْنَ اِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ عَلَى التَّبَعَةِ سَارَ لَيْسَ بِصَاحِبِهَا وَفِيْ بُيُوْتِ الْخَمْسِ اَخْلَاطٍ وَّلَا اَشْبَاقٍ وَّالْاَشْعَارِ وَمِنْ اَخْيِ تَقَدَّاتٍ كُلِّ حَرَامٍ فَاسْتَمِعُوْا قَوْلَ النَّبِيِّ وَتَعَدَّكَهُ وَاحْفَظُوْا اَوْ [illegible] الْاَمْرَ وَكُوْنُوْا مِنَ الْغَابِرِيْنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْفَاسِقِيْنَ الْمُتَمَرِّدِيْنَ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ اَثِيْمٍ مُّتَمَرِّدٍ لَّعِيْنٍ ۝ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۝ نُوْرٌ وَّجِلْيَةٌ وَّصَوْلٌ وَّبُرْهَانٌ وَّقُدْرَةٌ وَّسُلْطَانٌ وَّلَا مَنْ لَّا يَنَامُ وَلَا اَفْعَلُ اللّٰهُ عِيْسٰى رُوْحُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

آسیب کو دور کرنے کا عمل

آیت الکرسی کا نقش بھی آسیب زدہ کیلئے تیر بہدف ہے اس نقش کو باوضو لکھکر موم جامہ کرکے آسیب زدہ کے گلے میں ڈالیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۵۵۲	۳۵۶۶	۳۵۶۲	۳۵۵۹
۳۵۶۳	۳۵۵۸	۳۵۵۲	۳۵۶۵
۳۵۵۷	۳۵۶۰	۳۵۶۸	۳۵۵۴
۳۵۶۷	۳۵۵۵	۳۵۵۶	۳۵۶۱

آسیب سے نجات کے لئے

آسیب زدہ کے لئے یہ فتیلہ کورے چراغ میں حسب قاعدہ روشن کریں۔ سات دن تک لگاتار روشن کریں اور ہر بار نیا چراغ لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب سے نجات ملے گی۔ فتیلہ کا طلسم یہ ہے۔

آسیب کو دفع کرنے کے لئے

اس طلسم کا باوضو فتیلہ بنا کر آسیب زدہ [illegible]

دھواں پہنچا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب بے دم ہو کر دفع ہوگا۔ طلسم یہ ہے۔



آسیب کے دفعیہ کے لئے

اس فتیلے کو باوضو تیار کرکے مریض کے روبرو نئے چراغ میں جلائیں، تین دن تک انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہوگا۔

آسیب کو بھگانے کے لئے مجرب عمل

اسمائے اصحاب کہف بعبارت ذیل کاغذ پر لکھ کر جس کمرے میں مریض رہتا ہو اس کی دیواروں پر چاروں طرف چپکا دیں اور مندرجہ ذیل نقش لکھ کر مریض کو دکھائیں وہ دیکھنے سے انکار کرے تو جبراً دکھائیں۔ اور پھر اسی نقش کو تعویذ بنا کر موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈالدیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہوگا۔

اسماء اصحاب کہف اس طرح لکھیں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

اَذْرَفَطْيُوْنَ كَنَافَطْيُوْنَ يُوَانَسْ بُوْسٌ وَكَلْبُصْ
قِطْمِيْرٌ وَصَلَّى اللّٰهُ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَائِرٌ
وَلَوْ شَاءَ لَهَدٰكُمْ اَجْمَعِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى
سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

آسیب کو دور کرنے کا عمل

اس نقش کو لکھ کر باوضو فتیلہ بنا کر نئے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر پاک جگہ جلا دیں۔ آسیب زدہ کو تاکید کریں کہ چراغ کو دیکھتا رہے۔ چراغ کے ارد گرد تازہ گلاب کے پھول رکھ دیں۔

یہ عمل بھی بے حد سریع الاثر اور مجرب ہے۔

نقش یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)



آسیب کو دفع کرنے کا فتیلہ

یہ نقش باوضو لکھ کر فتیلہ بنا کر حسب قاعدہ نئے چراغ میں سرسوں کے تیل میں جلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہو گا۔

۴	۱۴	۵	۱
۹	۷	۶	۱۲
۱۵	۱۱	۱۰	۸
۱۶	۲	۳	۱۳

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

آسیبی اثرات سے نجات کے لئے

اگر کسی مکان میں آسیب کے اثرات ہو گئے ہوں تو ان کو ختم کرنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر کالے کپڑے میں لپیٹ کر گھر کے جس کمرے میں اثرات محسوس ہوتے ہوں لٹکا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیبی اثرات ختم ہو جائیں گے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۹۱۶	۹۹۱۹	۹۹۲۲	۹۹۰۹
۹۹۲۱	۹۹۱۰	۹۹۱۵	۹۹۲۰
۹۹۱۱	۹۹۲۴	۹۹۱۷	۹۹۱۴
۹۹۱۸	۹۹۱۳	۹۹۱۲	۹۹۲۳

آسیب سے نجات کا فتیلہ

اس نقش کو باوضو لکھ کر فتیلہ بنا کر حسب قاعدہ چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر جلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب جل جائے گا یا نہ آنے کا اقرار کر کے بھاگ جائے گا۔

نقش یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

۲۱۸۲۳ ۷۸۶ ۸۱۱۲۸۱۲۸۱۱۲۵

یاقاھر ذا البطش الشدید انت الذی لایطاق
انتقامہ یاقاھر فھی فلق ذالحیۃ۔

اجب بحق میکائیل	اجب بحق جبرائیل	اجب بحق اسرافیل	اجب بحق عزرائیل
اجب بحق اسرافیل	اجب بحق اسمٰعیل	اجب بحق ادریس	اجب بحق یونس
اجب بحق عکفیل	اجب بحق جبرائیل	اجب بحق کاملائیل	اجب بحق یوشائیل
اجب بحق عکفیل	اجب بحق میکائیل	اجب بحق عزرائیل	اجب بحق حزقائیل

ابلیس، حلمان، ابلیس وفرعون، نمرود وشداد ماکان فی ھذا سیدالجن یحرق فی ھذا المصباح ۷۸۶ // دود وعقرب دوم ص

آسیب کو بھگانے کا عمل

اس نقش کو باوضو لکھ کر فتیلہ بنائیں اور اس پر نیلے رنگ کا کپڑا لپیٹ کر اس کو جلائیں اور اس کا دھواں آسیب زدہ کی ناک میں پہنچائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی وقت جل جائے گا۔ یا بھاگ جائے گا۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

آسیب زدہ کی حفاظت کے لئے

سورۃ مزمل کا نقش بھی آسیب زدہ کے لیئے بے حد مفید ثابت ہوتا ہے۔ باوضو لکھیں اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے

۳۱۷۸۰۸	۳۱۷۸۱۱	۳۱۷۸۱۴	۳۱۷۸۰۱
۳۱۷۸۱۳	۳۱۷۸۰۲	۳۱۷۸۰۷	۳۱۷۸۱۲
۳۱۷۸۰۳	۳۱۷۸۱۶	۳۱۷۸۰۹	۳۱۷۸۰۶
۳۱۷۸۱۰	۳۱۷۸۰۵	۳۱۷۸۰۴	۳۱۷۸۱۵

آسیب کے دفع ہونے کے لئے

مندرجہ ذیل دو نقش باوضو تیار کریں۔ ایک نقش آسیب زدہ کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈال دیں اور ایک نقش زعفران و عرق گلاب سے لکھ کر کسی بوتل میں ڈال کر پانی بھر دیں۔ اور اس بوتل کا پانی گیارہ دن تک مریض کو پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۲۴	۳۲۷	۳۳۰	۳۱۷
۳۲۹	۳۱۸	۳۲۳	۳۲۸
۳۱۹	۳۳۲	۳۲۵	۳۲۲
۳۲۶	۳۲۱	۳۲۰	۳۳۱

سخت ترین آسیب سے نجات کے لئے

اگر کسی شخص پر سخت ترین آسیب چڑھا ہوا ہو تو اس کا علاج مندرجہ ذیل تین نقوش کے ذریعہ کیا جائے۔ نمبر ایک نقش باوضو لکھ کر اور اسے نیلے کپڑے میں لپیٹ کر قتلے کی انگلیوں آسیب زدہ کے پورے بدن کو دھواں دیں اور اس کی ناک میں بھی دھواں پہنچانے کی کوشش کریں۔

نمبر دو نقش کو باوضو زعفران سے لکھیں اور اس کو پانی میں گھول کر آسیب زدہ کو پانی پلا دیں۔ اور یہی نقش موم جامہ کر کے آسیب زدہ کے گلے میں ڈال دیں۔

نمبر تین نقش باوضو فتیلہ بنا کر کورے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر روشن کریں اور مریض کو تاکید کریں کہ وہ چراغ کی طرف دیکھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہوگا ورنہ جل جائے گا۔

نقوش یہ ہیں۔

نقش نمبر ایک۔

۷۸۶

۳۵۴۷۴۹	۳۵۴۷۵۲	۳۵۴۷۵۶	۳۵۴۷۴۴
۳۵۴۷۵۵	۳۵۴۷۴۳	۳۵۴۷۴۸	۳۵۴۷۵۳
۳۵۴۷۴۲	۳۵۴۷۵۸	۳۵۴۷۵۰	۳۵۴۷۴۷
۳۵۴۷۵۱	۳۵۴۷۴۶	۳۵۴۷۴۵	۳۵۴۷۵۷

(نقش نمبر دو اگلے صفحہ پر)

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

۷۸۶

۱۵۳۲۴	۱۵۳۲۷	۱۵۳۳۰	۱۵۳۱۷
۱۵۳۲۹	۱۵۳۱۸	۱۵۳۲۳	۱۵۳۲۸
۱۵۳۱۹	۱۵۳۳۲	۱۵۳۲۵	۱۵۳۲۲
۱۵۳۲۶	۱۵۳۲۱	۱۵۳۲۰	۱۵۳۳۱

نقش نمبر ۳۔

۷۸۶

۱۸۵۴۴	۱۸۵۴۷	۱۸۵۵۰	۱۸۵۳۶
۱۸۵۴۹	۱۸۵۳۷	۱۸۵۴۳	۱۸۵۴۸
۱۸۵۳۸	۱۸۵۵۲	۱۸۵۴۵	۱۸۵۴۲
۱۸۵۴۶	۱۸۵۴۱	۱۸۵۳۹	۱۸۵۵۱

دفع جن کا مجرب عمل

دفع جن کے لئے یہ نقش بھی حد سے زیادہ مجرب ہے۔ یہ نقش کالے دھتورے کے عرق سے باوضو لکھیں اور خالص ارنڈ کے تیل میں فتیلہ جلا دیں۔ ——— فتیلہ جلانے سے پہلے جملہ جنّی کو ایصال ثواب کرنے کے لئے نابالغ بچوں کو کچھ شیرینی اسی وقت تقسیم کریں۔ یہ فتیلہ اگر چاند کی نئی جمعرات کو لکھ کر لیں تو زیادہ کارآمد ثابت ہو سکتا ہے۔

فتیلے والا نقش یہ ہے۔ فلاں ابن فلاں کی جگہ

اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔ یہ بوقت ضرورت لکھیں۔



جن و آسیب کے اثرات دور کرنا

اگر کسی شخص کو جن و آسیب کے اثرات کی وجہ سے شدید بخار ہو یا خوف و دہشت کی وجہ سے کسی کا بدن کپکپاتا ہو تو یہ نقش باوضو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ چند گھنٹوں میں بخار اتر جائے گا اور خوف و دہشت سے بھی نجات مل جائے گی۔

نقش اس طرح بنیں گے۔ دونوں نقش ایک ہی کاغذ پر لکھ کر ایک تعویذ بنائیں اور موم جامے کے بعد کالے کپڑے میں [illegible]

AMLIYAAT BOOKS pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح

یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح

بخار، خوف، کپکپاہٹ ختم کرنے کا نقش

مندرجہ ذیل نقش یاد کر لیں۔ یہ نقش بخار، خوف و دہشت اور کپکپاہٹ کے لئے انتہائی مفید ہے۔ موم جامہ کے مریض کے گلے ڈال دیں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۲۷	۳۰	۱
۲۹	۲	۷	۲۸
۳	۳۲	۲۵	۶
۲۶	۵	۲	۳۱

جن، بھوت اور آسیب کو دفع کرنے کے لئے

آیت ذیل جن، بھوت، آسیب کے دفعیہ کے لئے بہت مجرب ہے۔

مندرجہ ذیل آیت کو مریض کے دائیں کان میں یا وضو کر کے

اور بائیں کان میں انیس ۱۹ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ آسیب دفع ہوگا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر اس آیت کی زکوٰۃ ادا کر دی جائے تو عمل زیادہ کارگر ہوتا ہے۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ اس آیت کو باوضو اکتالیس ۴۱ دن تک روزانہ ایک ہزار مرتبہ اول و آخر گیارہ ۱۱ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اکتالیس ۴۱ دن پورے ہو جانے پر اسکا ایصالِ ثواب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل میں تمام عاملین و اکابرین اور مومنین و مسلمین کو پہنچا دے۔ بعد میں اس آیت کو وظیفہ مرتبہ روزانہ ورد میں رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ باضابطہ اس عمل کا عامل ہو جائے گا۔ اور جب بھی بوقت ضرورت یہ عمل کرے گا تو فوراً فائدہ ہوگا۔ آیت یہ ہے۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۝ (پ ۲۳ ع ۱۲) وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ۝ (پ ۲۴ ع ۳)

آسیب کو قید کرنے کا عمل

اگر کسی شخص پر آسیب ہو اور سخت قسم کا آسیب ہو اور یہ چاہے کہ اس کو قید کرے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ اوّل آسیب کو حاضر کرے۔ حاضر کرنے کے طریقے اس کتاب کے آخر میں نقل کئے جا رہے ہیں۔ کسی بھی طریقے سے حاضر کرے۔ عامل کو اختیار ہے۔ اُسی وقت گوگل، لوبان، گیندے کے

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

پھول (سوکھے ہوئے) اسپند اور پیلی سرسوں لیکر سات مرتبہ مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر ان چیزوں پر دم کرے اور پھر ان چیزوں کو انگیٹھی وغیرہ میں کوئلوں کے ساتھ جلا کر مریض کے چاروں طرف دھونی دیتا رہے۔ یہانتک کہ آسیب کی طاقت ختم ہو جائے۔ اس وقت مریض کو تا آسمان آگ ہی آگ نظر آئے گی ہیبت بالکل نہ کھائے، کوری ہانڈی اس وقت اپنے پاس رکھ ڈھکن رکھے اور آسیب بے بس ہو جائے تو اس سے عامل کہے کہ اس ہانڈی میں داخل ہو جاؤ۔ تھوڑی دیر کے بعد آسیب ہنڈیا میں داخل ہو جائے گا۔ اس کی علامت یہ ہے کہ مریض کے ہوش و حواس درست ہو جائیں گے۔ اسی وقت ہانڈی کا منہ بند کر دے اور گیہوں کا آٹا ڈھکن کے چاروں طرف چڑھا دے اور ہانڈی کا منہ بند کرتے وقت عامل یہ عزیمت پڑھے۔

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ فِي عَيْنِ حَيٍّ قَيُّومٍ حَسْبُنَا حَسْبُنَا حَسْبُنَا لِلَّهِ وَ سُلَيْمَانَ ابن داود علیہ السلام بہ صد ہزار بند آہنی کردم تا من نکشایم ہیچ کس نکشاید بحق لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ و بحق این نقش خاتم سلیمان ابن داود علیہ السلام۔

ہنڈیا کے گلے پر مریض اور اس کی ماں کا نام لکھ کر یہ آیت لکھ دے۔

لَقَدْ كَانَ لِسَبَإٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ [illegible]

اَبْصَارَهُمْ غِشَاوَةً وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا اَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۔ (سورۃ بقرہ و سورہ یٰسین)

پھر اس ہنڈیا کو کسی قبرستان یا جنگل میں گڑھا کھود کر ہنڈیا اس میں رکھ دیں اور گوگل اور پیلی سرسوں پر مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر دم کر دیں اور اس کو ہنڈیا کے چاروں طرف ڈال کر ہنڈیا مٹی ڈال کر اسے دفن کر دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب اسی میں دفن ہو جائے گا۔

جو عزیمت گوگل اور پیلی سرسوں پر پڑھی جائے گی وہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ۔ بحق جبرائیل بحق میکائیل بحق اسرافیل بحق عزرائیل وانبکوا ما سئلوا الشیطین علی ملک سلیمان وما کفر سلیمان ولکن الشیطین کفروا یعلمون الناس السحر۔ بحق انجیل عیسیٰ و تورات موسیٰ و زبور داود و فرقان محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بحق لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ و بحق این نقش خاتم سلیمان ابن داؤد علیہ السلام بحق مطلب [illegible]

FREE AMLIYAAT BOOKS.pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بحق سہا سکیع میس بحق مطما طفیع بحق مُصطفیٰ بحق لکرشد شایئل
بحق انحضورا ئیل واو تیا ئیل وھنوذا ئیل بِرَحمَتِکَ
یَا اَرحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔

یہ عزیمت پڑھ کر پیلے رنگ کی سرسوں اور گوگل پر پڑھ کر دم کر کے ہنڈیا کے چاروں طرف بکھیر دیں اور پھر ہنڈیا کو دفن کر دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب مقید ہو جائیگا۔

آسیب دفع ہونے کا عمل

سورۃ مزمل (پارہ ۲۹) تین مرتبہ پڑھ کر سرسوں کے تیل پر دم کر کے مریض کو دیں اور تاکید کر دیں کہ وہ پورے جسم کی مالش کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تین دن میں مکمل آرام ہو گا اور آسیب دفع ہو گا۔

مکان کو ہر قسم کے آسیب سے محفوظ کرنا

جس مکان میں آسیب کا اثر ہو اس مکان میں مندرجہ ذیل نقش فریم میں لگا کر دیوار میں لگا دیں اس طرح کہ یہ نقش دروازہ کے بالکل سامنے ہو۔ دروازہ کھلتے ہی نقش پر نظر پڑے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مکان ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہے گا۔ اور آسیب دفع ہو گا۔

نقش یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

۸	۱۱	۱۳	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۰	۶	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

آسیب کے بھگانے کے لئے

یہ نقش باوضو لکھ کر آسیب زدہ کو کاغذ کی گولی بنا کر پانی سے نگلوا دیں۔ انشاء اللہ آسیب فریادی ہو کر فرار ہو گا۔



آسیب و جن سے نجات کے لئے

جس کسی کو جن کا اثر ہو یا آسیب یا چڑیل وغیرہ کا اثر ہو تو اس کے لئے یہ عمل بھی مجرب ثابت ہو گا۔ انشاء اللہ

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

مندرجہ ذیل عزیمت کو باوضو تین۳ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کردیں۔ اور مریض کو پلادیں۔ اگر وہ نہ پیئے تو پھر اس کے منہ پر چھینٹیں ماریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن و آسیب وغیرہ کے اثرات زائل ہوجائیں گے۔ یوں اگر زائل نہ ہوں تو اسی عزیمت کا فتیلہ بناکر کورے چراغ میں روشن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن و آسیب جل کر خاک ہوجائیں گے۔

عزیمت یہ ہے۔

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ بِحَقِّ جِبْرَئِيْلَ وَ مِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَعِزْرَائِيْلَ اَسْئَلُكُمُ الَّذِيْ جَعَلَ الْعَرْشَ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ بِالَّذِيْ اَجَابَ اٰدَمَ لَهٗ عِيْسٰى ابْنِ مَرْيَمَ وَالسَّيِّدِ نَابِرُوْحِ الْقُدُسِ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ سُلَيْمَانَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَهُ الرِّيَاحَ وَالْجِنَّ وَالشَّيَاطِيْنَ سَرِيْعًا۔

مریض کی صحتیابی کے لئے

مندرجہ ذیل قرآن حکیم کی آیت کو ۷ بار پڑھیں اس کے بعد اس آیت کا نقش باوضو تیار کریں اور اس نقش کے نیچے اس شخص کا اور اس کی ماں کا نام لکھدیں جس پر جن کا اثر ہو۔ یہ نقش ۲ مٹھی بھر اڑد نئی ہنڈیا میں ڈال کر اس کو بند کردیں پھر ۷ بار آیت الکرسی پڑھ کر اس ہنڈیا پر پھونک دیں۔ پھونکنے کے بعد ہی ہنڈیا کو بند کرکے چلہ کے [illegible]

آٹا گیلا کرکے لگادیں۔ پھر تین۳ روز تک اس ہنڈیا کو آدھے آدھے گھنٹے تک پکائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن جل کر خاک ہوجائے گا۔

اس عمل کے بعد اڑد کی دال پکائیں اور اس پر قرآن حکیم کی یہی آیت تین۳ مرتبہ اور آیت الکرسی تین۳ مرتبہ اور سورۃ جن ایک مرتبہ پڑھ کر دم کردیں اور یہ دال مریض کو کھلا دیں روٹی سے یا صرف دال پلادیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض پوری طرح صحتیاب ہوجائے گا۔

آیت یہ ہے۔

نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝ (پ ۹)

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

اس آیت کا نقش یہ ہے۔

۴۸۶

۲۶۹	۲۷۲	۲۷۶	۲۶۳
۲۷۵	۲۶۳	۲۶۸	۲۷۳
۲۶۴	۲۷۸	۲۷۰	۲۶۷
۲۷۱	۲۶۶	۲۶۵	۲۷۷

جن، بھوت کا اثر ختم کرنا

اگر کسی شخص پر جن، بھوت یا آسیب وغیرہ کا اثر ہو تو اس کے گلے میں یہ کلمات باوضو لکھ کر دم جاری کرکے ڈال دیں اور ان کلمات کو [illegible] مریض پر دم کردیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

فی الفور فائدہ محسوس ہوگا۔ بہت ہی مجرب ہے۔
کلمات یہ ہیں۔
اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سَاحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۔ اِنِّىْٓ اَعُوْذُ بِمَا عُذْتُ بِهٖ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ

آسیب کو دفع کرنے کے لئے

آسیب زدہ مریض کو یہ نقش چینی کی پلیٹ پر باوضو لکھ کر یا سادہ کھاتے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہو جائے گا۔
نقش یہ ہے۔



آسیب کو جلانے کا فتیلہ

آسیب کو جلانے کے لئے یہ نقش بھی بے حد مجرب ہے باوضو لکھ کر کورے چراغ میں حسب قاعدہ فتیلہ بنا کر جلائیں۔
نقش اس طرح بنا کر فتیلہ بنالیں۔

آسیبی اثرات سے نجات کے لئے

سورۃ جن کی آیات شروع سے شَطَطًا تک ۷ مرتبہ باوضو پڑھ کر مریض پر دم کر دیں اور یہی آیات اتنی ہی تعداد میں پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی مریض کو پلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیبی اثرات سے نجات ملے گی۔

جن، آسیب کے اثرات کو ختم کرنا

اگر کسی مکان میں جن یا آسیب کے اثرات ہوں تو اس مکان کے چاروں کونوں میں اذان دینا مفید ہے۔ اذان دینے سے اثرات انشاء اللہ تعالیٰ زائل ہو جائیں گے۔

مکان سے جنات کو بھگانے کے لئے

اگر کسی مکان میں جنات کا اثر ہو تو بتاشے والی مسجد چار رکعت نفل ہر ایک مسجد میں اکیس ۲۱ مرتبہ سورۃ طارق (پارہ عم) کی آخری دو آیتیں۔ سہ باوضو پڑھ کر دم کر دیں اور باوضو تعوذ و تسمیہ کے ساتھ مکان کے ہر گوشے میں ایک کیل گاڑ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جنات اس مکان سے رخصت ہو جائیں گے۔

جن، بھوت، آسیب سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص جن بھوت یا جادو کے اثر میں مبتلا ہو تو

ISLAMIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

اس نقش کو باوضو لکھ کر اس کی پشت پر یہ عبارت لکھیں۔
(ہر بلائے کہ در وجود فلاں ابن فلاں باشد گرفتہ بسوزند) فلاں ابن فلاں کی مریض کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھ دیں۔
نقش چودھویں خانے کی طرف سے موڑیں اور بارہویں خانے کی طرف سے روشن کریں۔ حسب قاعدہ کورے چراغ میں اس وقت فتیلہ جلائیں جب گھر کے سب افراد سو جائیں اور آمد و رفت گھر میں بالکل بند ہو جائے۔ مریض حامل اور ایک دو تیماردار کے علاوہ کمرے میں کوئی موجود نہ ہو۔ مریض کا رخ قبلہ کیطرف کریں۔ فتیلہ روشن کرتے وقت تازہ پھول خوشبودار چراغ کے قریب ہی رکھیں۔ تھوڑی دیر میں مریض کو سکون ملے گا۔ صبح مریض کے اٹھنے سے پہلے پہلے چراغ اور پھول وغیرہ سب کسی دریا میں یا تالاب میں ڈلوا دیں۔ لگاتار تین روز تک ایسا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو مکمل فائدہ ہوگا۔ اور جن بھوت یا اگر سحر و جادو کا شکار ہوگا تو اس کو بفضل رب العالمین کلیۃً نجات ملے گی۔ نقش یہ ہے۔

۱۳	۱۹	۱۲
۱۳	۱۵	۱۷
۱۸	۱۱	۱۶

آسیب کے اثر سے مریض کا صحتیاب ہونا

اس فتیلہ کو باوضو لکھ کر کچی گھانی کا تیل ملیکر کورے چراغ میں روشن کریں۔ آسیب زدہ کو تاکید کریں کہ وہ چراغ کیطرف دیکھتا رہے۔ فتیلے پر نیلے رنگ کا سوت ضرور لپیٹ دیں۔ مغرب یا عشاء کے بعد فتیلہ جلائیں اور سات یا نو روز تک لگاتار جلائیں۔ انشاء اللہ پوری طرح صحت حاصل ہوگی۔
عبارت یہ لکھیں۔ زیر زیر لگانے کی ضرورت نہیں۔
علیقا علیقا انت تعلم ما فی قلوبھم تلیقا فرعون ھامان شداد نمرود عوداد دقیانوس بلیقان بحیون لعین یا ملعونا فی نار جھنم دفع اما الصبیان الخناس من جنود ابلیس۔

آسیب وغیرہ کا اثر ختم کرنا

اس نقش کو باوضو لکھ کر فتیلہ بنائیں اور تیرہ کے ہندسہ سے موڑنا شروع کریں۔ سولہ کے ہندسہ سے روشن کریں۔ موڑنے کے بعد سولہ کی طرف سیاہ نقطہ لگا دیں۔ تاکہ یاد رہے کہ ادھر دیا سلائی لگانی ہے۔ فتیلے پر روئی چڑھا لیں اور کورے چراغ میں تلوں کے تیل یا چنبیلی کے تیل میں یہ فتیلہ مغرب یا عشاء کے بعد روشن کریں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

اور لگاتار نو دن تک نئے چراغ میں روشن کریں اور روشنی پر غور کریں کہ کس رنگ کی ہے۔ اور اس کی لو میں کوئی تصویر بھی نظر آ رہی ہے یا نہیں؟ یہ بات مریض سے پوچھتے رہیں۔ واضح رہے کہ روشنی کا رنگ مریض کو بدلا ہوا نظر آئے گا اور اسی کو چراغ کی لو میں کوئی تصویر نظر آئے گی۔ جس دن مریض کو چراغ کی لو اصلی رنگ میں جو آگ کا رنگ ہوتا ہے نظر آجائے گی تو سمجھئے کہ اب وہ آسیب وغیرہ کے اثرات سے نکل آیا ہے۔ یہ بھی یاد رکھیں کہ پہلے دن چراغ ڈیڑھ گھنٹے تک جلے گا۔ اس کے بعد اس کی مدت گھٹتی رہے گی اور نویں دن زیادہ سے زیادہ پندرہ بیس منٹ تک جل سکے گا۔ اور یہ صحت مند ہونے کی علامت ہوگی۔

نقش یہ ہے۔



جن، آسیب کو دور کرنے کے لئے

اس قیمتے کو باوضو لکھ کر اس پر نیلا ڈورا لپیٹ کر کوئلوں کی آگ پر رکھے۔ اور آسیب زدہ کے متھنوں میں دھواں دے۔ اور مریض کا نام مع اس کی ماں کے، نقش کی پشت پر لکھے۔ نقش یہ ہے۔

۴۸۶

فرعون	ابلیس	هامان	۱۱۳
ابلیس	هامان	۱۱۳	فرعون
هامان	۱۱۳	فرعون	ابلیس
۱۱۳	فرعون	ابلیس	هامان

آسیب کے دفع ہونے کے لئے

اگر معوذتین کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے آسیب زدہ کے گلے میں ڈال دیں تو آسیب دفع ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۴۸۶

۳۶۸۹	۳۶۹۲	۳۶۹۵	۳۶۸۲
۳۶۹۴	۳۶۸۳	۳۶۸۸	۳۶۹۳
۳۶۸۴	۳۶۹۷	۳۶۹۰	۳۶۸۷
۳۶۹۱	۳۶۸۶	۳۶۸۵	۳۶۹۶

بحق این نقش ہر قسم آسیب و نظر بد و ہر مرض [illegible] دفع شود۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

آسیبی اثرات سے نجات کے لئے

مندرجہ ذیل عزیمت کا فتیلہ یا دھونی کر مغرب یا عشاء کے وقت کورے چراغ میں حسب قاعدہ روشن کریں اور سات روز تک لگاتار چراغ بدل کر روشن کرتے رہیں کل سات فتیلے روشن ہوں گے۔ انشاء اللہ پانچویں روز ورنہ پھر ساتویں روز آسیبی اثرات سے پوری طرح نجات مل جائے گی۔

عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَعَلٰی مَا رَفَقْنَا تَلْفَاتَ تَقَلَّمَا تَلُوْ بِعِزِّ الْقَدْ الْقَدْ الْقَدْ اَلُوْهَا اَلُوْهَا اَلُوْهَا اَلْتَاعَةُ اَلْتَاعَةُ نَمْرُوْدُ هَامَانَ فِرْعَوْنَ شَدَّادَ اَبُوْجَهْلٍ مِنْ جُنُوْدِ اِبْلِیْسَ اَجْمَعُوْنَ بِحَقِّ خَاتَمِ سُلَیْمَانَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَیْهِ السَّلَام وہرچہ در بدن آسیب زدہ باشد بند کردہ موکلان فلیتہ در ین چراغ بستہ بیارند وسوزانند خاکستر گردد دفع شود۔

آسیب دفع ہونے کے لئے

مندرجہ ذیل نقش خاص طور پر ان بچوں اور عورتوں کے لئے ہے جو آسیب کی لپیٹ میں ہوں۔ انشاء اللہ تعالیٰ با وضو لکھ کر دم جاگر کے والدین ہی سے آسیب دفع ہوگا۔ اگر آسیب سخت ہو تو پھر ایک نقش بڑھا دیا جائے اور ایک پانی میں ڈال کر [illegible]

ہے اور بارہا کا آزمودہ ہے۔
نقش یہ ہے۔



آسیب کو جلانے کا عمل

مندرجہ ذیل فتیلے کو گیارہ نیلے دھاگوں سے باندھ کر تازہ گلاب کے تین پھولوں کے ساتھ تین فتیلے تین روز تک سرسوں کے تیل میں جلا دیں۔ اگر گلاب کے پھول نہ ملیں تو کوئی بھی خوشبودار پھول سوکھے ہوئے یا تازہ لے لیں۔ چراغ بڑا لیں۔ اور مریض کو تاکید کریں کہ وہ چراغ کو دیکھتا رہے۔ جب تیل میں خون پیدا ہو جائے تو سمجھیں کہ آسیب جل گیا۔

فتیلہ کا نقشہ یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ھو ۱۱	عاماں لعین	ابلیس لعین مردود	فرعونا لعین
غفت ھو ۱۱ جنرل ابلیس لعین			وھنا ابلیس لعین مردود فرعون
ھو ۱۱	فرعون	ابلیس تاروت	عاماں لعین
ھو ۱۱	ابلیس لعین	عاماں	فرعون
ابلیس لعین	فرعون	ھو ۱۱	ابلیس لعین
فرعون	لعین عاماں	ھو ۱۱	ابلیس لعین
ھو ۱۱	ابلیس لعین	فرعون لعین	عاماں لعین

آسیب کو جلانے کا فتیلہ

مندرجہ ذیل فتیلہ باوضو لکھ کر آسیب کو جلانے اور دفع کرنے میں تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔ حسب قاعدہ کورے چراغ میں جلائیں اور پھول خوشبودار چراغ کے پاس رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب حاضر ہو کر جل جائے گا۔

فتیلہ اس طرح بنائیں۔



جن، آسیب کو جلانے کا فتیلہ

مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر فتیلہ بنا کر [illegible] پر جلائیں

یا بدھ کی شب میں جلائیں۔ چراغ نو میں حسب قاعدہ جلائیں انشاء اللہ تعالیٰ جو بھی آسیب ہوگا نقش کے مؤکلین اس کو چراغ کی لو میں حاضر کریں گے۔ فتیلہ گائے کے گھی میں جلائیں۔ لوبان کی انگ سے دھونی دیتے رہیں اور گیارہ چھٹانک شیرینی اور کچھ تازہ پھول چراغ کے قریب رکھیں۔ پھر اس شیرینی اور پھولوں کو بھی چراغ کے ساتھ تالاب میں پھینک دیں۔ نقش کے پیچھے مریض اور اس کی ماں کا نام لکھ کر نیچے یہ عبارت لکھ دیں۔

جو کچھ اس مریض کے جسم میں ہے اور تکلیف دیتا ہے، اے مؤکلو اس کو حاضر کرو اور جلا دو۔

[illegible] نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۱	۴۸	۲	۷
۶	۳	۴۵	۴۴
۴۷	۴۲	۸	۱
۴	۵	۴۳	۴۶

آسیب کو دفع کرنے کے لئے

اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے آسیب زدہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن میں آسیب دفع ہو جائے گا اور مریض کو آرام ملے گا۔ (نقش اگلے صفحہ پر)

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/



آسیبی اثرات سے نجات کے لئے

اگر کسی شخص کو جن یا آسیب ستاتا ہو یا جن و آسیب کا اثر محسوس ہوتا ہو تو صبح و شام یہ کلمات باوضو پڑھے۔ صرف ایک بار صبح ایک بار شام۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ۝

اس کے بعد ایک ایک مرتبہ معوذتین پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن اس پر عمل کرنے کے بعد زبردست سکون اور آسیبی اثرات سے نجات محسوس کرے گا۔

آسیب دفع ہونے کے لئے

اگر کسی شخص پر آسیب کا اثر محسوس ہو تو یہ نقش بڑے سے کاغذ پر لکھ کر مریض جہاں لیٹا ہو اس کے سامنے دیوار پر چسپاں کر دیں۔ بڑے سے کاغذ پر بڑے بڑے حروف میں اس کو لکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہو جائیگا۔

نقش یہ ہے۔



مکان سے جنات کا اثر ختم کرنا

اگر کسی مکان پر زبردست اثر ہو تو عامل صاحب مکان یا کسی اور شخص کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر باوضو یہ لکھ دے اور اس سے کہہ دے کہ جا کر باہر دروازہ پر دائیں ہاتھ سے دستک دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جنات اسی وقت مکان خالی کر دیں گے۔

(اگلے صفحہ پر)

FREE AMLIYAAT BOOKS .pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/



آسیب وجن سے نجات کے لئے

اگر کسی کو آسیب پری یا جن کی شکایت ہو تو عامل کو چاہئے کہ وہ چل کاف کو سات مرتبہ سرسوں کے پٹاخ پر تیل پر باوضو پڑھ کر دم کرے اور اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف بھی پڑھے اس کے بعد اس تیل کا ایک قطرہ کسی پچکاری وغیرہ سے یا خضاب وغیرہ سے مریض کے کان میں ٹپکانے پہلے دائیں کان میں پھر بائیں کان میں۔ اس بوند کو کان میں ٹپکانے کے بعد کان کو خوب ہلا کر تیل کو اندر تحلیل کر دیں۔ تیل کسی بھی صورت میں کان سے باہر نہ آئے۔ اس کے بعد سارے سرسوں کے تیل میں پڑھے ہوئے تیل کی تین بوندیں ڈراپر وغیرہ ہی سے ڈال دے اور مریض کے پورے جسم کی اس تیل سے مالش کرائے۔ سات دن تک یہ عمل برابر لگاتار کیا جاتا رہے۔ تیل ایک بار پڑھ کر رکھ لے۔ اگر مریض اکتائے تو تیسرے دن یہ عمل کرے۔ لیکن تعداد سات کی پوری کرے اس صورت میں چودہ دن میں عمل کی تکمیل ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض بالکل صحتیاب ہو جائے گا۔

اگر گلے میں چل کاف کا نقش بھی موم جامہ میں کر کے باندھ دیا جائے تو بھی جلدی آسیبی اثرات سے نجات مل جائے گی۔

چل کاف یہ ہیں۔

كَفَاكَ رَبُّكَ كُلَّ بَكِيْكَ وَاَلْفَ كَكَافٍ فَاكْفِيْنِ
كَانَ مِنْ مَلَكٍ تَكُلُّ كَرَّ الْكَرِّ فِي الْكَرِّ عَلَى مُشْكِلَةٍ
مُشْكِلَةٍ كَلَّكَ كَفَاكَ مَا فِي كَفَاكَ الْكَافُ كُنْ بَتَّهُ
يَا كَنْ كَبًّا كَمَا نَ تَحْتَ كَوْكَبُ الْمَلَكُ ۔

چل کاف کا نقش یہ ہے۔

۴۸۶

۱۶۵۸	۱۶۶۱	۱۶۶۴	۱۶۵۱
۱۶۶۳	۱۶۵۲	۱۶۵۷	۱۶۶۲
۱۶۵۳	۱۶۶۶	۱۶۵۹	۱۶۵۶
۱۶۶۰	۱۶۵۵	۱۵۴	۱۶۶۵

آسیب وجن کو بھگانے کے لئے

آسیب زدہ کے لئے مندرجہ ذیل نقش کو باوضو لکھ کر پہلے مریض کے داہنی ڈاڑھ کے نیچے رکھے۔ اسی وقت آسیب حاضر ہو کر بات کرے گا۔ اور اگر اس طرح حاضر نہ ہو تو پھر بائیں ڈاڑھ کے نیچے دبائے۔ انشاء اللہ اب ضرور حاضر ہوگا۔ اس سے قول و قسم لے پھر جانے کی اجازت دے اور اگر وہ آکر واپس نہ جانے کی بات کرے تو مندرجہ ذیل فتیلے کو (فتیلہ گلاصفر)

FREE AMLIYAAT BOOKS

https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

چند ضروری باتیں

عامل کو جن کے دفعیہ کی تدابیر اختیار کرنے سے پہلے مندرجہ ذیل امور کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے۔

① مقامِ عمل پاک ہو، عامل باوضو ہو، مریض کو بھی وضو کرالے تو بہتر ہے
② اس جگہ کوئی عورت حائضہ موجود نہ ہو۔
③ اس مجلس میں زیادہ بات چیت سے گریز کریں۔
④ عامل عزیمت باآواز بلند پڑھے، ورنہ کم سے کم درود شریف تو باآواز بلند پڑھے۔
⑤ عمل کے وقت متعلقہ خوشبو دیتا رہے۔
⑥ عمل کے وقت مریض کے گلے میں کوئی بھی پرانا تعویذ موجود نہ ہو۔
⑦ عمل چھت دار مکان میں ہو، کھلے آسمان کے نیچے نہ ہو۔
⑧ مریض کو عامل کے روبرو ہونا چاہئے اگر مریض مرد ہو تو مرد ہی مریض کو عامل کے سامنے بٹھائے اور اگر مریض عورت ہو تو عورت ہی مریض کو عامل کے سامنے بٹھائے۔
⑨ عمل کا بہتر وقت بعد نمازِ عصر یا بعد نمازِ مغرب ہے۔
⑩ آسیب زدہ شخص کو اگر غسل کرانا ہو تو چھت والی جگہ غسل کرائیں کھلے آسمان کے نیچے نہ کرائیں۔
⑪ عامل کو تمام عمل حصار کے ساتھ ساتھ کوئی نقش

جو نقش ڈاڑھ کے نیچے رکھا جائے گا وہ یہ ہے۔

جو فیتہ روشن ہوگا وہ یہ ہے۔



FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

برائے حفاظت اپنے بازو پر ضرور باندھ لے۔

(۱۲) عمل شروع کرتے وقت عامل اپنے گناہوں کی معافی چاہے اور اپنے عاجز اور کمزور ہونے کا اعتراف کرے۔

(۱۳) عمل سے پیشتر کچھ نہ کچھ صدقہ کرے۔

(۱۴) عمل کے وقت عامل کا پیٹ کھانے سے پُر نہ ہو۔

(۱۵) عمل کے وقت عامل خوشبو وغیرہ کا استعمال کرے۔

(۱۶) جس عمل کی جو بھی تعداد ہو اس میں کمی بیشی نہ کرے۔

(۱۷) کسی وجہ سے ایک بار عمل کرنے سے کام نہ بنے تو اس عمل کو مکرر کرے۔

جن بھوت اور آسیب کو دفع کرنیکا مجرب طریقہ

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا پوری اُمت کیلئے ایک قابلِ قدر تحفہ حیوٰۃ الحیوان میں دلائل النبوت امام بیہقیؒ سے منقول ہے ایک دن حضرت ابودجانہؓ نے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوکر عرض کیا کہ یارسول اللہ رات کو میرے مکان میں چکی چلنے کی آواز آئی پھر یک بیک متواتر بجلی چمکتی نظر آئی۔ جب میں نے غور سے دیکھا تو پھر کالی گھٹا سی مجھے اپنے مکان کے صحن میں محسوس ہوئی اور اس کالی گھٹا میں سے انگارے اڑ کر میری طرف آتے ہوئے معلوم ہوئے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سنکر فرمایا کہ تیرے گھر میں جن ہے۔ اور اس کے بعد حضرت علیؓ سے مخاطب ہوکر فرمایا کہ اے علی! تم قلم دوات اور کاغذ لاؤ میں اس جن

نام ایک خط لکھتا ہوں۔ حضرت علی قلم دوات اور کاغذ لے آئے تو آپؐ نے جنات کے نام اپنا فرمان جاری فرمایا۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خط روئے زمین کے تمام جنات کے نام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ إِلٰى مَنْ يَّطَّلِعُ فِيْ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّقَّارِ وَالسَّاكِنِ بِخَيْبَرَ يَا رَحْمٰنُ، أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّا وَلَكُمْ فِي الْحَقِّ سَعَةٌ فَإِنْ تَكُ عَاشِقًا مُّولَعًا أَوْ فَاجِرًا مُّقْتَحِمًا أَوْ دَاعِيًا حَقًّا بَاطِلًا فَهٰذَا كِتَابٌ مِّنْهُ نَاطِقٌ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ إِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ وَرُسُلُنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ أُنْظُرُوْا صَاحِبَ كِتَابِيْ هٰذَا وَانْطَلِقُوْا إِلٰى عَبَدَةِ الْأَصْنَامِ وَإِلٰى مَنْ يَّئِدُ عَمْرَانَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ تُطْلَبُوْنَ حَتّٰى لَا يُبْصَرُ لَكُمْ مَكَانٌ تَفِرُّوْنَ أَخْمَدَ اللّٰهُ كَيْدَكُمْ بِكَفَّةِ حُجَّةِ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ فَسَيَكْفِيْكُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نامہ مبارک کو حضرت

FREE AMLIYAAT BOOKS .pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

علیؓ سے لکھوا کر حضرت ابو دجانہؓ کو عطا فرمایا۔ حضرت ابو دجانہؓ نے رات کو اسے اپنے تکیہ میں رکھ لیا۔ تھوڑی دیر کے بعد رونے اور فریاد کرنے کی آواز آئی۔ ہائے مر گیا ہائے جل گیا اے دُجانہؓ اب میں تیرے گھر میں کبھی نہ آؤں گا۔ نہ تیرے قریب وجوار میں رہوں گا۔ مجھے معاف کر دے۔ مجھے چھوڑ دے مجھے جانے دے۔ حضرت ابو دجانہؓ نے کہا کہ میں جب تک رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے مشورہ نہیں کر لوں گا ہرگز تجھے نہیں چھوڑوں گا۔ حضرت ابو دُجانہؓ نے فجر کی نماز آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں ادا کی اور رات کا سارا واقعہ عرض کیا۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے! ابو دُجانہ جنات کی قوم پر رحم کر اور میرا نام وہاں سے ہٹا لے، ورنہ قیامت تک یہ جنات اسی عذاب میں مبتلا رہیں گے۔ حضرت ابو دُجانہؓ نے وہ نامہ مبارک اپنے تکیہ کے نیچے سے ہٹا دیا۔ تمام جن ان کے گھر سے فرار ہو گئے اور اس کے بعد پھر کبھی ان کے مکان میں نہیں آتے۔

بھائیو! یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نامہ مبارک سارے جہان کے جنات کے نام لکھا ہوا ہے۔ جس کسی کے مکان میں جن بھوت یا آسیب کا اثر ہو تو اس نامہ مبارک کو کسی عامل سے لکھوا کر اپنے مکان میں لٹکا لے یا چسپاں کر دے، انشاء اللہ تعالیٰ اس نامہ مبارک کی برکت سے اثرات بد دفع ہو جائیں گے، جس شخص کو جن بھوت کا اثر ہو اس کے گلے میں اگر یہ نامہ مبارک لکھ کر تعویذ بنا کر [illegible]

کر کے ڈال دیا جائے تو جن، بھوت کی مجال نہیں کہ پھر ٹھہر سکے انشاء اللہ تعالیٰ ان کا اثر فوراً رفع ہو گا۔

لیکن اس نامہ مبارک سے بھرپور فائدہ اٹھانے کیلئے اس کی زکوٰۃ ادا کرنی ضروری ہے۔ زکوٰۃ کی ترکیب یہ ہے کہ نصف رات کو غسل کرے اس کے بعد بارہ رکعات بہ نیت تہجد پڑھے اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الْمَبْعُوْثِ اِلَی الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَالْاَسْوَدِ وَالْاَحْمَرِ وَالْاَصْغَرِ وَالْاَکْبَرِ صَاحِبِ الْکَوْثَرِ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ پڑھے اس کے بعد اکیسو اکتیس ۱۳۱ مرتبہ نامہ شریف کی تلاوت کرے اس کے بعد جب بھی یہ نامہ مبارک (کسی کو لکھ کر دے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ جن، بھوت اور آسیب فوراً دفع ہوں گے۔

اس عمل کی تاثیر کو ثابت کرنے کیلئے نقاطی اور لسانی کی ضرورت نہیں، کیونکہ یہ پیغمبر آخر الزمان کا عمل مبارک ہے اس کی تاثیر کے بارے میں ادنیٰ درجہ کا شبہ بھی ایمان کے کمزور ہونے کی دلیل ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

عملیاتِ حاضراتِ آسیب وجنّات

اکثر اوقات یہ ہوتا ہے کہ جب آسیب زدہ کو کسی عامل کے پاس لے جاتے ہیں تو اس وقت آسیب رفو چکر ہو جاتا ہے اسلئے ہمارے بزرگوں نے آسیب کو مریض پر حاضر کرنیکے بیشمار طریقے تجویز کئے ہیں۔ ان طریقوں میں سے چند طریقے یہاں درج کئے جاتے ہیں۔ امید ہے کہ باصلاحیت لوگ ان طریقوں سے فائدہ اٹھائیں گے اور مخلوقِ خلق کے دوران خادم کو دعاءِ خیر میں یاد رکھیں گے۔

جن۔ آسیب کو حاضر کرنا

اکیس ۲۱ عدد شہد کی مکھیاں پکڑ لی جائیں۔ جب یہ مرجائیں تو ان میں سے ہر ایک مکھی پر باوضو گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر بصحِ بسم اللہ دم کر دیا جائے۔ پھر ان سب کو نئی روئی میں لپیٹ کر فتیلہ بنا لیا جائے اور نئے چراغ میں سرسوں کے تیل میں چراغ روشن کر کے حسب دستور کاجل بنا لیا جائے (کاجل بنانے کا طریقہ بالعموم سب ہی کو معلوم ہوتا ہے) جب کاجل تیار ہو جائے تو سمجھیں کہ بفضلِ خدا آپ کو ایک نعمت مل گئی ہے۔ اب جب کسی آسیب کی آنکھوں میں آپ اس کاجل کی تین ۳ تین ۳ سلائیاں ڈالیں گے تو انشاء اللہ تعالیٰ آسیب فوراً حاضر ہو کر ہمکلام ہوگا۔ مجرب اور آزمودہ طریقہ ہے۔

آسیب کو حاضر کرنے کا نقش

مندرجہ ذیل نقش عروج ماہ میں جمعرات کے دن صبح سورج نکلنے کے فوراً بعد باوضو تیار کر کے رکھ لیں اور بوقت ضرورت آسیب زدہ شخص کو ایک نقش پانی میں گھول کر پلائیں۔ انشاء اللہ آسیب فوراً حاضر ہو کر ہمکلام ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

ہر چہ بلا بود این مریض است حاضر شو

مریض پر جن و آسیب کو حاضر کرنا

جب کسی مریض پر آسیب یا جن وغیرہ کو حاضر کرنا ہو تو تین گلاب یا چنبیلی کے پھولوں پر تین تین ۳ مرتبہ عزیمت باوضو [illegible] مریض کو ایک ساتھ تینوں پھول

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

سنگھا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب یا جن جو بھی مریض کو پریشان کرتا ہوگا فوراً حاضر ہو کر بولے گا۔ اگر بالفرض وہ حاضر نہ ہو تو ان ہی پھولوں پر تین تین مرتبہ عزیمت نمبر دو پڑھ کر دم کر کے مریض کو سنگھائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اب ضرور حاضر ہوگا۔ مجرب عمل ہے۔

عزیمت نمبر ایک یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَللّٰھُمَّ یَا ذَا الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ وَالْمُلْکِ الْقَدِیْمِ وَالسُّلْطَانِ الْمُسْتَقِیْمِ وَاَرْسَلَ الرِّیَاحَ وَخَالِقَ الْاَصْبَاحِ وَبَاعِثَ الْاَرْوَاحِ وَیَا جَوَّادَ الصَّبَاحِ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ واگر تو سائی بحق توریت و موسیٰ واگر مغی بحق زبور و داؤد واگر گبروی بحق انجیل و عیسیٰ واگر مسلمانی بحق فرقان حمید و محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم و بحق جبرائیل و میکائیل و اسرافیل و عزرائیل و بحق عزۃ جلال خدا حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔

عزیمت نمبر دو یہ ہے۔

یَا جَبَّارُ یَا جَبَّارُ یَا جَبَّارُ

هٰذَا بِاَشَدِّ الْاَخْذِ بِحَقِّ تَوْرِيَتِ مُوسٰى وَاِنْجِيْلِ
عِيْسٰى وَزَبُوْرِ دَاوٗدَ وَفُرْقَانِ مُحَمَّدِ الْمُصْطَفٰى
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحَقِّ جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ
وَالْمُرْسَلِيْنَ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ
وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ۝ اَلَمْ اَعْهَدْ
اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ اِنَّهٗ لَكُمْ
عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝ ہر بلائے و آسیبے کہ در وجود فلاں ابن فلاں
مستولی و مزاحم شدہ باشد حاضر شود حاضر شود
فلاں ابن فلاں کی جگہ مریض اور اس کی ماں کا نام لینا
چاہیئے۔

آسیب وجن کو حاضر کرنے کی عزیمت

آسیب وجن کو حاضر کرنے کے لئے اس عزیمت کو باوضو گیارہ مرتبہ خوشبودار پھولوں پر دم کرکے مریض کو سنگھائیں انشاء اللہ تعالیٰ فوراً حاضر ہوگا۔ اس عزیمت کو عزیمت سلیمانی کہتے ہیں۔

عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ، عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ
فَتَحُلُّ لَكَ حَبِيْبِكَ حَبِيْبِكَ اَنْتُمْ صَفًّا صَفًّا
اَيْنَمَا اَيْنَمَا جَلَسْتُمْ جَلَسْتُمْ طَلَسْتُمْ سُوْدًا كَمِثْلِ كَهْدٍ
جَلْعَدًا جَلْعَدًا مَعْدًا مَعْدًا [illegible]

بِنَسِيًّا بِحَقِّ خَاتَمِ سُلَيْمَانَ اِنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا
السَّلَامُ اُحْضُرُوْا مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ
وَالْمَغَارِبِ مِنْ جَانِبِ الْاَيْمَنِ وَمِنْ جَانِبِ
الْاَيْسَرِ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ
وَبِحَقِّ عَرْشِ اللّٰهِ وَكُرْسِيِّهٖ۔

آسیب کو حاضر کرکے گفتگو کرنا

آسیب کو حاضر کرنے کیلئے مندرجہ ذیل عزیمت کو باوضو تین خوشبودار پھولوں پر سات مرتبہ پڑھ کر مریض کے سر پر پھول رکھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً آسیب حاضر ہو کر گفتگو کرے گا۔

عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ
يَا مَالِكَ الْاَرْوَاحِ نَفْطُوْسَ صَابِرْنَا اُحْضُرُوْا يَا
اَصْحَابَ الْجِنِّ وَالشَّيَاطِيْنِ مِنْ جَانِبِ الْاَيْسَرِ
وَالْاَيْمَنِ۔

آسیب کی حاضری کے لئے

آسیب کی حاضری کے لئے مندرجہ ذیل شکل باوضو بنائے اور اپنا حصار کرلے، جہاں کو توال جبنال لکھا ہے وہاں [illegible] کا نام دیدے جس میں شکل بنائی ہو

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

اور مریض سے کہے کہ عطر پر نظر جمائے رکھے خوشبودار پھول مریض کے پاس رکھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب حاضر ہوگا اور مریض اسے دیکھے گا اور بات کرے گا۔ مریض کی جن و آسیب سے قول و قرار کے بعد اسے جانے کی اجازت دے۔

شکل یہ ہے۔



آسیب کو حاضر کرنے کا عمل

آسیب کو حاضر کرنے کے لئے مندرجہ ذیل عزیمت کو باوضو تیرہ مرتبہ ہلدی، لہسن اور کالے بکرے کے بالوں پر پڑھ کر دم کریں پھر اس سے مریض کو دھونی دیں۔ انشاء اللہ

فوراً حاضری ہوگی۔

عزیمت یہ ہے۔

اَبْتَغِیْ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ اِسْتَفْتَحْ قُرَیْشٍ قُرَّۃَ قُرَّۃَ شَکْ شَکْ مَا شَکْ مَا بَرْ ثِیَا اُحْضُرُوْا یَا اَصْحَابَ الْجِنِّ وَالشَّیَاطِیْنِ مِنْ جَانِبِ الْاَیْمَنِ وَ الْاَیْسَرِ مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔

آسیب کو حاضر کرنے کے بعد عامل کو اختیار ہے کہ چاہے قول و قرار کے بعد آزاد کر دے یا قید کر دے یا جلا کر راکھ کر دے۔

آسیب و جن کو بھگانے، حاضر کرنے اور شرارت سے روکنے کا عمل

اوّل سورۃ قریش کی زکوٰۃ ادا کرے۔ طریقہ یہ ہے کہ ہر روز جمعرات بعد نمازِ عشاء تین ہزار ایک سو چھیس (۳۱۱۶) مرتبہ باوضو سورۃ قریش (پارہ ۳۰) روزانہ چالیس روز تک پڑھے، ترکِ حیوانات اور پرہیز جلالی کرے۔ چالیسویں روز فقیر میں تقسیم کرے اور ایصال ثواب کرے اس کے بعد جب چلہ پورا ہونے کے بعد ۲۱ مرتبہ روزانہ مذکورہ سورت پڑھتا رہے۔

سورۃ قریش کے عامل میں مندرجہ ذیل خصوصیات انشاء اللہ تعالیٰ پیدا ہوں گی۔

(۱) آسیب کی تاثیر ختم ہو جائے گی۔ (۲) جن زدہ کو اپنا سلام کہلا کر بھیجے گا

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

تو آسیب فوراً بھاگ جائے گا۔

② اگر سورۃ قریش عطر یا پھول پر سات مرتبہ دم کرکے مریض کو سنگھا دے گا تو آسیب فوراً حاضر ہو گا۔

③ اگر سات مرتبہ سورۃ قریش پانی پر دم کرکے آسیب زدہ کے اوپر چھینٹیں دے گا تو آسیب چیخے اور چلائیگا اور جل کر چلے گا۔

④ اگر عامل آسیب کو مریض ہی کے بدن میں قید کرنا چاہے تو تین گنڈے نیلے رنگ کے سات سات ڈورے کے سات گرہ کے ساتھ تیار کرے۔ اول گنڈا جو مریض کے گلے میں باندھا جائے گا اس میں درمیان کی تین گرہ تین چھندوں کی لگائے اور ہر گرہ پر گیارہ گیارہ مرتبہ ملکوں سورت پڑھ کر دم کرے باقی چار گرہ پر سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اسی طرح دو گنڈے اور تیار کرے اور انہیں مریض کے دائیں بائیں بازو پر باندھے۔ جب تک یہ گنڈے نہیں کھولے جائیں گے۔ آسیب فرار نہیں ہو سکے گا۔

⑤ اگر آسیب دوران گفتگو پریشان کر رہا ہو تو ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ سورۃ قریش پڑھ کر عطر یا پھول پر دم کرکے مریض کو سنگھائے انشاء اللہ تعالیٰ وہ عاجز اور تنگ ہو کر اطاعت کی راہ اختیار کرے گا۔

⑥ اگر کسی بھی مریض کو سورۃ قریش پانی پر گیارہ مرتبہ دم کرکے پلائے تو انشاء اللہ مریض کو ہر مرض سے نجات ملے گی

بندشِ آسیب و جن

آسیب و جن کو قید کرنا

جب کسی مریض کے سر پر عامل نے کسی آسیب و جن کو حاضر کیا ہو یا بذات خود آسیب و جن حاضر ہو اور اس کو قید کرنا ہو تو سرخ ریشم کا دھاگہ لے اور پھر سات تار کا ایک گنڈا بنائے اس طرح سات سات تار کے پانچ گنڈے بنالے اور ہر گنڈے پر سات گرہ لگائے۔ ہر گرہ پر مندرجہ ذیل آیت باوضو پڑھ کر دم کرکے پھر گرہ کو بند کرے۔ بوقتِ ضرورت ایک گنڈا مریض کے گلے میں باندھے، دوسرا داہنے بازو پر باندھے تیسرا بائیں بازو پر باندھے چوتھا گنڈا داہنے پیر میں اور پانچواں گنڈا بائیں پیر میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب و جن قید ہو گا اور راہِ فرار اختیار نہ کر سکے گا جب تک بندھے رہیں گے۔ آیت یہ ہے۔

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

آسیب و جنات کو قید کرنے کا عمل

آسیب و جنات کو قید کرنے کیلئے اس عزیمت کو باوضو

FREE AMLIYAAT BOOKS pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

پڑھیں۔ انتہائی مفید اور مجرب ہے۔ اگر مریض عورت ہے دائیں ہاتھ کی بیچ کی انگلی، دونوں انگلیوں کو اپنے سیدھے ہاتھ میں پکڑے اور اگر مریض مرد ہے تو اس کے داہنے ہاتھ کی مٹھی بند کرا کر اپنے ہاتھ میں اس کا داہاں ہاتھ پکڑے اور مندرجہ ذیل عزیمت کو سات مرتبہ باوضو پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ آسیب وجن قید ہوگا اور راہِ فرار اختیار نہ کر سکے گا۔

عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ مَا ذِکْرُ طَاهِرِیْنَ مِنْ کُلِّ اٰفَةٍ بِقُدُّوْدِیْهِ یَا رُوْحُ یَا قُدُّوْسُ بِحَقِّ سُلَیْمَانَ اِبْنِ دَاؤٗدَ عَلَیْهِ السَّلَام بند شو۔

حصار جس سے جن و آسیب بھاگ نہیں سکتا

اس حصار کو تین مرتبہ باوضو پڑھ کر چھری یا چاقو پر دم کر کے آسیب زدہ کے چاروں طرف حصار کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب بھاگنے نہ پائے گا۔ وہ حصار یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ گرد بگرد حصار دو ہزار حصار باد مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ گرد آن حصار بستم قفل لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ

رَّسُوْلُ اللّٰہِ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ۝

آسیب وجن کو حاضر ہونے کے بعد قید کرنا

FREE AMLIYAAT BOOKS.pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

مَنَعَنِیْ بِمَارَزَقْتَنِیْ وَلَا تَذْهَبْ طَلَبِیْ اِلٰی شَیْءٍ
مَنَعْتَنِیْ عَنِّیْ اَللّٰهُ اَکْبَرُ اَللّٰهُ اَکْبَرُ اَللّٰهُ اَکْبَرُ
بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی نَفْسِیْ وَدِیْنِیْ بِسْمِ اللّٰهِ اَهْلِیْ
وَمَالِیْ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ اَعْطَانِیْ
رَبِّیْ بِسْمِ اللّٰهِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ
الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ
اِسْمِهٖ شَیْءٌ وَّهُوَ بِسْمِ اللّٰهِ فَتَحْتُ وَعَلَی اللّٰهِ
تَوَکَّلْتُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِهٖ اَحَدًا
اَعُوْذُ بِکَ۔

نکسیر بند کرنے کا عمل

اگر کسی کی نکسیر جاری ہو جائے تو نکسیر والا خون نکسیر سے اپنی پیشانی پر اسم مبارک مکہ معظمہ شریف لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پھر کبھی نکسیر نہ ہوگی۔ وہ اسم معظم یہ ہے

مَکَّةُ وَسَطَ الدُّنْیَا وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ

نکسیر بند کرنا

اگر کسی کی ناک سے نکسیر کا خون جاری ہو جائے تو نکسیر کے خون سے یہ طلسم مریض کی پیشانی پر لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس طلسم کو لکھتے ہی خون بند ہو جائے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

دا د م طلم طلم کلم کلم کلم ط

بخار کے واسطے

اگر کسی کو بخار ہو اور بخار کی وجہ سے پریشان ہو تو یہ نقش باوضو لکھ کر مریض کو پانی میں گھول کر پلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار اتر جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰	۸	۱	۲۳
۲	۲۲	۲۱	۷
۲۵	۳	۶	۱۰
۵	۱۹	۲۴	۴

حج کا انتظام چار ماہ میں

اگر کوئی چاہتا ہو کہ وہ حج بیت اللہ شریف کو جائے لیکن حالات ایسے ہوں کہ حج کا انتظام مشکل نظر آتا ہو تو اس کو چاہیے کہ [illegible] مندرجہ ذیل آیت باوضو عشاء کی نماز کے بعد قبلہ کی طرف منہ کر کے پہلے مہینے میں اکیس ۲۱ روز کر کے چھوڑ دے پھر دوسرے مہینے میں چاند دیکھ کر

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

شروع کرے اور گیارہ دن کر کے چھوڑ دے نہ بڑھے اس کے بعد تیسرے مہینے میں چاند دیکھ کر شروع کرے اور صرف سات دن کرے چوتھے ماہ میں چاند دیکھ کر صرف پانچ دن پڑھے پھر چھوڑ دے۔ اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ ضرور بضرور حج بیت اللہ شریف کا سامان کر دے گا۔ مگر خلوص و محبت شرط ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ (العنکبوت ع ۷)

غیب سے حج و زیارت کا انتظام

جو شخص چاہے کہ اسے حج بیت اللہ شریف اور زیارت روضۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نصیب ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ آیت ذیل کو تین سو گیارہ (۳۱۱) بار باوضو بعد نماز عشاء چالیس روز تک مسلسل پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے حج و زیارت کا انتظام ہو جائے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝

(الفتح ع ۳)

سمندر یا دریا میں طوفان میں کشتی نہ ڈوبے
دریا کی طغیانی سے آبادی نہ ڈوبے

جس وقت سمندر میں طوفان آنے کا خوف ہو یا دریا میں سیلاب آنے کا ڈر ہو یا کشتی، لانچ، پانی کا جہاز ڈوبنے کا اندیشہ ہو تو یہ چودہ حروف نورانی لکھ کر دریا، سمندر میں ڈال دیں چلتے کنارے ہی پر ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ طوفان ٹل جائے گا اور جہاز لانچ اور کشتی ڈوبنے سے محفوظ رہے گی۔ اسی طرح آبادی سیلاب سے ڈوبنے سے بچ جائے گی۔ وہ چودہ نورانی حروف یہ ہیں۔ شرط یہ ہے کہ باوضو لکھے۔

كٓهٰيٰعٓصٓ۔ طٰسٓمٓ۔ قٓ۔ اٰلٓمٓ صٓ۔ رٰ۔ حٰمٓ۔ نٓ

مال و اسباب کو جلنے، ڈوبنے، چوری سے بچانا

اگر کوئی مسافر اپنے مال و اسباب کو جلنے، ڈوبنے اور چوری ہونے سے بچانا چاہتا ہے تو مندرجہ ذیل چودہ نورانی حروف کو باوضو لکھ کر اپنے مال (صندوق، تھیلے گٹھڑی) میں رکھے تو انشاء اللہ سامان جلنے، ڈوبنے، چوری ہونے سے محفوظ رہے گا۔ وہ چودہ نورانی حروف یہ ہیں۔ (اگلے صفحہ پر)

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

كٓهٰيٰعٓصٓ۔ طٰسٓمٓ۔ حٰمٓ۔ عٓسٓقٓ۔ نٓ

سفر سے صحیح سلامت واپس آنا

اگر کوئی شخص حج کے سفر پر جا رہا ہو یا اپنے تجارتی سفر یا سیر و تفریح کے سفر پر جا رہا ہے تو مندرجہ ذیل تعویذ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مرد اپنے دائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ عورت اپنے بائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سفر سے بحفاظت واپس گھر آجائے گا اور سفر میں ہر قسم کے حادثات، قتل و غارت گری، ڈوبنے، جلنے سے محفوظ رہے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قَالَ كَلَّا ۚ إِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ۔
إِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ۔
إِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ۔
إِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۔
كٓهٰيٰعٓصٓ۔ طٰسٓمٓ۔ حٰمٓ۔ عٓسٓقٓ۔ نٓ
يَا حَفِيْظُ۔ يَا حَفِيْظُ۔ يَا حَفِيْظُ۔ يَا حَفِيْظُ۔ يَا حَفِيْظُ۔ يَا حَفِيْظُ۔

مکان، کھیت، سامان کی حفاظت کے لئے

مسافر کو چاہئے کہ اپنا سامان اپنے مال باب

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بھائی بہن، بیٹا بیٹی، دوست ساتھی کے سپرد نہ کرے بلکہ اپنا سامان اپنے پاس رکھے۔ مندرجہ ذیل اسم مبارک سات مرتبہ پڑھ کر انگلی پر دم کرے اور اس انگلی کو سامان کے چاروں طرف گھما دے اسی طرح مکان یا کھیت یا دوکان کے چاروں طرف انگلی سے اشارہ کر دے انشاء اللہ تعالیٰ مکان، کھیت، دوکان، مال و اسباب چور، ڈاکو، اٹھائی گیرے سے محفوظ رہے گا۔ اگر چور ڈاکو آیا بھی تو خالی ہاتھ جائے گا۔ وہ لفظ یہ ہے۔

يَا رَقِيْبُ

اسی طرح اگر زیادہ خطرہ محسوس کریں تو اس اسم کے ساتھ سات بار آیۃ الکرسی بھی پڑھ کر انگلی پر دم کر کے کھیت مکان، مکان، مال و اسباب سب پر سات مرتبہ انگلی گھما کر اشارہ کر دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چور، ڈاکو، اٹھائی گیرہ، اس طرف نہیں آسکے گا اور تمام چیزیں محفوظ رہیں گی۔ اس طرح پڑھے۔

پہلی بار "يَا رَقِيْبُ" پڑھ کر انگلی پر دم کر کے انگلی گھما دے اسی طرح سات بار پڑھ کر سات بار انگلی پر دم کر کے انگلی گھما دے۔ اسی طرح اس کے بعد آیۃ الکرسی سات بار پڑھے اور ایک دفعہ پڑھ کر انگلی پر دم کر کے انگلی گھما دے اس کے بعد دوسری بار پڑھے اور انگلی پر دم کر کے انگلی گھما دے اسی طرح سات بار پڑھ کر

سات بار انگلی گھمادے۔ آیۃ الکرسی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ۚ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ۚ وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

بدامنی سے حفاظت اھل خانہ کی حفاظت کیلئے

اگر کوئی شخص سفر پر گیا ہو اور اس کے گاؤں، شہر، بستی میں دشمن نے حملہ کر دیا ہو یا بدامنی پیدا ہو گئی ہو۔ لوٹ مار، غارت گری، قتل و خون ہو رہا ہو چار ٹھیکری کو ایسے پکائے کی جس کو پانی نہ لگا ہو لے اور ہر ٹھیکری پر یہ عبارت باوضو لکھے اور کھیت، باغ، دوکان، مکان، چھپر، یا جہاں ٹھہرے ہوتے ہیں جنگل وغیرہ میں چور ڈاکو کا ڈر ہے تو یہ چاروں ٹھیکریاں چاروں کونوں میں دفن کر دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ جگہ ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گی۔ وہ عبارت یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

یَا رَقِیْبُ یَا رَقِیْبُ یَا رَقِیْبُ یَا رَقِیْبُ
یَا رَقِیْبُ یَا رَقِیْبُ یَا رَقِیْبُ
اَللّٰہُ بَاقِیْ اَللّٰہُ بَاقِیْ اَللّٰہُ بَاقِیْ

بدامنی، چوری، ڈاکہ سے حفاظت کا عمل

اگر کوئی شخص حج پر جا رہا ہے یا کسی سفر تجارت کے لئے گھر سے رخصت ہو رہا ہے تو گھر والوں کی چوری، ڈاکہ، قتل، زنا، اغواء، بیماری، ہوائی حملے اور توپ بندوق، راکٹ، گولی، تلوار، چاقو، دشمن سے حفاظت کے لئے سب اھل خانہ کو جمع کرے اور ایک جگہ بٹھا کر باوضو یَا رَقِیْبُ سات بار پڑھے اور سب گھر والوں کے اوپر دم کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جب واپس گھر آئے گا تو سب گھر والے زندہ سلامت ہوں گے یہ عمل بہت آسان اور بڑا مجرب ہے۔

اھل خانہ کو چوری، بدامنی، قتل، فساد، زنا سے محفوظ کرنا

اگر کوئی شخص سفر پر جانے والا ہے۔ حج کے لئے جا رہا ہے یا عمرہ کے لئے جا رہا ہے یا سفر تجارت کے لئے یا بیرون ملک روزگار کے سلسلہ میں جا رہا ہے اور چاہتا ہے کہ گھر ہر طرح کے شر و فساد سے محفوظ رہے تو یہ آیت باوضو لکھ کر مکان کے باہر کے دروازے پر لگا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گھر

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ہر قسم کے شر و فساد اور چوری، بدامنی، قتل، زنا، ڈاکہ، ظلم اور آگ سے جلنے پانی میں ڈوبنے سے محفوظ رہے گا۔
وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ رَبِّ اجْعَلْ
ھٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَھْلَہٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ
اٰمَنَ مِنْھُمْ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ۔
وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَیْتَ مَثَابَۃً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا
یَا وَکِیْلُ یَا وَکِیْلُ یَا وَکِیْلُ یَا وَکِیْلُ یَا وَکِیْلُ
یَا وَکِیْلُ یَا وَکِیْلُ

نظر بد

اگر کسی مرد، عورت، بچہ، گائے، بھینس، بکری، گھوڑا بیل، باغ، مکان، کھیت کو نظر بد لگ گئی ہو تو مندرجہ ذیل آیت سات بار پڑھ کر دم کریں یا سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں اور چھڑکیں یہ عمل تین بار کرنے سے شفا ہوگی۔
نظر بد سے حفاظت کے لئے یہ آیت سات بار کاغذ پر باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں۔ اور باغ کھیت مکان میں باوضو لکھ کر لگائیں۔ اور یہی آیت سات بار باوضو لکھ کر مال اسباب کے اندر [illegible] نظر بد کا اثر ختم ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ وَعَلٰی سَمْعِھِمْ

وَعَلٰٓی اَبْصَارِھِمْ غِشَاوَۃٌ وَّلَھُمْ عَذَابٌ
عَظِیْمٌ ۔

پرانا زخم، ناسور، پھوڑا پھنسی کا علاج

اگر کوئی شخص پھوڑے پھنسی میں مبتلا ہو یا ناسور، پرانا زخم، بواسیر، نواسیر ہو اور ڈاکٹروں، حکیموں سے اچھا نہ ہوتا ہو اور عاجز اور لاچار ہو گئے ہوں تو اس آیت کو ایک ہزار گیارہ (۱۰۱۱) بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ پانی زخم پر لگائے اور اسی پانی کو پیئے اور دوائی پر دم کر کے وہ دوائی زخم پر لگائے۔ یہ عمل چالیس دن کرے اور روزانہ تازہ پانی لے۔ نل کا پانی لے، نہر، دریا، کنویں پیشے کا پانی لے۔ گھر میں رکھا ہوا پانی نہ لے۔ روزانہ ایک مٹکا بھر کر یا بالٹی بھر کر پانی لائے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ مُسَلَّمَۃٌ لَّا شِیَۃَ فِیْھَا

سامان کی حفاظت کے لئے

اگر کوئی صاحب اپنا سامان جانے سے پہلے بھیجنا چاہتا ہے یا کوئی تاجر کہیں اپنا مال ہوائی جہاز، پانی کے جہاز، ریل، [illegible] بھیجنا چاہتا ہے اور اس میں مال چوری ہونے کا ڈر ہے تو ایک کاغذ پر تین مرتبہ یہ آیت باوضو لکھ کر مال و اسباب میں رکھ دے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

انشاء اللہ تعالیٰ وہ سامان کبھی گم نہ ہوگا اور صحیح وسلامت منزلِ مقصود تک پہنچ جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ۝

جنگل بیابان میں سفر کرتا

اگر کوئی شخص جنگل بیابان میں سفر کر رہا ہو یا جنگل میں کام کرتا ہے وہاں موذی جانوروں سے خطرہ ہے تو جنگل میں داخل ہوتے وقت یہ آیت پڑھنا شروع کر دے اور پڑھتا چلا جائے اور آگے بڑھتا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے موذی جانور سے محفوظ رہے گا۔ کوئی درندہ، سانپ، بچھو نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ یا یہ آیت کاغذ پر باوضو تین بار لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ۝

ہر قسم کے مال واسباب کی حفاظت

اگر کوئی شخص سفر کے وقت تانگے، موٹر، ریل، ہوائی جہاز، لانچ، پانی کے جہاز میں سوار ہوتے وقت

سات بار پڑھے۔

یَاھُوَ

اور تین بار یہ آیت پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے حادثے، چوٹ، زخم سے محفوظ رہے گا اور حادثاتی موت سے محفوظ رہے گا۔

مال واسباب اور روپیہ کی حفاظت کے لئے

ہر قسم کے مال واسباب، روپیہ، رقم اور سامان کی حفاظت کے لئے یہ آیت باوضو تین بار لکھ کر رکھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مال واسباب اور روپیہ، ڈاکو، چور پولیس والے کی لوٹ مار سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

كَلَّا بَلْ ۛ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ۝ ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيْمِ ۝

سفر میں تھکاوٹ سے حفاظت

اگر کوئی شخص سفر کر رہا ہو اور اسے دور تک پیدل چلنا ہے تو یہ نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

دائیں بازو میں باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زیادہ قوت وطاقت پیدا ہوگی۔ اگر پیدل چلنے والے کو تھکان کا زیادہ ڈر ہو تو یہ نقش باوضو لکھ کر سر میں، بازو پر اور گلے میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ تھکان، بیماری اور کمزوری سے محفوظ رہے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۴۸۴

قادر	قائم	قوی	مقتدر
قوی	مقتدر	قادر	قائم
مقتدر	قوی	قائم	قادر
قائم	قادر	مقتدر	قوی

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

آسیب کا خلل دور کرنا

اگر کسی عورت، مرد، بچے، بچی پر آسیب کا خلل ہو اور وہ اسے ستاتا ہو اس آسیب کو دفع کرنے کے لئے مریض کے بائیں کان میں یہ آیت آواز کے ساتھ سات بار پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ

آسیب بھاگ جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَیْمٰنَ وَاَلْقَیْنَا عَلٰی کُرْسِیِّہٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۔

آسیب کو دفع کرنا

جس شخص پر آسیب آتا ہو اور تکلیف اور رنج پہنچاتا ہو تو یہ آیات بار بار مسلسل پڑھ پڑھ کر آسیب زدہ شخص کے چہرے پر دم کرے اور یہی آیات باوضو اکیس بار پانی پر دم کر کے آسیب زدہ کو وہ پانی پلائے انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اِذْ قَالَ یُوْسُفُ لِاَبِیْہِ یٰٓاَبَتِ اِنِّیْ رَاَیْتُ اَحَدَ عَشَرَ کَوْکَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَیْتُھُمْ لِیْ سٰجِدِیْنَ ۔ یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ۔ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۔

آسیب کو بھگانے کا فتیلہ

اس نقش کو باوضو لکھے اور گول پیٹ کر فتیلہ بنائے اور جلائے اور دھواں اس کا آسیب زدہ کی ناک میں پہنچائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بھاگ جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۵۵۶

۵۵۶	۵۵۱	۵۵۸
۵۵۷	۵۵۵	۵۵۳
۵۵۲	۵۵۹	۵۵۴

برائے دفع آسیب

اگر کسی کو آسیب ستاتا ہو یا بار بار حاضر ہو کر پریشان کرتا ہو تو اس فتیلہ کو باوضو لکھے اور اس کو لپیٹ کر اس پر روئی لپیٹ لے اور کورے مٹی کے چراغ میں جس میں پانی نہ لگا ہو۔ سرسوں کا تیل ڈال کر فتیلہ جلائے۔ مریض کو وضو کرا کے پاک چادر یا مصلے پر بٹھا دے۔ مریض کا منہ قبلے کی طرف ہو اور چراغ کی طرف دیکھتا رہے اور ایک آدمی پاک صاف باوضو مریض کے پاس بیٹھا رہے کہیں جنات مریض کے کپڑوں میں آگ نہ لگا دے۔ اسی لئے چراغ اونچی جگہ دور رکھنا چاہیئے۔ جب تک مکمل فائدہ نہ ہو چراغ جلاتا رہے۔ یہ عمل تیسرے دن یعنی ایک دن چھوڑ کر کرے روزانہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جنات بھاگ جائے گا دوسرا عمل کرنا ہو تو کر لے گا بہت مجرب عمل ہے۔

فتیلہ یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

۸	۱۰	۲
۹	۴	۷
۳	۶	۱۱

بسو ختم دیوان و پریاں و
جنیاں و کفاراں بہراں و کراں
از نظر بد جناتاں

۳	۱۱	۶
۹	۷	۴
۸	۲	۱۰

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

قرض سے نجات کے لئے

اگر کسی شخص پر قرض کا بوجھ پڑ گیا ہو اور قرض نہیں اترتا طبیعت ہر وقت پریشان رہتی ہو تو مندرجہ ذیل دعا بعد نماز عشاء ایک سو گیارہ (۱۱) بار پڑھے اول گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر یہ دعا باوضو پڑھے پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی قرض ادا ہو جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

علم حاصل کرنے کے لئے

اگر کوئی بچہ بدشوق ہو یا پڑھنے سے جی چراتا ہو تو مندرجہ ذیل آیات باوضو اکتالیس بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے بچہ کو پلائیں۔ وہ آیات یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۙ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ ۙ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ۙ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۔

اس کے بعد اکتالیس بار "اَلَمْ نَشْرَحْ" پوری سورت پڑھ کر بچے کے سینہ پر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پڑھنے کا شوق پیدا ہوگا۔ اور بچہ زیور علم سے آراستہ ہوگا۔

سورۃ "اَلَمْ نَشْرَحْ" یہ ہے۔

سُوْرَةُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۙ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۙ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۙ

دردِ سر کے لئے

اگر کسی کے سر میں درد رہتا ہو یا اکثر سر میں درد ہو جاتا ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے مریض کے سر میں باندھ دیں انشاء اللہ تعالیٰ دردِ سر سے آرام ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یَا حَیُّ	یَا اَللّٰہُ	یَا وَھَّابُ
یَا جَامِعُ	یَا هَادِیُ	یَا مُعِزُّ
یَا نَافِعُ	یَا ظَاهِرُ	یَا مُبْدِئُ

الٰہی سر درد کو شفا ہو بسنہ وکرمہ

برائے چیچک

اگر کسی کو چیچک نکلنے کے آثار ہوں یا نکل آئی ہو تو باوضو یہ تعویذ لکھیں اور موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈالنے سے قبل سوا پانچ روپے خیرات کریں پھر تعویذ گلے میں ڈالیں وہ تعویذ یہ ہے۔



FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

پھوڑے پھنسی منہ بند پھوڑے کا علاج

اگر کسی کو پھوڑے پھنسی نکل آتے ہوں یا ایسا پھوڑا ہو جس کا منہ بند ہو اس کے لئے باوضو پاک مٹی کا ایک ڈھیلا لیں اور اس پر سات بار یہ دعا پڑھ کر اس طرح پھونکیں کہ تھوک بھی مٹی میں شامل ہو جائے۔ وہ مٹی کوٹ پیس کر تھوڑا پانی ملا کر روزانہ پھوڑا پھنسی اور منہ بند پھوڑے پر لگائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی پھوڑے پھنسی سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ تُرْبَۃُ اَرْضِنَا بِرِیْقَۃِ بَعْضِنَا یُشْفٰی سَقِیْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا۔

خواب میں ڈرنا، جن، آسیب یا پری کا سایہ جادو، سفلی، ٹونا

اگر کسی پر جن کا اثر ہو گیا ہو یا پری کا سایہ ہو یا جادو اور سفلی ٹونے کا ڈر ہے یا رات میں خواب میں ڈرتا ہے اس کے لئے مندرجہ ذیل تعویذ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ تعویذ کو کالے یا نیلے کپڑے میں سی کر ڈالے یا موچی سے ہاتھ پاک کرا کے کالے چمڑے میں سلوا لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن، پری کا سایہ دور ہوگا۔ جادو، سفلی، ٹونا یا خواب میں ڈرنا ختم ہو جائے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ مِنْ شَرِّ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنَ اِنَّہٗ ھُوَ اَشْرَاھِیَا۔ اَللّٰہُ حَافِظِیْ اَللّٰہُ نَاظِرِیْ اَللّٰہُ مَعِیْ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ۔

استخارہ یعنی ہر قسم کی بات معلوم کرنا

اگر کسی شخص کو کسی کام میں استخارہ منظور ہو تو وہ جمعرات کا روزہ رکھے شام کو روزہ کھول کر اول وقت عشاء کی نماز پڑھ کر گیارہ بار یہ آیت پڑھے۔

سُبْحٰنَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ۝ وَسَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

اس آیت کے بعد گیارہ سو (۱۱۰۰) بار یہ کلمات پڑھے۔

یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ

اس کے بعد کسی سے بات نہ کرے اور دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ کر کے سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی رات کو خواب یا بیداری میں اچھا یا برا، صحیح یا غلط معلوم ہو جائے گا۔ یہ استخارہ مجرب ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

استخارہ کے ذریعہ کسی بات کا معلوم کرنا

اگر کسی شخص کو استخارہ کے ذریعہ کوئی بات معلوم کرنی ہو تو جمعہ کی رات (جمعرات کے بعد اور جمعہ کے دن سے پہلے جو رات ہے وہ شب جمعہ یعنی جمعہ کی رات ہے) کو عشاء کی نماز کے بعد مسجد میں جا کر باوضو سو بار

یَا عَلِیْمُ

پڑھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پہلی ہی رات میں اچھا یا برا معلوم ہو جائے گا۔ اگر پہلی رات میں معلوم نہ ہو تو چند دن اور کرلے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد اچھائی، برائی معلوم ہو جائے گی۔

استخارہ برائے اچھائی برائی کام کی

اگر کسی کام کی اچھائی برائی معلوم کرنی ہو تو عشاء کی نماز کے بعد باوضو قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھ کر نہایت کثرت سے پڑھے۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا بَدِیْعُ

ان کلمات کو اس کثرت سے پڑھے کہ [illegible] سو جائے۔ جو کچھ نیت کرے گا اس کا اچھا یا برا ہونا خواب میں نظر آئے گا۔

دشمن کی چغلی اور برائی سے حفاظت

دشمن بعض مرتبہ حسد کے سبب چغلی کر کے نقصان پہنچانا چاہتا ہے یا برائی کر کے خود کوئی فائدہ اٹھانا چاہتا ہے۔ اس کے شر و فتنہ سے حفاظت کے لئے ہر نماز کے بعد یہ آیت سات بار پڑھے۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے۔ وہ آیت یہ ہے۔

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِہٖ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ۔

اس عمل کی برکت سے کوئی حاسد اس کی برائی اور چغلی نہ کر سکے گا اگر کرے گا بھی تو ناکام رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

عام لوگوں کا شر و فساد بند کرنا اور خراب ٹولے کا منتشر کرنا

اگر شریر، بدمعاش، غنڈوں، شرابیوں، جوئے بازوں، زنا کاروں، تاج راگ کرنے والوں یا آوارہ لڑکوں نے پارٹیاں بنا رکھی ہوں اور لوگوں کا سکون برباد کر رکھا ہو اور اہل محلہ اور اہل بستی ان سے تنگ ہوں تو ایسی ٹولی کو پراگندہ [illegible] کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو تین سو ستائیس (۳۲۷) بار پڑھ کر ایک بیر یا جوے پر دم کر کے ویران جنگل میں جا کر زور سے پھینک دے۔ سات روز تک

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

مسلسل یہی عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بدمعاشوں کی ٹولیاں بکھر جائیں گے۔ درمیان میں ناغہ نہ کرے۔ وہ آیت یہ ہے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ وَقِیْلِہٖ اِنْ ھٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا یُؤْمِنُوْنَ ۝ فَاصْفَحْ عَنْھُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ۚ فَسَوْفَ یَعْلَمُوْنَ ۝

اگر کوئی مکان، دوکان یا جگہ، عہدہ، لوگوں کی ناجائز ٹولی کا قبضہ ہو تو اس سے ناجائز قبضہ ہٹانا

اگر کسی نے مکان یا دوکان پر ناجائز قبضہ کر رکھا ہے یا کوئی شخص عہدہ سے ناجائز ظلم کر رہا ہے اور لوگوں کو ستاتا ہے یا لوگوں کی ٹولی بے جا ظلم کرتی ہے یا عورت مرد میں ناجائز دوستی ہے اس کو ختم کرانا ہے تو مندرجہ ذیل آیات باوضو کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے ایک لمبا کالا دھاگہ یا کپڑے کا ٹکڑا تقریباً پانچ چھ انچ لمبا باندھے اور جنگل میں کیکر نیم، ببکائن یا ڈیک کے درخت میں اس طرح باندھے کہ پانچ چھ انچ درخت سے نیچے لٹکتا رہے۔ جوں جوں ہوا سے ہلے گا۔ ان کا دل اکھڑے گا اور چلا جائے گا پھر نہ آئے گا اگر عہدہ دار ہے تو یا تو تبادلہ ہو جائے گا یا عہدہ سے معزول ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ وہ آیات یہ ہیں۔

یَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَۃُ ۝ تَتْبَعُھَا الرَّادِفَۃُ ۝ قُلُوْبٌ یَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَۃٌ ۝ اَبْصَارُھَا خَاشِعَۃٌ ۝ یَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِی الْحَافِرَۃِ ۝ ءَاِذَا کُنَّا عِظَامًا نَّخِرَۃً ۝ قَالُوْا تِلْکَ اِذًا کَرَّۃٌ خَاسِرَۃٌ ۝ فَاِنَّمَا ھِیَ زَجْرَۃٌ وَّاحِدَۃٌ ۝ فَاِذَا ھُمْ بِالسَّاھِرَۃِ ۝

اس آیت کے نیچے ان لوگوں کا نام معہ والد کے نام کے ساتھ اگر عورت ہے تو والدہ کے نام کے ساتھ لکھے۔ مثلاً اس طرح

الٰہی فلاں بن فلاں کا دل فلاں (دوکان، جگہ، مکان، پارٹی، عورت) سے اکھڑ جائے اور بد دل ہو جائے۔ آمین۔

اسی طرح اگر تین روز مسلسل ان ہی آیتوں کو اکتالیس بار پڑھ کر کسی چیز پر یا پانی وغیرہ پر دم کر کے پلا یا جائے تباہی یہ مقصد حاصل ہو جائے گا۔

تنبیہ: یہ عمل صرف انتہائی مجبوری اور جائز کام کے لئے کرنے کی اجازت ہے۔ بلکہ اس عمل کے کرنے سے قبل کسی نیک عالم دین سے مشورہ کر لے۔ ناجائز کام کے لئے یا کسی کو حسد کے سبب برباد کرنے کی کوشش کرے گا تو نقصان اٹھائے گا اور بالکل کامیاب نہ ہو گا۔

عیاش اور زناکاروں میں جدائی اور دشمنوں میں پھوٹ، بگاڑ

اگر کوئی لڑکا، لڑکی زناکاری میں مبتلا ہیں یا لڑکی [illegible] آپ وغیرہ سے زبان چلاتی ہے، ان کو اس برے کام سے روکنے کے لئے آدھ کلو وزن کا لوہا صاف ستھرا لے اور اسے دھو کر پاک کر لے اور اس کو

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

آگ میں تپا کر سرخ کرلے۔ پھر لوہا پکڑ کر کہے اے اللہ جس طرح پانی سے لوہا ٹھنڈا ہوتا ہے اسی طرح اس (فلاں بن فلاں یا فلانہ بنت فلانہ) کا دل (فلانہ بنت فلانہ یا فلاں بن فلاں) سے سرد ہو جائے اور محبت کی آگ بالکل ٹھنڈی ہو جائے۔ اگر زبان بندی کرنی ہے تو کہے فلانہ بنت فلانہ کی زبان بے جا بکواس سے بند ہو جائے صرف جائز بات کے لئے کھلے یہ بات تین بار کہیں پھر وہ سرخ لوہا پانچ کلو پاک صاف پانی میں ڈال کر ٹھنڈا کرلے۔ اور سات سو چیاسی (۷۸۶) بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر اس پانی پر دم کریں اور وہ پانی لڑکے یا لڑکی کو پلائیں۔ اور چہرے اور دل پر چھڑکیں تین روز تک یہ عمل کریں۔ ناغہ نہ کریں۔ پانی صبح ناشتہ سے قبل، دوپہر کو کھانے سے قبل اور رات کو سوتے وقت پلائیں۔ اور چہرے اور دل پر بھی چھڑکیں انشاء اللہ تعالیٰ سچی توبہ کرکے والدین کی اطاعت و فرمانبرداری کرنے لگے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

تنبیہ: یہ عمل صرف جائز مقصد کے لئے کرنا ہے۔ ناجائز کسی کو نقصان پہنچانے لئے کرے گا یا میاں بیوی کی محبت ختم کرنے کے لئے کرے گا تو نقصان اٹھائے گا اور اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہوگا۔ لہٰذا احتیاط ضروری ہے۔

دو دشمنوں میں پھوٹ ڈالنا

اگر دو آدمی ایسے ہیں جو سب کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ خاندان میں تفرقہ ڈلواتے ہیں ان کو لڑواتے ہیں اور طرح طرح سے لوگوں کو نقصان پہنچاتے ہیں ایسے لوگوں میں جدائی پیدا کرنے اور پھوٹ ڈالنے کے لئے یہ آیات باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر اور لپیٹ کر دونوں میں سے کسی ایک کے تکیہ کے اندر رکھ دیں۔ اور اس کے نیچے لکھیں کہ فلاں بن فلاں، فلاں بن فلاں سے جدا ہو جائے اور آپس میں شدید رنجش ہو جائے۔ چند دن میں اللہ تعالیٰ کے حکم سے شدید اختلاف پیدا ہو جائے گا اور وہ ایک دوسرے کی شکل سے بھی نفرت کرنے لگیں گے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ ۝ وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ ۝ وَصَاحِبَتِهِ وَبَنِيهِ ۝ لِكُلِّ امْرِئٍ مِنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُغْنِيهِ ۝

تنبیہ: یہ عمل صرف جائز کام کے لئے ہے۔ اگر غلط طور پر استعمال کرے گا نقصان اٹھائے گا اور کامیاب نہ ہوگا۔ لہٰذا مصیبت سے بچنے کا بہتر طریقہ یہی ہے کہ جائز مقصد کے لئے کریں۔ ناجائز سے پرہیز کریں۔

دو دشمنوں میں پھوٹ ڈالنے کے لئے

اگر دو شخص یا چند اشخاص لوگوں کے لئے پریشانی کا

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

سیب ہوں اور لوگ ان کی غلط حرکتوں سے عاجز ہوں تو اُن کے درمیان پھوٹ ڈالنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو ہفتہ کے دن زوال کے وقت لکھ کر کوری ہانڈی میں ڈال کر جلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں میں پھوٹ پیدا ہو جائے گی اور وہ ایک دوسرے سے بیزار ہو جائیں گے۔ وہ نقش یہ ہے۔

البغض وانصرف محبتهم

۱۴۶۰	۱۴۷۱	۱۴۷۴	۱۴۶۲
۱۴۷۲	۱۴۶۶	۱۴۶۱	۱۴۷۳
۱۴۶۵	۱۴۶۹	۱۴۷۶	۱۴۶۳
۱۴۷۵	۱۴۶۳	۱۴۶۴	۱۴۷۰

فلان بن فلان البغض فلان بن فلان

تنبیہ: یہ عمل صرف جائز مقصد کے لئے کرنا ہے غلط کام کے لئے کرے گا تو الٹنے کا خطرہ ہے لہٰذا احتیاط سے عمل کریں اور صرف جائز جگہ استعمال کریں۔

جنگ وجہاد میں حفاظتی نقش

یہ نقش جنگ وجہاد کے لئے بہت حفاظتی ہے جہاد پر جانے والے جھنڈے پر باوضو سفید کاغذ پر لکھ کر لگایا جائے۔ انشاء اللہ مسلمان اس جہاد میں کامیاب

ہوں گے اور اسلام کو فتح حاصل ہوگی اور کفر کو جانی ومالی نقصان کے ساتھ شکست ہوگی۔ اس لئے ہر مجاہد، غازی کو اپنے ہتھیار پر یہ تعویذ موم جامہ کر کے باندھے اور جھنڈے پر اُس کو دھاگے سے سی لے یا گوند سے چپکا لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مجاہدین کا حوصلہ قائم رہے گا اور کفار کو عبرتناک شکست ہوگی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى ۘ اِذْ قَالُوْا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ۭ قَالُوْا وَمَا لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَاَبْنَاۗىِٕنَا ۭ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝

مجاہد کا زندہ سلامت واپس آنا

اگر کوئی شخص حاکم وقت کی طرف سے کسی لڑائی یا جنگ میں بھیجا جائے اور وہ چاہتا ہو کہ بحفاظت گھر واپس [illegible]

یا معید

پڑھتا رہے۔ اور باوضو ایک سو ایک بار اسی لفظ کو

FREE AMLIYAAT BOOKS.pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے تو اس جنگ یا جہاد میں اس کو کوئی رنج و غم ہرگز نہ پہنچے گا۔ وہ ہر قسم کی آفتوں سے صحیح وسلامت زندہ واپس آئے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

جنگ وجہاد میں ہر طرح محفوظ رہنا

جو شخص مکمل سورۂ ھود (پ ۱۱ رکوع ۱۰) خوش خط تمام الگ الگ حرف میں باوضو لکھ کر اپنے پاس موم جامہ کر کے رکھے گا (گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھ لے) تو انشاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہے گا چلتے پھرتے ہی گھمسان کی جنگ ہو رہی ہو اس کو کوئی رنج و غم ہرگز نہ پہنچے گا اور وہ زندہ سلامت ہر طرح صحیح وسالم واپس اپنے گھر آئے گا۔

برائے اٹھرا (سوکھا، بچے مرجاتے ہوں)

مندرجہ ذیل تعویذ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ سوکھے کے مرض سے محفوظ رہے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَکَفٰی بِاللّٰہِ۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَلَّا اِنَّہُمْ لَیَثْنُوْنَ صُدُوْرَہُمْ لِیَسْتَخْفُوْا مِنْہُ اَلَا حِیْنَ یَسْتَغْشُوْنَ ثِیَابَہُمْ یَعْلَمُ مَا یُسِرُّوْنَ وَمَا یُعْلِنُوْنَ اِنَّہٗ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ۔ وَمَا مِنْ دَآبَّۃٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ رِزْقُہَا وَیَعْلَمُ مُسْتَقَرَّہَا وَمُسْتَوْدَعَہَا کُلٌّ فِیْ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ۔ وَہُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ وَّکَانَ عَرْشُہٗ عَلَی الْمَآءِ لِیَبْلُوَکُمْ اَیُّکُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّکُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْ بَعْدِ الْمَوْتِ لَیَقُوْلَنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اِنْ ہٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ۔ وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْہُمُ الْعَذَابَ اِلٰٓی اُمَّۃٍ مَّعْدُوْدَۃٍ لَّیَقُوْلُنَّ مَا یَحْبِسُہٗ اَلَا یَوْمَ یَاْتِیْہِمْ لَیْسَ مَصْرُوْفًا عَنْہُمْ وَحَاقَ بِہِمْ مَّا کَانُوْا بِہٖ یَسْتَہْزِءُوْنَ۔ وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَۃً ثُمَّ نَزَعْنٰہَا مِنْہُ اِنَّہٗ لَیَئُوْسٌ کَفُوْرٌ۔ وَلَئِنْ اَذَقْنٰہُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْہُ لَیَقُوْلَنَّ ذَہَبَ السَّیِّاٰتُ عَنِّیْ اِنَّہٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ۔ اِلَّا الَّذِیْنَ صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِکَ لَہُمْ مَّغْفِرَۃٌ وَّاَجْرٌ کَبِیْرٌ۔ فَلَعَلَّکَ تَارِکٌ بَعْضَ مَا یُوْحٰٓی اِلَیْکَ وَضَآئِقٌ بِہٖ صَدْرُکَ اَنْ یَّقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَیْہِ کَنْزٌ اَوْ جَآءَ مَعَہٗ مَلَکٌ اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِیْرٌ وَّاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ وَّکِیْلٌ۔ اَمْ یَقُوْلُوْنَ افْتَرٰیہُ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِہٖ مُفْتَرَیٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ۔ فَاِلَّمْ یَسْتَجِیْبُوْا لَکُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰہِ وَاَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ فَہَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ۔ مَنْ کَانَ یُرِیْدُ الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا وَزِیْنَتَہَا نُوَفِّ اِلَیْہِمْ اَعْمَالَہُمْ فِیْہَا وَہُمْ فِیْہَا لَا یُبْخَسُوْنَ۔ اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ لَیْسَ لَہُمْ فِی الْاٰخِرَۃِ اِلَّا النَّارُ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِیْہَا وَبٰطِلٌ مَّا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ۔ اَفَمَنْ کَانَ عَلٰی بَیِّنَۃٍ مِّنْ رَّبِّہٖ وَیَتْلُوْہُ شَاہِدٌ مِّنْہُ وَمِنْ قَبْلِہٖ کِتٰبُ مُوْسٰٓی اِمَامًا وَّرَحْمَۃً اُولٰٓئِکَ یُؤْمِنُوْنَ بِہٖ وَمَنْ یَّکْفُرْ بِہٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُہٗ فَلَا تَکُ فِیْ مِرْیَۃٍ مِّنْہُ اِنَّہ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّکَ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یُؤْمِنُوْنَ۔ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا اُولٰٓئِکَ یُعْرَضُوْنَ عَلٰی رَبِّہِمْ وَیَقُوْلُ الْاَشْہَادُ ہٰٓؤُلَآءِ الَّذِیْنَ کَذَبُوْا عَلٰی رَبِّہِمْ اَلَا لَعْنَۃُ اللّٰہِ عَلَی الظّٰلِمِیْنَ۔ الَّذِیْنَ یَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَیَبْغُوْنَہَا عِوَجًا وَّہُمْ بِالْاٰخِرَۃِ ہُمْ کٰفِرُوْنَ۔ اُولٰٓئِکَ لَمْ یَکُوْنُوْا مُعْجِزِیْنَ فِی الْاَرْضِ وَمَا کَانَ لَہُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ مِنْ اَوْلِیَآءَ یُضٰعَفُ لَہُمُ الْعَذَابُ مَا کَانُوْا یَسْتَطِیْعُوْنَ السَّمْعَ وَمَا کَانُوْا یُبْصِرُوْنَ۔ اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَہُمْ وَضَلَّ عَنْہُمْ مَّا کَانُوْا یَفْتَرُوْنَ۔ لَا جَرَمَ اَنَّہُمْ فِی الْاٰخِرَۃِ ہُمُ الْاَخْسَرُوْنَ۔ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰی رَبِّہِمْ اُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ الْجَنَّۃِ ہُمْ فِیْہَا خٰلِدُوْنَ۔ مَثَلُ الْفَرِیْقَیْنِ کَالْاَعْمٰی وَالْاَصَمِّ وَالْبَصِیْرِ وَالسَّمِیْعِ ہَلْ یَسْتَوِیٰنِ مَثَلًا اَفَلَا تَذَکَّرُوْنَ۔

حفاظت حمل کے لئے

اگر کسی عورت کا حمل ضائع ہو جاتا ہو اور کسی طرح ٹھہرتا نہ ہو تو اس کے لئے باوضو مندرجہ ذیل نقش لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈالے اور عورت بچہ ہونے تک گلے میں ڈالے رہے اس کے بعد بچہ کے نقش گلے سے اتار کر بچہ کو غسل دے کر اس کے گلے میں ڈال دیا جائے اور یہ نقش اس کے گلے میں گیارہ سال کی عمر تک رہے گا۔ (وہ نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ
یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ
یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ
بحق جبریل	یَا قَیُّوْمُ	بحق میکائیل
یَا قَیُّوْمُ	یَا قَیُّوْمُ	یَا قَیُّوْمُ
بحق اسرافیل	یَا قَیُّوْمُ	بحق عزرائیل

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

حمل ساقط ہونا

اگر کسی عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو اور بار بار گر جاتا ہو تو اس کی حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل نقش زعفران سے باوضو لکھے اور بکری کے دودھ میں گھول کر عورت کو پلائے۔ یہ عمل اکتالیس دن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل گرنے سے محفوظ رہے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ

دشمن کو ذلیل وخوار کرنا

اگر کوئی دشمن بہت زیادہ شر و فساد پھیلانے والا ہو تو اس کو ذلیل و خوار کرنے کے لئے یہ آیت روزانہ ایک سو بار پڑھے اور اگر فجر کی نماز کے بعد سے مسلسل پڑھنا شروع کر دے تو انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل و خوار ہو گا اور نقصان [illegible] سکے گا۔ آیت یہ ہے۔

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

دشمن کو بھگانے کا عمل

جو شخص چاہے کہ اس کا دشمن دفع ہو جائے اور بھاگ جائے تو ہر نماز کے بعد

یَا قَهَّارُ

اکیس بار دشمن کا تصور کر کے پڑھے اور دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیاں الٹی کر لے یعنی ان کی پشت آسمان کی طرف کر لے اور ہاتھوں کے اوپر سے دشمن کے چہرے کا تصور کر کے پھونک مارے۔ دشمن ذلیل و خوار ہو کر بھاگ جائے گا یا معافی طلب کرے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اگر کوئی چیز گم ہو جائے

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے یا چوری ہو جائے تو ایک سو انیس بار

یَا حَفِيظُ

پڑھے روزانہ۔ انشاء اللہ تعالیٰ گم شدہ یا چوری کردہ چیز مل جائے گی۔

اسی طرح کثرت سے

يَا حَفِيظُ يَا عَلِيمُ يَا سَمِيعُ يَا مُجِيبُ

پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ گم شدہ چیز مل جائے گی۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.....
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

دشمن پر فتح، روزی میں برکت، قرضہ سے نجات

اگر کوئی شخص روزی کی کمی کے سبب پریشان ہو یا قرضہ کے بوجھ تلے دبا ہوا ہر وقت پریشان رہتا ہو یا دشمن اسے تنگ کرتے ہوں تو اول درود شریف گیارہ بار پڑھے۔ اس کے بعد یہ کلمات پڑھے اور آخر میں پھر درود شریف گیارہ بار پڑھے۔ کلمات کی تعداد بارہ سو پڑھنا ہے اور پڑھنے کا وقت نماز فجر کے بعد کا ہے۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ

آخر میں درود شریف پڑھنا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

پرانے بخار سے نجات کے لئے

اگر کسی کو کافی دراز عرصہ سے بخار آرہا ہو اور بخار جان نہ چھوڑتا ہو تو اس کے لئے یہ نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں باندھ دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا اور بخار سے نجات حاصل ہوگی وہ نقش یہ ہے۔

۴۸۶

یاکبیکیج	یاکبیکیج	یاکبیکیج
یاکبیکیج	یاکبیکیج	یاکبیکیج

چیچک سے حفاظت

یہ نقش سورۃ فاتحہ یعنی الحمد شریف کا ہے۔ جس بچے کو چیچک نکلنی شروع ہوئی ہو تو باوضو اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد شفا ہوگی اور چیچک سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۴۸۶

بسم اللہ الرحمٰن	الرحیم	الحمد للہ	رب العلمین
الرحمٰن الرحیم	ملک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین
اھدنا الصراط	المستقیم	صراط	الذین
انعمت علیھم	غیر المغضوب	علیھم	ولا الضالین

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بدہضمی سے نجات کا عمل

اگر کسی شخص کو کھانا ہضم نہ ہوتا ہو تو چاہیئے کہ اسم الٰہی "یَا بَاسِطُ" پڑھتے جائیں اور پیٹ پر ہاتھ پھیرتے جائیں۔ جب بدہضمی کا مرض ہو تو پھر یہ عمل کھانے کے بعد ہمیشہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیٹ کی تکلیف میں مبتلا نہ ہوگا۔ یہ نہایت مجرب عمل ہے۔ ہمیشہ عمل میں رکھیں۔

نظر بد سے بچے کی حفاظت

اگر کوئی شخص اس نقش کو چاندی کی تختی پر باوضو کندہ کرا کے (یعنی سونار کو وضو کرا کے یہ نقش کندہ کرائے) طفل نابالغ کے گلے میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نظر بد اور دیگر بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔ نہایت مجرب نقش ہے۔

وہ نقش یہ ہے۔

ال	ح	ف	و
۸۱	۵	[illegible]	[illegible]
۴	۷۸	۷۲	۳۳
۷۱	۳۳	۳	۷۹

مرگی کے مرض سے نجات

اگر کسی شخص کو مرگی کا مرض ہو تو چاہیئے کہ سفید مرغ یا سفید کبوتر کو ایک شخص ذبح کرے اور اسی وقت دوسرا شخص باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر یہ نقش لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت کاملہ حاصل ہوگی۔ وہ تعویذ یہ ہے۔



مرگی کا آسان علاج

[illegible] کسی کو مرگی کا مرض ہو تو اس کے لئے صبح سویرے روزانہ باوضو یہ دعا پڑھ کر مریض پر دم کیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے مرض

FREE AMLIYAAT BOOKS.... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

جلد ہی دفع ہو جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

چور کو دریافت کرنے کا عمل

اوّل سوا لاکھ (ایک لاکھ پچیس ہزار) بار آیۃ الکرسی پڑھ کر زکوٰۃ ادا کرے یہ عمل جتنے دن میں بھی پورا ہو۔ بس سوا لاکھ کی تعداد پوری کرنی ہے۔ اس کے بعد روزانہ سات بار آیۃ الکرسی پڑھ لیا کرے۔ ناغہ نہ کرے جیسے اگر مسلسل تین دن ناغہ کرے گا عمل ٹوٹ جائے گا، دوبارہ کرنا پڑے گا۔ جب زکوٰۃ ادا ہو جائے تو چور کو معلوم کرنے کے لئے صبح کے وقت ایک ٹوکری کے نیچے ایک جوان سفید مرغا یا سرخ مرغ رکھے اور باوضو سات بار آیۃ الکرسی پڑھ کر اس ٹوکری پر دم کرے اور جن جن لوگوں پر چوری کا گمان ہو ان میں ایک ایک آدمی کا ہاتھ الگ الگ باری باری اس ٹوکری پر رکھوا لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جو چور ہو گا اس کا ہاتھ ٹوکری کو لگتے ہی مرغ آواز دے گا۔ یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ صحیح چور کا پتہ لگ جاتا ہے۔

ف: یہ عمل محض اندازہ ہے۔ اس پر بالکل یقین

کر لینا متعلقہ شخص کو یقین کر کے چور سمجھ لینا شریعت کی رو سے منع ہے۔ لہٰذا احتیاط ضروری ہے۔

خلل آسیب دور کرنا

اگر کسی کو آسیب کا خلل ہو اور وہ چاہے کہ آسیب دفع ہو جائے تو چاہیئے کہ عامل آسیب زدہ مریض کے بائیں کان میں یہ آیت شریف باوضو پڑھ کر دم کرے (یعنی بائیں کان میں پھونک مار دے) انشاء اللہ تعالیٰ آسیب فوراً بھاگ جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَلَقَدْ فَتَنَّا [illegible] وَّاَلْقَیْنَا عَلٰی كُرْسِیِّہٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۝

آسیب کو بھگانے کا عمل

جس پر آسیب آتا ہو اور تکلیف پہنچاتا ہو اس کے لئے یہ آیت شریف باوضو پڑھ پڑھ کر آسیب زدہ مریض کے چہرہ پر دم کرے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب بھاگ جائے گا۔

[illegible] ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اِذْ قَالَ یُوْسُفُ لِاَبِیْہِ یٰٓاَبَتِ اِنِّیْ رَاَیْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّ

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ۝
يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ
تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝

برائے آسیب زدہ

آسیب کو بھگانے کے لئے باوضو یہ فتیلہ لکھے اور اس کو موڑ کر اس کا دھواں آسیب زدہ کی ناک میں پہنچائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب بھاگ جائے گا اور فریاد کرے گا۔ وہ نقش فتیلہ یہ ہے۔

۷۸۶

۵۵۳	۵۵۷	۵۵۵
۵۵۴	۵۵۲	۵۵۹
۵۵۸	۵۵۶	۵۵۱

بھوک نہ لگنا

اگر بچہ کو بھوک نہ لگتی ہو اور کھانے سے جی چراتا ہو تو اس کے لئے اول بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے اس کے بعد بارہ بار "یٰسٓ" پڑھ کر کھانے پر دم کریں اور بچے کو کھانے کو دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کو بھوک لگنے لگے گی اور چند دن یہ عمل کرنے سے بچہ کھانا کھانے لگے گا۔

بچوں کے دانت آسانی سے نکلنا

بچوں کے دانت بآسانی نکلنے کے لئے۔ یہ آیت پڑھ کر بچے پر دم کریں اور باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسانی سے دانت نکل آئیں گے۔ وہ آیت یہ ہے۔
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ الٓرٰ تِلْكَ
اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝

بھاگے ہوئے کا واپس آنا اور چوری گیا ہوا مال ملنا

اگر کوئی آدمی، جانور، ذکر، لڑکا، لڑکی، عورت گھر سے بھاگ گئے ہوں یا گھر میں چوری ہو گئی ہو تو مندرجہ ذیل آیت ایک گول کپڑے پر باوضو لکھ کر بھاگنے والے کا نام اور اس کی والدہ کا نام اس کے نیچے لکھ کر اس مکان میں کیل سے گاڑ دے جہاں سے مذکورہ شخص بھاگا ہے۔ اسی طرح جس مکان میں [illegible] آیت کے نیچے چور کا یا اگر چور کا نام معلوم نہیں ہے تو اس مال کا نام آیت کے نیچے لکھ دے اور اسی مکان میں لگا دے جہاں سے مال

FREE AMLIYAAT BOOKS.pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

چوری ہوا ہے انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا اور چوری شدہ مال واپس آجائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَلِکُلٍّ وِّجْھَۃٌ ھُوَ مُوَلِّیْھَا فَاسْتَبِقُوا الْخَیْرٰتِ ۝ اَیْنَ مَا تَکُوْنُوْا یَاْتِ بِکُمُ اللّٰہُ جَمِیْعًا ۝ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ ۝ قَدِیْرٌ ۝

ہر مقصد پورا ہونے کے لئے

اول گیارہ بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد ایک تسبیح یہ کلمات پڑھیں اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مقصد میں کامیابی ہوگی اور ہر مقصد پورا ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

سانپ کو گھر سے نکالنا

اگر کسی گھر میں اکثر سانپ نظر آتے ہوں تو یہ آیت باوضو ایک تسبیح پڑھے اور ریت پر دم کرکے وہ ریت گھر میں کونوں میں دبا دے یا کونوں میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام سانپ گھر سے چلے جائیں گے پھر نظر نہ آئیں گے۔ وہ آیت یہ ہے۔

سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ۝

پیٹ کے امراض کا علاج

اگر کسی کے پیٹ میں پتھری پیدا ہوگئی ہو یا زہر پیدا ہوگیا ہو تو اس کے لئے ایک تسبیح یہ کلمات پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ پانی مریض کو صبح کھانے سے قبل دوپہر کو کھانے سے قبل اور بعد نماز عصر اور بعد نماز عشاء کھانے کے بعد پلائیں۔ چالیس روز عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحتیاب ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

سر، پسلی، سینہ، کمر میں درد

اگر کسی کے سر، پسلی، سینہ، کمر میں درد ہو تو کوئی دوسرا شخص باوضو اپنی شہادت کی انگلی سے درد کی جگہ سات بار بغیر روشنائی کے اسم الٰہی لکھ دے۔

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ

پتی اچھلنا

اگر کسی کے بدن پر کسی وجہ سے پتی اچھل جائے تو اس کے لئے ایک گلاس پانی میں چینی گھول کر گیارہ مرتبہ باوضو

کُنْ فَیَکُوْنُ

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

پڑھ کر دم کرے اور مریض کو دن میں چار بار پلائیں۔ صبح، دوپہر، بعد عصر، سوتے وقت۔ اگر مرض میں تیزی ہو تو گیارہ دن یہ عمل کریں ورنہ چند دن میں مرض جاتا رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

بیت الخلاء میں حفاظت کے لئے

بیت الخلاء میں ہر قسم کے خبیث جنات شیاطین کا قبضہ ہوتا ہے اسی طرح موذی جانور بھی اندر چلے جاتے ہیں۔ ان سب سے حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل دعا بہت مفید ہے۔ بیت الخلاء میں داخل ہونے سے قبل جو شخص اس دعا کو ایک بار پڑھ لے گا وہ شخص شیاطین کے اثرات بد سے بالکل محفوظ رہے گا نیز سانپ کے کاٹنے اور بچھو کے ڈنک مارنے سے بچا رہے گا اسی طرح دیگر تمام موذی جانوروں کے نقصان پہنچانے سے حفاظت میں رہے گا چنانچہ ہر شخص کو محفوظ رہنے کے لئے اس دعا کو ہمیشہ معمول میں رکھنا چاہئے۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

جب بیت الخلاء سے فارغ ہو کر نکلے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ

سوتے وقت کا عمل جس کی برکت سے انسان ہر بلا اور بیماری سے محفوظ رہتا ہے

رات کو شیطان، ڈاکو، چور، ہر قسم کی بیماریوں کا حملہ ہوتا ہے۔ ان سب سے محفوظ رہنے کے لئے ضروری ہے کہ انسان اپنی حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل تین سورتیں قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پوری پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کرے اور اپنے تمام جسم پر پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام رات حفاظت الٰہی میں رہے گا۔

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ سورہ ہے

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ عَلَیْکَ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ ۙ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۚ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفَلَقِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

الْفٰثّٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ
إِذَا حَسَدَ ۝

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ یہ ہے
سُوْرَةُ النَّاسِ مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ إِلٰهِ النَّاسِ ۝
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ
يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ
وَالنَّاسِ ۝

چوری، قتل، ڈاکہ سے گھر اور اہل خانہ کی حفاظت

حضرت ابو ہریرہؓ صدقہ کی کھجوروں کا رات کو پہرہ دے رہے تھے ایک شخص آکر چوری کرنے لگا۔ آپ نے پکڑ لیا۔ اس نے منت سماجت کر کے جان چھڑائی۔ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پوچھا کہ تم نے رات کو اپنے قیدی کے ساتھ کیا کیا۔ انہوں نے عرض کیا اس کی باتوں پر عاجزی اور ضرورت پر رحم کر کے چھوڑ دیا۔ جب تین رات ایسا ہی ہوا۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا تم کو میں آلہ حضور اکرم [illegible] میں پیش کروں گا۔ اس نے کہا میں تم کو چند کلمات بتاتا ہوں ان کے پڑھنے سے تم کو نفع ہوگا اس نے کہا تم سونے لگو تو آیۃ الکرسی پڑھ لیا کرو تو تم پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک محافظ مقرر ہو جائے گا اور صبح تک تمہارے قریب کوئی شیطان نہ آسکے گا۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سارا قصہ سنایا۔ آپ نے فرمایا اس نے تم کو سچ بتایا مگر ہے وہ کذاب (یہ جھوٹا شیطان تھا مگر جان چھڑانے کے لئے سچی بات بتلا گیا)

اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ آیۃ الکرسی کا رات کو پڑھ کر سونا گھر کی حصار کا کام دیتا ہے۔ اس کی بدولت، چوری، ڈاکہ اور شیطانی اثرات سے حفاظت رہتی ہے۔

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ
اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَأْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ
لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۚ مَنْ
ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ إِلَّا بِإِذْنِهٖ ۚ يَعْلَمُ
مَا بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ
بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ إِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ
[illegible] ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا
وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

FREE AMLIYAAT BOOKS

https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

قتل سے محفوظ رہنے کی دُعا

علامہ ابن قیمؒ نے الجواب الکافی لمن سأل عن الدواء الشافی میں تحریر کیا ہے کہ ابو مغلق انصاریؒ جو متقی اور خدا تعالیٰ کی قدرت اور صفتوں پر کامل یقین رکھنے والے تھے ایک بار وہ مال تجارت لے کر سفر پر روانہ ہوئے راستہ میں ایک ڈاکو ملا اس نے ان سے سارا مال لے لیا پھر قتل کرنے پر آمادہ ہوا۔ حضرت انصاریؒ نے بہت کہا کہ مال لے لو مگر مجھے قتل نہ کرو۔ اس نے نہ مانا۔ پھر انہوں نے اس ڈاکو سے چار رکعت نماز نفل پڑھنے کی اجازت طلب کی جو اس نے منظور کرلی۔ انہوں نے بڑے خلوص اور عاجزی سے نماز پڑھی اور آخری سجدے میں یہ دعا کی۔ انہوں نے اس نماز کو زندگی کی آخری نماز سمجھ کر کس عاجزی اور خلوص سے پڑھی ہوگی۔ وہ دعا یہ ہے۔

يَا وَدُوْدُ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ يَا فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ۔ اَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ الَّذِيْ لَا يُرَامُ وَبِمُلْكِكَ الَّذِيْ لَا يُضَامُ وَبِنُوْرِكَ الَّذِيْ مَلَأَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ اَنْ تَكْفِيَنِيْ شَرَّ فُلَانٍ يَا مُغِيْثُ لِلْمُصِرِّيْنَ يَا مُغِيْثُ اَغِثْنِيْ يَا مُغِيْثُ اَغِثْنِيْ۔

جب ابو مغلقؒ سجدے میں یہ دعا کر رہے تھے کہ اچانک ایک سوار آیا اور نیزے سے اس ڈاکو کا کام تمام کر دیا۔ پھر ابو مغلقؒ کو کہا کہ سجدے سے سر اٹھالو۔ ابو مغلقؒ نے پوچھا کہ آپ کون ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں چوتھے آسمان کا فرشتہ ہوں۔ جب آپ نے دعا کی تو میں نے آسمان کے دروازے کھلنے کی آواز سنی۔ جب آپ نے دوسری بار یَا مُغِيْثُ اَغِثْنِيْ کہا فرشتوں میں ہل چل مچ گئی۔ جب آپ نے تیسری بار یہ کہا تو مجھے حکم ملا۔ میں نے فوراً پہنچ کر اس کا کام تمام کر دیا۔

یہ دعا آج بھی وہی تاثیر رکھتی ہے شرط یہی ہے کہ سچے دل سے پوری توجہ کے ساتھ پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ بڑے سے بڑا دشمن بھی قتل نہیں کر سکے گا۔ اور خلت و خواری کی موت خود ہی مر جائے گا۔

دُشمنوں اور آسیب سے حفاظت کی عجیب دُعا

حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ مولانا وارث حسن کوڑہ جہان آبادی رحمۃ اللہ علیہ کو یہ دعا حزب الاعظم ۔۔۔ سیف قاطع ۔۔۔ خاص طور سے حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پہنچی ہے، اس دعا کو پڑھنے والا انشاء اللہ تعالیٰ کبھی نقصان نہ اٹھائے گا۔ چور،

AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ڈاکو، دشمن اور رہزن اور آسیبی خلل سے محفوظ رہے گا۔
دشمن مغلوب اور ذلیل ہوں گے اور خود غالب رہے گا۔
کوئی دشمن اسے کبھی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ یہ دعا روزانہ
ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ اَصْبَحْتُ بِنُوْرِ وَجْهِ
اللّٰهِ الْقَدِيْمِ الْكَامِلِ وَتَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اللّٰهِ الْقَوِيِّ
الْفَاضِلِ وَتَمَنَّيْتُ مَنْ بَغٰى وَعَدَلَ بِسَهْمِ اللّٰهِ وَسَيْفِهِ
الْقَاتِلِ۔ اَللّٰهُمَّ يَا غَالِبًا عَلٰى اَمْرِهٖ وَقَاهِرًا فَوْقَ
خَلْقِهٖ وَقَاهِرًا فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيَا حَائِلًا بَيْنَ
الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ حُلْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ
وَاَعْدَائِيْ وَبَيْنَ مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ مِنْ عِبَادِكَ
كُفَّ عَنِّيْ اَلْسِنَتَهُمْ وَاشْغَلْ اَيْدِيَهُمْ وَاَرْجُلَهُمْ
وَاجْعَلْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ
سَدًّا اَعْشِ بِهٖ اَبْصَارَهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۔ اَللّٰهُمَّ
اَعْمِ عَنِّيْ اَبْصَارَ النَّاظِرِيْنَ حَتّٰى اَرَى الْعَجَائِبَ وَاَشِ
عَنِّي الْاَبْصَارَ حَتّٰى لَا اَرٰى اَبْصَارَهُمْ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ
يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ كَمَا اَنْزَلْنَا
مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ
تَذْرُوْهُ الرِّيَاحُ۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا
هُوَ۔ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ۔ هُوَ الرَّحْمٰنُ

الرَّحِيْمُ۔ يَوْمَ الْاَزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى
الْحَنَاجِرِ كَاظِمِيْنَ۔ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا
شَفِيْعٍ يُّطَاعُ۔ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا اَحْضَرَتْ۔
فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ وَ
الَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ۔
صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ۔ قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ۔
شَاهَتِ الْوُجُوْهُ۔ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ
الْقَيُّوْمِ۔ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا۔ وَعُمِيَتِ
الْاَبْصَارُ وَخَرِسَتِ الْاَلْسُنُ وَنَبَتِ الْاَيْدِيْ
وَالْاَرْجُلُ مِنْ حَامِلِ كِتَابِيْ هٰذَا وَذَلَّتِ
الْاَصْنَامُ لِعَظَمَةِ الْحَدِّ وَاِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ
عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ
لَهَا خَاضِعِيْنَ۔ غَيَّرَهُمُ بَيْنَ اَعْيُنِهِمْ
وَشَتَّتَهُمْ تَحْتَ اَقْدَامِهِمْ وَلَا غَالِبَ
اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَادِرِ الْمُقْتَدِرِ الْقَوِيِّ
الْقَاهِرِ الْكَافِيْ الْوَكِيْلِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ
اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَلَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

ہر قسم کے حادثات سے بچنے کا عمل

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

صبح کے وقت یہ کلمات پڑھ لے تو شام تک اس کو کوئی مصیبت نہیں پہنچے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَکُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

جو شخص جس مقصد میں کامیابی کے لئے ایک ہزار بار روزانہ اس درود شریف کو پڑھے گا اس طرح کہ شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے اگر زیادہ بار نہ پڑھ سکے تو ستر (۷۰) بار روزانہ پڑھ کر دعا مانگ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔ اور ہر مصیبت و پریشانی سے نجات حاصل ہوگی۔ اس درود شریف کا نام صَلٰوۃُ تُنَجِّیْنَا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

اگر دشمن گھیر لیں

اگر کسی شخص کو دشمن گھیر لیں یا جہاد میں دشمن چاروں طرف سے گھیرا ڈال لیں تو اس وقت کثرت سے یہ دعا پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کا گھیرا ختم ہو جائے گا اور وہ متفرق ہو کر بھاگ جائیں گے۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا

اس دعا کے ساتھ یہ دعا بھی کثرت سے پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کا خوف دل سے رخصت ہو جائے گا اور دشمن ناکام و نامراد لوٹ جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُ بِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

اگر جسم کا کوئی حصہ جل جائے

اگر جسم کا کوئی حصہ جل جائے یا جھلس جائے تو یہ دعا تین، پانچ یا سات مرتبہ پڑھ کر صبح بعد نماز فجر اور شام کو بعد نماز مغرب دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد صحتیاب ہوگا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَاشَافِیَ اِلَّا اَنْتَ۔

ف: دم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہونٹوں کو ملا کر ذرا قریب کر کے اس طرح پھونک مارے کہ تھوک کے کچھ ذرات نکل کر مریض کے مرض کی جگہ گریں۔

استخارہ برائے نکاح

اگر کوئی شخص ریگستانی علاقے میں رہتا ہو یا جنگلوں اور پہاڑوں میں اسکی رہائش ہو جہاں جنگلی جانور، درندے یا موذی جانور سانپ بچھو کثرت سے ہوں اور ہر وقت ان سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ شخص روزانہ ایک سو اکتیس (۱۳۱) بار

یَاسَلَامُ

پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اسے کوئی جنگلی جانور نقصان نہ پہنچا سکے گا اور نہ کوئی موذی جانور نقصان پہنچائے گا۔

سانپ بچھو اور کیڑے مکوڑوں سے حصار

اگر کوئی شخص ایسی جگہ ٹھہرا ہو جہاں کیڑے مکوڑے اور سانپ بچھو کا ہر وقت خطرہ ہو اور ان سے نقصان پہنچنے کا ڈر ہو تو دلی توجہ اور قلبی حضوری کے ساتھ پندرہ بار

یَاسَلَامُ

پڑھے اور کلمے کی انگلی (دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے برابر والی انگلی) پر دم کرے اور اس انگلی سے اپنے چاروں طرف حصار کھینچے اور پھر دوبارہ

یَاسَلَامُ

پندرہ مرتبہ پڑھے اور انگلی پر دم کرے اور حصار کھینچے اور اسی طرح تیسری مرتبہ بھی پندرہ بار

یَاسَلَامُ

پڑھے اور انگلی پر دم کر کے حصار کرے۔

یہ عمل ایک ہی بیٹھک میں مسلسل کرنا ہے۔ اس کے بعد اس حصار (انگلی سے کھینچے ہوئے دائرے) میں کھڑے ہو کر تالیاں بجا کر دستک دے (یعنی زور زور سے تین مرتبہ تالیاں بجائے یہی دستک ہے) جہاں تک تالیوں کی آواز جائے گی انشاء اللہ تعالیٰ وہاں تک سانپ، بچھو اور کیڑے مکوڑے اور موذی جانور نہ آسکیں گے۔ اور ہر طرح سے حفاظت رہے گی۔

تمہلک اور موذی مرض سے نجات

اگر کوئی شخص سخت بیماری میں مبتلا ہو یا ہر وقت موت سامنے دکھائی دیتی ہو یا ایسا تکلیف دہ اور موذی مرض لپٹ گیا ہو۔ اس سے نجات کے لئے باوضو یہ دونوں نقش ایک کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں سلائی کر کے مریض کے گلے میں باندھ دے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مریض ہر مہلک اور موذی مرض سے نجات پائے گا اور جلد صحتیاب ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہیں (اگلے صفحہ پر)۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

۷۸۶

س	ل	ا	م
ا	م	س	ل
م	ا	ل	س
ل	س	م	ا

۷۸۶

۶۰	۳۰	ا	۴۰
ا	۴۰	۶۰	۲۰
۴۰	ا	۳۰	س
۳۰	۶۰	۴۰	ا

ہاتھ پاؤں، گھٹنے کا درد

ہاتھ پاؤں اور گھٹنے کے درد سے نجات کے لئے اسی طرح دیگر جسمانی درد کے لئے زیتون کے سوا پاؤ (تین سو گرام) تیل پر باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد گیارہ سو (۱۱۰۰) بار

یَا قَوِیُّ

اس کے بعد آخر میں درود شریف گیارہ بار پڑھ کر دم کر دیں۔

روزانہ رات کو سونے سے قبل کوئی باوضو شخص

ہاتھ پیروں پر مالش ہلکے ہلکے ہاتھوں سے کرے یا پھر خود وضو کی حالت میں یہ تیل درد کی جگہ لگالیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ اکتالیس دن مالش کرنے سے درد دور ہو جائے گا

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

گردوں کی بیماری کا علاج

اگر کوئی شخص گردوں کی بیماری کا شکار ہو اور اس کا پیشاب قطرے قطرے آتا ہو یا پیشاب میں جلن اور چبھن ہوتی ہو اور کوئی دوا کارگر نہ ہوتی ہو تو بارش کے پانی پر یا عرق گلاب کی بوتل پر سورۃ الم نشرح (پڑھ) کوئی بھی نماز کا پابند شخص چاہے مرد ہو یا عورت باوضو گیارہ بار پڑھ کر دم کر دے اور وہ پانی دن میں چار بار (صبح ناشتہ سے قبل ظہر کے وقت۔ عصر کے بعد۔ سوتے وقت) تین تین گھونٹ مریض کو پلائیں

انشاءاللہ AAT B
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ہو جائے گی اور پیشاب فطری انداز میں کرنے لگے گا اور آپریشن کرانے کی ضرورت بھی نہیں پڑے گی۔

سورۃ الم نشرح یہ ہے۔

سُوْرَۃُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ ۙ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَہْرَکَ ۙ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ ؕ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ؕ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ ؕ

اوپری اثرات کے سبب باہر گھومنا

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی ہر وقت باہر گھومتا ہے گھر میں نہیں رہتا اور نہ کسی قسم کا کہنا مانتا ہے اور نہ کوئی کام کاج کرتا ہے۔ گھر والے اس سے بہت پریشان ہیں تو اس کا حل یہ ہے کہ معوذتین یعنی سورۃ الفلق اور سورۃ الناس باوضو ایک سو (۱۰۰) بار پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کر دیں اور چار وقت (صبح ناشتہ سے قبل، دوپہر کو کھانے سے قبل، عصر کے بعد اور بعد نماز عشاء) مریض کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ مریض اوپری اثرات سے محفوظ ہو جائے گا۔ یہ عمل اکتالیس دن روزانہ

ناغہ نہیں کرنا۔ سورۃ الفلق یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفَلَقِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ؕ

سورۃ الناس یہ ہے۔

سُوْرَۃُ النَّاسِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِکِ النَّاسِ ۙ اِلٰہِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ؕ

قرض لے کر نہ دینا یا کسی کے مال و جائیداد پر قبضہ کر لینا

اگر کوئی بدنیت اور ٹھگ ذہنیت کا مالک ہو اور کسی کے مال پر یا جائیداد پر ناجائز قبضہ کر لے یا رقم لے کر واپس نہ کرے تو اس کے لئے روزانہ تین بار سورۃ یٰسین شریف ایک وقت مقررہ پر پڑھے۔ یہ عمل اس وقت تک کرے قرضہ وصول نہ ہو جائے یا جائیداد کا قبضہ بحال نہ ہو جائے انشاء اللہ تعالیٰ

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ہو جائے گی اور پیشاب فطری انداز میں آنے لگے گا اور آپریشن کرانے کی ضرورت بھی نہیں پڑے گی۔

سورۃ الم نشرح یہ ہے۔

سُوْرَۃُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ ۙ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَہْرَکَ ۙ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ ؕ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ؕ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ ؕ

اوپری اثرات کے سبب باہر گھومنا

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی ہر وقت باہر گھومتا ہے گھر میں نہیں رہتا اور نہ کسی قسم کا کہنا مانتا ہے اور نہ کوئی کام کاج کرتا ہے۔ گھر والے اس سے بہت پریشان ہیں تو اس کا حل یہ ہے کہ معوذتین یعنی سورۃ الفلق اور سورۃ الناس باوضو ایک سو (۱۰۰) بار پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کر دیں اور چار وقت (صبح ناشتہ سے قبل، دوپہر کو کھانے سے قبل، عصر کے بعد اور بعد نماز عشاء) مریض کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ مریض اوپری اثرات سے محفوظ ہو جائے گا۔ یہ عمل اکتالیس دن [illegible]

ناغہ نہیں کرنا، سورۃ الفلق یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفَلَقِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ؕ

سورۃ الناس یہ ہے۔

سُوْرَۃُ النَّاسِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِکِ النَّاسِ ۙ اِلٰہِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ؕ

قرض لے کر نہ دینا یا کسی کے مال و جائیداد پر قبضہ کر لینا

اگر کوئی بدنیت اور ٹھگ ذہنیت کا مالک ہو اور کسی کے مال پر یا جائیداد پر ناجائز قبضہ کر لے یا رقم لے کر واپس نہ کرے تو اس کے لئے روزانہ تین بار سورۃ یٰسین شریف ایک وقت مقررہ پر پڑھے۔ یہ عمل اس وقت تک کرے قرضہ وصول نہ ہو جائے یا جائیداد کا قبضہ بحال نہ ہو جائے انشاء اللہ تعالیٰ

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

اس عمل کی برکت سے مال وصول ہو جائے گا اور جائیداد کا قبضہ مل جائے گا۔

پڑوسی کے شر اور فتنہ سے حفاظت

اگر کسی کا پڑوس خراب ہو اور پڑوسی پریشانی کا سبب ہوں اور طرح طرح سے تنگ کرتے ہوں، ستاتے ہوں اور لڑائی جھگڑا کرتے ہوں یا جادو سفلی کراتے ہوں تو ان کے شر اور فتنہ سے بچنے کے لئے بعد نماز عشاء باوضو اول پانچ بار درود شریف پڑھے (نماز والا درود سب سے بہتر ہے وہی پڑھ لے) اس کے بعد پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ

یَاحَفِیْظُ یَاحَافِظُ

پڑھے اس کے بعد پانچ بار درود شریف پڑھ کر پڑوسیوں کی اصلاح و ہدایت کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے پڑوسی ہر قسم کے شر اور فتنہ انگیزی سے باز آ جائے گا۔

شوہر کے بے جا ظلم اور مار پیٹ کا خاتمہ

اگر شوہر ظالم ہو اور بیوی کو بات بات پر گالیاں دیتا ہو، ظلم کرتا ہو، مار پیٹ کرتا ہو اور سب بچوں کے سامنے بیوی کو مارتا ہو تو اس کی اصلاح اور اس کے

ظلم سے نجات کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے بیوی کو چاہیئے کہ وہ

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ

کثرت سے پڑھے اور روزانہ ایک تسبیح (ایک سو بار)

قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا

پڑھے۔ اول و آخر درود شریف تین تین بار ضرور پڑھے۔ نیز سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ کو ایک سو بار پڑھ کر چینی، شربت، دودھ پر دم کر کے شوہر کو پلائے۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف ضرور پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شوہر کے مزاج میں نرمی آئے گی اور ظلم و زیادتی کرنے سے رک جائے گا۔

سب گھر والوں کی بیماری اور پریشانی سے نجات

اگر مکان میں ہر وقت کوئی نہ کوئی بیمار رہتا ہو۔ ایک اچھا ہوا دوسرا بیمار ہو گیا، دوسرا ابھی اچھا ہونے نہ پایا کہ تیسرا بیمار ہو گیا تو ایسی صورت میں گھر بھر پریشان رہتا ہے۔ اور گھر میں طرح طرح کی پریشانیاں بڑھتی جاتی ہیں۔ لوگوں کا قرض ادا نہیں ہوتا کہ نیا قرض چڑھ جاتا ہے اس مصیبت سے نجات کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔

[illegible] نماز ظہر ایک بوتل میں ساٹھ تل کا

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

یا سات کنوؤں کا یا سات برموں (ہینڈ پمپ) کا یا ندی، نہر، دریا، تالاب کا پانی بھر لیں۔

سات بار درود شریف (درود شریف نماز والا درود ابراھیمی پڑھیں) اس کے بعد سورۃ یٰسین شریف پڑھنا شروع کریں جب پہلا مبین آئے سات بار الحمد شریف (سورۃ فاتحہ مکمل) پڑھیں پھر آگے پڑھنا شروع کریں جب دوسرا مبین آئے سات بار سورۃ فاتحہ پڑھیں۔ پھر آگے سورۃ پڑھنا شروع کریں اسی طرح ہر مبین پر سات بار الحمد شریف پڑھتے جائیں۔ پھر سورۃ ختم کرکے سات مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اس بوتل پر دم کردیں۔ پھر اس بوتل کے پانی میں سے تھوڑا تھوڑا صبح و شام گھر کے ہر فرد کو روزانہ پلایا جائے۔ یہ پانی اگلی جمعرات تک ختم ہو جائے۔ اگلی جمعرات کو پھر ظہر کے بعد یہی سورۃ یٰسین شریف اسی ترکیب سے پڑھنی ہے اور ایک بوتل پانی پر دم کرکے اس سے اگلی جمعرات تک سب گھر والوں کو پانی پلانا ہے۔

یہ عمل ہر جمعرات کو کرے چالیس دن میں جتنی جمعرات آئیں ان میں یہ عمل برابر کرتے رہیں۔ ایک یہ عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ گھر کا ہر ہر فرد صحت مند اور چاق و چوبند ہو جائے گا اس سے سستی، کاہلی دور ہو جائے گی۔ بہت مجرب عمل ہے۔

پریشان حالی اور بے روزگاری

بعض لوگ اپنے غلط کاموں کی وجہ سے پریشانیوں میں گھر جاتے ہیں اور انہیں احساس نہیں ہوتا کہ ہم جو غلط کام کرتے رہے رہیں یا کر رہے ہیں یہ اسی کا ردعمل کا نتیجہ ہے لیکن ایسے لوگ اپنی غلطی کو ماننے کے بجائے دوسرے اہل خاندان اور اپنے بزرگوں، والدین اور بھائی بہنوں کو اس کا ذمہ دار سمجھتے ہیں اور ایسا شخص سب سے بدگمان رہتا ہے اور سب خاندان والوں سے جھگڑا کرتا رہتا ہے اور اپنی محرومی اور پریشانی کو سفلی (جادو) کا اثر سمجھتا ہے۔

نتیجہ یہ ہے کہ وہ خود اپنے کئے کی وجہ سے پریشان رہتا ہے اور پورے خاندان کو پریشان کرکے رکھتا ہے۔

ایسی صورت میں ایسے شخص کو چاہیئے کہ وہ شخص نماز باجماعت پانچوں وقت کی پابندی کرے اور بعد ہر نماز اکیس بار درود شریف پڑھے۔ اور بعد نماز عشاء کھلے صحن میں آسمان کے نیچے (یعنی اس کے سر پر کسی چھت، سائبان یا درخت کی ٹہنیوں کا سایہ نہ ہو) ننگے پاؤں (پاک زمین پر۔ اگر زمین پاک نہ ہو تو دھولیں) ننگے سر پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ

یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

پڑھا کرے یہ عمل اکتالیس دن کرنا ہے انشاء اللہ تعالیٰ ایک چلہ پورا نہیں ہوگا کہ کسی جگہ روزگار لگ جائے گا۔ اور جیب خالی نہیں رہے گی۔

شادی کے لئے

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو یا شادی کی بات بن کر ٹوٹ جاتی ہو یا بالکل رشتہ ہی نہ آتا ہو یا آتا ہو تو ایک مرتبہ آکر دوبارہ نہ آتے ہوں تو ایسی صورت میں مندرجہ ذیل تعویذ باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر لکھ کر موم جامہ کرکے لڑکے یا لڑکی کے گلے میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام رکاوٹیں ختم ہو کر رشتہ ہو جائے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
وَيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۝
نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ۝
اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ ۝
اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝

برص (سفید داغ) کا مرض

بعض مرتبہ جسم کے مختلف حصوں پر سفید سفید داغ ظاہر ہو جاتے ہیں اور بعض مرتبہ وہ پھیلتے

مختلف حصوں پر ظاہر ہوتے رہتے ہیں جس سے انسانی جسم کی خوبصورتی متاثر ہوتی ہے۔ اور انسان دوست احباب میں تنقید کا نشانہ بنتا ہے یا شرمندگی کے باعث اپنے احباب کی ملاقات سے گھبراتا ہے۔ ایسا اکثر ناقص غذا کے استعمال سے ہوتا ہے۔ اس کا روحانی علاج یہ ہے۔

ہر چاند کی تیرھویں، چودھویں اور پندرھویں (۱۳، ۱۴، ۱۵) تاریخ کو روزہ رکھیں اور افطار سے قبل برص سے نجات کی دعا کریں۔

اس کے علاوہ روزانہ بعد نماز عشاء اول تین بار درود شریف (نماز والا درود) پڑھیں اس کے بعد (ایک سو بار)

یَا مَجِیْدُ

پڑھیں۔ آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر برص سے نجات کی دعا کریں، پنج وقتہ نماز کی پابندی کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ برص کے داغ آہستہ آہستہ بالکل مٹ جائیں گے۔ یہ عمل مسلسل کریں ناغہ نہ کریں اور جب تک داغ دور نہ ہوں برابر کرتے رہیں۔

بے جا بزدلی اور غلط خوف کا علاج

بعض مرتبہ آدمی بلاوجہ بزدلی کا شکار ہو جاتا ہے اور بے جا خوف اس پر طاری ہو جاتا ہے اس کے

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

سبب وہ چند آدمیوں کے سامنے بھی بات کرنے سے خود کو مجبور پاتا ہے۔ اور اگر کسی شادی بیاہ کی تقریب میں شرکت کا معاملہ ہو تو اس سے دل گھبراتا ہے اور اگر کوئی زور زور سے گفتگو کرے تو اس کا دل ہلنے لگتا ہے۔

اس کا آسان علاج یہ ہے کہ مذکورہ شخص ہر وقت باوضو رہے جب بھی وضو ٹوٹے فوراً وضو کرلے وضو کرکے رات کو سوئے۔

دوسری بات یہ ہے کہ روزانہ ایک مرتبہ باوضو سورۂ یٰسین شریف پڑھ لے ناغہ نہ کرے۔

روزانہ صبح کی نماز کے بعد باوضو ایک سو بار

یَا مُؤْمِنُ

پڑھا کرے

اور عشاء کی نماز کے بعد باوضو ایک سو بار

یَا وَدُوْدُ

پڑھا کرے

اور چلتے پھرتے اُٹھتے بیٹھتے یعنی ہر حالت میں درود شریف (درود ابراہیمی) کا ورد رکھے اس کی کوئی تعداد مقرر نہیں ہے جتنا پڑھ سکے پڑھ لے۔

سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کاملہ پر پورا بھروسہ کرکے اور یقین پیدا کرکے عمل کرے

انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بزدلی اور بے جا خوف سے نجات حاصل ہوگی۔

حافظہ تیز ہونے کے لئے

اگر کسی کا حافظہ کام نہ کرتا ہو یا وہ کوئی کتاب یا قرآن پاک یاد کرکے بھول جاتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔

نماز فجر کے بعد روزانہ باوضو سورۂ مدثر (پ۲۹) پڑھا کریں۔ قرآن شریف میں دیکھ کر نہیں پڑھنی بلکہ زبانی بلا دیکھے پڑھنی ہے۔

دوسرے یہ کہ باوضو سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ (پ۳۰) عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھ کر نہار منہ (ناشتہ سے قبل) پانی سے دھو کر پی لیں یہ عمل چالیس دن تک مسلسل بلا ناغہ کریں۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ قرآن حکیم بھی یاد ہوگا اور دیگر چیزیں بھی یاد رہیں گی۔ یہ بہت مجرب عمل ہے۔

سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ یہ ہے۔

سُوْرَةُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ

وِزْرَكَ ۝ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ

AAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ذِكْرَكَ ۝ فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَإِلَىٰ رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

طبیعت میں استقلال اور غصہ میں کمی کا عمل

اگر کسی کو بات بات پر غصہ آتا ہو اور ذرا ذرا سی بات پر آپے سے باہر ہو جاتا ہو تو ایسی صورت میں کثرت سے درود شریف (درود ابراہیمی) نماز والا پڑھا کرے۔ اس میں وضو بے وضو کی قید نہیں ہے ہر وقت پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بے جا غصہ میں کمی آجائے گی اور طبیعت میں اعتدال پیدا ہوگا۔

طبیعت میں مستقل مزاجی کے لئے باوضو اول سات بار درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد ایک سو سات بار

یَا وَدُوْدُ

پڑھیں۔ آخر میں سات بار درود شریف پڑھیں۔ یہ عمل کسی بھی نماز کے بعد کیا جا سکتا ہے بہتر یہ ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد کرے۔

اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ طبیعت میں مستقل مزاجی پیدا ہوگی اور ترقی کی راہیں کھلیں گی۔ شرط یہ ہے کہ عمل ہمیشہ کرتا رہے۔

گھر میں دل نہ لگنا، لڑائی جھگڑا، بے روزگاری

کسی سفلی جادو اور گندے علم سے گھر بھر کا سکون برباد ہو جاتا ہے گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہے بات بات میں آپس میں اختلاف پیدا ہوتا ہے۔ ہر شخص گھر سے باہر خوش اور سکون سے رہتا ہے لیکن جیسے ہی گھر میں داخل ہوا کہ مزاج بگڑ جاتا ہے۔ بلاوجہ غصہ آتا ہے۔ لڑنے کو طبیعت چاہتی ہے۔ گھر میں بے رونقی اور بے برکتی رہتی ہے گھر کے افراد جو کچھ کماتے ہیں اس میں گذارہ نہیں ہوتا اور بے روزگار ہوتے جاتے ہیں جہاں کامیابی کے لئے کوشش کرتے ہیں وہیں ناکامی ہوتی ہے۔ قرض کا بوجھ روز بروز بڑھتا جاتا ہے۔ ایسی صورت میں یہ عمل بہت مفید اور کامیاب ہے۔

سب سے پہلے سمندر کا یا دریا یا سات کنویں کا پانی لا کر نل کے پانی میں ملا کر پورا گھر اس طرح دھوئیں کہ سارا پانی بہہ جائے۔

دوسری بات یہ کریں کہ باوضو خود یا کسی حافظ یا قرآن پڑھنے والے سے سورۂ بقرہ وقت مقررہ روزانہ اکتالیس دن تک پڑھوائیں اور ایک بڑے نئے کورے مٹکے کو دھو کر اس میں پانی بھر کر دم کرالیں اور وہ پانی چار وقت کے کھانے کے بعد ایک ایک گلاس پئیں اور چار ہی وقت

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

سب گھر والوں کو پلائیں۔

نیز ہر جمعرات کو سورۂ یٰسین شریف تین مرتبہ باوضو خود پڑھیں یا کسی سے پڑھوا کر پانی پر دم کرائیں۔ سورۂ یٰسین شریف (پ) پڑھنے سے پہلے گیارہ بار درود ابراھیمی (نماز والا درود شریف) اور یٰسین شریف ختم کرنے کے بعد گیارہ بار درود ابراھیمی پڑھیں پانی غسل خانے یا باتھ روم میں نہ چھڑکا جائے البتہ باورچی خانے میں اور کمروں اور صحن میں چھڑکا جائے۔ چھڑکنے اور پانی پینے کے اوقات یہ ہیں۔

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل

۲۔ دوپہر زوال سے قبل (گیارہ بجے)

۳۔ بعد نماز عصر

۴۔ بعد نماز عشاء

گھر کا ہر بالغ فرد نماز باجماعت ادا کرے۔ نماز نہ ترک کرے نہ قضا کر کے پڑھے۔ ہر پنج وقتہ نماز کے بعد ایک تسبیح درود شریف کی پڑھے اور ایک تسبیح

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

کی پڑھے۔

اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ گھر کے حالات بدل جائیں گے۔ روزگار کا انتظام ہو جائے گا گھر کی بے رونقی ختم ہو جائے گی تمام پریشانیوں سے نجات ملے گی۔

لڑائی جھگڑے سے نجات ملے گی۔

امتحان میں اچھے نمبروں سے کامیابی کے لئے

امتحان میں اچھے نمبروں سے کامیابی کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد باوضو ایک سو بار

یَا حَسِیْبُ

پڑھیں۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف ضرور پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ امتحان میں اچھے نمبروں میں کامیابی حاصل ہو گی شرط یہ ہے کہ یہ عمل مسلسل بلا ناغہ کیا جائے اور نماز کی پابندی کی جائے۔

اچھے نتائج میں داخلہ کے لئے ایک سو بار

یَا عَظِیْمُ

ہر جمعرات کو بعد نماز عشاء باوضو پڑھ لیا کریں۔ اول و آخر سات بار درود شریف ضرور پڑھیں۔

مقبولیت عامہ حاصل کرنے کے لئے

عام لوگوں میں خود کو پسندیدہ اور مقبول عام بنانے کے لئے مندرجہ ذیل نقش چاندی کی انگوٹھی پر پیر کے دن کسی باعمل عامل سے باوضو کندہ کرا لے اور پھر اس انگوٹھی کو اپنے بائیں ہاتھ کی [illegible] سے برابر والی انگلی میں پہن لے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

انشاء اللہ تعالیٰ عوام سب اس کو چاہیں گے۔ اس سے محبت کریں گے اور عوام میں ایسے شخص کو زبردست مقبولیت حاصل ہوگی۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۴۸۶

۲۱	۲۶	۱۹
۲۰	۲۲	۲۴
۲۵	۱۸	۲۳

لوگوں کی نظروں میں عظمت حاصل کرنا

کوئی شخص معاشرہ میں بے عزت ہو اور کوئی شخص جس سے اس کی عزت ذکر تا ہو بلکہ اسے حقارت سے یاد کیا جاتا ہو تو معاشرہ میں عزت کا مقام حاصل کرنے کے لئے چاند کی شروع کی پہلی جمعرات سے یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لوگوں کی نظروں میں عزت و وقعت قائم ہوگی ہر شخص محبت کی نگاہ سے دیکھے گا۔

وہ عمل یہ ہے۔

بعد نماز عشاء باوضو اول گیارہ بار درود شریف (درود ابراہیمی) پڑھے اس کے بعد روزانہ ایک ہزار مرتبہ

یَاوَدُّ

پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا مانگے یہ عمل اکتالیس دن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی

حاصل ہوگی۔

لوگوں کو اپنا مطیع کرنا

اگر لوگ مخالف ہوں اور ہر طرح سے مخالفت کرتے ہوں کسی طرح باز نہ آتے ہوں تو مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور پہلے ہر خالی خانے پر پانچ مرتبہ سورۂ نصر پڑھ کر دم کر دے اس کے بعد بہتر (۷۲) بار

یَابَاسِطُ

پڑھے اور پھر نقش بھر کر موم جامہ کر کے اس نقش کو اپنی ٹوپی میں سی کر سر پر رکھ لے۔ یا کسی بھاری وزنی دار پتھر کے نیچے دبا دے یا آٹے میں لپیٹ کر گولی بنا کر دریا، نہر، چشمہ یا سمندر میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند ہی دن میں سارے مخالف محبت کرنے لگیں گے۔ اور اطاعت گزاری اور فرمانبرداری اختیار کر لیں گے۔ وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۴۸۶

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	یَابَاسِطُ	۳۰

سورۂ نصر یہ ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝

خلقت میں مقبولیت حاصل کرنا

چاند کی شروع کی پہلی شب جمعہ (جمعرات کے دن کے بعد والی رات) سے یہ عمل کرے۔ عمل یہ ہے عشاء کی نماز کے بعد غسل کرے۔ سفید دھلے ہوئے کپڑے پہنے پھر دو نفل نماز پڑھے اس کے بعد اول گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر ایک ہزار بار جہل کا ف ایک ہی بیٹھک میں پڑھے پھر گیارہ بار درود شریف پڑھے اکتالیس دن تک یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ تمام مخلوق اس شخص سے محبت کرے گی اس کو اپنا بڑا سمجھے گی اور اس کی بات میں وزن پیدا ہو جائے گا۔

جہل کاف یہ ہے۔

كَذَالِكَ رَبُّكَ كَرِيْمٌ وَكَافَّةً كُنَّا كُلَّمِيْنَ كَانَ مِنْ كُلِّ كَوْنٍ كُلَّ الْكَنْزِ الْكَنْزِ فِيْ كَبِدِ تَحْكِيْ مُكَاشَفَةً كُلُّكُمْ كَمَا كَفَاكُمْ مَا بِكَ كَفَاكَ الْكَافِيْ كُلُّ بَتَّةً يَا كَوْكَبَ كَمَا كَرَّمَ كُلَّ الْكَلَّا

حب کا عمل

جنگلی کبوتروں کا ایک جوڑا پکڑ کر لائے۔ چاند کی بارہویں یا تیرھویں یا چودھویں رات آدھی رات کے بعد کسی پیپل کے درخت کے نیچے بیٹھ کر اس پیپل کے دس بارہ پتے توڑ کر لائے پھر ان پتوں پر کالی روشنائی سے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے۔ نقش یہ ہے۔

۶۰۱۰	۶۰۱۳	۶۰۱۶	۶۰۰۲
۶۰۱۵	۶۰۰۳	۶۰۰۹	۶۰۱۴
۶۰۰۴	۶۰۱۸	۶۰۱۱	۶۰۰۸
۶۰۱۲	۶۰۰۷	۶۰۰۵	۶۰۱۷

یہ نقش ہر ایک پتے پر الگ الگ لکھے پھر ان پتوں کو بچھا کر ان پر دونوں کبوتروں کو ذبح کرے (بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہہ کر ذبح کرے) اور ہر پتے پر خون ٹپکائے۔ پھر ان سب پتوں کو سکھا کر جلا دے اور ان کی راکھ محفوظ کر لے۔ اس کے بعد اس راکھ میں یہ تاثیر پیدا ہو گی کہ یہ راکھ جس شخص کے جسم پر، ہاتھ پر، پیشانی پر یا سر پر مل دے گا تو وہ عامل پر فریفتہ ہو گا۔

ف: یہ عمل صرف جائز مقصد کے لئے کرنے کی اجازت ہے ناجائز مقصد کے لئے کرے گا تو ناکام

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

رہے گا اور نقصان اٹھائے گا۔ لہٰذا صرف جائز مقصد کے لئے کرے ورنہ اس عمل سے پرہیز کرے تاکہ تباہی سے بچ جائے۔

عزیز خلائق بننے کا عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ وہ لوگوں میں ہر دلعزیز بن جائے اور ہر شخص اس کی عزت کرے اور اس کو عزت و تکریم سے دیکھیں۔ اس کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔

نیا چاند طلوع ہونے کے بعد پہلی جمعرات کو سفید نئے کپڑے پہنے پھر توت کے پانی سے مندرجہ ذیل آیات مبارکہ باوضو لکھ کر موم جامہ کے مردا اپنی ٹوپی میں رکھ لے اور عورت اپنی چوٹی میں باندھ لے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ مخلوق خدا میں خوب عزت پائے گا۔ وہ آیات مبارکہ یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِیْنٍ ۝ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِیْ قَرَارٍ مَّكِیْنٍ ۝ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۝ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ۝ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِیْنَ ۝

تسخیر عالم کے لئے

دنیا کے لوگوں میں عزت کا مقام پانے اور تسخیر عالم کے لئے یہ عمل بہت مجرب اور فوراً اپنی تاثیر دکھانے والا ہے۔

چاند دکھائی دینے کے بعد پہلی جمعرات کو بعد نماز عشاء اول سات بار درود شریف پڑھے پھر سات بار درود شریف پڑھ کر چنبیلی کے تیل پر دم کرے۔ یہ عمل مسلسل سات دن تک کرنا ہے ناغہ نہیں کرنا۔ روزانہ اس روغن چنبیلی کو وقت ضرورت اپنے دونوں رخساروں اور ابروؤں پر ملے۔ جس کسی حاکم افسر کے پاس جائے گا وہ اس کی خوب عزت کرے گا۔ وہ آیات مبارکہ یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا ۝ وَّدَاعِیًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِیْرًا ۝ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِیْرًا ۝ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِیْنَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِیْلًا ۝

مخلوق میں عزت و عظمت

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ لوگ اس کی عزت کریں

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

اور اسے محبت و پیار دیں تو اس کے لئے بعد نماز مغرب اول سات مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سات مرتبہ یہ آیات مبارکہ پڑھے اس کے بعد سات مرتبہ درود شریف پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس دن عمل کرنے کی برکت سے اس کے اثرات ظاہر ہوں گے اور خلائق کی نظروں میں عزت اور ہیبت پیدا ہوگی۔ یہ عمل ہمیشہ کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ساری عمر باعزت رہے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۝
سَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ ۝
سَلٰمٌ عَلٰٓی اِلْ یَاسِیْنَ ۝
سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ۝
سَلٰمٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ ۝
سَلٰمٌ عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ ۝
سَلٰمٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اِنَّآ اَنْزَلْنٰہُ فِیْ لَیْلَۃِ الْقَدْرِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَیْلَۃُ الْقَدْرِ ۝ لَیْلَۃُ الْقَدْرِ ۝ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَھْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَۃُ وَالرُّوْحُ فِیْھَا بِاِذْنِ رَبِّھِمْ ۝ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝ سَلٰمٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

سَلٰمٌ عَلَیْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خٰلِدِیْنَ ۝

جسم کے ہر حصہ کا درد ختم

اگر کسی شخص کے جسم کے کسی بھی حصے میں درد ہوتا ہو اور اس کے سبب بہت پریشان ہوتا ہو اور کام کاج مشکل ہو گیا ہو تو اس کے لئے باوضو چودہ سو ستر (۱۴۷۰) بار یہ آیت پڑھ کر تیل پر دم کریں اسی کے ساتھ ایک کوزے ٹھنڈے پانی پر بھی دم کر دیں۔

یہ تیل رات کو سوتے وقت جسم میں جہاں جہاں درد ہے ہلکی مالش کر لیں۔ دم کیا ہوا پانی تین گھونٹ رات کو سوتے وقت پی لیں۔ انشاء اللہ جسم کے ہر حصے کا درد ختم ہو جائے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۝

چہرے کی جھائیاں

بعض مرتبہ معدہ کی گرمی کے سبب چہرے پر جھائیاں ہو جاتی ہیں جس کے سبب چہرہ بدنما اور بدصورت ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے یہ عمل مفید ہے۔

لیموں کا عرق نکال کر اس پر وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ اکیس بار پڑھ کر دم کریں۔ یہ عرق سوتے وقت چہرے پر مل لیں کریں صبح کو اٹھ کر نیم گرم پانی سے وضو کریں۔ اکیس دن مسلسل عمل کریں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

انشاءاللہ تعالیٰ چھے کی جمائیاں ختم ہو جائیں گی۔

عورتوں کی بیماری

عورت کو حمل کے دوران بہت کمزوری ہو جاتی ہے اور اس کی طبیعت ہر وقت گری گری رہتی ہے۔ کام کاج کو دل نہیں چاہتا۔ ایسی صورت میں رات کو سوتے وقت ایک گلاس پانی کا بھر کر اس پر باوضو اکیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے عورت کو پلا دیا جائے۔

اوّل و آخر تین تین بار درود شریف ضرور پڑھیں۔ سورۃ فاتحہ یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ؕ

درود شریف یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

ہر قسم کی بندش کھولنے کے لئے

آج کل حسد و بغض اور دشمنی کا دور دورہ ہے۔ ہر شخص دوسرے کو خوش حال، آرام سے رہنے نہیں دیتا اور اس فکر میں دبلا ہو ہو جاتا ہے کہ یہ شخص اس قدر دولت میں کیوں کھیل رہا ہے۔ اس کو کوئی بیماری کیوں نہیں ہے۔ اس کی سب لڑکیوں کی شادی کیوں ہو گئی اس کے سب لڑکے پڑھ لکھ کر برسرِ روزگار کیوں ہو گئے۔ یہ دُکھ اسے چین نہیں لینے دیتا اور ہزاروں لاکھوں روپیہ اس شخص کی اور اس کی اولاد کی زندگی تباہ کرنے میں لگا دیتا ہے عاملوں، جادو سفلی کرنے والوں کی چوکھٹوں پر سر رگڑتا رہتا ہے کہ کسی طرح یہ خوش حال شخص فقر و فاقہ کا شکار ہو جائے اور اسے طرح طرح کی بیماریاں لپٹ جائیں جو لاعلاج ہوں۔

اگر اس طرح کوئی شخص یہ محسوس کرے کہ اس کا روزگار کم ہوتا جا رہا ہے اس کی صحت گرتی جا رہی ہے، اولاد نافرمان ہو گئی ہے۔ لوگ اس سے ملنے سے گریز کرتے ہیں۔ گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہے۔ جوان لڑکیاں شادی کی عمر میں بڑھاپے کی حد میں داخل ہو گئی ہیں تو اسے چاہیئے کہ یہ عمل کرے تاکہ ہر قسم کے جادو سفلی کی کاٹ ہو سکے اور اس کی زندگی پھر سے کامیابی کی راہ پر رواں ہو جائے۔ عمل یہ ہے:

سب گھر والے نمازِ جماعت کی پابندی کریں۔ اور اگر ممکن

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ہو تو چالیس آدمی جمع کر کے ہر ایک آدمی سورۂ بقرہ ایک مرتبہ پڑھ کر ایک مٹکے پانی پر دم کرے اسی طرح چالیس آدمی سورۂ بقرہ پڑھ کر مٹکے پر دم کر دیں۔ اگر ایسا ممکن نہ ہو تو یہ کرے کہ خود ہی یا کسی حافظ سے سورۂ بقرہ اکتالیس دن پڑھوا لے اور سورۂ بقرہ پڑھ کر ایک مٹکے پانی پر روزانہ دم کرائے۔

اگر سورۂ بقرہ زبانی یاد نہ ہو تو قرآن شریف میں دیکھ کر بھی پڑھی جا سکتی ہے۔ عورت بھی پڑھ سکتی ہے، مرد، لڑکی، لڑکا بھی پڑھ سکتا ہے۔ ایک بوتل کے ڈھکن میں تین سوراخ کر کے اس کے ذریعہ یا گلاب پاش کے ذریعے پانی ہر کمرے، باورچی خانے کے کونوں میں چار وقت یہ پانی چھڑکیں اور چار وقت ہی سب گھر والوں کو یہ پانی پلایا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے لڑکیاں لگ جائیں گی، لڑکیوں کی شادی ہو جائے گی، لڑائی جھگڑا ختم ہو جائے گا۔ گھر میں اور آمدنی میں خیر و برکت ہوگی۔ تمام بیماریاں دور ہو جائیں گی۔

چار وقت چھڑکنے اور پینے کے یہ ہیں،

۱۔ بعد نماز فجر ناشتہ سے قبل۔

۲۔ دوپہر کو گیارہ بجے۔

۳۔ بعد نماز عصر۔

۴۔ بعد نماز عشاء

اگر چار وقت نہ چھڑک سکے اور نہ چار وقت پی سکے تو صبح و شام ہی چھڑک لے اور پی لے۔

حافظہ میں تیزی اور امتحان میں کامیابی

حافظہ میں ترقی اور تیزی کے لئے ہر پڑھا ہوا سبق یاد رہے ہر فرض نماز کے بعد سورۂ الم نشرح (پوری سورت) تین مرتبہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرے۔

امتحان میں کامیابی کے لئے روزانہ بعد نمازِ عشاء ایک بار

یَا حَبِیْبُ

پڑھے اور سینہ پر دم کرے۔ امتحان کے دوران کثرت سے یَا حَبِیْبُ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے امتحان میں اچھے نمبروں سے کامیابی حاصل ہوگی۔

سورۂ الم نشرح یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِيْ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

نفرت کو محبت اور دشمنی کو دوستی میں بدلنا

اگر دو دوستوں میں باہمی اختلاف پیدا ہو گیا ہو یا دو خاندان میں کسی وجہ سے میل ملاپ ختم ہو گیا ہو اور آپس میں ملنا جلنا ختم ہو گیا ہو تو ایسی صورت میں یہ عمل بہت مفید اور کارگر ہے۔

ایک کلو مصری یا مٹھائی پر باوضو اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد پانچ سو بار:

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ

آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اس مصری یا مٹھائی پر دم کر کے ناراض لوگوں کو کھلا دیں۔ اگر کھلانا ممکن نہ ہو تو سجدے کی حالت میں اکیلے کمرے میں تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ یَا وَدُوْدُ پڑھ کر سجدے ہی میں ناراض لوگوں کی محبت اور میل ملاپ کی دعا کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ دشمنی دور ہو کر دوستی میں بدل جائے گی۔ مجرب عمل ہے۔

سر کے بالوں کا جھڑنا

اکثر لوگوں کے سر کے بال جھڑنے لگتے ہیں بعض مرتبہ تو یہ دماغ کی کمزوری کا سبب ہوتا ہے۔ دوسرے کسی سحر، جادو، سفلی اور ایسی اثرات کے سبب ہوتا ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ بال جھڑنا بند ہو جائیں گے۔ عمل یہ ہے:

سرسوں یا کھوپرے کے تیل پر باوضو اکتالیس مرتبہ سورۃ وَاللَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی (پہلی سورت) پڑھ کر دم کر لیں۔ اس تیل کی روزانہ سوتے وقت رات میں سر پر مالش کر لیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ کچھ دن عمل کرنے سے سر کے بال جھڑنا بند ہو جائیں گے اور اسی طرح اگر کسی کے داڑھی کے بال گرنے لگیں تو اس کے لئے بھی یہ عمل مفید ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی ۙ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰی ۙ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰی ۙ اِنَّ سَعْیَكُمْ لَشَتّٰی ۙ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی ۙ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی ۙ فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْیُسْرٰی ۙ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰی ۙ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰی ۙ فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰی ۙ وَمَا یُغْنِیْ عَنْهُ مَالُهٗۤ اِذَا تَرَدّٰی ؕ اِنَّ عَلَیْنَا لَلْهُدٰی ۙ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰی ؕ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰی ۙ لَا یَصْلٰىهَاۤ اِلَّا الْاَشْقَی ۙ الَّذِیْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰی ۙ وَسَیُجَنَّبُهَا الْاَتْقَی ۙ الَّذِیْ یُؤْتِیْ مَالَهٗ یَتَزَكّٰی ۙ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰۤی ۙ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰی ۙ وَلَسَوْفَ یَرْضٰی ؕ

حافظہ کی کمزوری دور کرنا

اگر کسی کا دماغ اور حافظہ کمزور ہو اور اسے سبق یاد نہ

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ہوتا ہو تو اس کے لئے حافظہ کی کمزوری دُور کرنے کے لئے
اوّل باوضو گیارہ بار درُود شریف پڑھے اس کے بعد ایک
چاؤ روغن بادام (بادام کے تیل) پر اکتالیس ۴۱ بار سورۃ الم نشرح
پڑھ کر دم کرے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے اور دم
کرے۔ اس روغن بادام کو رات کو سوتے وقت ایک چمچہ
ایک کپ گرم دُودھ میں ڈال کر بچے کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ
دماغ کی کمزوری دور ہوگی اور بچہ کا حافظہ کام کرے گا۔ وہ
جو کچھ پڑھے گا یاد رہے گا۔ درُود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ
عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

سورۃ الم نشرح یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ ۝
الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَھْرَکَ ۝ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ ۝ فَاِنَّ مَعَ
الْعُسْرِ یُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝
وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ ۝

بے جا وہم کا علاج

بعض مرتبہ لوگوں کے وہم کا مرض بہت زیادہ بڑھ جاتا ہے
جس سے نہ صرف ان کی زندگی عذاب بن جاتی ہے بلکہ دوسروں
کے لئے بھی عذاب بن جاتے ہیں۔ وہم کے سبب بار بار وضو کرنا
کپڑے پاک کرنا، کرسی، میز، پلنگ، مسہری، دری، چادر،
بستر سب بار بار پاک کرنا پھر بھی شک وشبہ دور نہیں ہوتا کہ
پاک ہوئے یا ابھی ناپاک ہیں ان کو بار بار پانی میں نکالنا اس
طرح سارا دن لگ جاتا ہے لیکن شک اور وہم پھر بھی باقی
رہتا ہے۔ گھر والے اس مرض سے پریشان اور مصیبت میں گھرے
رہتے ہیں۔ اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے اس سے وہم کا
مرض ہمیشہ کے لئے دور ہو جاتا ہے۔

مریض خود پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرلے یا کسی سے پڑھوا کر
پانی پر دم کرا کے وہ پانی پی لے۔ وہ عمل یہ ہے:

رات کو سوتے وقت ایک سو بار لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ
اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھ کر سینے پر دم کرلیں اسی
طرح صبح کو بعد نماز فجر ایک سو بار اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ
الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھ کر سینے پر دم کرلیں۔ اکتالیس دن
لگاتار یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہم کا مرض بالکل ختم
ہو جائے گا

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

لڑکے لڑکیوں کی شادی کا عمل

بعض مرتبہ کچھ مجبوریوں کے سبب بہت سے لڑکے اور لڑکیاں کنوارے رہ جاتے ہیں۔ ان کی شادی میں طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اس کے لئے یہ عمل مجرب ہے:

شادی کے لئے ہر بدھ کو یا ہر جمعہ کے دن بعد نمازِ عصر باوضو سورۃ یوسف (پارہ) کی تلاوت کرے۔ لڑکا یا لڑکی خود پڑھ لے یا گھر کا کوئی فرد پڑھ لے۔ یہ عمل اکتالیس دن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی کوئی مناسب رشتہ ہو جائے گا۔

گھر میں رزق کی فراوانی

گھر میں رزق کی کمی محسوس ہو یا گھر میں برکت نہ ہو جس کے سبب ہاتھ تنگ رہتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔

رات کو عشاء کی نماز کے بعد اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر ایک بار یَا وَاسِعُ پڑھے اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور دُعا کرے۔ یہ عمل اکتالیس دن تک کرے انشاء اللہ تعالیٰ گھر میں برکت ہوگی اور رزق زیادہ تعداد میں حاصل ہوگا۔ نیز برکت کے لئے سب گھر کے افراد نماز کی پابندی کریں۔

دردِ سر کا علاج

سر کے درد سے نجات کے لئے سورۃ کوثر پڑھ پھونک سورۃ باوضو سات بار پڑھ کر کوئی شخص سر میں دم کر دیا کرے درد خود سات بار پوری سورت پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے اپنے تمام سر پر پھیرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کرنے سے سر کا درد دُور ہو جائے گا۔

تعویذ کہ مندرجہ ذیل حروف:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

پڑھ کر ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں سی کر سر میں یا ٹوپی میں اور عورت ہے تو چوٹی میں باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے کبھی سر میں درد نہ ہوگا۔

وہ حروف یہ ہیں:

ح ہ م د م ہ م ل ہ

سورۃ کوثر یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ ۝

اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ ۝

اوپری (آسیبی) اثرات سے نجات

بعض مرتبہ آسیبی اثرات کے سبب کچھ دکھ پریشانیاں بیماریاں اور وہمی خیالات پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ آدمی کو ایک پریشانی سے نجات نہیں ملتی کہ مزید دو پریشانیاں پیدا

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ہو جاتی ہیں۔ اس عمل کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ آسیبی اثرات ختم ہو جائیں گے اور طرح طرح کے وہم اور قسم قسم کی بیماریوں سے نجات حاصل ہوگی۔ باوضو اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھیں پھر گیارہ بار سورۂ مُزمّل پڑھیں پھر گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور ایک بوتل پانی پر دم کریں پھر اس پانی کو چار وقت پی لیں۔ ۱۔ صبح ناشتہ سے قبل

۲۔ گیارہ بجے دن

۳۔ بعد نماز عصر

۴۔ بعد نماز عشاء۔

یہ عمل اکتالیس دن کریں۔ نماز کی پابندی کریں اور روزانہ ایک بار سورۂ یٰسین شریف کی تلاوت کر لیا کریں۔ اگر خود پڑھنا نہ جانتا ہو تو کسی دوسرے سے پڑھوائے اور پانی پر دم کرلے اسی طرح سورۂ یٰسین شریف کی تلاوت بھی کسی سے کرالے۔

احتلام کا علاج

چوتھی عمر میں اکثر نوجوانوں کو احتلام کا مرض ہو جاتا ہے اس کا آسان علاج یہ ہے کہ رات کو سوتے وقت دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی (انگوٹھے کے برابر والی انگلی) سے اپنے پیٹ پر

خسر فاروق اعظم

لکھ لیا کریں بغیر روشنائی کے صرف انگلی سے لکھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ چالیس دن یہ عمل کرنے سے اس بیماری سے نجات مل جائے گی۔ یہ عمل مجرب اور آزمودہ ہے۔ حضرت خسر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے شیطان بہت ڈرتا تھا اسی طرح ان کے نام سے بھی بہت ڈرتا ہے۔ اس نام کی برکت سے وہ انسان سے دور رہے گا۔

خونی بواسیر سے نجات

خونی بواسیر کا مرض بہت خطرناک ہے اس سے انسان کا خون بہہ جاتا ہے اور کمزوری بہت محسوس ہوتی ہے۔ اس کا فوری علاج کرانا ضروری ہوتا ہے۔ یہ روحانی عمل بہت آسان اور قابلِ عمل ہے۔ اس عمل کو اکتالیس دن کرنے سے انشاءاللہ خونی بواسیر سے نجات حاصل ہوگی۔ عمل یہ ہے:

ہر فرض نماز کے بعد صرف ایک بار سورۃ اعلیٰ (پ۳۰) پڑھ لیا کرے۔ سورۃ اعلیٰ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۙ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۙ وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۙ وَالَّذِيْ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۙ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ۙ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۙ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۙ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۙ فَذَكِّرْ

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

وَإِذَا نُصِبَ الْوَزْنُ ۝ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَخْشَى ۝ وَيَتَجَنَّبُهَا
الْأَشْقَى ۝ الَّذِي يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرَى ۝ ثُمَّ لَا يَمُوتُ
فِيهَا وَلَا يَحْيَى ۝ قَدْ أَفْلَحَ مَنْ تَزَكَّى ۝ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ
فَصَلَّى ۝ بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا ۝ وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ وَ
أَبْقَى ۝ إِنَّ هَذَا لَفِي الصُّحُفِ الْأُولَى ۝ صُحُفِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَى

دوکان کی ترقی

بعض مرتبہ دوکان اور کاروبار ایک دم سے ٹھپ ہوجاتا ہے اور سارا سارا دن بیٹھ کر دوکاندار پریشان ہوجاتا ہے لیکن گاہک نہیں آتا۔ دوکان کی آمدنی اتنی کم ہوجاتی ہے کہ دوکان کا کرایہ اور گھر کا خرچ نکالنا مشکل ہوجاتا ہے۔ ایسی صورت میں یہ عمل بہت مجرب ہے۔ کسی نیک آدمی کے کرتے کا ایک ٹکڑا اس سے مانگ لیں اس کو دھو کر سکھادیں۔ سوکھنے کے بعد اس کپڑے کے ٹکڑے پر یہ آیت باوضو لکھیں اور تعویذ کی شکل میں لپیٹ کر دوکان میں لٹکادیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ دوکان چل پڑے گی۔ اور اس قدر خیر و برکت ہوگی کہ نہال ہوجائیں گے یہ عمل ہر کاروباری شخص کرسکتا ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ
يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۝ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

قوت حافظہ کے لئے

جس کا حافظہ کمزور ہو جو یاد کرتا ہو بھول جاتا ہو اس کے سبب پڑھائی کا بہت حرج ہوتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت کارآمد اور مفید ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ حافظہ تیز ہوگا۔ یاد کرے گا۔ وہ یاد رہے گا۔ وہ عمل یہ ہے

جس کا حافظہ کمزور ہو تو اس کو چاہیئے کہ سات روز تک مندرجہ ذیل آیات کو روٹی کے ٹکڑے یا بسکٹ پر باوضو کالی روشنائی سے لکھے اور روزانہ وہ ٹکڑا یا بسکٹ نہار منہ کھاتا رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ قوت حافظہ انتہائی تیز ہوجائے گی۔

آیات کے لکھنے کی ترتیب یہ ہے:

پہلے دن: فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۝۔

اتوار کے دن: رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۝

پیر کے دن: سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى ۝۔

منگل کے دن: اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۝

بدھ کے دن: لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝

جمعرات کے دن: اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝

جمعہ کے دن: فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۝

لگاتار چار ہفتے تک یہ عمل کریں۔ جس ترتیب سے لکھیں اُسی ترتیب سے کھائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ یہ عمل کرنے والا جو کچھ پڑھے

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

گا نقش ہو جائے گا اور یاد رہے گا۔

ناف کو درست کرنا

اس نقش کو باوضو بنا کر موم جامہ کر کے ناف پر باندھ لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ٹلی ہوئی ناف اپنی جگہ پر آجائے گی۔ لیکن شرط یہ ہے کہ تعویذ بالکل ناف پر باندھا جائے۔ اگر تعویذ ناف سے دوسری طرف چلا گیا تو ناف بھی اُدھر ہی چلی جائے گی۔ لہٰذا اس کا بہت خیال رکھا جائے۔ یہ نقش مسلسل چالیس روز تک باندھا جائے کہ ناف اپنی جگہ پر مضبوط ہو جائے۔ وہ نقش یہ ہے:



اس نقش کو بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک گول دائرہ بنالیں پھر اس کے چاروں طرف چار مرتبہ یَا حَفِیْظُ لکھیں اور انیس مرتبہ لفظ لو لکھ دیں اور اس نقش کو موم جامہ کر کے ناف پر باندھ لیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ اگر ناف ٹلی ہوئی ہوگی تو درست ہو جائے گی۔

دانت کے درد کا علاج

دانت کے درد کی تکلیف کو دور کرنے کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے اس طرح کیلنے سے دانت کا درد کافور ہو جاتا ہے۔ دانت کو کیلنے کی ترکیب یہ ہے:

پاک زمین پر کچھ ریت ڈال دیں اور شہادت کی انگلی (دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے برابر والی انگلی) سے یا پاک لکڑی سے یہ حروف لکھیں:

ا ب ج د ہ و ز ح ط ی

اس کے بعد سب سے پہلے حرف پر لکڑی، کیل، چاقو یا چھری کی نوک رکھ کر اسے دبائیں اور سورۂ فاتحہ ایک بار پڑھیں۔ پھر لکڑی یا کیل سے حرف پر زور دیں اور اس سے درد کی بابت دریافت کریں۔ جس کے دانت میں یا داڑھ میں درد ہو رہا ہے مریض اپنی انگلیوں سے اس دانت یا داڑھ کو پکڑے۔ جس کے دانت یا داڑھ میں درد ہے اس سے دریافت کرے کہ درد میں اب کوئی کمی ہوئی یا نہیں اگر درد باقی ہے تو مریض اپنی داڑھ کو جہاں درد ہے دو انگلیوں سے پکڑے اور عامل دوسرے حرف پر لکڑی رکھے اور اسی طرح اس لکڑی سے حرف پر زور دے کر سورۂ فاتحہ دو مرتبہ پڑھے اور پھر مریض سے درد کی بابت دریافت کرے۔ مریض دانت سے انگلی ہٹا کر

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بتائے کہ اب درد ہے یا نہیں۔ اگر درد موقوف ہو گیا تو ٹھیک ہے ورنہ اسی طرح ہر اگلے حرف پر سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ اور زیادہ پڑھ کر مریض سے دریافت کرے۔ اسی طرح عمل کرتا جائے انشاء اللہ تعالیٰ آخری حرف تک پہنچنے سے پہلے ہی درد ختم ہو جائے گا۔ یہ بارہا کا آزمودہ نسخہ ہے اور بہت ہی مجرب عمل ہے۔ سورۃ فاتحہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ
يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا
الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝
غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

جسمانی کمزوری کا علاج

بعض مرتبہ تھوڑے تھوڑے عرصہ کے بعد صحت بگڑتی رہتی ہے اور انسان بہت زیادہ کمزوری محسوس کرتا ہے۔ اس کمزوری اور طرح طرح کی بیماریوں کے دفعیہ کے لئے یہ عمل تیر بہدف ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ صحت بحال ہو جائے گی۔ اور ہر قسم کی کمزوری دور ہو جائے گی وہ عمل یہ ہے:

باوضو سورۂ یٰسین شریف اس ترکیب سے پڑھیں کہ

کے لفظ پر سات بار سورۂ فاتحہ پڑھیں اسی طرح سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر ختم کر لیں اور ایک بوتل میں پانی بھر کر اس پر دم کر دیں۔ پھر اس پانی کو صبح نہار منہ اور سوتے وقت ایک ایک گھونٹ پی لیا کریں۔ اکیس روز مسلسل یہ پانی استعمال کریں انشاء اللہ تعالیٰ کمزوری دور ہو جائے گی۔ اگر اکیس دن میں یہ بیماری اور کمزوری دور نہ ہو تو دوبارہ اسی طرح پڑھ کر اکیس دن پھر استعمال کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بیالیس دن کے استعمال پر ہر قسم کی بیماری سے نجات حاصل ہو گی اور جسم کی کمزوری اور نقاہت ختم ہو کر بدن میں چستی اور پھرتی پیدا ہو جائے گی۔

دُبلے پن کا علاج

بعض مرتبہ بہت دُبلا پن اور دھان پان آدمی سب کی تضحیک اور ہنسی کا باعث بنتا ہے۔ جسمانی کمزوری دور کرنے کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔

دُبلے پتلے آدمی اپنے نام کے اعداد کے برابر روزانہ سوتے وقت ۔ یَا قَوِیُّ ۔ پڑھا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند ماہ اس عمل کی پابندی کرنے سے جسم موٹا اور فربہ ہو جائے گا اور دُبلا پن ختم ہو کر بدن میں چستی پیدا ہو گی۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

حکیم، ڈاکٹر، وید، حامل کے ہاتھ میں شفاء

بعض مرتبہ حکیم، ڈاکٹر، وید، حامل ہر طرح سے باکمال اور اپنے فن کے ماہر ہوتے ہیں لیکن ان کے ہاتھ میں شفاء نہیں ہوتی۔ وہی دوائیں جو یہ حکیم، ڈاکٹر، وید تجویز کرتے ہیں کوئی دوسرا کرے تو مریض صحتیاب ہوجاتا ہے۔ لیکن ان کا سارا کمال دھرا کا دھرا رہ جاتا ہے۔ ہاتھ میں شفاء کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔

سب سے پہلے معالج جسمانی ہو یا معالج روحانی تکبر اور غرور نہ کرے اور بدنیت نہ ہے اور اپنے گناہوں سے توبہ کرلے جیسے نماز کی پابندی کرے۔ اللہ تعالیٰ سے ہر وقت اس کی رحمت اور ہاتھ میں شفاء کی دعا کرتا رہے۔ اس کے بعد صدقہ، خیرات اور غرباء کی مالی امداد کرتا رہے۔ ہر ماہ تین پرندے، طوطے، چڑیا، بلی خرید کر آزاد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند ماہ اس طرح کرنے سے شفاء کا سلسلہ شروع ہوجائے گا اور لوگ ہر طرف سے آنے لگیں گے اور حکمت و ڈاکٹری کی خوب شہرت ہوجائے گی۔

تعلیم سے دل اُچاٹ ہونے کا علاج

بعض مرتبہ کسی بچے یا بڑے کا تعلیم سے دل اُچاٹ ہوجاتا ہے۔ کتنا ہی مارو پیٹو، سمجھاؤ وہ پڑھنے پر آمادہ نہیں ہوتا

اور گھر سے بھاگنے لگتا ہے۔ اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔

ایک بوتل پانی پر باوضو اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں درمیان میں تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھ کر دم کرکے رکھ لیں اور روزانہ سوتے وقت تین گھونٹ پانی اس بچے کو پلا دیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس دن پانی پلانے کے بعد اس کو تعلیم کا شوق پیدا ہوگا اور بری عادتوں سے بھی نجات حاصل ہوگی۔

گھر کو جنات سے پاک کرنا

بعض مرتبہ خالی مکان پر جنات قبضہ کرلیتے ہیں۔ جب کوئی شخص اس مکان میں رہائش اختیار کرتا ہے تو یہ اسے طرح طرح سے تنگ کرتے ہیں۔ آئے دن لوگ مکان بدلتے ہیں اور چند دن کے بعد رخصت ہوجاتے ہیں۔ اس کا مستقل علاج یہ ہے کہ چالیس حفاظ قرآن پاک کو جمع کرکے ان سے ایک ایک مرتبہ سورۃ بقرہ پڑھوائی جائے سب الگ الگ کمروں میں بلند آواز سے پڑھیں اور ایک کورے نئے مٹکے کو دھو کر پاک کرکے اس میں پانی بھر کر سب حافظوں سے دم کرا کر رکھ لیں، وہ پانی غسل خانہ اور بیت الخلاء کو [illegible] باورچی خانے کے کونوں میں چار

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

وقت ہلکا ہلکا چھڑکا جائے۔ یہ پانی اکتالیس دن تک مسلسل چھڑکیں ناغہ نہ ہو انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے تمام جن اس مکان سے نکل جائیں گے۔ اگر چالیس دن حفاظ کا انتظام نہ ہو سکے تو کسی ایک حافظ یا ناظرہ خواں کو مقرر کر دیں جو روزانہ وقت مقررہ پر ایک بار سورۂ بقرہ پڑھ کر پانی کے مٹکے پر دم کر دیا کرے اسی میں سے پانی لے کر چار وقت چھڑک دیا کریں۔ پانی چھڑکنے کے چار وقت یہ ہیں:

۱۔ صبح آٹھ بجے
۲۔ دوپہر بارہ بجے
۳۔ شام کو بعد نماز عصر
۴۔ بعد نماز عشاء

قوتِ حافظہ اور امتحان میں کامیابی

بعض مرتبہ ذہین اور پڑھائی کے شوقین بچے قوتِ حافظہ کی کمزوری کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اس سے ان کی تعلیم اور ترقی متاثر ہوتی ہے۔ وہ جس معیار پر پہنچنا چاہتے ہیں اس میں حافظہ کی کمزوری رکاوٹ بن جاتی ہے۔

حافظہ کی کمزوری دور کرنے کے لئے یہ عمل بہت کارآمد ہے۔ عمل یہ ہے:

ایک بوتل میں پانی بھر کر باوضو اکتالیس گیارہ بار درود شریف

پڑھیں۔ اس کے بعد تین سو بار سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ (آخر تک) پڑھیں آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھیں پانی پر دم کر دیں۔ اس پانی کو سوتے وقت تین گھونٹ پلا دیا کریں۔ یہ پانی مسلسل (۴۱) اکتالیس دن پلائیں۔ صرف ایک دفعہ کا پڑھا ہوا پانی اکتالیس دن استعمال کریں۔

صبح نہار منہ بھیگے ہوئے چنے پابندی سے کھائیں انشاءاللہ تعالیٰ قوتِ حافظہ تیز ہوگی۔ پڑھا ہوا یاد رہے گا۔ سورۂ الم نشرح یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

امتحان کے شروع ہونے سے چند دن قبل بلاناغہ ۴۱ بار

يَا حَسِيْبُ

پڑھتا رہے۔ اور امتحان کے کمرے میں بھی اس کو پڑھتا رہے۔ جب پرچہ شروع کرے تب پڑھنا بند کر دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے امتحان میں اعلیٰ نمبروں سے کامیابی ہوگی۔

تنبیہ: صرف وظیفہ کی بنیاد پر امتحان میں کامیابی کی امید رکھنا غلط ہے۔ اپنی کتابوں کو خوب اچھی طرح سے یاد کیا کرے امتحانی تیاری

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

مکمل کرکے وظیفہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت اونچے نمبروں سے کامیابی حاصل ہوگی۔ پہلے اسباب اختیار کرو کہ دنیا اسباب کا ذریعہ ہے پھر اللہ رب العزت کی ذات پر مکمل بھروسہ کرکے ذکر الٰہی کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کی مدد طلب کرو۔

بچہ کا بار بار گھر سے باہر نکل جانا

بعض بچے باہر گھومنے اور باہر جانے اور کھیلنے کے اس قدر عادی ہو جاتے ہیں کہ انہیں نہ بھوک پیاس کا احساس ہوتا ہے اور نہ ہی گھر جانے کا خیال آتا ہے۔ گھر والے اس کا انتظار کر کر کے پریشان ہو جاتے ہیں۔ ایسی صورت میں رات کو جب بچے سو جائیں تو سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ تین مرتبہ پڑھ کر اس بچے پر دم کر دیا کرے۔ گیارہ دن لگاتار یہ عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ گھر میں رہے گا۔

دوکان چلنے کے لئے۔ دوکان مکان کی بندش

مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور دوکان میں اس طرح لگائے کہ نقش دروازے کے مقابل ہو۔ اگر گھر کی بندش کی ہوئی ہے تو گھر کے دروازے کے سامنے والی دیوار پر لگا دیں۔ اگر بندش ہوگی کھل جائے گی جادو سفلی ہوگا اس کا اثر باطل ہو جائے گا۔ دوکان خوب چلے گی۔ منافع بہت ہوگا۔

یہ نقش کچی کالی روشنائی اور لکڑی کے قلم سے موٹے حروف سے لکھے۔ نقش مع یہ ہے:

یَا اَللّٰہُ	یَا بَارِئُ	یَا مُصَوِّرُ
یَا مَالِکُ	یَا رَزَّاقُ	یَا قَادِرُ
یَا رَزَّاقُ	قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ	یَا رَزَّاقُ
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ	یَا رَزَّاقُ	اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ
یَا رَزَّاقُ	اَللّٰہُ الصَّمَدُ	یَا رَزَّاقُ

نوکری کی تلاش

جو شخص روزگار کے سلسلے میں پریشان ہو اور چاہتا ہو کہ جلد نوکری لگ جائے یا نوکری سے برخاست کر دیا گیا ہو اور چاہتا ہو کہ جلد ملازمت بحال ہو جائے تو اسے چاہیئے کہ اوّل تین روزے رکھے اور روزے کی حالت میں سات بار یہ درود شریف پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

اس کے بعد نماز فجر میں روزانہ تین دن تک ۱۰۰۱ مرتبہ روزانہ

یَا رَزَّاقُ

پڑھے اس کے بعد یہ درود شریف سات بار پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

پڑھ کر دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد ملازمت مل جائے گی یا ملازمت سے برخاست ہوا ہے تو ملازمت بحال ہو جائے گی۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بیکار، بے روزگار، ملازمت سے برخاست

جو شخص بیکار ہو، بے روزگاری کے سبب پریشان رہتا ہو یا ملازمت سے نکال دیا گیا ہو اب پریشانی میں مبتلا ہو، گذارے کی دوسری شکل موجود نہ ہو۔ اس عمل کی برکت سے باعزت روزگار مل جائے گا۔ اس کے لئے سب سے پہلے ان تین اسماء کی زکوٰۃ ادا کرے وہ اسماء یہ ہیں:

یَا سَمِیْعُ - یَا وَاسِعُ - یَا رَزَّاقُ

زکوٰۃ کا طریقہ ترکب حیوانات کے ساتھ یَا سَمِیْعُ کو ایک سو اکیانوے (۱۹۱) بار یَا وَاسِعُ کو ایک سو اڑتالیس (۱۴۸) بار اور یَا رَزَّاقُ کو تین سو انیس (۳۱۹) بار ایک ہی بیٹھک میں پڑھے۔ پڑھتے وقت لوبان کی دھونی دیتا رہے۔ اس طرح کہ لوہے کے برتن میں کوئلے جلا کر رکھ لے اور تھوڑی دیر بعد اس پر پسا ہوا لوبان چھڑکتا رہے اس طرح چالیس دن تک بعد نماز عشاء وظیفہ پڑھ کر چلہ ختم کرے اور چھوٹے بچوں کو شیرینی (مٹھائی) تقسیم کردے۔ اس طرح تینوں اسموں کا حامل ہو جائے گا۔ پھر جو وقت ضرورت اپنے لئے یا کسی ضرورت مند کے لئے تین اسماء باوضو تین روز یا سات روز اسی تعداد میں پڑھے گا تو فوراً ملازمت ملے گی۔ جب کسی دوسرے کے لئے پڑھے تو اس کے لئے عمل ختم ہونے کے بعد یہ کلمات کم از کم تین مرتبہ ہاتھ اٹھا کر دعا سے ادا کرے

وہ الفاظ یہ ہیں۔

اَللّٰھُمَّ انْصُرْ فلاں بن فلاں۔ فلاں کی جگہ ضرورت مند کا نام لے اور بن کے بعد جو فلاں ہے اس کی جگہ اس کی والدہ کا نام لے مثلاً:

بشیر احمد بن شمیم بانو

انشاء اللہ تعالیٰ سات روز کے اندر اندر ملازمت مل جائے گی یا کسی اچھے روزگار کا انتظام ہو جائے گا۔ ترک حیوانات کا مطلب ہے کہ چلے کے دوران ان چیزوں سے پرہیز کرے۔

ہر قسم کا گوشت، مرغی، انڈا، دودھ، گھی، دہی، چمڑے کی جوتی چمڑے کے ڈول سے کھینچا ہوا پانی، مٹھائی، پکوان تیل۔ کھمبی، زیر خانہ [illegible] جانا۔ ہوتے میں جانا ان سب باتوں کا پرہیز ہے۔

ملازمت کے لئے

یہ عمل ملازمت کے لئے بے نظیر ہے۔ اگر کوئی شخص کام کرنا چاہتا ہے اور بیکاری پیچھا نہیں چھوڑتی اس وقت یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ ملازمت ضرور ملے گی اور اچھی ملازمت ملے گی یا پھر غیب سے کاروبار کے لئے رقم کا بندوبست ہو جائے گا۔ جب پریشانیاں حد سے زیادہ بڑھ جائیں اور تلاش کے باوجود بھی کہیں ملازمت نہ ملے تو مندرجہ ذیل نقش کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کی مدد حاصل کرے۔ اس نقش کے لکھنے میں کوئی خاص اہتمام اور پابندی نہیں ہے۔ البتہ اس نقش کے وسیلے

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

سے ملازمت یا روزگار تلاش کرنے والا نماز کا پابند ہو جائے پنجوقتہ نماز پابندی سے ادا کرے۔ باجماعت نماز پڑھے تو بہت بہتر ہے۔ اس نقش کو ہمیشہ باوضو لکھے۔ اس نقش کو پہلے دن ایک نقش لکھے دوسرے دن دو نقش لکھے، تیسرے دن تین نقش لکھے اسی طرح روزانہ تعداد بڑھاتا جائے اور جب بیسویں دن بیسواں نقش لکھ لے اور آٹا گوند کر اس میں کٹے کی گولیاں بنا کر ان میں الگ الگ ایک ایک نقش لپیٹ کر سمندر، دریا، تالاب، نہر یا جھیل میں ڈال دیں انشاءاللہ تعالیٰ اس عرصہ میں ملازمت مل جائے گی اور روزگار کا انتظام ہو جائے گا۔

خدانخواستہ اگر بیسویں دن میں کوئی صورت ملازمت کی نظر نہ آئے تو اگلے دن پھر بیسواں نقش لکھے اس کے بعد اگلے دن انیسویں نقش لکھے اسی طرح ایک ایک نقش گھٹا کر (کم کر کے) لکھے یہاں تک کہ آخری دن ایک نقش لکھ کر ان سب نقوش کو آٹے کی گولیوں میں رکھ کر اسی طرح سمندر قریب ہو تو اس میں ڈال دے ورنہ جھیل یا نہر یا دریا یا تالاب میں ڈال دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اب ضرور ملازمت ملے گی یا کاروبار کے لئے رقم کا انتظام ہو جائے گا۔ یہ عمل بے حد مجرب ہے اور جب بھی اس کا تجربہ کیا گیا ہمیشہ کامیابی حاصل ہوئی۔ نقش یہ ہے:



مال و زر میں اضافہ کے لئے

اس نقش کو کسی سُنار سے باوضو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرالے اور اس انگوٹھی کو ہمیشہ سیدھے ہاتھ میں پہنے (انگوٹھے کے برابر والی کلے کی انگلی میں) پہنے اس انگوٹھی میں چونکہ قرآنی آیت کندہ ہوگی اس لئے ناپاک حالت میں نہ پہنے اور نہ بیت الخلاء میں پہن کر جائے بلکہ ناپاک حالت میں فوراً انگوٹھی اتار دے اسی طرح بیت الخلاء میں جاتے وقت اُتار کر جائے۔ اگر کبھی بھول سے کوئی بداحتیاطی ہو جائے تو اس آیت کو جو اس انگوٹھی پر کندہ ہے ایک تسبیح پڑھے۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر اس انگوٹھی پر دم کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ یہ انگوٹھی بھرپور ہو جائے گی۔ وہ آیت جو انگوٹھی پر لکھی جائے گی یہ ہے۔

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ۙ يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ۙ وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ۝

انگوٹھی پر نقش اس طرح بنایا جائے۔



FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

گھر میں خیر و برکت کے اثرات ظاہر ہونا

جو شخص یہ چاہے کہ اس کے گھر میں خیر و برکت پیدا ہو۔ اور گذارہ بآسانی ہو۔ کسی کی محتاجگی باقی نہ رہے۔ اسے چاہیئے کہ وہ باوضو بعد نماز فجر سات بار یہ اسماء مبارکہ پڑھے۔ اوّل ایک بار درود شریف پڑھ کر گھر میں خیر و برکت کی دعا کر لیا کرے۔ وہ اسماء یہ ہیں:

یَا اَللّٰہُ - یَا سَمِیْعُ - یَا عَلِیْمُ - یَا سَمِیْعَ الْعِتَابِ - یَا وَاسِعُ - یَا عَدْلُ - یَا عَظِیْمُ - یَا مُتَعَالُ - یَا عَزِیْزُ - یَا غَفُوْرُ - یَا بَاعِثُ - یَا فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ - یَا رَافِعُ - یَا مُعِیْدُ - یَا مَانِعُ - یَا نَافِعُ - یَا جَامِعُ - یَا بَدِیْعُ -

مرض معلوم کرنے کا عمل

مریض کے پاؤں کے ناخن سے لے کر سر تک ایک نیلے رنگ کا ڈورا (موٹا دھاگہ) ناپ لیں۔ پھر سات (۷) مرتبہ اس پر سورۃ مزمل (پ۲۹) پڑھیں۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ پھر دوبارہ اس ڈورے کو ناپیں۔ اگر چھوٹا ہو جائے تو سحر ہے اور اگر بڑھ جائے تو جن وغیرہ کا اثر ہے۔ بالوں کا گچھا (بادبان) رہے تو جسمانی بیماری ہے۔

بانجھ عورت کے لئے

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اولاد سے محروم ہو تو اسے چاہیئے کہ سات روزے مسلسل رکھے درمیان میں ناغہ نہ کرے اور روزانہ روزہ کھولنے سے قبل باوضو

یَا مُصَوِّرُ

اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے رکھ لے اور اسی پانی سے روزہ افطار کرے۔ اس دوران میاں سے قربت کرتی رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ عورت حاملہ ہو گی اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے نیک لڑکا پیدا ہو گا۔

سخت سے سخت مشکل آسان

اگر کوئی شخص کسی مشکل میں پھنس گیا ہو اور چاہتا ہو کہ اس مشکل سے آسانی سے نجات مل جائے تو اسے چاہیئے کہ روزانہ سات دن تک ایک وقت مقرر کر کے اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر پانچ ہزار بار

یَا مُصَوِّرُ

پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر مشکل کے آسان ہونے کی دعا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی مشکل آسان ہو گی یہ عمل قرض سے نجات حاصل کرنے، مقدمہ میں کامیابی کے لئے [illegible] کے لئے کیا جائے تو بھی کامیابی ہو گی۔

AAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

گم شدہ اور بھاگے ہوئے کی واپسی

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو یا غائب ہو تو مندرجہ ذیل نقش باوضو بنائیں اور نقش کے نیچے مفرور یا غائب کا نام اس کی والدہ کے نام کے ساتھ لکھیں اور اسے ہرے کپڑے میں لپیٹ کر کسی پھل دار درخت پر اس طرح لٹکا دیں کہ ہوا سے نقش ہلتا رہے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۸۳	۸۷	۹۰	۷۶
۸۹	۷۷	۸۲	۸۸
۷۸	۹۲	۸۵	۸۱
۸۶	۸۰	۷۹	۹۱

زبردست آسیب کا آسان علاج

جس گھر میں آسیبی اثر ہو یا کسی لڑکے یا لڑکی پر جن بھوت پریت آسیب کا اثر ہو اس گھر میں ایک وقت مقررہ پر باوضو سورہ بقرہ پڑھی جائے اور ایک کورے اور نئے مٹکے میں پانی بھر کر اس پر دم کیا جائے۔ سب گھر کے افراد اس پانی کو چار وقت پئیں اور مریض کو ہر وقت جب بھی پیاس لگے وہ پانی پلائیں اور چار وقت مکان کے ہر ہر کونے میں وہ پانی چھڑکیں مرد غسل خانہ اور بیت الخلا میں نہ چھڑکیں، اسٹور، باورچی خانہ اور تمام کمروں کے کونوں میں ضرور چھڑکیں۔ پینے اور چھڑکنے کے اوقات یہ ہیں:

(۱) صبح سات بجے
(۲) دوپہر گیارہ بجے
(۳) شام پانچ بجے (بعد نماز عصر)
(۴) بعد نماز عشاء (رات دس بجے)

دوسرا عمل آسیب کے لئے:

فجر کی نماز پڑھ کر جنگل میں جا کر باوضو ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر بیری کا ایک پتہ توڑیں پھر آیۃ الکرسی پڑھیں اور دوسرا پتہ توڑیں اسی طرح آیۃ الکرسی پڑھتے جائیں اور بیری کے پتے توڑتے جائیں۔ سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھنی ہے اور سات پتے توڑنے ہیں۔ اگر گھر میں یا گھر کے قریب بیری ہو تو اس سے ہی پتے توڑ لیں دور جانے کی ضرورت نہیں۔ لیکن یہ خیال رہے کہ پتے سورج نکلنے سے پہلے توڑنے ہیں۔ ان پتوں کو ایک بڑے برتن میں ڈال کر کئی بار جوش دیں اس طرح کہ پانی بار بار کھولنے لگے۔ اس کے بعد پانی ٹھنڈا ہونے پر اس سے مریض کو روزانہ سات دن تک بلا ناغہ اور مسلسل پلائیں۔

تیسرا عمل آسیب کے لئے:

سات دن تک بیری کے پتوں سے غسل دینے کے بعد ایک ایک روپے والے اکاون سکے (۵۱ عدد) لے لیں اور سورۃ اخلاص ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھیں اور ان سکوں پر دم کریں

FREE AMLIYAAT BOOKS.....
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

پھر ان سکوں کو ایک ایک کرکے مریض کے سر سے پیروں کی طرف سے اتاریں (یعنی سر سے نیچے پیروں کی طرف لائیں) اور پھر ان سکوں کو اکتالیس فقیروں میں تقسیم کرادیں۔ یہ سکے ایک ہفتہ کے اندر اندر تقسیم کردیں۔ اس سے زیادہ دن نہ لگیں۔ سورۂ علق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ۚ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۚ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ ؕ كَلَّاۤ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَیَطْغٰۤی ۙ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰی ؕ اِنَّ اِلٰی رَبِّكَ الرُّجْعٰی ؕ اَرَءَیْتَ الَّذِیْ یَنْهٰی ۙ عَبْدًا اِذَا صَلّٰی ؕ اَرَءَیْتَ اِنْ كَانَ عَلَی الْهُدٰۤی ۙ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰی ؕ اَرَءَیْتَ اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰی ؕ اَلَمْ یَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ یَرٰی ؕ كَلَّا لَئِنْ لَّمْ یَنْتَهِ ۙ لَنَسْفَعًۢا بِالنَّاصِیَةِ ۙ نَاصِیَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۚ فَلْیَدْعُ نَادِیَهٗ ۙ سَنَدْعُ الزَّبَانِیَةَ ۙ كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۩

چوتھا عمل آسیب کے لئے:

اول باوضو گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد سورۂ یٰسین شریف پڑھنا شروع کرے اور ہر نون پر رک کر سات مرتبہ سورۂ نمبر ۱۱۳ (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ) پوری اور سورۂ نمبر ۱۱۴ (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ) پوری پڑھ کر بوتل پانی پر دم کریں۔ سورۂ یٰسین شریف ختم ہونے

پر بھی ہر نون پر رک کر سات مرتبہ معوذتین پڑھ کر بوتل پر دم کریں۔ سورۂ یٰسین شریف کے اختتام پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھر بوتل پر دم کرکے بوتل کا منہ ڈھکن سے بند کردیں۔ یہ پانی کھانے کے بعد ایک گھونٹ صبح اور ایک گھونٹ شام کو مریض کو پلاتے رہیں۔ تنبیہ: تیسرا عمل دوسرے عمل کے بعد کرنا ہے۔

ان عملوں کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ جن آسیب بہت جلد سے نجات حاصل ہوجائے گی۔ معوذتین یہ ہیں:

سورۃ الفلق:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۧ

سورۃ الناس:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۧ

ناجائز قبضہ ختم کرانا

اگر کسی کے ناجائز قبضہ میں کسی اور اسباب پر یا عزت و آبرو کا

LIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کوئی ناحق دعویدار بن کر ظلم کر رہا ہے اور مظلوم چاہتا ہو کہ اس ظالم قابض کے ناحق قبضہ سے نجات ملے تو اسے چاہیئے کہ سات دن تک ظہر کی نماز کے بعد گیارہ سو بار باوضو یہ آیت پڑھ کر دشمن کے حق ہونے کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ کے مسلسل عمل سے دشمن سے نجات ملے گی۔ وہ آیت یہ ہے:

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝ وَلَنْ یَّتَمَنَّوْہُ اَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْھِمْ ؕ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌۢ بِالظّٰلِمِیْنَ ۝ اس آیت سے قبل اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝ ہر بار پڑھنا ضروری ہے۔

سامان کی حفاظت

اگر کوئی شخص سفر پر جا رہا ہو اور اس کے ساتھ سامان بھی ہو تو تین مرتبہ یہ آیت پڑھ کر سامان پر پھونک مار دے۔ تو اس کا سامان انشاء اللہ تعالیٰ گم ہونے سے محفوظ رہے گا اور نہ ہی اس کو کوئی چرا سکے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِکُمْ مِّنْ خَیْرٍ تَجِدُوْہُ عِنْدَ اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ۝

سامان کی حفاظت کا نقش

اگر کوئی شخص سفر کر رہا ہو اور چاہتا ہو کہ دوران سفر اس کا سامان سفر محفوظ رہے اور گم اور چوری نہ ہو تو اس کے لیے [illegible]

نقش لکھے اور سامان میں رکھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سامان گم ہونے یا چوری ہونے سے محفوظ رہے گا۔ وہ نقش یہ ہے:

۸۹۱

۸۵۰	۸۵۴	۸۵۶	۸۴۳
۸۵۶	۸۴۳	۸۴۹	۸۵۵
۸۴۵	۸۵۹	۸۵۲	۸۴۸
۸۵۳	۸۴۷	۸۵۱۱	۸۵۴

سانپ بچھو، جن بھوت آسیب سے مکان کی حفاظت

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ موذی جانوروں سے مثلاً سانپ، بچھو اور دیگر کیڑے مکوڑوں اور آسیب و جن سے مکان محفوظ ہو تو اس آیت کو باوضو تین دن تک لگاتار ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے کوئی موذی جانور اور آسیب، جن بھوت اس مکان میں داخل نہ ہو سکے گا۔ اگر اس آیت کو باوضو لکھ کر ہر کمرے کے دروازے کے سامنے والی دیوار پر لگا دیا جائے تب بھی موذی جانور اور آسیب جن اس کمرے میں داخل نہ ہو سکیں گے اور مکان ہر قسم کے اوپری اثرات سے محفوظ ہو جائے گا۔

وہ آیت یہ ہے:

اُولٰٓئِکَ مَا کَانَ لَھُمْ اَنْ یَّدْخُلُوْھَآ اِلَّا خَآئِفِیْنَ ؕ لَھُمْ فِی الدُّنْیَا خِزْیٌ وَّلَھُمْ فِی الْاٰخِرَۃِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ۝

FREE AMLIYAAT BO[illegible]
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

مکان کو ہر قسم کے وبائی امراض سے محفوظ کرنا

ہر قسم کے وبائی امراض مثلاً بخار، ہیضہ، طاعون، ملیریا، خسرہ، چیچک سے محفوظ کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیت کو باوضو لکھ کر ایک کاغذ دروازے پر چسپاں کر دے اور دوسرا کاغذ صحن کے اندر کی طرف لگا دے۔ جس مکان پر یہ آیت لکھی ہوئی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مکان اور اس میں رہنے والے ہر قسم کے وبائی اور اُڑ کر لگنے والی بیماریوں سے محفوظ رہیں گے۔ وہ آیت یہ ہے اس آیت کے ساتھ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بھی لکھیں ؎

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝

کسی اہم کام میں کامیابی

کسی ڈاکٹری کلاس میں داخلہ کا مسئلہ ہو یا انجینئرنگ یا کسی بھی شعبے میں داخلے کا معاملہ ہو یا کسی اچھی اور بڑی کمپنی میں ملازمت کا معاملہ ہو تو مندرجہ ذیل نقش باوضو تیار کرے اور موم جامہ کر کے لٹکا لے۔ پھر ہر نماز کو روزہ رکھے۔ روزہ تین نمازوں کو رکھنا ہے اور روزہ کھولنے کے بعد عشاء کی نماز پڑھ کر اس آیت کو باوضو تیس ہزار مرتبہ پڑھے۔ عمل شروع کرنے سے پہلے گیارہ بار

درود شریف پڑھے اور عمل ختم ہونے کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد اس نقش پر کپڑے سمیت (موم جامہ کئے ہوئے نقش پر) دم کرے۔

تیسری شب جمعہ کو عمل ختم کر کے نقش پر دم کر کے نقش دائیں بازو پر باندھ لے اور اپنی کامیابی کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد کامیابی حاصل ہوگی۔ وہ آیت جو تیئس ہزار (۲۳۰۰۰) بار پڑھی جائے گی یہ ہے:

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝

نقش باندھنے والا یہ ہے۔

۴۴

۸۵۷	۸۶۰	۸۶۳	۸۵۰
۸۶۲	۸۵۱	۸۵۶	۸۶۱
۸۵۲	۸۶۵	۸۵۸	۸۵۵
۸۵۹	۸۵۴	۸۵۳	۸۶۴

یا الٰہی میری مدد کر

گھر والوں کی سلامتی

اگر کوئی شخص طویل سفر پر جا رہا ہو اور سفر میں بہت لمبی مدت صرف ہوگی اور اہل خانہ کی فکر و تشویش پردیس میں پریشان کرے گی تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کے ساتھ باوضو لکھ کر دروازے باہر کی طرف پاشاک کو ٹنگ کرلے یا تعویذ کرکے لگادے تو انشاء اللہ تعالیٰ تمام گھر والے صحت و سلامتی کے ساتھ رہیں گے اور انہیں کوئی حادثہ پیش نہ آئے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا۔

لوگوں کی برائی سے حفاظت

اگر کوئی شخص ذکری کرتا ہے اور اس کے مخالف اس کے کافر یا مالک سے اس کی جھوٹی شکایتیں کرتے ہیں یا عورت کی ساس نندیں اس کے شوہر کے سامنے جھوٹی باتیں بیان کرکے شوہر کو بیوی سے لڑانے کی کوشش کرتی ہیں تو اول تین مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک تسبیح پر یہ آیت پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ یہ کلمات زبان سے ادا کرے۔ سات دن مسلسل بلاناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے تمام شکایات دور ہوں گی۔ درود شریف یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

وہ آیت یہ ہے:

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

وہ کلمات یہ ہیں:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔

اسی آیت کا یہ نقش باوضو لکھ کر کالے کپڑے میں لوم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھ لے۔ عورت بائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے چغل خوروں اور سازش کرنے لوگوں کے شر اور فتنہ سے حفاظت رہے گی۔ وہ نقش یہ ہے:

۴۸۴

۲۵۲	۲۴۷	۲۵۵
۲۵۴	۲۵۱	۲۴۹
۲۴۸	۲۵۶	۲۵۰

لاپتہ انسان کا پتہ چلنا

اگر کوئی شخص اپنا لڑکا لڑکی گم ہو گئے ہوں یا لاپتہ ہو گئے ہوں

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

تو یہ آیت روزانہ لگاتار پانچ سو (۵۰۰) بار باوضو پڑھ کر اس کی واپسی کی دعا کرے۔ سات دن تک برابر یہ عمل جاری رہے۔ عمل کے شروع اور آخر میں درود شریف پانچ پانچ مرتبہ پڑھیں اس عمل کی برکت سے یا تو اس کا پتہ مل جائے گا یا وہ واپس آجائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

اسی طرح اگر اس آیت کا نقش باوضو لکھ کر نیچے گم شدہ کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھ کر نقش کو کالے کپڑے میں لپیٹ کر کسی وزنی چیز (پتھر۔ بھاری بکس۔ بھاری الماری) کے نیچے دبا دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی لاپتہ شخص کا پتہ چل جائے گا یا گمشدہ واپس آجائے گا۔ وہ نقش مظلم یہ ہے:

۴۸۱

۱۰۵۷	۱۰۶۰	۱۰۶۴	۱۰۵۰
۱۰۶۳	۱۰۵۱	۱۰۵۹	۱۰۶۱
۱۰۵۲	۱۰۶۲	۱۰۵۸	۱۰۵۵
۱۰۵۹	۱۰۵۴	۱۰۵۳	۱۰۶۵

رعشہ (ہاتھوں کا کانپنا) کی بیماری

بعض لوگوں کو رعشہ کا مرض ہو جاتا ہے جس کے سبب وہ کام کاج سے محتاج ہو جاتے ہیں۔ اس کا علاج یہ ہے کہ باوضو دو نقش لکھے۔ ایک نقش موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لیں۔ اور دوسرا نقش کھلا رکھیں اور پلاسٹک کوٹنگ کرالیں یا فریم کروالیں یا موٹے گتے پر چپکالیں اور صبح و شام اس نقش کو مسلسل پانچ منٹ تک دیکھتے رہیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی اس بیماری سے نجات مل جائے گی۔ وہ نقش یہ ہے:

۴۸۶

۳۲۴	۳۲۸	۳۳۱	۳۱۷
۳۳۰	۳۱۸	۳۲۳	۳۲۹
۳۱۹	۳۲۳	۳۲۶	۳۲۲
۳۲۷	۳۲۱	۳۲۰	۳۳۲

جوڑوں کے درد کا علاج

جوڑوں کا درد ہو یا جسم کے کسی بھی حصے میں درد رہتا ہو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے:

زیتون کے تیل پر ایک سو پچیس (۱۲۵) بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں اور جسم کے جس جس حصے میں درد ہوتا ہو۔ اس اس جگہ میں روزانہ رات کو سونے سے قبل اس تیل کی مالش کریں انشاءاللہ تعالیٰ چند دن کرنے سے درد ختم ہو جائے گا۔

پرہیز:

پرہیز یہ ہے کہ جس رات جسم ناپاک ہو یا بیوی سے قربت کرنی

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ہو اس رات اس تیل کی مالش نہ کریں۔ دوسری بات یہ کہ ایک بوتل پانی پر ایک سو پچیس (۱۲۵) بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں (ایک ہی نشست) میں پڑھیں (تھوڑا تھوڑا پڑھ کر دم نہ کریں)۔ اور اس پانی کو سوتے وقت چند گھونٹ پی لیا کریں۔ سورۃ فاتحہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝
(آمین)

تشخیصِ مرض (یعنی مرض کا معلوم کرنا)

فجر کی نماز کے بعد

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اِفْتَحْ اِفْتَحْ اِفْتَحْ۔

ایک سو (۱۰۰) بار پڑھ کر آنکھیں بند کرلیں اور اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کریں۔ اس وقت جو بھی خیال دل میں آئے وہی مرض ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کبھی تشخیص غلط نہ ہوگی۔ اگر یہ خیال آئے کہ کسی کا اثر ہے تو جن کا علاج کرے۔ اگر یہ خیال آئے کہ بیماری ہے تو اس کا علاج کرے اور اگر یہ خیال آئے کہ سحر جادو ہے تو اس کا علاج کرے۔

عزت میں اضافہ، مقدمہ میں کامیابی، قرض سے نجات

اگر کوئی شخص چاہتا ہو کہ ہر شخص اس کی عزت کرے اور اس کی عظمت سب لوگ تسلیم کریں۔ مقدمہ میں کامیابی کے لئے بھی یہ عمل مجرب ہے اسی طرح لڑائی جھگڑے میں فتح حاصل کرنے کے لئے بھی اس کا ورد بہت مفید ہے۔ نیز قرض سے نجات کے لئے بھی اس کا عمل بہت زود اثر ہے۔ عمل یہ ہے:

یہ عمل چالیس دن تک کرے بعد نمازِ فجر کسی سے بات نہ کرے اور اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد چھ سو ترانوے (۶۹۳) بار

اَلْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ

پڑھے پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر عمل مکمل کرکے دعا کرے۔

اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ عزت میں اضافہ ہوگا، مقدمہ میں کامیابی حاصل ہوگی اور اگر عمر بھر کے لئے اس عمل کو اپنا لیا جائے بغیر ناغہ کے مسلسل کرے تو ایسی ایسی فتوحات ظہور میں آئیں گی کہ دنیا حیرت زدہ رہ جائے گی اور انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے کوئی ایسا عہدہ اور منصب عطا ہوگا کہ اس کے تصور میں بھی نہ ہوگا۔

پیاس کی بیماری کا علاج

اگر کسی شخص کو پیاس کی بیماری ہوگئی ہو اور وہ کتنا ہی پانی پی لے اس کی پیاس ہی نہ بجھتی ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

باوضو پینی کی پلیٹ پر زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر لکھے اور پلیٹ کو پانی سے دھو کر مریض کو پلائے تو چند دن پلانے سے انشاءاللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہوگا وہ نقش یہ ہے



بانجھ عورت کا علاج

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اولاد سے محروم ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھے اور سرخ کپڑے میں موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈال دے انشاءاللہ تعالیٰ چھ ماہ بعد عورت حاملہ ہوگی اور اس کا بانجھ پن ختم ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے:



عمل قوم لوط، طاعون، سرطان سے بچاؤ

اگر کوئی عمل قوم لوط میں مبتلا ہو یا طاعون، سرطان جیسے موذی مرض کا شکار ہو تو حرف حاء (ح) کو سترہ بار روزانہ پڑھ کر چالیس دن تک مسلسل اس بیمار پر دم کیا جائے اور چینی کی پلیٹ پر حرف

ح

سترہ مرتبہ باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور لگاتار چالیس ہی روز مریض کو پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس کی برکت سے مریض ان بیماریوں سے نجات پائے گا۔

تسخیر قلوب، حصول روزگار، تکمیل خواہشات کے لئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ لوگوں کی محبت اسے حاصل ہو اور ہر شخص اس کی عزت کرے اور اسے باعزت روزگار ملے اور اس کی جملہ خواہشات پوری ہوں تو اس کے لئے سورۃ فاتحہ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا کالے چمڑے میں سی کر گلے میں یا دائیں بازو پر باندھ لے اور اگر عورت ہے تو گلے میں ڈال لے یا بائیں بازو پر باندھ لے۔ وہ نقش یہ ہے:

۳۱۵۵	۳۱۴۹	۳۱۵۴
۳۱۵۶	۳۱۵۲	۳۱۵۱
۳۱۵۰	۳۱۵۸	۳۱۵۳

حل مشکلات کے لئے سورہ فاتحہ کا ورد

ہر قسم کی مشکلات کو آسان کرنے اور ہر قسم کی رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے سورۃ فاتحہ کا عجیب و غریب عمل ہے۔ اس عمل کو تیا

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

جلد مسائل حل ہوں گے۔ مشکلات اور رکاوٹیں دور ہوں گی۔ اور ہر کام میں کامیابی حاصل ہوگی۔ عمل یہ ہے،

یہ عمل صبح کی نماز کی سنتوں اور فرض نماز کے درمیان پڑھا جائے۔ نماز فجر کی دو سنت پڑھ کر گیارہ بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد بسم اللہ کی میم کو الحمد کے الف سے ملا کر تین بار اس کو پڑھیں اس طرح:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

اس کے بعد تین بار آمین کہیں اس کے بعد پوری سورت اسی طرح اکتالیس بار پڑھ کر تعداد پوری کریں پھر گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور اپنے مقصد کی بآسانی کے لئے دعا مانگیں۔ اس کے بعد فجر کے دو فرض پڑھیں۔ اکتالیس روز کا عمل ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل آسان ہوگی۔ کوئی بندش ہوگی تو کھل جائے گی۔ یہ عمل کسی بھی حاجت اور ضرورت کے لئے پڑھا جا سکتا ہے مثلاً ملازمت کے لئے، شادی کے لئے، کاروبار میں کامیابی کے لئے۔

شادی کے لئے

اکثر لڑکے لڑکیوں کے رشتے طے ہو کر ٹوٹ جاتے ہیں کہیں بات بن کر بگڑ جاتی ہے کہیں رشتے تو بہت آتے ہیں لیکن پسند نہیں

آتے۔ یہ عمل شادی کے لئے بہت مؤثر اور کارآمد ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رشتہ ہو جائے گا۔ وہ عمل یہ ہے:

پیر کے دن سورۂ یوسف (پ۱۲) بعد نماز ظہر اور بعد نماز عصر کے سورۂ احزاب (پارہ ۲۱) کی تلاوت کریں۔ لگاتار چالیس دن یہ عمل کریں۔ گویا پانچ پیر تک یہ عمل جاری رکھیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کسی بھی جگہ رشتے کی بات بن جائے گی۔

جریان اور پیشاب کے قطرے کی بیماری

اکثر نوجوانوں کو پیشاب کے قطرے گرنے کی بیماری ہو جاتی ہے جو بڑھاپے میں زیادہ پریشان کن ہو جاتی ہے۔ اس کا علاج یہ ہے ایک بوتل میں پانی بھر کر باوضو اوّل سات بار درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد تین بار سورۂ حجرات (پارہ ۲۶) پڑھیں۔ اس کے بعد سات بار درود شریف پڑھ کر بوتل کے پانی پر دم کریں۔ پھر اس پانی کو رات کو سونے سے پہلے پی لیا کریں۔ لگاتار چالیس دن تک یہ پانی پیتے رہیں اور ان چالیس دنوں میں روزانہ عصر کی نماز کے بعد اوّل سات بار درود شریف پڑھیں پھر ایک تسبیح پر یہ آیت پڑھیں۔

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

اس کے بعد [illegible] درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جریان

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کی بیماری سے نجات ملے گی اور پیشاب کے قطرے آنے بند ہوں گے۔

فقر و فاقہ دُور کرنے کا عمل

فقر و فاقہ سے نجات حاصل کرنے کے لئے یہ تسبیح بہت مفید اور مؤثر ہے اس تسبیح کو صبح نماز فجر سے پہلے ایک تسبیح بار پڑھیں۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھیں۔ وہ تسبیح یہ ہے:

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ۔

گھر سے سانپ بھگانا

اگر کسی آبادی یا گھر میں سانپ کثرت سے ہوں اور ہر وقت ان سے خطرہ رہتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو چار کاغذ پر لکھے اور بستی اور آبادی کے چاروں طرف چار کونوں میں ایک مٹی کی ہنڈیا میں یہ طلسم ڈال کر اور اوپر سے ڈھکن سے بند کر کے ہر کونے میں دفن کر دے یا گھر سے سانپ بھگانا چاہتا ہو تو چار مٹی کی ہنڈیا ڈھکن کے لے کر ہر ہنڈیا میں ایک ایک طلسم ڈال کر ڈھکن بند کر کے مکان کے چاروں کونوں میں دفن کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس بستی یا گھر سے سانپ بھاگ جائیں گے۔ وہ طلسم یہ ہے:

وہ طلسم یہ ہے:

۱۱ ۶ ۱۱۱ ۸ ۱۷ رح ۱۱۷۵۵ ه ۱۱ ۰ ۱۱ ه

۷۷ ۷ ۷۷ه ۱۱ م ۱۱ ح ۱۱۱ ط ۸۵۵

بڑھاپے میں ہذیان کا مرض

بڑھاپے میں بعض لوگوں کا دماغی توازن بگڑ جاتا ہے جس کے سبب وہ ہر وقت اُول فول بکتے رہتے ہیں۔ بعض مرتبہ گالیاں بکنا شروع کر دیتے ہیں اور بعض مرتبہ پاگل پن میں لوگوں سے لڑنے لگتے ہیں اور ان کے کپڑے پھاڑ دیتے ہیں یا لوگوں کو پتھر مارتے ہیں۔ اس طرح گھر والے ہر وقت پریشان اور مصیبت میں گرفتار رہتے ہیں۔ اس کا آسان علاج یہ ہے کہ رات کو جب مریض سو جائے تو باوضو ۵۰ پانچ سو بار، یَا مُقِیْتُ پڑھ کر مریض پر دم کریں اور ایک گلاس پانی پر باوضو ایک سو بار یہ کلمات پڑھ کر دم کرے اور مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کی ہذیانی کیفیت ختم ہو جائے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ

کالی کھانسی، بخار، سردرد، چیچک، خسرہ، ام الصبیان ہر قسم کی نظر بد کا علاج

چرخے سے کاتا ہوا سوت لے کر اسے لال رنگ میں رنگ لیا جائے یا ڈی، ایم، سی سُرخ رنگ کی لے کر اس کے نو تار تین بالشت لمبے لے لیں۔ اور سورۃ الم نشرح پڑھنا شروع کریں جب "ک" کا لفظ آئے اس نو تاروں کے گنڈے میں ایک گرہ لگا دیں۔ اس طرح آٹھ گرہ لگیں گی کہ ایک سورۃ الم نشرح میں آٹھ کاف (ک) ہیں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

سورۃ الم نشرح یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ
الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ؕ فَاِنَّ
مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ؕ فَاِذَا فَرَغْتَ
فَانْصَبْ ۙ وَاِلٰی رَبِّكَ فَارْغَبْ ؕ

ہم نے آسانی کے لئے برکات (۱۱) پر سطر کھینچ دی ہے۔

اولاد کی نافرمانی اور شرارت سے حفاظت

اولاد اگر نافرمان ہو تو گھر کا سارا نظام بگڑ جاتا ہے۔ اسی طرح نافرمانی کے ساتھ ساتھ شرارت بھی شامل ہو جائے تو ایسی اولاد والدین کے لئے وبال بن جاتی ہے۔

ایسے بچے جب سو جائیں تو باوضو یہ آیت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر تین بار دائیں کان میں دم کریں اور اسی طرح تین بار پڑھ کر بائیں کان میں دم کریں۔ چند دن یہ عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ اولاد فرماں بردار اور نیک عادت بن جائے گی اور شرارت بھول کر بھی کام نہ کرے گی۔ وہ آیت یہ ہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَلَہٗ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَیْهِ یُرْجَعُوْنَ ؕ

احتلام سے نجات

اکثر نوجوانوں کو احتلام کا مرض ہو جاتا ہے اور وہ اس کے سبب بہت کمزور ہو جاتے ہیں اور نماز پڑھنے میں بھی دشواری ہوتی ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ جب سونے کا ارادہ کریں تو تازہ وضو کریں۔ بستر پر لیٹ کر سورۃ والسماء والطارق (پ۳۰) مکمل سورت پڑھیں اور دائیں (سیدھے) ہاتھ کی شہادت کی انگلی (کلمے کی انگلی) سے بغیر روشنائی اپنی پیشانی (ماتھے) پر:

عمر

کا لفظ لکھیں۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ احتلام سے نجات ملے گی۔ یہ عمل چالیس دن کریں تو بہت بہتر ہے۔ ورنہ جس دن یہ عمل شروع کیا ہے احتلام سے انشاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہیں گے۔

سورۃ والسماء والطارق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۙ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۙ النَّجْمُ
الثَّاقِبُ ۙ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ ؕ فَلْیَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ
خُلِقَ ؕ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۙ یَّخْرُجُ مِنْۢ بَیْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ؕ
اِنَّهٗ عَلٰی رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ؕ یَوْمَ تُبْلَی السَّرَآئِرُ ۙ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ
وَّلَا نَاصِرٍ ؕ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۙ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۙ اِنَّهٗ

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۙ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۚ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۙ وَّاَكِيْدُ
كَيْدًا ۚ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۚ

تبادلہ رُکوانا

اگر کسی کا تبادلہ خلافِ مرضی اور بلا کسی سبب کے دور دراز ہو گیا ہو یا وہ چاہتا ہو کہ دوبارہ اسی پوسٹ پر اسی شہر میں واپس آجاؤں تو سورۂ تبت (پارہ ۳۰) مکمل باوضو ہر روز عشاء کی نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ ۱۱ روز تک بلاناغہ پڑھیں اور تبادلہ کی منسوخی کی دعا کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ تبادلہ منسوخ ہو جائے گا۔

سورۂ تبت یہ ہے:

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۚ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۚ
سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۚ وَّامْرَاَتُهٗ ۚ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۚ
فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۚ

گم شدہ کے لئے

اگر کوئی لڑکا، لڑکی، جانور گم ہو جائے یا کوئی چیز چوری ہو جائے چیز رکھ کر بھول جائے یا کوئی بٹوہ، رقم گر جائے تو کثرت سے یہ پڑھے،

یَا مُعِیْدُ

انشاءاللہ تعالیٰ لڑکے، لڑکی، جانور کا پتہ چل جائے گا یا گھر آجائے گا۔ اسی طرح بھولی ہوئی چیز یاد آجائے گی۔ گم شدہ بٹوہ یا رقم مل جائے گی۔ اسی طرح اس کے پڑھنے سے چوری شدہ مال بھی واپس مل جائے گا۔ عمل شرط ہے۔

مقدمہ میں کامیابی

بعض لوگ اپنی غلطی سے یا بعض مرتبہ دشمنوں اور حاسدوں کی چال کے سبب مقدمات میں الجھ جاتے ہیں اور عدالت کے چکر لگا لگا کر وقت اور رقم دونوں برباد کر دیتے ہیں لیکن مقدمہ میں جگہ جگہ ناکامی ہوتی ہے۔ مقدمہ میں کامیابی کے لئے گھر کے سب افراد مو [illegible] کثرت سے

یَا حَفِیْظُ

پڑھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ مقدمہ میں کامیابی ہوگی۔

ذہن اور علم میں برکت

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کا ذہن روشن ہو جائے اور اس کے علم میں اضافہ ہو جائے تو اسے چاہیئے کہ یہ دعا پڑھے۔ یہ دعا حضرت امام اعظم امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اپنے بچپن میں پڑھتے تھے۔ وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ عَلٰى كُلِّ عَظِيْمَةٍ ۚ

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

(ترجمہ: اے اللہ! ہم آپ سے آپ کی اطاعت پر مدد چاہتے ہیں)
اس کے پڑھنے سے ذہن اور علم میں برکت ہوتی ہے۔ یہ دعا روزانہ (۳) ایک سو بار پڑھ لیا کرے۔

بابرکت تعویذ

حضرت سید احمد شہید رحمۃ اللہ علیہ سے جب کوئی تعویذ طلب کرتا تو یہ تعویذ لکھ کر دے دیتے تھے اللہ تعالیٰ اسی سے فائدہ عطا فرما دیتے تھے۔ سید صاحب کی عبارت والا تعویذ یہ ہے:

"خداوندا اگر منظور داری حاجتش برآری۔"

حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ لکھ کر دیا کرتے تھے انہی الفاظ سے اللہ تعالیٰ فائدہ کر دیا کرتا تھا۔ الفاظ یہ ہیں:

"خداوندا! یہ مانتا نہیں اور میں جانتا نہیں۔ یہ تیرا غلام تو جانے اور تیرا کام۔"

حاصل بزرگوں کے قول اور لفظ میں برکت ہوتی ہے اللہ تعالیٰ انہی الفاظ سے کام بنا دیتا ہے۔

کھیت سے چور ہے دور کرنا

چور ہے اگر کھیتی کو خراب کریں۔ تمام فصل کو نقصان پہنچانے کی کوشش کریں تو یہ آیت باوضو لکھ کر مٹی کی ہنڈیا میں رکھ کر دفن کر دیں اگر کھیت کے ہر کونے پر دفن کر دیں اور وہ جگہ زمین سے اونچی رکھیں تاکہ لوگوں کے قدم اس جگہ نہ پڑیں۔ وہ آیت یہ ہے:

وَقَالَ الَّذِيْنَ سے لے کر لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ تک (سورہ ابراہیم پ۱۳ رکوع ۳) پوری آیت یہ ہے:

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ۭ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ ۝

جن کو بھگانا

جن کو بھگانے کے لئے مریض کے کان میں اذان کہدے انشاء اللہ تعالیٰ جن بھاگ جائے گا۔

سورۃ والطارق (پ۳۰) مکمل سورۃ پڑھ کر مریض پر دم کرے اس سے بھی انشاء اللہ تعالیٰ جن بھاگ جائے گا۔ اذان یہ ہے:

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ
اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۔
اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۔ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۔
حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ ۔ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ ۔ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ ۔ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ ۔
اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۔

سورۃ والسماء والطارق یہ ہے:

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۝ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۝ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۝ يَّخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۝ اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۝ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۝ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ۝ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۝ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۝ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۝ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۝ النَّجْمُ
الثَّاقِبُ ۝ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝ فَلْيَنْظُرِ
الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۝ يَّخْرُجُ مِنْ
بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۝ اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۝ يَوْمَ
تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۝ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ۝ وَالسَّمَآءِ
ذَاتِ الرَّجْعِ ۝ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۝ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ
فَصْلٌ ۝ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۝ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّ
اَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

لوگوں میں مقبولیت اور عزت حاصل کرنا

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا چہرہ پُرکشش و پُرنور بن جائے۔ اس کی ہیبت ہر شخص کے دل پر قائم ہو جائے اور وہ لوگوں کو جو بھی حکم دے وہ اس کی تعمیل کریں تو اسے چاہیئے کہ ہر روز تازہ غسل کر کے بالکل سفید لباس پہن کر بعد نماز عشاء مکمل تنہائی میں دو نفلیں ادا کرنے کے بعد اَلْمُؤْمِنُ سات سو چھیاسی مرتبہ روزانہ پڑھے تو کم از کم ۴۰ دن کے بعد دیوار پر ایک نور ظاہر ہوگا اور اس کو ایسا محسوس ہوگا کہ جیسے یہ نور اس کے دل میں منتقل ہو رہا ہے اور اس کے بعد اس میں یہ صفت پیدا ہو جائے گی کہ جو بھی وہ لوگوں کو حکم دے گا۔ لوگ اس کی تعمیل کریں گے۔ اور اس کا چہرہ

پر ایک خاص قسم کا نور ہر وقت جلوہ گر رہے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ اس کی قدر و منزلت میں خوب اضافہ ہوگا۔

وساوسِ شیطانی سے نجات

جن لوگوں کو شیطان مختلف وسوسے ڈال کر گمراہ کرتا ہے اور انہیں طرح طرح سے پریشان رکھتا ہے۔ جو شخص روزانہ ایک جگہ بیٹھ کر باوضو ایک سو ستر (۱۶۷) بار اسم مبارک

اَلْمُؤْمِنُ

پڑھے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ شیطان کے وسوسوں سے نجات پائے گا

لوگوں کی بدگوئی امراضِ خبیثہ سے نجات

جو لوگ ہمیشہ بلاوجہ کسی نہ کسی کی بدگوئی میں لگے رہتے ہیں ایسے لوگوں کی بدگوئی سے محفوظ رہنے کے لئے اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک گیارہ سو تیس (۱۱۳۰) مرتبہ باوضو پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ بدگو کی بدگوئی اور امراضِ خبیثہ سے محفوظ ہو جائے گا وہ اسم مبارک یہ ہے:

اَلْمُؤْمِنُ

خوف و دہشت سے حفاظت

جو شخص خوف اور دہشت کے وقت اس اسم مبارک کو باوضو ۴۴۰ چار سو تیس مرتبہ روزانہ پابندیٔ وقت کے ساتھ پڑھے گا اس کا دل ہر قسم کے خوف اور دہشت سے نجات پائے گا۔

AAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

وہ اسم مبارک یہ ہے:

اَلْمُؤْمِنُ

خلقِ خدا کو تابع کرنا اور رعب قائم کرنا

جو شخص چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق اس کے تابع فرمان ہو جائے اور اس کا رعب و دبدبہ ہر شخص کے دل پر قائم ہو جائے تو اسم مبارک: اَلْمُؤْمِنُ

تیرہ سو ساٹھ (۱۳۶۰) مرتبہ روزانہ باوضو پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خدا کی مخلوق اس کے فرمان کی تابع ہوگی اس کا کہنا مانے گی اور اس کا رعب ہر شخص کے دل و دماغ پر قائم ہوگا۔

طاعون کا علاج

اگر کسی جگہ طاعون پھیل جائے اور گھر گھر سے جنازے اٹھنے لگیں تو ایسی صورت میں اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک:

اَلْمُؤْمِنُ

کو روزانہ باوضو ہر شخص ایک ہزار ایک سو تیس (۱۱۳۰) بار پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ وہ پڑھنے والا اور اس کے اہلِ خانہ طاعون سے محفوظ رہیں گے۔

خونی بواسیر کا علاج

خونی بواسیر کے مرض سے نجات کے لیے ہر فرض نماز کے بعد اکیس بار سورۃ اعلیٰ (پ۳۰) پڑھیں اس سورۃ کے شروع میں گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے بواسیر خونی سے نجات مل جائے گی۔

سورۃ اعلیٰ یہ ہے:

سُوْرَةُ الْاَعْلٰى مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۙ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۙ وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۙ وَالَّذِيْ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۙ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ۙ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۙ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۚ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۙ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۚ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۙ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۙ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۙ الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۙ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۙ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۙ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۙ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۙ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۙ اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۙ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ۙ

پڑھائی میں دل لگنا

بعض بچوں کا پڑھائی میں بالکل دل نہیں لگتا۔ وہ شرارتوں میں [illegible] ان کی شکایات ملتی رہتی ہیں اگر وہ اس

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

جوان ہے تو عصر کی نماز پڑھ کر مغرب تک اعتکاف کی نیت سے مسجد میں بیٹھے اور اس دوران درود شریف پڑھتا رہے۔

اس عمل کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ پڑھائی میں دل لگے گا۔ اور وساوس شیطانی سے نجات حاصل ہوگی اور درود شریف پڑھنے کی برکت سے لوگوں میں عزت حاصل ہوگی۔ ہر شخص محبت کی نگاہ سے دیکھے گا اور اس کی عزت کرے گا۔

سوکھے پن کا علاج

بعض مرتبہ بچے سوکھے کے مرض میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور انہیں ہڈیوں کا ڈھانچہ بنا دیتے ہیں بچے کا گوشت مکمل کر ختم ہو جاتا ہے چمڑے اور ہڈیوں کا ڈھانچہ بن کر رہ جاتا ہے۔

اس کا علاج یہ ہے کہ باوضو چینی کی پلیٹ پر یا کاغذ پر:

یَا رَحِیْمُ

گیارہ بار عرق گلاب میں زعفران گھول کر یا کالی کچی روشنائی سے لکھیں اور شروع میں بسم اللہ شریف لکھ کر روزانہ پانی سے دھو کر بچے کو پلائیں۔ اکتالیس دن تک مسلسل بلاناغہ عمل کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچہ سوکھے کے مرض سے صحتیاب ہوگا اور تندرست و توانا ہو جائے گا۔

گائے، بھینس، بکری، بھیڑ اونٹ کے پیٹ میں درد کا علاج

اکثر جانور کھانے میں بداحتیاطی کے سبب پیٹ کے درد کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اور کئی کئی دن تکلیف میں مبتلا رہتے ہیں۔ اس کے سبب دودھ بھی کم دیتے ہیں اور بعض مرتبہ کھانا پینا چھوڑ کر سست ہو جاتے ہیں۔ جس سے کمزور ہو کر کسی قابل نہیں رہتے اس کا علاج یہ ہے کہ ایک بوتل پانی بھر کر اس پر سورۃ تبت یدا ابی لھب تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض جانور کو وہ پانی صبح و شام تین دن تک مسلسل پلائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ تین دن پلانے سے جانور تندرست ہو جائے گا۔

سورۃ تبت یدا ابی لھب یہ ہے:

سُوْرَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۝ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝ وَّامْرَاَتُهٗ ۭ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝

اپنی شخصیت کو بارعب اور محبوب بنانا

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی شخصیت بارعب ہو اور اسے تمام لوگ محترم سمجھیں، اس سے محبت کریں اور اس کی مخالفت نہ کریں۔ اس کی عزت اور دلجوئی کرتے رہیں تو اس کے لئے ضروری ہے کہ ہمیشہ باوضو رہے اور رات کو وضو کر کے سویا کرے سونے سے پہلے اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد:

یَا کَرِیْمُ

اسی طرح صبح نہتیں دس بار پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عوام میں مقبولیت حاصل ہوگی اور ہر شخص محبت سے پیش آئے گا۔

رزق کی زیادتی اور رزق میں برکت

بعض مرتبہ انسان تنگیٔ رزق کا شکار ہو جاتا ہے۔ چاہے کتنا ہی کما لے لیکن ترقی سے چھٹکارا نصیب نہیں ہوتا۔ طرح طرح کے تفکرات اس کو سنبھلنے نہیں دیتے۔ وہ جتنا کماتا ہے اس سے زیادہ خرچ ہو جاتا ہے اس کے لئے یہ عمل بہت مفید اور کارآمد ہے۔

مغرب کی نماز کے بعد باوضو

یَا عَلِیْمُ

دو سو بیالیس (۲۴۲) بار پڑھا کرے۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی ضرور پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں خوب برکت ہوگی اور روزی کے دروازے کھل جائیں گے۔

حد سے زیادہ ظالم کی بربادی

جو شخص بہت ظالم قسم کا ہو اور از حد سنگ دل ہو۔ لوگوں کی جان، ان کا مال، ان کی عزت اس سے محفوظ نہ ہو تو ایسے شخص کی تباہی اور بربادی کے لئے یہ عمل بہت کارگر ہے۔ روزانہ زوال کے بعد ظہر کی نماز سے پہلے تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ

یَا مُسْتَقِیْمُ

پڑھا کریں۔ آگے پیچھے درود شریف پڑھنے کی ضرورت نہیں۔ نہ چھ

پڑھائی کے دوران دشمن کا تصور باندھیں۔ دل و دماغ میں اس کی شکل سامنے رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ماہ کے اندر اندر وہ ظالم شخص اپنے کئے کی سزا بھگتے گا اور تباہ و برباد ہو جائے گا۔

تنبیہ: یہ عمل بہت مجبوری میں کرنا ہے۔ سب سے اچھی بات یہ ہے کہ دشمن کو معاف کر دیا جائے۔ کیونکہ بعض مرتبہ ایسا عمل الٹا ہو جاتا ہے اور عامل کی زندگی خطرے میں پڑ سکتی ہے لہٰذا اس عمل کو کرنے سے قبل کسی نیک متقی اور فاضل عالم دین سے مشورہ کر کے عمل کریں تو بہتر ہے۔

ملازمت کے لئے

بعض لوگ بے روزگاری سے تنگ آ کر خودکشی کر لیتے ہیں۔ بعض مرتبہ [illegible] کر چوری، ڈکیتی اور غلط لائن میں لگ جاتے ہیں جس کے سبب اہل خانہ اور پورا خاندان متاثر ہوتا ہے۔ اور بعض مرتبہ جیل میں بند ہو جاتے ہیں۔ اور بعض لوگ کسی سخت جرم میں پھانسی چڑھ جاتے ہیں۔ نوکری اور ملازمت کے لئے یہ عمل بہت مناسب اور کارآمد ہے سات روز تک مسلسل بلا ناغہ جمعرات، جمعہ، ہفتہ، اتوار، پیر، منگل، بدھ کے دنوں میں مغرب کی نماز کے بعد مسجد میں اعتکاف کی نیت کر کے بیٹھ جائیں اور یہ عمل کریں۔

تین ہزار مرتبہ یَا کَافِیُ یَا مُغْنِیُ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ

پڑھیں۔ اس کے بعد ایک سو بار آیۃ الکرسی پڑھیں اور دل میں ملازمت

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ملنے کی نیت رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات دن پورے ہونے سے پہلے ہی ملازمت مل جائے گی ورنہ ایک ہفتہ یہ عمل اور کرلیں انشاءاللہ تعالیٰ اگلے ہفتے تک کوئی روزگار ضرور مل جائے گا۔

کاروبار میں ترقی کے لئے

یہ نقش باوضو زعفران سے لکھ کر پلاسٹک کوٹنگ کرکے یا فریم کرکے اپنی دوکان میں دروازے کے بالکل مقابل والی دیوار پر لگائیں یا کاروبار کرنے والا موم جامہ کرکے کالے چمڑے یا کالے کپڑے میں سلوا کر گلے میں ڈال لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ کاروبار میں برکت ہوگی اور مال خوب ملے گا۔ اس نقش کو لکھنے سے پہلے اور لکھنے کے بعد ایک ایک تسبیح درود شریف کی ضرور پڑھیں۔ وہ مجرب نقش یہ ہے،

۱۲۶	۱۳۰	۱۳۴	۱۲۰
۱۳۳	۱۲۱	۱۲۶	۱۲۹
۱۲۲	۱۲۶	۱۲۸	۱۲۵
۱۲۹	۱۲۴	۱۲۳	۱۲۷

ہر مریض اور بیماری سے نجات

جو لوگ طرح طرح کے امراض میں مبتلا ہوں ان کے لئے یہ نقش بہت ہی شفاء بخش اور مفید ہے۔ یہ آیاتِ شفاء کا نقش ہے۔ اس نقش کو باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر مریض کو پلائے۔ چند دن پلانے سے انشاءاللہ تعالیٰ مریض

صحت یاب ہوجائے گا۔ ایک تعویذ لکھ کر موم جامہ کرکے کالے کپڑے میں سی کر مریض کے گلے میں ڈال دے۔ وہ نقش یہ ہے۔



فقر و فاقہ دور کرنا

جو شخص فقر و فاقہ میں مبتلا ہو اور قرض میں جکڑا ہوا ہو اور طرح طرح کے مسائل کا شکار ہو تو اسے چاہیئے کہ چاشت کی نماز میں آخری سجدے میں چالیس بار

اَلْوَهَّابُ

پڑھے۔ اگر چالیس دن تک پابندی کے ساتھ یہ عمل کرتا رہے گا۔ تو انشاءاللہ تعالیٰ فقر و فاقہ سے نجات حاصل ہوگی اور اللہ تعالیٰ اسے اتنا دیں گے کہ مخلوق سے بے نیاز ہوجائے گا۔ عمل شرط ہے۔

رزق کے دروازے کھولنا

جو شخص رزق کی کمی کا شکار ہو یا روزگار کے سلسلے میں پریشان

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

جو وہ شخص باوضو بعد نماز فجر اسم مبارک

یَا وَهَّابُ

کو تین سو مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل چالیس دن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس شخص پر رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔

غربت دور کرنے کا عمل

اگر کوئی شخص غریب ہو اور گھر میں غربت کا راج ہو، کھانے پینے میں تنگی ہو تو اسے چاہیئے کہ باوضو

یَا وَهَّابُ

تین سو مرتبہ آدھی رات کو گھر کے صحن میں کھڑے ہو کر پڑھے چالیس دن عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی غربت دور ہو جائے گی۔

بے روزگاری کا خاتمہ

اگر کوئی شخص بے روزگار ہو اور اسے ملازمت یا روزگار نہ ملتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت کامیاب ہے۔

چاند کی پہلی جمعرات کو روزہ رکھے اور چاولوں کی سفید کھیر سے روزہ افطار کرے۔ عشاء کی نماز تک کوئی نمکین چیز نہ کھائے عشاء کی نماز کے بعد باوضو بیٹھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف اس کے بعد:

یَا وَهَّابُ

چار ہزار ایک سو (۴۱۰۰) مرتبہ اس کے بعد چودہ مرتبہ درود شریف

پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کو ملازمت مل جائے گی۔

ہر حاجت پوری ہونے کے لئے

اگر کوئی حاجت پیش آگئی ہو تو آدھی رات کو اٹھ کر وضو کر کے تین سجدے کرے۔ پھر ہاتھ اٹھا کر ایک سو بار:

یَا وَهَّابُ

پڑھے۔ تین روز مسلسل بلا ناغہ یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے ہر حاجت پوری ہو جائے گی۔

رزق میں برکت

اگر کوئی شخص غریب ہے اور غربت سے نجات نہیں ملتی بلکہ روز بروز اس میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ اس کا آسان عمل یہ ہے کہ دن کے دس بجے تازہ وضو کرے پھر چار رکعت نماز بہ نیت قضائے حاجت ادا کرے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد سجدے میں جائے اور ایک سو چار (۱۰۴) مرتبہ

یَا وَهَّابُ

پڑھے۔ ہر مہینے میں سات مرتبہ یہ عمل کر لیا کرے تو اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ چند ماہ میں مالدار ہو جائے گا اور غربت دور ہو جائے گی۔ رزق میں خوب برکت ہو گی۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

قحط سالی دور کرنا اور بارش برسنا

اگر کسی ملک میں قحط سالی ہو جائے اور بارش کی شدید ضرورت ہو اور بارش نہ ہوتی ہو تو اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام کا وِرد انشاءاللہ تعالیٰ رحمتِ خداوندی کے نزول کا باعث ہوگا۔ خوب بارش ہوگی اور قحط سالی ختم ہو جائے گی۔ عمل یہ ہے:

گیارہ آدمی مل کر باوضو اوّل اکیس۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر اکہتر ہزار (۷۱۰۰۰) بار

یَا وَھَّابُ

پڑھیں اس کے بعد اکیس۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر بارش ہونے کی دعا کریں اور قحط سالی دور ہونے کی اللہ رب العزت سے دعا مانگیں یہ عمل تین دن مسلسل کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ خوب بارش ہوگی۔ حوض تال بھر جائیں گے اور قحط سالی کا خاتمہ ہو جائے گا۔

جو درود شریف اکیس۲۱ مرتبہ پڑھا جائے گا وہ یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلٰوۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ۔

بیٹی کی شادی اور اسباب مہیا ہونا

اگر کوئی شخص بہت غریب ہو جس کے سبب بیٹی کی شادی کرنے سے مجبور ہو تو اسے چاہیئے کہ باوضو [illegible]

یَا وَھَّابُ یَا سَتَّارُ

تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھے اوّل اور آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے۔

اس کے بعد سجدے میں جا کر اپنے ظاہری، باطنی، چھوٹے بڑے گناہوں کی معافی مانگے۔ اور اپنی بیٹی کی شادی کے لئے اسباب اور رقم مہیا ہونے کی دعا کرے اس عمل کو مسلسل بلاناغہ چالیس دن کرے چالیسویں دن میں سوا لاکھ (ایک لاکھ پچیس ہزار) تعداد پوری کرے انشاءاللہ تعالیٰ چالیسویں دن سے پہلے ہی رقم کا بندوبست ہو جائے گا لیکن عمل چالیس دن ہی کرنا ہوگا اور سوا لاکھ تعداد پوری کرنی ہوگی۔

پستان (چھاتی) سے خون بہنا

بعض عورتوں کے ایک یا دونوں پستانوں سے خون بہنے لگتا ہے اور بعض مرتبہ کسی دوا سے بھی اس کا علاج نہیں ہوتا۔ بال بچہ دار عورت اس سلسلے میں بہت پریشان رہتی ہے۔ اس کے علاج کے لئے یہ عمل تیر بہدف ہے۔ اور آسان علاج ہے۔ یہ عمل اگر خود نہ کر سکے تو کسی سے کرالے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر حال میں فائدہ ہوگا۔ عمل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے اعداد سات سو چھیاسی (۷۸۶) ہیں۔ اوّل گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر ایک سو ایک بار:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ایک مرتبہ سورۂ یٰسین شریف اس کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل اس کے بعد گیارہ مرتبہ قُلْھُوَ شریف پڑھ کر روزی کی دُعا کریں۔

تیسرے یہ کہ ہر فرض نماز کے بعد سات سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ مغرب کی نماز کے بعد پچیس مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھیں۔ عشاء کی نماز کے بعد باوضو روزانہ:

یَا وَاسِعُ

تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ پڑھا کریں۔ گناہوں سے بچیں اور لوگوں کی بد آزاری اور ان کو تکلیف دینے سے خود کو بچائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ چند ماہ ان اعمال کو کرنے سے جسمانی بیماریوں سے نجات ملے گی۔ اور روزگار کا غیب سے انتظام ہو جائے گا۔

مالی پریشانیوں کا حل

بعض مرتبہ اخراجات زیادہ اور آمدنی کم ہونے کے سبب آدمی ہر وقت پریشان رہتا ہے اور قرض کا بوجھ بھی چڑھتا رہتا ہے۔ اس کے لئے یہ عمل بہت کارآمد ہے۔

ہمیشہ باوضو رہنے کی کوشش کرے اور نماز پابندی سے جماعت سے پڑھنے کی کوشش کرے۔ ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ سورت الم نشرح (پ۳۰) پڑھے اور بعد نماز عشاء اوّل گیارہ بار درود شریف۔ اس کے بعد دو سو تینتیس (۲۳۳) بار:

یَا سَلَامُ یَا بَاسِطُ

پڑھے اس کے بعد گیارہ بار

یَا سَلَامُ

پڑھے۔ اسی طرح سات سو مرتبہ میں ہر سو پر گیارہ مرتبہ یَا سَلَامُ پڑھے۔ آخر میں چھیاسی مرتبہ پڑھنے کے بعد گیارہ بار یَا سَلَامُ پڑھے۔ اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ایک بوتل میں پانی بھر کر اس پر دم کر دے۔ یہ پانی روزانہ صبح کو تین چمچے اور شام کو تین چمچے کے حساب سے پی لیا کرے۔

اس کے علاوہ رات کو سونے سے پہلے یَا سَلَامُ ایک سو ساٹھ (۱۶۰) بار پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لیا کرے۔ نماز کی پابندی کرے اور قرآن شریف کا جتنا حصہ پڑھ سکتی ہو اس کی روزانہ تلاوت کرے۔

اس عمل کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

نوکری اور ملازمت صحت و تندرستی

بعض لوگ صحت میں خرابی کے سبب کچھ کام نہیں کر سکتے اور کام کرنا چاہتے ہیں تو نوکری یا ملازمت نہیں ملتی اسی پریشانی میں وقت گذارتا رہتا ہے اور قرض پر قرض چڑھتا رہتا ہے۔ اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے:

اوّل نماز کی پابندی کرے۔ باجماعت نماز ادا کرنے کی کوشش کرے۔ دوسرے یہ کہ روزانہ بعد نماز فجر باوضو اوّل گیارہ مرتبہ قُلْھُوَ شریف پڑھیں۔ اس کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل اس کے بعد

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر مالی مشکلات سے نجات کی دعا کرے اور اپنے گناہوں کی معافی چاہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ تمام مالی مشکلات سے نجات حاصل ہوگی اور رزق میں برکت ہوگی۔

اہلِ خانہ کی بیماریاں اور روزگار کی بندش

بعض مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ گھر بیماریوں کا مسکن بن جاتا ہے ایک اچھا بھلا تو دوسرا بیمار ہو جاتا ہے اور روزگار کی بندش سے روزگار ختم ہو جاتا ہے۔ روز بروز قرض بڑھتا جاتا ہے۔ گھر کا سکون و آرام سب ختم ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے یہ عمل بہت مفید اور کارآمد ہے۔ بعد نماز فجر باوضو اوّل تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اس کے بعد ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھیں۔ اس کے بعد تین مرتبہ سورۂ مزمل (پ۲۹) پڑھیں اس کے بعد تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر پریشانیوں اور بیماریوں سے نجات کی دعا کریں اور رزق کی بندش کھلنے کی دعا کریں۔ اس عمل کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ پریشانیاں رفع ہوں گی اور گھر میں خیر و برکت کا سلسلہ شروع ہوگا اور کاروبار میں ترقی ہوگی۔ اس کے ساتھ یہ عمل بھی کریں تو بہتر ہے۔

چاند نظر آنے کے بعد پہلی جمعرات سے عمل شروع کریں اور تین روز تک لگاتار تین روزے رکھیں (جمعرات، جمعہ، ہفتہ) افطار سے پہلے ایک گلاس پانی بھر کر رکھ لیں اور اس پر ایک سو چالیس (۱۴۰) مرتبہ

اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں اور اسی پانی سے افطار کریں۔ بعد مغرب کے دودھ یا چائے پی لیں (کھانا نہ کھائیں) عشاء کی نماز کے بعد تقریباً دو گھنٹے بالکل تنہائی میں قبلہ کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو کر باوضو گیارہ بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ سورۂ فلق (پ۳۰) پڑھیں اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سجدے میں چلے جائیں اور اللہ رب العزت سے اپنی گھریلو پریشانیوں سے نجات کی دعا کریں۔ یہ عمل صرف تین دن کرنا ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ چند دن بعد گھریلو پریشانیوں سے نجات ملے گی۔ اور روزگار میں اضافہ اور خیر و برکت ہوگی۔

احساسِ کمتری کا خاتمہ

بعض مرتبہ انسان احساسِ کمتری کا شکار ہو جاتا ہے۔ جس کے سبب نہ وہ کسی سے صحیح ڈھنگ کی بات کر سکتا ہے اور نہ ہی وہ کسی سے ملتا اور ملاقات کر سکتا ہے۔ اس کی عادت تنہائی پسند ہو جاتی ہے۔ احساسِ کمتری سے نجات کے لئے باوضو اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ

يَا قَوِيُّ

اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کی برکت سے دل و دماغ میں تقویت ہوگی۔ اور یہ عمل مسلسل کرنے سے احساسِ کمتری کا مرض ختم ہو جائے گا۔

رزق کا دروازہ کھلنے کا عمل

رزق کی تنگی دُور کرنے اور غیب سے رزق کا دروازہ کھلنے کے واسطے یہ عمل مکمل اور مسلسل بلا ناغہ چالیس روز کرنا ہے۔

ایک وقت مقرر کر کے باوضو گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) مرتبہ:

یَا مُغْنِیُ

پڑھے اس کے بعد گیارہ بار سُورۂ مُزَّمِّل پڑھے اور پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔

یہ عمل بہت مجرب ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے روزگار کے دروازے کھل جائیں گے اور ہر قسم کی مالی پریشانی سے نجات حاصل ہوگی۔ عمل مشروط ہے۔

دنیا میں معزز و مکرم بننا

جو شخص یہ چاہے کہ عوام میں ہر دل عزیز اور معزز شمار ہو اور لوگ اس کی عزت کریں اور اسے قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھیں تو اسے چاہیے کہ چالیس دن تک مسلسل بلا ناغہ نمازِ فجر کے بعد چالیس بار

یَا عَزِیْزُ

پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس کی برکت سے وہ لوگوں میں معزز و مکرم ہوگا اور اس کی ہر طرح کی محتاجگی ختم ہو جائے گی۔

ہر دل عزیزی کے لئے

اگر کوئی شخص چاہے کہ وہ دنیا میں ہر دل عزیز ہو اور دنیا کے لوگوں سے ہر لحاظ سے بے نیاز ہو تو اس کے لئے روزانہ کسی بھی نماز کے بعد اکتالیس بار یَا عَزِیْزُ

پابندی سے پڑھے۔ ناغہ نہ کرے، ہمیشہ پابندی سے پڑھتا رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ وہ تمام دنیا سے بے نیاز ہو جائے گا۔ اس کی عزت و عظمت لوگوں کے دلوں میں بیٹھ جائے گی۔

جان و مال کی حفاظت کیلئے

اگر کوئی شخص اپنی جان کو خطرہ اور مال کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ محسوس کرے تو جان و مال کی حفاظت کے لئے ترکِ حیوانات اور پرہیزِ جلالی کے ساتھ دس ہزار مرتبہ روزانہ

یَا عَزِیْزُ

پڑھے تو قاضی الحاجات کی طرف سے اس کے لئے فرشتے نگہبان ہو جائیں اور اس کے جان و مال کی حفاظت کریں گے اور اس شخص پر مسلسل عجائب اور غرائب ظاہر ہوں گے۔

ترکِ حیوانات سے مراد ہر قسم کا گوشت، دودھ، دہی، پرانے گھی کا دودھ

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کھیر، مٹھائی، ماش کی دال، میت کی شرکت، چمڑے کا جوتا۔ چمڑے کے ڈول سے پانی کھینچا ہوا، مشک کا پانی، چمڑے کے دسترخوان کا استعمال، چمڑے کے بستر پر لیٹنا، یا نماز پڑھنا۔ مولی، گاجر، زندگی میں جانا، بکرے کا تیا، دال مسور، گاجر، مولی، بینگن وغیرہ ان چیزوں سے پرہیز ضروری ہے۔ دوران عمل حصار کر کے پڑھے اور ان تمام چیزوں کے استعمال اور تعلق سے بچے ورنہ فائدہ کی جگہ نقصان ہوگا۔

حصار کی ترکیب شروعات کے صفحات میں درج ہے۔ وہ یہ ہے:

آیت الکرسی (ایک)، ایک دفعہ، قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ (ایک)، قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (ایک)، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ (ایک)، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ (ایک، پورا سورت) ایک ایک دفعہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیرلے اور چاروں طرف پھونک مارے اور چاقو پر دم کر کے چاقو سے اپنے چاروں طرف لکیر کھینچ لے لکیر کہیں سے کٹی ہوئی نہ ہو۔

عزت و عظمت میں اضافہ

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی مقبولیت، عزت و عظمت اور شان و شوکت کی لوگ قدر کریں اور اسے عزت دیں تو اسے چاہیئے کہ بعد نماز عشاء روزانہ پابندی کے ساتھ اقل تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد چہارشنبہ (۱۹۲) بار

یَا عَزِیْزُ

پڑھے۔ اس کے بعد تین بار یہ پڑھے۔

یَا عَزِیْزُ اَعِزَّنِیْ بِعِزِّكَ یَا عَزِیْزُ۔

آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر اپنی عزت و عظمت میں اضافہ کی دعا کرے۔ چند ہفتے کرنے کے بعد انشاء اللہ تعالیٰ اس کی عزت و عظمت میں اضافہ ہوگا۔

ذلت و خواری سے حفاظت اور احساسِ کمتری ختم

جو شخص قدم قدم پر ذلت و خواری کا شکار ہو احساسِ کمتری میں مبتلا ہو اس کے لئے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے یہ نقش بہت مجرب ثابت ہوا ہے۔ یہ یَا عَزِیْزُ کا نقش ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ذلت عزت میں بدل جاتی ہے اور احساسِ کمتری کا مرض ہمیشہ کے لئے ختم ہو جاتا ہے۔

یہ نقش باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھا جائے ایک نقش موم جامہ کر کے گلے میں باندھ لیا جائے اور دوسرا نقش باوضو لکھ کر مریض کو پانی میں گھول کر پلا دیا جائے۔

گلے میں باندھنے کا نقش یہ ہے:

۲۳	۲۶	۲۹	۱۶
۲۸	۱۷	۲۲	۲۷
۱۸	۳۱	۲۴	۲۱
۲۵	۲۰	۱۹	۳۰

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
یہ دونوں عمل پابندی کے ساتھ کرے جب تک رزق میں فراخی پیدا نہ ہو اور قرض سے نجات حاصل نہ ہو یہ عمل بلاناغہ پابندی کے ساتھ کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی حالات بہتر ہونا شروع ہو جائیں گے اور رزق وافر ملے گا اور قرض اترنا شروع ہو جائے گا۔

سورۂ مزمل یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ نِّصْفَهٗٓ

اَوِانْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۝ اَوْزِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ
تَرْتِيْلًا ۝ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝ اِنَّ
نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۝ اِنَّ لَكَ
فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ۝ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ
اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۝ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا
هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ
وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ۝ وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ
اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ۝ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا
وَّجَحِيْمًا ۝ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ۝ يَوْمَ
تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ۝
اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۝ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ
اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ۝ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ
الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ۝ فَكَيْفَ
تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ
شِيْبًا ۝ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌ بِهٖ كَانَ وَعْدُهٗ
مَفْعُوْلًا ۝ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۝ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ
اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ
اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ
مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ۝ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۝
عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا
مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ۝ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى

وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ
فَضْلِ اللّٰهِ ۝ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۝
فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۝ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ
اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۝
وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ
عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ۝ وَاسْتَغْفِرُوا
اللّٰهَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

جیل سے رہائی اور ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

جو شخص کسی وجہ سے قید ہو گیا ہو یا کسی نے پکڑ کر قید کر دیا ہو تو اس کے لئے سجدہ کی آیت باوضو پڑھتا جائے اور سجدہ کرتا جائے اور ختم آیات و سجدات پر رہائی کے لئے دعا کرے۔
اسی طرح ہر مقصد میں کامیابی کے لئے بھی تمام آیات سجدہ کا پڑھنا اور ہر آیت پر سجدۂ تلاوت کرنا اور ختم آیات و سجدات پر دعا کرنے سے تمام مقاصد میں کامیابی حاصل ہوگی یہ عمل بہت مجرب ہے اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ قید سے رہائی حاصل ہوگی اور اگر مقاصد میں کامیابی کے لئے یہ عمل کرتا ہے تب بھی انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

قرآنی سجدے یہ ہیں۔

پہلا سجدہ

اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ

وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ۞ (پ۹ رکوع ۱۴)

دوسرا سجدہ

وَ لِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۞ سجدہ

(پ۱۳ رکوع ۸)

تیسرا سجدہ

وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۞ يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۞ سجدہ (پ۱۴ رکوع ۱۲)

چوتھا سجدہ

وَ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ۞ سجدہ (پ۱۵ رکوع ۱۲)

پانچواں سجدہ

اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ۞ سجدہ (پ۱۶ رکوع ۷)

چھٹا سجدہ

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ۞ وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۞ وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ۞ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ۞ سجدہ

(پ۱۷ رکوع ۹)

ساتواں سجدہ

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ ۞ اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا وَزَادَهُمْ نُفُوْرًا ۞ سجدہ (پ۱۹ رکوع ۳)

آٹھواں سجدہ

اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۞ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۞ سجدہ

(پ۱۹ رکوع ۱۷)

نواں سجدہ

اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۞ سجدہ

(پ۲۱ رکوع ۱۵)

دسواں سجدہ

قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْخُلَطَآءِ لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ ۭ وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ۞ سجدہ (پ۲۳ رکوع ۱۱)

گیارھواں سجدہ

وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۭ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝ فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْـَٔـمُوْنَ ۝ السجدة

(پ۲۴ رکوع ۱۹)

بارھواں سجدہ

فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ۝ السجدة

(پ۲۷ رکوع ۷)

تیرھواں سجدہ

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ۝ السجدة

(پ۳۰ رکوع ۹)

چودھواں سجدہ

كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۝ السجدة

(پ۳۰ رکوع ۲۱)

دشمن کے دفع کرنے کے لئے

از حضرت مولانا شمس الحق افغانی رحمۃ اللہ علیہ

اگر کسی کا دشمن جان و مال کو نقصان پہنچاتا ہو یا طرح طرح کے حیلے بہانوں سے ستاتا ہو یا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دشمن کا کوئی موقع نہ چھوڑتا ہو تو ایسے ظالم دشمن کے دفعیہ کے لئے دشمن کے دفع ہونے کا تصور کر کے تین سو تیرہ (۳۱۳) بار یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔

اور سوتے وقت سورۂ لِاِیْلٰفِ مکمل سات بار پڑھے۔

جب تک دشمن دفع نہ ہو برابر یہ عمل کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی دشمن اس علاقے سے دفع ہو جائے گا۔

سورۂ لایلٰف یہ ہے۔

سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۝ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

علمی مسئلہ حل ہونے کے لئے

از حضرت مولانا شمس الحق افغانی رحمۃ اللہ علیہ

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ سبق پڑھانے کے دوران اس کا سینہ علوم و معارف سے بھر جائے اور عقدہ علمی کے حل کے لئے اسے زیادہ محنت نہ کرنی پڑے۔ اس کے لئے سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ کسی بھی نماز کے بعد روزانہ اکتالیس بار پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ علم کے

دروازے کھل جائیں گے اور کتاب کا ہر مشکل مقام حل ہو جائے گا۔ سورۃ الم نشرح یہ ہے

سُوْرَةُ الْاِنْشِرَاحِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

تنبیہ: یہ عمل پڑھنے والا پڑھائی کے دوران برابر پڑھتا رہے گا تو کبھی امتحان میں فیل نہ ہوگا بلکہ اچھے نمبروں سے کامیاب ہوگا۔

دفعِ مرض کے لئے

از حضرت مولانا شمس الحق افغانی رحمۃ اللہ علیہ

اگر کوئی شخص کسی موذی مرض میں مبتلا ہو یا اسے کئی قسم کے مرض چمٹ گئے ہوں تو ان کے دفع ہونے کے لئے مکمل صحت بحال ہونے کے لئے یہ دعا روزانہ اکتالیس[۴۱] بار بہ نیت دفع امراض کسی بھی نماز کے بعد پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بیماری سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ دعا یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

رَبِّ اِنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

ہر قسم کی بیماری سے شفاء کے لئے

اگر کسی شخص کو کسی موذی مرض نے سخت تکلیف میں مبتلا کیا ہو اور مرض کی شدت سے بے چین اور پریشان ہو تو اسے چاہیئے کہ امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ کا قصیدہ بردہ اکتالیس[۴۱] بار روزانہ پڑھے اور مرض کے ختم ہونے تک برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی ہر قسم کے موذی مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

ہر قسم کے شر اور فتنہ سے نجات کے لئے

اگر کسی جگہ یا کسی ادارے میں یا کسی دفتر، کسی کمپنی میں انتشار پیدا ہو جائے ہر وقت لڑائی جھگڑے کا ڈر ہے تو اس کے لئے روزانہ اکیس[۲۱] بار یہ دعا پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا شر دور ہو جائے گا اور اس مقام پر امن و امان قائم ہو جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ

دشمن پر فتح پانے کے لئے

نماز ظہر کے بعد سورۂ فتح اکتالیس۴۱ بار باوضو پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر ضرور فتح حاصل ہوگی اور دشمن مغلوب ہوگا۔ سورۂ فتح پارہ ۲۶ (حٰمٓ) میں ہے۔

دشمن سے حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص دشمنوں میں گھرا ہوا ہو اور ہر وقت ان سے نقصان کا خطرہ ہو تو یہ نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھ لے اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے یا گلے میں لٹکالے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے ہر وار سے محفوظ رہے گا اور دشمن اس کا کچھ نہ بگاڑ سکے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۴۷۲۰۶	۴۷۲۱۰	۴۷۲۱۳	۴۷۱۹۹
۴۷۲۱۲	۴۷۲۰۰	۴۷۲۰۵	۴۷۲۱۱
۴۷۲۰۱	۴۷۲۱۵	۴۷۲۰۸	۴۷۲۰۴
۴۷۲۰۹	۴۷۲۰۳	۴۷۲۰۲	۴۷۲۱۴

بد دینی اور دل کی سختی

جو شخص اپنے دل میں سختی اور بد دینی پائے تو اسے چاہیئے کہ

زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے باوضو چینی کی پلیٹ پر سورۂ یٰسین شریف لکھے اور پانی میں گھول کر پی لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دل کی سختی دور ہوگی اور بد دینی سے نجات حاصل ہوگی اور عقائد اسلام اور احکام اسلام کے مطابق زندگی گذارنے میں آسانی ہوگی۔

تنبیہ: اگر سورۂ یٰسین شریف ایک پلیٹ میں مکمل نہ لکھی جاسکے تو باقی حصہ دوسری یا تیسری پلیٹ میں لکھ لے۔

آسیب زدہ کی دیوانگی دور کرنا

اگر کسی بچہ یا عورت پر آسیب کا اثر ہو جس کے سبب اس سے دیوانہ پن کی حرکتیں سرزد ہوتی ہوں تو اس کے لئے سورۂ یٰسین شریف باوضو بلند آواز سے تلاوت کرے اور صبح اور شام پڑھ کر آسیب زدہ پر دم کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مریض چند دن کے عمل سے اچھا ہو جائے گا۔

ہر مقصد میں کامیابی اور ہر حاجت کا پورا ہونا

سورۂ یٰسین شریف بہت بابرکت سورۃ ہے ہر مقصد میں کامیابی اور ہر حاجت کے پورا ہونے میں اس کا یہ عمل بہت مجرب اور بزرگوں کا تجربہ کردہ ہے۔ عمل یہ ہے کہ صبح سویرے جلدی اُٹھ کر فجر کا وقت شروع ہونے کے بعد نماز فجر کی دو سنت ادا کرے اور قبلہ کی طرف منہ کرکے گیارہ بار درود شریف پڑھے

اس کے بعد سورۂ یٰسین پڑھنا شروع کرے جب پہلے (لفظ) مُبِیْن پر پہنچے تو لوٹ کر دوبارہ شروع سے یٰسین شریف پڑھنا شروع کرے۔ سورۂ یٰسین شریف میں سات جگہ لفظ مُبِیْن آیا ہے لہٰذا ہر مُبِیْن پر پہنچنے کے بعد لوٹ کر شروع سے پڑھے آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھکر خضوع و خشوع کے ساتھ اپنی حاجت بارگاہ الٰہی میں پیش کر کے دعا کرے۔ چالیس دن (ایک چلہ) یہ عمل کرنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چلہ پورا ہونے سے پہلے اپنے مقصد اور مطلب میں کامیاب ہوگا اور حاجت پوری ہوگی۔ لیکن پھر بھی چالیس دن پورے کرے۔

ہر دلعزیزی، باعزت ہونا، مال میں برکت، دشمن کا سر جھکنا

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ وہ اپنے ماحول میں سب لوگوں میں باعزت ہو اور اس کے مال و کاروبار میں برکت اور ترقی ہو اور اگر اس کا کوئی دشمن ہے تو اس کا سر اس کے آگے جھکا رہے تو وہ باوضو

یٰسٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۙ

لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے اسی طرح عورت ہے تو الٹے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر شخص اس کی عزت کرے گا اور اس کے مال اور اس کے کاروبار میں خوب برکت ہوگی

اور دشمن ذلیل و خوار ہوگا۔

حافظہ زیادہ ہونے کے لئے

جو شخص عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو پانچ بار یٰسٓ کا لفظ اس طرح لکھ کر اسے پانی سے گھول کر نہار منہ (صبح کے وقت جب کچھ کھایا پیا نہ ہو) پی لے تو اس کا حافظہ قوی ہوگا جو پڑھے گا یاد رہے گا۔ کند ذہن اور غبی بچوں کو پلانے سے بڑا فائدہ ہوگا اور ان میں سبق پڑھنے کا شوق اور سبق کو یاد رکھنے کی صلاحیت پیدا ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے بچہ پڑھنے لکھنے میں تیز ہو جائے گا۔ لکھنے کی ترکیب یہ ہے۔

یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ

روزی میں برکت کے لئے

جو شخص روزی کی تنگی سے پریشان ہو اور اس کا گذارہ مشکل ہوتا ہو تو رمضان شریف کا چاند دیکھ کر سورۂ فتح (پ ۲۶) کو تین مرتبہ پڑھ کر روزی میں فراخی اور برکت کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی میں خوب برکت ہوگی اور تھوڑی آمدنی میں زیادہ کام ہوں گے۔

میدان جنگ میں حفاظت اور کامیابی کے لئے

جو شخص میدان جنگ میں دشمن کے خلاف برسرپیکار ہو اور بظاہر دشمن سازوسامان سے طاقت ور دکھائی دیتا ہو تو دشمن کے تمام ہتھیاروں کو ناکام بنانے اور دشمن کی شکست کے لئے سورۂ فتح کو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو ہرن کی جھلی (ہرن کی کھال) پر اِنَّا فَتَحْنَا سے حَکِیْمًا تک آیتیں لکھ کر موم جامہ کرکے اپنی ٹوپی میں رکھ لے یا سر میں کسی کپڑے سے باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے ہتھیار نقصان نہ پہنچا سکیں گے اور انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَ يَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ۗ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝

حاجت روائی کے لئے

اگر کسی کا کوئی کام اٹک گیا ہو یا اس کے کسی کام میں

بڑی رکاوٹ پیدا ہوگئی ہو یا کسی طرح کام نہ بنتا ہو اور کامیابی دور دور تک نظر نہ آتی ہو تو اس کے لئے اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد گیارہ بار سورۂ رحمٰن (پ۲۷) پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا کرے۔ یہ عمل روزانہ اس وقت تک کرتا رہے جب تک مکمل کامیابی حاصل نہ ہوجائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن ہی میں مقصد حاصل ہوگا۔

کامیابی کے لئے

اگر کوئی شخص ایسا ہو جو جس کام کو کرے یا کرنے کا ارادہ کرے تو اسے بار بار ناکامی ہوتی ہو اور جس کام میں ہاتھ ڈالے نقصان اٹھائے ایسی صورت میں عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو سورۂ رحمٰن کا یہ نقش لکھے اور موم جامہ کرکے گلے میں باندھ لے یا اگر مرد ہے تو دائیں بازو پر اور عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام رکاوٹیں ختم ہوجائیں گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۰۲۹۶	۳۰۳۰۹	۳۰۲۰۶	۳۰۳۰۳
۳۰۳۰۷	۳۰۳۰۲	۳۰۲۹۷	۳۰۳۰۸
۳۰۳۰۱	۳۰۲۰۴	۳۰۳۱۱	۳۰۲۹۸
۳۰۳۱۰	۳۰۲۹۹	۳۰۳۰۰	۳۰۳۰۵

لوگوں کی تسخیر کے لئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ لوگ اس کی عزت کریں اس کا احترام کریں اور اس کو اہمیت دیں اور کوئی شخص اس کی مخالفت نہ کرے سب اس کے مسخر ہو جائیں تو یہ عمل اس کے لئے بہت مفید ہے۔ عمل یہ ہے۔

جب سورج ایک نیزہ بلند ہو جائے (یعنی سورج نکلنے کے بارہ منٹ بعد) اس وقت سورج کی طرف منہ کر کے باوضو سورۂ رحمٰن بسم اللہ کے ساتھ پڑھنا شروع کرے اور جب آیت

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝

پڑھے تو سورج کی طرف انگلی سے اشارہ کرے جب بھی یہ آیت آئے سورج کی طرف برابر اشارہ کرتا رہے یہ آیت سورۂ رحمٰن میں اکتیس بار آئی ہے۔

یہ عمل چالیس روز مسلسل بلاناغہ کرے اس دوران زکوٰۃ کی نیت کرے۔ زکوٰۃ ادا ہونے کے بعد روزانہ ایک بار پڑھ لیا کرے جب کسی سخت مزاج حاکم یا شخص کے پاس جائے تو یہ سورۃ ایک بار پڑھ کر جائے اور اگر ایسا ممکن نہ ہو جلدی ہو تو صرف تین بار

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝

پڑھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سخت مزاج حاکم نرمی سے پیش آئے گا اور کام میں رکاوٹ نہ بنے گا مجرب عمل ہے۔

قرآن شریف بآسانی حفظ ہونے کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا بچہ حافظ قرآن ہو جائے اور قرآن شریف یاد کر کے بھولے نہیں بلکہ قرآن شریف اسے پکا یاد ہو جائے وہ عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو ایک چینی کی بڑی پلیٹ میں اَلرَّحْمٰنُ سے بِحُسْبَانٍ تک اور لَا تُحَرِّکْ بِهٖ لِسَانَکَ سے بَیَانَهٗ تک اور بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ سے لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ تک لکھ کر آب زم زم سے دھو کر حفظ کرنے والے کو پلاؤ۔ انشاء اللہ تعالیٰ قرآن مجید حفظ ہو جائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں،

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلرَّحْمٰنُ ۝ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۝ عَلَّمَهُ الْبَیَانَ ۝ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۝ وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ یَسْجُدَانِ ۝ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِیْزَانَ ۝ اَلَّا تَطْغَوْا فِی الْمِیْزَانِ ۝ وَاَقِیْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِیْزَانَ ۝ وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ۝ فِیْهَا فَاکِهَةٌ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَکْمَامِ ۝ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّیْحَانُ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ کَالْفَخَّارِ ۝ وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ رَبُّ الْمَشْرِقَیْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَیْنِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیٰنِ ۝ بَیْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیٰنِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ یَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَاٰتُ فِی الْبَحْرِ کَالْاَعْلَامِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ کُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ ۝ وَّیَبْقٰی وَجْهُ رَبِّکَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ یَسْئَلُهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کُلَّ یَوْمٍ هُوَ فِیْ شَاْنٍ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ سَنَفْرُغُ لَکُمْ اَیُّهَ الثَّقَلٰنِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ یُرْسَلُ عَلَیْکُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۝ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَکَانَتْ وَرْدَةً کَالدِّهَانِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ فَیَوْمَئِذٍ لَّا یُسْئَلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ یُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِیْمٰهُمْ فَیُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِیْ وَالْاَقْدَامِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِیْ یُکَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ۝ یَطُوْفُوْنَ بَیْنَهَا وَبَیْنَ حَمِیْمٍ اٰنٍ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ فِیْهِمَا عَیْنٰنِ تَجْرِیٰنِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ فِیْهِمَا مِنْ کُلِّ فَاکِهَةٍ زَوْجٰنِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ مُتَّکِئِیْنَ عَلٰی فُرُشٍ بَطَآئِنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ وَجَنَا الْجَنَّتَیْنِ دَانٍ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ فِیْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ لَمْ یَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ کَاَنَّهُنَّ الْیَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ مُدْهَآمَّتٰنِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ فِیْهِمَا عَیْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ فِیْهِمَا فَاکِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ فِیْهِنَّ خَیْرٰتٌ حِسَانٌ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِی الْخِیَامِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ لَمْ یَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ مُتَّکِئِیْنَ عَلٰی رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِیٍّ حِسَانٍ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ تَبٰرَکَ اسْمُ رَبِّکَ ذِی الْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ ۝

کتے کے بھونکنے سے امن

اگر کسی آدمی کو دیکھ کر کوئی کتا بھونکنا شروع کرے تو یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ سے بِسُلْطَانٍ تک پڑھ لیا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ کتا خاموش ہو جائے گا۔

مکمل آیت یہ ہے۔

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۚ

ورم، بخار، آشوب چشم کا علاج

اگر جسم کے کسی حصے میں ورم آگیا ہو یا بخار ہو گیا ہو یا آنکھ دکھنی آگئی ہو تو اس کے لئے اس آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے تو انشاء اللہ تعالیٰ ورم اور بخار سے نجات حاصل ہوگی اسی طرح اس آیت کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے سر میں باندھے گا تو آشوب چشم سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۚ

مال دار بننے کے لئے

جو شخص یہ چاہے کہ اسے غنائے ظاہری و باطنی حاصل ہو اور مال و دولت میں کھیلنے لگے تو اس کے لئے سورۂ واقعہ جمعہ کے دن سے (فجر کی نماز سے شروع کرے) سات روز تک بلاناغہ بعد ہر نماز فرض کے پچیس بار پڑھے پھر

جب شب جمعہ (یعنی جمعرات کا دن گذرنے کے بعد والی رات) آئے تو اس سورۂ واقعہ کو بعد نماز مغرب پچیس مرتبہ پڑھے پھر نمازِ عشاء کے بعد پچیس مرتبہ صرف درود شریف پڑھے۔ بعد ازاں ہر روز صبح کو نماز فجر کے بعد ایک بار اور شام کو بعد نماز مغرب ایک بار پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مال دار ہو جائے گا۔

اس عمل کو اگر کسی مقصد کے لئے کرے تو اس میں بھی کامیاب ہو جائے گا۔

غنی ہونے کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ غنی اور مالدار ہو جائے تو اس کے لئے سورۂ واقعہ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مرد اپنے دائیں بازو پر باندھ لے اور عورت اپنے بائیں بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ کبھی کسی کا محتاج نہ ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔ اس نقش میں ۱۹۸۹۲۴ عدد ہیں۔

۷۸۶

۲۵۷۴۱	۲۵۷۴۲	۲۵۷۴۷	۲۵۷۳۳
۲۵۷۴۶	۲۵۷۳۴	۲۵۷۴۰	۲۵۷۴۵
۲۵۷۳۵	۲۵۷۴۹	۲۵۷۴۲	۲۵۷۳۹
۲۵۷۴۳	۲۵۷۳۸	۲۵۷۳۶	۲۵۷۴۸

بچہ کی پیدائش میں آسانی کے لئے

اگر کسی عورت کے بچہ پیدا ہونے والا ہو تو باوضو سورۂ واقعہ پوری سورت لکھے اور موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ آسانی کے ساتھ پیدا ہو گا اور پیدائش کے دوران عورت کو کوئی الجھن پیدا نہ ہو گی۔

رزق کی بندش کھولنا

اگر کسی کا رزق باندھ دیا گیا ہو اور جتنا کماتا ہو اس سے زیادہ خرچ ہوتا ہے گھر میں کھانے کو کچھ نہیں بچتا تو اس کے لئے باوضو سورۂ واقعہ ایک نشست (بیٹھک) میں اس طرح بیٹھ کر پڑھے کہ درمیان میں نہ اٹھے اکتالیس بار پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔

پتھری کا ہونا اور پیشاب رُک رُک کر آنا

اگر کسی کے گردے میں پتھری ہو اور اس کے سبب پیشاب رُک رُک کر قطرہ قطرہ آتا ہو تو مندرجہ ذیل آیات عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو کسی چینی کی پلیٹ پر لکھیں اور روزانہ پانی سے دھو کر پی لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پتھری ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نکل جائے گی اور پیشاب کھل کر آنے لگے گا۔ وہ آیات مندرجہ ذیل ہیں (اگلے صفحہ پر)

وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۝ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۝
وَحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۝
فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ
فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ۝

دردِ سر سے نجات

جس شخص کے سر میں درد ہو اس کے دردِ سر سے آرام کے لئے مندرجہ ذیل آیت تین بار پڑھ کر اس کے سر میں دم کیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ دردِ سر سے آرام ملے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

لَا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ۝

دکھنے والی آنکھوں کی شفاء

اگر کسی کی آنکھیں دُکھنی آگئی ہوں اور اسے سخت تکلیف ہو رہی ہو تو سورۃ الملک کو باوضو پڑھ کر مسلسل تین روز مریض کی آنکھوں پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کا دکھنا بند ہو گا اور شفاء ہو جائے گی۔ سورۃ الملک انتیسویں پارہ میں ہے۔

مہینہ بھر خیر و عافیت رہے

جو شخص چاند دیکھ کر سورۃ الملک کو باوضو ایک بار پڑھ لے گا اس کا تمام مہینہ انشاء اللہ تعالیٰ خیر و عافیت کے ساتھ گذرے گا

اور تمام برائیوں سے محفوظ رہے گا۔

زمین ظالموں کے قبضہ سے محفوظ

اگر کسی کی زمین ہو چاہے رہائشی پلاٹ ہو یا کھیت وہ خالی ہو اور ظالموں کی طرف سے اس پر قبضے کا ڈر ہو تو اس کے لئے سات بار سورۃ فاتحہ مکمل سات بار قل ھو اللہ احد مکمل تین مرتبہ معوذتین (قل اعوذ برب الفلق۔ قل اعوذ برب الناس) ایک بار سورۃ یٰسٓ مکمل اور ایک بار سورۃ الملک مکمل ایک بار آیۃ الکرسی اور آگے پیچھے دس دس بار درود شریف پڑھ کر پانچ پتھروں پر دم کر کے چار پتھر زمین کے چاروں کونوں میں اور ایک پتھر زمین کے درمیان دفن کر دے۔ جب تک وہ پتھر زمین میں باقی رہیں گے زمین پر کوئی شخص قبضہ نہ کر سکے گا۔

حاجت پورا ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص اپنی کوئی حاجت رکھتا ہو اور چاہتا ہو کہ جلد پوری ہو تو اس کے لئے سورۃ مزمل اس طرح پڑھے کہ جب یہ چار آیات آئیں تو ان کو تین تین بار پڑھے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

۱۔ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝

۲۔ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ

۳۔ وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ

۴۔ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

سورۂ مزمل اس طرح پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کی حاجت کو پورا فرماتا ہے۔

ہر وقت خوش رہنے کے لئے

رسول اکرم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ جو شخص سورۂ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں اسے خوش رکھے گا۔

لہٰذا خوش رہنے کے لئے ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھی جائے تاکہ سارا دن خوش خوش گذرے۔

ہر مرض سے صحت کے لئے

جو شخص مریض ہو اور صحت کا طالب ہو اس کو چاہیئے کہ باوضو سورۂ مزمل کا نقش لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا مرض زائل ہو جائے گا اور وہ صحت یاب ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

۲۲۸۲۳	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۵
۲۲۸۲۴	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۰
۲۲۸۱۹	۲۲۸۲۶	۲۲۸۲۱

سخت دشمن سے نجات کے لئے

اگر کسی سخت اور ظالم دشمن سے واسطہ پڑ جائے یا سخت ہنگامہ برپا ہو جائے تو اس کے دفع کرنے کے لئے ایک ہزار بار سورۂ نوح (۷۱) پڑھی جائے پڑھنے والے طاق عدد ہوں یعنی تین، پانچ، سات کے حساب سے ہوں جفت یعنی جوڑا نہ ہوں مثلاً دو، چار، چھ، آٹھ کے حساب سے نہ ہوں۔ ایک ہی جلسہ میں بیٹھ کر ختم کریں یا روزانہ پڑھیں اور دو تین دن میں ختم مکمل کر لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ہلاک ہو جائے گا اور فتنہ ختم ہو جائے گا۔ مجرب عمل ہے۔

آسیب کو بھگانے کا مجرب عمل

اگر کسی شخص کو آسیب لپٹ گیا ہو تو باوضو سورۂ جن کو سات بار پڑھ کر سات دن تک مسلسل مریض پر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب بھاگ جائے گا۔ سورۂ جن انتیسویں (۲۹) پارہ میں ہے۔

قید سے رہائی کے لئے

اگر کوئی شخص قید میں چلا گیا ہو اور جلد رہائی کا خواہش مند ہو تو روزانہ ایک مرتبہ سورۂ جن پڑھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جلد رہا ہو جائے گا۔

تسخیر جن و پری کے لئے

اگر کوئی شخص جن و پری کو قابو میں کرنا چاہتا تو سورۂ جن باوضو سات سو بار پڑھے۔ جتنے دن میں سات سو کی تعداد پوری ہو جائے کر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن و پری قابو میں آ جائیں گے۔

جن و پری کو مسخر کرنا

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ جن و پری مسخر ہو جائیں اور قابو میں آ جائیں تو سورۂ جن کا نقش باوضو ایک ہزار سات (۱۰۰۷) عدد لکھے اور لپیٹ کر سمندر میں ڈال دے یا دریا، نہر، جھیل، تالاب میں ڈال دے لیکن شرط یہ ہے کہ اس میں مچھلیاں ہوں۔

نقش یہ ہے

(اگلے صفحہ پر)

اس کے کل عدد ۶۰۶۳۳ ہیں

۲۰۲۱۴	۲۰۲۰۷	۲۰۲۱۲
۲۰۲۰۹	۲۰۲۱۱	۲۰۲۱۳
۲۰۲۱۰	۲۰۲۱۵	۲۰۲۰۸

تنبیہ: تسخیر جن وپری یعنی جن یا پری کو قابو میں کرنے کی چند شرائط ہیں ان پر عمل کرنے سے جن یا پری قابو میں رہتے ہیں۔

۱۔ پہلی بات یہ ہے کہ اس قرآنی سورت، آیت کو روزانہ تین، پانچ یا سات مرتبہ پڑھنا ضروری ہے اگر ایک دن ناغہ ہوجائے یا دو دن ناغہ ہوجائے تو دوسرے دن دو مرتبہ اور تیسرے دن تین مرتبہ مقررہ تعداد سے دوگنا یا تین گنا کرکے پڑھ لے مثلاً روزانہ تین مرتبہ پڑھتا ہے اور دوسرے دن پڑھنا چاہتا ہے تو چھ مرتبہ پڑھے اور اگر دو دن ناغہ ہے اور تیسرے دن پڑھنا چاہتا ہے تو نو مرتبہ پڑھ لے۔

اگر مسلسل تین دن ناغہ کیا تو عمل ختم ہوجائے گا دوبارہ چلہ کرے۔

نقش کی بابت یہ ہے کہ زکوٰۃ نکالنے کے بعد روزانہ ایک نقش لکھ کر رکھ لیا کرے اگر ایک دن ناغہ ہوجائے تو دوسرے دن دو نقش لکھ کر رکھ لے اور دو دن ناغہ ہوجائے تو تیسرے دن تین نقش لکھ کر رکھ لے اگر جب تیس چالیس دن کے نقش جمع ہوجائیں تو آٹے میں گولیاں بنا کر دریا، سمندر، نہر، تالاب، جھیل یا ندی میں ڈال دیا کرے۔

اگر تین دن مسلسل نقش نہیں لکھا تو عمل ٹوٹ جائے گا اور دوبارہ مقررہ تعداد میں نقش لکھ کر آٹے میں لپیٹ کر دریا، سمندر، نہر، جھیل یا تالاب میں ڈالنا ہوں گے۔

۲۔ پڑھ کر زکوٰۃ دینے والے عمل تسخیر کے لئے حصار کرنا ضروری ہے۔ بغیر حصار کرکے کرے گا تو جن یا پری کے حملہ کرنے کا خطرہ ہے حملے کی شکل میں جسمانی نقصان بھی ہوسکتا ہے۔ لہذا بغیر حصار کے کوئی جنات والا عمل نہ کرے ورنہ نقصان اٹھائے گا۔

۳۔ حصار ذرا ہاتھ لمبا کرکے بڑا کرے تاکہ ہاتھ پاؤں حصار سے باہر نہ نکل جائے۔ اگر ہاتھ پاؤں خیال سے یا بے خیالی سے باہر نکل گیا تو حملے کا خطرہ ہے لھذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

۴۔ کمزور دل کا آدمی یہ عمل بالکل نہ کرے کیونکہ جن یا پری طرح طرح سے ڈرائیں گے اس دوران ڈر کر حصار سے باہر آگیا تو جان کا خطرہ ہے یا پاگل ہونے کا ڈر ہے۔

۵۔ حصار میں پڑھنے کی جتنی تعداد مقرر ہے اس کو پورا پورا پڑھے پڑھائی کے دوران شروع، درمیان یا آخر میں کسی بھی طرح کی کوئی بات نہ کرے۔ اس سے عمل ٹوٹ جائے گا اور کامیابی نہ ہوگی۔ جب پڑھائی کا عمل پورا ہوجائے

تب بات کرے اور حصار سے باہر آئے تو کوئی نقصان نہ ہوگا۔

۶۔ عمل کے آخری دنوں میں جنات یا پری طرح طرح سے آوازیں لگائیں گے بات کرنا چاہیں گے اور مختلف شکلوں میں نظر آئیں گے۔ لہذا جب تک پڑھنے کا عمل ختم نہ ہو بالکل بات نہ کرے پڑھائی ختم کرکے بات کرے۔

۷۔ چلہ جتنے دن کا ہے یعنی تین دن، پانچ دن، اکیس دن یا چالیس دن کا تو آخری دن جو بھی جن یا پری حاضر ہو عمل پڑھنے کے بعد حصار کے اندر بیٹھے بیٹھے اس سے دریافت کرے کہ وہ یہ عمل آیت یا سورت یا کوئی دعا کتنی مرتبہ پڑھے کہ تم حاضر ہو جاؤ گے۔ وہ جن یا پری بتا دے گا کہ اتنی مرتبہ پڑھنے سے وہ حاضر ہوگا۔ اس تعداد کو کاغذ پر لکھ لے بھول گیا تو ساری محنت بیکار ہو جائے گی۔ دوسری بات یہ دریافت کرے کہ دن میں کتنی بار اسے بلایا جائے وہ تعداد بتا دے گا۔ تیسری بات یہ ہے کہ وہ کیا کیا کام کرے گا اور کون کون سے کام نہیں کرے گا۔ وہ کونسے اوقات ہیں جن میں حاضر نہ ہوگا۔

پوری تفصیل معلوم کرنے کے بعد اسے جانے کی اجازت دے۔

جن یا پری کو بار بار بلا کر پریشان کرنے یا ستانے سے بھی نقصان کا ڈر ہے لہذا اس سلسلے میں پورا پورا خیال رکھنے کی ضرورت ہے۔

۸۔ حصار کا طریقہ یہ ہے:

لوہے کا چاقو یا چھری لے کر اس کو دھو کر صاف و پاک کرلے۔ اس کے بعد اکتالیس ۴۱ بار آیۃ الکرسی۔ سات مرتبہ سورۂ فاتحہ۔ دس بار سورۂ ناس۔ دس بار سورۂ فلق۔ گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص۔ گیارہ مرتبہ سورۂ کافرون پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور چاقو یا چھری پر دم کرے اور پھر دوبارہ اکتالیس مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر چاقو یا چھری پر دم کرکے اس کی نوک سے اپنے چاروں طرف جہاں تک ہاتھ جاتے لکیر کھینچے اور جہاں دونوں لکیریں ملیں وہاں چاقو یا چھری کو زمین میں گاڑ دے۔ (یعنی زمین میں ٹھوک کر کھڑا کر دے) اور پھر چاروں قل کو چار چار مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے تین مرتبہ تالی بجائے۔

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۃ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ
مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۃ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۃ
اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۃ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَیْھِمْ ۃ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۃ

سورۂ ناس یہ ہے۔

سُوْرَۃُ النَّاسِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۃ مَلِکِ النَّاسِ ۃ اِلٰہِ النَّاسِ ۃ
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۃ الْخَنَّاسِ ۃ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ
فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۃ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ۃ

سورۂ فلق یہ ہے

سُوْرَۃُ الْفَلَقِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۃ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۃ وَمِنْ
شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۃ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی
الْعُقَدِ ۃ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۃ

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۃ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۃ لَمْ یَلِدْ ۃ
وَلَمْ یُوْلَدْ ۃ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۃ

سورۂ کافرون یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْکٰفِرُوْنَ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ ۃ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۃ
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۃ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ
مَّا عَبَدْتُّمْ ۃ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۃ
لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۃ

۹۔ وہ لوگ بھی کبھی چلہ نہ کریں جو غلبۂ شہوت کا شکار ہوں کیونکہ ایک جن بعض مرتبہ ایک خوبصورت عورت کی شکل میں آئے گی اور عامل کے پاس حصار سے باہر بیٹھ جائے گی اور ناز و ادا سے اپنی طرف متوجہ کرے گی اگر خدانخواستہ اس وقت غلبۂ شہوت کے سبب منی خارج ہو گئی تو سخت مصیبت پیش آئے گی۔ عامل حصار کے اندر ہی غسل کر کے باہر نکلے ورنہ حملہ کا خطرہ ہے۔ اس دوران جو بھی عورت نظر آئے اسے اماں سے خطاب کرے۔ میری ماں کیا بات ہے۔

۱۰۔ چلہ وغیرہ پاک جگہ اور تنہائی میں کرے جہاں کوئی دوسرا نہ ہو، بہتر یہ ہے کہ کچی زمین پر سفید چادر یا مصلّا بچھا کر بیٹھے

کپڑے جسم مصلّہ سب پاک ہوں اگر شک ہو مصلّہ پاک کرلے۔
۱۱۔ چلّے کے دوران گھی، دودھ، دہی، ہر قسم کا گوشت استعمال نہ کرے، بہتر ہے چنے اور گڑ کھائے یا جو کی روٹی استعمال کرے اور سبزی یا دال پکا کر کھائے عورت اگر کھانا پکائے تو وضو کر کے پاک حالت میں پکائے اگر ان دنوں میں عورت ایام میں ہو تو عامل خود کھانا پکائے یا کسی دوسرے نیک نمازی مرد سے پکوا کر کھائے۔
۱۲۔ چلّے کے دوران خوشبو لوبان یا اگربتی جلائے اور اپنے کپڑوں اور بدن کو عطر سے معطر کرے ورنہ چلّہ کامیاب نہ ہوگا۔
۱۳۔ محض جذبات میں آکر چلّہ کرنے نہ بیٹھ جائے بلکہ کسی ماہر شریعت نیک دل عارف عالم دین سے مشورہ کرے اور اپنے وزن کا اندازہ کرے کہ میں اس چلّے کا اہل ہوں یا اس چلّے کے اندر ناکام رہوں گا۔ ورنہ محنت ضائع ہوگی حاصل بھی کچھ نہ ہوگا۔

رزق کا دروازہ کھلنا

جس کا رزق بند ہو اور ہزار کوششوں کے باوجود بھی اسے روزگار نہ ملتا ہو تو اس کے لئے ہر روز بعد نماز فجر باوضو سورۂ کہف مکمل پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے رزق کا دروازہ کھل جائے گا۔

سورۂ کہف پندرہویں پارہ میں ہے۔

طاعون، برص، جذام، فتنہ دجّال

طاعون، برص (جسم پر سفید داغ کا مرض) جذام (ہاتھ پاؤں کی انگلیاں گل کر ختم ہونے کا مرض) فتنۂ دجال (جس میں ایمان ختم ہونے کا خطرہ ہے) سے حفاظت کے لئے روزانہ ایک مرتبہ باوضو سورۂ کہف پڑھے گا تو ان تمام امراض اور فتنۂ دجال سے محفوظ رہے گا۔

دَفع بلیّات

ہر قسم کی بلا سے حفاظت اور بلیّات کو دور کرنے اور دشمن اور مخالف اور چغل خور کی چغلی سے محفوظ رہنے کے لئے سورۂ کہف کا نقش بہت مجرب اور دافع بلیّات ہے زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے باوضو یہ نقش ایک سفید کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے۔ اور اگر گلے میں نہ ڈالنا چاہے تو مرد دائیں بازو پر باندھ لے اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے۔ نقش کے کل اعداد ۵۰۵۵۱۷ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۶۳۷۹	۱۲۶۳۸۲	۱۲۶۳۸۵	۱۲۶۳۷۱
۱۲۶۳۸۴	۱۲۶۳۷۲	۱۲۶۷۸	۱۲۶۳۸۳
۱۲۶۳۷۳	۱۲۶۳۸۷	۱۲۶۳۸۰	۱۲۶۳۷۷
۱۲۶۳۸۱	۱۲۶۳۷۶	۱۲۶۳۷۴	۱۲۶۳۸۶

محتاجی دور کرنا اور ہر تکلیف سے حفاظت

جو شخص سورۂ کہف (پ ۱۵) کو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو پوری سورۃ لکھے اور لپیٹ کر ایک خالی بوتل میں رکھ کر گھر میں اونچی جگہ رکھ دے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ محتاجی دور ہوگی، قرضہ ادا ہوگا۔ اور گھر والے ہر تکلیف سے محفوظ رہیں گے۔ اگر اناج کے گودام میں اس بوتل کو رکھ دے تو اناج ہر قسم کے خطرات سے محفوظ رہے گا۔ نہ چوری ہوگا نہ اسے کیڑا لگے گا۔

ظالم دشمن کی تباہی و بربادی

اگر کوئی شخص انتہائی ظالم ہو اور لوگ اس کے ظلم سے تنگ اور بے زار ہوں تو اس کی تباہی اور بربادی کے لئے محرم کا چاند نظر آنے کے بعد پہلے سنیچر (ہفتہ) کے دن سورج نکلنے سے پہلے سات جگہوں سے ایک ایک مٹھی مٹی (خاک) لے۔ وہ جگہیں یہ ہیں:

۱۔ مسجد غیر آباد جہاں نماز نہ ہوتی ہو آبادی سے دور ہو۔
۲۔ غیر آباد جگہ (جنگل یا ویرانہ)
۳۔ خالی مکان جس میں کوئی رہتا نہ ہو
۴۔ نہانے کا غیر آباد مقام۔ دریا، سمندر، تالاب، نہر، جھیل کے کنارے کی مٹی۔

۵۔ جس مکان میں جنازہ رکھا ہو۔
۶۔ چوراہہ (جس جگہ چار راستے ملتے ہوں)
۷۔ کمہار کا پزاوہ (بھٹہ جس میں برتن پکاتا ہے) ویران جو اب برباد ہو گیا ہو۔

ہر مٹی کی مٹھی پر سات سات بار یہ آیتیں پڑھے اور اپنے مطلب کا تصور رکھے (یعنی ظالم کے برباد ہونے کا خیال جمائے) پھر سب مٹی آپس میں ملا کر یکجا کر کے اور کچھ اس ظالم کے گھر میں، کچھ اس کے باغ میں کچھ اس ظالم کے شہر (بستی یا آبادی) میں ڈال دے۔ سات ہفتے تک یہ عمل کرے یعنی ہر سنیچر (ہفتہ) کے دن یہ عمل کرے اور اسی طرح مٹی ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی دشمن برباد ہو جائے گا۔

وہ آیات یہ ہیں۔

وَيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۝ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ۭ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۭ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ۝ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۝ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ۝

تنبیہ: یہ عمل انتہائی مجبوری کی حالت میں کرنا چاہیئے جبکہ کوئی دوسرا حل موجود نہ ہو۔ سب سے اچھی بات یہ ہے کہ

یہ عمل کرنے سے قبل کسی نیک سیرت بزرگ سے مشورہ کرلے تاکہ
آخرت کی پکڑ سے بچ جائے۔

بہت رونے والا بچہ۔ یا خواب میں بچہ کا چونکنا

بعض بچے ذرا ذرا سی دیر بعد رونے لگتے ہیں اور جب سوتے ہیں تو بار بار چونکتے ہیں۔ بچے کے کثرت سے رونے اور خواب میں چونکنے کے لئے مندرجہ ذیل آیات باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کرکے بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نہ بار بار روئے گا اور نہ سوتے میں چونکے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

إِذْ أَوَى الْفِتْيَةُ إِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوا رَبَّنَا آتِنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً وَهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا ۝ فَضَرَبْنَا عَلَىٰ آذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ سِنِينَ عَدَدًا ۝ ثُمَّ بَعَثْنَاهُمْ لِنَعْلَمَ أَيُّ الْحِزْبَيْنِ أَحْصَىٰ لِمَا لَبِثُوا أَمَدًا ۝

يَوْمَئِذٍ يَتَّبِعُونَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهُ ۖ وَخَشَعَتِ الْأَصْوَاتُ لِلرَّحْمَٰنِ فَلَا تَسْمَعُ إِلَّا هَمْسًا ۝

حمل کی حفاظت اور بچہ کی حفاظت

مندرجہ ذیل آیت زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے ہرن کی جھلی پر باوضو لکھ کر کالے کپڑے میں موم جامہ

کرکے عورت کی داہنی کوکھ پر باندھ دیں اور بچہ پیدا ہونے تک بندھا رہنے دیں تو حمل محفوظ رہے گا اور بچہ صحیح و سالم پیدا ہوگا۔ بچہ کو غسل دینے کے بعد یہی نقش بچہ کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر بلا و اثرات بد سے محفوظ رہے گا۔ یہ نقش سات سال تک گلے میں پڑا رہے۔ اگر کپڑا گل جائے تو نیا کالا کپڑا لے کر موم جامہ کرکے دوبارہ پہنا دیں۔

وہ آیت یہ ہے۔

إِذْ قَالَتِ امْرَأَتُ عِمْرَانَ رَبِّ إِنِّي نَذَرْتُ لَكَ مَا فِي بَطْنِي مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّي ۖ إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝

شیر اور کتے سے حفاظت

اگر کوئی شیر یا کتا حملہ کردے اور شور مچائے تو فوراً اس آیت کریمہ کو ایک بار پڑھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شیر یا کتا چپ ہوجائے گا اور حملہ نہ کرے گا۔ اسی طرح اگر چیر پھاڑ کر کھانے والے دوسرے جانوروں کے حملہ سے بچنا چاہتا ہے تو فوراً یہ آیت پڑھ لے

وہ آیت یہ ہے۔

وَكَلْبُهُم بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيدِ

پنڈلی یا ٹانگ کا درد

اگر کسی کی پنڈلی یا ٹانگ میں درد ہو جس کے سبب چلنا، ٹانگ موڑنا، نماز پڑھنا مشکل ہو گیا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت سات مرتبہ پڑھ کر پنڈلی یا ٹانگ پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ درد سے آرام آجائے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ۚ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ۝

دشمن کی تباہی کے لئے

اگر کوئی ظالم دشمن ہو جو ہر وقت جان، مال اور عزت و آبرو کا نقصان کرنے کی فکر میں رہتا ہو اس کے شر سے بچنے کے لئے اور اس کی تباہی اور بربادی کے لئے یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند دن میں دشمن تباہ ہو جائے گا۔ وہ عمل یہ ہے۔

جمعرات اور جمعہ کے دن کا روزہ رکھے اور ہفتہ کی آدھی رات کو ایک پرانی کنگھی جو کچرے میں سے یا کوڑے کے ڈھیر میں سے اٹھائی ہو اسے دھو کر پاک کریں اور اس پر یہ آیت لکھیں۔

قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَكَفَرْتَ

بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ۝ لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ۝

اور اس کنگھی کو کسی گنہگار کے استعمال کردہ کپڑے میں لپیٹ کر اس موذی دشمن کے رہنے کی جگہ دفن کر دیں تو وہ شخص تباہ و برباد ہو جائے گا۔

تنبیہ: بلا کسی شدید مجبوری کے یہ عمل کرنا گناہ ہے ایسا کرنے سے دنیا اور آخرت برباد ہوتی ہے لہذا اس عمل کو کرنے سے قبل کسی متبع شریعت عالم دین سے مشورہ کر لے تاکہ تباہی سے محفوظ رہے۔

حج بیت اللہ کا شرف حاصل کرنا

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ حج بیت اللہ شریف سے مشرف ہو تو وہ باوضو ایک مصلّے پر بیٹھ کر قبلہ رخ ایک نشست میں ایک ہزار بار

مَا شَآءَ اللّٰه

کہے۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ اسی سال حج بیت اللہ سے مشرف ہو گا۔ اگر اس سال حج نصیب نہ ہوا تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے زندگی میں اسے ضرور حج بیت اللہ کی سعادت حاصل ہو گی۔

قبولیت دعا کے لئے

جو شخص نماز عصر ادا کر کے کسی سے بات نہ کرے اور تنہائی میں بیٹھ کر ستر ۷۰ بار آیۃ الکرسی پڑھے اور اس کے بعد جو دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ دعا ضرور قبول ہوگی۔

آیۃ الکرسی یہ ہے

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

شیاطین کے شر سے حفاظت کا نقش

شیاطین جنات بچوں کو ڈراتے ہیں ان کو ستاتے ہیں، ان کو رُلاتے ہیں اور طرح طرح سے معصوم بچوں کو پریشان کرتے ہیں۔ ان شیاطین جنات کی شرارت سے محفوظ رہنے کے لئے آیۃ الکرسی کا نقش بہت مؤثر اور مفید ہے اس نقش کو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ شیاطین جنات کے ہر قسم کے شر سے محفوظ رہے گا۔

وہ نقش معظم یہ ہے۔

۱۵۴۳	۱۵۳۸	۱۵۴۵
۱۵۴۴	۱۵۴۲	۱۵۴۰
۱۵۳۹	۱۵۴۶	۱۵۴۱

شیطانی وسوسوں اور شیطانی مکر و فریب سے حفاظت

اگر کسی شخص کو شیطانی وسوسے بہت آتے ہوں اور شیطان کے مکر و فریب میں آ کر گناہ کا خوف ہو تو نماز پنجوقتہ کی پابندی کرے اور ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار پڑھ لیا کرے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ شیطانی وسوسوں اور شیطان کے مکر و فریب سے محفوظ رہے گا۔

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ

وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

بانجھ عورت کے حمل ٹھہرنا

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے یہ عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ اولاد ہوگی۔ عمل یہ ہے۔

میاں بیوی جمعہ کے دن روزہ رکھیں اور شکر اور بادام اور روٹی سے روزہ افطار کریں پانی بالکل نہ پئیں اور یہ آیتیں شیشہ کی پلیٹ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو لکھیں۔

اس پلیٹ پر پانی ڈال کر دھولیں اور شہد بھی پانی میں شامل کرلیں۔ سفید چنے دو سو چوبیس (۲۲۴) دانے لے کر اور ہر دانہ پر یہ آیتیں ایک مرتبہ پڑھ کر اس پانی کو پتیلی (دیگچی) میں ڈال دیں اور آگ تیز کردیں پھر عشاء کی نماز پڑھ کر سورہ مریم (پ ۱۶) پڑھے۔ جب چنے گل جائیں تو پانی سے نکال لیں اور اسمیں تھوڑا سا انگور کا پانی ملالیں اور آدھا پانی مرد پی لے اور آدھا پانی عورت پی لے اس کے بعد تھوڑی دیر تک سو رہیں پھر رات کو اٹھ کر مباشرت کریں انشاء اللہ تعالیٰ اسی روز حمل قائم ہوگا یہ عمل تین رات تک کریں تو بہتر ہے۔ وہ آیت جو پلیٹ پر لکھنی ہے یہ ہے

وَاِنِّیْ خِفْتُ الْمَوَالِیَ مِنْ وَّرَآءِیْ وَکَانَتِ امْرَاَتِیْ عَاقِرًا فَهَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِیًّا

گھر میں خیر و برکت اور خوشی کے لئے

جو شخص باوضو سورۂ مریم سفید کاغذ پر لکھ کر لپیٹ کر شیشے کے خالی گلاس میں رکھ کر اپنے گھر میں رکھے تو گھر میں خوب خیر و برکت ہوگی اور خوشی قائم رہے گی۔ گھر سے ہر قسم کا رنج و غم بفضل خدا دور ہوگا۔

سورۂ مریم پارہ ۱۶ میں ہے۔

آسیب کو بھگانے کا عمل

اگر کسی کو آسیب چمٹ گیا ہو اور جان نہ چھوڑتا ہو تو باوضو سورۂ جن (پ ۲۹) پڑھ کر اس مریض پر دم کردیں تو انشاء اللہ تعالیٰ آسیب بھاگ جائے گا، اگر سورۂ جن کو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے آسیب والے کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ پھر آسیب یا جن نہیں آئے گا۔

آسیب و جن والے کو ہوش میں لانا

اگر کسی عورت یا بچے، بچی پر جن یا آسیب آگیا ہو اور وہ بے ہوش ہو تو باوضو سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی اور سورۂ جن کی ابتدائی پانچ آیات پڑھ کر پانی پر دم کرکے اس کے چھینٹے اس مریض کے منہ پر مارے اس عمل سے انشاء اللہ

تعالیٰ مریض ہوش میں آجائے گا۔

اسی طرح اگر کسی مکان میں اثر ہو تو یہی سورتیں اور آیات پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس مکان کے سب کونوں میں وہ پانی چھڑک دے البتہ غسل خانے اور بیت الخلاء میں نہ چھڑکیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جنات اور آسیب اس گھر سے چلے جائیں گے۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

سورۂ جن کی چار آیتیں شطط تک یہ ہیں (اگلے صفحہ پر)

سُوْرَةُ الْجِنِّ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ۭ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۝

نظر بد کا اثر دور کرنا

اگر کسی بچہ پر یا کسی مکان یا دوکان پر نظر بد ہو گئی ہو تو مندرجہ ذیل آیات کو باوضو پڑھ کر بچہ، دوکان کے کونوں یا مکان کے کونوں میں دم کر دیا کریں انشاء اللہ تعالیٰ نظر بد کا اثر ختم ہو جائے گا اگر مال پر نظر بد ہو تو اس پر بھی پڑھ کر دم کر دیں انشاء اللہ تعالیٰ نظر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

وہ آیات یہ ہیں۔

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

بچہ کی حفاظت کے لئے

جب بچہ پیدا ہو جائے اور اس کو غسل دے دیا جائے تو

مندرجہ ذیل آیتوں کو باوضو تین بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے
ذرا سا پانی بچہ کے منہ میں ٹپکا دیں۔ تو بچہ بڑا ذہین اور جملہ
امراض سے حفاظت میں رہے۔

اسی طرح یہ آیتیں اگر سرسوں کے تیل پر تین بار پڑھ کر
دم کر کے وہ تیل روزانہ بچے کے جسم پر مل دیا جائے تو
بچہ ہر قسم کے موذی جانوروں سے محفوظ رہے گا۔

یہی آیات باوضو تین بار پڑھ کر سرسوں کے تیل پر دم
کر کے درد کی جگہ وہ تیل لگایا جائے تو درد سے نجات
حاصل ہوگی۔

وہ آیات یہ ہیں۔

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ
بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ
اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۘ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

احتلام سے حفاظت کے لئے

اگر کسی کو احتلام کی بہت زیادہ شکایت ہو اور وہ
پریشان ہو تو رات کو سوتے وقت سورۃ الطارق کو
شروع سے نام تک پڑھ کر سوئے انشاء اللہ تعالیٰ
احتلام سے حفاظت رہے گی۔

سورۃ الطارق یہ ہے

(اگلے صفحہ پر)

سُوْرَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۝
النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۝ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝
فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ
دَافِقٍ ۝ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۝
اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۝ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۝
فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ۝

پاگل کتے کے کاٹے سے حفاظت

اگر خدانخواستہ کسی کو پاگل کتا کاٹ لے اور اس کے
پاگل ہونے کا خطرہ ہو تو آیت ذیل کو باوضو روٹی کے
چالیس ٹکڑوں پر الگ الگ لکھ کر رکھ لے اور اس روٹی
کا ایک ٹکڑا روزانہ چالیس دن تک مریض کو کھلائے۔
انشاء اللہ تعالیٰ مریض پاگل ہونے سے محفوظ رہے گا۔

وہ آیت یہ ہے

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ
الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

اگر جن کسی مکان میں پتھر پھینکیں

اگر جن کسی مکان میں پتھر پھینکتے ہوں اور رات کو

روزانہ ان کا یہی مشغلہ ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیات باوضو پچیس ۲۵ پچیس ۲۵ مرتبہ پڑھ کر چار کیل پر دم کرے یعنی پچیس ۲۵ مرتبہ پڑھ کر ایک کیل پر دم کرے پھر دوبارہ پچیس ۲۵ مرتبہ پڑھ کر دوسری کیل پر دم کرے اسی طرح چاروں کیلوں پر دم کر کے وہ کیل گھر کے چاروں کونوں میں گاڑ دے (یا ٹھوک دے) انشاء اللہ تعالیٰ پتھر آنے بند ہو جائیں گے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

إِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا ۝ وَأَكِيدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكَافِرِينَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

برائے امن وحفاظت

جو شخص امن اور حفاظت کے ساتھ رہنا چاہتا ہے یا یہ چاہتا ہے کہ اس کی اولاد ہر قسم کے شر اور فتنہ سے امن میں رہے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں باندھ لے اگر بازو میں باندھنا چاہے تو مرد دائیں بازو میں باندھے اور عورت بائیں بازو میں باندھے۔ نقش معظم یہ ہے۔

۴۸۶

۴۲۴۹	۴۲۵۳	۴۲۵۶	۴۲۴۲
۴۲۵۵	۴۲۴۳	۴۲۴۸	۴۲۵۴
۴۲۴۴	۴۲۵۸	۴۲۵۱	۴۲۴۷
۴۲۵۲	۴۲۴۶	۴۲۴۵	۴۲۵۷

بچھو کے کاٹے کا علاج

ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک بچھو نے ڈنک مارا۔ آپ نے نمک اور پانی منگوایا اور پانی میں نمک ڈال دیا۔ پانی زخم پر ڈالتے جاتے اور قل یا یھا الکفرون اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھتے جاتے تھے۔ پس تھوڑی دیر میں آپ کو تسکین ہو گئی۔

یہ عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ بچھو کے ڈنک یا بھڑ اور ततیے کے ڈنک کا زہر ختم ہو کر آرام آجائے گا۔

تنبیہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس عمل سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ علاج کرنا توکل کے خلاف نہیں ہے بلکہ توکل مشروع یہ ہے کہ اپنی سی کوشش علاج معالجہ میں کرو اور پھر خدا پر بھروسہ رکھو۔ دنیا دارالاسباب ہے۔ البتہ اسباب کو مؤثر مستقل نہ سمجھے بلکہ صحت وشفا دینے والا اللہ ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا قول قرآن پاک میں درج ہے۔

وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ ۝ — جب میں بیمار ہوتا ہوں تو خدا شفا دیتا ہے۔

دعا قبول ہونے کا عمل

جو شخص جمعرات کے دن چاشت کی نماز کے بعد

باوضو پانچ سو(۵۰۰) بار

اَلسَّمِیْعُ

پڑھے اور پڑھتے وقت کسی سے بات نہ کرے تو جو دعا اس وقت کریگا انشاء اللہ تعالیٰ ضرور قبول ہوگی۔

اللہ تعالیٰ کی نظر میں مقبول ہونا

جو شخص جمعہ کی سنت اور فرض کے درمیان ایک تسبیح

اَلْبَصِیْرُ

پڑھے گا۔ وہ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور اللہ تعالیٰ کے مقبول اور مخصوص بندوں میں شامل ہوجائے گا۔

دل کا زنگ دور کرنا

جو شخص نماز فجر کے بعد سینے پر دونوں ہاتھ رکھ کر(۷۰) مرتبہ

اَلْفَتَّاحُ

پڑھے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دل کا زنگ دور ہوگا۔

ہر قسم کی بلا سے نجات

جو شخص ایسی مصیبت یا بلا میں ہو کہ اس کے دفع

کرنے کا طریقہ اس کے ذہن میں نہ آئے تو اسے چاہیئے کہ ایک تسبیح

اَلْغَنِیُّ

کو پڑھے اور اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کرے اور اپنے ہاتھوں کو تمام بدن پر پھیر لے انشاء اللہ تعالیٰ اس بلا سے نجات حاصل ہوگی اور اس بلا سے چھٹکارے کا حل ذہن میں آجائے گا۔

محتاجی ختم کرنا

جو شخص چالیس روز صبح کی نماز کے بعد اکتالیس بار

اَلْعَزِیْزُ

پڑھے گا۔ وہ دنیا میں کسی کا محتاج نہ ہوگا اللہ تعالیٰ غیب سے اس کے تمام مسئلے حل کردے گا۔

بیماری سے صحت کے لئے

جو شخص بیمار ہو اور صحت کا طالب ہو تو روزانہ جب تک صحت بحال نہ ہو ایک تسبیح

اَلسَّلَامُ

پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ بیمار جلد صحت یاب ہوگا۔

نیک اولاد پیدا ہونے کے لئے

جو شخص یہ چاہے کہ اس کے نیک اولاد پیدا ہو جس سے دین کا سلسلہ قائم ہو تو اس کے لئے یہ عمل کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ نیک اولاد پیدا ہوگی عمل یہ ہے۔
اپنی بیوی سے جماع کرنے سے پہلے دس مرتبہ

اَلْمُتَکَبِّرُ

پڑھے پھر صحبت کرے۔ اس کی برکت سے نیک لڑکا پیدا ہوگا۔

بانجھ عورت کے حمل قائم ہونا

جو عورت بانجھ ہو اور حمل قائم نہ رہتا ہو تو چاہیئے کہ سات دن روزہ رکھے اور افطار کے وقت اکیس ۲۱ بار

اَلْمُصَوِّرُ

پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس پانی سے افطار کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ سات دن نہ گذرنے پاویں گے کہ اسے حمل رہ جائے گا اور لڑکا اچھے اخلاق کا پیدا ہوگا۔

حاجت کا پورا ہونا

اگر کوئی حاجت پیش آجائے اور اپنی ضرورت کی اللہ تعالیٰ سے طلب ہو تو اس کے لئے آدھی رات کو

مکان کے صحن میں یا مسجد میں کھلے آسمان کے نیچے ننگے سر ہاتھ اُٹھا کر ایک تسبار

اَلْوَهَّابُ

پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہو اور پڑھنے والا کامیاب ہو۔

پیٹ کی بیماریوں اور درد گردہ کے لئے

اگر کسی شخص کو پیٹ کی کوئی بھی بیماری ہو یا درد گردہ کا مرض ہو اور پتھری کی وجہ سے پیشاب رُک رُک کر قطرہ قطرہ آتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک چینی کی پلیٹ پر لکھیں اور پلیٹ کو پانی سے دھو کر مریض کو وہ پانی دن میں چار بار پلا دیں۔
پلانے کے اوقات یہ ہیں۔
۱۔ صبح ناشتہ سے پہلے
۲۔ دن کو گیارہ بجے
۳۔ بعد نماز عصر (سورج غروب ہونے سے پہلے)
۴۔ بعد نماز عشاء
جب تک مکمل شفاء نہ ہو برابر لکھ کر پلاتے رہیں انشاء اللہ تعالیٰ پیٹ کی تکلیف سے آرام ہوگا اور اگر پتھری کا مرض ہے تو پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی۔
وہ آیت یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ
خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ
نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَفَكَّرُوْنَ ۝

مرگی کا دورہ یا آسیب کا اثر دور کرنا

اگر کوئی آدمی تکلیف دینے والی بیماری میں مبتلا ہو اور اس کے جسم میں شدید درد ہو یا پھوڑے پھنسی نکلے ہوں یا جسم کے کسی حصہ میں تکلیف ہو آرام نہ آتا ہو تو مندرجہ ذیل دعا اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو بار یہ دعا پڑھے اور پانی پر دم کر کے مریض کو وہ پانی چار وقت تھوڑا تھوڑا کر کے پلائے۔ یہ عمل روزانہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ مریض ہر قسم کے مرض سے صحتیاب ہو جائے گا۔

پلانے کے چار وقت یہ ہیں:

(۱) صبح ناشتہ سے پہلے (۲) گیارہ بجے دن
(۳) بعد نماز عصر (۴) بعد نماز عشاء

وہ دعا یہ ہے۔

رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝

یہود و نصاریٰ اور کفار و مشرکین کے حملہ سے بچاؤ کے لئے

اگر مسلمان کسی جگہ یہود، نصاریٰ (عیسائیوں) یا ہندو کافروں اور مشرکوں کے نرغے میں پھنس جائیں اور ان کو مارے جانے کا خوف ہو تو یہ دعائیں باوضو سب مل کر پڑھنا شروع کر دیں انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے حملہ اور کفار کے شر سے محفوظ رہیں گے۔ کم از کم یہ دعائیں روزانہ پانچ سو مرتبہ پڑھیں اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

وہ دعائیں یہ ہیں۔

رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ۝
رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝

اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَّوْعَاتِنَا

یہ دعا بھی پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَ
نَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

نظر بد کے لئے

اگر بچے یا بڑے کو نظر لگنے کا خطرہ ہو تو قرآن پاک کی دعا اول و آخر تین تین بار درود شریف اور درمیان میں تین یا پانچ یا سات بار یہ دعا پڑھ کر بچے یا بڑے پر دم کر دے (پھونک مار دے) انشاء اللہ تعالیٰ بچہ یا بڑا نظر بد سے محفوظ رہے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

◎

سفر کے دوران حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص کسی سفر پر جا رہا ہے وہ سفر ہوائی جہاز کا ہے یا دریا میں کشتی یا پانی کے جہاز کا ہے یا بس، کار، ٹرک، یا ریل گاڑی کا ہے۔ اس دوران ہر قسم کے حادثہ اور نقصان سے محفوظ رہنے کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ اس عمل کی بدولت کشتی یا لانچ ڈوبنے سے محفوظ رہے گی اور ریل گاڑی اور بس وغیرہ اور ہوائی جہاز حادثہ سے محفوظ رہیں گے اور مسافر کا مال و اسباب اور جان محفوظ رہے گی۔ وہ عمل یہ ہے۔

سفر پر روانہ ہونے سے پہلے بعد نماز فجر اول گیارہ مرتبہ درود شریف اور آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں قرآن پاک کی یہ آیت ایک سو بار پڑھے وہ آیت یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝

اس کے بعد آیۃ الکرسی تین بار پڑھے۔

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ

یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰۤی اِبْرٰهِیْمَ وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرٰهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰۤی اِبْرٰهِیْمَ وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرٰهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

یہ سب عمل پڑھ کر تین بار اپنی دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے اور سامان جو ساتھ لے جانا ہے اس پر دم کر دے اور گھر کے ہر ہر کونے میں دم کر دے اور تالے پر (چاہے تالا کھلا ہو بند ہو یا ابھی دروازہ کو تالا نہ لگایا ہو) بھی دم کر دے دروازے پر بھی دم کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بسلامتی سفر کر کے واپس آئے گا اور سفر میں ساتھ سامان اور گھر مکمل طور پر محفوظ رہیں گے۔

گمراہی سے بچنے کا عمل

اگر کوئی شخص عقیدے کا ڈانواڈول ہو اور ڈھلمل

یقین ہو اور اس کو صحیح راستہ کا پتہ نہ ملتا ہو اور وہ تذبذب میں مبتلا ہو کہ کونسی راہ چلوں، کونسا راستہ ہدایت والا اور کونسا راستہ گمراہی کا ہے۔ اس کے لئے اول و آخر تین تین بار درود شریف اور درمیان میں تین بار یہ دعا پڑھ کر اپنے سینے پہ دم کر لیا کرے۔

وہ قرآن پاک کی دعا یہ ہے۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝

عزت و عظمت حاصل کرنے کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ لوگ اس کی عزت کریں اور اس کو اہمیت دیں اور اس کے ساتھ تعظیم کا معاملہ کریں تو وہ روزانہ اول گیارہ بار درود شریف اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو بار یہ آیات پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن میں حالات تبدیل ہو جائیں گے۔ اگر یہ عمل ہمیشہ کرتا رہے گا تو کبھی ذلیل نہ ہوگا اور ہمیشہ باعزت رہے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

اَللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۚ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ۭ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۭ

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۡ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۭ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۭ

نیک اولاد ہونے کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی اولاد نیک صالح اور اطاعت گزار اور فرمانبردار ہو تو اس کے لئے شرط یہ ہے کہ یہ اپنے والدین، بزرگوں اور علماء کرام اور نیک لوگوں کی عزت کرے ان کے ساتھ ادب سے پیش آئے، ان کا احترام کرے اور حتی المقدور ان کی خدمت کرے، دوسرے یہ کہ روزانہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف درمیان میں ایک سو بار یہ آیت پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد نیک،

اطاعت گذار اور فرمانبردار ہوگی اور دنیا میں نام پیدا کرے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۝

جو لوگ کسی ظالم حکمران کے ماتحت ہوں یا ظالم کفار کے ماتحت

جو لوگ کسی ظالم حکمران کے ظلم کا شکار ہوں یا ظالم حکومت ان پر ظلم کرتی ہو یا ظالم کفار اہل ملک کو طرح طرح سے ستاتے ہوں اور ظلم کا نشانہ بناتے ہوں ان کے ظلم و ستم سے محفوظ رہنے کے لئے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور درمیان میں ایک سو بار یہ دعا پڑھ لیا کرے ناغہ نہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ ظالم حکمران، ظالم حکومت، اور ظالم کفار کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔

وہ دعا یہ ہے۔

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ۝

گمراہی سے بچنے کی دعا

جو شخص ایسے غلط ماحول میں پھنس گیا ہو جہاں عقائد خراب ہونے لگے ہوں اور گمراہ ہونے کا خطرہ ہو تو اس کے لئے اللہ تعالیٰ سے مدد مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ گمراہی سے محفوظ رہے گا اور گمراہی کا راستہ از خود دور ہو جائے گا اور ہدایت کا نور از خود دل میں پیدا ہوتا جائے گا۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو بار یہ آیت پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ صحیح عقائد پر قائم رہے گا اور گمراہی سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝

کامل ہدایت کے لئے

اگر کوئی شخص ایسے ماحول میں پھنس جائے جہاں ہر وقت ایمان جانے یا عقائد بگڑ جانے کا ڈر ہو اور کوئی رہبر، رہنما اور صحیح راستہ پر چلانے والا ساتھی بزرگ بھی نہ ہو۔ ہر وقت عقائد خراب ہونے یا بے دین ہو جانے کا خطرہ ہو تو اس کے لئے اول گیارہ بار درود شریف اس کے بعد یہ دعا ایک سو بار اس کے بعد آخر میں گیارہ

بار درود شریف پڑھ کر اپنی ہدایت کی دعا کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ وہ صراط مستقیم پر قائم رکھے اور گمراہی سے محفوظ فرمائے اس سلسلے میں حتی الامکان نماز کی پابندی کرے۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

وہ دعا یہ ہے۔

اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ رَبِّيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۚ
دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۚ وَمَا كَانَ
مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَ
مَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَ
بِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ۝

کسی شہر یا بستی میں داخل ہوتے وقت محفوظ رہنے کے لئے

جو شخص کسی بستی یا شہر میں داخل ہوتے وقت

اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف اور درمیان میں گیارہ مرتبہ اس دعا کو پڑھے گا وہ اس شہر یا بستی میں جب تک رہے گا ہر قسم کی تکلیف سے محفوظ رہے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

رَبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ
مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ
سُلْطَانًا نَّصِيْرًا ۝

علم حاصل ہونے کے لئے

جو شخص ہر فرض نماز کے بعد اول تین مرتبہ یہ دعا پڑھے گا۔

سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ۭ اِنَّكَ
اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝

اس کے بعد گیارہ بار یہ دعا پڑھے گا اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کو علم کی دولت سے مالا مال فرمائے گا۔ اور دنیا میں اس کے علم کی شہرت ہوگی اور اس کا علمی فیض دنیا میں پھیلے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۝

زبان کی درستی اور حافظہ قوی ہونے کے لئے

جس شخص کی زبان میں لکنت ہو یا وہ خطابت

اور تقریر کرنے کا شوقین ہو اور یہ چاہتا ہو کہ دورانِ
تقریر نہ اٹکے اور نہ اس کی زبان لڑکھڑائے اور نہ زبان میں
لکنت پیدا ہو تو اس کے لئے روزانہ ہر نماز کے بعد اول و آخر تین
تین بار درود شریف درمیان میں گیارہ بار یہ آیت پڑھ کر اپنے
سینہ پر دم کرلے۔ یہی عمل حافظہ قوی ہونے کے لئے بھی کافی ہے۔ اس عمل
کی برکت سے عمدہ مقرر بن جائے گا اور حافظہ بھی طاقتور
ہو گا ہر بات یاد رہے گی بھول چوک سے انشاء اللہ تعالیٰ
محفوظ رہے گا۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

وہ آیت یہ ہے۔

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۝ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ۝
وَاحْلُلْ عُقْدَۃً مِّنْ لِّسَانِیْ ۝ یَفْقَھُوْا قَوْلِیْ ۝

شیطان کے شر سے حفاظت کی دعا

اگر کسی شخص کو شیطان ہر وقت گناہوں میں
مصروف رکھتا ہو، گندے اور بُرے بُرے وسوسے

اس کے دل میں ڈالتا ہو۔ کبھی اسلام سے بغاوت کا
سبق سکھاتا ہو کبھی عقائد اسلام میں گڑبڑ پیدا
کرتا ہو، کبھی تمرد اور سرکشی پر ابھارتا ہو، کبھی بے حیائی
اور فحاشی کا سبق دیتا ہو تو اس کے روک کے لئے ہر نماز
کے بعد گیارہ مرتبہ یہ دعا پڑھ کر اپنے سینہ پر دم کرلیا کرے۔
اگر نماز نہیں پڑھتا ہے اس میں سستی کاہلی ہے تو صبح
اور شام کے وقت یہ دعا گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے
سینہ پر دم کرلیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شیطان کے ہر
قسم کے وار سے محفوظ ہو جائے گا اور اسلامی عقائد پر
مضبوطی پیدا ہو گی اور گناہوں سے محفوظ ہو جائے گا
اگر کبھی گناہ ہو جائے فوراً اللہ تعالیٰ سے معافی اور توبہ
کرلے اور استغفار پڑھے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْۢبٍ
وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ۔

وہ دعا یہ ہے۔

رَبِّ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ ھَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ ۝
وَاَعُوْذُ بِکَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ۝

یہ دعا بھی پڑھ لے تو بہتر ہے۔ یہ دعا بھی گیارہ بار پڑھے۔

فَتَعٰلَی اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ
رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ ۝

اچھی بیوی اور نیک اولاد کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اسے فرمانبردار، خدمت گذار، نیک خصلت اور اچھی بیوی ملے اور نیک اولاد ہو جو والدین کی اطاعت کرنے والی اور عبادت گذار ہو تو ہر فرض نماز کے بعد یہ دعا پابندی سے تین بار پڑھ لیا کرے۔ اس کو پابندی سے پڑھے ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نیک بیوی ملے گی اور اولاد صالح اور اطاعت گذار ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝

ظالموں کے ظلم سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص ظالم لوگوں میں پھنس گیا ہے اور وہ ستانے کا نئے سے نیا طریقہ اختیار کرتے ہیں اور طرح طرح سے ستاتے اور ظلم کرتے ہیں۔ ایسے ظالموں سے نجات کے لئے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں یہ آیت روزانہ تین سو تیرہ بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن جلد ہی دفع ہو جائے گا یا پڑھنے والے کا کسی اچھی جگہ انتظام ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ۝

یہ دعا بھی اسی کے ساتھ تین سو تیرہ بار پڑھے۔

رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝

ہر پریشانی سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص ناگہانی پریشانیوں میں گھر گیا ہو اور پریشانیوں سے نجات نہیں مل رہی ہو اور ایک کے بعد دوسری پریشانی پیدا ہو جاتی ہے اس کے لئے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں یہ آیت ایک سو بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس دن کے اندر اندر تمام پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔ کسی طرح بھی گھبرا کر نہ چھوڑے اور نہ ناغہ کرے پابندی سے پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی تمام پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔ وہ آیت یہ ہے

وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَى اللّٰهِ ۚ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝

رزق میں ترقی کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ ہر وقت خالی جیب نہ رہے اس کے پاس ہر وقت پیسے موجود رہیں تو وہ روزانہ کسی وقت بھی گیارہ بار یہ آیت پڑھ لیا کرے۔ پابندی کرے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں خوب برکت ہوگی اور رزق زیادہ تعداد میں ملے گا۔ وہ آیت یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۝

رات کو شیطان وجنات سے حفاظت کے لئے

جو شخص رات کو اگر سفر پر نکلتا ہے راستہ ویران اور غیر آباد ہے یا راستہ میں جنگل یا ندی نالے ہیں یا قبرستان پڑتے ہیں یا مرگھٹ ہے یا دن کا وقت ہے لیکن ہر طرف سناٹا ہے۔ ایسی صورت میں ڈر خوف اور شیطانی جنات کے حملہ سے بچنے کے لئے اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں آیۃ الکرسی، سورۂ فلق اور سورۂ ناس تین تین بار پڑھ کر اپنے سینہ پر دم کرے اور دونوں ہاتھوں پر دم کرکے تمام بدن پر ہاتھ پھیر لے اگر سونے کے وقت یہ عمل کرے گا تو رات کو شیاطین وجنات کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اسی طرح اگر کسی پر جادو، سفلی، سحر کا اثر محسوس ہو تو اس کو بھی اسی طرح پڑھ کر پانی پر دم کرکے یہ پانی چار وقت پلائیں۔

(۱) صبح ناشتہ سے پہلے (۲) دوپہر گیارہ بجے دن
(۳) بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے پہلے۔
(۴) رات کو سوتے وقت

یہ عمل مسلسل کرکے پانی پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس دن کے عمل سے جادو سفلی سحر سب ختم

ہو جائے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ
سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ
مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ يَعْلَمُ
مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ
بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا
وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

سورۂ فلق یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ
وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ
النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ

إِذَا حَسَدَ ۝

سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝
اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝
الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝
مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

مقصد میں کامیابی اور مصیبت دور ہونے کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہو یا اگر کسی مصیبت میں پھنس گیا ہے تو اس سے جلد نجات ملے تو اس کے لئے ان اسماء حسنیٰ کو خلوص قلب اور پوری توجہ سے نہایت ادب اور خشوع و خضوع کے ساتھ باوضو مصلّے پر بیٹھ کر قبلہ کی طرف منہ کر کے خوب دل لگا کر پوری توجہ کے ساتھ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد ان اسماء حسنیٰ کو کم از کم تین بار پڑھ کر دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن عمل کرنے سے دعا ضرور قبول ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی اور ہر مصیبت سے نجات حاصل ہوگی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اسماء حسنیٰ (اسم اعظم) یہ ہیں۔

(١) هُوَ (٢) اَللّٰهُ (٣) يَا اَللّٰهُ (٤) اَللّٰهُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ (٥) هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ (٦) وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝ (٧) اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ (٨) اَلْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ (٩) بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ (١٠) ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ (١١) اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

رَبِّ رَبِّ (۱۳) یَارَبِّ یَارَبِّ (۱۴) مَالِكَ الْمُلْكِ
(۱۵) لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝
(۱۶) لَآ اِلٰهَ اِلَّا (اللّٰهُ (۱۷) هُوَ اللّٰهُ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ (۱۸) اَللّٰهُمَّ (۱۹) اَلْحَیُّ
(۲۰) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَآ اِلٰهَ
اِلَّآ اَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ۔

دعا کی قبولیت کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی دعا ضرور قبول ہو تو اس کو چاہیئے کہ اول وضو کرے اور دو رکعت نماز نفل پڑھے (یہ نفل اس وقت پڑھے جبکہ مکروہ وقت نہ ہو) اس کے بعد یہ آیات تین تین بار پڑھے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ ان آیات کے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں یہ آیات تین تین بار پڑھے۔ اس کے بعد دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول ہوگی۔ یہ عمل چند دن کرے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور دعا قبول ہوگی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

وہ آیات یہ ہیں۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ
الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ
یُحْیٖ وَیُمِیْتُ ۚ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝
هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وَهُوَ
بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۝ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ ۚ
یَعْلَمُ مَا یَلِجُ فِی الْاَرْضِ وَمَا یَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا
یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا یَعْرُجُ فِیْهَا ۚ وَهُوَ
مَعَكُمْ اَیْنَ مَا كُنْتُمْ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ۝
لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَی اللّٰهِ تُرْجَعُ
الْاُمُوْرُ ۝ یُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَیُوْلِجُ النَّهَارَ
فِی الَّیْلِ ۚ وَهُوَ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝
لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ
خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ ۚ وَتِلْكَ
الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَفَكَّرُوْنَ ۝
هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ
وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ

اَلَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ
الْمُؤْمِنُ الْمُھَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ ۚ
سُبْحٰنَ اللّٰہِ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ۝ ھُوَ اللّٰہُ الْخَالِقُ
الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ۚ یُسَبِّحُ
لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَھُوَ الْعَزِیْزُ
الْحَکِیْمُ ۝

اس کے بعد یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْمَخْزُوْنِ
الْمَکْنُوْنِ۔ اَلظَّاھِرِ۔ اَلْمُقَدَّسِ۔ اَلْحَیِّ۔ اَلْقَیُّوْمِ۔
اَلرَّحْمٰنِ۔ اَلرَّحِیْمِ۔ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔
اَنْ تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ ۚ
وَاَنْ تَفْعَلَ بِیْ مَا ھُوَ کَذَا وَکَذَا بِرَحْمَتِکَ
یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

ف: اَنْ تَفْعَلَ بِیْ مَا ھُوَ کَذَا وَکَذَا پڑھتے ہوئے اپنے نیک مقصد کا دھیان کرے۔ یہ عمل کم از کم تین مرتبہ پڑھا جائے۔

ہر مقصد میں کامیابی اور دعا کی قبولیت کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ وہ ہر مقصد میں کامیاب ہو اور اس کی ہر جائز دعا قبول ہو تو اس کے لئے باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد آیۃ الکرسی

پڑھے اس کے بعد سورۂ حشر کی آخری آیات پڑھے اس کے بعد یہ دعا پڑھے آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے۔ جو شخص روزانہ اس عمل کی پابندی کرے گا اور بطور وظیفہ روزانہ پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ وہ اپنے تمام نیک مقاصد میں کامیاب ہوگا اور اگر کوئی ہفتہ کے دن روزہ رکھے اور روزہ کی حالت میں باوضو ان آیات و دعا کو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے یا اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی تمام حاجات پوری ہو جائیں گی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ
لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ
اِلَّا بِاِذْنِہٖ ۚ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ

وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِّنْ
عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ
وَالْأَرْضَ ۚ وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ
الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ ۝

سورۂ حشر کی آیات یہ ہیں۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ
الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ ۝
هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ الْمَلِكُ
الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ
الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝
هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ
الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى ۚ يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
وَالْأَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝

دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ اَللّٰهُمَّ إِنِّي
أَسْئَلُكَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ يَا حَيُّ يَا
قَيُّومُ ۔ أَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيمِ الْأَعْظَمِ
وَأَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ اللّٰهِ أَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ
أَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ
وَأَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ
وَأَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اللَّطِيفُ

الْكَرِيمُ وَأَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْوَاحِدِ الْمَاجِدِ۔
أَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ اللّٰهُ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ
السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ ۔ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ
الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝

اگر کوئی شخص بعد نماز فجر باوضو ایک تسبیح پڑھ کر اس عمل کو پڑھے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی تمام حاجات پوری ہوں گی۔ اس عمل کے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے۔

فتوحات غیبی، دعا کی قبولیت اور ہر مقصد میں کامیابی

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کو روزی بے گمان ملے۔ وہاں سے رزق ملے جہاں اس کے وہم و خیال میں بھی نہ تھا۔ اس کی دعا فوراً قبول ہو جائے اور جو نیک مقصد اس کے خیال میں ہو اس میں بلا کسی رکاوٹ کے کامیابی حاصل ہو جائے تو اس کے لئے اول گیارہ مرتبہ درود شریف اور آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں یہ دعا پڑھ کر دعا کرے کیونکہ یہ دعا ایسی متبرک ہے کہ اس میں وہ تمام اسماء حسنیٰ جمع ہیں جن کو مشائخ کرام نے اسم اعظم قرار دیا ہے لہٰذا جو مسلمان اللہ تعالیٰ پر کامل یقین اور پوری قلبی توجہ کے ساتھ دعا کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ وہ دعا ضرور قبول ہوگی اور جس مقصد کو ذہن میں بٹھا رکھا ہے اس میں

کامیابی حاصل ہوگی۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لَآ
اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ یَا خَیْرَ
الْوَارِثِیْنَ۔ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔ یَا سَمِیْعَ
الدُّعَآءِ۔ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا عَلِیْمُ یَا عَالِمُ
یَا حَکِیْمُ یَا مَالِکُ یَا مَلِکُ یَا سَلَامُ یَا حَیُّ یَا قَآئِمُ
یَا خَالِقُ یَا مُحِیْطُ یَا حَکَمُ یَا فَتَّاحُ یَا قَاھِرُ یَا
یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا مُحْصِیُ
یَا مُعْطِیُ یَا مَانِعُ یَا مُحْیِیُ یَا مُقْسِطُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ
یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ
یَا رَبِّ یَا وَھَّابُ یَا غَفَّارُ یَا قَرِیْبُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ
سُبْحَانَکَ اَنْتَ حَسْبِیْ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔

عملیات حضرت مولانا محمد منظور نعمانی
رحمۃ اللہ علیہ

ہر قسم کے شر اور دشمن اور شیطان سے حفاظت

اگر کسی شخص کو رات کو سوتے میں اکثر ڈراؤنے خواب نظر آتے ہوں یا رات کو سوتے ہوئے بھٹکے سے آنکھ کھل جاتی ہو اور نیند اچاٹ ہو جاتی ہو۔ سونے کی کوشش کے باوجود نیند نہیں آتی اور سر بھاری ہو جاتا ہو تو اس کے لئے ایک تسبیح

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

اور اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ معوذتین (قل اعوذ برب الفلق (پوری سورت) اور قل اعوذ برب الناس (پوری سورت) اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھکر سوئیں انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے دشمنوں سے اور ان کے شر سے محفوظ رہیں گے۔ یہ عمل باوضو کرے جب بھی صحیح ہے اور بے وضو بغیر قرآن پاک کو ہاتھ لگائے کرے تب بھی صحیح ہے۔

سورۂ فلق اور سورۂ ناس یہ ہیں۔

سُوْرَۃُ الْفَلَقِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ
وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ
فِي الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝
سُوْرَةُ النَّاس

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ
النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ
يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ
وَالنَّاسِ ۝

درود شریف یہ ہے۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ہر قسم کے تفکرات اور پریشانیوں سے نجات

جو شخص کسی ذہنی پریشانی میں مبتلا ہو یا دشمن کی شرارت کا خوف ہو یا دشمن کے حملہ کا ڈر ہو یا کسی

مالی پریشانی میں مبتلا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید اور انتہائی کارآمد ہے۔ عمل یہ ہے۔
اول تین بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد سات بار یہ آیت پڑھے
حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝
اس کے بعد آخر میں تین بار درود شریف پڑھے۔
یہ عمل صبح بعد نماز فجر اور شام کو بعد نماز مغرب کیا کرے۔
اس عمل کے ساتھ ساتھ سوتے وقت اول تین بار درود شریف اس کے بعد گیارہ بار یہ آیت پڑھے
اُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ ۝
اس کے بعد بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ کے ساتھ سورۂ فلق اور سورۂ ناس (مکمل سورتیں) تین تین مرتبہ پڑھے۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھے۔
ان دونوں عمل کے علاوہ دن میں مختلف اوقات میں جب دل چاہے
يَا حَفِيْظُ يَا حَافِظُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ۔
درود شریف یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

سورۂ فلق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝
وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ
فِی الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِکِ النَّاسِ ۝ اِلٰہِ
النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ
یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّۃِ
وَالنَّاسِ ۝

دنیاوی فکر اور ناخوشگوار حالات کا خاتمہ

اگر کسی کو دنیا کے سلسلے میں پریشانی ہو مثلاً کرایہ دار مکان کا کرایہ دینے میں سستی کرتا ہے یا

خریدار ادھار لے کر رقم دینے میں دیر کرتے ہیں یا کوئی اور دنیاوی پریشانی لپٹ گئی ہے تو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ تمام معاملات درست ہو جائیں گے۔ وہ عمل یہ ہے۔

اول تازہ وضو کرے اور دو رکعت نماز نفل ادا کرے (جبکہ نماز کا وقت ہو یہ نفل سورج نکلتے وقت، سورج غروب ہوتے وقت، زوال کے وقت بعد نماز عصر نماز مغرب تک نہ پڑھے اور نہ فجر کی نماز ختم ہونے کے بعد پڑھے بلکہ سورج نکلنے کے بیس منٹ بعد پڑھے۔

اس کے بعد اس فکر اور پریشانی سے نجات کی دعا کرے۔

اسی کے ساتھ یہ کلمات بھی ہر نماز کے بعد جس قدر آسانی ہو اسی تعداد میں پڑھ لیا کرے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ

اسی کے ساتھ کسی وقت ایک تسبیح یہ دعا بھی پڑھ لیا کرے تو بہتر ہے

اَللّٰھُمَّ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجٰی مِنْکَ
اِلَّا اِلَیْکَ۔

عملیات وتعویذات فقیہ الامت حضرت مولانا مفتی
محمود حسن گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ

اولاد کے لئے عمل

اگر میاں بیوی صحت مند ہوں اور اُن کے اولاد نہ ہوتی ہو تو جس روز عورت حیض سے فارغ ہو کر غسل کرے اس روز تین انڈے ابال کر چھیل لیں اور ایک پر باوضو لکھیں

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ۝

اِس انڈے کو مرد کھائے۔ اور دوسرے پر باوضو لکھیں

وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُوْنَ ۝

اِس انڈے کو عورت کھائے

اور تیسرے انڈے پر یہ آیت باوضو لکھیں۔

وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝

اس انڈے کو آدھا آدھا چاقو سے کاٹ کر دونوں میاں بیوی کھالیں اور ہم بستری کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے اولاد ہوگی۔

امتحان میں کامیابی کے لئے

اگر کوئی شخص یا طالب علم کسی امتحان یا انٹرویو میں

شریک ہونا چاہتا ہے اور چاہتا ہے کہ وہ ضرور کامیاب ہو تو اس کے لئے کثرت سے اس آیت کا ورد رکھے یا ہر نماز پڑھنے کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھ لیا کرے۔

وہ آیت یہ ہے۔

رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

قوت حافظہ (یادداشت) کے لئے

اگر کسی کا دماغ کمزور ہو اور وہ ہر بات بھول جاتا ہو تو اس کے لئے ہر فرض نماز کے بعد سر کے اگلے حصہ پر داہنا ہاتھ رکھ کر تین بار

يَا قَوِيُّ

پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ قوت حافظہ بڑھ جائے گی اور ہر بات یاد رہے گی۔

برائے حفاظت اطفال (بچوں کی حفاظت کے لئے)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ گھر کے نہ بولنے والے بچوں کے گلے میں

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

لکھ کر ڈال دیا کرتے تھے تاکہ ہر قسم کے خطرات اور جنات و شیاطین کے شر سے محفوظ رہیں۔ اور جو بچے بولنے والے تھے ان کو یہ کلمات سکھلا دیا کرتے تھے تاکہ

وہ اپنی حفاظت کے لئے پڑھ لیا کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے ہر طرح حفاظت رہے گی۔

تلاش گمشدہ

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی ہے یا چوری ہو گئی ہو تو اس گمشدہ چیز کے نام کے عدد نکال کر اس عدد کی تعداد کے مطابق

یَامُعِیْدُ

پڑھے۔ اس کے اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھے اور آخر میں یہ دعا کرے کہ

اے اللہ فلانی چیز کو جو تو نے عطا کی تھی، وہ میری نااہلی سے ضائع ہو گئی اپنے فضل و کرم سے وہ مجھے واپس کر دے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اعداد نکالنے کا طریقہ | ہر اعداد کے بالمقابل ہندسے

لگا دئے گئے ہیں سب الفاظ کے ہندسے لگا کر اور ملا کر جوڑ لیں۔ پھر اسی تعداد میں روزانہ پڑھنا چاہیئے۔

ابجد	ہوّز	حُطّی
ا-ب-ج-د	ہ-و-ز	ح-ط-ی
۱-۲-۳-۴	۵-۶-۷	۸-۹-۱۰
کلمن	سعفص	قرشت
ک-ل-م-ن	س-ع-ف-ص	ق-ر-ش-ت
۲۰-۳۰-۴۰-۵۰	۶۰-۷۰-۸۰-۹۰	۱۰۰-۲۰۰-۳۰۰-۴۰۰
ثخذ	ضظغ	
ث-خ-ذ	ض-ظ-غ	
۵۰۰-۶۰۰-۷۰۰	۸۰۰-۹۰۰-۱۰۰۰	

مثلاً تالا کھو گیا اور گم ہو گیا ہے۔ اس کے پڑھنے کے لئے تالا کے اعداد نکالے۔

ت — ۴۰۰
ا — ۱
ل — ۳۰
ا — ۱
ا — ۱
کل تعداد ۴۳۲

اس تالے کی تلاش کے لئے یَامُعِیْدُ کو چار سو بتیس مرتبہ پڑھ کر دعا کریں گے انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے تالا مل جائے گا۔

جو حروف فارسی یا ترکی کے ہیں ان کو اس کے مثل دوسرے لفظ سے بدل لیں گے۔ پ کو ب شمار کر کے دو عدد لیں گے ٹ کو ت شمار کر کے ۴۰۰ عدد لیں گے چ کو ج، ڈ کو د، ڑ کو ر، ژ کو ز سے گ کو ک سے ء کو الف سے بدل کر اس کے عدد لے لیں۔

تلاش گم شدہ کے لئے

عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ وَالضُّحٰی وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی ۵ پوری سورت پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ آخر تک پڑھ کر رکعت پوری کر کے سلام پھیر دے۔ اس کے بعد اول درود شریف سات مرتبہ پڑھے پھر اس بھاگے ہوئے کے نام کے اعداد نکال کر یا گم شدہ چیز کے نام کے عدد نکال کر اس عدد کے موافق

یَا مُعِیْدُ

پڑھے۔ آخر میں سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر بھاگے ہوئے کی واپسی یا کھوئی ہوئی چیز کے ملنے کی دعا کرے۔ یہ عمل روزانہ اس وقت تک کرتا رہے جب تک وہ شخص واپس نہ آجائے یا چیز مل نہ جائے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا واپس

آجائے گا یا وہ چیز مل جائے گی۔

سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۝ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

سورۃ والضحیٰ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
وَالضُّحٰی ۝ وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی ۝ مَا وَدَّعَكَ
رَبُّكَ وَمَا قَلٰی ۝ وَلَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰی ۝
وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی ۝ اَلَمْ یَجِدْكَ
یَتِیْمًا فَاٰوٰی ۝ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰی ۝
وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی ۝ فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا
تَقْهَرْ ۝ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ
رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝

سورۃ الم نشرح یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ
وِزْرَكَ ۝ الَّذِیْ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا

لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ إِنَّ مَعَ
الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَإِلَىٰ
رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

کھوئی ہوئی چیز کا ملنا اور بھاگے ہوئے کی واپسی

اگر خدانخواستہ کوئی گھر کا فرد یا نوکر گھر کا سامان لے کر بھاگ گیا ہو یا کوئی چیز گم ہو گئی ہو تو اس کے لئے اول سات مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر ایک سو انیس (۱۱۹) مرتبہ

يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ
فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ
يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۝

اس کے بعد ایک سو انیس (۱۱۹) مرتبہ

يَا حَفِيْظُ

پڑھیں اور آخر میں سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر بھاگے ہوئے کی واپسی اور کھوئی ہوئی چیز کے مل جانے کی دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا جلد آئے گا اور گم شدہ چیز جلد ہی مل جائے گی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

پریشانیوں سے نجات کے لئے

اگر کسی شخص کو طرح طرح کی پریشانیوں نے گھیر رکھا ہے اور وہ چاہتا ہے کہ ان پریشانیوں سے نجات ملے اور زندگی آرام و سکون سے گذرے تو اس کے لئے نمازِ فجر کی سنت پڑھ کر اکتالیس مرتبہ الحمد شریف (سورۂ فاتحہ) مع بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر پریشانیوں کے دور ہونے کی دعا کرے جب تک پریشانیاں دور نہ ہوں یہ عمل برابر کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی تمام

پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔

سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

ہر مرض سے نجات کا عمل

چاہے کسی قسم کا مرض ہو۔ علاج کے قابل ہو یا لاعلاج۔ اس کے لئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ مبارک عمل بہت کامیاب ہے۔ آپ اپنا لعاب دہن زمین پر ڈالتے پھر اس کو مٹی میں

ملا کر مریض کی پیشانی پر ملتے اور یہ کہتے جاتے۔

بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا
يُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا۔

عامل اسی طرح عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہو جائے گا۔ مرض چاہے قابل علاج ہو یا لاعلاج مرض ہر ایک کے لئے یہ عمل تیر بہدف ہے۔

آسیب اور ڈراؤنے خواب سے حفاظت

اگر کسی کو سوتے میں آسیب پریشان کرتا ہو یا اسے ڈراؤنے خواب آتے ہوں تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔

سوتے وقت چاروں قل (قل یاایھا الکفرون، پوری سورت۔ قل ھو اللہ احد، پوری سورت۔ قل اعوذ برب الفلق، پوری سورت۔ قل اعوذ برب الناس، پوری سورت۔) الحمد شریف۔ آیۃ الکرسی (مکمل آیۃ الکرسی) تین تین بار پڑھے اور اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ رات کو نہ آسیب قریب آئے گا اور نہ ڈراؤنے خواب نظر آئیں گے۔ یہ عمل روزانہ رات کو سوتے وقت کر لیا کرے۔

چاروں قل یہ ہیں۔

سُوْرَۃُ الْکٰفِرُوْنَ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ
مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝
لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۝

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاص۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ ۝
وَلَمْ یُوْلَدْ ۝ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

سُوْرَۃُ الْفَلَقِ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝
وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ
فِی الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

سُوْرَۃُ النَّاس۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِکِ النَّاسِ ۝ اِلٰہِ
النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ
یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ۝

الحمد شریف یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝
اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۝ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ
وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ
وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ
مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ۚ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ
اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ
مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ۚ وَھُوَ الْعَلِیُّ
الْعَظِیْمُ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

سحر یا جادو یا سفلی کا خاتمہ

اگر کسی شخص پر کسی نے سحر یا جادو یا سفلی عمل کرا دیا ہو جس کے سبب اس کی صحت، کاروبار، آمدنی میں نقصان ہو رہا ہو اور طبیعت ہمیشہ اچاٹ رہتی ہو کسی کام میں دل نہ لگتا ہو۔ روز بروز حالات خراب ہوتے جا رہے ہوں تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے

اول سات مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد گیارہ بار سورۃ فلق اس کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ الناس آخر میں سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کرے اور پانی پی لے اور دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر سر سے پاؤں تک پھیر لے۔ یہ عمل صبح اور شام دونوں وقت کرے۔ صبح کو نماز فجر کے بعد کرے اور شام کو بعد نماز مغرب کرے۔ اکتالیس دن یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے سحر، جادو، سفلی، ٹونے ٹوٹکے سے نجات حاصل ہوگی اور حالات درست ہو جائیں گے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

سورۃ فلق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ
وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ
فِي الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ
اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ
الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ
الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

تبادلہ رکوانے کے لئے

اگر کسی ایسی جگہ تبادلہ ہو گیا جہاں جانا نہیں چاہتے اور تبادلہ رکوانا چاہتے ہیں تو اس کے لئے روزانہ بعد نماز ظہر اکیس ۲۱ مرتبہ

یَا بَاعِثُ

پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تبادلہ رُک جائے گا۔ یہ عمل اس وقت تک کرتے رہیں جب تک کہ تبادلہ رُک نہ جائے۔

برائے دفع جن

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مضمون جس کو حرز ابی دجانہؓ کہتے ہیں۔ ایک صحابیؓ کو لکھوا کر دیا۔ جن کے مکان میں جن رہتا تھا۔ اس کی برکت سے وہ چلا گیا۔ وہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اِلٰى مَنْ طَرَقَ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ وَالسَّآئِحِيْنَ الْاَطَارِقَا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِي الْحَقِّ سَعَةً فَاِنْ تَكُ عَاشِقًا مُوْلَعًا اَوْ فَاجِرًا مُّقْتَحِمًا اَوْ رَاعِيًا حَقًّا مُّبْطِلًا هٰذَا كِتَابُ اللّٰهِ يَنْطِقُ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِيْ هٰذَا وَانْطَلِقُوْا اِلٰى عَبْدَةِ الْاَوْثَانِ وَالْاَصْنَامِ وَاِلٰى مَنْ يَّزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ۔ تُغْلَبُوْنَ حٰمٓ لَا تُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَآءُ اللّٰهِ

وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

اس کو باوضو لکھ کر مریض کے گلے میں پہنا دے یا اگر گھر میں جنات کا شبہ ہے تو دروازے کے مقابل دیوار پر لگا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جنات گھر سے چلا جائے گا۔

دل کی گھبراہٹ کے لئے

اگر کسی کا دل بہت گھبراتا ہو اور ہر وقت گھبراہٹ رہتی ہو اور کسی لمحہ بھی آرام و سکون نہیں ملتا تو اس کے لئے اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھے درمیان میں سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ (مکمل سورۃ) سات مرتبہ پڑھ کر اپنے سینہ پر دم کر لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ نفع ہوگا اور گھبراہٹ دور ہوگی۔

سورۃ الم نشرح یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

پریشانیوں کے دفعیہ کے لئے

جو شخص بہت سی پریشانیوں میں مبتلا ہو اور اس کی پریشانیاں ختم نہ ہوتی ہوں تو بعد نماز عشاء باوضو قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھ کر پانچ سو مرتبہ روزانہ پابندی کے ساتھ درود شریف پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے دن بعد تمام پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔ جو درود شریف یاد ہو پڑھے لیکن نماز والا درود شریف سب سے افضل ہے۔ وہ یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

ہر قسم کی پریشانیوں سے نجات کا عمل

جو شخص ہر وقت پریشان رہتا ہو اور طرح طرح کی پریشانیوں نے گھر رکھا ہو، گھر میں طرح طرح کے امراض موجود ہیں۔ لوگوں کا قرضہ ہے، مکان کا کرایہ دینا مشکل ہو رہا ہے۔ آمدنی کم ہے اخراجات زیادہ

ہیں، لوگ ہر وقت پریشان کرتے رہتے ہیں۔ ان تمام مشکلات سے نجات کے لئے چار رکعت نفل نماز پڑھیں۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) کے بعد ایک سو مرتبہ یہ پڑھیں

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝
فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ
نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ۝

دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک سو مرتبہ یہ پڑھیں۔

اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝

تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک سو مرتبہ یہ پڑھیں۔

اُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ
بِالْعِبَادِ ۝

چوتھی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک سو مرتبہ یہ پڑھیں۔

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی
وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ۝

اس کے بعد نماز کا سلام پھیر کر سجدہ میں سر رکھ کر ایک سو مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

قرض کی ادائیگی کے لئے

ترمذی شریف جلد دوم صـ۱۹۶ میں ہے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کے ذمہ قرض ہو وہ اس دعا کو پڑھا کرے۔ اگر پہاڑ کے برابر بھی قرض ہوگا تو حق تعالیٰ شانہٗ ادا کر دیں گے۔ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔

یہ دعا ہر نماز کے بعد ایک سو بار پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد قرض سے نجات ہوگی۔

جنّات سے بچاؤ اور حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص ایسی جگہ رہتا ہو یا اس جگہ سے اس کا گذر ہوتا ہو جہاں جنّات کا ڈیرہ اور رہائش ہے۔ اس جگہ رہنے یا اس جگہ سے گذرنے سے جنّات کے حملے یا شرارت کا ڈر رہتا ہو تو اس کے لئے سورۃ فلق، سورۃ ناس، الحمد شریف، آیۃ الکرسی ایک ایک دفعہ ان سب کے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار ہر نماز کے بعد پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کریں۔ یہی عمل رات کو سونے سے قبل بھی کر لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ

شیاطین و جنّات سے حفاظت رہے گی۔

درود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ
مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ؕ
اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ
وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۠

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُہٗ
سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ
مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ
اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ
عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَ

الْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

سورۂ فلق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

حرام آمدنی سے بچنے کے لئے

جو شخص غلط کاروبار میں پھنسا ہوا ہو اور اس کی آمدنی حرام کی ہو اور وہ اس سلسلے میں چاہتا ہو کہ حرام آمدنی سے نجات حاصل ہو جائے تو اس کو چاہئے کہ ہر نماز کے بعد تین تین مرتبہ یہ دعا پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی حرام روزی اور حرام آمدنی سے نجات حاصل ہوگی اور حلال اور پاکیزہ روزی کا انتظام ہو جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ

بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

دشمن سے سامنا ہو جائے تو بچاؤ کا عمل

عمل از حضرت مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ

جب دشمن سے اندیشہ نقصان پہنچنے کا ہو اور جان یا مال کا خطرہ ہو تو یہ دعا پڑھنا شروع کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل اور ناکام ہوگا اور اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہوگا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔

حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ سید الانبیاء والمرسلین کی خواب میں زیارت

عمل از حضرت مولانا دوست محمد قریشی رحمۃ اللہ علیہ

حضور اکرم خاتم الانبیاء وسید الرسل حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کے لئے یہ عمل بہت مفید اور تجربہ شدہ ہے۔ سچی محبت اور پوری توجہ اور یکسوئی کے ساتھ پڑھے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ ضرور بضرور زیارت سے فیضاب ہوگا۔

چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات کے دن بعد نماز مغرب غسل کرے۔ پاک وصاف اور سفید کپڑے پہنے عطر وخوشبو لگائے۔ عشاء کی نماز باجماعت ادا کرے اس کے بعد دو رکعت نفل نماز توبہ ادا کرے اس کے بعد پاک مصلے پر بیٹھ کر چاروں طرف عطر چھڑک کر عمل شروع کرے۔ یہ درود شریف قبلہ رُخ بیٹھ کر اول دس ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

اس کے بعد ایک ہزار بار سورۂ کوثر پڑھے۔ اور پاک بستر پر عطر چھڑک کر باوضو دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ کرکے سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہو جائے گی۔ اگر پہلے دن زیارت نہ ہو تو دوسرے دن اسی طرح عمل کرے۔ جب تک زیارت نہ ہو عمل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور زیارت سے فیضیاب ہوگا۔

سورۂ کوثر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ ۝
اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ ۝

عملیات حضرت مولانا محمد عمر صاحب پالنپوری رحمۃ اللہ علیہ

ناسور یا داغ دھبے کا خاتمہ

اگر کسی شخص کے ناسور کا زخم ہو یا زخم کے دھبے ہوں یا دوسرے قسم کے داغ ہوں ان کے خاتمہ کے لئے یہ آیت اکتالیس مرتبہ باوضو پڑھ کر دوا یا مرہم پر دم کریں (پھونک ماریں) پھر اس دوا یا مرہم کو زخم یا داغ کی جگہ لگائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ زخم اور داغ دھبہ دور ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

مُسَلَّمَۃٌ لَّاشِیَۃَ فِیْھَا ۝

گردے یا پتے کی پتھری کا خاتمہ

اگر کسی شخص کے گردے یا پتے میں پتھری ہو جس کے سبب سخت تکلیف ہوتی ہو یا پیشاب رُک رُک کر آتا ہو یا پیشاب بند ہو جاتا ہو اس کے لئے یہ آیت اکتالیس بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اور روزانہ چار وقت پیتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پتھری ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نکل جائے گی۔ اس دوران پانی خوب پیئیں۔ چار وقت پانی پینے کے یہ ہیں۔ (اگلے صفحہ پر)

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل ایک گلاس
۲۔ دوپہر گیارہ بجے ایک گلاس
۳۔ بعد نماز عصر ایک گلاس
۴۔ بعد نماز عشاء ایک گلاس

وہ آیت یہ ہے۔

وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝

نقصان پہنچانے والے جانور یا انسان سے حفاظت

اگر کسی جگہ نقصان پہنچانے والے جانور ہوں یا دشمن جانی دشمن بن گیا ہو یا کسی موذی جانور یا موذی انسان سے سامنا ہو جائے تو مندرجہ ذیل کلمات سات مرتبہ پڑھ کر اس کی طرف منہ کر کے پھونکے۔ انشاء اللہ تعالیٰ موذی جانور اور موذی دشمن کچھ نہ بگاڑ سکے گا۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۝

دین سے غافل یا سیدھی راہ سے بھٹکا ہوا

جو شخص دین سے غافل ہو نماز روزے سے بھاگتا ہو

یا گمراہی کے راستہ پر چلتا ہو یا بُرے افعال اور گناہوں میں مبتلا ہو تو اس کے لئے یہ آیت ایک سو ایک (۱۰۱) بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے اکتالیس (۴۱) دن پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نیکی کا جذبہ بیدار ہو گا اور دین پر عمل کرنا آسان ہو گا اور راہِ ہدایت نصیب ہو گی۔ انسان اپنے حالات کو درست کرنے کے لئے خود بھی پڑھ کر دم کر کے پانی پی سکتا ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

ہر قسم کے درد سے نجات

اگر کسی آدمی کو کسی قسم کی تکلیف یا درد ہے اور آرام نہیں آ رہا ہے تو اس کے لئے یہ آیت سات مرتبہ یا گیارہ مرتبہ باوضو پڑھ کر اس جگہ دم کریں جہاں درد ہو رہا ہے۔ پڑھنے کے دوران درد کی جگہ اپنا ہاتھ رکھ لے اور پڑھنے والا مریض کے ہاتھ پر دم کر دے وہ درد کی جگہ اپنا ہاتھ پھیر لے۔ اگر مریضہ عورت ہے تو وہ اپنا ہاتھ درد کی جگہ رکھ لے اور مرد اگر غیر ہے تو پلاسٹک ٹیپ کے ذریعہ اس کے ہاتھ پر دم کرے اور مریضہ اپنا ہاتھ درد کی جگہ پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی درد سے نجات حاصل ہو گی۔ وہ آیت یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

ہر قسم کی تنگی سے نجات کا عمل

اگر کوئی شخص روزی کی تنگی سے پریشان ہو یا گذارہ مشکل سے ہوتا ہو یا کسی آدمی سے تنگ ہو اور اس سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہو یا بے روزگار ہو تو اس کے لئے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف اور درمیان میں یہ آیت سات مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونک ماریں۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت کاملہ متوجہ ہوگی اور تمام مالی مشکلات سے نجات حاصل ہوگی اسی طرح ناپسندیدہ شخص سے بھی چھٹکارا نصیب ہوگا۔ بے روزگاری کا خاتمہ ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے۔

رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

لڑکے یا لڑکی کی شادی کے لئے

اگر لڑکے یا لڑکی کا رشتہ نہیں ہوتا ہے اور لڑکے یا لڑکی کی عمر بڑھتی جا رہی ہے جس کے سبب پریشان ہو

ہر تدبیر ناکام ہو جاتی ہے تو اس کے لئے کثرت سے یہ آیت پڑھیں۔ وضو، بے وضو ہر حال میں برابر پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رشتہ ہو جائے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ۔

ہر قسم کے مقدمہ میں کامیابی کے لئے

ہر قسم کے مقدمہ میں کامیابی کے لئے یہ آیت بہت مؤثر اور مفید ہے۔ اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کے فضل سے ضرور کامیابی ہوتی ہے لیکن شرط یہ ہے کہ حق کے لئے ہو ناحق کے لئے عمل کرے گا تو ناکام اور ذلیل ہوگا اور نقصان اٹھائے گا۔ لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ مقدمہ میں کامیابی کے لئے روزانہ کسی بھی نماز کے بعد باوضو ایک سو تینتیس (۱۳۳) مرتبہ یہ آیت پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۭ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۝

بے جا غصّہ سے نجات کا عمل

اگر کسی شخص کو بات بات پر غصہ آتا ہو اور بعض مرتبہ بے جا غصہ کرنے سے سخت نقصان اُٹھانا پڑتا ہو تو اس غصہ کے خاتمہ کے لئے یہ آیت باوضو ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھ کر چینی یا میٹھی چیز پر دم کرکے چلتے میں ڈال کر یا پانی میں شربت بنا کر پلا دی جائے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بے جا غصّے سے نجات حاصل ہوگی۔

یہ عمل اکیس دن مسلسل بلا ناغہ روزانہ کرے۔

وہ آیت یہ ہے۔

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝

لڑکی کے رشتہ کے لئے

اگر کوئی شخص اپنی بیٹی کے رشتہ کے لئے پریشان ہو یا تو رشتہ آتا ہی نہیں ہے یا آتا ہے مگر واپس جواب نہیں ملتا اور لوگ خاموشی اختیار کر لیتے ہیں۔ اس کے لئے ایک سو بارہ (۱۱۲) مرتبہ اس دعا کو پڑھا جائے اور تین مرتبہ سورۃ والضحیٰ کو پڑھا جائے۔

یہ عمل ہر مہینہ گیارہ دن تک پڑھیں اور تین مہینہ یہ عمل جاری رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رشتہ ہو جائے گا۔

دعا یہ ہے۔

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ۝

سورۃ الضحیٰ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

وَالضُّحٰی ۝ وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی ۝ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰی ۝ وَلَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰی ۝ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی ۝ اَلَمْ یَجِدْكَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی ۝ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰی ۝ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی ۝ فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝

تنگی اور پریشانی دور کرنا

اگر کسی آدمی کا ذریعۂ معاش نہ ہو۔ بیکار بیٹھا یا بے روزگار ہو لیکن آمدنی بہت کم ہو، یا پردیس میں آمدنی اتنی ہو کہ اپنے گھر والوں کے لئے کچھ نہیں بھیج سکتا۔ یا رہنے کے لئے مکان نہ ہو یا اور طرح طرح کی پریشانیاں ہوں تو اس کے لئے یہ آیت باوضو ایک سو اکیاون (۱۵۱) مرتبہ روزانہ کسی بھی نماز کے بعد پڑھ لیا کرے اور

اس وقت تک برابر پابندی کے ساتھ پڑھتا رہے جب تک کام نہ ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝

عزت کا مقام حاصل کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی سب عزت کریں اور اس کو عزت کا مقام حاصل ہو۔ اور ہر قسم کی ذلت وخواری سے نجات حاصل ہو تو اس کے لئے یہ آیت بعد نماز فجر باوضو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر مل لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے لوگ عزت کرنے لگیں گے۔

وہ آیت یہ ہے۔

فَسُبْحَانَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

اولاد نرینہ کا ہونا اور رزق کی تنگی دور کرنا

اگر کوئی شخص اولاد نرینہ سے محروم ہو اور لڑکیاں ہی لڑکیاں ہوں لیکن لڑکا نہ ہوتا ہو یا رزق کے کم ہونے یا نہ ہونے کی پریشانی ہو تو اس کے لئے یہ عمل مفید ہے۔

لڑکے کی پیدائش کے لئے حمل ٹھہرتے ہی روزانہ بعد نماز مغرب یہ آیت گیارہ بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا اور رزق کی تنگی دور کرنے کے لئے بھی اس آیت کو باوضو روزانہ سات مرتبہ بعد نماز فجر پابندی کے ساتھ پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ رزق بہت زیادہ ملے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ۝

میاں بیوی میں محبت کے لئے

اگر میاں بیوی میں محبت کی کمی ہو یا ایک دوسرے سے نفرت کرتے ہوں یا ہر وقت اختلافات کی باتیں ہوتی ہوں۔ گھر میں سکون اور محبت کی کمی ہو تو اس کے لئے یہ آیت باوضو ننانوے (۹۹) مرتبہ پڑھ کر مٹھائی پر دم کر کے دونوں کھالیں۔ یہ عمل تین دن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپس میں محبت اور یگانگت پیدا ہو جائے گی۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝

جادو سے نجات

اگر کسی ظالم یا مخالف نے کسی پر جادو، سفلی یا سحر کرادیا ہو تو جادو، سفلی یا سحر کے اثر کو ختم کرنے کے لئے گیارہ دن تک یہ آیت ایک سو مرتبہ باوضو پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کرکے تمام بدن پر پھیر لیں اور اپنے سینے پر دم کرلیں اگر کوئی دوسرا شخص ہو تو اس کے ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کردیں وہ اپنے تمام بدن پر پھیر لے اور اس کے سینے پر دم کردیں۔ اس کے علاوہ اگر غیر عورت پر دم کرنا ہو تو ربڑ یا پلاسٹک کا پائپ لے کر اس میں پھونک ماریں اور غیر عورت اپنے دونوں ہاتھوں پر پھونک کو لے اور تمام بدن پر پھیر لے۔ اور پائپ کو اپنے سینے پر کرکے پھونک سینے پر لے لے۔ اس عمل کے دوران کوئی دوسرا عمل اس سلسلے کا نہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ گیارہ دن میں فائدہ ہوگا۔ وہ آیت ہے۔

قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ۝ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ؕ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝

بدراہ خاوند کو راہ راست پر لانا

اگر کسی عورت کا خاوند شرابی، زانی اور حرام کی کمائی

کرنے والا، حرام کا مال، سود، شراب فروخت کرکے کھانے والا، رشوت خور، بدذات، لڑائی جھگڑا کرنے والا، بیوی پر ظلم کرنے والا ہو تو اس کے لئے گیارہ دن باوضو ایک سو اکتالیس (۱۴۱) بار یہ آیت پڑھ کر کھانے پر یا مٹھائی پر یا روٹی سالن پر یا چاول پر دم کرکے روزانہ ملانا اپنے خاوند کو کھلاتے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خاوند راہ راست پر آجائے گا اور سب بُری عادتیں اور حرکتیں چھوڑ دے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

ہر جائز کام کے لئے مجرب عمل

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا کام جو ہر طرح جائز ہے جلد ہو جائے، اس میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو تو اس کے لئے یہ آیت چودہ بار روزانہ گیارہ دن تک برابر پڑھتے رہیں انشاء اللہ تعالیٰ کام میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہوگی اور کام بآسانی ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ ۝

عزت، صحت بدن، بخار سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص بے عزت ہو اس کی کوئی عزت نہ کرتا ہو یا بخار میں مبتلا ہو یا اکثر بیمار رہتا ہو یا جسم میں زخم ہے جو اچھا نہیں ہوتا یا ایسا کام کرنا چاہتا ہو جس کی سب تعریف کریں تو اس کے لئے سات مرتبہ یہ آیت روزانہ باوضو پڑھتا رہے جب تک اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو برابر عمل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عزت حاصل ہوگی۔ صحت بحال ہوگی اور زخم جلد صحیح ہوگا۔

وہ آیت یہ ہے۔

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

اپنی اور اولاد کی اصلاح کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ خود کی اصلاح ہو جائے اسی طرح اس کی اولاد نیک اور صالح بن جائے۔ اولاد ماں باپ کی فرمانبردار اور اطاعت گذار ہو جائے۔ ہر قسم کی شرارت اور ہر قسم کے بُرے کاموں سے محفوظ رہے تو اس کے لئے روزانہ بعد نماز فجر تین مرتبہ یہ آیت پڑھ کر نیکی و تقویٰ کی دعا کیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

خود بھی نیک کاموں کی طرف متوجہ ہوگا اور بُرائی سے بچے گا اور اس کی اولاد بھی نیکی اور تقویٰ کی طرف مائل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔

رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝

سیدھی راہ سے بھٹک جانا

اگر کوئی شخص یا اس کی اولاد پہلے نیک تھے، نماز روزہ کے پابند تھے اخلاق و شرافت کے نمونے تھے اب غلط صحبت یا غلط عقائد کے لوگوں کے ساتھ میل جول کی وجہ سے نماز روزہ چھوٹ گیا اخلاق و شرافت ختم ہو گئے اور بے دینی اور بے راہ روی کی طرف قدم اُٹھنے لگے تو اس کے لئے تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ یہ آیت باوضو قبلہ رُخ مصلے پر بیٹھ کر روزانہ پڑھے اور پانی پر دم کر کے خود بھی پیئے اور اولاد کو بھی پلائے۔ جب تک حالت صحیح نہ ہو جائے برابر عمل کرتا رہے۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝

کُند ذہن اور غبی کا ذہن کھلنا

اگر کسی کا بچہ کند ذہن ہے۔ اس کی یادداشت کمزور ہے جس کے سبب تعلیم میں سب ہم جماعت بچوں سے پیچھے رہتا ہے۔ خوب محنت کرنے کے باوجود کامیاب نہیں ہوتا۔ اپنی جماعت کے بچوں کی طرح اچھے نمبروں سے پاس نہیں ہوتا۔ اس کے لئے ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ یہ آیت باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرکے بچہ کو پلایا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن پلانے کے بعد بچے کا ذہن کھل جائے گا اور جو کچھ پڑھے گا یاد ہو جائے گا اور اس کی تعلیم کا ریکارڈ شاندار ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ۚ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيمًا ۝

ہر رنج و غم دور کرنے کا عمل

اگر کوئی کسی ایسے رنج و غم میں مبتلا ہو گیا ہو جس سے پیچھا نہیں چھوٹ رہا ہے جو نقصان ہونا تھا ہو گیا اب جان کا بھی نقصان ہو رہا ہے۔ غم ہے کہ جان کو چمٹ گیا ہے۔ اس غم کو دور کرنے کے لئے یہ آیت بعد نماز عشاء ایک سو ایک (۱۰۱) بار باوضو

قبلہ رُخ ہو کر پڑھے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَ اُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَى اللّٰهِ ۚ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝

ہر امتحان اور مقابلے میں کامیابی کیلئے

اگر کوئی شخص کسی امتحان، ٹیسٹ، انٹرویو یا مقابلے میں شرکت کرنا چاہتا ہے اور یہ چاہتا ہے کہ شرطیہ کامیابی حاصل ہو تو اس کے لئے امتحان، ٹیسٹ انٹرویو یا مقابلے میں شرکت سے پہلے سات مرتبہ یہ آیت پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔

فَاِنْ حَسْبُكَ اللّٰهُ ۚ هُوَ الَّذِیْۤ اَیَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝

رزق میں ترقی و برکت اور مشکل کام آسان

اگر کوئی آدمی رزق کی کمی اور تنگی سے پریشان ہو خرچ زیادہ ہو آمدنی کم ہو، ضروریات زندگی زیادہ ہوں جس کے سبب پریشانی اور قرض دونوں پریشانی کا سبب بنتے ہیں۔ قرض مانگنے والے رات دن گھر کے چکر لگاتے ہیں۔ ایسی صورت میں سب سے اچھا طریقہ اللہ تعالیٰ کے دربار سے لو لگانا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فضل

وکرم ہوگا تو سب کام آسان ہو جائیں گے رزق میں زیادتی اور برکت ہوگی کہ تھوڑی آمدنی میں زیادہ کام آسانی سے ہو جائیں گے۔ اس سلسلے میں یہ عمل بہت بابرکت ہے۔ سورۃ مزمل ایک ہی نشست (بیٹھک) میں تین دن تک اکتالیس مرتبہ روزانہ باوضو پاک مصلے پر قبلہ رُخ بیٹھ کر پڑھے۔ درمیان میں اٹھنا نہیں بلکہ برابر پڑھتے رہنا ہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں ترقی اور برکت ہوگی اور مشکل کام آسان ہو جائے گا۔

سورۃ مزمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۙ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ
نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۙ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ
وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۙ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ
قَوْلًا ثَقِيْلًا ۙ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ
وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۙ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا
طَوِيْلًا ۙ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ
تَبْتِيْلًا ۙ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۙ وَاصْبِرْ عَلٰى
مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ۙ
وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ

قَلِيْلًا ۙ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ۙ وَّ
طَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ۙ يَوْمَ تَرْجُفُ
الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا
مَّهِيْلًا ۙ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا
عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ۙ
فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا
وَّبِيْلًا ۙ فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا
يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ۙ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌ بِهٖ ۙ
كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ۙ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ
فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۙ اِنَّ رَبَّكَ
يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَ
نِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ۚ
وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۚ عَلِمَ اَنْ لَّنْ
تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ
مِنَ الْقُرْاٰنِ ۚ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ
وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ
مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ ۖ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ
وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۙ
وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ
عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ۙ وَاسْتَغْفِرُوا

اللّٰہ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝

حج کے لئے آسانی پیدا ہونا

اگر کوئی شخص حج کی خواہش رکھتا ہو لیکن اس کے پاس حج کرنے کے وسائل، سرمایہ اور انتظامات نہ ہوں تو اس کے لئے روزانہ ایک سو بار باوضو یہ آیت پڑھا کرے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار۔

یہ آیت کسی بھی نماز کے بعد پڑھ سکتا ہے۔ البتہ اگر عشاء کی نماز کے بعد پڑھے تو زیادہ بہتر ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے حج کا انتظام ہو جائے گا اور حج کی توفیق ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰہُ رَسُوْلَہُ الرُّؤْیَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ اٰمِنِیْنَ ۙ مُحَلِّقِیْنَ رُءُوْسَکُمْ وَ مُقَصِّرِیْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِکَ فَتْحًا قَرِیْبًا ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

معذور افراد کی صحت کے لئے

اگر کسی شخص کے ہاتھ یا پاؤں یا کان یا ناک یا جسم کے کسی حصے میں معذوری پیدا ہو گئی ہو اور جسم کا وہ حصہ کام نہ کرتا ہو تو اس کی درستگی کے لئے یہ آیت کثرت سے پڑھے اگر معذور آدمی پڑھنے کے قابل نہ ہو تو دوسرا آدمی ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد معذوری سے صحیح ہو جائے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

اَلَھُمْ اَرْجُلٌ یَّمْشُوْنَ بِھَآ اَمْ لَھُمْ اَیْدٍ یَّبْطِشُوْنَ بِھَآ اَمْ لَھُمْ اَعْیُنٌ یُّبْصِرُوْنَ بِھَآ اَمْ لَھُمْ اٰذَانٌ یَّسْمَعُوْنَ بِھَا ؕ

یرقان (پیلیہ) کا روحانی علاج

اگر کسی بچے یا بڑے کو پیلیہ ہو گیا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ عمل یہ ہے۔

سورۃ فاتحہ ایک مرتبہ
سورۃ حشر سات مرتبہ
سورہ قریش ایک مرتبہ

باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو روزانہ پلایا کریں۔
جب تک صحت نہ ہو برابر پڑھ کر پانی پلاتے رہیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۠

سورۂ حشر ۲۸ ویں پارے میں ہے وہاں دیکھ لیں۔

سورۂ قریش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۙ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۚ
فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۙ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ
مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۧ

لاعلاج مرض کا علاج

اگر کوئی شخص مرد ہو یا عورت یا بچہ کسی ایسے مرض میں مبتلا ہو جس کی تشخیص نہ ڈاکٹر کر سکتے ہوں نہ حکیم نتیجہ ظاہر ہے کہ ایسی بیماری کا علاج ممکن نہیں ہوتا۔

کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو تو اس کے لئے تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ باوضو پاک مصلے پر قبلہ رُخ بیٹھ کر پڑھ کر پانی پر دم کر کے روزانہ مریض کو وہ پانی چار وقت پلائیں۔
اول صبح ناشتہ سے قبل، دوپہر گیارہ بجے، بعد نماز عصر، بعد نماز عشاء سونے سے پہلے۔
وہ آیت یہ ہے۔

فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

یہ عمل اکیس دن تک مسلسل کریں ناغہ نہ کریں۔

خاندان میں آپس میں محبت و الفت پیدا کرنا

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ خاندان سے باہمی نفرت کا خاتمہ ہو اور سب خاندان والے آپس میں محبت و پیار کے ساتھ رہیں۔ ہر قسم کا اختلاف اور لڑائی جھگڑا ختم ہو۔ اس کے لئے اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھیں اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا کریں کہ خاندان میں باہمی محبت و الفت پیدا ہو۔ یہ عمل کسی بھی نماز کے بعد باوضو کیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ خاندان میں محبت و الفت پیدا ہو جائے گی۔
وہ آیت یہ ہے۔

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۭ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ

جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اولاد ہونے کے لئے

اگر کوئی جوڑا اولاد سے محروم ہو اور اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے باوضو اکتالیس دن قبلہ رُخ پاک مُصلے پر بیٹھ کر تین سو بار یہ آیت پڑھ کر میٹھی چیز پر دم کرے اور دونوں میاں بیوی آدھی آدھی کھا لیا کریں۔ یہ عمل روزانہ پابندی کے ساتھ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد ہوگی۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

ظالم کو دفع کرنا

اگر کوئی آدمی ظالم ہو اور اس کا ظلم حد سے زیادہ بڑھ گیا ہو اور ظلم کے نئے نئے طریقے اپناتا ہو اور اکثر ظلم کر کر کے ستاتا ہو اور نقصان پہنچاتا ہو تو اس ظالم کو بھگانے اور دفع کرنے کے لئے یہ آیت باوضو قبلہ رُخ پاک مصلے پر بیٹھ کر اکیس مرتبہ تین دن تک برابر پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

تنبیہ: یہ عمل جلالی ہے لہٰذا یہ خیال رہے کہ اگر ناحق کسی کو ستانے یا بے جا نقصان پہنچانے کے لئے کرے گا یا ذرا سے اختلاف کو بنیاد بنا کر عمل کرے گا تو خود نقصان اٹھائے گا۔ لہٰذا اس سلسلے میں عمل کرنے سے قبل کسی نیک صالح متقی عالم دین سے مشورہ کر لے تاکہ خود تباہی سے محفوظ رہے ورنہ خود نقصان اٹھائے گا۔

رزق میں برکت اور کاروبار میں ترقی

اگر کسی شخص نے کوئی نیا کاروبار شروع کیا ہے یا کاروبار تو پرانا ہے لیکن اس میں ترقی نہیں ہو رہی ہے، یا کاروبار میں کمی ہو گئی یا نقصان ہو رہا ہے تو اس کے لئے

یہ عمل بہت مفید ہے۔

کاروبار شروع کرنے سے پہلے یہ آیت باوضو ایک سو اکتالیس (۱۴۱) بار باوضو قبلہ رُخ پاک مصلے پر بیٹھ کر روزانہ پڑھیں۔ یہ عمل اکتالیس ۴۱ دن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ نئے کاروبار میں ترقی کے دروازے کھل جائیں گے۔ اگر کاروبار پرانا ہے تو اس میں بھی خوب ترقی اور برکت ہوگی اگر نقصان ہو رہا تھا تو اب نقصان ہونا بند ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝

دشمن کے ظلم، شرارت اور شر سے حفاظت

اگر کوئی دشمن ظلم کرتا ہو یا روز نئی نئی شرارت کر کے تکلیف پہنچاتا ہو یا شر پھیلا کر لوگوں کو بھڑکاتا ہو تو ایسے ظالم کے شر اور شرارت سے محفوظ رہنے کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو کسی بھی وقت روزانہ سات مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی شرارتوں سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝

حضور اکرم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت

اگر مؤمن مسلمان محب صادق کے دل میں خصوصی زیارت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا جذبہ ہو اور شوق و ذوق اس بات کا ہو کہ نبی اکرم خاتم الانبیاءؐ کی زیارت نصیب ہو تو اس کے لئے غسل کرے، پاک کپڑے پہنے، خوشبو لگائے اور پاک بستر پر قبلہ رُخ باادب بیٹھ کر ایک سو ۱۰۰ بار یہ آیت روزانہ رات کو سونے سے قبل پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے سرور کونین نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت باسعادت سے مسرور ہوگا۔

وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝

اولاد کا زندہ رہنا اور مصیبت سے نجات

اگر کسی شخص کی اولاد پیدا ہو کر مر جاتی ہو اور وہ اس غم کو برابر برداشت کر رہا ہو یا وہ کسی

یہ عمل بہت مفید ہے۔

کاروبار شروع کرنے سے پہلے یہ آیت باوضو ایک سو اکتالیس (۱۴۱) بار باوضو قبلہ رُخ پاک مصلے پر بیٹھ کر روزانہ پڑھیں۔ یہ عمل اکتالیس (۴۱) دن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ نئے کاروبار میں ترقی کے دروازے کھل جائیں گے۔ اگر کاروبار پہلے سے ہے تو اس میں بھی خوب ترقی اور برکت ہوگی اگر نقصان ہو رہا تھا تو اب نقصان ہونا بند ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝

دشمن کے ظلم، شرارت اور شر سے حفاظت

اگر کوئی دشمن ظلم کرتا ہو یا روز نئی نئی شرارت کر کے تکلیف پہنچاتا ہو یا شر پھیلا کر لوگوں کو بھڑکاتا ہو تو ایسے ظالم کے شر اور شرارت سے محفوظ رہنے کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو کسی بھی وقت روزانہ سات مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی شرارتوں سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝

حضور اکرم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت

اگر مؤمن مسلمان محب صادق کے دل میں خصوصی زیارت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا جذبہ ہو اور شوق و ذوق اس بات کا ہو کہ نبی اکرم خاتم الانبیاء کی زیارت نصیب ہو تو اس کے لئے غسل کرے، پاک کپڑے پہنے، خوشبو لگائے اور پاک بستر پر قبلہ رُخ باادب بیٹھ کر ایک سو بار یہ آیت روزانہ رات کو سونے سے قبل پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے سرورِ کونین نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت باسعادت سے مسرور ہوگا۔

وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝

اولاد کا زندہ رہنا اور مصیبت سے نجات

اگر کسی شخص کی اولاد پیدا ہو کر مر جاتی ہو اور وہ اس غم کو برابر برداشت کر رہا ہو یا وہ کسی

سخت مصیبت میں مبتلا رہتا ہو تو اولاد کے زندہ رہنے اور مصیبت سے نجات کے لئے باوضو نماز فجر کے بعد اور اسی طرح باوضو نماز مغرب کے بعد گیارہ گیارہ بار یہ آیت پڑھا کرے۔ جب تک اولاد پیدا ہو کر زندہ رہے اور مصیبت سے نجات حاصل نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد زندہ رہے گی اور مصیبت سے جلد نجات حاصل ہو گی۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَ نَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۝

بے اولاد کے اولاد ہونا

اگر کوئی شخص بے اولاد ہو اور اس کے اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے یہ آیت باوضو بعد نماز فجر ایک سو تینتیس (۱۳۳) بار پاک مصلے پر قبلہ رُخ بیٹھ کر پڑھے اور ایک گلاس پانی پر دم کر کے میاں بیوی دونوں روزانہ پیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد ہو گی۔

وہ آیت یہ ہے۔

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۝ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ۝

پاگل پن، جادو وغیرہ کا دور کرنا

اگر کسی آدمی کو شبہ ہو کہ اس کا دماغی توازن بگڑتا جا رہا ہے اور بھول چوک اور دماغی غفلت حد سے زیادہ بڑھ گئی ہے یا اپنی اصلی حالت میں نہیں ہے یا شبہ ہو کہ کسی نے اس پر کچھ کر دیا ہے تو اس آیت کو باوضو اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں جب تک طبیعت اپنی اصلی حالت پر نہ آجائے برابر پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام امراض دور ہو جائیں گے اور صحت بحال ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ۝ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ ۝ وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ۝ وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ۝ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ۝ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۝ فَاَيْنَ تَذْهَبُوْنَ ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّسْتَقِيْمَ ۝ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

بخار کی تیزی، غصہ اور ضد کا خاتمہ

اگر کسی آدمی یا بچے کو تیز بخار ہو۔ بخار سے جسم جل رہا ہو۔ بخار اترنے کا نام نہیں لیتا کوئی دوا فائدہ

نہیں کر رہی ہے تو یہ قرآنی آیت باوضو گیارہ گیارہ بار پڑھ کر مریض پر دم کریں یہ عمل دن میں چار مرتبہ کریں

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل
۲۔ دوپہر گیارہ بجے
۳۔ بعد نماز عصر
۴۔ بعد نماز عشاء

اسی طرح غصہ اور ضد کے خاتمہ کے لئے بھی اس آیت کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر خود یا جو زیادہ غصہ کرتا ہے یا جو بچہ ضد کرتا ہے اس پر پھونکیں۔ یہ عمل روزانہ کرنا چند دن کرنے کے بعد انشاء اللہ تعالیٰ غصہ اور ضد ختم ہو جائیں گے۔ وہ آیت یہ ہے۔

يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۝

جھوٹے مقدمے۔ تہمت اور بے عزتی سے نجات

اگر کسی آدمی کو جھوٹے مقدمہ میں پھنسا لیا گیا ہو اور اسے بلاوجہ تنگ کیا جا رہا ہو یا کسی نے جھوٹی تہمت لگائی ہو یا دشمن بے عزتی کرنے پر اڑا ہوا ہو۔ ان سب سے نجات کے لئے یہ آیت کثرت سے ہر حال میں پڑھے۔ چلتے پھرتے، بیٹھے ہوتے لیٹے ہوتے ہر حال میں اس کو پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ جھوٹے مقدمہ، تہمت یا بے عزتی سے جلد نجات حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے

وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ۔

نافرمان اولاد کی اصلاح

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی یا بیوی نافرمان ہو اور کسی طرح کہنا نہ مانتے ہوں اور طرح طرح کے غلط کام کرتے ہوں جن کے کرنے سے تکلیف ہوتی ہے اور دماغ کھولنے لگتا ہے۔ ان کی اصلاح اور اچھی باتوں کی طرف راغب کرنے کے لئے ان کی پیشانی کے بال پکڑ کر گیارہ بار یہ آیت پڑھ کر ان پر دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ بدی چھوڑ کر اچھی عادتوں کے مالک بن جائیں گے۔ آیت یہ ہے۔

اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مَّا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝

مرتے دم تک صحیح وسلامت رہنا

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ مرتے دم تک ہاتھ پیروں کی سلامتی کے ساتھ رہے۔ اس کے ہاتھ پاؤں اور جسم کے اعضاء آخر وقت تک کام کرتے رہیں۔ اس کو کوئی مرض ایسا نہ لپٹ جائے جس سے وہ دوسروں کا محتاج ہو جائے۔ اسی طرح زندگی میں کوئی حادثہ ایسا پیش نہ آجائے جس سے ہاتھ پیر معذور ہو جائیں اور کام

کرنے کے قابل نہ رہیں۔ اس کے لئے روزانہ بعد نماز فجر باوضو تین مرتبہ یہ آیت پڑھ لیا کرے انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی معذوری سے محفوظ رہے گا اور چلتے ہاتھ پیروں کے ساتھ موت آئے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۭ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۭ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

نامعلوم اور لاعلاج مرض سے صحت

اگر کسی آدمی کو ایسی بیماری لپٹ گئی ہو جس کا پتہ نہ چلتا ہو اور جب بیماری کا صحیح پتہ نہیں چلتا تو علاج بھی مشکل ہو رہا ہو۔ ایسی صورت میں یہ آیت چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے لیٹتے غرضیکہ ہر حالت میں برابر پڑھتا رہے انشاءاللہ تعالیٰ جلد صحتیاب ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّىْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

اولاد پیدا ہونے کے لئے

جو شخص اولاد سے محروم ہو اور اس کے اولاد نہ ہوتی ہو

تو اس کے لئے یہ آیت کثرت سے پڑھا کرے ناغہ اور سستی نہ کرے بلکہ برابر پڑھتا رہے جب تک کہ اولاد پیدا نہ ہو۔ انشاءاللہ تعالیٰ اولاد ضرور پیدا ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔

اَلَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۝ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّاۗءٍ مَّهِيْنٍ ۝ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝

بیٹا یا بیٹی کی شادی کے لئے

آجکل جہاں اور بہت سے نئے نئے مسائل پیدا ہوتے ہیں سب سے بڑا مسئلہ بیٹا یا بیٹی کی شادی کا ہے۔ لڑکیاں مناسب رشتوں سے محروم ہیں اور لڑکے چاند جیسی مالدار دلہن کی تمنا لئے ہوئے بوڑھے ہو گئے لیکن گھر آباد نہ ہوا۔ کنوارے کے کنوارے ہی رہے۔ لاکھ جتن کئے لیکن رشتہ ہی نہ ہوا۔ یہاں تک کہ لڑکے اور لڑکیاں بوڑھے ہو گئے والدین رشتہ کی اُمید پر آخرت کے سفر پر روانہ ہو گئے لیکن اس سلسلے میں جہاں دنیاوی تدابیر اختیار کی ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے لو لگاتے۔ اس سے مانگتے اس سے رشتے طلب کرتے تو یقینی کامیابی حاصل ہوتی۔

لڑکے یا لڑکی کے رشتہ کے لئے یہ آیت تین سو تیرہ مرتبہ باوضو عشاء کی نماز کے بعد اکیس دن تک برابر بلا ناغہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے رشتے کا انتظام ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ؕ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِیْرًا ۝

ہر مشکل آسان ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص کسی مشکل معاملے میں پھنس گیا ہو اور مشکل حل نہ ہوتی ہو تو مشکل آسان کرنے کے لئے روزانہ باوضو بعد نماز فجر ایک سو تیرہ (۱۱۳) مرتبہ یہ آیت پڑھے اور جب تک مشکل حل نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مشکل آسان ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

یَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ یَنْصُرُ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ۝

استخارہ جس سے صحیح بات معلوم ہوتی ہے

جو شخص شادی بیاہ کے بارے میں استخارہ کرنا چاہتا ہے کہ یہ شادی میرے لئے صحیح ہے یا نقصان دہ، اسی طرح کوئی کاروبار کرنا چاہتا ہے اور یہ معلوم

کرنا چاہتا ہے کہ اس کاروبار میں نفع ہوگا یا نقصان، سفر پر روانہ ہونا چاہتا ہے لیکن معلوم کرنا چاہتا ہے کہ یہ سفر کامیابی کا ذریعہ بنے گا یا نہیں۔ اس کے لئے یہ استخارہ بہت مفید ہے۔

عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نفل استخارہ کی نیت سے پڑھے اس کے بعد ان آیتوں کو ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھ کر بغیر کسی سے بات کئے پاک بستر پر باوضو قبلہ رُخ دائیں کروٹ سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحیح بات خواب میں معلوم ہو جائے گی۔ اگر ڈراؤنا خواب دیکھے تو خطرہ ہے اگر اچھا خواب دیکھے تو کامیابی حاصل ہوگی۔ اگر ایک دن معلوم نہ ہو تو تین دن، سات دن یا گیارہ دن تک یہ استخارہ کا عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحیح بات کا پتہ لگ جائے گا۔ وہ آیتیں یہ ہیں۔

وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ وَهُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ۝

دشمن سے حفاظت

اگر کسی کا دشمن خطرناک، ظالم، لڑاکا اور بدقماش ہو تو اس کے شر سے بچنے کے لئے یہ آیت باوضو بعد نماز

فجر گیارہ مرتبہ پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ناکام ہوگا اور کچھ بگاڑ نہ سکے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ يُدَافِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ۝

سرطان، طاعون اور پھوڑے پھنسی سے بچاؤ

اگر کسی جگہ سرطان، طاعون یا پھوڑے پھنسی کی وبا پھیل گئی ہو تو اس سے بچنے اور بچوں کو بچانے کے لئے ان الفاظ کو بعد نماز فجر گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے ان آفات سے حفاظت کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ سرطان، طاعون، پھوڑے پھنسی سے محفوظ رہے گا۔ وہ الفاظ یہ ہیں۔

يَا مَالِكُ ، يَا قُدُّوْسُ ، يَا سَلَامُ

گناہوں میں مبتلا اور بے راہ کو سیدھی راہ پر لانا

اگر کوئی آدمی غلط لوگوں اور بُرے ماحول میں کسی بھی قسم کے گناہوں میں مبتلا ہو گیا ہو اور نماز و روزہ سے دور ہو گیا ہو، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ارشاد فرمودہ راہ راست کو چھوڑ کر غفلت کا راستہ اختیار کر لیا ہو اس کی گناہوں سے

دوری اور نماز روزہ کی طرف توجہ مبذول کرانے کے لئے ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ باوضو یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کر کے ایسے شخص کو پلائے۔ جب تک پوری طرح گناہوں کو نہ چھوڑے اور نماز روزہ کا پابند نہ ہو جائے برابر پڑھ پڑھ کر دم کر کر کے پانی پلاتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ راہِ ہدایت نصیب ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ۝

مصیبتوں سے نجات

اگر کوئی شخص طرح طرح کی پریشانیوں میں مبتلا ہو اور ہر شخص کسی نہ کسی طرح اسے ستاتا ہو، اس کا حق مارتا ہو، اس پر ظلم کرتا ہو تو اس کے لئے بعد نماز فجر یہ آیت باوضو ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دین و دنیا کی کامیابیاں حاصل ہوں گی اور ظالم اور حق مارنے والے ذلیل و خوار ہوں گے اور ہر طرح سے خوشی و مسرت کی زندگی شروع ہو جائے گی۔

وہ آیت یہ ہے۔

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ ؕ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝

کسی بھی قسم کی بد نامی سے حفاظت

اگر کوئی آدمی ناحق کسی کو بدنام کرنے پر تیار ہو اور ہر طرح سے بدنام کرنے کا پکا ارادہ کر رکھا ہو اور جھوٹے الزامات لگاتا رہتا ہو اور طرح طرح سے نئے نئے الزامات کا سلسلہ شروع کر رکھا ہو۔ ایسے ظالم شخص کے شر سے بچنے اور ہر قسم کی بدنامی سے محفوظ رہنے کے لئے اس آیت کو بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء اکتالیس ۴۱ اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے حملوں سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے

وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۭ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

غم اور پریشانی دور کرنا اور مالی حالت اچھی ہونا

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ ہر قسم کا غم اور ہر قسم کی پریشانی ختم ہو جائے اور غربت کا خاتمہ ہو، مالی مشکلات سے نجات ملے، عزت و وقار کے ساتھ زندگی گذرے کسی کی محتاجگی نہ ہو بلکہ ہر طرح سے خوشی اور خوشحالی ہو۔ اس کے لئے یہ آیت ہر روز بعد نماز فجر ایک سو ایک (۱۰۱) بار باوضو قبلہ رُخ ہو کر پاک

مصلے پر بیٹھ کر پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی خوشی اور خوشحالی کا دور دورہ ہو گا۔ یہ عمل ہمیشہ کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب زندگی گذارے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ۝

ناجائز عشق و محبت کے جال سے نکلنا

اگر کوئی شخص کسی طرح کسی کی ناجائز محبت اور ناجائز عشق میں پھنس گیا ہو۔ اس محبت کے جھوٹے جال سے نکلنا چاہتا ہے اور اس سلسلے میں بہت پریشان ہے تو اس کے لئے اول نماز پنج وقتہ کی پابندی کرے اور ہر نماز باجماعت ادا کرے۔ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ کلمہ طیبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۝ پڑھا کرے۔

اور عشاء کی نماز کے بعد باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر ایک سو ایک ۱۰۱ مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

رَبِّ اصْرِفْ عَنِّيْ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ عِبَادِكَ الْمُخْلَصِيْنَ ۝

جب تک چھٹکارہ نہ ہو برابر عمل کرتا رہے اور آہستہ آہستہ اس سے کنارہ کشی اختیار کر لے اور ملنا جلنا بند کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی اس مصیبت سے جان چھوٹ جائے گی۔

عملیات جمع فرمودہ حضرت مولانا محمد یونس پالنپوری مدظلہ العالی

یہ عملیات وتعویذات بکھرے موتی مرتبہ حضرت مولانا محمد یونس پالنپوری مدظلہ العالی سے لئے گئے ہیں انہوں نے اس کتاب میں مختلف بزرگوں کے واقعات، عملیات قیمتی نصائح جمع کئے ہیں۔ مولانا موصوف اور ناشرین کتاب مکتبہ شیخ سعید احمد خان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ قاسم سینٹر اُردو بازار کراچی کے شکریہ کے ساتھ درج کئے جارہے ہیں۔ ناظرین اور اس کتاب سے فائدہ اُٹھانے والے جملہ حضرات مرتب اور ناشرین کی صحت وعافیت اور ترقی درجات کی دعا کریں۔

نظر بد دور کرنے کا وظیفہ

اگر کسی بچے یا بڑے کو نظر بد لگ جائے اور اس کے سبب وہ نڈھال رہتا ہو طبیعت گری گری رہتی ہو یا بچہ تو اکثر روتا رہتا ہے کھاتا پیتا کچھ نہیں ہر وقت ضد کرتا رہتا ہے۔ اس کے لئے یہ دعا پڑھ کر بچوں یا بڑوں پر دم کردیں۔ وہ دعا یہ ہے۔ (اگلے صفحہ)

اَللّٰھُمَّ ذَا السُّلْطَانِ الْعَظِیْمِ وَالْمَنِّ الْقَدِیْمِ ذَا الْوَجْہِ الْکَرِیْمِ وَلِیِّ الْکَلِمَاتِ التَّامَّاتِ وَالدَّعْوَاتِ الْمُسْتَجَابَاتِ عَافِ ..... مِنْ اَنْفُسِ الْجِنِّ وَاَعْیُنِ الْاِنْسِ

نقطے والی جگہ پر اس آدمی، بچے یا جانور کا نام لیں۔

غمگین آدمی کا غم دور کرنا

اگر کوئی شخص کسی رنج وغم میں مبتلا ہو تو اس کے کان میں اذان دی جائے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے اس کا رنج وغم دور ہوگا اور طبیعت ہشاش بشاش رہنے لگے گی۔ اذان کے کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ۔ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ۔ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ۔ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ۔ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ۔ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ۔

تنبیہ: اذان بغیر وضو کے بھی دی جاسکتی ہے۔ لہٰذا اگر وضو نہ ہو تو ایسے موقع پر اذان دے سکتے ہیں۔

بداخلاق بچہ یا بداخلاق انسان یا شرارتی جانور

اگر کوئی بچہ بداخلاق وبدتمیز ہو یا کوئی انسان بداخلاق اور بدتہذیب ہو یا جانور شرارت کرتا ہو تو اس کے کان میں اذان دی جائے تو وہ انشاء اللہ تعالیٰ راہِ راست پر آجائے گا۔

غول بیابانی (بھوت پریت) سے نجات

اگر کوئی شخص سنسان جگہ یا خالی مکان یا جنگل بیابان میں یا پہاڑوں میں غول بیابانی (بھوت پریت) دیکھے اور وہ اس کو ڈرائیں یا پریشان کریں تو فوراً اذان دینا شروع کردے انشاء اللہ تعالیٰ بھوت پریت کوئی نقصان نہ پہنچا سکیں گے اور وہاں سے بھاگ جائیں گے۔

پاؤں کا درد و تکلیف کا عمل

اگر کسی کے پاؤں یا گھٹنے میں تکلیف ہو تو سات مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر پاؤں یا گھٹنے پر پھونکے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد سے نجات حاصل ہوگی۔

وہ کلمات یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ اَعُوْذُ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا فِیْھَا۔

روزی اور گھر میں برکت کے لئے

اگر کسی کی روزی تنگ ہو یا گذارہ مشکل سے ہوتا ہو یا آمدنی تو بہت ہے لیکن گھر میں خیر و برکت کی کمی ہے اس کے لئے یہ عمل پابندی سے کرے انشاء اللہ تعالیٰ روزی میں فراخی ہوگی اور گھر میں خیر و برکت کی زیادتی ہوگی۔

جب گھر میں داخل ہو اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ کہے اور اس کے بعد ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ

اندھے پن، کوڑھی اور فالج کے مرض سے حفاظت

اگر کوئی یہ چاہتا ہے کہ مرتے دم تک اندھا نہ ہو اور کوڑھ کے مرض سے محفوظ رہے اور اس پر زندگی میں کبھی بھی فالج کا اثر نہ ہو اور ہر قسم کی کمزوری سے نجات حاصل ہو تو اس کے لئے بعد نماز فجر تین مرتبہ یہ پڑھے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ

اس کے علاوہ یہ دعا بھی روزانہ پابندی کے ساتھ کسی نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اندھے پن،

کوڑھ اور فالج کے مرض سے محفوظ رہے گا اور بڑھاپے کی کمزوری سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِمَّا عِنْدَکَ وَ اَفِضْ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِکَ وَ انْشُرْ عَلَیَّ مِنْ رَّحْمَتِکَ وَ اَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَکَاتِکَ۔

قید سے رہائی کے لئے

جو شخص قید ہو گیا ہو اور قید سے پریشان ہو اس کے گھر والے بھی پریشان ہوں تو اس کے لئے کثرت سے یہ کلمات پڑھیں قیدی بھی پڑھے اور گھر والے بھی برابر پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی قید سے رہائی حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

اسی طرح دینی و دنیاوی مصیبتوں سے بچنے کے لئے بھی لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کا پڑھنا بہت مفید ہے اسی طرح اپنے مقصد میں کامیابی کے لئے بھی یہ کلمات بہت مجرب ہیں۔

ظالم کے ظلم سے حفاظت کے لئے

جب ظالم کا سامنا ہو جائے یا ظالم کے آنے کا پتہ چلے تو یہ دعا پڑھنا شروع کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ظالم

کچھ نہ بگاڑ سکے گا اور اس سے دور بھاگ جائے گا۔

وہ دعا یہ ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۔

دعا کی قبولیت کے لئے مجرب عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہو کہ اس کی دعا قبول ہو اور وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائے تو اس کے لئے باوضو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ ۔

پڑھ کر اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہوگا۔ اسی طرح ہجوم افکار و مصائب سے نجات کے لئے کثرت سے

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ ۔

پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے ہجوم افکار و مصائب سے نجات حاصل ہوگی۔

ہر بلا سے حفاظت کے لئے

جو شخص چاہتا ہے کہ وہ دن بھر ہر قسم کی برائی اور تکلیف سے محفوظ رہے اور دشمن کا کوئی وار اس پر کارگر نہ ہو تو اس کے لئے روزانہ بعد نماز فجر باوضو آیۃ الکرسی اور

سورۂ مومن کی پہلی تین آیتیں (حٰمٓ سے اِلَیْہِ الْمَصِیْرُ تک) پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ تمام دن خیر و عافیت سے گذرے گا اور پڑھنے والا ہر قسم کی بُرائی اور تکلیف اور دشمن کے شر و فتنہ سے محفوظ رہے گا۔

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

حٰمٓ سے اِلَیْہِ الْمَصِیْرُ تک کی آیتیں یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

حٰمٓ ۝ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۝ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِیْدِ الْعِقَابِ ذِی الطَّوْلِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اِلَیْہِ الْمَصِیْرُ ۝

دشمن سے حفاظت کے لئے

اگر جہاد کا موقع ہو یا کسی جگہ جہاں دشمن گھات میں ہو یا رات کو نقصان پہنچانے کا ارادہ رکھتا ہو تو اس سے

حفاظت کے لئے

حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ ۝

پڑھ لے۔ جب دشمن کا سامنا ہو جائے تب بھی

حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ ۝

پڑھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ناکام رہے گا اور خائب و خاسر ہو کر لوٹے گا۔

بیمار کا صحتیاب ہونا

اگر کوئی شخص بیمار ہو اس کو مختلف امراض نے گھیر رکھا ہو تو اس کی صحتیابی کے لئے باوضو سورۃ انعام (پوری) مکمل سورت ایک بیٹھک میں پڑھ کر مریض پر دم کرے، چند دن یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا اور مختلف امراض دفع ہو جائیں گے۔

پریشانی اور بُرے حال سے نجات

اگر کوئی شخص پریشان ہو اور بُری حالت میں ہو، بیماری اور تنگدستی سے اس کی صحت بھی برباد ہو چکی ہو تو اس کو چاہیئے کہ کسی وقت باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور ایک سو بار یہ کلمات پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام بیماری، تنگدستی اور پریشانی دور ہو جائے گی۔ عمل پابندی کے ساتھ کرے ناغہ نہ ہو

کرے گا تو ناکام رہے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝

سفر میں سلامت رہنا اور بخیریت واپس آنا

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا سفر سلامتی کے ساتھ پورا ہو اور وہ اپنے گھر صحت و سلامتی کے ساتھ واپس آئے اور سفر کے دوران اسے مالی اور جانی نقصان نہ پہنچے تو اس کے لئے بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب (یعنی صبح و شام) یہ آیت ایک ایک مرتبہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت و سلامتی کے ساتھ سفر ہو گا اور اس دوران کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔ اور خیر و عافیت کے ساتھ گھر واپس آئے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝

اہل و عیال کی عافیت کے لئے

اگر کسی کو اپنے اہل و عیال کی عافیت کی فکر رہتی ہو تو اس کے لئے صبح و شام ایک ایک مرتبہ یہ کلمات

پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا مال، اولاد، اور جملہ اہل خانہ ہر قسم کے چوروں، ڈاکوؤں، لٹیروں اور ہر قسم کے ظالموں قاتلوں سے محفوظ رہیں گے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى دِيْنِيْ وَنَفْسِيْ وَوَلَدِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ۔

خواب میں رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت

اگر کوئی مسلمان نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کا شوق رکھتا ہو تو وہ جمعہ کی رات (جمعرات کا دن گزرنے کے بعد جو رات آتی ہے وہ جمعہ کی رات ہے) میں دو رکعت نفل نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی اور گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد ایک سو بار یہ درود شریف پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اگر کوئی شخص چند مرتبہ یہ عمل کرے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ فرور آقائے دو جہاں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہو گا۔ لیکن شرط یہ ہے کہ طلب سچی ہو اور گناہوں سے بچتا ہو اور نماز باجماعت کا پابند ہو۔

ہر چیز سے حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ چور، ڈاکو اور ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے تو اسے چاہیئے کہ رات کو سونے سے پہلے سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص ایک ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چوری، ڈاکہ اور قتل سے محفوظ رہے گا۔

سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۧ

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ
وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۧ

قتل اور لوٹ مار سے حفاظت

اگر کوئی شخص ڈاکو یا لٹیرے یا قاتل کے نرغے میں

پھنس جائے یا ان میں سے کسی ظالم کا سامنا ہو جائے اور وہ اسے قتل کرنا چاہتے ہوں تو اس کے لئے اول چار رکعت نماز نفل پڑھے۔ اس کے بعد تین مرتبہ یہ دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کا وار خالی جائے گا اور دشمن ناکام ہوگا اور نقصان اٹھائے گا اور قتل اور لوٹ مار سے پڑھنے والا شخص محفوظ رہے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

يَا وَدُوْدُ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَا فَعَّالُ
لِّمَا يُرِيْدُ اَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ الَّتِيْ لَا تُرَامُ وَ
مُلْكِكَ الَّذِيْ لَا يُضَامُ وَبِنُوْرِكَ الَّذِيْ مَلَاَ
اَرْكَانَ عَرْشِكَ اَنْ تَكْفِيَنِيْ شَرَّ هٰذَا اللِّصِّ
يَا مُغِيْثُ اَغِثْنِيْ۔

بلاؤں کو دور کرنے اور حاجتوں کو پورا کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت دل میں پیدا ہو جائے اور خدا تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت اور اللہ تعالیٰ کی عبادت کا جذبہ پیدا ہو جائے نیکیاں کثرت سے ہونے لگیں اور ہر قسم کی بلا دور ہو اور تمام حاجتیں پوری ہوں۔ اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔

کسی بھی ماہ کا چاند نظر آنے کے بعد پہلے جمعہ سے

مستقل سات دن تک مندرجہ ذیل ترکیب کے حساب سے روزانہ دن میں یا رات میں ایک وقت اور جگہ مقرر کرکے پابندی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے ان مبارک ناموں کا وظیفہ پڑھے اگر کسی مجبوری سے جگہ اور وقت تبدیل ہو جائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

جمعہ کے دن	یَا اَللّٰہُ یَا ھُوَ	ایک ہزار مرتبہ
ہفتہ کے دن	یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ	ایک ہزار مرتبہ
اتوار کے دن	یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ	ایک ہزار مرتبہ
پیر کے دن	یَا صَمَدُ یَا وِتْرُ	ایک ہزار مرتبہ
منگل کے دن	یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ	ایک ہزار مرتبہ
بدھ کے دن	یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ	ایک ہزار مرتبہ
جمعرات کے دن	یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ	ایک ہزار مرتبہ

دل کی بیماری کا مجرب عمل

جس شخص کو دل کی بیماری ہو، دل دھڑکتا ہو یا سانس لینے میں گھٹن محسوس ہوتی ہو یا دل کمزور ہو یا سانس پھول جاتا ہو تو اس کے لئے ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر اپنے دل پر دم کرے۔ یہ عمل جس وقت چاہے کرے انشاء اللہ تعالیٰ دل کے ہر قسم کے مرض سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ

ملازمت حاصل ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص روزگار کے سلسلہ میں پریشان ہو اور روزگار نہ ملتا ہو یا ملازمت حاصل کرنے کے لئے دن بھر چکر لگاتا ہو لیکن کہیں کامیابی نہیں ہوتی ہو تو یہ عمل بہت مفید اور جلد روزگار ملنے میں بہت مددگار ہے۔

فجر کی نماز پڑھنے کے بعد اسی جگہ بیٹھے رہیں جگہ نہ بدلیں نہ وہاں سے اُٹھیں اور سورۃ الضحیٰ اس ترکیب سے پڑھیں کہ جب کاف آئے تو یَا کَرِیْمُ نو مرتبہ پڑھیں یہ عمل صرف نو دن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ملازمت مل جائے گی۔ اگر خدانخواستہ ملازمت نہ ملے تو یَا کَرِیْمُ اٹھارہ مرتبہ روزانہ پڑھے اور پھر نو دن عمل کرے۔ اس کے باوجود بھی ملازمت نہ ملے تو پھر نو دن عمل کرے اور یَا کَرِیْمُ ستائیس مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ بفضل خدا شرطیہ ملازمت مل جائے گی عمل شرط ہے۔ سورۃ الضحیٰ یہ ہے۔ اس میں ہر کاف پر سطر کھینچ دی ہے اور اس میں نو مقام پر کاف آیا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالضُّحٰی ۙ وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی ۙ مَا وَدَّعَکَ رَبُّکَ وَمَا قَلٰی ؕ وَلَلْاٰخِرَۃُ خَیْرٌ لَّکَ مِنَ

الْأُولٰى ۝ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝
اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۝ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا
فَهَدٰى ۝ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ۝ فَاَمَّا
الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝
وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝

بچوں کی بدتمیزی کا سبب اور اس کا علاج

بچوں کی بدتمیزی اور نافرمانی کا سبب عموماً والدین کے گناہ ہوتے ہیں۔ والدین کو چاہیئے کہ وہ اپنے گناہوں سے توبہ کریں نماز کی پابندی کریں۔ اور تین بار سورۂ فاتحہ باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرکے بچوں کو روزانہ پلایا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن یہ عمل کرنے سے بچے تمیزدار ہوجائیں گے۔ جب تک بچے تمیز والے نہ بن جائیں یہ عمل کرتا رہے اور اللہ تعالیٰ سے میاں بیوی اپنے گناہوں کی معافی مانگتے رہیں۔ سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

جنات کی شرارت سے حفاظت

اگر کسی بچے یا بڑے یا عورت یا لڑکی کو جن ستاتا ہو اور اس کو دورہ پڑتا ہو تو اس کے کان میں باوضو یہ آیات پڑھ کر اس کے کان میں پھونک مار دے (دم کردے) انشاء اللہ تعالیٰ جن جل جائے گا۔

وہ آیات یہ ہیں۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ
اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ
يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ
فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝
وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

چوری اور شیطانی، جناتی اثرات سے حفاظت

اگر کوئی شخص ایسے مقام پر رہتا ہو جہاں چوری کا ڈر ہو یا شیطان کے شر کا ڈر ہو یا جنات آسیب حملہ کرتے ہوں یا سونے نہ دیتے ہوں یا خواب میں ڈراتے ہوں تو اس کے لئے اکیس مرتبہ سونے سے پہلے باوضو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ ان تمام پریشانیوں سے

محفوظ رہے گا۔

ظالم پر غلبہ پانے کے لئے

اگر کوئی شخص ظالموں میں پھنسا ہوا ہے اور ظالم لوگ ظلم کرتے رہتے ہیں تو ان کو مغلوب اور زیر کرنے اور ان کے ظلم سے محفوظ رہنے کے لئے پچاس (۵۰) مرتبہ روزانہ کسی وقت باوضو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔

ذہن کھولنے اور حافظہ مضبوط ہونے کے لئے

اگر کسی بچے یا بڑے کا ذہن کند ہے۔ کوئی بات ذہن میں نہیں بیٹھتی اسی طرح حافظہ کمزور ہے کہ کوئی سبق یا بات یاد نہیں رہتی۔ اس کے لئے بعد نماز فجر باوضو سات سو چھیاسی (۷۸۶) بار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

پڑھ کر پانی پر دم کر کے نہار منہ وہ پانی پلایا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ مضبوط ہو گا اور ذہن کھل جائے گا۔

قرآن پاک کو آسانی سے یاد کرنے اور علم حاصل کرنے کیلئے

اگر کوئی شخص قرآن پاک حفظ کرنا چاہتا ہے اور یہ چاہتا ہے کہ حفظ آسانی کے ساتھ ہو جائے اور اسے کوئی بوجھ محسوس نہ ہو اور جتنا یاد کرے اسے نہ بھولے اسی طرح جو علم حاصل کرے۔ اساتذہ سے جو سبق پڑھے اسے نہ بھولے تو اس کو چاہیئے کہ سات دن تک ایک روٹی کے ٹکڑے پر حسب ترتیب آیاتِ ذیل بعد نماز فجر باوضو روزانہ لکھ کر صبح کھا لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ مثالی بن جائے گا جو کچھ یاد کرے گا آسانی سے یاد ہو جائے گی اور حفظ محفوظ رہے گا۔ وہ ترتیب یہ ہے۔

ہفتہ کے دن یہ آیت لکھے۔ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ
اتوار کے دن یہ آیت لکھے۔ رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا
پیر کے دن یہ آیت لکھے۔ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى
منگل کے دن یہ آیت لکھے۔ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى
بدھ کے دن یہ آیت لکھے۔ لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ
جمعرات کے دن یہ آیت لکھے۔ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ
جمعہ کے دن یہ آیت لکھے۔ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ

ہر قسم کے شر اور فتنہ سے حفاظت

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ ہر قسم کے شر اور

فتنہ سے محفوظ رہے تو اس کے لئے بعد نماز فجر تین بار سورۂ اخلاص، تین بار سورۂ فلق اور تین بار سورۂ ناس پڑھے اور اسی طرح یہ تینوں سورتیں بعد نماز مغرب تین تین مرتبہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے شر اور فتنہ سے محفوظ رہے گا۔

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ
وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۚ

سورۂ فلق یہ ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ
وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ
النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا
حَسَدَ ۚ

سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ
اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ
الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ
مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۚ

ہر قسم کے رنج وغم اور فکر وتشویش سے حفاظت

جو شخص یہ آیت صبح کو بعد نماز فجر سات بار اور بعد نماز مغرب سات بار پڑھ لیا کرے اس کو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ہر قسم کے رنج وغم اور فکر و تشویش سے محفوظ فرما دے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ
وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

ہر قسم کی بیماری سے نجات کے لئے

انسان کو کسی بھی قسم کی بیماری ہو اس سے نجات کے لئے مندرجہ ذیل عمل روزانہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی بیماری سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ عمل یہ ہے۔

مریض روزانہ سورۂ فاتحہ اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے یا دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لیا کرے۔ نیز اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی دن بھر پیتا رہے۔ نیز

یَا سَلَامُ

ایک سو تینتالیس ۱۴۳ بار پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ چند دن میں ہر قسم کی بیماری سے

تندرست ہو جائے گا۔

سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

زبان کی تیزی ختم کرنا

جس شخص کی زبان ہر وقت چلتی رہتی ہو اور ڈر لگا رہتا ہو کہ بہت سی باتیں گناہ کی جھوٹ کی، غیبت کی ہو جاتی ہیں جس سے نامۂ اعمال سیاہ ہو جاتا ہے ایسے شخص کو چاہیے کہ روزانہ ایک سو مرتبہ استغفار کا ورد کرے۔ تاکہ گناہوں کی معافی ہو جائے۔ استغفار یہ ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ

جنات کے شر سے حفاظت

اگر کسی شخص کا سامنا جنات سے ہو جائے یا جنگل میں، گھر میں، میدان میں، پہاڑ میں یا دریا کے کنارے، قبرستان میں، ندی نالوں کے پاس، کوڑے کے ڈھیر پر جنات

دکھائی دیں تو یہ آیات پڑھ کر پھونک دے اور دونوں ہاتھوں پہ دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے۔

وہ آیات یہ ہیں۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى
الْعَرْشِ ۖ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ
وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ
بِاَمْرِهٖ ۗ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ۗ تَبٰرَكَ
رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

شیطان (جنات) سے حفاظت

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا گھر اور اہل و عیال شیطان کے شر اور فتنہ سے محفوظ رہیں تو رات کو سونے سے قبل سورۂ بقرہ کی چار آیتیں، آیۃ الکرسی اس کے بعد کی دو آیتیں اور سورہ بقرہ کی تین آیتیں۔

سب آیات جن کو پڑھنا ہے وہ یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى
لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَ
يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝
وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ

أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ ۝
أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِنْ رَبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ
هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝
وَإِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ
الرَّحْمَٰنُ الرَّحِيمُ ۝
اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ الْحَيُّ الْقَيُّومُ ۚ لَا
تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ ۚ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ
وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ مَنْ ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِنْدَهُ
إِلَّا بِإِذْنِهِ ۚ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا
خَلْفَهُمْ ۖ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِنْ عِلْمِهِ إِلَّا
بِمَا شَاءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ ۖ
وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ ۝
لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّينِ ۖ قَدْ تَبَيَّنَ الرُّشْدُ
مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِنْ
بِاللَّهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىٰ
لَا انْفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ اللَّهُ
وَلِيُّ الَّذِينَ آمَنُوا يُخْرِجُهُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ
إِلَى النُّورِ ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا أَوْلِيَاؤُهُمُ
الطَّاغُوتُ يُخْرِجُونَهُمْ مِنَ النُّورِ إِلَى
الظُّلُمَاتِ ۗ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا
خَالِدُونَ ۝

لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَإِنْ
تُبْدُوا مَا فِي أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوهُ يُحَاسِبْكُمْ
بِهِ اللَّهُ ۖ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ
يَشَاءُ ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ آمَنَ الرَّسُولُ
بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِ مِنْ رَبِّهِ وَالْمُؤْمِنُونَ ۚ كُلٌّ
آمَنَ بِاللَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ ۖ لَا
نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِنْ رُسُلِهِ ۚ وَقَالُوا سَمِعْنَا
وَأَطَعْنَا ۖ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ۝
لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ
وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۗ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا إِنْ نَسِينَا
أَوْ أَخْطَأْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْرًا كَمَا
حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا
مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِ ۖ وَاعْفُ عَنَّا ۖ وَاغْفِرْ
لَنَا ۖ وَارْحَمْنَا ۖ أَنْتَ مَوْلَانَا فَانْصُرْنَا
عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ۝

انسانی اور شیطانی شرارتوں اور جن بھوت سے حفاظت

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کو رات کو سوتے وقت آرام سے نیند آئے۔ رات میں اس کی نیند اچاٹ نہ ہو اور نہ اسے جاگتے جاگتے رات گذارنی پڑے۔ اس کے لئے رات کو سونے سے پہلے اکیس بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

پڑھ کر سوئے۔ اس کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ نیند سکون سے آئے گی اور رات کو تمام انسانی، شیطانی شرارتوں اور جن، بھوت اور آگ سے محفوظ رہے گا۔

ہر قسم کا درد یا جادو کا دور کرنا

اگر کسی آدمی کے جسم کے کسی حصہ میں درد ہو یا اُس پر کسی نے جادو کرا دیا ہو تو درد دور کرنے اور جادو وغیرہ سے نجات کے لئے برابر سات دن بلاناغہ ایک سو بار روزانہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

پڑھے اور درد کی جگہ دم کرے اور پانی پر دم کرکے وہ پانی چار مرتبہ دن میں پی لے۔ پینے کے اوقات یہ ہیں۔

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل
۲۔ دوپہر گیارہ بجے دن
۳۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے قبل
۴۔ بعد نماز عشاء سونے سے قبل

انشاءاللہ تعالیٰ درد دور ہوگا اور جادو ٹوٹ جائے گا۔

رزق میں برکت اور اضافہ کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں برکت ہو اور اس کی آمدنی بڑھ جائے اور زیادہ ہو جائے تو

اس کے لئے اتوار کی صبح سورج نکلتے ہی تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

پڑھے اور ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ غیب سے روزی کا دروازہ کھل جائے گا اور گھر میں خوب برکت ہوگی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

مرگی والے کو ہوش میں لانا

اگر کوئی مرگی کا مریض بے ہوش ہو گیا ہو اس کو ہوش میں لانا ہو تو اس کے لئے اکتالیس مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

پڑھ کر مرگی والے کے کان میں دم کرے انشاءاللہ تعالیٰ فوراً ہوش میں آجائے گا۔

بچوں کو ہر قسم کی آفات وبلیّات سے محفوظ کرنا

بچوں کی حفاظت بہت ضروری ہے آجکل کی مصروف زندگی میں جبکہ ماں باپ دونوں کام پر جاتے ہوں بچوں کی حفاظت کا مسئلہ اور زیادہ اہم ہو جاتا ہے۔ بچوں کو ہر قسم کی آفات وبلیات سے محفوظ رکھنے کے لئے بارہ سو اکیس بار ایک سفید کاغذ پر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لکھے اور موم جامہ کرکے کالے چمڑے میں سلوا کر کالی ڈوری میں باندھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچہ ہر قسم کے نقصان سے بچ جائے گا۔

کھیتی کی پیداوار میں زیادتی اور حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا کھیت ہر قسم کی چوری سے محفوظ رہے اور فصل موذی جانوروں سے خراب نہ ہو نہ فصل کو کیڑا لگے تو اس کے لئے باوضو ایک سو ایک (۱۰۱) بار سفید کاغذ پر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لکھ کر پانی میں گھول کر وہ پانی تمام کھیت میں چھڑک دے۔ جب بھی فصل ہوا کرے یہ عمل کیا کرے انشاءاللہ تعالےٰ فصل ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گی اور پیداوار خوب ہوگی۔

پریشانیوں سے نجات

اگر کوئی آدمی پریشانیوں میں گھر جائے یا طرح طرح کی پریشانیاں اسے لپٹ جائیں تو اسے چاہیئے کہ اس دعا کو روزانہ ایک سو بار کسی بھی وقت پڑھ لیا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے پریشانیاں ختم ہو جائیں گی۔ جب تک پریشانیاں ختم نہ ہوں برابر پڑھتا رہے۔ وہ دعا یہ ہے۔

تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝

سانپ، بچھو اور موذی جانوروں سے حفاظت

اگر کوئی شخص ایسی جگہ ہو جہاں سانپ، بچھو اور موذی جانور کثرت سے ہوں اور خطرہ ہو کہ وہ نقصان پہنچائیں گے تو اس کے لئے یہ دعا شام بعد نماز مغرب ایک سو بار پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کرکے تمام بدن پر پھیر لے اور سینے پر دم کرلے۔ اور اپنے چاروں طرف پھونک مار دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ تمام موذی جانوروں کے شر سے محفوظ ہو جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔

پیشاب کی بندش اور پتھری کا نبوی علاج

اگر کسی شخص کا پیشاب بند ہو گیا ہو یا پتھری ہو تو اس کے لئے یہ دعا تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اور اس کو پی لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی پیشاب کھل جائے گا اور اگر چند دن یہ پانی پڑھ پڑھ کر پیتا رہا تو انشاء اللہ تعالیٰ پتھری بھی ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی۔

وہ دعا یہ ہے۔

رَبُّنَا الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اِسْمُكَ اَمْرُكَ فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِی السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِی الْاَرْضِ وَاغْفِرْ لَنَا حَوْبَنَا وَخَطَايَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ فَاَنْزِلْ شِفَآءً مِّنْ شِفَائِكَ وَرَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجَعِ۔

ہر قسم کے درد سے نجات

اگر جسم کے کسی حصہ میں درد ہو اور اس کی وجہ سے بے چینی ہو۔ آرام کسی طرح نہ آتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً تکلیف سے نجات مل جائے گی۔

وہ عمل یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

سب سے پہلے تین مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھے۔ اس کے بعد سات مرتبہ پڑھے

اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ۔

ہر بلا اور مصیبت سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص صبح بعد نماز فجر باوضو ایک مرتبہ آیۃ الکرسی اور اس کے بعد سورۂ مؤمن کی پہلی تین آیتیں پڑھ لے گا وہ انشاء اللہ تعالیٰ اس دن ہر بلا، ہر تکلیف اور ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔ عمل شرط ہے۔

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِيْمُ

سورۂ مؤمن کی پہلی تین آیتیں یہ ہیں۔

حٰمٓ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ

غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝

دعا ضرور قبول ہونے کا عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی دعا ضرور قبول ہو اور اس کا مقصد ضرور پورا ہو تو اس کے لئے یہ دعا مانگنے کے بعد اپنے مقصد کی دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول ہوگی۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الطَّاهِرِ الطَّيِّبِ الْمُبَارَكِ الْاَحَبِّ اِلَيْكَ الَّذِیْ اِذَا دُعِيْتَ بِهٖ اَجَبْتَ وَاِذَا سُئِلْتَ بِهٖ اَعْطَيْتَ وَاِذَا اسْتُرْحِمْتَ بِهٖ رَحِمْتَ وَاِذَا اسْتُفْرِجْتَ بِهٖ فَرَّجْتَ۔

پریشانی دور کرنے کا عمل

اگر کسی کو کوئی پریشانی چمٹ گئی ہو یا کوئی غم لپٹ گیا ہو تو اس کے لئے اپنا دایاں ہاتھ سر پر پھیرتا جائے اور کہتا جائے

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّی الْهَمَّ وَالْحُزْنَ

اس عمل کو چند مرتبہ کرنے کے بعد اپنا دایاں ہاتھ اپنی پیشانی (ماتھے) پر پھیرتا جائے اور کہتا جائے:

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّی الْهَمَّ وَالْحُزْنَ

اپنے بیوی بچوں کو اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں دینا

اگر کوئی شخص جب کسی کام سے یا ملازمت کے سلسلے میں یا سفر میں کہیں جاتا ہے تو اپنی جان، اپنے اہل وعیال اور مال واسباب کے بارے میں اکثر فکرمند رہتا ہے کہ بیوی بچوں کو نقصان نہ پہنچے۔ گھر میں ڈاکو نہ آجائیں۔ مال واسباب کو لوٹ کر کوئی نہ لے جائے۔ مال کو نقصان نہ پہنچے۔ اہل وعیال اور گھر والوں اور مال و اسباب کی حفاظت کے لئے تین تین بار یہ کلمات کہہ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی بیوی، بچے، مال و دولت اور گھر محفوظ ہو جائے گا اور ان سب کو کوئی بھی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی دِيْنِیْ وَنَفْسِیْ وَوَلَدِیْ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ۔

شیطان کے شر سے حفاظت

اگر کوئی شخص شیطان کے اثرات سے طرح طرح کے گناہوں میں مبتلا ہے اور دل و دماغ میں گناہوں کے خیالات کثرت سے آتے ہیں اور طرح طرح کے گناہ ہو جاتے ہیں۔ اس سے بچنے کے لئے بعد نماز فجر یہ کلمات

تین بار پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سارا دن شیطان کے شر سے اور شیطانی خیالات و گناہوں سے محفوظ رہے گا وہ کلمات یہ ہیں۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَوَجْھِہِ الْکَرِیْمِ وَسُلْطَانِہِ الْقَدِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ط

ہر قسم کا ڈر، خوف، گھبراہٹ اور وحشت دور کرنا

اگر کوئی شخص رات کو اپنے راستے میں، یا گھر میں یا جہاں ٹھہرا ہوا ہے اس جگہ میں کوئی ڈراؤنی چیزیں دیکھے یا کوئی چیز رات کے اندھیرے میں اسے ڈرائے۔ اسی طرح نیند میں جھٹکا لگے اور نیند اُچاٹ ہو جائے (غائب ہو جائے) یا ڈراؤنے خواب نظر آتے ہوں تو ان سب کے خاتمہ کے لئے یہ کلمات تین مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ان کلمات کی برکت سے ہر قسم کا ڈر خوف دور ہو گا، ڈراؤنی شکلیں نظر نہیں آئیں گی اور نیند میں بھی کوئی نہیں ڈرائے گا، پُرسکون نیند آئے گی۔ اندھیرے راستے میں بھی کوئی رکاوٹ نہیں بنے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّۃِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنَ ۝

ہر بیماری اور درد سر سے نجات

مندرجہ ذیل دعا ہر بیماری سے نجات کا ذریعہ ہے۔ اس دعا کو بیمار ایک مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے۔ یہ عمل دن میں دو مرتبہ کرے صبح بعد نماز فجر اور شام کو بعد نماز مغرب۔ اسی طرح سر میں درد ہو تو سر پر ہاتھ رکھ کر ایک مرتبہ یہ دعا پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہو گی۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اُسْکُنْ اَیُّھَا الْوَجْعُ سَکَنَتْکَ بِالَّذِیْ یُمْسِکُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَی الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِہٖ اِنَّ اللّٰہَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اُسْکُنْ اَیُّھَا الْوَجْعُ سَکَنَتْکَ بِالَّذِیْ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَکَھُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِہٖ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا۔

ہر قسم کا غم دور کرنا

اگر کسی آدمی کو کسی قسم کا غم لپٹ جائے اور وہ غم کسی طور جان نہ چھوڑتا ہو تو اس سے نجات کے لئے ان الفاظ کو پڑھ کر اس غم سے نجات کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا غم دور ہو جائے گا۔

وہ الفاظ یہ ہیں۔

یَاحَلِیْمُ۔ یَاعَلِیْمُ۔ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ

سخت ترین مقدمہ میں کامیابی کے لئے

اگر کوئی آدمی کسی سخت مصیبت میں پھنس گیا ہو یا کوئی مقدمہ سخت ہو اس میں کامیابی انتہائی ضروری ہو تو اس کے لئے ایک لاکھ اکیاون ہزار (۱۵۱۰۰۰) مرتبہ یہ اسماء پڑھے۔ تھوڑا تھوڑا کر کے تعداد پوری کر لے۔ اس دوران شرط یہ ہے کہ باوضو پڑھے۔ کپڑے پاک ہوں۔ بدن پاک ہو، جگہ پاک ہو، مصلّٰی پاک ہو۔ بدن اور کپڑوں پر خوشبو لگائیں۔ وہ اسماء یہ ہیں۔

یَاحَلِیْمُ۔ یَاعَلِیْمُ۔ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ

دُعا کا قبول ہونا

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی دعا ضرور قبول ہو

اور وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائے تو دعا کرنے سے پہلے ان الفاظ کو زبان سے ادا کرے اس کے بعد دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول ہوگی۔ وہ الفاظ یہ ہیں۔

یَارَجَاءَ الْمُؤْمِنِیْنَ لَاتَقْطَعْ رَجَاءَنَا
یَاغِیَاثَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَغِثْنَا
یَامُعِیْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَعِنَّا
یَامُجِیْبَ الدَّعَوَاتِ بِیْنَ تُبْ عَلَیْنَا

اولاد کے زندہ رہنے کے لئے

اگر کسی عورت کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو تو

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

کو اکسٹھ (۶۱) بار باوضو کسی پاک کاغذ پر لکھا جائے اور تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا کالے چمڑے میں سلوا کر عورت اپنے گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد زندہ رہے گی اور بڑی عمر کی ہوگی۔ یہ عمل مجرب اور آزمودہ ہے۔

ہر قسم کا غم دور کرنا اور حاجت پوری ہونے کے لئے

اگر کسی شخص کو کوئی غم لپٹ گیا ہو یا کسی غم سے اپنا پیچھا چھڑانا چاہتا ہو تو وہ اس کے لئے ستر ہزار مرتبہ باوضو بعد نماز عشاء ان کلمات کو پڑھے اور انشاء اللہ

تعالیٰ سارا غم فوراً دور ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ ہر قسم کی حاجت پوری فرمائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

ہر قسم کی سخت بیماری سے صحتیابی

اگر کوئی شخص کسی موذی مرض میں مبتلا ہو مثلاً کینسر، کالا یرقان، خطرناک پھوڑا، پیٹ کا السر، شوگر (ذیابیطس) وغیرہ میں مبتلا ہو تو ان امراض سے صحتیابی کے لئے یہ عمل انشاء اللہ تعالیٰ بہت مفید ہے۔

صبح کے وقت سورۃ فاتحہ اکیس (۲۱) مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے سارے بدن پر پھیر لیا کرے۔

منہ دھو کر باوضو سورۃ فاتحہ اکیس (۲۱) بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کر کے وہ پانی تھوڑا تھوڑا چار وقت پی لے۔ پینے کے چار وقت یہ ہیں۔

(۱) صبح ناشتہ سے قبل
(۲) دن کو زوال سے قبل (گیارہ بجے)
(۳) بعد نماز عصر (سورج غروب ہونے سے قبل)
(۴) بعد نماز عشاء (سوتے وقت)

یَا سَلَامُ ایک سو تینتالیس (۱۴۳) مرتبہ پڑھ کر

دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے۔

اگر مریض خود نہ کر سکے تو کوئی دوسرا یہ عمل کر دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد ہی تندرست ہو جائے گا۔

اس سلسلے میں روزانہ حسبِ حیثیت صدقہ بھی کر دیا کرے۔

سحر یا سفلی کا علاج

اگر کسی آدمی پر سحر یا سفلی کرا دیا گیا ہو اور وہ سر درد، پیٹ کے درد، بدن کے درد، بخار، سر چکرانے، بھوک نہ لگنے کی شکایت کرتا ہو تو اس کے لئے بیری کے سات پتے لے کر سل بٹے پر کوٹ لے یا پیس لے۔ اور اس کو پانی میں ڈال کر آیۃ الکرسی ایک بار باوضو پڑھ کر اس پانی پر دم کرے اور مریض کو تین گھونٹ پانی پلائے۔ باقی پانی سے مریض کو نہلا دے۔ یہ عمل تین (۳) دن یا سات دن کرے۔ اگر مریض تین دن میں صحیح اور تندرست ہو جائے تو چھوڑ دے ورنہ سات دن یہ عمل کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد ہی سحر یا سفلی جادو سے صحتیاب ہوگا۔

مجرب عمل ہے۔ یہ عمل اس آدمی کے لئے بہت پُر اثر ہے جس کی قوت مردمی باندھ دی گئی ہو اور بیوی کے قابل نہ ہو۔ اگر سات دن میں قوت مردمی بحال نہ ہو

تو چودہ دن یہ عمل کرے۔

مرض، آسیب، جن کا خلل دور کرنا

اگر کسی آدمی کو کوئی مرض لپٹ گیا ہو یا آسیب و جن کا اثر ہو گیا ہو تو اس کے لئے لفظ

اَللّٰہُ

چھیاسٹھ (۶۶) بار باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر وہ پانی دن میں چار وقت مریض کو تھوڑا تھوڑا پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض ضرور تندرست ہو جائے گا۔

چار وقت پلانے کے یہ ہیں۔

(۱) صبح ناشتہ سے قبل۔

(۲) دوپہر گیارہ بجے (زوال سے پہلے)

(۳) بعد نماز عصر (سورج غروب ہونے سے پہلے)

(۴) بعد نماز عشاء (سونے سے پہلے)

آسیب کے اثر کا علاج

ایک چینی کی پاک صاف پلیٹ لے کر پانی میں زعفران گھول کر اس سے تمام پلیٹ پر اسم الٰہی

اَللّٰہُ

باوضو لکھے اور اس طرح لکھے کہ پلیٹ پر کوئی جگہ خالی نہ رہے پوری پلیٹ بھر جائے پھر اس پلیٹ کو پانی میں

گھول کر وہ پانی آسیب والے کو چار وقت پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب، جن، بھوت، پریت کا اثر ختم ہو جائے گا۔ یہ عمل چند دن کرے۔ ایک ہی دن چند پلیٹیں لکھ کر رکھ لے روزانہ ایک پلیٹ کا پانی استعمال کرے۔ پینے کے اوقات یہ ہیں۔

(۱) صبح ناشتہ سے قبل

(۲) دوپہر گیارہ بجے (زوال سے پہلے)

(۳) بعد نماز عصر (سورج غروب ہونے سے قبل)

(۴) بعد نماز عشاء (سونے سے قبل)

ظالم حاکم کے سامنے جانا

اگر کسی کا واسطہ کسی ظالم حاکم سے پڑ جائے تو جب بھی اس حاکم کے پاس جائے تو جاتے ہوئے یہ اسماء پڑھتا ہوا جائے، پڑھنے کی تعداد مقرر نہیں ہے جتنی مرتبہ بھی پڑھ سکے پڑھ لے۔ وہ اسماء یہ ہیں۔

یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ

انشاء اللہ تعالیٰ حاکم نرمی سے پیش آئے گا اور اگر کوئی کام کرنے کا ہوا تو وہ بھی کر دے گا۔

ہر حاجت پورا ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز پڑھ کر کسی سے

بات نہ کرے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے مغرب کی اذان تک

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

برابر پڑھتا رہے اور اذان شروع ہونے سے چند منٹ قبل اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول ہوگی اور مقصد میں ضرور کامیاب ہوگا۔

درختوں کے پھل میں برکت

اگر کوئی شخص اپنے باغ کے درختوں پر کثرت سے پھل ہونے کا متمنی ہو اور چاہتا ہو کہ اس کے درخت پھلوں سے خوب لدھ جائیں اور ان پر خوب پھل لگیں اور پھل ہر قسم کے نقصان اور کیڑہ لگنے سے محفوظ رہیں تو اس کے لئے ایک چینی کی پلیٹ پر اسم الٰہی

اَلرَّحِیْمُ

ایک سو ایک (۱۰۱) بار باوضو لکھے اور وہ پانی تھوڑا تھوڑا تمام درختوں کی جڑوں میں پھل آنے سے پہلے ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درختوں پر خوب پھل لگے گا۔

اپنے عہدہ پر قائم رہنا

اگر کوئی چاہتا ہو کہ وہ اپنے عہدہ پر قائم رہے۔ سب اس کی اطاعت کریں اور اس کو معزول نہ کیا جائے نہ اس جگہ سے اس کا تبادلہ کیا جائے تو اس کے لئے روزانہ بعد نماز فجر ایک سو بار پڑھا کرے۔

اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ

غریبی دور کرنا

اگر کوئی شخص غریب اور مفلس ہو اس کا گذارہ مشکل سے ہوتا ہو اور آمدنی محدود ہو تھوڑی آمدنی اور خرچہ زیادہ ہو تو اس کے لئے روزانہ بعد نماز فجر ایک سو بیس بار یہ اسم الٰہی پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن بعد اس کے آثار دیکھے گا کہ مال کی آمد شروع ہوگی اور آہستہ آہستہ مالی مشکلات کا خاتمہ ہوگا اور مالدار بن جائے گا۔ وہ اسم الٰہی یہ ہے۔

یَا مَالِکُ

دشمن مہربان، بیوی مطیع اولاد فرمانبردار

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کا دشمن دشمنی چھوڑ دے اور مہربان بن جائے یا بیوی کہنا نہیں مانتی

وہ اطاعت گذار بن جائے یا اولاد نافرمان ہے فرمانبردار بن جائے تو اس کے لئے یہ اسم الٰہی

یَا قُدُّوْسُ

کو تین سو انیس (۳۱۹) بار باوضو پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے دشمن، بیوی یا اولاد کو کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دوست اور بیوی اطاعت گذار اور اولاد فرمانبردار بن جائے گی۔

ہر مرض سے صحتیابی

اگر کوئی شخص کسی بھی مرض میں مبتلا ہو وہ اگر خود یا کوئی دوسرا اسم الٰہی

یَا سَلَامُ

کو ایک سو اکسٹھ (۱۶۱) بار پڑھ کر بیمار پر دم کرے یا مریض خود پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے اپنے تمام بدن پر مل لے تو انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد تندرست ہو جائے گا۔

دشمن کے لشکر کو شکست دینے کے لئے

اگر کوئی دشمن کافر مشرک یا غیر مسلم حملہ کرنے آرہے ہوں تو دشمن کی طرف ہاتھ کا اشارہ کر کے ستر بار یہ اسم مبارک پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ناکام رہے گا

اور حملہ نہ کر سکے گا اور واپس بھاگ جائے گا۔

وہ اسم الٰہی یہ ہے۔

یَا عَزِیْزُ

گم شدہ کی واپسی

اگر کسی کا مال گم ہو گیا ہو یا ڈاکو سامان لوٹ کر لے گئے ہوں یا کوئی گھر کا فرد یا نوکر بھاگ گیا ہو اسکی واپسی ضروری ہو تو اس اسم الٰہی کو باوضو ایک بیٹھک (نشست) میں پانچ ہزار بار پڑھے۔ جب تک مال یا شخص واپس نہ آئے برابر پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ مال واپس مل جائے گا اور گھر کا بھاگا ہوا آدمی بھی واپس آجائے گا۔

وہ اسم الٰہی یہ ہے۔

یَا خَالِقُ

اولاد ہونے کے لئے

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اس کے اولاد نہ ہوتی ہو تو وہ عورت سات دن متواتر بلا ناغہ روزے رکھے اور پانی سے روزہ افطار کرے اس کے بعد اکیس مرتبہ

یَا بَارِئُ

پڑھے یہ عمل ہر مہینہ ایام سے پاک ہونے پر کرے جب تک حمل نہ ٹھہرے برابر عمل کرتی رہے۔ انشاء اللہ

تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا اور زیادہ عمر کا ہوگا۔ مجرب عمل ہے۔ شرط پابندی سے عمل کرنا ہے۔

ہر حاجت پورا ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص بہت ضروری مقصد رکھتا ہو اور اس کا پورا ہونا لازمی چاہتا ہو تو اس کے لئے اپنے گھر میں مسجد میں کھلے آسمان کے نیچے یعنی سر پر کسی قسم کی چھت نہ ہو سر سے ٹوپی یا پگڑی اتار کر ننگے سر ہاتھ اٹھا کر ایک سو (۱۰۰) بار

یَا قَهَّارُ

پڑھے گا اور اپنی حاجت پورا ہونے یا مقصد میں کامیابی کی دعا کرے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

مال دار ہونے کا عمل

کوئی شخص غریب ہو۔ کھانے کا بندوبست مشکل ہوتا ہو غربت کے سبب کوئی ضرورت پوری نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے چاشت (دن کے نو بجے یا دس بجے) کے وقت چار رکعت چاشت کی نماز دو دو رکعت کر کے ادا کرے پھر سلام پھیر کر سجدے میں جا کر

یَا وَهَّابُ

ایک سو چار بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے رزق میں زیادتی

اور برکت کی دعا کرے یہ عمل پابندی کے ساتھ روزانہ کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل پر پابندی کرنے کی برکت سے جلد ہی مالدار ہو جائے گا۔

رزق کے دروازے کھولنا

جو آدمی مفلس اور بے روزگار ہو اس کے لئے یہ عمل بہت تیر بہدف ہے اور عمل میں زیادہ محنت بھی نہیں ہے لیکن رزق کے دروازے کھولنے کا عظیم سبب ہے۔ عمل یہ ہے۔

اپنے مکان کے چاروں کونوں میں نماز فجر سے پہلے دس دس مرتبہ

یَا رَزَّاقُ

پڑھ پڑھ کر ہر ہر کونے میں دم کرے اور منہ قبلے کی طرف رکھے اور شروع مکان کے داہنے کونے سے کرے۔ یہ عمل روزانہ ہمیشہ کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ اس پر رزق کے دروازے کھل جائیں گے اور بیماری اور مفلسی اس گھر میں ہرگز نہ آئے گی۔ مجرب عمل ہے۔

برائے استخارہ

اگر کوئی شخص کسی بات کی بابت معلوم کرنا چاہتا ہے یا کسی کاروبار یا شادی یا سفر یا شراکت داری کی بابت

معلوم کرنا چاہتا ہے کہ اس کے لئے مفید ہے یا نقصان دہ تو ایک سو بار

یَا عَلِیْمُ

عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر باوضو پاک بستر پر دائیں کروٹ قبلہ رُخ سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں اس کام کی خوبی یا خرابی معلوم ہو جائے گی۔

نامعلوم بات کا معلوم کرنا

اگر کسی کو کسی نامعلوم بات کی بابت معلوم کرنا ہو کہ بھاگا ہوا شخص اسی شہر میں ہے یا دور چلا گیا ہے۔ مریض پر جادو غیر لوگوں نے کرایا ہے یا رشتہ داروں نے۔ اس کاروبار میں گھاٹا ہو گا یا نفع، بیمار جلد صحتیاب ہو گا یا نہیں، بیماری طویل عرصے چلے گی یا امتحان میں کامیابی حاصل ہو گی یا فیل ہو جاؤں گا۔ اس ادارے میں انٹرویو اور ٹیسٹ دیا ہے وہاں ملازمت مل جائے گی یا ناکامی ہو گی۔ باہر کے ملک جانے کا ارادہ ہے اس میں کامیابی ہو گی یا ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا۔

اس کے لئے بعد نماز عشاء و تمام کاموں سے فارغ ہو کر وضو کرے دو رکعت نماز نفل ادا کرے اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ستر (۷۰)

مرتبہ

سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ۔

پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو بار یہ کلمات پڑھے۔

يَا عَلِيْمُ عَلِّمْنِيْ يَا خَبِيْرُ اَخْبِرْنِيْ يَا مُبِيْنُ بَيِّنْ لِيْ۔

اس کے بعد باوضو ہی پاک بستر پر قبلہ رُخ اپنے مقصد کو دماغ میں رکھ کر لیٹ جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رات کو معلوم ہو جائے گا اگر پہلے دن معلوم نہ ہو تو چند دن یہ عمل کرے۔

فقر و فاقہ، دکھ بیماری، تنہائی، کسمپرسی، مصیبت

اگر کوئی شخص فقر و فاقہ میں مبتلا ہو۔ گھر میں اکثر کھانے کو نہیں ہوتا اسی کے ساتھ دکھ اور بیماری بھی گھیرے ہوئے ہے۔ اس حالت میں دوست احباب اور رشتہ داروں نے ملنا جلنا چھوڑ دیا ہے۔ ہر طرح سے آدمی تنہا اور بے وسیلہ ہو چکا ہے۔ اس مصیبت سے نجات کے لئے ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ

يَا لَطِيْفُ

پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام پریشانیاں، بیماریاں، مصیبتیں دور ہو جائیں گی اور جملہ دوست، احباب

اور رشتہ دار گرویدہ ہو جائیں گے۔

استخارہ کے لئے

اگر کوئی شخص استخارہ کرنا چاہتا ہے اور یہ معلوم کرنا چاہتا ہے کہ یہ کام اچھا رہے گا یا بُرا، فلاں کے ساتھ کاروباری شراکت مفید رہے گی یا نقصان دہ، فلاں جگہ رشتہ صحیح ہے یا غلط، فلاں کے ساتھ دوستی درست ہے یا نقصان دہ اس کے لئے

یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ

تین سو بار باوضو پڑھے اور پاک بستر پر قبلہ رُخ سو جائے۔ درمیان میں کسی سے بات چیت نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس بات کا نیک و بد حال سوتے میں معلوم ہو جائے گا۔ اچھا خواب دیکھے تو معاملہ کرلے اگر خواب ڈراؤنا دیکھے تو انکار کردے اسی طرح سونے کے بعد گھبراہٹ یا ذہن پر بوجھ محسوس کرے تو معاملہ غلط ہے نہ کرے اگر دل و دماغ پر فرحت و خوشی محسوس ہو تو اس معاملے کو کرنے میں فائدہ ہے۔

مقدمہ میں کامیابی

اگر کسی کا مقدمہ لگ گیا ہو اور عدالت میں جب پیشی ہو تو پانی سے ہاتھ بھگو کر گیارہ مرتبہ

یَا حَلِیْمُ

پڑھ کر ہتھیلیوں پر دم کر کے اپنے چہرے (منہ) پر پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن سختی نہ کر سکے گا اور حاکم یا جج نرمی و مہربانی سے پیش آئے گا۔ جب بھی پیشی ہو یہ عمل کر لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقدمہ کا فیصلہ اس کے حق میں ہوگا اور کامیابی حاصل ہوگی۔

بُرے اخلاق اور روحانی امراض سے حفاظت

اگر کوئی شخص بُرے اخلاق کا مالک ہو اور ہر کسی سے اس کا جھگڑا ہوتا ہو یا وہ روحانی امراض میں مبتلا ہو حسد، بغض، کینہ، دشمنی، غیبت، ان کے علاوہ زنا، شراب اور جوا وغیرہ جیسے گناہوں میں مبتلا ہو تو ان سب روحانی امراض سے چھٹکارہ کے لئے ہر نماز کے بعد ایک سو ایک بار

یَا غَفُوْرُ

پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے ان تمام روحانی امراض سے نجات حاصل ہوگی اور مال و صحت میں برکت ہوگی، تندرستی قائم ہوگی۔

دمہ، تھکن، جسم کا بھاری پن

اگر کسی شخص کو دمہ کی شکایت ہو یا تھکن رہتی ہو یا جسم بھاری رہتا ہو تو اسم الٰہی

یَاشَکُوْرُ

گیارہ بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرے اور پانی پی لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

عہدہ پر بحالی کے لئے

اگر کوئی آدمی اپنے عہدہ سے معزول ہوگیا ہو یا عہدہ سے نیچے والے عہدے پر لگادیا گیا ہو اور چاہتا ہو کہ اپنے سابقہ عہدے پر بحال ہو جائے تو اس کے لئے مسلسل سات روزے رکھے اور روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ

یَاکَبِیْرُ

پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اپنے عہدہ پر بحال ہو جائے گا اور اسے بزرگی اور برتری نصیب ہوگی۔ معزول کرنے والے افسر خود ذلیل و خوار ہو کر وہاں سے تبادلہ ہو کر چلے جائیں گے۔

بیمار کی صحتیابی کے لئے

اگر کوئی شخص مسلسل بیمار چل رہا ہو اور اس کی بیماری ختم نہ ہوتی ہو یا کسی کو کوئی موذی مرض چمٹ گیا ہو تو اس کے لئے مریض خود پڑھ لے یا کوئی دوسرا مرد ہو یا عورت، بچہ ہو یا بچی نو مرتبہ

یَاکَبِیْرُ

پڑھ کر مریض پر دم کر دیا کرے اگر مریض خود پڑھے تو نو مرتبہ پڑھ کر اپنی دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر مل لے۔ اگر ایسا نہ کر سکے تو اپنے سینے پر دم کر لے۔ یہ عمل نوے (۹۰) دن مسلسل کرے انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی۔

روزی میں برکت اور اضافہ

اگر کسی شخص کی روزی تنگ ہو گذارہ مشکل سے ہوتا ہو تو اس کے لئے روزانہ یہ اسم بارہ ہزار بار باوضو پڑھے اول و آخر ایک ایک سو بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل باوضو بہتر (۷۲) دن بلا ناغہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت اور اضافہ ہوگا۔ وہ اسم الٰہی یہ ہے۔

یَابَاسِطُ

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

مشکل آسان کرنا

اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آئے اور وہ مشکل آسان نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے ہر نماز کے بعد باوضو

یَاخَافِضُ

ایک ہزار چار سو اکیاسی (۱۴۸۱) بار پڑھے جب تک مشکل آسان نہ ہو جائے برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل آسان ہو جائے گی اور کام ہو جائے گا۔

بڑے دشمن کو ناکام کرنا

اگر کسی کے دشمن اثر و رسوخ والے ہوں یا بڑے طاقتور ہوں یا طاقتور گروہ سے تعلق رکھتے ہوں اور ان کا مقابلہ مشکل ہو اور ان کے نقصان سے محفوظ رہنا ناممکن ہو تو اس کے لئے تین دن مسلسل روزے رکھے۔ پھر چوتھے دن ایک ہی مجلس (بیٹھک) میں چند آدمی مل کر

یَاخَافِضُ

ستر ہزار (۷۰۰۰۰) مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دشمنوں کی ناکامی اور آپس میں لڑائی جھگڑا پیدا ہونے کی دعا کریں اور یہ دعا کریں کہ دشمن ہمیشہ کے لئے یہاں سے رفع ہو جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ناکام ہو کر شہر چھوڑ جائے گا

روزی میں برکت کے لئے

جو شخص غربت کے باعث پریشان ہو اور چاہتا ہو کہ اس کی روزی میں اضافہ اور برکت پیدا ہو تو اس کے لئے قبلہ رُخ بیٹھ کر باوضو اکتالیس بار یہ کلمات پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی روزی میں برکت اور اضافہ محسوس کرے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

یَاحَافِظُ یَاحَفِیْظُ یَارَقِیْبُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ

گم شدہ بچہ یا چیز کا ملنا

اگر کسی کا بچہ گم ہو جائے یا چیز گم ہو جائے یا گھر سے کوئی ناراض ہو کر چلا جائے یا کوئی جانور لاپتہ ہو جائے تو اس کے لئے اسم الٰہی

یَارَقِیْبُ

کثرت سے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گم شدہ بچہ یا چیز یا جانور مل جائے گا۔ جب تک نہ ملے برابر پڑھتا رہے چلتے پھرتے وضو بے وضو ہر حال میں پڑھتا رہے۔

میاں بیوی کا جھگڑا ختم

اگر میاں بیوی میں جھگڑا رہتا ہو۔ گھر کا سکون برباد

ہو چکا ہو۔ ہر وقت کی بک بک جھک جھک سے بچے الگ پریشان رہتے ہوں۔ نہ رات کو سکون نہ دن کو چین۔ ایسی صورت میں

یَاوَدُوْدُ

ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر تمام کھانے پر دم کرے اور سب گھر والے ایک ساتھ بیٹھ کر کھانا کھائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپس کا جھگڑا ختم ہو کر باہمی محبت و پیار پیدا ہو گا اور گھر کا سکون لوٹ آئے گا۔ مجرب عمل ہے۔

ہر قسم کی پریشانی کا خاتمہ

اگر کوئی شخص کسی قسم کی پریشانی میں مبتلا ہو جائے یا اس پر اچانک پریشانی آجائے تو اس کے دور کرنے کے لئے اول دو رکعت نماز نفل ادا کرے اور اس کے بعد یہ دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند مرتبہ یہ عمل کرنے سے تمام پریشانی دور ہو جائے گی۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ یَاوَدُوْدُ اَللّٰھُمَّ یَاوَدُوْدُ اَللّٰھُمَّ یَاوَدُوْدُ یَاذَالْعَرْشِ الْمَجِیْدِ یَامُبْدِئُ یَامُعِیْدُ یَافَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ وَجْھِکَ الَّذِیْ مَلَاَ اَرْکَانَ عَرْشِکَ وَ

بِقُدْرَتِکَ الَّتِیْ قَدَرْتَ بِھَا عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِکَ وَبِرَحْمَتِکَ الَّتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ یَامُغِیْثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ یَامُغِیْثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ یَامُغِیْثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ۔

ہر قسم کے موذی مرض سے نجات

اگر کوئی شخص کسی موذی مرض میں مبتلا ہو مثلاً برص، آتشک، جذام، شوگر، بلڈ پریشر، کینسر، کالا یرقان وغیرہ تو وہ چاند کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخ کو روزے رکھے اور افطار کے بعد مغرب کی نماز پڑھ کر کثرت سے

یَامَجِیْدُ

پڑھتا رہے اور عشاء کی اذان کے وقت پانی پر دم کر کے پی لے۔ یہ عمل تینوں دن برابر کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہو گی۔

عزت کا مقام حاصل کرنے کے لئے

جس شخص کو اپنے گھر، اپنے دوستوں، اپنے ملنے جلنے والوں میں عزت کا مقام حاصل نہ ہو اور لوگ اسے بے عزت اور گھٹیا خیال کرتے ہوں تو اس کے لئے روزانہ

بعد نماز فجر ننانوے ۹۹ بار

یَا مَجِیْدُ

پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے ہتھیلیاں اپنے تمام بدن پر پھیر لے انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس ۴۱ دن عمل کرنے کی برکت سے ہر جگہ عزت ملے گی اور دوست احباب میں باعزت شمار ہوگا۔

بیوی اور اولاد کا فرمانبردار ہونا

جس شخص کی بیوی یا اولاد نافرمان ہو اور اس کا کہنا نہ مانتے ہوں ہر وقت مخالفت کرتے رہتے ہوں تو اس کے لئے صبح کے وقت بچہ یا بیوی کی پیشانی (ماتھے) پر ہاتھ رکھ کر اکتیس ۳۱ مرتبہ

یَا شَهِیْدُ

پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بیوی یا بچہ فرمانبردار بن جائے گا۔

قید سے رہائی کے لئے

اگر کوئی شخص قید ہو گیا ہو اور رہائی چاہتا ہو تو اس کے لئے آدھی رات کو اٹھ کر ننگے سر ایک سو آٹھ (۱۰۸) مرتبہ

یَا حَقُّ

پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے قید سے رہائی مل جائے گی۔

گم شدہ چیز کا ملنا

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے یا بچہ غائب ہو جائے تو ایک پاک چوکور (چار کونے والا) کاغذ لے کر ہر کونے پر

اَلْحَقُّ

لکھے اس طرح



آدھی رات کو اس کاغذ کو دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر پر کھلا رکھ کر بغیر چھت کی جگہ آسمان کے نیچے کھڑا ہو جائے اور

یَا حَقُّ

ایک سو ننانوے (۱۹۹) بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ گم شدہ چیز یا بچہ مل جائے گا۔

—

بُرے کاموں سے بچنے کا عمل

اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ کا بندہ اور حضور اکرم حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا امتی اور آپ سے محبت کرنے والا ہو لیکن پھر بھی گناہوں میں مبتلا ہو اور بار بار اس گناہ کا ارتکاب کرتا ہو لاکھ سمجھانے کے باوجود گناہ سے نہیں بچ سکتا تو اس کو چاہیئے کہ دس بار

یَا وَکِیْلُ

پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لیا کرے اور دس بار یہ اسم مبارک لکھ کر پانی میں گھول کر وہ پانی پی لے تو انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے اس گناہ سے ہمیشہ کے لئے بچ جائے گا۔

رزق کی تنگی دور کرنا

اگر کسی کی روزی تنگ ہے۔ محدود آمدنی میں گھر کا گذارہ مشکل ہے گھر میں ہر چیز کی کمی رہتی ہے۔ پیٹ بھر کر کھانا نصیب نہیں ہوتا ہر وقت طبیعت پریشان رہتی ہے تو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب اور مفید ہے۔

باوضو ایک بیٹھک (نشست) میں ایک ہزار بار

یَا قَوِیُّ

پڑھے۔ اس کے بعد ایک ہزار بار یہ آیت پڑھے

اَللّٰہُ لَطِیْفٌۢ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ۝

یہ عمل اکتالیس ۴۱ دن بلا ناغہ کرے اور پڑھنے کا ایک وقت مقرر کر کے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رزق میں اضافہ شروع ہو جائے گا۔ عمل شرط ہے۔

طاقتور دشمن کو دفع کرنا

اگر کوئی دشمن طاقت ور اور خطرناک ہو اور ہر وقت نقصان کے لئے تیار رہتا ہو اور نقصان پہنچانے کے نئے نئے منصوبے بناتا رہتا ہو تو اس کے نقصان سے محفوظ رہنے اور اس کو دفع کرنے کے لئے تھوڑا سا خمیری آٹا لے کر اس کی ایک ہزار ایک سو (گیارہ سو ۱۱۰۰) چنے کے برابر یا اس سے بھی چھوٹی گولیاں بنائے اور پھر

یَا قَوِیُّ

ایک مرتبہ پڑھ کر ایک گولی پر دم کرے اور وہ گولی مرغ کو کھلا دے۔ یہاں تک کہ سب گولیاں مرغ کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے دشمن مغلوب ہو گا، قہر خداوندی میں مبتلا ہو گا اور وہاں سے دفع ہو جائے گا۔ مجرب عمل ہے۔

تنبیہ: یہ عمل کرنے سے پہلے کسی شریعت کے پابند

نیک دل عالمِ دین سے مشورہ کرلے اور پھر کرے ورنہ ناجائز طور پر کسی کو تباہ و برباد کرنے کی کوشش کرے گا تو خود تباہ ہونے کا ڈر ہے۔ لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

فاسق وفاجر لڑکے یا لڑکی کی اصلاح

اگر کسی کی لڑکی یا لڑکا غلط کاموں میں گرفتار ہو اور کسی طور بھی اپنی نازیبا حرکتوں سے باز نہیں آتے تو

اَلْقَوِیُّ الْمَتِیْنُ

دس مرتبہ باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرکے اس لڑکے یا لڑکی کو وہ پانی پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس دن کے عمل سے وہ راہ راست پر آجائیں گے۔

بُری عادتیں دور کرنا

اگر کوئی شخص بُری عادتوں میں مبتلا ہو یا اس کی اولاد بُری عادتوں کی عادی ہو تو ان کے صحیح ہونے کے لیے مسلسل پینتالیس دن تراسی (۹۳) مرتبہ روزانہ

یَاحَمِیْدُ

باوضو پڑھے اور بُری عادتوں سے نجات کی دعا کرے۔ اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ کا فضل ہوگا اور انشاء اللہ تعالیٰ تمام بُری عادتیں چھوٹ جائیں گی۔

خود کو عزت والا اور محبوب بنانا

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ لوگ اس کی عزت کریں اور اس سے محبت کریں۔ اُس کی محبت و عزت ان کے دلوں میں بیٹھ جائے تو اس کے لئے اسم الٰہی

یَا بَاطِنُ

ہر فرض نماز کے بعد تینتیس (۳۳) مرتبہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جو شخص بھی اسے دیکھے گا محبت کرے گا۔ اور اس کے ساتھ عزت و احترام کا برتاؤ کرے گا۔

زمین، امانت، کاغذات کی حفاظت

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی زمین پر کوئی قبضہ نہ کرے۔ اسی طرح اگر کوئی رقم یا کوئی چیز یا مکان یا دوکان یا گاڑی کے کاغذات کسی کے پاس رکھواتے ہیں وہ کاغذات محفوظ رہیں اور ان میں خیانت نہ ہو تو ایک کاغذ پر

اَلْبَاطِنُ

باوضو لکھ کر ان کاغذات میں رکھ دے۔ اگر زمین ہے تو باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر ایک پلاسٹک کی

بوتل میں بند کر کے زمین کے درمیان بہت گہرائی میں دفن کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس زمین پر کوئی قبضہ نہ کر سکے گا۔ اور زمین محفوظ رہے گی اور کاغذات و امانت بھی محفوظ رہے گی۔

شراب اور زناکاری سے حفاظت

جو شخص شراب کی بُری لت میں گرفتار ہو یا زناکاری جیسے خبیث عمل میں مبتلا ہو اور اس سے بچنا چاہتا ہو تو ہر نماز فرض کے بعد سات مرتبہ

اَلْبَرُّ

پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ شراب کی عادت چھوٹ جائے گی اور اسی طرح زناکاری سے نفرت ہو جائے گی۔

سانپ کے کاٹے کا علاج

اگر کسی بچے یا بڑے کو سانپ ڈس لے (کاٹ لے) تو اسمائے الٰہی

اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ

کو ایک سو ایک (۱۰۱) بار باوضو پڑھ کر کاٹے ہوئے مقام پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سانپ کا کاٹا ہوا مریض تندرست ہو جائے گا۔

گرفتاری سے بچنے کا عمل

اگر کسی شخص کو کسی سلسلے میں اپنی گرفتاری کا ڈر ہو تو گرفتاری سے محفوظ رہنے کے لئے نماز فجر سے قبل باوضو ایک سو پچیس (۱۲۵) بار اسم الٰہی

یَا صَمَدُ

سجدے میں سر رکھ کر پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حفاظت اور دشمن کی ناکامی کی دعا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ حالات ایسے بدل جائیں گے کہ گرفتاری سے بچ جائے گا۔

لڑکا ہونے کے لئے

جس شخص کے لڑکا نہ ہوتا ہو اور لڑکیاں ہی لڑکیاں ہوں تو وہ شخص روزانہ باوضو چالیس مرتبہ

اَلْاَوَّلُ

پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی مراد پوری ہوگی اور لڑکا ہوگا۔

تمام حاجتیں پوری ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی تمام حاجتیں پوری ہوں اور وہ اپنے جملہ مقاصد میں کامیاب ہو تو

اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ عمل یہ ہے۔ اول دو رکعت نماز نفل ادا کرے اس کے بعد ایک سو پینتالیس (۱۴۵) مرتبہ

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

پڑھے۔ اور روزانہ پڑھتا رہے۔ ہمیشہ اس عمل کو کرنے کی برکت سے اس کی تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔

بیماری سے نجات اور لمبی عمر کے لئے

اگر کوئی شخص ایک ہزار بار اسم الٰہی

یَا حَیُّ

پڑھ کر بیمار پہ دم کرے یا بیمار خود پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کرے اور تمام بدن پر پھیرے تو جلد ہی انشاء اللہ بیماری سے نجات حاصل ہو گی اور مریض کی عمر لمبی ہو گی۔ مجرب عمل ہے۔

گھر کی حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کا تمام گھر اور اسمیں رہنے والے تمام بیماریوں سے محفوظ رہیں۔ نیز وبائی امراض اور خطرناک بیماریاں (چیچک، یرقان، ہیضہ، کالا یرقان، موتی جھرا یعنی ٹائیفائیڈ وغیرہ)

اس گھر میں داخل نہ ہوں تو اسم الٰہی

اَلْحَیُّ

ایک سو بیس (۱۲۰) بار باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر دروازے پر لٹکا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گھر میں رہنے والے تمام افراد ہر قسم کی بیماری سے محفوظ رہیں گے۔

نیند نہ آنے یا زیادہ نیند آنے کا عمل

اگر کسی آدمی کو رات کو نیند نہ آتی ہو اور رات جاگ کر گذارتا ہو تو یہ دو آیتیں ایک ایک مرتبہ پڑھے۔

وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۚ وَنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ۚ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ۚ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ۝ وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ ۚ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ۚ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۚ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ۚ فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا ۝ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ۝ وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيْهَا ۚ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ ۚ فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ۚ رَبُّهُمْ اَعْلَمُ بِهِمْ ۚ قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰٓى اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا ۝ سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًا بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ ۚ فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا ۚ وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ۝

انشاء اللہ تعالیٰ جلد نیند آجائے گی۔

اسی طرح جو شخص بہت زیادہ سونے کا عادی ہو اس کے لئے یہ آیت پڑھ کر دم کی جائے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی نیند بھاگ جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ

چوری گیا ہوا مال ملنا

اگر کسی کے گھر چوری ہو گئی ہو اور چور ڈاکو لوٹ مار کر کے سامان لے گئے ہوں تو کثرت سے چلتے پھرتے،

وضو، بے وضو ہر وقت

یَامُبْدِئُ

پڑھتا رہے ناغہ نہ کرے اور نہ اس کا پڑھنا چھوڑ دے۔ جب تک مال نہ ملے برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مال ضرور مل جائے گا۔ عمل شرط ہے اور اللہ تعالیٰ پر سچا عقیدہ رکھے کہ اس کا نام بابرکت ہے میرا گیا ہوا مال ضرور ملے گا۔

گم شدہ اور کھویا ہوا مال یا لڑکا مل جائے

اگر کسی کا مال کھو گیا ہو یا لڑکا، لڑکی یا عورت، نوکر بھاگ گئے ہوں یا غائب ہو گئے ہوں تو اس کے لئے یہ عمل بہت لاجواب ہے۔ عمل یہ ہے۔

جب گھر کے تمام آدمی سو جائیں تو گھر کے چاروں کونوں میں کھڑے ہو کر ستر ستر مرتبہ اسم الٰہی

یَامُعِیْدُ

پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گم شدہ شخص یا مال سات دن میں مل جائے گا یا اس کا پتہ معلوم ہو جائے گا۔

بیماری سے صحت کے لئے

اگر کوئی شخص بیمار ہو اور اس کی صحت خراب ہو تو اس کے لئے اسم الٰہی

اَلْحَیُّ

باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر چینی کی پلیٹ میں اس طرح لکھے کہ تمام پلیٹ میں یہ نام لکھا ہوا ہو کوئی جگہ پلیٹ میں خالی نہ رہے۔ اس پلیٹ کو میٹھے پانی سے دھو کر مریض کو پلایا جائے۔ ایک پلیٹ کا پانی تین دن تک مریض کو صبح و شام پلا جائے جب تک مریض صحتیاب نہ ہو جائے برابر پلاتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی تندرست ہو جائے گا۔

سُستی کاہلی دور کرنا

اگر کوئی شخص سُستی اور کاہلی میں گرفتار ہو جس کے سبب وہ ترقی سے محروم ہو اور اس کو ہر کام میں ناکامی ہوتی ہو اور ہر کام سُستی کے سبب خراب ہو جاتا ہو تو اس کے لئے فجر کی نماز کے بعد سے سورج نکلنے تک

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

برابر پڑھتا رہے اس کے بعد اشراق کی دو یا چار رکعت پڑھ کر سُستی و کاہلی دور ہونے کی دعا کرے۔ چند دن عمل کرنے کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کی سُستی و کاہلی دور ہو جائے گی اور ہر وقت بدن

چاق و چوبند رہے گا۔

حاکم کے سامنے پیش ہونا

اگر کوئی شخص حاکم کے سامنے پیش ہونا چاہتا ہے لیکن ڈرتا ہے کہ حاکم اس پر کوئی ظالمانہ فیصلہ نہ کر دے تو اس کے لئے

یَا اَحَدُ

نو مرتبہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر کے حاکم کے سامنے جائے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم نرمی سے پیش آئے گا اور جو کام ہے وہ مرضی کے مطابق کر دے گا۔

دعا کا ضرور قبول ہونا

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی دعا ضرور قبول ہو اور کسی صورت میں بھی نامقبول نہ ہو ورنہ بہت بڑا نقصان ہو جائے گا اور زندگی پر اس کے اثرات بہت خطرناک پڑیں گے۔ زندگی کا کیریئر تباہ ہو جائے گا۔ اس مقصد کے لئے جب بھی دعا مانگے دعا کرنے سے پہلے تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد ایک بار یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ بِاَنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ

لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔

پھر جو مقصد ہے اس کی دعا مانگے پھر تین بار درود شریف پڑھ کر دعا کو ختم کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند دن میں دعا کی قبولیت کے آثار ظاہر ہوں گے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

دودھ کی کمی دور کرنا

اگر کسی عورت یا جانور کے دودھ کم ہو اور بچہ پوری طرح سیراب نہیں ہوتا بلکہ بھوکا رہتا ہے تو اس کے لئے اسم الٰہی

اَلْمُتِیْنُ

سفید پاک کاغذ پر گیارہ مرتبہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

کے ساتھ لکھ کر اور پانی سے دھو کر عورت یا جانور کو روزانہ پلایا کرے۔ چند دن عمل کرنے کی برکت سے

انشاء اللہ تعالیٰ دودھ زیادہ مقدار میں پیدا ہوگا کہ بچہ سیر ہو کر پیئے گا ۔ بہت مجرب عمل ہے ۔

عزت، فتح اور کامیابی کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ سب لوگ اس کی عزت کریں۔ جس کام میں ہاتھ ڈالے کامیابی ملے۔ اگر دشمن سے مقابلہ ہو کامیابی حاصل ہو۔ اس کے لئے اسم الٰہی

یَاحَمِیْدُ

بعد نماز فجر روزانہ ننانوے (۹۹) بار پڑھا کرے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر شخص عزت کرے گا اور ہر کام میں کامیابی حاصل ہوگی اور غیب سے دشمن کے مقابلے میں فتح حاصل ہوگی اور چہرے پر نور ظاہر ہوگا۔

حمل کی حفاظت کے لئے

اگر کسی کی بیوی کے حمل ہو اور وہ ڈرتا ہو کہ حمل گر نہ جائے بلکہ محفوظ رہے تو اس کے لئے بعد نماز فجر نوّے (۹۰) مرتبہ

یَامُبْدِئُ

پڑھ کر شہادت کی انگلی (ہاتھ کے انگوٹھے کے برابر والی انگلی) پر دم کرے اور وہ انگلی بیوی کے

پیٹ کے چاروں طرف پھیر دے۔ یہ عمل صرف ایک مرتبہ کرنا کافی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل گرنے سے محفوظ رہے گا اور بچہ صحیح وسالم پیدا ہوگا۔

لڑکے کی تمام آفات سے حفاظت

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا لڑکا تمام آفات و بلیات اور ہر قسم کے شر اور فتنہ سے محفوظ رہے اور جوان ہونے تک اسے کوئی نقصان نہ پہنچے تو اسم الٰہی

اَلْبَرُّ

کو ایک سانس میں سات بار پڑھ کر اپنے لڑکے پر دم کرے اور اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ لڑکا بالغ ہونے تک تمام حادثات، آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا۔

شراب پینے کی عادت چھڑوانا

اگر کسی کا بیٹا، بیٹی یا کوئی عزیز شراب پیتا ہے۔ اور شراب پینے سے باز نہیں آتا تو وہ اسم الٰہی

اَلتَّوَّابُ

کو باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک چینی کی پلیٹ پر اس طرح لکھے کہ کوئی جگہ خالی نہ رہے اور اس پلیٹ کو بارش کے پانی سے دھو کر

شراب پینے والے کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے شراب پینے کی عادت چھوٹ جائے گی اور وہ انشاء اللہ تعالیٰ تائب ہو جائے گا۔

دشمن کو دوست بنانا

اگر کسی شخص کے دشمن خطرناک اور موذی ہوں ہر وقت نقصان پہنچانے کے نئے نئے طریقے اختیار کرتے رہتے ہوں تو ان کی دشمنی کو ختم کرنے اور ان کو دوست بنانے کے لئے اسم الٰہی

اَلْعَفُوُّ

چلتے پھرتے ہر حالت میں اور ہر نماز کے بعد ایک ایک سو مرتبہ پڑھا کرے۔ یہ عمل اکتالیس ۴۱ دن مسلسل کرے اور درمیان میں ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دوست بن جائیں گے۔

بیماری سے نجات کے لئے

جو شخص کسی بھی بیماری میں مبتلا ہو اس کی صحت کے لئے

یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِیَدِکَ الْخَیْرُ وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

باوضو ایک سو بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو

روزانہ پلائے تو انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحتیاب ہو گا۔

دشمنوں کی زبان بندی کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے دشمن اس کی مخالفت نہ کریں، اس کے خلاف بدگوئی اور بدزبانی نہ کریں نہ اس کی غیبت کریں نہ شکایت کریں تو اس کے لئے رات کو جب آدھی رات گذر جائے بستر سے اُٹھ کر وضو کرے اور گیارہ ۱۱ سو بار اسم الٰہی

یَا صَبُّوْرُ

پڑھے۔ یہ عمل گیارہ ۱۱ دن کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں کی زبانیں بند ہو جائیں گی اور اس کے خلاف کچھ نہ بول سکیں گے۔

ہر قسم کا غم دور کرنا

اگر کوئی آدمی کسی غم میں یا مصیبت میں مبتلا ہو اور چاہتا ہو کہ یہ غم اور مصیبت جلد از جلد دور ہو جائے تو اس کے لئے روزانہ ایک ہزار ۱۰۰۰ بار

یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

پڑھے۔ یہ عمل اکتالیس ۴۱ دن کرے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا غم ختم ہو گا مصیبت دور ہو گی اور رزق میں برکت ہو گی۔

مختلف علماء کے عملیات وتعویذات

پڑھ کر بھول جانا، حافظہ کی کمزوری

اگر کسی طالب علم میں بھول چوک کا مادّہ بہت زیادہ ہو اور جو قرآن پاک یاد کرتا ہے بھول جاتا ہے یا کتابیں پڑھتا ہے لیکن خوب یاد کرنے کے باوجود یاد نہیں کر سکتا اور بھول جاتا ہے تو اس کے لئے یہ نقش باوضو ایک بسکٹ یا روٹی کے ٹکڑے پر لکھے اور وہ بسکٹ یا روٹی کا ٹکڑا چار دن تک مسلسل مذکورہ طالب علم کو نہار منہ (جبکہ صبح کو کھایا پیا نہ ہو) کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ طاقت والا ہو جائے گا اور جو پڑھے گا یاد رہے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

یہ دونوں ایک ہی نقش کا حصّہ ہیں۔

۷۸۶

بِسْمِ	اللّٰہِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِیْمِ
یَا سَمِیْعُ	الدُّعَاءِ	یَا عَلِیْمُ	اَلْقَ
بِاسْمِہٖ	سُبْحٰنَکَ	لَا عِلْمَ	لَنَا
اِلَّا	مَا	عَلَّمْتَنَا	یَا اَللّٰہُ

۷۸۶

۹۸۶	۹۸۶	۹۸۶	۹۸۶
۹۸۶	۹۸۶	۹۸۶	۹۸۶
۹۸۶	۹۸۶	۹۸۶	۹۸۶
۹۸۶	۹۸۶	۹۸۶	۹۸۶

ہر مرض سے صحت اور جنگ سے بسلامتی واپسی

اگر کوئی شخص کسی بھی بیماری میں مبتلا ہو، بچہ ہو یا بڑا اس کو یہ نقش باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر صبح

ناشتہ سے قبل پلائے انشاء اللہ تعالیٰ بیمار جلد صحتیاب ہوگا۔ اگر کوئی شخص محاذ جنگ پر جا رہا ہو تو یہ نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جنگ سے صحت و سلامتی کے ساتھ واپس آئے گا۔ اسی طرح اگر کوئی بچہ ڈرتا ہو یا روتا رہتا ہو تو یہ نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا کالے چمڑے میں سلوا کر بچہ کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا اور اس کا ڈر و خوف دور ہو جائے گا۔

وہ نقش معظم یہ ہے

۷۸۶

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

ہر قسم کی مشکلات کے حل کے لئے

اگر کسی شخص کو کوئی سخت مشکل پیش آگئی ہو یا کوئی ضرورت پیش آگئی ہو تو اس کے لئے نیا چاند دیکھنے سے پہلے بعد نماز عصر غسل کرے اور شام کو چاند دیکھے اور بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد

سات سو چھیاسی (۷۸۶) بار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

پڑھے اس کے بعد آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے مشکل کے حل ہونے یا اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا اور اس کی مشکل حل ہوگی۔

لڑکا ہونے کے لئے

اگر کسی عورت کے لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں اور لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کر کے عورت کے بائیں بازو پر باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔

۷۸۶

ح	و	ح	دو
دع	دع	ح	ہ و
ک	و	ح	و ۴ ع

برائے حُب

سورۃ والنازعات (پوری سورت) گیارہ بار باوضو پڑھ کر گڑ، مٹھائی، کھیر، چنے یا کھجور، انار، انگور پر دم کر کے

جس کو کھلائے وہ محبت کرنے لگے گا۔

تنبیہ: یہ عمل صرف جائز مقصد کے لئے درست ہے اگر ناجائز مقصد کے لئے کرے گا تو ذلیل و خوار ہوگا اور ناکام رہے گا لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

سورۃ والنازعات یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ۝ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ۝ وَّ
السّٰبِحٰتِ سَبْحًا ۝ فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ۝ فَا
فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ۝ يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ۝
تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ۝ قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ۝
اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۝ يَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ
فِي الْحَافِرَةِ ۝ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ۝
قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ۝ فَاِنَّمَا هِيَ
زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝ فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ۝
هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۝ اِذْ نَادٰىهُ رَبُّهٗ
بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ۝ اِذْهَبْ اِلٰى
فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ۝ فَقُلْ هَلْ لَّكَ اِلٰى
اَنْ تَزَكّٰى ۝ وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ۝
فَاَرٰىهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ۝ فَكَذَّبَ وَعَصٰى ۝
ثُمَّ اَدْبَرَ يَسْعٰى ۝ فَحَشَرَ فَنَادٰى ۝ فَقَالَ
اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى ۝ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ

وَالْاُوْلٰی ۝ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ یَّخْشٰی ۝
ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَآءُ ۚ بَنٰىهَا ۝ رَفَعَ
سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا ۝ وَاَغْطَشَ لَیْلَهَا وَاَخْرَجَ
ضُحٰىهَا ۝ وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ۝ اَخْرَجَ
مِنْهَا مَآءَهَا وَمَرْعٰىهَا ۝ وَالْجِبَالَ اَرْسٰىهَا ۝
مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ۝ فَاِذَا جَآءَتِ
الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰی ۝ یَوْمَ یَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ
مَا سَعٰی ۝ وَبُرِّزَتِ الْجَحِیْمُ لِمَنْ یَّرٰی ۝
فَاَمَّا مَنْ طَغٰی ۝ وَاٰثَرَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا ۝ فَاِنَّ
الْجَحِیْمَ هِیَ الْمَاْوٰی ۝ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ
رَبِّهٖ وَنَهَی النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰی ۝ فَاِنَّ الْجَنَّةَ
هِیَ الْمَاْوٰی ۝ یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَیَّانَ
مُرْسٰىهَا ۝ فِیْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ۝ اِلٰی رَبِّكَ
مُنْتَهٰىهَا ۝ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ یَّخْشٰىهَا ۝
پہنچائے (کہ اے اللہ تعالیٰ یہ جو سورۂ فاتحہ پڑھی ہے اس کا ثواب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو پہنچے) اس کے بعد پھر بسم اللہ کے ساتھ سورۂ فاتحہ پڑھے اور اس کا ثواب حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو بخشے۔ اس کے بعد سورۂ فاتحہ بسم اللہ کے ساتھ پڑھ کر اس کا ثواب حضرت شیخ بہاؤ الدین زکریا رحمۃ اللہ علیہ کو بخشے۔ اس کے بعد سورۂ فاتحہ کی ایک ایک آیت روزانہ اس ترتیب اور تعداد کے مطابق پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مراد پوری ہوگی۔ ہر مطلب حاصل ہوگا اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

برائے فتح و کامیابی

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ ہر جگہ فتح و کامیابی حاصل کرے تو اس کو چاہیئے کہ باوضو سورۂ مزمل عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ لے یا عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جس کام میں ہاتھ ڈالے گا کامیابی حاصل ہوگی۔ سورۂ مزمل انتیسویں پارہ میں ہے۔

کسی قسم کا کام اٹکنا

اگر کسی شخص کا کوئی کام اٹک گیا ہو یا کوئی مسئلہ پھنس گیا ہو اور مسئلہ حل نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے باوضو روزانہ سورۃ مزمل دس مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا کیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی وہ کام مکمل ہو جائے گا۔ مجرب عمل ہے۔ (سورۃ مزمل انتیسویں پارہ میں ہے)

برائے فرزند نرینہ

اگر کسی کے یہاں لڑکا پیدا نہیں ہوتا اور کوئی علاج اور دوا کام نہیں کرتے تو اس کے لئے یہ عمل ضروری ہے۔ میاں بیوی روزہ رکھیں اور بعد نماز عصر غسل کریں اور اول گیارہ بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد اکیس بار سورۃ مزمل پڑھیں پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے رکھ لے۔ شوہر پڑھ لے یا عورت پڑھ لے۔ اس پانی سے روزہ کھولیں۔ اسی طرح تین دن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔ یہ عمل ہر ماہ عورت کے حیض سے پاک ہونے کے بعد کریں۔ جب تک حمل نہ ٹھہرے برابر عمل کرتے رہیں۔

اگر قرض ادا نہ ہوتا ہو

اگر کوئی شخص قرض میں جکڑ گیا ہو اور قرض کسی طرح ادا ہونے کا نام نہیں لیتا تو اس کے لئے بعد نماز عشاء سونے سے قبل اول گیارہ بار درود شریف اس کے بعد دس مرتبہ سورۃ مزمل (پ ۲۹) اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر روزانہ دعا کیا کرے کہ اللہ تعالیٰ قرض ادا ہونے کا اپنے قدرت کاملہ سے انتظام فرما دے۔ اس کے بعد سو جائے۔ نہ کسی سے بات کرے نہ کوئی دوسرا کام کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی قرض ادا ہو جائے گا۔

برائے برکت بے حساب کے لئے

مندرجہ ذیل نقش بروز بدھ باوضو لکھ کر رقم کے بٹوے یا تھیلی یا پیٹی (بکس) میں رکھے یا گلے میں رکھے انشاء اللہ تعالیٰ خوب برکت ہوگی۔

وہ نقش معظم یہ ہے۔



تین دن یا چار دن کا بخار

اگر کسی کو ایک دن چھوڑ کر دوسرے دن بخار آتا ہے یا دو دن چھوڑ کر بخار آتا ہے تو ان الفاظ کو لکھ کر جلا کر ناک میں اس کی دھونی دے۔ مجرب ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی بخار سے نجات ملے گی وہ الفاظ یہ ہیں۔

فرعون لعنتی ہامان لعنتی نمرود لعنتی عاد لعنتی شداد لعنتی پلیداد لعنتی طلیقا لعنتی ابلیس لعنتی دیوان پریان ملحد شیطان

برائے محبت

جائز محبت کے لئے یہ طلسم بہت مجرب ہے۔ ایک طلسم لکھ کر مرد دائیں بازو پر باندھے اور عورت بائیں بازو پر باندھے۔ وہ طلسم یہ ہے۔



برائے قضاے حاجت (حاجت پورا ہونے کے لئے)

پیر کے دن سے شروع کرے اور بارہ دن عمل کرے۔ باوضو بعد نماز فجر ہر روز پڑھے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْفَيَّاضُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

اس کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھے

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ النَّبِيُّ الْمُخْتَارُ الْكَرِيْمُ

اس کے بعد بیس مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى النَّبِيِّ الَّذِيْ اُمِّيِّ مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ

اس کے بعد بارہ مرتبہ پڑھے۔

يَا اَللّٰهُ اَنْتَ صَمَدِيْ وَمِنْكَ مَدَدِيْ وَ عَلَيْكَ مُعْتَمَدِيْ

اس کے بعد دس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے۔

سورہ فاتحہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

اس کے بعد دس مرتبہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

اس کے بعد بارہ مرتبہ پڑھے۔

يَامُفَتِّحُ فَتِّحْ يَامُفَرِّجُ فَرِّجْ يَا مُسَبِّبُ سَبِّبْ يَامُسَهِّلُ سَهِّلْ يَامُدَبِّرُ دَبِّرْ يَامُيَسِّرُ يَسِّرْ يَامُتَمِّمُ تَمِّمْ۔

اس کے بعد اپنی ضروریات کی دعا مانگے اور اپنی حیثیت کے مطابق کھانے کی میٹھی چیز (حلوا، مٹھائی، میٹھی سیویاں، میٹھے چاول وغیرہ) معصوم بچوں میں یا نمازیوں میں تقسیم کردے۔

کلمہ طیبہ کے ورد کا دوسرا طریقہ
(حاجت روائی کے لئے)

بروز ہفتہ یا جمعہ کے دن شروع کرے اکیاسی[۸۱] ہزار بار کلمہ طیبہ پڑھے۔ جس روز شروع کرے اول غسل کرے۔ پاک لباس پہنے، خوشبو لگائے، پاک مصلّے پر قبلہ رُخ بیٹھے اور پڑھنا شروع کرنے سے قبل چار رکعت نفل نماز اس ترکیب سے پڑھے۔

جب الحمد شریف پڑھنا شروع کرے تو آیت

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

کو ایک سو[۱۰۰] مرتبہ پڑھے اس کے بعد سورۂ فاتحہ ختم کرکے کوئی بھی سورۃ ایک بار پڑھ لے اس کے بعد ہفتہ کے دن شروع کرے اور اول و آخر درود شریف اکتالیس[۴۱]

اکتالیس[۴۱] مرتبہ پڑھے اس کے بعد بارہ ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھے۔ اس کے بعد روزانہ گیارہ ہزار پانچ سو (۱۱۵۰۰) مرتبہ پڑھے تاکہ جمعہ تک اکیاسی ہزار ہو جائے۔ اس کے بعد اپنے مطلب کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقصد میں ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

یرقان (پیلیہ) سے نجات

اگر کسی کو یرقان (پیلیہ) ہوگیا ہو جس کے سبب طبیعت سخت خراب ہو تو اس کے لئے سورۂ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ (سورۂ بَيِّنَه پ۳۰) باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کرکے گلے میں ڈالے اور یہی سورت ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ یرقان ختم ہو جائے گا۔

خنازیر (کنٹھ مالا) بخار کا علاج

اگر کسی بچے کو کنٹھ مالا بخار کا مرض ہوگیا ہو تو اس کے لئے گیارہ عدد نیلے دھاگے لے کر ایک ساتھ ملا کر ڈوری بنالی جائے۔ بل دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ پڑھ کر ان دھاگوں میں ایک گرہ دے کر پھونک مار دے۔ اس طرح اس دھاگے میں گیارہ گرہیں دی جائیں اور یہ گنڈہ مریض کے بازو پر باندھ دیں اور کھانا خیرات

کردیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی۔

تپ دق (ٹھہرا ہوا بخار۔ یعنی ہر وقت رہنے والا بخار) کے لئے

اگر کوئی شخص تپ دق کا مریض ہو اور اسے ہر وقت بخار رہتا ہو جس کے سبب از حد کمزوری ہو گئی ہو تو اس کے لئے سورۂ فاتحہ چالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کے چہرے پر چھینٹے دے اور وہی پانی اس مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ چالیس دن بعد مریض کو بخار سے نجات حاصل ہوگی اور مریض تندرست ہو جائے گا۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

خارش کا علاج

اگر خارش کا مرض گھر میں داخل ہو گیا تو یہ سب گھر والوں کو چمٹ جائے گا اور بڑی مشکل سے جان چھوٹے گی اس لئے اگر خدانخواستہ گھر کے کسی ایک فرد

کو خارش ہو جائے تو فوراً اس کے علاج کی طرف توجہ کی جائے۔ اس کے لئے صبح کو باوضو سات مرتبہ سورۂ قدر (پ۳۰) پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے اسی طرح شام کو کسی وقت باوضو سات بار سورۂ قدر (پ۳۰) پانی پر دم کر کے پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد از جلد خارش ختم ہو جائے گی۔ مجرب عمل ہے۔ سورۂ قدر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۝ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝ سَلٰمٌ ۝ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

لقوے کا علاج

اگر کسی شخص کو لقوہ ہو جائے (لقوے میں منہ کا جبڑا ٹیڑھا ہو جاتا ہے اور جبڑا کام نہیں کرتا) اس کے لئے چینی کی پلیٹ (جو زیر استعمال نہ ہو اور اس پر پھول پتی نہ بنے ہوں) لے کر اس پر سورۂ زلزال (پ۳۰) باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور پانی میں گھول کر وہ پانی مریض کو پلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض چند دن میں صحتیاب ہوگا۔

اور لقوے کے مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

فالج سے نجات

اگر کسی پر فالج کا اثر ہو اور ہاتھ پاؤں صحیح کام نہ کر سکیں تو اس کے لئے تانبے کی قلعی دار پلیٹ لے کر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو یہ آیات لکھے اور پانی سے دھو کر اس پانی کو فالج زدہ حصے پر لگائے اور یہی پانی پیئے۔ یہ عمل اکتالیس دن کرے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۪ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۭ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۭ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ۝

ناسور (کینسر) کا علاج

اگر کسی کو ناسور (کینسر) کا مرض ہو جائے اور کسی طرح صحیح نہ ہوتا ہو تو سات دن تک باوضو ایک سو بار

يَا سَرِيْعَ

پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات دن میں مریض تندرست ہو جائے گا۔

پھوڑے پھنسی یا ناسور کا علاج

اگر کسی کو پھنسی نکل آئے ہوں یا ناسور ہو گیا ہو تو اس کے لئے یہ آیت باوضو ایک ہزار گیارہ (۱۰۱۱) بار پڑھ کر دوا یا مرہم پر دم کرے اور وہ مرہم یا دوا پھوڑے پھنسی یا ناسور پر لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دس دن عمل کرنے کی برکت سے مرض ختم ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ۔

کوڑھ کا علاج

اگر کسی کو کوڑھ کا مرض ہو گیا ہو جس میں ہاتھوں اور پیروں کی انگلیاں گلنے لگتی ہیں اور ناخن اور انگلیوں کے سرے گل گل کر گرنے لگتے ہیں بعض مرتبہ تمام انگلیاں جھڑ جاتی ہیں اس کے لئے روزہ رکھے اور روزہ کھولنے اور نماز پڑھنے کے بعد

يَا حَمِيْدُ

کثرت سے پڑھے۔ عشاء کی نماز تک برابر پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی اس مرض سے نجات حاصل ہو گی۔

استخارہ

یہ استخارہ بہت مجرب اور بار بار کا تجربہ کردہ ہے۔ یہ استخارہ انشاء اللہ تعالیٰ پہلے ہی دن جواب دے گا اگر خدانخواستہ پہلے دن جواب نہ ملے تو برابر کرتے رہیں انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کرنے کے بعد جواب مل جائے گا۔ پھر ایسا ہو گا کہ روزانہ جواب مل جایا کرے گا۔

اس کے لئے بستر پاک، چارپائی پاک، بدن پاک، کپڑے پاک، چہرہ قبلہ رُخ ہو۔ باوضو، اب چارپائی پر دائیں کروٹ قبلہ رُخ لیٹ کر تین مرتبہ درود شریف، تین مرتبہ قل ھو اللہ احد (آخر تک) تین مرتبہ آیۃ الکرسی (پوری) پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب حضرت خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک کو ھدیہ کریں۔ پھر دوبارہ اسی طرح پڑھ کر اس کا ثواب حضرت جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو بخشیں اس کے بعد دل میں دعا کرے کہ اے علام الغیوب فلاں کام میں جو کچھ ہونے والا ہے۔ مجھے غیب سے اطلاع ہو جائے۔ اس کے بعد یہ رباعی پڑھنا شروع کرے ؎

خیر البشر بس اضطرارے دارم
در دل طپش و بر سینہ تابے دارم
تسکین بہ دل پُر اضطرارم بخشی
اُمید قوی ازاں جنابے دارم

یہ نہایت پاکیزہ عمل ہے۔ اگرچہ یہ استخارہ ہے مگر جو صاحب اس کی مداومت کریں گے یعنی اکثر عمل کرتے رہیں گے وہ قسم قسم کی برکات دیکھیں گے۔ نیز اس عمل کے روزانہ کرنے کی برکت سے روزی بھی غیب سے ملتی ہے۔ اور ہر قسم کی فکر دور ہوتی ہے۔

قوت مردمی کے لئے

اگر کسی شخص کی قوت مردمی کمزور ہو چکی ہو۔ جریان کا مرض ہو اور ہر طرح سے از کار رفتہ ہو چکا ہو۔ اس نقش معظم کو باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ ایسی زبردست قوت پیدا ہو گی کہ حیرت ہو گی۔ اگر اس نقش کو باوضو لوہے کی تختی پر کندہ کر کے بوقت مباشرت کمر میں باندھ کر مشغول ہو تو کامیاب رہے گا۔ اور کبھی شرمندہ نہ ہو گا۔

وہ نقش یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

استخارہ

یہ استخارہ بہت مجرب اور بار بار کا تجربہ کردہ ہے۔ یہ استخارہ انشاء اللہ تعالیٰ پہلے ہی دن جواب دے گا اگر خدانخواستہ پہلے دن جواب نہ ملے تو برابر کرتے رہیں انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کرنے کے بعد جواب مل جائے گا۔ پھر ایسا ہو گا کہ روزانہ جواب مل جایا کرے گا۔

اس کے لئے بستر پاک، چارپائی پاک، بدن پاک، کپڑے پاک، چہرہ قبلہ رُخ ہو۔ باوضو، اب چارپائی پر دائیں کروٹ قبلہ رُخ لیٹ کر تین مرتبہ درود شریف، تین مرتبہ قل ھو اللہ احد (آخر تک) تین مرتبہ آیۃ الکرسی (پوری) پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب حضرت خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک کو ھدیہ کریں۔ پھر دوبارہ اسی طرح پڑھ کر اس کا ثواب حضرت جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو بخشیں اس کے بعد دل میں دعا کرے کہ اے علام الغیوب فلاں کام میں جو کچھ ہونے والا ہے۔ مجھے غیب سے اطلاع ہو جائے۔ اس کے بعد یہ رباعی پڑھنا شروع کرے ؎

خیر البشر بس اضطرارے دارم
در دل طپش و بر سینہ تابے دارم
تسکین بہ دل پُر اضطرارم بخشی
اُمید قوی از ان جنابے دارم

یہ نہایت پاکیزہ عمل ہے۔ اگرچہ یہ استخارہ ہے مگر جو صاحب اس کی مداومت کریں گے یعنی اکثر عمل کرتے رہیں گے وہ قسم قسم کی برکات دیکھیں گے۔ نیز اس عمل کے روزانہ کرنے کی برکت سے روزی بھی غیب سے ملتی ہے۔ اور ہر قسم کی فکر دور ہوتی ہے۔

قوت مردمی کے لئے

اگر کسی شخص کی قوت مردمی کمزور ہو چکی ہو۔ جریان کا مرض ہو اور ہر طرح سے از کار رفتہ ہو چکا ہو۔ اس نقش معظم کو باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ ایسی زبردست قوت پیدا ہو گی کہ حیرت ہو گی۔ اگر اس نقش کو باوضو لوہے کی تختی پر کندہ کر کے بوقت مباشرت کمر میں باندھ کر مشغول ہو تو کامیاب رہے گا۔ اور کبھی شرمندہ نہ ہو گا۔

وہ نقش یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

یامقتدر	ر	لی	ط	ص	یاغالب
ر	ر	ھو	صلح	ر	ح
ھے	د	ر	ء	لو	ح
ح	ح	م	ط	ر	ح
لو	م	ط	ء	صلح	ص
یاقوی	ص	ط	لی	ر	یاغالب

فتوحات غیبی کے لئے

جو شخص مالی حیثیت سے کمزور ہو اور بظاہر مال کی آمد کے آثار نہ ہوں۔ گھر میں کھانے میں تنگی رہتی ہے۔ اس کے لئے بعد نماز عصر تا مغرب کسی سے کلام نہ کرے اور سر کھول کر آسمان کے نیچے (یعنی سر کے اوپر کوئی سائبان یا چھت نہ ہو بلکہ سر کے اوپر آسمان ہو) روزانہ تین سو (۳۰۰) مرتبہ

یَا اَللّٰہُ - یَا رَحْمٰنُ - یَا رَحِیْمُ

پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند روز میں غیب سے فتوحات ہوں گی۔ قرض سے نجات اور ملازمت مل جائے گی۔ اگر ملازمت ہے تو آمدنی میں اضافہ ہو جائے گا بہت ہی بابرکت عمل ہے۔ شرط ہے روزانہ پابندی کے ساتھ پڑھنے کی۔

بھاگے ہوئے کو واپس بلانا

اگر گھر کا کوئی فرد یا لڑکا یا لڑکی یا عورت یا مرد، نوکر یا جانور بھاگ گیا ہو اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو اس کے واپس لوٹ آنے کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گم شدہ شخص یا جانور از خود واپس آجائے گا۔ عمل یہ ہے۔

سورۃ یٰسین شریف شروع سے من المکرمین تک سات مرتبہ پڑھ کر ایک بند تالے پر (تالا اگر کھلا ہو تو اسے پہلے بند کر لیں) دم کر کے وہ تالا ایک ہنڈیا یا کولر یا مٹکے میں پانی بھر کر اس میں ڈال دیں اور اندھیری جگہ رکھ دیں۔ اندھیری جگہ نہ ہو تو اس پر کمبل یا رضائی ڈال دیں۔ اگر دریا یا نہر یا تالاب قریب ہو اور پانی اس کا پاک ہو تو اس میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا پریشان ہو کر جلد واپس آئے گا۔ مجرب عمل ہے۔

سورۃ یٰسین شریف من المکرمین تک یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یٰسٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ۙ اِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ۙ
عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۙ تَنْزِیْلَ الْعَزِیْزِ الرَّحِیْمِ ۙ
لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝
اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ
فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ
سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ
لَا يُبْصِرُوْنَ ۝ وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ
اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّمَا تُنْذِرُ
مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ
فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ
الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۚ وَكُلَّ
شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَاضْرِبْ لَهُمْ
مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۚ
اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا
بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ۝ قَالُوْا
مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ
مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ۝ قَالُوْا رَبُّنَا
يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ۝ وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا
الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ
تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ
اَلِيْمٌ ۝ قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ۭ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ۭ
بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ۝ وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا
الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ۙ

اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝
وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝
ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ
لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ۝ اِنِّيْٓ
اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ۝
قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ۭ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ۝
بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ۝

آدھے سر کے درد کا عمل

اگر کوئی شخص آدھے سر کے درد کی جھاڑ کا عامل بننا چاہتا ہے تو وہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ عامل ہونے کے بعد جس درد شقیقہ (آدھے سر کا درد) کے مریض پر پڑھ کر دم کرے گا فوراً اس کا آدھا سر کا درد غائب ہو جائے گا۔ عمل یہ ہے

ویران کنویں (چاہ) کی منڈیر پر صبح کے وقت بیٹھے اور دس ہزار بار

قُلْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ

پڑھے۔ پڑھنے والا عامل ہو جائے گا۔ اب جس کو درد شقیقہ (آدھے سر کا درد) یعنی آدھا سیسی کا درد ہو تو سورج نکلنے کے وقت گیارہ مرتبہ یہ آیت

قُلْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ

اور تین بار سورۃ فاتحہ اور اس کے اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھ کر سر پر دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ فوراً درد سے آرام آئے گا۔

سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

عورت کے حاملہ نہ ہونے کا عمل

بعض مرتبہ بیماریوں یا کمزوری کے سبب ضرورت ہوتی ہے کہ حمل نہ ٹھہرے تو اس کے لئے یہ عمل بہت

مجرب ہے۔ عمل یہ ہے۔

باوضو سورۃ تبت یدا ابی لھب (پوری سورت) ایک کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر گڑ (قند سیاہ) میں گھول کر عورت کو پلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ عورت حاملہ نہ ہوگی۔

تنبیہ: یہ عمل صرف جائز مقصد کے لئے ہے محض کسی کو اولاد سے محروم کرنے کے لئے کرے گا تو سخت گنہگار ہوگا لہذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

سورۃ تبت یدا ابی لھب یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ
وَمَا كَسَبَ ۝ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝ وَّامْرَاَتُهٗ
حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝

ناجائز دوستی ختم کرنا

اگر کسی دو شخصوں کے درمیان ناجائز اور خلاف شرع تعلق ہو تو ذیل کا عمل کریں انشاء اللہ تعالےٰ کبھی خطا نہ ہوگا۔ یہ عمل بہت مجرب ہے۔

سات کنکریاں نمک کی لے کر۔ ہر کنکری (نمک کا چھوٹا ٹکڑا) پر سات سات مرتبہ ذیل کی آیت باوضو پڑھ کر اور ہر بار ان دونوں کا نام مع والدہ لیتا جائے جن کے درمیان جدائی کرانا مقصود ہے۔ پھر وہ کنکریاں سمندر،

دریا، نہر، تالاب، جھیل یا کنویں میں ڈال دو۔
انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم میں جدائی ہو جائے گی۔
عمل چاند کے مہینے کے آخری دنوں میں جبکہ چاند باریک ہو چکا ہو (چاند کی بیس تاریخ کے بعد) منگل یا اتوار کے دن سے شروع کرے۔ عمل پڑھنے کا وقت زوال کے بعد سے غروب آفتاب (سورج ڈوبنے) تک ہے۔ پڑھتے وقت عامل منہ میں کوئی تلخ (کڑوی) چیز ضرور رکھے۔ جیسے نیم کے پتے یا ایلوا۔ یہ عمل سات دن تک برابر کرے تاکہ دونوں میں مکمل طور پر جدائی ہو جائے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔

وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝

دودھ زیادہ ہونے کے لئے

اگر گائے، بھینس، بکری یا دیگر کسی جانور کے تھنوں میں دودھ کم پیدا ہوتا ہے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے جانور کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دودھ کثرت سے ہوگا۔ یہ نقش بچے والی عورت کے گلے میں بھی باندھ سکتے ہیں۔

وہ نقش یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

بحق جبریل	۶	۱	۸	بحق میکائیل
انا اعطینٰک	۷	۵	۳	الکوثر کوثر کوثر کوثر
بحق اسرافیل	۲	۹	۴	بحق عزرائیل

حضرت خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ وہ جناب خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار مبارک خواب میں کرے تو نیا چاند دیکھنے کے بعد شروع کی تاریخوں میں (پندرہ تاریخ سے پہلے پہلے) بعد نماز عشاء غسل کرے پاک و صاف سفید کپڑے پہنے اور کپڑوں پر خوشبو لگائے پاک جگہ مصلے پر بیٹھ کر قبلہ رُخ (قبلہ کی طرف منہ کر کے یک ہی نشست میں (بیٹھک میں۔ یعنی درمیان میں بات نہ کرے اور نہ اُٹھ کر اِدھر اُدھر جائے) نو ہزار بار یہ درود شریف پڑھے۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

نو دن روزانہ بعد نماز عشاء یہ درود شریف نو ہزار مرتبہ پڑھے۔ یہ اس کی زکوٰۃ ہے دسویں دن نو سو (۹۰۰) مرتبہ اس درود شریف کو پڑھ کر قبلے کی طرف منہ کر کے پاک بستر پر سو رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں دیدار

مبارک ہوگا۔ اگر پہلے دن دیدار نہ ہو تو عمل ترک نہ کرے۔ روزانہ نوسو(۹۰۰) مرتبہ پڑھ کر سویا کرے۔ ضرور فیضیاب جمال مبارک ہوگا۔

خواب میں اپنے کسی مرحوم عزیز یا دوست سے ملاقات

اگر کسی شخص کا کوئی عزیز دوست یا رشتہ دار (والدین یا بھائی بہن وغیرہ) انتقال کر گئے ہوں اور کوئی شخص ان افراد کو خواب میں دیکھنا اور ان سے ملاقات کرنا چاہتا ہے تو جمعہ کے دن عصر و مغرب کے درمیان باوضو اس نقش معظم کو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھیں اور سوتے وقت اس نقش کو تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائیں۔ اور اس مرحوم کی صورت کا تصور رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رات کو خواب میں مرحوم عزیز سے ملاقات ہوگی اور تمام حال اس کا معلوم ہوگا۔ نقش کے نیچے مرحوم کا نام معہ والدہ کے لکھے۔ وہ نقش معظم یہ ہے



کسی شخص سے کام لینا

اگر کسی شخص کا کام کسی افسر، صدر محکمہ یا متعلقہ کلرک سے پڑ جائے اور اندیشہ ہو کہ وہ کام نہ کرے گا یا مزاج کا سخت ہے۔ تو اس شخص کے پاس جانے سے پہلے اس نقش معظم کو باوضو لکھ کر بھاری پتھر (یا بھاری وزن) کے نیچے رکھ کر ملاقات کو جائے انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص محبت سے پیش آئے گا۔ اور کام پوری دلچسپی سے کرے گا ملاقات سے آکر تعویذ کو فوراً وزن کے نیچے سے نکال کر کنوئیں میں ڈال دو۔ فلاں ابن فلاں کی جگہ اس شخص اور اس کے والد کا نام لکھو۔



ہر کام کے لئے نقش

یہ عمل چاند دیکھنے کے بعد کسی دن بھی شروع کر سکتے

ہیں۔ ترکیب یہ ہے کہ سرکنڈے، نرسل یا گیلی لکڑی کے قلم سے عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے قبلہ رخ مصلے پر بیٹھ کر باوضو چوہتر (۷۴) عدد نقش سورج نکلنے کے بعد سے زوال سے پہلے پہلے لکھیں۔

جس مقصد کے لئے یہ نقش لکھا جا رہا ہے ہر نقش کے نیچے مقصد لکھیں مثلاً ایک شخص کا نام زاہد علی ہے قرض میں بندھا ہوا ہے اور قرض کی ادائیگی کے سلسلے میں پریشان ہے۔ تو ہر نقش کے نیچے لکھے الٰہی زاہد علی کا قرض خزانۂ غیب سے جلد ادا ہو جائے۔ اور اگر نوکری کے لئے عمل کرنا ہے تو یوں عبارت لکھے۔ زاہد علی کو نوکری کا حکم جلد ہو جائے۔ اسی طرح جو مطلب ہو اس کو عبارت میں ہر نقش کے نیچے لکھ دیں۔ اور ہر نقش کے اوپر ۷۸۶ ضرور لکھیں اگر کسی وجہ سے زوال سے پہلے پہلے ۷۴ نقش پورے نہ لکھے جا سکیں تو دوسرے دن زوال سے پہلے پہلے لکھ کر پورے کر لے۔ یعنی چوہتر نقش تو اس دن کے اور پچھلے دن کے جتنے نقش باقی ہیں وہ لکھ لے۔ زوال کے بعد نقش نہ لکھے۔ ان لکھے ہوئے نقوش کو گولی بنا کر آٹے میں لپیٹ کر گولی بنا کر روزانہ ایسی جگہ ڈال دیں جہاں مچھلیاں ہوں۔ دریا، سمندر، جھیل، نہر وغیرہ۔ نقوش کا روزانہ ڈالنا ضروری نہیں ہے۔ آخری دن بھی تمام نقوش کو آٹے میں لپیٹ کر گولی

بنا کر ڈال سکتے ہیں۔ اگر نہر، دریا قریب نہ ہوں تو کنویں میں بھی مجبوراً ڈال سکتے ہیں۔ صبح کے وقت یہ نقش لکھیں اور رات کو اندھیرے کمرے میں بیٹھ کر جہاں روشنی بالکل نہ ہو۔ نہ کوئی دوسرا آدمی ہو چوہتر (۷۴) مرتبہ یہ آیت بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے ساتھ پڑھیں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

ہر مرتبہ یہاں وہی عبارت پڑھیں جو نقش کے نیچے لکھی ہے اس کے بعد یہ آیت پڑھیں۔

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

اس عمل کے اول تین بار درود شریف پڑھیں اور عمل کے آخر میں تین بار درود شریف پڑھیں۔ اگر ہر مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ نہ پڑھ سکیں تو پہلی مرتبہ پڑھ لینا بھی کافی ہے یہ عمل چالیس دن بلا ناغہ کرنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس دن پورے ہوں گے کہ غیب سے کامیابی کا سامان ہو جائے گا۔ شرط یہ ہے کہ نقش اصول کے مطابق بھرا جائے۔

وہ نقش یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۱۳۵۲	۱۳۵۸	۱۳۵۵	۱۳۴۴
۱۳۴۶	۱۳۵۳	۱۳۶۰	۱۳۵۰
۱۳۵۷	۱۳۵۱	۱۳۴۵	۱۳۵۶
۱۳۵۴	۱۳۴۷	۱۳۴۹	۱۳۵۹

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

ہر مشکل کے حل کے لئے

حضرت شیخ برہان بلقب راز الٰہی قدس سرہ العزیز نے ارشاد فرمایا کہ ہر مشکل کے حل کے لئے نماز قلاقل ادا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل آسان ہوگی۔ اس نماز کی چار رکعت ہیں یہ نماز مغرب اور عشاء کی نماز کے درمیان پڑھی جاتی ہے۔ چار رکعت نفل کی نیت کرے اور پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد قل یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ پوری سورت پڑھے۔ دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد

سورۂ اخلاص پوری سورت پڑھے۔ تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ فلق پوری سورت پڑھے۔ چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ الناس پوری سورت پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد سر کو سجدہ میں رکھے اور ستر (۷۰) مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ

اس کے بعد جو مشکل اور مقصد ہے اس کے لئے دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی۔ اور مقصد حل ہوگا۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ
نَسْتَعِیْنُ ۝ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝
صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۝ غَیْرِ
الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

سورۂ کافرون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا
عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ
مَآ اَعْبُدُ ۝ لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۝

۷۸۶

۱۳۵۲	۱۳۵۸	۱۳۵۵	۱۳۴۴
۱۳۴۶	۱۳۵۳	۱۳۶۰	۱۳۵۰
۱۳۵۷	۱۳۵۱	۱۳۴۵	۱۳۵۶
۱۳۵۴	۱۳۴۷	۱۳۴۹	۱۳۵۹

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

ہر مشکل کے حل کے لئے

حضرت شیخ برہان بلقب راز الٰہی قدس سرہ العزیز نے ارشاد فرمایا کہ ہر مشکل کے حل کے لئے نماز قلاقل ادا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل آسان ہوگی۔ اس نماز کی چار رکعت ہیں یہ نماز مغرب اور عشاء کی نماز کے درمیان پڑھی جاتی ہے۔ چار رکعت نفل کی نیت کرے اور پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد قل یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ پوری سورت پڑھے۔ دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد

سورۂ اخلاص پوری سورت پڑھے۔ تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ فلق پوری سورت پڑھے۔ چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ الناس پوری سورت پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد سر کو سجدہ میں رکھے اور ستر (۷۰) مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ

اس کے بعد جو مشکل اور مقصد ہے اس کے لئے دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی۔ اور مقصد حل ہوگا۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ
مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ
نَسْتَعِیْنُ ؕ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ
صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۙ غَیْرِ
الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ؕ

سورۂ کافرون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ ۙ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ وَلَآ اَنَا
عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ
مَآ اَعْبُدُ ؕ لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ ؕ

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ
قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ہ لَمْ یَلِدْ ہ
وَلَمْ یُوْلَدْ ہ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ہ

سورۂ فلق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ہ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ہ
وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ہ وَمِنْ شَرِّ
شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ہ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ
اِذَا حَسَدَ ہ

سورۂ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ہ مَلِکِ النَّاسِ ہ
اِلٰہِ النَّاسِ ہ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ہ الْخَنَّاسِ ہ
الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ہ مِنَ
الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ہ

کسی کا حال یا اپنا مقصد خواب میں معلوم کرنا

اگر کوئی شخص کہیں چلا جائے اور اس کا حال احوال معلوم نہ ہو یا کوئی شخص کسی معاملے کی بابت معلوم کرنا چاہتا ہے تو وضو کرے اور یہ دعا اپنے سیدھے ہاتھ پر

لکھے اور سو جائے کسی سے بات نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سب حال معلوم ہوگا اور اپنے معاملے کے بارے میں بھی صحیح صحیح معلوم ہو جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰہُ حَاجَتِیْ یَا مَنَّانُ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ
صَاحِبِ الْقُرْاٰنِ ۔

برائے دشمن کو زیر کرنا اور ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

دشمن کو زیر کرنے اور دلی مقصد میں کامیابی کے لئے آیۃ کریمہ باوضو ایک مجلس (بیٹھک) میں کعبہ کی طرف منہ کر کے بہتر (۷۲) بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔ آیۃ کریمہ یہ ہے۔

لَآ اِلٰـہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ
مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔

دشمن کے دل میں خوف پیدا کرنا اور دشمن کو زیر کرنا

اگر کسی کا کوئی دشمن بہت ظالم اور سخت تشدد پسند ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو مصلّے پر قبلہ رُخ بیٹھ کر ایک ہی نشست (بیٹھک) پر درمیان میں عمل چھوڑ کر نہ اٹھے۔ حصار کرنے کی ضرورت نہیں ہے

یہ کلمات تین ہزار تین سو تینتیس (۳۳۳۳) بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل ہوگا اور دل سے دشمن کا خوف نکل جائے گا اور دشمن کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

برائے ہر مشکل کام جو نہیں ہوتا

ہر مشکل کام کے لئے جو حل نہیں ہوتا یا کسی مقصد میں کامیابی نہیں ہوتی اس کے لئے تیرہ ہزار (۱۳۰۰۰) بار ایک مجلس (بیٹھک) میں پڑھے۔ امید ہے کہ ایک ہی بیٹھک میں پڑھنے سے کام ہو جائے گا اگر نہ ہو تو اسی طرح تین روز مسلسل پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ وہ کلمہ یہ ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ

تنگدستی اور غربت دور کرنا

حضرت عماد الدین شہیدؒ سے منقول ہے کہ تنگدستی اور غربت دور کرنے کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ اوّل غسل کرے اور پاک و صاف کپڑے پہنے اور کپڑے پہن کر عطر وغیرہ لگائے بدن پر بھی اور کپڑوں پر بھی۔ اس کے بعد چار رکعت نماز نفل ادا کرے۔ ہر رکعت

میں سورۃ فاتحہ کے بعد پندرہ[۱۵] بار آیۃ الکرسی اور سورۃ اخلاص پچیس[۲۵] بار پڑھے۔ بعد سلام اکتالیس ہزار (۴۱۰۰۰) بار یَا وَهَّابُ پڑھے اوّل و آخر درود شریف اکتالیس اکتالیس بار پڑھے۔ اس کے بعد سجدے میں سر رکھ کر خدا تعالیٰ سے غربت دور ہونے اور مالداری آنے کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بے گمان رزق ملے گا اور تنگدستی دور ہوگی۔

سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ

حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ
وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

امراء و خلائق کا مطیع و فرمانبردار ہونا

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ وزراء، حکمران، امراء اور مخلوق خدا اس کی فرمانبرداری کرے اور اس کے حکم کو ہر حال میں بجالائے تو مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے مرد اپنے داہنے بازو پر باندھ لے اور عورت اپنے گلے میں یا بائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

وہ نقشہ یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

۸	۱۱	۷۶۹	۱
۷۶۸	۲	۷	۱۲
۳	۷۷۱	۹	۶
۱۰	۵	۴	۷۷۰

سفلی، جادو، سحر کے اثرات ختم کرنا

(عطیہ عبدالقیوم خان صاحب)

اگر کسی شخص کو شبہ ہو کہ اس پر سفلی، جادو یا سحر کے اثرات ہیں۔ اور اس کی وجہ سے اس کی نوکری خطرے میں ہے یا اس کا کاروبار نقصان میں جارہا ہے یا لوگوں کا قرض چڑھتا جارہا ہے یا اس کی صحت دن بدن خراب ہوتی جارہی ہے یا گھر میں یا گھر کے باہر ہر ایک شخص سے اس کی لڑائی اور جھگڑا بلاسبب ہوتا ہے تو اس کے توڑ کے لئے یہ نقش عرق گلاب میں یا پانی میں زعفران گھول کر اس سے باوضو بیالیس عدد تعویذ لکھے اور ایک تعویذ موم جامہ کرکے گلے یا دائیں بازو پر باندھ لے اگر عورت ہے تو گلے یا بائیں بازو پر باندھے۔ ایک تعویذ دروازے کے مقابل دیوار پر لگادے۔ اور چالیس تعویذ روزانہ ایک تعویذ کے حساب سے چالیس دن پیئے اس طرح کر

رات کو ایک تعویذ باوضو ایک گلاس پانی میں گھول کر رکھ لے اور چار وقت پابندی کے ساتھ روزانہ پیئے۔

پینے کے اوقات یہ ہیں۔

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل
۲۔ صبح گیارہ بجے دن
۳۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے قبل
۴۔ بعد نماز عشاء سونے سے قبل۔

وہ نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
وَ بِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ

۹۷۳۸۷	۹۷۳۴۵	۹۷۳۷۵
۹۷۳۵۷	۹۷۳۶۹	۹۷۳۸۱
۹۷۳۶۳	۹۷۳۹۳	۹۷۳۵۱

تعویذات وعملیات

از قلمی بیاض مولانا نیاز احمد انصاری بن ممتاز احمد انصاری

برائے بخار

اگر کسی کو کسی بھی قسم کا بخار آتا ہو تو اس کے لئے ان اسماء کو باوضو لکھ کر دائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا بخار اُتر جائے گا۔ مجرب ہے۔

وہ اسماء یہ ہیں۔

یا محیطت یا محیطتطت یا محیطتا

برائے حاجت پورا ہونے کے

اگر کسی کو کوئی حاجت، مشکل یا مسئلہ پیش آگیا ہو اور وہ حاجت کا پورا ہونا ضروری ہو یا مشکل کا حل ہونا لازمی ہو یا درپیش مسئلہ کا آسانی کے ساتھ حل ہونے کے لئے صلوۃ الخضر (نماز خضر) ادا کرے۔ اس نماز کی برکت سے ایک ہزار ایک ضرورتیں پوری ہوتی ہیں۔ نماز کی ترکیب یہ ہے۔

نیت کرتا ہوں میں دو رکعت نماز نفل برائے حاجت اللہ تعالیٰ کے لئے منہ میرا کعبہ شریف کی طرف اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط اس کے بعد ثناء پڑھے پھر تعوذ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط

اس کے بعد تسمیہ (بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝)
اس کے بعد سورہ فاتحہ۔ سورۂ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ قل
یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْن (آخر تک)۔ دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ
کے بعد دس بار سورۂ اخلاص (قل ھو اللّٰہ احد) آخر تک
دونوں رکعت پوری کر کے سلام پھیر دے اور سجدہ میں سر
رکھ کر دس مرتبہ درود شریف پڑھے۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

اس کے بعد دس مرتبہ
اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ
اَتُوْبُ اِلَیْہِ۔
اس کے بعد دس بار کلمۂ تمجید
سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ
الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔
دس مرتبہ
رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ

حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔
اس کے بعد دس بار
یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ
اس کے بعد سجدہ ہی میں اپنی حاجت اللہ رب العزت
سے مانگے انشاء اللہ حاجت ضرور پوری ہوگی۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ
نَسْتَعِیْنُ ۝ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝
صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۝ غَیْرِ
الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

سورۂ قل یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْن یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ
مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝
لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۝

سورۂ اخلاص (قل ھو اللّٰہ احد) یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ ۝

وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

نقش برائے بیماری وبا ہر قسم کے لئے

اگر کسی بستی یا شہر میں چیچک کی وبا، طاعون کی وبا، انفلوئنزا کی وبا، ڈینگی بخار کی وبا یا برڈ فلو کی وبا پھیل گئی ہو تو یہ نقش باوضو لکھ کر پیلے کپڑے میں لپیٹ کر موم جامہ کر کے ہر شخص کے دائیں بازو پر باندھے۔ اور گھروں میں دروازے کے بالکل مقابل دیوار پر لگائے اور مرغیوں کے شیڈ کے دروازوں پر لگائے۔ اگر بھینس، بکری کے باڑے یا گھوڑے کے طویلے میں بیماری ہے تو ان کے دروازوں پر لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن میں یہ بیماری اس بستی اور آبادی سے چلی جائے گی اور لوگ اور سب جانور اس کے اثر سے محفوظ رہیں گے۔

اس تعویذ کو لکھنے سے پہلے گیارہ روپے کی مٹھائی منگوا کر حضرت شاہ محمد صادق احمد فاروقی سرہندی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کے ایصال ثواب کی نیت سے تقسیم کر دے جتنے نقش لکھنے ہوں اتنے ہی نقوش کی تعداد کے حساب سے گیارہ روپے فی نقش مٹھائی منگوانی ہے۔

وہ نقش یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بحرمت حضرت شاہ محمد صادق احمد فاروقی سرہندی نقشبندیؒ

وبا دفع شود وبا دفع شود وبا دفع شود یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

دشمنوں کے زیر ہونے اور تمام ضروریات پوری ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص دشمنوں سے نبرد آزما ہو اور ان سے جھگڑا چل رہا ہو تو اس کے لئے اور اسی طرح کوئی ضرورت پوری کرانی مقصود ہو تو اس کے لئے ستر ہزار (۷۰۰۰۰) بار ایک ہی بیٹھک میں باوضو قبلہ کی طرف منہ کر کے پاک مصلّے پر بیٹھ کر مندرجہ ذیل آیت پڑھے۔ درمیان میں کسی سے بات نہ کرے۔ اگر درمیان میں پیشاب پاخانے کی حاجت پیش آئے تو اُٹھ کر چلا جائے

لیکن وضو کر کے پھر آ کر پڑھنا شروع کر دے۔ اس دوران کسی سے بات نہ کرے۔ آیت کریمہ یہ ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔

دشمن پر رعب قائم ہونے اور دشمن کے زیر ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ دشمن پر ایسا رعب قائم ہو جائے کہ وہ شرارت نہ کر سکے اور ہمیشہ کے لئے زیر ہو جائے۔ اس کے لئے یہ آیت تین ہزار تین سو تینتیس (۳۳۳۳) بار باوضو قبلہ رُخ پاک مصلے پر بیٹھ کر پڑھے۔ ایک ہی بیٹھک میں پڑھے اِدھر اُدھر نہ جائے نہ کسی سے اس دوران بات کرے۔ وہ آیت یہ ہے۔

فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۔

ایسی مشکل جو حل نہ ہوتی ہو اس کے حل کے لئے

اگر کسی کا کوئی کام اٹک جائے اور مشکل حل نہ ہوتی ہو کام اٹک گیا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمہ تیرہ ہزار (۱۳۰۰۰) بار ایک بیٹھک (مجلس) میں باوضو پاک بدن پاک کپڑے اور پاک مصلے پر قبلہ کی طرف منہ کر کے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی مرتبہ پڑھنے سے

کام ہو جائے گا۔ اگر پہلے دن پڑھنے سے مطلب حل نہ ہو تو تین مجالس میں تین دن بلا ناغہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مطلب حاصل ہو گا۔ وہ کلمہ یہ ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ

جن، آسیب، پریت، دیو بھگانا

(عطیہ عبد القیوم خان صاحب)

اگر کسی بچے یا بڑے کو جن لپٹ جائے یا آسیب، پریت کا اثر ہو جائے یا اس پر دیو کا قبضہ ہو جائے اور اسے دورہ پڑنے لگے اور طرح طرح سے جن تنگ کرنا شروع کر دے تو یہ فلیتے (پلیتے) بنا کر رکھ لے جب بھی دورہ پڑے اس فلیتے میں روئی رکھ کر بتی بنا لے اور اس کو ایک طرف سے جلا کر اس کا دھواں مریض کی ناک میں پہنچایا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ناک میں دھواں پہنچتے ہی جن فوراً بھاگ جائے گا اور دورہ ختم ہو جائے گا۔

وہ فلیتہ یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

۷۸۶

۵۵۶	۵۵۱	۵۵۸
۵۵۷	۵۵۵	۵۵۳
۵۵۲	۵۵۹	۵۵۴

۷۸۶

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

الحمدللہ آپ نے سولہویں جلد سے فائدہ اٹھایا۔ اب سترھویں جلد سے فائدہ اٹھائیں جو طبع ہو چکی ہے۔

خوشنویس آرٹسٹ سید احمد شاہ رحمۃ اللہ علیہ مورخہ ۱۲، ۱۳ ذیقعدہ ۱۴۰۲ھ مطابق ۱۵، ۱۶ دسمبر ۱۹۸۲ء جمعرات و جمعہ کی درمیانی رات ساڑھے آٹھ بجے جناح اسپتال میں انتقال فرما گئے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۰ جمعہ کے دن ابراہیم حیدری قبرستان میں تدفین عمل میں آئی۔ مرحوم خطِ نسخ، خطِ نستعلیق، خطِ ثلث، خطِ رقاع، خطِ دیوانی، خطِ توقیع، خطِ محقق، خطِ ریحان، خطِ غبار، خطِ گلزار، خطِ طغریٰ، خطِ مقابل اور خطِ کوفی کے ماہر تھے۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء، قرآن پاک کے سپارے، قاعدے اور بے شمار اردو، سندھی کی اسلامی کتابیں کتابت کیں۔ آخر میں فضائل درود شریف کی کتاب کے اختتامی صفحے لکھ رہے تھے کہ پیغام اجل آگیا۔ اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے۔ بچے ابھی چھوٹے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کا نگہبان ہو۔ قارئین سے گزارش ہے کہ وہ مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لئے اول تین بار درود شریف، ۱۴ مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین بار سورۂ اخلاص اور آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی دعا فرمائیں۔ شکریہ۔

اعجاز احمد سنگی انوی

ہماری مقبولِ عام مطبوعات

مرتبہ: اعجاز احمد خان سنگھانوی

حکایات الصالحین یعنی اولیاءِ کرام کی ایمان پرور حکایات

اولیاء کرام، صوفیائے عظام، علماء حق، مشائخ طریقت اور حکام و قضاۃ کی ایمان افروز حکایات کا عظیم الشان مجموعہ۔

یہ حکایات شریعت و طریقت کا شاہکار، نیکی و تقویٰ کی منادا اور شرافت و انسانیت کا سبق سکھانے والی ہیں۔ اس کی بڑی جلد میں تین سو حکایات ہیں۔ قیمت: ۱۲۰/- روپے، چھوٹی کتاب میں صرف ایک سو حکایات ہیں۔ قیمت ۲۰/- روپے۔

حکایات الاسلاف عن روایات الاخلاف

یعنی

علماء دیوبند کی دلچسپ اور سبق آموز حکایات

علماء دیوبند سہارنپور کی حکایات کا دلچسپ اور بصیرت افروز مجموعہ۔

ان حکایات کا مطالعہ انسانی زندگی میں انقلابی تبدیلی پیدا کرتا ہے۔

ان حکایات کا مطالعہ اخلاق میں سنوار پیدا کرتا ہے، نیکی کا شعور پیدا کرتا ہے اور تقویٰ و طہارت کا احساس اُجاگر کرتا ہے۔

یہ حکایات انتہائی دلچسپ اور مؤثر ہیں۔ سفید کاغذ، کل صفحات: ۳۲۰

قیمت۔ جلد اول: ۱۰۰/- روپے۔ جلد دوم: ۱۰۰/- روپے

مظہر بک ڈپو

دکان نمبر ۷ محبوب کالونی STR III نزد گول مارکیٹ نارتھ ناظم آباد نمبر ۱ کراچی ۱۵

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

اور اتارتے ہیں ہم قرآن میں سے وہ چیز کہ وہ شفا ہے اور رحمت واسطے ایمان والوں کے۔

کلیاتِ عملیات و تعویذات

خاندان شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علماء دیوبند و سہارنپور اور انکے متبعین کے اکابر اور فوراً اثر کرنے والے عملیات اور تعویذات کا بیش قیمت مجموعہ جس میں ایک سو سالہ آزمائی اور نایاب بیاض بھی شامل ہے۔

جلد: ۱۷

مرتبہ

عامل کامل اعجاز احمد خان سنگھانوی

ایم۔اے

اسلامیات، تاریخ اسلام، عربی

ناشر

مظہر بکڈپو

کمرشل نمبر محبوب کارنر ST-2-10

نزد گول مارکیٹ ناظم آباد ۱ کراچی ۱۸

پوسٹ کوڈ نمبر: ۷۴۶۰۰

نام کتاب: ——— آسان عملیات وتعویذات۔ جلد سترھویں (۱۷)
نام مرتب: ——— اعجاز احمد خاں سنبھالوی (ایم اے)
نام کاتبان: ——— سید احمد شاہ، عبدالغفار رئیس
سائز: ——— ۲۳ × ۱۸/۸
کل صفحات: ——— ۳۲
قیمت: ——— ۱۴/- روپے
ناشر: ——— شاہ محمد قمر عالم خاں
اشاعت اول: ——— ربیع الاول ۱۴۲۸ھ / اپریل ۲۰۰۷ء
مصحح: مولانا حافظ قاری محمد حیات صاحب شجاع آبادی دامت برکاتہم
فون نمبر: ۶۷۰۳۴۹۴ (6703494)

اجازت از طرف مؤلف

میں جملہ مرد عورت کو ان عملیات کی اجازت دیتا ہوں۔
البتہ ان شرائط کی پابندی کی جائے۔

(۱) نماز باجماعت۔ عورتیں اپنے گھر پر پابندی کے ساتھ اول وقت نماز ادا کریں۔
(۲) حلال روزی کمانے اور کھانے کا اہتمام کریں۔
(۳) سچ بولیں، جھوٹ اور بیہودہ باتوں سے بچیں۔
(۴) تقویٰ اختیار کریں اور کسی اللہ والے کی صحبت اختیار کریں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو کبھی کبھی اللہ والوں کی خدمت میں حاضری دیا کریں۔
(۵) عورت اپنے شوہر کے ساتھ یا کسی محرم کیساتھ جائے اور پردے کی سختی سے پابندی کرے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عملیات کرنے والے کے لئے ضروری ہدایات

۱- تعویذ لکھنے والے یا عمل کرنے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ نماز پنجگانہ مسجد میں باجماعت پابندیٔ وقت کے ساتھ ادا کرے، نوافل، اشراق چاشت اوّابین اور سنت تہجد کی ادائیگی میں حتی الامکان کوشش کرے۔ نیز مختلف اوقات میں تحیۃ الوضو، تحیۃ المسجد اور دیگر نوافل بھی ادا کرتا رہے۔

۲- کثرت سے درود شریف کا ورد رکھے۔ ہر نماز کے بعد سو دفعہ درود شریف پڑھے۔ جو درود نماز میں پڑھا جاتا ہے وہ افضل ہے، ورنہ جو درود شریف یاد ہو پڑھے۔ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ استغفار پڑھے۔ نیز فارغ اوقات میں ذکر الٰہی میں زبان کو مصروف رکھے، بیہودہ اور فضول باتوں میں وقت ضائع کرنے سے بچے۔ اپنا قیمتی وقت محنت مزدوری اور یاد الٰہی میں صرف کرے۔ اپنے بچوں کی دیکھ بھال میں وقت صرف کرنا بھی بہتر ہے۔ روزانہ گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھا کرے، اس طرح کہ فجر، ظہر، عصر، مغرب کی نماز کے بعد ۲ مرتبہ اور عشا کے بعد تین مرتبہ، اگر ایسا نہ ہو سکے تو ایک ہی نشست میں گیارہ مرتبہ پڑھ لے۔ اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔

۳- تعویذ اور نقش باوضو لکھے۔ بغیر وضو نہ کوئی عمل کرے اور نہ تعویذ وغیرہ لکھے ہمیشہ کوشش کر کے باوضو رہے۔

۴- نقش یا تعویذ لکھنے سے پہلے زبان سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ضرور پڑھے۔

۵- تعویذ لکھتے وقت اُس آیت، دُعا، کلمات یا الفاظ کو زبان سے ضرور پڑھے اگر آیت یا دُعا کے الفاظ پر اعراب نہ ہوں تو کسی عالم دین سے اعراب لگوا لے لکھی جانے والی آیت، دعا یا کلمات کو لکھنے سے پہلے ایک دفعہ پڑھ لیں۔

اس تعویذ کی قوتِ تاثیر میں زبردست اضافہ ہو جاتا ہے۔

۶۔ نقش یا تعویذ کو ہمیشہ موم جامہ کر کے باندھے تاکہ ہر قسم کی بے حرمتی کے گناہ سے محفوظ رہے۔ بغیر موم جامہ کئے کوئی نقش یا تعویذ نہ باندھے۔

۷۔ تعویذ یا نقش پوسیدہ ہو جائے تو اسے کسی پاک و صاف کپڑے میں لپیٹ کر کسی پاک جگہ دفن کر دے یا پتھر کے ساتھ باندھ کر سمندر یا کنویں میں ٹھنڈا کر دے (یعنی آہستہ سے اس میں چھوڑ دے پتھر پھینکنے کی طرح نہ پھینکے)

۸۔ نقش یا تعویذ موم جامہ کر کے سو اپنے دائیں (سیدھے) بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال لے اس طرح کہ نقش دل پر ہو۔ اگر عورت ہو تو بائیں بازو میں موم جامہ کر کے نقش باندھے یا گلے میں ڈالے۔

۹۔ نقش یا تعویذ کو موم جامہ کر کے چاندی کے تعویذ میں بند کر لے یا پھر گہرے نیلے یا کالے کپڑے میں بند کر لے یا پاک کپڑے میں سلوا لے۔ بغیر موم جامہ کوئی تعویذ یا نقش نہ باندھے۔

۱۰۔ اگر ہرن کی کھال پر تعویذ لکھنا ہو تو چاندی کا ورق بنانے والوں کے پاس سے ہرن کی کھال بآسانی مل جاتی ہے۔ ان سے خرید لے۔

۱۱۔ نقش پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے سب سے چھوٹا عدد لکھا جائے پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خانہ پُر کیا جائے۔ پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خالی خانہ پر کیا جائے۔ سب سے بڑا عدد سب سے آخر میں لکھا جائے یعنی اعداد کی ترتیب سے خالی خانے پُر کئے جائیں۔

۱۲۔ تعویذ ہمیشہ گھی کالی روشنائی سے لکھے۔ اگر گھی کالی روشنائی میسر نہ ہو تو زعفران کو پانی میں حل کر کے اس سے تعویذ یا نقش لکھے۔ کچے رنگ یا کچی روشنائی (شاؤ الرانک وغیرہ کی طرح کی کچی روشنائی) سے تعویذ یا نقش نہ لکھے کہ اس میں اسپرٹ استعمال کی جاتی ہے جو شراب سے بنتی ہے۔ لہٰذا احتیاط لازم ہے۔

۱۳۔ خون وغیرہ سے کوئی نقش یا تعویذ نہ لکھے۔ جن نقوش یا تعویذات میں مُرغ کے خون سے تعویذ لکھنے کو کہا گیا ہے یا کسی اور جانور کے خون سے تعویذ یا نقش لکھنے کی بابت درج ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ عامل جس وقت کالی روشنائی سے یا زعفران سے تعویذ لکھنے لگے اسی وقت مرغ یا اس جانور کو بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر دوسرا شخص ذبح کر دے۔ دراصل یہ رمز و اشارہ ہے۔

۱۴۔ تعویذ یا نقش لکھتے وقت یا عمل پڑھتے وقت ان شرائط کو ملحوظ رکھے جو تعویذ یا نقش یا عمل کے لئے ضروری ہیں۔

۱۵۔ جس واجب کے اعمال میں کسی پرہیزگار عالم دین سے ضرور مشورہ کر کے عمل کرے۔ ورنہ دنیا و آخرت کی تباہی کا اندیشہ ہے۔

۱۶۔ تعویذ اور نقش کی بابت یہ گمان کرے کہ ہر کام اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے ہوتا ہے اس کی مرضی یا مصلحت ہوگی تو کام ہو جائے گا۔ تعویذ یا نقش بذاتِ خود کچھ تاثیر نہیں رکھتے البتہ ان کی وجہ سے رحمتِ حق متوجہ ہو جاتی ہے۔

ہمیشہ دل میں یہ خیال رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کام ہوتا ہے اگر اللہ تعالیٰ کا حکم ہوا تو کام ہو جائے گا اور اگر اللہ تعالیٰ کا حکم نہ ہوا تو کام نہیں ہو سکتا لہٰذا عامل ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے کام کرے گناہ اور معصیت سے بچے اور اس کے فضل و احسان کا طالب رہے۔ سب سے اچھا یہ ہے کہ ہر عمل میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نمونہ سامنے رکھے اور سنت پر عمل کرے۔

۱۷۔ عامل پر لازم ہے کہ وہ عاجزی، انکساری اور فروتنی کو اپنا شعار بنائے اور ہر قسم کے دعویٰ سے خود کو بچائے کہ تکبر ہمیشہ ذلت و خواری کا سبب ہے اور اللہ تعالیٰ سے دوری پیدا کرتا ہے۔

۱۸۔ [illegible]

یا دعاؤں میں استعمال ہوتے ہیں وہ محض برکت اور توسل کے لئے ہیں۔ اصل کام بنانے والا اللہ تعالیٰ رب العلمین ہے لہذا اسی کے کرم و فضل پر نظر رکھی جائے۔

۱۹۔ سورج، چاند ستارے عملیات میں کچھ مدد گار ثابت نہیں ہوتے اور نہ اوقات کی پابندی ضروری ہے۔ جب دل متوجہ ہو عمل کرے یا نقش و تعویذ لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پورا پورا فائدہ حاصل ہوگا۔

۲۰۔ شریعت اسلامیہ کے خلاف کوئی کام نہ کرے۔ اگر کرے گا تو دنیا میں ذلیل اور آخرت میں تباہ و برباد ہوگا۔

۲۱۔ تعویذ یا نقش کا معاوضہ لینا جائز ہے۔ لیکن متعلقہ شخص کی آمدنی کا لحاظ کر کے لے تو بہتر ہے۔

۲۲۔ حلال روزی کمائے اور حلال روزی کھائے، حرام اور مشتبہ کھانے سے دل کا نور اور زبان کی تاثیر ختم ہو جاتی ہے۔ لہٰذا اس معاملے میں سخت احتیاط ضروری ہے۔

۲۳۔ جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے اس عظیم گناہ کے سبب زبان کا اثر جاتا رہتا ہے اور جھوٹا آدمی کسی پر کلام پڑھ کر دم کرے گا تو فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

۲۴۔ جھوٹ، غیبت، حسد، بغض، چغلی، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی نیز دیگر قلبی، زبانی اور عملی گناہوں سے خود کو بچائے اور اگر گناہ ہو جائے تو فوراً توبہ کرے۔

۲۵۔ بھاگنے اور فرار ہونے والے کے نقش یا تعویذات جو باندھے گئے ہوں یا دفن کئے گئے ہوں ضرور کے کرتے ہی فوراً نکال لیں اور انھیں سمندر، دریا، نہر یا کنویں میں پتھر باندھ کر ڈال دیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

۲۶۔ فقہاء نے فرمایا ہے کہ خاوند کے لئے تسخیر کا تعویذ کرانا حرام ہے گو اس فتوے

کی عبارت مطلق ہے مگر قواعد سے اس کی شرح یہ ہے کہ حقوق دو طرح کے ہیں۔ ایک تو وہ حقوق جو شرعاً شوہر پر واجب ہیں اور دوسرے وہ ہیں جو شرعاً واجب نہیں۔ سو جو حقوق واجب نہیں ان میں کسی تعویذ و عمل کے ذریعہ سے اس کو مجبور کرنا یعنی تسخیر کی ایسی تدبیر جس سے وہ مغلوب اور پاگل ہو جائے اور اپنے مصالح کی کچھ خبر نہ رہے یہ غیر واجب پر مجبور کرنا ہے یہ حرام ہے۔ ہاں اگر حقوق واجبہ میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کے لئے مجبور کرنا بھی جائز ہے اور چونکہ ان عملیات میں اثر تابع ہوتا ہے قصد کے اس لئے عمل کے وقت غیر واجبہ حقوق حاصل ہونے کا قصد کرنا بھی گناہ ہے اور اثر کا بالغ قصد ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ عملیات بھی ایک قسم کا مسمریزم ہے جس سے کسی کے دل اور دماغ پر قابو حاصل کیا جاتا ہے۔ لہٰذا عامل کو اس قسم کے تعویذ دینے میں احتیاط کرنا ضروری ہے اور کسی متقی عالم دین سے مشورہ کر کے نقش یا تعویذ دے تو بہتر ہے۔

۲۷۔ مؤلف کتاب ھٰذا کے والدین مرحومین اجلہ بزرگان دین و مشائخ عظام جن کے عملیات و تعویذات اس کتاب میں درج ہیں ان سب کے لئے لعل درود شریف تین مرتبہ الحمد شریف چوبیس مرتبہ اور سورۂ اخلاص قل ھو اللہ احد آخر تک تین مرتبہ پھر درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب مرحومین کو بخش دے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کرے تاکہ پورا پورا فیض حاصل ہو۔

تنبیہ: جو شخص کسی کو کچھ ثواب ہبہ کرتا ہے تو حق تعالیٰ بمحض احسان مثل اس ثواب کے اس کو بھی جس کو اس نے بھیجا ہے عطا فرماتا ہے اور فریضہ کا اصل ثواب فریضہ کے واسطے رکھتا ہے

(مکتوب گرامی از حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ بنام مولانا ضیاء الحق منقول در مکتوبات اکابرین دیوبند صفحہ ۵۸)

کاہن[1]، ساحر[2]، جادوگر، رمّال[3] اور نجومی[4] کا شرعی حکم

شیخ علی قاری شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں:

ایک مسئلہ یہ ہے کہ کاہن جو غیب کی خبریں دیتا ہے، اس کی تصدیق کرنا کفر ہے۔ کیونکہ ارشادِ خداوندی ہے:

"کہہ دیجئے کہ نہیں جانتے غیب جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں سوائے اللہ تعالیٰ کے"

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کاہن کے پاس گیا پس اس کی بات کی تصدیق کی تو اس نے کفر کیا اس کے ساتھ جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کیا گیا ہے"

اور کاہن وہ شخص ہے جو آئندہ آنے کے واقعات کی خبر دیتا ہے اور مکان کے اسرار کی معرفت کا مدعی ہو کہا گیا ہے کہ کاہن ساحر ہے اور نجومی جب آئندہ واقعات کے علم کا دعویٰ کرے تو وہ بھی کاہن کے مثل ہے اور اسی حکم میں رمّال داخل ہے"

قونوی کہتے ہیں کہ حدیث کاہن، قیافہ شناس اور نجومی سب کو شامل ہے، اس لئے نجومی، رمّال اور اس نوعیت کے دوسرے لوگ مثلاً کنکریاں پھینک کر حساب لگانے والے کی پیروی جائز نہیں۔ ان لوگوں کو جو اجرت دی جاتی ہے وہ بالاجماع حرام ہے جیسا کہ بغوی اور قاری عیاض وغیرہ نے نقل کیا ہے اور انبیاء علیہم السلام کے بعد اس شخص کی پیروی بھی جائز نہیں جو مدعی الہام بن کر الہامات کے ذریعہ خبریں دیتا ہو اور نہ اس شخص کی پیروی جائز ہے جو حروف ابجد کے علم کا مدعی ہو۔ کیونکہ یہ بھی کاہن کے حکم میں ہے۔ (شرح فقہ اکبر ص ۱۸۲، ص ۱۸۳)

---

[1] جنوں سے دریافت کر کے غیب کی خبریں بتانے والا۔ [2] جادوگر، جادو ٹونہ، افسوں اور طلسم کرنے والا۔ [3] جادو کرنے والا۔ [4] علم رمل کا ماہر، نجومی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فہرستِ مضامین

آسان عملیات و تعویذات (جلد سترھویں)

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱	عملیات کرنے والے کے لئے ضروری ہدایات	۵
۲	کاہن، ساحر، جادوگر، رمّال اور نجومی کا شرعی حکم	۱۰
۳	فہرست مضامین	۱۱
۴	برائے شناخت (پہچان) مرض	۲۵
	پہلا عمل: شیطان، ہمزاد، سحر، جادو اور مرض کی پہچان	۲۵
	دوسرا عمل: (مرض، آسیب، سحر، جن معلوم کرنے کا طریقہ)	۲۸
	تیسرا عمل: (مریض کا حال معلوم کرنا)	۲۹
	چوتھا عمل: (مرض معلوم کرنے کا طریقہ)	۲۹
۵	استخارہ کی ترکیب	۲۹
	پہلی ترکیب	۳۰
	دوسری ترکیب	۳۱
	تیسری ترکیب	۳۳
	چوتھی ترکیب	۳۴
۶	حصار کی ترکیب: (بڑا اہم چلہ کرتے وقت یا جنات کا علاج کرتے وقت حصار کرنا ضروری ہے)	۳۴

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
●	عملیات قاری حافظ احسان اللہ صاحب	۳۷
جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا رزق بڑھ جائے اور آمدنی میں اضافہ ہو جائے تو اس کے لئے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں یہ آیت گیارہ مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلے جمعہ سے چار جمعہ تک بعد نماز مغرب باوضو پڑھے اور رزق میں زیادتی

کی دعا کرے۔ اور یہی آیت باوضو لکھ کر ہر جمعہ کے دن کسی کنویں، نہر، دریا، جھیل، سمندر یا تالاب میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آمدنی میں اضافہ شروع ہو جائے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

قرض کی ادائیگی

اگر کوئی شخص قرض میں بند ہو گیا ہو اور قرض اترنے کا نام نہ لیتا ہو تو اس کے لئے اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ اور درمیان میں یہ آیت سات مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل دن میں دو بار بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب کیا کرے ناغہ نہ کرے انشاء اللہ

تعالیٰ جلد ہی غیب سے قرض کی ادائیگی کا انتظام ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاۗءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاۗءُ ۚ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاۗءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاۗءُ ۭ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۭ اِنَّكَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

موتیا بند اور پڑ بال کے لئے

اگر کسی کی آنکھوں میں موتیا بند پیدا ہو گیا ہو یا پڑ بال کا مرض ہو اس کے دور کرنے کے لئے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں گیارہ مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر تمام انگلیوں کے پوروں (سروں) پر دم کر کے دونوں آنکھوں پر پھیر لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی فائدہ محسوس ہو گا۔ وہ کلمات یہ ہیں (اگلے صفحہ پر)

اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ط اَلْحَقُّ النُّوْرُ ط

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

تلی کا علاج

اگر کسی کی تلی بڑھ گئی ہو جس سے صحت پر اثر پڑ رہا ہو تو مندرجہ ذیل کلمات کاغذ پر باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں یا تلی کی جگہ پیٹ پر باندھ دیں اور ذرا سی راکھ لے کر کلمہ کی انگلی پر لگا کر ایک مرتبہ

یَا وَدُوْدُ

پڑھ کر انگلی پر پھونک مار کر تلی کی جگہ کے اوپر ایک بار ضرب (×) کا نشان بنا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تلی کا بڑھنا اور مرض ختم ہو جائے گا۔ وہ کلمات جو کاغذ پر لکھے جائیں گے یہ ہیں۔

فَیُوْنَ قَطَارُ الْقَلَمِ

تبادلہ کی منسوخی کے لئے

ملازمت کے سلسلے میں کسی جگہ سے دوسری جگہ یا ایک شہر سے دوسرے شہر میں تبادلہ ہو گیا ہو اور اس کو رکوانا یا منسوخ کرانا اور تبادلہ اسی جگہ دوبارہ کرانا یا کسی اور جگہ جو مناسب ہو کرانا مقصود ہو تو اس کے لئے بعد نماز عشاء باوضو انیس (۱۹) روز تک انیس (۱۹) مرتبہ تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَھَبٍ وَّتَبَّ ۝ پوری سورت پڑھ کر دعا کیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی تبادلہ رک جائے گا یا جس جگہ جانا چاہتا ہے چلا جائے گا۔

تبت یدا پڑھنے کے لئے صرف ایک مرتبہ شروع میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے اور اول و آخر درود شریف نہ پڑھے۔

سورۃ تبت یدا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَھَبٍ وَّتَبَّ ۝ مَآ اَغْنٰی عَنْہُ
مَالُہٗ وَمَا کَسَبَ ۝ سَیَصْلٰی نَارًا ذَاتَ لَھَبٍ ۝
وَّامْرَاَتُہٗ حَمَّالَۃَ الْحَطَبِ ۝ فِیْ جِیْدِھَا
حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝

چیچک کی بیماری سے نجات

اگر کسی بچہ کو یا بڑے کو چیچک (لاکڑا کاکڑا) نکل آئے اور ساتھ میں بخار بھی تیز ہو تو اس کے دفعیہ اور دور کرنے کے لئے مندرجہ ذیل عمل بہت فائدہ مند ہے۔

بعد نماز عصر باوضو پاک مصلّے پر قبلہ کی طرف منہ کر کے عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک سفید کاغذ پر یہ نقش لکھیں۔ اور اول آخر سات سات مرتبہ درود شریف اور درمیان میں سورۃ فاتحہ بسم اللہ شریف کو الحمد شریف کے ساتھ ملا کر اس طرح

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

آخر تک مکمل سورت اکتالیس (۴۱) مرتبہ اور اس کے بعد سورۃ کوثر (پ ۳۰) اکتیس (۳۱) مرتبہ پڑھ کر اس کاغذ پر دم کریں جس پہ یہ نقش لکھا ہے اور موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جلد صحتیاب ہو گا۔

وہ نقش یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

يَا اَللّٰهُ يَا شَافِيُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا بَاقِيُ يَا كَافِيُ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ اٰمِيْن

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

يَا اَللّٰهُ يَا شَافِيُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا بَاقِيُ يَا كَافِيُ

سورہ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

سورۃ کوثر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى
اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

سحر، جادو، سفلی کو ختم کرنے کے لئے

اگر کسی پر کسی دشمن نے سحر، جادو، سفلی کرادیا ہو جس کے سبب اس کی نیند غائب ہوگئی ہو اور اس کی بھوک ختم ہوگئی ہو سر میں درد چکر، بھول چوک اور آئے دن پریشانی میں زیادتی ہو رہی ہو۔ ایک الجھن ختم نہیں ہوئی کہ دوسری پیدا ہوگئی۔ غرضیکہ ہر کام میں طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا ہوتے ہیں، کاروبار میں نقصان ہوتا ہے، دفتر میں ہر ایک سے لڑائی ہوتی ہے گھر میں ہر طرح کی برکت ختم ہو چکی ہو اور مالی مشکلات کے سبب گذارہ مشکل ہوگیا ہو تو اس کے لئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر باوضو ایک کاغذ پر یہ آیتیں لکھیں اور موم جامہ کرکے گلے میں ڈال لیں۔ اگر لکھنا نہ جانتے ہوں تو کسی دوسرے سے لکھوالیں اور ایک پلیٹ چینی کی لے کر اس پر بھی یہی آیتیں لکھیں اور پانی میں گھول کر پئیں۔ یہ عمل اکتالیس ۴۱ دن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر و جادو سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ آیتیں یہ ہیں۔

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ
اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝
وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

سردی کا بخار

اگر کسی شخص کو سردی سے بخار آتا ہو یا کبھی بخار اترتا ہو اور کبھی چڑھتا ہو تو اس کے لئے اس آیت کو باوضو بیری کی لکڑی پر لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دے۔ لیکن جب بیمار پیشاب یا پاخانہ کرنے جائے تو اس لکڑی کو گلے سے اتار دے کیونکہ لکڑی پر قرآنی آیت لکھی ہے اور اس کا پاخانہ یا غسل خانے میں لے جانا جائز نہیں ہے اور منع ہے اسی طرح ناپاک حالت (یعنی جس پر غسل لازم ہو) اس کو بھی اس لکڑی کو گلے میں ڈالنا یا ہاتھ لگانا درست نہیں ہے۔ لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے البتہ اگر اس کو پلاسٹک کوٹنگ کرالیا جائے تو جائز ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ
لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

نافرمان اولاد کو مطیع کرنا

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو اور وہ اس کے سبب پریشان ہو تو ہر نماز کے بعد اول گیارہ ۱۱ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو بار یہ آیت پڑھے آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اولاد کی اصلاح اور

فرمانبردار ہونے کی دعا کرے۔ جب ذُرِّیَّتِیْ کا لفظ ادا کرے تو اولاد کا تصور اور خیال دل میں لائے۔

وہ آیت یہ ہے۔

رَبِّ اَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۚ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ط

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

تنگ دستی دور کرنے کے لئے

جو شخص مالی حیثیت سے کمزور ہو اور گذارہ مشکل ہوتا ہو۔ ہر وقت قرض پر قرض چڑھتا رہتا ہو۔ اسی سبب ہر وقت پریشان رہتا ہو تو رزق میں برکت آمدنی میں اضافہ اور ترقی اور قرض سے نجات کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ ہمیشہ اس عمل کو کرتا رہے کبھی مالی مشکلات میں مبتلا نہ ہوگا۔ عمل یہ ہے۔

بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھے

اس کے بعد پانچ سو ۵۰۰ بار یہ اسماء پڑھے آخر میں گیارہ ۱۱ بار درود شریف پڑھ کر مالی مشکلات سے نجات کی دعا کرے اور غیب سے روزی کا انتظام ہونے کی دعا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ بے گمان رزق کا انتظام ہوگا اور تھوڑی رقم میں زیادہ برکت ہوگی۔ یہ عمل مسلسل اور بلاناغہ کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے قرض اترنے کے ذرائع اور اسباب پیدا ہوں گے۔ وہ اسماء یہ ہیں۔

یَا کَرِیْمُ ۔ یَا وَھَّابُ ۔ یَا ذَا الطَّوْلِ

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

چور یا بھاگے ہوئے کا واپس لانا

اگر کوئی شخص گھر سے بھاگ گیا ہو یا چور گھر سے قیمتی سامان لے کر فرار ہو گئے ہوں تو اس کے لئے یہ آیت باوضو ایک سفید نئے کپڑے کے ٹکڑے پر لکھے اور اس کے نیچے بھاگے ہوئے یا چور کا نام مع اس کی والدہ یا

والد کے نام کے لکھے اور اس کپڑے کو اس مکان یا دوکان کی دیوار پر میخ (مولی گیل) سے ٹھونک کر لگادے اور اس پر کپڑا ڈال کر اندھیرا کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگنے والا چور مع سامان جلدی آجائے گا۔ اگر دور گیا ہے تو کچھ دن لگیں گے۔

وہ آیت یہ ہے

وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ أَيْنَ مَا تَكُونُوا يَأْتِ بِكُمُ اللَّهُ جَمِيعًا إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

چکر آنے کا علاج

اگر کسی کے جسم میں اسقدر کمزوری پیدا ہوگئی ہو کہ اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے آنکھوں کے سامنے اندھیرا آجاتا ہو اور دماغ گھومنے لگتا ہو ہر وقت گرنے کا خطرہ رہتا ہو تو ایسی صورت میں مندرجہ ذیل آیات کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض مرد ہے تو اس کی ٹوپی میں سی دیں اور اگر عورت ہے تو چوٹی میں باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چکر آنے کا مرض ختم ہو جائے گا۔

وہ آیات و کلمات یہ ہیں۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ۙ أَلَمْ تَرَ إِلَىٰ رَبِّكَ

كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهُ سَاكِنًا ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيلًا ۝ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝ بِسْمِ اللَّهِ الْكَافِي ۝ بِسْمِ اللَّهِ الْمُعَافِي ۝ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ۔

حمل قائم ہونے کے لئے

اگر کسی عورت کے حمل نہ ٹھہرتا ہو اور وہ اس سلسلے میں بہت پریشان ہو تو یہ آیات چالیس دن مسلسل باوضو ایک چینی کی پلیٹ پر لکھے اور پانی سے دھو کر پیئے اور ایک کاغذ پر باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کمر میں باندھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے حمل قرار پائے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔

وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝ لِلَّهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۚ يَهَبُ لِمَنْ يَشَاءُ إِنَاثًا وَيَهَبُ لِمَنْ يَشَاءُ الذُّكُورَ ۝ أَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَإِنَاثًا ۝ وَيَجْعَلُ مَنْ يَشَاءُ عَقِيمًا ۝ إِنَّهُ عَلِيمٌ قَدِيرٌ ۝

زبان کی سوجن

اگر کسی کی زبان پر سوجن آگئی ہو اور ورم کی وجہ سے بولنا مشکل ہو گیا ہو تو باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں تین سو (۳۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے اور مریض کی زبان پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے سوجن ختم ہو جائیگی۔

اگر غیر عورت ہو تو اس کے لئے لمبی نلکی یا ربڑ کا پائپ استعمال کریں اور پائپ میں یا نلکی میں پھونک ماریں غیر عورت اپنی زبان پر اس کا منہ رکھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی ورم سے نجات حاصل ہوگی۔

وہ اسم مبارک یہ ہے۔

اَلْعَلِیُّ

نیز اکتالیس مرتبہ باوضو روزانہ یہ آیت پڑھ کر دم کرنے سے بھی زبان کی سوجن ختم ہو جاتی ہے وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ۚ

لقوہ کا علاج

اگر کسی شخص کو خدانخواستہ لقوہ ہو گیا ہو اور

اس کا منہ ٹیڑھا ہو گیا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دے۔

نیز اسی آیت کو اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور درمیان میں ایک سو ایک بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے۔ چند دن پلانے سے انشاء اللہ تعالیٰ لقوہ کے مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

وہ آیت یہ ہے۔

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۚ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ

درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۚ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۚ

منہ میں چھالے

اگر کسی کے منہ میں چھالے ہو جائیں اور مرچ کا استعمال مشکل ہو جائے کھانا کھانے میں تکلیف

ہو تو اس کے لئے باوضو سورۃ والضحیٰ والیل اذا سجیٰ، آخر تک اکتالیس مرتبہ پڑھ کر چینی پر دم کر کے چبایا کرے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی چھالے ختم ہو جائیں گے نیز اس کے لئے سورۃ اخلاص اکتالیس بار پڑھ کر دم کر کے استعمال کرنے سے بھی منہ کے چھالے ختم ہو جائیں گے۔

سورۃ والضحیٰ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
وَالضُّحٰى ۝ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۝ مَا وَدَّعَكَ
رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ۝ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ
الْاُوْلٰى ۝ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝
اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۝ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا
فَهَدٰى ۝ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ۝ فَاَمَّا
الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا
تَنْهَرْ ۝ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝
وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

ہر مشکل کے حل کے لئے

اگر کوئی ایسی مشکل سامنے آگئی ہو جس کا حل موجود نہ ہو،

جس کے سبب روز بروز پریشانی بڑھتی جاتی ہو اس کے لئے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور درمیان میں گیارہ سو بار

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ط

نیز یہ شعر بھی ہر نماز کے بعد پانچ یا سات مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

فَسَهِّلْ يَا اِلٰهِيْ كُلَّ صَعْبٍ
بِحُرْمَةِ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ سَهِّلْ

میاں بیوی میں محبت کے لئے

اگر میاں بیوی میں محبت کی کمی ہو اور ایک دوسرے سے الگ الگ رہتے ہوں۔ زیادہ بات چیت نہ ہوتی ہو اور نہ ایک دوسرے کے ساتھ کھلتے ملتے ہوں تو اس کے لئے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف درمیان میں ساٹھ مرتبہ سورۃ ماعون پڑھ کر کسی میٹھی چیز (کھجور، کشمش، چینی، مٹھائی، مصری، شربت، مربہ، معجون) پر دم کر کے دونوں کو کھلا دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں مثالی محبت پیدا ہو جائے گی اور باہمی محبت اور یکجہتی میں اضافہ ہوگا۔

سورۃ ماعون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ۝ فَذٰلِكَ الَّذِيْ

يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ۝ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۝ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ۝ وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۝

میاں بیوی میں محبت قائم ہونا

اگر میاں بیوی میں محبت نہ ہو اور ہر وقت آپس میں شکوہ و شکایت اور لڑائی جھگڑا رہتا ہو۔ ہر وقت کے جھگڑے سے گھر کا ماحول سوگوار رہتا ہو اور دونوں میاں بیوی ذہنی مریض بنتے جا رہے ہوں تو اس کے لئے میاں بیوی دونوں کا پہنا ہوا کپڑا لے (دھلا ہوا نہ ہو بلکہ پہنا ہوا ہو) اور اسمیں سے تھوڑا تھوڑا ٹکڑا کاٹ لے اور چالیس مرتبہ باوضو

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

پڑھے اور دونوں ٹکڑوں پر دم کر دے۔ ان دونوں ٹکڑوں کو اوپر نیچے رکھ کر بتی بنالے اور مٹی کا نیا چراغ لے کر سرسوں کا تیل ڈال کر اس بتی کو چراغ کی طرح جلائے۔ اس کی راکھ اور چراغ کو جنگل میں ایسی جگہ دفن کر دے جہاں کسی کا قدم نہ پڑے۔ ورنہ سمندر، دریا، نہر، جھیل، کنوئیں میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میاں بیوی میں خوب محبت ہو جائے گی۔

ہمیشہ جوان رہنے کا عمل

سناء مکی ایک چھٹانک، گلاب کے پھول (کوشش کا گلاب ہو تو بہتر ہے) ایک چھٹانک دونوں کو سکھا کر ہاون دستے میں کوٹ کر باریک کر لیں اور ململ کے کپڑے یا باریک چھلنی میں چھان کر ایک چھٹانک شہد میں ملا کر چھوٹے بیر کی برابر گولیاں بنالیں۔ روزانہ رات کو سوتے وقت ایک گولی لے کر چالیس مرتبہ

يَا قَوِيُّ

پڑھ کر اس گولی پر دم کریں اور گھولی کھا کر ایک پاؤ گرم گرم دودھ پی کر سو جائیں۔ یہ عمل تین ماہ تک کریں۔ اس کے بعد چھوڑ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ قوتِ مردمی میں خوب ترقی ہوگی۔

قوت مردمی کی بحالی

اگر کسی کی قوتِ مردمی کمزور ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت فائدہ مند ہے۔ شہد اصلی ایک پاؤ، عرق پیاز (پیاز کو کوٹ کر اس کا پانی نچوڑ لیا جائے) ایک کلو ان دونوں کو ایک دیگچی (پتیلی یا بھگونے) میں ڈال کر چولہے پر رکھ دیں ہلکی آنچ پر پکائیں۔

پکنے وقت دیگچی کے اندر جو جھاگ پیدا ہوں ان کو چمچے سے اُتارتے رہیں۔ جب جھاگ پیدا ہونا بند ہو جائیں اور شہد سُرخ ہو جائے اس کو ٹھنڈا کر کے کسی بوتل میں بند کر لیں۔ رات کو سوتے وقت ایک یا دو چمچے (چائے کا چمچہ) ایک گلاس دودھ میں ملا کر رکھ دیں۔ اور اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور درمیان میں ستر (۷۰) مرتبہ

یَا جَبَّارُ یَا اَللّٰہُ

پڑھ کر دم کر کے دودھ پی لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پہلے دن ہی قوت اُبھر جائے گی اور طاقت محسوس ہوگی۔ اس عمل کو مسلسل چالیس دن کریں۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

اولاد کے لئے

اگر کسی مرد کے اندر اولاد کے جراثیم نہ ہوں اور

اولاد نہ ہوتی ہو یا مردانہ کمزوری کے سبب اولاد سے محروم ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ ایک کلو ماش کی دال دُھلی ہوئی لے کر اسے اتنے عرق پیاز میں بھگوئے کہ دال اس عرق میں ڈوب جائے۔ جب دال تمام عرق جذب کر لے تو اس کو سائے میں سکھائے جب دال سوکھ جائے دوبارہ اسے پیاز کے عرق میں بھگو دے۔ پھر عرق جذب ہونے کے بعد دال کو سائے میں سکھائے اس طرح سات مرتبہ کرے۔ جب سات مرتبہ یہ عمل کرنے کے بعد دال سوکھ جائے تو ایک کلو مصری ملا کر ہاون دستہ میں کوٹ لیں۔ اور باریک کپڑے میں چھان کر رکھ لیں۔

رات کو سوتے وقت ایک چمچہ (چائے کا چمچہ) وہ سفوف لے کر سورۃ والسماء والطارق (پوری سورت) بادضو سات مرتبہ پڑھ کر سفوف پر دم کرے اور سفوف کھا کر گرم دودھ ایک گلاس پی لے۔ یہ سفوف دو ماہ تک مسلسل استعمال کرنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد پیدا ہوگی اور مایوسی ختم ہوگی۔

سورۃ والسماء والطارق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىکَ مَا الطَّارِقُ ۝
النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۝ اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْھَا حَافِظٌ ۝
فَلْیَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ

دَافِقٍ ۝ يَخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَائِبِ ۝
اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۝ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۝
فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ۝ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ
الرَّجْعِ ۝ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۝ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ
فَصْلٌ ۝ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۝ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ
كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ
رُوَيْدًا ۝

ہڈیوں کا بخار دور کرنا

اگر کسی کو ہڈیوں کا بخار ہو گیا ہو اور ہر وقت بدن جلتا ہے۔ دن بدن کمزوری بڑھتی جاتی ہے۔ نہ کھانے کو دل چاہتا ہے نہ کسی کام کرنے کو دل تیار ہوتا ہے۔ اس بخار سے نجات کے لئے یہ عمل کریں۔

دو لیموں لے کر ان پر سورۃ کافرون اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی کی سکنجبین تیار کریں اور پی لیں۔ یہ عمل دو ماہ مسلسل کریں انشاء اللہ تعالیٰ پرانے سے پرانا بخار دور ہو جائے گا۔

سورۃ کافرون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ

مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝
لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

مردانہ قوت کا عمل

اگر کوئی شخص مردانہ قوت میں کمی محسوس کرتا ہے تو اسے یہ عمل کرنا چاہیئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ طاقت و قوت مردانہ میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔ عمل یہ ہے۔

ایک سانس میں پندرہ مرتبہ
یَا قَوِیُّ
پڑھے اور اسی دوران بدن پر ہاتھ پھیرتا جائے جب پندرہ مرتبہ کہہ لے تو اپنے بدن پر پھونک مارے۔ یہ عمل سات مرتبہ کرنا ہے۔ اس عمل کو چالیس دن مسلسل بلا ناغہ کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ بے پناہ قوت کا مالک بن جائے گا۔

طاقتور بننے کے لئے

اگر کوئی شخص خود میں قوت مردمی کی کمی محسوس کرتا ہو تو دیسی انڈا ابال کر اس کا چھلکا اتار لے اور باوضو سورۃ اخلاص اکیس مرتبہ پڑھ کر انڈے پر دم کرے اور انڈہ کھالے۔ صبح و شام اسی طرح دو انڈے کھا لیا کرے۔ شرط یہ ہے کہ بیوی کے پاس نہ جائے (یعنی عورت

کے مرد کے تعلقات) قائم نہ کرے۔ پندرہ دن مسلسل پرہیز کرے اور اس دوران جو کی روٹی یا جو کا دلیہ استعمال کرے۔ ہر سال ایک ماہ اسی طرح انڈے استعمال کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ کبھی بڑھاپا نہ ہوگا۔ اور بے پناہ قوت مردی کا مالک ہوگا۔

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۚ

مریض کا ہر قسم کے مرض سے صحتیاب ہونا

اگر کوئی شخص سخت بیمار ہو اور اس کی بیماری سحر، جادو، سفلی یا جنات کے اثرات کے سبب نہ ہو تو اس کا آسان علاج یہ ہے کہ مریض کو وضو کرائیں اگر غسل کی ضرورت ہو تو غسل کرائیں اور سیدھا لٹا دیں۔ سات مرتبہ درود شریف پڑھیں اس کے بعد

سورۃ مجادلہ (پ۲۸) پوری سورت بلند آواز سے پڑھیں تاکہ مریض اس کو سنے اس دوران اگر مریض سو جائے تو اُمید ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ مریض ضرور صحتیاب ہوگا۔ آخر میں سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر مریض پر دم کر دیں۔ سنانے کے دوران اگر مریض سو جائے تو پھر بھی

عمل پورا کریں ادھورا نہ چھوڑیں۔ اگر مریض پر سحر، جادو، سفلی یا جنات کا اثر ہے تو اس کا علاج سحر جادو جنات کے ختم کرنے کے عمل سے ہوگا۔ اس عمل کے سبب نہیں ہوگا لہٰذا عامل کو چاہیئے کہ پہلے تشخیص کرے کہ مرض بیماری ہے یا جادو یا سفلی کا اثر ہے یا جنات کی شرارت ہے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

شوگر، کینسر، بلڈ پریشر، دل کا وال بند ہونے کا علاج

اگر کسی شخص کو جان لیوا مرض چمٹ جائیں مثلاً شوگر ہو جائے، بلڈ پریشر بڑھ جائے یا کم ہو جائے یا دل کا وال بند ہو جائے یا اور کوئی موذی مرض لپٹ جائے تو اس کے ختم کرنے اور صحتیاب ہونے کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔

ایک چھوٹا کورا مٹکا پانی کا لیں اور اس کو دھو کر

پانی بھرلیں۔ اس مشکے کو ہاتھ لگانے سے پہلے وضو ضرور کریں۔ بغیر وضو کے مشکے کو ہاتھ نہ لگائیں۔ مطلب یہ ہے کہ جب مشکا خریدنے جائیں تو پہلے وضو کرلیں۔ بغیر وضو مشکے کو نہ چھوئیں اور نہ اسمیں پانی پیئیں ورنہ اثر نہ ہوگا۔

صحیح اور تجوید کی رعایت کے ساتھ پڑھنے والا، نیچی نگاہ رکھنے والا، حلال روزی کھانے والا یہ عمل کرے اگر خود میں یہ صلاحیت ہے تو خود کرلے ورنہ کسی نیک صالح متقی حافظ و قاری سے یہ کام کرائے۔ باوضو پانی کا مشکا سامنے رکھیں اور پاک مصلے پر قبلہ کی طرف منہ کرکے بیٹھ جائیں کپڑوں پر عطر لگائیں گلاب کا عطر ہو تو بہتر ہے اور یہ درود شریف تین سو (۳۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلٰوتِكَ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ۔

اس کے بعد سورۃ انشقاق (پارہ عمّ) کو اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھیں جب بھی سجدے والی آیت آئے فوراً سجدہ کریں پھر سجدہ سے اٹھ کر سورۃ کو پورا کریں اس طرح اکیس بار سورۃ پڑھنی ہے اور اکیس ۲۱ سجدے کرنے ہیں۔ جب بھی سورۃ مکمل ہو مشکے کا ڈھکن کھول کر پانی پر دم کریں۔ اکیس ۲۱ مرتبہ پانی پر دم کرنا ہے

یہ عمل ایک ہی بیٹھک میں ایک ہی دن کرنا ہے۔ سات دن تک اس مشکے کا پانی استعمال کرنا ہے۔ مریض کو یہ پانی دن بھر پلائیں۔ جب بھی پانی کی ضرورت ہو یہی پانی پلائیں۔ سات دن میں پانی ختم ہو جائے تو آٹھویں دن پھر پانی اسی طرح پڑھ کر تیار کریں سات دن تک پلائیں۔ یہ عمل پانچ مرتبہ کرنا ہے۔ جب بھی عمل شروع کریں اس سے قبل صدقہ دیں۔ صدقہ اپنی حیثیت کے مطابق دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مریض تندرست ہو جائے گا۔ سورۃ انشقاق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۙ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۙ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۙ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۙ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۙ يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۚ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ۙ وَّيَنْقَلِبُ اِلٰٓى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۙ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ۙ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۙ وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ۙ اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۙ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ۚ بَلٰٓى ۚ اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ۙ فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۙ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۙ وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ۙ لَتَرْكَبُنَّ

طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ۝ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ۝ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ۝ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝

سانپ بچھو کا زہر ختم کرنا

اگر کسی کو سانپ ڈس لے یا بچھو ڈنک مار دے تو اس کے زہر کو ختم کرنے کے لئے لہسن کے چالیس عدد جوے لے کر ایک کلو دودھ میں ان کو ہلکی آنچ میں پکائیں دودھ پکتا رہے اس کے پاس باوضو بیٹھ کر چالیس مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں اور دودھ پر پھونک دیں۔ دودھ کو ٹھنڈا کرے تمام دودھ سانپ کے ڈسے ہوئے یا بچھو کے ڈنک مارے ہوئے مریض کو پلا دیں۔

یہ عمل دن میں دو تین مرتبہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام زہر ختم ہو جائے گا۔

بخشش کا عمل

کوئی شخص اس ڈر خوف میں مبتلا ہو کہ گناہوں کی کثرت کے سبب اس کی بخشش نہیں ہو گی تو اپنی بخشش کے لئے بعد نماز عشاء اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود

شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو بار یہ دعا پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی بخشش ہو جائے گی۔

وہ دعا یہ ہے

رَبَّنَا اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

دنیا و آخرت کی بھلائی

اگر کوئی دنیاوی معاملات میں ناکام یا آخرت کے معاملے میں ڈرتا ہو کہ وہاں اس کے ساتھ معاملہ سخت نہ ہو جائے تو روزانہ بعد نماز عشاء اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو بار یہ دعا پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دنیا کے معاملات درست ہو جائیں گے اور اسی طرح آخرت میں بھی خیر کا معاملہ ہو گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

اطمینان قلبی کے لئے

اگر کسی کا دل اُڑا اُڑا اور طبیعت پریشان رہتی ہو اور دل میں سکون کی کمی ہو تو رات بعد نماز عشاء باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے

درمیان میں ایک سو بار یہ دعا پڑھے۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اللہ تعالیٰ سے رحم و مغفرت طلب کرنا

اگر کسی کو قساوت قلبی اور گناہوں کے سبب اپنی مغفرت اور بخشش اور اللہ تعالیٰ کا اس کے ساتھ رحم کا معاملہ پر شک ہو اور اس سبب سے ہر وقت بے چین رہتا ہو تو اپنی مغفرت اور بخشش اور اللہ تعالیٰ کا رحم و شفقت کے ساتھ معاملہ کا یقین بڑھانے کے لئے بعد نماز عشاء باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو بار یہ آیت پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حق تعالیٰ شانہٗ سے سچی امید بخشش و رحم کی قائم ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

دیگر علماء کرام کے عملیات وتعویذات

دیمک سے نجات حاصل کرنا

اگر کسی گھر کی چوکھٹوں، کھڑکیوں یا لکڑی کی چیزوں یا لکڑی کے شہتیروں میں دیمک لگ کر انہیں ناکارہ بناتی ہے اور بار بار دوائیاں چھڑکنے اور اس کو دور کرنے کے باوجود تمام لکڑی کی چیزوں کو تباہ کر رہی ہے تو اس کے لئے روزانہ سورۃ مطففین پڑھ کر دیمک کے نکلنے کے سوراخوں پر دم کیا کریں اور پانی پر دم کر کے گھر کے تمام کونوں میں اس کا چھینٹا دیا کریں یعنی ہلکا ہلکا چھڑکا کریں۔ سورۃ مطففین یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ ۝ وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ۝ اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ۝ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سِجِّيْنٌ ۝ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ۝ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۝ وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۝ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ

الْاَوَّلِيْنَ ۝ كَلَّا بَلْ ۚ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ۝ ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيْمِ ۝ ثُمَّ يُقَالُ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۝ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا عِلِّيُّوْنَ ۝ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ۝ يَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ ۝ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ۝ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ۝ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ ۝ يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ۝ خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ۚ وَفِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ ۝ وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ ۝ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ ۝ وَاِذَا مَرُّوْا بِهِمْ يَتَغَامَزُوْنَ ۝ وَاِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ۝ وَاِذَا رَاَوْهُمْ قَالُوْٓا اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ۝ وَمَآ اُرْسِلُوْا عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ۝ فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ ۝ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ۝ هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝

اولاد کے نیک اور صالح بننے کے لئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی اولاد کی اٹھان نیکی اور اچھائی پر ہو۔ ان میں شرارت اور گناہوں سے نفرت

پیدا ہو جائے اور نماز کی پابندی، دینی رجحان میں اضافہ اور شرافت اور بھلائی کے جذبات پیدا ہوں تو اس کے لئے روزانہ ایک سو ایک (۱۰۱) بار یہ آیت باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچوں کو وہ پانی کسی وقت پلا دیا کریں۔

اگر بچے دو رہوں اور ان کو پانی پلانا ممکن نہ ہو تو روزانہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ اس آیت کو پڑھ لیا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ اولاد نیکی اور صلاح پر پروان چڑھے گی اور والدین کی نیک نامی میں اضافہ ہوگا۔

وہ آیت یہ ہے۔

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۝

چیونٹیاں بھگانا

اگر کسی جگہ چیونٹیوں کی کثرت ہو اور وہ نقصان پہنچاتی ہوں تو ان کو بھگانے کے لئے یہ آیت باوضو تین بار پڑھ کر ریت (مٹی) پر دم کریں اور ان کے بلوں کے نزدیک پھیلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس جگہ سے چیونٹیاں چلی جائیں گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝

مرگی کا دورہ

اگر کسی بچے یا بڑے کو خدانخواستہ مرگی کا دورہ پڑ جائے تو اس کو ہوش میں لانے کے لئے تین مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات باوضو مریض کے کان میں بلند آواز سے پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض فوراً ہوش میں آجائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

الٓمٓصٓ ۝ طٰسٓمٓ ۝ كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ يٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝ حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۝ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۝

روزی میں اضافہ

اگر کوئی شخص فقر و فاقہ میں مبتلا ہو اور گذارہ مشکل سے ہوتا ہو اور قرض پر قرض چڑھتا جاتا ہو تو اس کے لئے یہ کلمات روزانہ صبح بعد نماز فجر اور رات کو بعد نماز عشاء ایک ایک سو بار پڑھا کرے۔ ناغہ نہ کرے۔ مستقل مزاجی کے ساتھ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی غربت سے نجات اور رزق میں فراخی اور وسعت پیدا ہوگی، کسی طرح بھی کسی کا محتاج نہ رہے گا۔ عمل شرط ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ ۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ۔

گمشدہ کی واپسی

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی یا مرد یا عورت گھر سے بھاگ گئے ہوں یا گم ہو گئے ہوں تو گمشدہ کی واپسی کے لئے یہ آیت باوضو ایک پاک کاغذ پر لکھ کر لپیٹ کر چرخہ میں باندھ کر چرخہ کو فجر کی نماز کے بعد ایک سو بار الٹا چکر دیں (الٹا گھمائیں) اگر چرخہ نہ ہو تو سائیکل کے پہیے میں باندھ کر الٹا گھمائیں اگر سائیکل بھی نہ ہو تو کسی بجلی کے پنکھے میں باندھ کر پنکھا چلا دیں یا پنکھا بجلی نہیں ہے تو اس کو کسی اونچی جگہ اس طرح باندھیں کہ ہوا سے تعویذ ہلتا رہے۔ اس آیت کے نیچے بھاگنے یا گم ہونے والے کا نام معہ اس کی والدہ کے نام کے لکھے

وہ آیت یہ ہے۔

فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ۚ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۚ فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ ۙ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوْسٰى ۝

جب بھاگا ہوا واپس آجائے تعویذ فوراً کھول کر رکھ لیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

پیشاب کا بند کھولنا

اگر کسی کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو اس کے لئے باوضو اول تین بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد گیارہ بار یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب کی بندش کھل جائے گی اور خوب پیشاب آئے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ۖ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۚ

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

طاعون، ہیضہ انفلوئنزا، چیچک، وبائی امراض

اگر کسی جگہ وبائی امراض پھوٹ پڑیں اور خسرہ، طاعون،

ہیضہ، انفلوئنزا، چیچک کا زور ہو جائے یا جانوروں میں کھُر اور مُنہ کی بیماری پیدا ہو جائے یا مُرغیوں میں برڈ فلو کا مرض پھیل جائے تو اس کے لئے سورۃ القدر باوضو تین مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پہ یا پانی پر دم کر کے آدمیوں کو یا جانوروں کو کھلائیں۔ اسی طرح پڑھا ہوا پانی بھی انسانوں یا جانوروں کو پلائیں اور مکان اور باڑے کے کونوں میں چھڑکیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مرض سے نجات حاصل ہوگی۔ یہ عمل کم از کم چالیس دن کرے۔

سورۃ القدر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝ سَلٰمٌ ۝ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

پیٹ کے درد کا شافی علاج

اگر کسی کے پیٹ میں درد رہتا ہو یا کھانا کھانے کے بعد پیٹ میں درد ہو جاتا ہو یا کسی اور وجہ سے پیٹ میں شدید درد پیدا ہو گیا ہو تو اس کے لئے یہ آیت باوضو تین بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو وہ پانی پلا دے اسی طرح اگر جانور کے پیٹ میں درد ہو تو اس کو یہی پانی پڑھا ہوا پلاتے۔

انشاء اللہ تعالیٰ درد سے نجات حاصل ہوگی۔

وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ۝

بچے کا کثرت سے رونا

اگر کوئی بچہ کثرت سے روتا ہو اور ہر وقت کسی نہ کسی بہانے سے روتا رہتا ہو اور کسی طور بھی چپ نہیں ہوتا اور بات بات پر ضد کرتا ہو اور نئے نئے مطالبے پیش کرتا ہو لیکن اس کا رونا کسی طور پر کم نہیں ہوتا۔ والدین اس کے اس طرح بات بات پر رونے سے پریشان ہوں تو باوضو سورۃ الفلق اور سورۃ الناس تین تین بار پڑھ کر بچے پر دم کریں اور پانی پر بھی دم کر کے بچے کو وہ پانی چار وقت پلائیں۔ چار وقت پلانے کے یہ ہیں۔

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل
۲۔ دوپہر گیارہ بجے
۳۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے پہلے
۴۔ بعد نماز عشاء سونے سے قبل

انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ضد چھوڑ دے گا اور رونا بند ہو جائے گا۔ چند دن یہ عمل کریں۔

سورۃ الفلق یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ
غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ
وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۙ

سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ
فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۙ

نکسیر پھوٹنے کا علاج

اگر کسی کی نکسیر پھوٹ گئی ہو اور ناک سے برابر خون بہہ رہا ہو تو اس کو روکنے کے لئے یہ آیت باوضو سات بار پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نکسیر بند ہو جائے گی۔

وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَقِيْلَ
يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ
الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ
وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝

ہر قسم کی خطرناک بیماری، سحر، جادو کا علاج

اگر کوئی شخص کسی خطرناک مرض میں مبتلا ہو یا اس پر کسی نے سحر، سفلی، جادو کرا دیا ہو یا پُراسرار بیماری میں مبتلا ہو جس کی تشخیص نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک چینی کی بغیر پھول والی پلیٹ پر الحمد شریف لکھے اور اس کے نیچے یہ کلمات لکھے اور مریض کو پلیٹ پانی سے دھو کر وہ پانی چار وقت پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے خطرناک مرض، سحر، جادو، سفلی سے نجات حاصل ہوگی۔

سورۃ الفاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۙ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۙ
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

نیچے لکھے جانے والے کلمات یہ ہیں

يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَآئِهٖ يَا حَيُّ۔

بواسیر کے مرض میں خون آنا

اگر کسی شخص کو خدانخواستہ خونی بواسیر کی شکایت ہو اور خون بہتا ہو جس سے انسان کا جسم بہت کمزور ہو جاتا ہے

اور رنگ پیلا پڑ جاتا ہے اس کے لئے یہ آیت اکتالیس بار باوضو پڑھے اور پانی یا کھانے کی چیز پر دم کرے اور پانی پیئے اور کھانے کی چیز کھائے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰهِیْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ

انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے خون آنا بند ہو جائے گا۔

کان کے درد کو دور کرنا

اگر کسی بچے کے کان میں رات کو درد ہونے لگے یا کسی بڑے آدمی کے کان میں شدید درد پیدا ہو جائے تو اس کے لئے باوضو اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ سورۃ اعلیٰ پڑھے اور آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھے اور مریض کے دونوں کانوں میں پھونک مار دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑی دیر میں کان کا درد دور ہو جائے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

سورۃ اعلیٰ یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۝ الَّذِىْ خَلَقَ
فَسَوّٰى ۝ وَالَّذِىْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۝ وَالَّذِىْ
اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۝ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ۝
سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۝ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۝
اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۝ وَنُيَسِّرُكَ
لِلْيُسْرٰى ۝ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۝
سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۝ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۝
الَّذِىْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۝ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ
فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۝
وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۝ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝
وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝ اِنَّ هٰذَا لَفِى الصُّحُفِ
الْاُوْلٰى ۝ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ۝

لڑکے یا لڑکی کا رشتہ ہونا

اگر والدین اپنی اولاد کی شادی کے سلسلے میں پریشان ہوں اور بہت زیادہ کوشش کے باوجود رشتے نہیں ہوتے۔ اس کے لئے بعد نماز فجر باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر پوری توجہ کے ساتھ یَا حَكِيْمُ ایک سو ایک مرتبہ روزانہ پڑھا کرے ناغہ نہ کرے البتہ اگر عورت یا لڑکی خود پڑھ رہی ہے اور خاص دن شروع ہو گئے تو پڑھنا بند کر دے۔ پاک ہونے کے بعد پھر پڑھنا شروع کرے۔ یہ عمل شادی ہونے تک جاری رکھے۔

نظر بد سے حفاظت و نجات

اگر کسی بچے یا بڑے کو نظر بد لگی ہو جس کے سبب اس کی صحت گرتی جا رہی ہو کھانا کھانے کو دل نہ چاہتا ہو اور مرض بڑھتا جاتا ہو لیکن مرض کا پتہ نہ چلتا ہو۔ بچہ ہے تو ہر وقت کسی نہ کسی بہانے سے روتا ہو کھانا پینا بند ہو گیا ہو یا کھاتا ہو تو الٹی ہو جاتی ہو۔ اس سے نجات کے لئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو ایک کاغذ پر یا چینی کی پلیٹ پر لکھیں اور اس کو پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں اور اس پر چھڑکیں نیز یہی کلمات پڑھ کر صبح و شام مریض پر دم کریں اور یہی کلمات ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دیں تعویذ پر کالا یا گہرا نیلا کپڑا چڑھائیں۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ حَبَسَ حَابِسٌ وَ حَجَرَ یَابِسٌ وَشِہَابٌ قَابِسٌ رُدَّتْ عَیْنُ الْعَائِنِ عَلَیْہِ وَعَلٰی اَہْلِ النَّاسِ اِلَیْہِ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ہَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْکَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّہُوَ حَسِیْرٌ ۝

معدہ کے درد سے نجات

اگر کسی شخص کے معدہ میں شدید درد ہوتا ہو اور

وہ انتہائی تکلیف محسوس کرتا ہو اور اسے کسی طور بھی چین نہ آتا ہو تو اس کے لئے یہ آیت باوضو چینی کی پلیٹ پر پانی میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور مریض کو روزانہ صبح نہار منہ وہ پلیٹ پانی سے صاف کر کے وہ پانی پلائے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک مریض صحیح نہ ہو جائے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاِذَا اَنْتُمْ اَجِنَّۃٌ فِیْ بُطُوْنِ اُمَّہٰتِکُمْ ۚ فَلَا تُزَکُّوْٓا اَنْفُسَکُمْ ۚ ہُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰی ۝

سفر میں ہر قسم کے خطرات سے حفاظت

اگر کوئی شخص سفر پر روانہ ہونا چاہتا ہے یا سفر پر روانہ ہو چکا ہے اور ڈرتا ہے کہ کہیں راستے میں کوئی حادثہ پیش نہ آ جائے یا ڈاکو لٹیروں سے واسطہ نہ پڑ جائے تو اس کے لئے گھر سے نکلنے سے پہلے یا دورانِ سفر سورۃ عبس مکمل ایک مرتبہ پڑھ لی جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سفر بخیر و خوبی پورا ہو گا اور راستہ میں کسی قسم کا جانی یا مالی نقصان نہ ہو گا۔

سورۃ عبس یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
عَبَسَ وَ تَوَلّٰی ۝ اَنْ جَآءَہُ الْاَعْمٰی ۝ وَمَا یُدْرِیْکَ لَعَلَّہٗ یَزَّکّٰی ۝ اَوْ یَذَّکَّرُ فَتَنْفَعَہُ

الذِّكْرٰى ۝ اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ۝ فَاَنْتَ لَهٗ
تَصَدّٰى ۝ وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ۝ وَاَمَّا مَنْ
جَآءَكَ يَسْعٰى ۝ وَهُوَ يَخْشٰى ۝ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ۝
كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ۝ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۝ فِيْ صُحُفٍ
مُّكَرَّمَةٍ ۝ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ۝ بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ۝
كِرَامٍ بَرَرَةٍ ۝ قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ۝ مِنْ اَيِّ
شَيْءٍ خَلَقَهٗ ۝ مِنْ نُّطْفَةٍ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ۝ ثُمَّ
السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ۝ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ۝ ثُمَّ
اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ۝ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ۝
فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖٓ ۝ اَنَّا صَبَبْنَا
الْمَآءَ صَبًّا ۝ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ۝
فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ۝ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ۝ وَّ
زَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ۝ وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ۝ وَّفَاكِهَةً
وَّاَبًّا ۝ مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ۝ فَاِذَا جَآءَتِ
الصَّآخَّةُ ۝ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ۝ وَ
اُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ۝ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ۝ لِكُلِّ
امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ۝
وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ۝ ضَاحِكَةٌ
مُّسْتَبْشِرَةٌ ۝ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ۝
تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ
الْفَجَرَةُ ۝

ہر قسم کی مشکل کا حل ہونا

اگر کوئی ایسی مشکل پیدا ہو گئی ہو جس کا حل ہونا فرض ہو اور اس کے حل نہ ہونے سے جان کا یا مال کا یا عزت کے جانے کا خطرہ ہو تو اس کے لئے جمعرات کا دن گذرنے کے بعد جو رات آتی ہے وہ جمعہ کی رات ہے۔ اس رات بعد نماز عشاء باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد یہ آیت ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل فوراً حل ہو جائے گی اگر ایک مرتبہ کے پڑھنے سے حل نہ ہو تو اگلے جمعہ کی شب کو پھر اسی طرح عمل کرے۔ جب تک مشکل حل نہ ہو برابر عمل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ
السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ۭ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۭ
قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

بچے کا حد سے زیادہ رونا

اگر چھوٹا بچہ حد سے زیادہ روتا ہے اور گھر میں ہر وقت اس کے رونے کی آواز آتی ہے۔ بات بات پر ضد کرتا ہے۔ مچلتا ہے زمین پر لیٹ جاتا ہے اور طرح طرح سے بہانے کر کر کے روتا ہے تو اس کے لئے یہ آیت باوضو چینی کے بغیر پھول والی پلیٹ پر لکھیں اور گیارہ دن روزانہ ایک پلیٹ دھو کر اس کا پانی بچے کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونا بند کر دے گا اور ضد کرنے اور مچلنے سے باز رہے گا۔
وہ آیت یہ ہے۔

وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ
اِلَّا هَمْسًا ۝

دل کے مرض سے افاقہ

اگر خدانخواستہ کسی کو دل کا مرض لگ جائے تو اس کے لئے باوضو اکتالیس دن روزانہ ایک پلیٹ پر یہ آیت لکھے اور پانی سے دھو کر مریض کو وہ پانی چار وقت پلائے۔ پلانے کے اوقات یہ ہیں:
۱۔ صبح ناشتہ سے قبل

۲۔ صبح گیارہ بجے دن
۳۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے پہلے
۴۔ بعد نماز عشاء سونے سے پہلے
انشاء اللہ تعالیٰ دل کے مریض کو فائدہ ہوگا اور تکلیف سے نجات ملے گی۔
وہ آیت یہ ہے۔

يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَهٗ
اُمُّ الْكِتٰبِ ۝

درد گردہ کا علاج

اگر کسی کو درد گردہ کی شکایت پیدا ہو گئی ہو اور گردے کی جگہ ہر وقت ٹیسیں اٹھتی ہوں اور کسی پل چین نہ آتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیتیں اکتالیس دن تک روزانہ باوضو ایک پلیٹ پر لکھے اور پلیٹ کو پانی سے دھو کر وہ پانی مریض کو چار وقت پلائے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی درد گردہ کی بیماری سے صحت حاصل ہوگی۔
وہ آیتیں یہ ہیں۔

وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۭ
تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ
الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ۝

اِذَا دُکَّتِ الْاَرْضُ دَکًّا دَکًّا ۝

پانی پلانے کے چار وقت یہ ہیں۔

۱۔ صبح ناشتہ سے پہلے
۲۔ دوپہر گیارہ بجے
۳۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے پہلے
۴۔ بعد نماز عشاء سونے سے پہلے

اولاد ہونے کے لئے

اگر کسی شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اور اسے بڑی تمنا ہو کہ اس کے بچہ ہو جائے تو اس کے لئے اکتالیس[۴۱] عدد کالی مرچ لے اور اکتالیس[۴۱] عدد لونگ لے کر ان پر باوضو اکتالیس[۴۱] مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ کے ساتھ یہ آیت پڑھ کر ان دونوں چیزوں پر دم کریں۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَالسَّمَآءَ بَنَیْنٰهَا بِاَیْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ۝

یہی آیت اکتالیس[۴۱] دن روزانہ ایک چینی کی بغیر پھول والی سادہ پلیٹ پر لکھیں۔

رات کو سونے سے پہلے مرد ایک عدد کالی مرچ اور ایک عدد لونگ کھا کر باوضو پلیٹ کو دھو کر پانی پی لے۔ اکتالیس دن تک اسی طرح عمل کرے۔

بے اولاد مرد کی بیوی کے لئے بھی اکتالیس[۴۱] عدد

کالی مرچ اور اکتالیس عدد لونگ لے کر اس پر اکتالیس[۴۱] بار یہ آیت باوضو پڑھ کر دم کرے۔

وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ۝

اور یہی آیت روزانہ ایک پلیٹ پر باوضو لکھیں اور رات کو سونے سے قبل عورت ایک کالی مرچ اور ایک لونگ کھالے اس کے بعد باوضو پلیٹ دھو کر پانی پی لے اور دونوں میاں بیوی حقوقِ زوجیت ادا کریں۔ ماہواری کے ایام میں عورت یہ چیزیں استعمال نہ کرے۔

سخت دل انسان کا دل نرم کرنا

اگر کسی شخص کا دل سخت ہو اور اس کے مزاج میں نرمی اور شفقت نہ ہو بلکہ ہر ایک کے ساتھ ظالمانہ انداز میں پیش آتا ہو اور ہر وقت گرم مزاجی سے پیش آتا ہو تو اس کے لئے اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام

یَا رَحْمٰنُ

روزانہ بعد نماز فجر باوضو ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کرے اور سخت دل شخص کو پلا دے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ مزاج بدل جائے گا۔ دل کی سختی دور ہو جائے گی اور مزاج میں نرمی اور شفقت پیدا ہو جائے گی۔

غیب سے روزی کا انتظام

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا ایک مرتبہ حکومت کی طرف سے وظیفہ آنے میں دیر ہوئی ان کو سالانہ ایک لاکھ (درہم یا دینار) وظیفہ ملا کرتا تھا۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ بہت زیادہ سخی تھے اِدھر روپیہ ختم ہو گیا۔ کسی سے سوال کرنا توکل کے خلاف تھا۔ اسی مالی پریشانی کے دوران آپ نے یہ دعا کثرت سے پڑھنا شروع کی اس عمل کو ایک ہفتہ بھی نہ ہوا تھا کہ حکومت کی طرف سے پندرہ لاکھ روپے وظیفہ کے آگئے اور آپ کی تمام پریشانی دور ہو گئی۔

وہ دعا جو آپ نے کثرت سے پڑھی یہ تھی۔

اَللّٰھُمَّ اقْذِفْ فِیْ قَلْبِیْ رَجَآءَکَ وَاقْطَعْ رَجَآئِیْ عَمَّنْ سِوَاکَ حَتّٰی لَا اَرْجُوْ اَحَدًا غَیْرَکَ اَللّٰھُمَّ وَمَا ضَعُفَتْ عَنْہُ قُوَّتِیْ وَقَصُرَ عَنْہُ عَمَلِیْ وَلَمْ تَنْتَہِ اِلَیْہِ رَغْبَتِیْ وَلَمْ تَبْلُغْہُ مَسْأَلَتِیْ وَلَمْ یَجْرِ لِسَانِیْ مِمَّا اَعْطَیْتَ اَحَدًا مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ مِنَ الْیَقِیْنِ فَخُصَّنِیْ بِہٖ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ط

جس شخص کی رزق تنگ ہو اس دعا کو پڑھے مگر کثرت سے پڑھے۔ اگر باوضو پڑھے تو بہتر ہے ورنہ بغیر وضو کے بھی پڑھے تو درست ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی تنگی دور ہو جائے گی بڑا مجرب عمل ہے۔

میاں بیوی کی آپس کی ناراضگی ختم

اگر میاں بیوی میں کسی بات پر رنجش پیدا ہو گئی ہو اور دونوں آپس میں ایک دوسرے سے سخت ناراض ہوں اور بول چال بند ہو چکی ہو تو اس کے لئے اسم الٰہی

یَا رَحِیْمُ

کو باوضو نماز فجر کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے دونوں میاں بیوی کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ باہمی ناراضگی ختم ہو جائے گی اور وہ دونوں ایک دوسرے سے محبت کرنے لگیں گے۔

یہ عمل ایک ہفتہ تک برابر کرتا رہے ناغہ نہ کرے۔

عزت کا مقام حاصل کرنا

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی سب عزت کریں اور اس کے ساتھ ادب و احترام کا برتاؤ کریں تو اس کیلئے باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک

یَا مَالِکُ

ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اپنی عزت و عظمت قائم ہونے کی دعا کرے۔ یہ عمل بعذانہ بعد نماز فجر کر لیا کرے۔ انشاء اللہ

تعالیٰ جلد ہی اس کے آثار ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے لوگوں کے دلوں میں عزت قائم ہو جائے گی اور وہ ادب واحترام کے ساتھ پیش آنے لگیں گے لیکن شرط یہ ہے کہ یہ عمل پابندی کے ساتھ کرے ناغہ کر کے کرے گا تو وہ فوائد حاصل نہ ہوں گے۔ دوسرے یہ کہ عمل کے دوران پنج وقتہ نماز باجماعت ادا کرتا رہے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

قرض کی ادائیگی اور رزق میں اضافہ

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا قرض جلد ادا ہو جائے اور اس کو جلد از جلد اس بوجھ سے نجات مل جائے اور اس کی آمدنی اور رزق میں بھی اضافہ ہو جائے تو اس کو چاہیئے کہ اسم الٰہی

یَا اَللّٰہُ

روزانہ بعد نماز فجر ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ باوضو

قبلہ رُخ بیٹھ کر پڑھے اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل برابر کرتا رہے چھٹی ناغہ نہ کرے بلکہ عمل کی پابندی کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کو ہمیشہ پابندی کے ساتھ کرنے کی برکت سے کبھی جیب خالی نہ رہے گی اور سارا قرضہ جلد ہی ادا ہو جائے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

دعا کی قبولیت کے لئے

اگر کوئی ایسا مسئلہ اٹک گیا ہے کہ اس کا حل ہونا فرضی ہے ورنہ بے عزتی ہو گی تو اس کے لئے بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر اسم الٰہی

یَا مُجِیْبُ

ایک ہزار مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھے۔ پڑھنے کے دوران نہ اٹھے نہ کسی سے بات کرے بلکہ پوری توجہ اللہ کی طرف سے عمل کرے۔ اس کے بعد اپنے مسئلہ کے حل کی دعا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول ہوگی اور مسئلہ حل ہو جائے گا۔

روزگار کے لئے

اگر کوئی شخص بے روزگار ہو اور اسے اس کی مرضی کا کام نہ ملتا ہو یا نوکری سے نکال دیا گیا ہو تو اس کے لئے روزانہ بعد نماز فجر سورج طلوع ہونے سے پہلے پہلے اسم الٰہی

یَا وَاسِعُ

ستر مرتبہ باوضو پڑھے اور سورج نکلنے کے بعد اشراق کی نماز پڑھ کر روزگار کی تلاش میں نکل جائے انشاء اللہ تعالیٰ چند دن عمل کرنے کی برکت سے جلد ہی اچھے روزگار کا انتظام ہو جائے گا۔ اور اگر نوکری سے نکال دیا گیا ہے تو نوکری پر بحال ہو جائے گا۔

آپس کی ناراضگی ختم کرنا

اگر دو آدمیوں میں آپس میں سخت ناراضگی ہو اور وہ ایک دوسرے سے بات چیت نہ کرتے ہوں تو اس کے لئے اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد اسم الٰہی

یَا وَدُوْدُ

تنبیہ: یہ یاد رکھنے کی بات ہے کہ کان میں جو بھی تیل وغیرہ ڈالنا ہو اسے ہلکا گرم کر لیں۔ ٹھنڈے تیل سے کان کو نقصان پہنچتا ہے۔
سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ شریف یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۠

ہر قسم کے درد سے نجات

اگر جسم کے کسی بھی حصے میں شدید درد ہو اس کے لئے ایک بوتل سرسوں کا خالص تیل لے کر اس پر باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ درمیان

میں ستر (۷۰) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس تیل پر دم کرے اور سنبھال کر رکھ لے۔ جب ضرورت ہو تھوڑا سا تیل ہتھیلی میں لے کر ہلکا ہلکا درد کی جگہ مالش کرے (لگائے) اور کوئی کپڑا یا پٹی اس جگہ باندھ دے تاکہ ہوا نہ لگے۔ جلد ہی انشاء اللہ تعالیٰ درد ختم ہو جائے گا۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

عملیات و تعویذات میں خطوطِ مرموز کا استعمال

خطوطِ مرموزہ بے شمار ہیں ان کا گننا اور تعداد بتانا مشکل ہے۔ تمام عملیات، طلسمات اور تعویذات خطِ رمز ہی میں تحریر ہوتے ہیں۔ عملیات و طلسمات کی مختلف ناقابل فہم شکلیں اور تعویذات میں "یَا بُدُّوْحُ" وغیرہ الفاظ اسی قبیل سے ہیں۔ یا بعض قدیم قلمی کتابوں پر لفظ "یاکبیکج" سرلوح لکھا ہوا ملتا ہے۔ چنانچہ "صحاح جوھری"، قلمی مکتوبہ ۶۴۸ھ مطابق ۱۲۵۰ء کے ابتدائی صفحہ پر یہ لفظ بلا نقط لکھا ہوا ہے۔ اس کے علاوہ یہ عبارت بھی درج ہے۔

"لا ااام ۱۱۱۱ ھ"

ایسی صدہا مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں۔ ایک سے زائد قلمی کتبِ قدیم پر یہ مصرع بھی لکھا ہوا دیکھا ہے۔ ع

"یاکبیکج مخور کتابم را"

بہت سے کاتب کوئی تحریر لکھنے سے پہلے سر صفحہ "۷۸۶" یا "لعو" یا اسی قسم کی کوئی اور علامت درج کرتے ہیں۔

یَا بُدُّوْحُ۔ یہ ایک مؤکل کا نام ہے۔

فسفع۔ یہ بھی کسی موکل کا نام بتایا جاتا ہے۔
یا کبیکج۔ خالص مذہبی لوگوں کا یہ عقیدہ تھا اور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر شئے کی حفاظت کے لئے ایک موکل مامور کیا ہے۔ کبیکج اس موکل کا نام ہے جو مکتوبات کی حفاظت پر مامور ہے۔ لہذا اُس کا نام کتاب پر بطورِ دُہائی درج کیا جاتا ہے تاکہ کرم وغیرہ (دیمک اور دیگر کتابی کیڑوں) سے محفوظ رہے۔

"ﷺ ۱۱۱۱ھ" یہ عبارت روایتاً ایک تاریخی حیثیت بھی رکھتی ہے۔ وہ روایت یہ ہے کہ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ کے زمانہ خلافت میں کسی شخص کو ایک ٹھیکری ملی جس پر یہ عبارت ثبت تھی۔ اُس ٹھیکری کو جب حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ کی خدمت میں پیش کیا گیا تو فرمایا یہ سات لفظ ہیں جن میں الحمد شریف کی ساتوں آیتیں ایک خطِ خاص میں درج ہیں۔ اور یہی عبارت حضرت سلیمان علیہ السلام کی خاتم (انگوٹھی) پر کندہ تھی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

ان اشکال کی حسبِ ذیل دوسری شکل بھی ملتی ہے۔



چنانچہ خوب تخلص کے کسی مصنف نے اپنی تصنیف

"حفظ مراتب" میں ان کی بابت حسبِ ذیل عربی و فارسی کے اشعار تحریر کئے ہیں۔

ثَلٰثٌ عَصًی صُفِّفَتْ بَعْدَ خَاتَمٍ
(ترجمہ) مہر کے بعد تین کھڑی لاٹھیاں (الف) ہیں جن کے
عَلٰی رَاسِهَا مِثْلُ السِّنَانِ الْمُقَوَّمِ
سر پر ٹھرا سا نیزہ (بھالا) ہے
وَمِيْمٌ طَمِيْسٌ اَبْتَرٌ ثُمَّ سُلَّمٌ
اور دُم کٹا ہوا طمیس کا میم ہے۔ پھر سیڑھی بھی ہے
تَشِيْرُ اِلَى الْخَيْرَاتِ وَلَيْسَ بِسُلَّمِ
یہ سیڑھی نیکیوں کی طرف اشارہ کرتی ہے لیکن سیڑھی نہیں ہے
وَاَرْبَعَةٌ مِثْلُ الْاَنَامِلِ صُفِّفَتْ
اور چار کھڑی ہوئی انگلیاں ہیں (مراد الف)
وَهَاءٌ شَقِيْقٌ ثُمَّ وَاوٌ مُنْعَكِسٌ
اور ہاء شقیق (ھ) ہے پھر واو ہے جس کو موڑ دیا گیا ہے
كَاَنْيُوْبِ حَجَّامٍ وَلَيْسَ بِمُحْجَمِ
نائی کی نہرنی کی طرح لیکن یہ نہرنی نہیں ہے

فارسی کے اشعار یہ ہیں:-

صفرہٗ، سہ الف، کشیدہ مدبرسر
میم کجکول، نردباں، بدو در
باچہار الف کشیدہ ھا و واؤ دُم سر
این ہمہ بود، نام خدائے اکبر

فسفع. یہ بھی کسی مؤکل کا نام بتایا جاتا ہے۔

یاکبیکج۔ خالص مذہبی لوگوں کا یہ عقیدہ تھا اور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر شئے کی حفاظت کے لئے ایک مؤکل مامور کیا ہے۔ کبیکج اس مؤکل کا نام ہے جو مکتوبات کی حفاظت پر مامور ہے۔ لہذا اُس کا نام کتاب پر بطور دُہائی درج کیا جاتا ہے تاکہ کرم وغیرہ (دیمک اور دیگر کتابی کیڑوں) سے محفوظ رہے۔

"ا آ ۳ م ۴ ۱۱۱۱ ھ ہ" یہ عبارت روایتاً ایک تاریخی حیثیت بھی رکھتی ہے۔ وہ روایت یہ ہے کہ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ کے زمانہ خلافت میں کسی شخص کو ایک ٹھیکری ملی جس پر یہ عبارت ثبت تھی۔ اُس ٹھیکری کو جب حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ کی خدمت میں پیش کیا گیا تو فرمایا یہ سات لفظ ہیں جن میں الحمد شریف کی ساتوں آیتیں ایک خطِ خاص میں درج ہیں۔ اور یہی عبارت حضرت سلیمان علیہ السلام کی خاتم (انگوٹھی) پر کندہ تھی۔

واللہ اعلم بالصواب۔

ان اشکال کی حسبِ ذیل دوسری شکل بھی ملتی ہے۔



چنانچہ خوب تخلص کے کسی مصنف نے اپنی تصنیف

"حفظ مراتب" میں ان کی بابت حسبِ ذیل عربی و فارسی کے اشعار تحریر کئے ہیں۔

ثَلٰثُ عَصًی صُفِّفَتْ بَعْدَ خَاتَمٍ
(ترجمہ) مہر کے بعد تین کھڑی لاٹھیاں (الف) ہیں جن کے
عَلٰی رَاسِهَا مِثْلُ السِّنَانِ الْمُقَوَّمِ
سر پر ٹھرا سا نیزہ (بھالا) ہے
وَمِیْمٌ طَمِیْسٌ اَبْتَرٌ ثُمَّ سُلَّمٌ
اور دُم کٹا ہوا طمیس کا میم ہے۔ پھر سیڑھی بھی ہے
تَشِیْرُ اِلَی الْخَیْرَاتِ وَلَیْسَ بِسُلَّمِ
یہ سیڑھی نیکیوں کی طرف اشارہ کرتی ہے لیکن سیڑھی نہیں ہے
وَاَرْبَعَةٌ مِثْلُ الْاَنَامِلِ صُفِّفَتْ
اور چار کھڑی ہوئی انگلیاں ہیں (مراد الف)
وَهَآءٌ شَقِیْقٌ ثُمَّ وَاوٌ مُنْعَکِسٌ
اور ہاء شقیق (ھ) ہے پھر واو ہے جس کو موڑ دیا گیا ہے
کَاَنْیُوْبِ حَجَّامٍ وَلَیْسَ بِمُحْجَمِ
نائی کی نہرنی کی طرح لیکن یہ نہرنی نہیں ہے

فارسی کے اشعار یہ ہیں:-

صفرۂ، سہ الف، کشیدہ مدبرسر
میم کجکول، نردباں، بدو در
باچہار الف کشیدہ ھا و واؤ دُم سر
ایں جملۂ بود، نام خدائے اکبر

اشعار اردو میں یہ مفہوم یوں ادا کیا جا سکتا ہے

چھ کونٹی ایک شکل ہے پھر تین الف پہ مد
دو میم ہیں ملے ہوئے سیڑھی کا پھر نشاں
پھر چار انگلیاں ہیں کھڑی اور دو چشمی ہے
پھر واؤ۔ دُم ہے جس کی مثال ہے خمِ کماں

"۷۸۶" یہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے عدد ہیں لعد۔ یہ اور اسی قسم کی دیگر علامات سے "اللہ" "احد" "اوم" یا "رام" یا اللہ تعالیٰ کا کوئی نام مراد ہوتا ہے۔

خطوط مرموزہ مذکور الصدر یہ ہیں۔

۱۔ خطِ ہندسہ اس میں بجائے حروف اُن کے ہندسے لکھے جاتے ہیں اور ہندسوں کا تعین حروف ابجد سے کیا گیا ہے جو یہ ہیں۔

ابجد۔ ہوز۔ حطی۔ کلمن۔ سعفص
قرشت۔ ثخذ۔ ضظغ۔

ان کے اعداد حسبِ ذیل چار طرح تقسیم کئے جاتے ہیں۔

۱۔ اکائیاں حروف۔ ا ب ج د ہ و ز ح ط
عدد۔ ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹

۲۔ دہائیاں حروف۔ ی ک ل م ن س
عدد۔ ۱۰ ۲۰ ۳۰ ۴۰ ۵۰ ۶۰

دہائیاں حروف۔ ع ف ص
عدد ۷۰ ۸۰ ۹۰

۳۔ سینکڑے حروف۔ ق ر ش ت ث
عدد۔ ۱۰۰ ۲۰۰ ۳۰۰ ۴۰۰ ۵۰۰

سینکڑے حروف۔ خ ذ ض ظ
عدد ۶۰۰ ۷۰۰ ۸۰۰ ۹۰۰

۴۔ ہزار حروف۔ غ
عدد۔ ۱۰۰۰

یہ ابجد حروف عربی ہیں۔ الف ممدودہ (آ) ہمزہ (ء) لام الف (لا) شامل نہیں ہیں۔ البتہ فارسی اور ہندی حروف کو اُن کے متشابہ (مشابہت رکھنے والے) حروف کی مانند سمجھ کر وہی عدد مقرر کر لئے گئے ہیں یعنی پ مطابق ب عدد ۲۔ ٹ مطابق ت عدد ۴۰۰۔ چ مطابق ج عدد ۳۔ ڈ مطابق د عدد ۴۔ ڑ مطابق ر عدد ۲۰۰۔ ژ مطابق ز عدد ۷۔ گ مطابق ک عدد ۲۰۔

الف ممدودہ (آ) الف خواہ ممدودہ (آ) ہو یا الف مقصورہ (ا) اس کا ایک ہی عدد لیا جائے گا۔ مد جو الف ممدودہ پر ہوتا ہے وہ کوئی حرف نہیں ہے۔ بلکہ وہ ایسی ہی علامت ہے جیسے زبر۔ زیر۔ پیش۔ جزم اور تشدید۔ اور علامتوں کے عدد نہیں لئے جاتے اسی لئے اس کا عدد مقرر نہیں ہے۔ تشدید والا حروف دو نہیں بلکہ ایک ہی شمار ہوگا۔

ہمزہ (ء) (ر) جو ایک خط منحنی ہے۔ اہل جُمل نے اس کا کوئی عدد مقرر نہیں کیا ہے۔ نہ یہ بحیثیتِ حرف ابجدی ترتیب میں شامل ہے۔ عربی میں الفِ متحرک کو ہمزہ اور ساکن کو الف کہتے ہیں مگر اہل جمل کے نزدیک متحرک ہو یا ساکن اس کو الف ہی کہیں گے۔ اور ایک عدد لیں گے۔ ان کا کہنا ہے کہ حروف تہجی میں سے جو "لاء" لکھا جاتا ہے اُس کے معنیٰ یہ ہیں کہ "لَا هَمْزَةَ" یعنی ہمزہ کوئی حرف نہیں ہے۔ رہا لام الف (لا) یہ مرکب ہے "ل" اور "الف" سے لہٰذا اس کے عدد ۳۱ لئے جائیں گے۔ کیونکہ تاریخ میں حروف مکتوبہ کو معتبر سمجھا جاتا ہے ملفوظہ سے واسطہ نہیں ہے۔ چنانچہ حرف مشدد کا ایک ہی بار عدد شمار ہوتا ہے۔

واضح رہے کہ جس طرح ساکن الابتداء محال ہے یعنی کسی لفظ کا حرفِ اول ساکن ہوگا تو وہ بولا نہیں جاسکتا اسی طرح عربی آخر بسکون بھی محال ہے۔ لہٰذا ہر حرفِ مہموز اللام وغیرہ کے آخر میں ہمزہ بڑھا کر اس کو تنوین دے دیتے ہیں۔ جیسے جَزَاءٌ اور وَفَاءٌ وغیرہ لہٰذا عربی میں تو اس ہمزہ کا ایک عدد لیا جائے گا مگر فارسی املا میں یہ ہمزہ ساقط ہو جاتا ہے اور تحریر ہی میں نہیں لیا جاتا لیکن جس وقت ایسے الفاظ مضاف واقع ہوتے ہیں تو اگر بجائے ہمزہ "ی" لکھی جائے جیسے

"جزاے عمل" تو اس "ی" کے دس عدد لئے جائیں گے اگر ایفاء وعدہ وغیرہ الفاظ ہمزہ سے لکھے جائیں گے تو کوئی عدد نہ لیا جائے گا۔ مثلاً تاریخ وفات میر یحییٰ کاشی ہے۔

احیاء سخن چو کرد یحییٰ جاں داد
۱۰۵۴ھ

اس میں ہمزہ کا عدد نہیں لیا گیا۔ مگر متاخرین نے اس جھگڑے کو اس طرح ختم کر دیا کہ ہمزہ کا کوئی عدد نہیں لیتے اگر بصورت اضافتِ حرف ہمزہ لکھا جائے گا تو کوئی عدد شمار نہ ہوگا اور اگر "ی" لکھیں گے تو اس کے دس عدد لیں گے۔ البتہ جہاں ہمزہ بجائے یائے معروف یا یائے مجہول تحریر ہوگا تو اس کے دس عدد لئے جائیں گے جیسے خدائی۔ رسائی بروزن فعلن چنانچہ ناسخ کہتا ہے۔

ہمایوں و مسعود شد کد خدائی ۔ یہاں کد خدائی میں دو "ی" مانی جاکر ۲۰ عدد لئے گئے ہیں یا آئے بروزن فعلن یا گئے بروزن فعل ان دونوں "ی" کے بھی ۲۰۔ ۲۰ عدد لئے جائیں گے جس طرح داغ کے اپنے مصرعوں میں لئے ہیں۔

ہمکنڈے سے آگئے اب حضور
یا
سازگار آئے الٰہی متفق لیل و نہار

کاف بیانیہ

اگر جداگانہ اس طرح لکھا جائے گا "کہ"، تو ۲۵ عدد لئے جائیں گے اور اگر متصل اس طرح "کز"، تو ۲۰

(۱) الحاصل خطِ ہندسہ دو طرح لکھا جاتا ہے:۔

(الف) اس طرح کہ صفحہ کے عرض میں ایک سیدھی لکیر کھینچی جائے اور اس حرف کے عدد اس طرح لکھے جائیں کہ اکائیاں لکیر سے اوپر رہیں۔ دہائیاں لکیر سے مل جائیں اور سینکڑے لکیر کے نیچے تک پہنچ جائیں اور ہزار لکیر سے نیچے گذر کر خمیدہ کر دیا جائے مثلاً مرزا غالب دہلوی اس طرح لکھیں گے۔

۱۶۲۱۴ ۲۳۱۱ ۱۶۴۵۴ ۔ اگر ہر لفظ کے لئے جدا جدا لکیر ہو تو بہت اچھا ہے پڑھنے میں آسانی رہتی ہے۔ ورنہ جائز یہ بھی ہے کہ ایک ہی لکیر پر اس طرح ہندسے لکھ دیئے جائیں۔ اس خط کی طرزِ تحریر کو کسی نے اس شعر میں نظم کیا ہے:۔

احد بخط نرسد لیک می رسد عشرات
مائتہ زخط گذرد الف خم بسوئے راست

(ب) ہر ہندسہ لکیر سے ملا ہوا لکھا جائے۔ البتہ امتیاز لفظ کے لئے لکیریں جدا جدا ہوں اور ہندسے مکمل شکل میں لکھے جائیں مثلاً نواب داغ دہلوی یوں لکھیں گے۔

۲۱۶۵۰ ۱۰۰۰۱۴ ۱۰۶۳۰۵۴

(۲) خط عددی۔ اس کے حروف تہجی یہ ہیں۔

اصل حروف۔	ا	ب	پ	ت	ٹ	ث	ج			
حروف مرموزہ۔	۱	۲	۲	۳	۳	۴	۴			
اصل حروف۔	چ	ح	خ	د	ڈ	ذ	ر	ڑ		
حروف مرموزہ۔	۴	۴	۴	۵	۵	۵	۶	۶		
اصل حروف۔	ز	ژ	س	ش						
حروف مرموزہ۔	۶	۶	۷	۷						
اصل حروف۔	ص	ض	ط	ظ	ع	غ	ف			
حروف مرموزہ۔	۷	۷	۸	۸	۹	۹	۰			
اصل حروف۔	ق	ک	گ	ل	م	ن	و			
حروف مرموزہ۔	۰	۴	۴	۴	۶	۷	۷			
اصل حروف۔	ہ	ی								
حروف مرموزہ۔	۷	۷								

شیخ محمد ابراہیم ذوق یوں لکھیں گے۔

۷۷۴ ۔ ض۴ ض۵ ۔ ۱۶۲۱ ۷۷ ض ۔ ۵۰۰

اس میں صرف ۹ کے عدد تک سے کام لیا گیا ہے۔

(۳) خطِ سرو۔ یہ خط سرو کی شکل میں لکھا جاتا ہے اور ہر حرف کا ایک سرو ہوتا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ ابجد کے کل آٹھ الفاظ ہیں جن میں تین تین یا چار چار حرف ہیں۔ ہر لفظ کو ایک نمبر دے کر اس کی علامت باریک لکیروں کی تعداد سے مقرر کر لی ہے۔ اور اسی طرح ہر لفظ کے ہر

حرف کی۔ لہذا لکھتے وقت ایک سیدھا خط کھینچ کر کے اس کے دائیں جانب لفظ کے نمبر کی لکیریں اور بائیں جانب اُس لفظ کے حرف کی ترتیب کی لکیریں ہوں گی مثلاً محمد علی جوہریوں لکھیں گے۔

اس کی تشریح یہ ہے

(۴) خطِ راز۔ اس خط کو سمجھنے اور لکھنے پڑھنے کے لئے یہ شعر یاد رکھنا ضروری ہے:۔

کم صلا او حطہ لہٗ درسع حرفِ منقوط را بجایش دع

پہلے مصرعہ میں سب حروف مہملہ ہیں جو چودہ ہیں ان کو اس طرح تبدیل کیا جائے کہ کاف کی جگہ میم اور میم کی جگہ ک آئے اور اسی طرح ص کی لا اور لا کی جگہ ص وقس علیٰ ھٰذا۔ حروف منقوط کو اُن کی جگہ پر رہنے دیا جائے

جیسا کہ دوسرے مصرع میں بتا دیا گیا ہے لہذا اگر سرسید احمد خان مرحوم لکھنا ہو تو یوں لکھیں گے۔

عدعیرو طکر خون کد طاک

اس خط میں فارسی اور اردو کے حروف بھی اس طرح شامل کئے جا سکتے ہیں کہ پ چ اور ژ تو اصلی حالت پر رہیں گے باقی ٹ کو گ سے اور "ڈ" کو "ڑ" سے بدل دیا جائے۔

(۵) خطِ تبدیل الحروف:۔ اٹھارہ حروف نقطہ دار ہیں اور اٹھارہ بلا نقطہ جن کو ذیل میں اوپر تلے بالمقابل تحریر کیا جاتا ہے ان کو باہم تبدیل کر کے لکھا جاتا ہے۔

حروف منقوطہ۔ ب پ ت ث ج چ خ ذ ز ژ ش ض

حروف مہملہ۔ ا ٹ ح د ڈ ر ڑ س ص ط ع ک

حروف منقوطہ۔ ظ غ ف ق ن ی

حروف مہملہ۔ گ ل م و ہ ء

یہ خط یقیناً بہت ہی قریب زمانے کی ایجاد ہے۔

اس لئے کہ اس کو سمجھنے کے لئے یہ قطعہ ہے:۔

خطِ تبدیل حروف اس لئے ایجاد ہوا
تا کوئی غیر نہ رازِ دلی سے محرم
بے نقطہ سے متبدل ہوں نقطہ دار حروف
غیر منقوط کی جا آئیں حروفِ معجم

جن

جن ایک مخلوق ہے۔ جس کو انسان کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا ہے۔ ان کے کئی خاندانی سلسلے ہیں مثلاً:

شیطان، شیطانہ، قرین، قرینہ، عفریت، تابع، تابعہ، زربعہ، زوابع، ام زوبعہ، ریح، ظل، ہاتف، غول، حبت، طاغوت، خناس، خبیث وغیرہ۔

ہندو ان کے نام اس طرح ذکر کرتے ہیں۔

دیو، آسیب، پری، بھوت، راکشس، مسان، کناس، پاید، ہوا وغیرہ۔

جن کب پیدا کیے گئے جن انسانوں سے پہلے پیدا کیے گئے۔ لیکن تاریخ کا تعین مشکل ہے۔

جن کس چیز سے پیدا کیے گئے جن آگ سے پیدا ہوتے ہیں اور آگ جب جلتی ہے تو اس کی لَو کے آخری سرے پر ایک سفید پٹی ہوتی ہے دھوئیں سے پہلے اسے عربی میں مارج کہتے ہیں جن اس سے پیدا کیے گئے ہیں۔ جن کی تعریف یہ ہے۔

اَلْجِنُّ مَخْلُوْقٌ نَارِیٌّ یَتَشَکَّلُ بِاَشْکَالِ الْمُخْتَلِفَہ

جن آگ سے پیدا کردہ مخلوق ہے جو مختلف شکل بدل لیتی ہے۔

سلسلۂ اولاد انسانوں کی طرح جنات میں بھی اولاد کا سلسلہ قائم ہے۔ ان کے بچے ہوتے ہیں۔ چنانچہ شیطان کے پانچ بیٹے ہیں۔

(۱) **ثبر** - اس کا کام لوگوں کو مصیبتوں میں مبتلا کرنا ہے۔ جس سے لوگ واویلا کرتے ہیں، کپڑے پھاڑتے ہیں، منہ پر طمانچے مارتے ہیں، سینہ کوبی کرتے ہیں۔ جاہلیت کے زمانہ کی لوگوں کی طرح نوحے کرتے ہیں

(۲) **اَعْوَر** - یہ زنا کا ذمہ دار ہے۔ لوگوں کو زنا پر ابھارتا ہے۔ آمادہ کرتا ہے اور زنا کو لوگوں کے دلوں میں اچھا کرکے پیش کرتا ہے، زنا کی طرف راغب کرتا ہے۔

(۳) **مَسْبُوط** - یہ جھوٹ کا سردار ہے۔ لوگوں کو جھوٹ کی طرف رغبت دلاتا ہے۔ جھوٹ کے فائدے ذہن میں بٹھاتا ہے۔ جھوٹی افواہیں لوگوں کے ذریعہ پھیلواتا ہے تاکہ لوگوں میں انتشار پیدا ہو اور وہ آپس میں لڑنے مرنے لگیں۔

(۴) **دَاسِم** - یہ فساد کراتا ہے گھر میں داخل ہوکر گھر والوں کو ایک دوسرے کے خلاف اُبھارتا ہے ان کے عیوب ظاہر کرکے غصہ دلاتا ہے اور اس طرح گھر کو جہنم کدہ بنا دیتا ہے اور گھر میں روزانہ صبح وشام لڑائی جھگڑا معمول بن جاتا ہے۔ گھر والوں کے کھانے میں شریک

ہوتا ہے اگر گھر کے افراد بسم اللہ پڑھ کر کھانا کھاتے ہیں تو شرکت نہیں کر سکتا۔

(۵) زَلَنْبُوْر۔ یہ بازاروں میں گھومتا ہے لوگوں کو بے ایمانی، کم تولنے، جیب کاٹنے، دوکانداروں کو لوٹنے، ڈاکے مارنے، لوگوں میں فساد کرانے کا کام کرتا ہے۔

ان کے علاوہ بھی شیطان کی اولاد کے نام ہیں مثلاً۔ ہبرہ۔ تیر۔ مطروس، لاقیس، ولہان، موحش، شریدہ۔

موحش کا کام علماء کو بہکانا ان کو غلط راہ پر لگانا، ان کو تقویٰ وطہارت سے دور رکھنا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے قبل جن آسمانوں پر جاتے تھے اور فرشتوں کی باہمی گفتگو جو احکام الٰہی سے تعلق رکھتی تھی اس میں اپنی طرف سے سینکڑوں جھوٹی باتیں ملا کر نجومیوں اور کاہنوں کے دل میں ڈالتے تھے۔ نجومی اور کاہن ان جھوٹی باتوں کو لوگوں کو بتاتے تھے اور اچھی خاصی رقم ان سے لے لیتے تھے۔ جب نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے اور وحی کا سلسلہ شروع ہوا تو جنوں کا آسمانوں پر جانا بالکل بند کر دیا گیا۔ اگر آسمان کی طرف جاتے تو ان پر آگ برسائی جاتی جس سے ناکام واپس لوٹ آتے۔

جنات کی قسمیں! جن کی تین قسمیں مشہور ہیں۔

(۱) پردار جنات جو آسمان کے نیچے اور زمین میں اڑتے رہتے ہیں۔

(۲) دوسرے سانپ اور کتے کی شکل کے جنات۔

(۳) تیسرے وہ جنات جو سواریوں پر سوار ہوتے اور اترتے ہیں۔

ان کے علاوہ بھی جنات کی قسمیں ہیں۔

ابلیس، شیاطین، مردہ، عفریت، عفاریت، اعوان، غواصون، طیارون، توابع۔ قرنا، عمار۔

کیا جن جنّت میں جائیں گے ہاں وہ جن جو مسلمان ہیں وہ ضرور جنت میں جائیں گے اور وہاں کی ہمیشہ رہنے والی نعمتوں سے فائدہ اٹھائیں گے۔

جنات کی خوراک اور خواہشات انسانوں کی طرح جنات میں بھی وہ تمام خواہشات پائی جاتی ہیں۔ ان کے اولاد ہوتی ہے۔ وہ تمام غذائیں جو انسان کھاتا ہے وہ بھی کھاتے ہیں۔ پانی اور شربت پیتے ہیں۔ ان کے علاوہ ان کی خوراک میں ٹھیکری، کوئلہ، پتھر، ہڈی، گوبر، لید وغیرہ ہے۔ اسی وجہ سے کوئلہ، ہڈی، پتھر، گوبر وغیرہ سے استنجا منع کیا گیا کہ یہ جنات کی خوراک ہے۔ شرعی طریقے پر ذبح شدہ جانور کا گوشت کھانے کے بعد لوگ وہ ہڈی پھینک دیتے ہیں تو جب جنات اس ہڈی کو اٹھاتا ہے تو اس پر پہلے سے زیادہ گوشت پیدا

ہو جاتا ہے اور وہ، وہ گوشت کھاتا ہے۔ اسی وجہ سے ذبیحہ کی ہڈیوں کو بُری، گندی جگہ پر ڈالنے سے منع کیا گیا تاکہ مسلمان جنّات کی خوراک ضائع نہ ہو۔

قرآن مجید کے احکامات قرآن مجید کے تمام احکامات انسانوں اور جنّات کے لئے یکساں ہے۔ ان میں کوئی تفریق نہیں ہے۔ عبادات، اچھے اخلاق کو اپنانا دونوں پر لازم ہے۔ بُری باتوں، گناہوں اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی دونوں کے لئے گناہ ہے۔

جس طرح انسانوں میں دو قسم کے لوگ ہیں مؤمن یا کافر اسی طرح جنّات میں بھی مؤمن اور کافر ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ابلیس کو اس کی سرکشی اور نافرمانی اور کفر کی وجہ سے شیطان کہا۔ پھر دوسرے جنوں کو بھی ان کے کفر اور نافرمانی کے سبب شیاطین بنایا۔ اسی طرح انسان جو سرکشی کرتے ہیں اور کفر کا طریقہ اختیار کرتے ہیں ان کو بھی شیاطین اور شیطان کہا جاتا ہے۔

ابلیس کو اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرو۔ اس نے اللہ تعالیٰ کا حکم نہ مانا اور نافرمانی کی لہٰذا راندۂ درگاہ ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام اور بی بی حوا کو آسمان سے اُتار کر زمین پر آباد کیا اور جنّات کو پہاڑوں اور جزیروں میں دھکیل دیا۔

جنّات کی صورتیں اور ان کے کام جنّات کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ جب چاہیں کسی ذی روح کی شکل اختیار کر کے سامنے آجائیں اور جب چاہیں غائب ہو جائیں۔ جنّات گرمی میں آدھے دن کے بعد اور سردی میں آدھی رات کے بعد نکلتے ہیں۔

حدیث شریف میں ہے۔

جب رات شروع ہو جائے یا رات شروع ہو گئی ہو تو اپنے بچوں کو روک رکھو (یعنی باہر نہ نکلنے دو) اس لئے کہ شیطان کا گروہ زمین پر پھیل جاتا ہے۔

جنّات، سانپ، کتّا، ریچھ، بندر اور بلّی کی شکل میں زیادہ ظاہر ہوتے ہیں۔ کبھی کالے کُتّے کی شکل میں آتا ہے۔

جنّات کی تعداد جنّات کی تعداد انسانوں سے زیادہ ہے کیونکہ وہ انسان کے دنیا میں آنے سے پہلے سے آباد ہیں۔

جنّات کی رہائش جنّات، ندی، نالوں، دریا، سمندر، پہاڑوں، باغات، بیابان، صحرا، جنگلوں میں رہتے ہیں۔ ان کی حدود مقرر ہوتی ہیں جو اپنی حد سے آگے جاتا ہے تو دوسرے جن جو وہاں مقیم ہوتے ہیں اس پر حملہ کر دیتے ہیں۔

روشنی بعض مرتبہ جگہ جگہ رات کو خود بخود روشنی

ہوتی ہے اور ختم ہو جاتی ہے اور کبھی یہ سلسلہ دور تک چلا جاتا ہے۔ یہ جنات شادی یا موت کے موقعہ پر اکٹھے ہو کر ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتے ہیں۔ یہ سب جنات کا کرشمہ ہوتا ہے۔ کبھی جنگل میں روشنی کا بگولہ جاتا ہوا نظر آتا ہے

بگولہ بعض مرتبہ ہوا کے ساتھ مٹی گھوم کر اوپر کو اٹھتی ہے اسے گرد باد یا بگولہ کہا جاتا ہے۔ بعض جگہ ایک بگولہ اٹھتا ہے اور بعض جگہ بہت سے۔ بگولے گردش کرتے ہوئے آگے بڑھتے چلے جاتے ہیں۔ عوام اسے بھوت یا پریوں کا اترنا بھی کہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جو شخص اس میں پھنس جاتا ہے اسے بھوت اڑا کر لے جاتے ہیں۔ یہ سب جنات کا کرشمہ ہوتا ہے جو شادی یا غمی کے موقعہ پر خاک اڑاتے ہوئے اِدھر سے اُدھر جاتے ہیں۔

کسی بچے، بڑے، عورت یا لڑکی پر جن آنا اکثر میٹھی چیز کھا کر باہر نکلنے سے یا عطر اور پھیلنے والی خوشبو لگا کر نکلنے سے اور بعض مرتبہ جنات کے بچے کو ٹھوکر مارنے سے یا بعض مرتبہ ان پر یا ان کے بچوں پر پیشاب کرنے سے جن لپٹ جاتا ہے۔ مثلاً کسی کوڑے کے ڈھیر پر جنات جمع ہیں اور وہاں سے نکال نکال کر مختلف چیزیں کھا رہے ہیں کسی نے اس کوڑے کے ڈھیر پر پیشاب کر دیا یا کسی ویران جگہ رات کو جا کر پیشاب کر دیا وہاں جنات کا ٹھکانہ تھا، یا سڑک

کے کنارے ویران جگہ جنات کے بچے کھیل رہے ہیں لیٹے ہیں یا بیٹھے ہیں کوئی شخص جا رہا ہے اور جاتے جاتے ٹھوکر لگی۔ اس طرح جنات کو غصہ آجاتا ہے کہ ہمارے بچے کو ٹھوکر مار دی حالانکہ انسان کو کیا معلوم کہ یہاں جنات کے بچے موجود ہیں یہاں سے دور ہو کر چلوں۔ اسی طرح کوئی عورت تیز خوشبو لگا کر کہیں شادی بیاہ میں جا رہی ہے تو جنات اس کے پیچھے لگ جاتے ہیں۔ اور اس پر جنات کا اثر ہو جاتا ہے جس سے دماغ ماؤف ہو جاتا ہے اور آواز بھاری ہو جاتی ہے اسی طرح آدمی، بچہ راتوں کو گھر سے نکل جاتا ہے جنگلوں اور پہاڑوں پر گھومتا پھرتا ہے۔ کبھی ہنستا ہے کبھی روتا ہے رات رات نہ خود سوتا ہے نہ گھر والوں کو سونے دیتا ہے کبھی مریض بے ہوش ہو جاتا ہے اور گھنٹوں بے ہوش پڑا رہتا ہے کبھی کبھی پیشاب نکل جاتا ہے۔

جن کا اثر انسان پر ہوتا ہے بلکہ جن انسان کے جسم میں داخل ہو جاتا ہے، جمائی آنے پر جو شخص اپنا ہاتھ منہ پر نہیں رکھتا شیطان اس جمائی کے دوران کھلے منہ کے ذریعہ پیٹ میں داخل ہو جاتا ہے۔

مرگی کا مرض جس شخص پر جن کا اثر ہوتا ہے بعض مرتبہ اس کو دورہ پڑتا ہے اور وہ بے ہوش ہو کر گر پڑتا ہے اور جس انسان پر جن یا آسیب کا اثر

ہوتا ہے وہ بھی بے ہوش ہو کر گر پڑتا ہے۔

بعض لوگوں پر تھوڑی سی دیوانگی ہوتی ہے یہ آسیب یا جن کے سبب ہوتی ہے بعض پر ہمزاد کا اثر ہوتا ہے جو انسان کے ہمراہ پیدا ہوتا ہے۔

مجنون بعض مرتبہ جن کے اثر والا خلافِ عقل یا اپنی طاقت سے زیادہ طاقت کا مظاہرہ کرتا ہے اور دیوانوں جیسی حرکات کرتا ہے۔

جنّات کی رہائش عفاریت (عفریت کی جمع) چشموں اور کنوؤں میں رہتے ہیں۔ شیاطین آبادیوں میں اور انسانی قبرستانوں میں، طواغیت اس جگہ رہتے ہیں جہاں خون پڑا رہتا ہے مذبح خانوں میں اور اس کے اردگرد۔ زوابعہ ہوا میں، کبار شیاطین آتش خانوں میں۔ تواقیف و عقاریت جو عورتوں کی شکل میں ہیں بڑے بڑے درختوں اور باغوں میں اور سیاسب پہاڑوں اور ویرانوں میں اور غول بیابانوں میں۔ ان کی کثرت مردوں اور عورتوں اور بچوں کو نقصان پہنچانے والی ہے۔

شیطان کا علاج حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے القول الجمیل میں لکھا ہے کہ جس شخص کو شیطان نے پاگل خبطی کر دیا ہو تو اس کے بائیں کان میں سات بار یہ آیت پڑھ کر سنائے۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۝

اس عمل سے شیطان جل جائے گا۔

جنّات کا دوسرا علاج جس کسی پر جن کا اثر ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر اس مریض پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ ہوش میں آجائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ الٓمّٓصٓ ۝ طٰهٰ ۝ طٰسٓمٓ ۝ كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ يٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝ حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۝ قٓ ۝ نٓ ۝ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۝

جنّات کا تیسرا علاج جس شخص پر جنّات کا اثر ہو اس پر یہ آیت پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ جنّات دفع ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

قُلِ اللّٰهُ اٰذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ۝

جنّات اور جادو جادو میں تنتر منتر سے کام لیا جاتا ہے اس کا تعلق صرف جنّات ہی سے ہے۔ تنتر میں کچھ کام کئے جاتے ہیں اور منتر میں الفاظ پڑھے جاتے ہیں جس کے ساتھ کچھ کام بھی کیا جاتا ہے۔

جادو میں منتر کے ذریعہ جنّات کی تعریف و توصیف اور بڑائی بیان کی جاتی ہے ان کو وکیل و کارساز کہہ کر اس سے کام لیا جاتا ہے۔ ان سے امداد و اعانت مانگی جاتی ہے

جس سے جنات خوش ہو کر ان کی امداد و اعانت کرتے ہیں اور تکمیل خواہشات کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ جادو اصلیت کے لحاظ سے دو قسم کا ہوتا ہے

ایک قسم جادو کی وہ ہے جس میں چیز کی اصلیت نہیں بدلتی اسے نظر بندی کہتے ہیں۔ اس میں کچھ کا کچھ نظر آتا ہے اور انسانی خیال دھوکہ کھا جاتا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور لوگوں کو رسی کے سانپ دکھائی دے رہے تھے حالانکہ وہ رسیاں تھیں۔

جادو کی دوسری قسم وہ ہے جس میں اصلیت بدل جاتی ہے مثلاً جادو کے زور سے کسی انسان کو جانور کی شکل بنا لینا۔

جادو وہ ہے جو کسی حرام فعل یا قول کی مزاولت کی وجہ سے جو قوت و قدرت خارق عادت حاصل ہوتی ہے۔

اقسام سحر میں وہ ہیں جن میں ارواح ارضیہ سے مدد چاہی جاتی ہے اس کا نام عزیمت اور تسخیر جن ہے۔

جادوگر ان کاموں کی نسبت ارواح خبیثہ شیاطین و اصنام و کواکب کی طرف کرتے اور انہی کی تاثیر مانتے ہیں۔

جادو میں ایک قسم ستارہ پرستوں کا جادو ہے یہ سبع سیارہ (سات ستاروں) کی نسبت اعتقاد رکھتے ہیں کہ بھلائی و برائی انہی کے سبب ہوتی ہے اسی لئے ان کی طرف خطاب کر کے مقررہ الفاظ پڑھتے ہیں اور انہی کی پرستش کرتے ہیں۔

ایک قسم جادو کی یہ ہے کہ جنات وغیرہ زمین والوں کی

روحوں سے امداد و اعانت طلب کرنا ہے۔ ان روحوں کے ساتھ بعض مخصوص الفاظ و اعمال سے تعلق پیدا کرتے ہیں اسے سحر بالعزائم اور تسخیر بھی کہتے ہیں۔

آسیب زدہ اور مسحور (جس پر جادو کیا گیا ہو) میں فرق یہ ہے کہ آسیب زدہ پر تو جن از خود مسلط ہو جاتا ہے اور مسحور پر عامل (جادوگر) افعال و الفاظ کے ذریعہ مسلط کر دیتا ہے۔

ہمزاد یا قرین ہمزاد یا قرین، یہ دونوں ایک ہی ذی روح کے نام ہیں۔ یہ ایک جن ہوتا ہے یا شیطان دیگر عام جنات سے الگ اس کی خاص اہمیت ہے اس لئے کہ یہ جن انسان کے ہمراہ پیدا ہوتا ہے اور ہر وقت انسان کے ساتھ ہی رہتا ہے۔ جو آدمی نیک ہوتا ہے اس کا قرین یعنی ہمزاد (ساتھی جن) بھی صالح صحبت کی وجہ سے نیک بن جاتا ہے اور جو انسان کفر و شرک میں مبتلا ہوتا ہے تو اس کا ہمزاد (قرین) بھی کافر و مشرک ہوتا ہے، مرد انسان کے ساتھ جن اور انسان عورت کے ساتھ جنیہ پیدا ہوتی ہے۔ عاملین اسی اپنے ہمزاد ہی کو اعمال کے ذریعہ اپنا فرمانبردار اور مطیع بنا لیتے ہیں اور ضرورت کے وقت اسی سے کام لیتے ہیں۔

جنوں کی دو قسمیں ہیں، ایک تو وہ جن، جن کی پیدائش ماں باپ کے ذریعہ سے ہوتی ہے جس طرح انسان ماں باپ کے ذریعہ پیدا ہوتے ہیں۔ دوسرے وہ جن جو انسان کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں۔ لڑکے کے ساتھ لڑکا، لڑکی کے ساتھ لڑکی۔ اور جب یہ لڑکا یا لڑکی مر جاتے ہیں تو وہ جن (ہمزاد) مرتا نہیں ہے بلکہ آزاد ہو کر علیحدہ رہتے ہیں۔

جس سے جنات خوش ہوکر ان کی امداد و اعانت کرتے ہیں اور تکمیل خواہشات کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ جادو اصلیت کے لحاظ سے دو قسم کا ہوتا ہے

ایک قسم جادو کی وہ ہے جس میں چیز کی اصلیت نہیں بدلتی اسے نظر بندی کہتے ہیں۔ اس میں کچھ کا کچھ نظر آتا ہے اور انسانی خیال دھوکہ کھا جاتا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور لوگوں کو رسی کے سانپ دکھائی دے رہے تھے حالانکہ وہ رسیاں تھیں۔

جادو کی دوسری قسم وہ ہے جس میں اصلیت بدل جاتی ہے مثلاً جادو کے زور سے کسی انسان کو جانور کی شکل بنا لینا۔

جادو وہ ہے جو کسی حرام فعل یا قول کی مزاولت کی وجہ سے جو قوت و قدرت خارق عادت حاصل ہوتی ہے۔

اقسام سحر میں وہ ہیں جن میں ارواح ارضیہ سے مدد چاہی جاتی ہے اس کا نام عزیمت اور تسخیر جن ہے۔

جادوگر ان کاموں کی نسبت ارواح خبیثہ شیاطین و اصنام و کواکب کی طرف کرتے اور انہی کی تاثیر مانتے ہیں۔

جادو میں ایک قسم ستارہ پرستوں کا جادو ہے یہ سبع سیارہ (سات ستاروں) کی نسبت اعتقاد رکھتے ہیں کہ بھلائی و برائی انہی کے سبب ہوتی ہے اسی لئے ان کی طرف خطاب کرکے مقررہ الفاظ پڑھتے ہیں اور انہی کی پرستش کرتے ہیں۔

ایک قسم جادو کی یہ ہے کہ جنات وغیرہ زمین والوں کی

روحوں سے امداد و اعانت طلب کرنا ہے۔ ان روحوں کے ساتھ بعض مخصوص الفاظ و اعمال سے تعلق پیدا کرتے ہیں اسے سحر بالعزائم اور تسخیر بھی کہتے ہیں۔

آسیب زدہ اور مسحور (جس پر جادو کیا گیا ہو) میں فرق یہ ہے کہ آسیب زدہ پر تو جن از خود مسلط ہو جاتا ہے اور مسحور پر عامل (جادوگر) افعال و الفاظ کے ذریعہ مسلط کر دیتا ہے۔

ہمزاد یا قرین ہمزاد یا قرین، یہ دونوں ایک ہی ذی روح کے نام ہیں۔ یہ ایک جن ہوتا ہے یا شیطان دیگر عام جنات سے الگ اس کی خاص اہمیت ہے اس لئے کہ یہ جن انسان کے ہمراہ پیدا ہوتا ہے اور ہر وقت انسان کے ساتھ ہی رہتا ہے۔ جو آدمی نیک ہوتا ہے اس کا قرین یعنی ہمزاد (ساتھی جن) بھی صالح صحبت کی وجہ سے نیک بن جاتا ہے اور جو انسان کفر و شرک میں مبتلا ہوتا ہے تو اس کا ہمزاد (قرین) بھی کافر و مشرک ہوتا ہے، مرد انسان کے ساتھ جن اور انسان عورت کے ساتھ جنیہ پیدا ہوتی ہے۔ عاملین اسی اپنے ہمزاد ہی کو اعمال کے ذریعہ اپنا فرمانبردار اور مطیع بنا لیتے ہیں اور ضرورت کے وقت اسی سے کام لیتے ہیں۔

جنوں کی دو قسمیں ہیں، ایک تو وہ جن، جن کی پیدائش ماں باپ کے ذریعہ سے ہوتی ہے جس طرح انسان ماں باپ کے ذریعہ پیدا ہوتے ہیں۔ دوسرے وہ جن جو انسان کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں۔ لڑکے کے ساتھ لڑکا، لڑکی کے ساتھ لڑکی۔ اور جب یہ لڑکا یا لڑکی مر جاتے ہیں تو وہ جن (ہمزاد) مرتا نہیں ہے بلکہ آزاد ہو کر علیحدہ رہتے ہیں۔

سحر، جادو، سفلی کی حقیقت اور اس کا حکم

سحر، یا جادو ایک نفس الامری حقیقت اور واقعی چیز ہے۔ صرف خیالی شئے نہیں ہے۔ قرآن پاک کی آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ سحر کی تعلیم و تعلم ہوتی ہے اور تعلیم و تعلم واقعی شئے کا ہوا کرتا ہے۔ خیالی اور وہمی کا نہیں۔

اسی طرح رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک یہودی لبید بن اعصم نے جادو کیا تھا جس کا حدیث میں ذکر ہے۔ یہودیوں سے میل جول کی وجہ سے عرب کے دوسرے لوگوں میں بھی جادو کرانے کا رواج پڑ گیا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو اور سحر کے اثرات واقعی بات تھی محض خیالی و وہمی نہ تھی۔ یہی وجہ ہے کہ اس جادو کے باطل کرنے اور اس کا توڑ کرنے کے لئے معوذتین نازل فرمائی گئیں۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث میں جادو کرنے اور جادو کرانے والے کے بارے میں سخت جملہ استعمال فرمایا ہے۔

(سحر) جادو کرنے والا ہم میں سے نہیں ہے۔ یعنی اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں ہے یعنی وہ اسلام سے پھر جاتا ہے۔

علماء نے سحر کے مختلف معانی ذکر کئے ہیں۔ علامہ حافظ ابن حجرؒ نے بیان کیا ہے کہ

(۱) محض قوت خیالیہ کی مدد سے کوئی تصرف کرنا یا کسی شاطرانہ چال سے کسی کو فریب دے دینا بھی ہیں جسے عرف عام میں ہاتھ کی صفائی، نظر بندی یا شعبدہ بازی کہا جاتا ہے۔ جس کی حقیقت کچھ نہیں ہوتی۔ صرف نظر کا دھوکہ اور قوت خیالیہ کا کھیل ہوتا ہے۔

یعنی سحر کی ایک قسم یہ بھی ہے۔ اس قسم کے سحر کی بدولت حضرت موسیٰ علیہ السلام کے خیال میں جادوگروں کے سحر کی وجہ سے ان کی لاٹھیاں اور رسیاں دوڑتی، اڑتی محسوس ہو رہی تھیں اسی طرح

سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ۔ کے معنی یہ ہیں کہ لوگوں کی آنکھوں کو انہوں نے مسحور کر دیا تھا یعنی ان کی نظر بند کر دی تھی۔ گویا یہ سب کچھ صرف قوت خیالیہ کا تصرف اور اس کی شعبدہ بازی تھی جس کی واقعی حقیقت کچھ نہیں تھی۔

سحر کی دوسری قسم

(۲) سحر کا اطلاق ایسی لطیف اور دقیق چیز پر بھی ہوتا ہے جس کا ادراک آسان نہ ہو، یا اس کے اسباب پوشیدہ ہوں۔

سحر کی تیسری قسم

(۳) سحر کی تیسری قسم وہ ہے جو شیاطین سے خصوصی قرب و

تعلق کی بنا پر ان کی مدد سے حاصل ہوتا ہے۔

سحر کی چوتھی قسم

(۴) سحر کے ایک اور معنی یہ ہیں کہ نجوم و کواکب سے استعانت کے ذریعہ ان کی مزعومہ باطنی مدد سے کوئی عمل کیا جائے۔ اہل بابل میں سحر کی اس قسم کا زیادہ رواج تھا۔ وہ نجوم پرست تھے۔ سبع سیارات کو وہ اپنے معبود اور اس عالم میں ان کو مؤثر و فعال سمجھتے تھے۔ ان سات ستاروں کے ناموں کے بُت بنا کر ان کی پوجا کیا کرتے تھے اور عمل سحر میں ان کو مخاطب بنا کر ان سے مدد مانگتے اور اپنے گمان کے مطابق ان کی روحانی اور باطنی تاثیرات کے ذریعہ اپنے سحر کو مؤثر بناتے تھے۔ یہ لوگ علم نجوم کے بڑے ماہر تھے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام انہی کی طرف مبعوث فرمائے گئے تھے۔

سحر کی پانچویں قسم

(۵) سحر کی پانچویں قسم طلسم کہلاتی ہے۔ اس میں کواکب اور ان کی منازل و بروج کا لحاظ رکھ کر عمل کیا جاتا ہے۔ مثلاً ان کے یہاں قمر کے برج عقرب میں ہونے کے وقت انگشتری پر شبیہہ عقرب کندہ کرا کے استعمال کرنا لدغ عقرب سے حفاظت کا سبب تصور کیا جاتا ہے۔

لیکن یہ عمل بھی اگر کواکب اور ان کی منازل کو مؤثر حقیقی سمجھ کر کیا گیا ہو تو حرام اور شرک ہے۔

سحر کے اثرات کتاب و سنّت کی روشنی میں:۔

سحر کے اثرات سے جسم انسانی اور دل و دماغ کا متأثر ہونا، مختلف قسم کے عوارض و امراض کا لپٹ جانا، باہمی اختلافات اور تفریق بین الزوجین جیسے مفاسد کا وجود میں آنا یہ سب ایسی چیزیں ہیں جن کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ کتاب و سنت کی نصوص میں بھی اس کی تصریح موجود ہے۔ صحیح بخاری میں حضرت عائشہؓ کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر لبید بن اعصم یہودی نے جب سحر کیا اس وقت سحر کی وجہ سے آپ کی یہ کیفیت ہو گئی تھی کہ آپ نے جو کام ابھی تک نہیں کیا ہوتا تھا اس کے بارے میں آپ کو خیال ہوتا کہ کر لیا ہے۔ بعض مرتبہ خیال ہوتا تھا کہ میں ازواج کے پاس ہو آیا ہوں حالانکہ آپؐ گئے نہیں ہوتے تھے۔ مگر ان اثرات کا ظہور آپ پر صرف دنیوی چیزوں میں ہوتا تھا۔ دینی امور میں آپ معصوم تھے اس میں اشتباہ اور التباس سے اللہ تعالیٰ آپ کی حفاظت فرماتے تھے، بعد میں اللہ تعالیٰ نے سحر سے آپ کو مکمل شفاء عطا فرما دی تھی۔

سحر سے صورت تبدیل ہو سکتی ہے۔

بعض اہل علم کا قول ہے کہ سحر کے ذریعہ شکل و صورت تبدیل نہیں ہو سکتی لیکن بعض اہل علم کہتے ہیں کہ سحر

کے ذریعہ اشیاء کی حقیقت اور ماہیت وصورت کو تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً انسان کو حیوان کی صورت میں اور حیوان کو جماد کی صورت میں اور جماد کو حیوان کی صورت میں بدلا جاسکتا ہے۔

سحر کا شرعی حکم

سحر کے عمل کے بارے میں تمام فقہاء کرام کا اتفاق ہے کہ اس کا کرنا، کرانا حرام اور بدترین گناہ کبیرہ ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے مہلک ترین چیزوں میں شمار فرمایا ہے اور سحر کا عمل اگر کلماتِ شرک وکفر یا اعمال کفریہ پر مشتمل ہو تو اس کا کرنا کفر اور کرنے والا خارج از اسلام اور بالاتفاق واجب القتل ہے۔

جمہور فقہاء کا مذہب بھی یہی ہے کہ ساحر کو قتل کرنا واجب ہے۔ حضرت عمر، حضرت ابن عمر اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہم وغیرہ کا بھی یہی مذہب تھا۔ پہلا یہ کہ مطلق سحر کی وجہ سے ساحر کافر ہوگیا اس لئے قتل کیا جائیگا اور یا اس کے زمین میں فساد برپا کرنے کی بناء پر اس کو قتل کرنا ضروری ہے۔ دونوں قول ہیں۔

سحر کا سیکھنا سکھانا حرام ہے۔ البتہ اگر سحر کے وہ کلمات کفر وشرک یا اعمالِ کفریہ پر مشتمل ہوں تو ان کا سیکھنا سکھانا کفر ہے۔ بعض حضرات نے کہا ہے کہ اگر سحر کی تعلیم و تعلم کا مقصود دوسروں کا گمراہ کرنا اور ان کو نقصان

پہنچانا ہے تب تو حرام ہے لیکن اگر مقصود نہ ہو تو مباح ہے

سحر کی بڑی قسمیں

سحر کی بڑی دو قسمیں ہیں ایک سحر یا جادو ہے جو اپنی تاثیر اور پختگی میں بہت خطرناک ہوتا ہے۔ اس سے آدمی کی شکل تبدیل کی جاسکتی ہے، آدمی کو لاعلاج مرض میں مبتلا کیا جاسکتا ہے۔ اس کو کسی حادثہ میں مبتلا کیا جاسکتا ہے۔

اگر کسی آدمی کو مارنا ہو تو اس کی مدت مقرر کردی جاتی ہے کہ پانچ سال یا دس سال سحر یا جادو جب شروع ہوتا ہے تو وہ آدمی جس پر سحر کیا گیا ہے کبھی سر میں درد کی شکایت کرتا ہے کبھی چکر آجاتے ہیں کبھی دل دھڑکتا ہے، کبھی گھبراہٹ ہوتی ہے، کبھی پیٹ میں شدید درد ہوتا ہے۔ کبھی حادثہ (ایکسیڈنٹ) ہوجاتا ہے ہاتھ ٹوٹ جاتا ہے، کبھی سر پھٹ جاتا ہے کبھی ٹانگ ٹوٹ جاتی ہے، کبھی فالج کا حملہ ہوجاتا ہے غرضیکہ طرح طرح کے لاعلاج مرض چمٹ جاتے ہیں، حکیم، ڈاکٹر اول تو مرض کو سمجھ ہی نہیں پاتے اور علاج کرتے ہیں تو بالکل فائدہ نہیں ہوتا دوا الٹا اثر کرتی ہے بڑھتے بڑھتے مرض اس قدر زیادہ شدید ہوجاتا ہے کہ مریض چارپائی پر لیٹ جاتا ہے اٹھنا بیٹھنا

مشکل ہوجاتا ہے جب اس کی مدت پوری ہوجاتی ہے یعنی پانچ سال کے لئے جادو، سحر کرایا تھا تو اب پانچ سال پورے ہونے پر آدمی مرجاتا ہے۔ سحر یا جادو کے اثر کا اس طرح حملہ ہوتا ہے۔



یعنی شروع میں تکالیف کم ہوتی ہیں آہستہ آہستہ بڑھتی جاتی ہیں۔ بالآخر بہت سارے امراض گھیر لیتے ہیں اور مریض چارپائی پر پڑ جاتا ہے اس دوران اس کا کھانا سونا سب کم ہوجاتا ہے۔ دماغ اور دل بیکار ہوجاتے ہیں۔ سحر سیکھنے کے لئے خدا تعالیٰ کی ذات کا انکار کرنا پڑتا ہے اور ناپاکی کھانی پڑتی ہے۔

سحر جادو کی دوسری قسم

سحر جادو کی دوسری قسم سفلی جادو کہلاتی ہے اس کے اکیس درجے ہوتے ہیں۔ یہ ہلکا جادو ہوتا ہے۔ اگر کسی نے پانچ سال کے لئے کرایا ہے تو آدمی شروع میں بہت زیادہ متاثر ہوتا ہے۔ یعنی شروع میں اس عمل کا حملہ بہت زبردست ہوتا ہے آدمی گھر میں بلاوجہ لڑائی جھگڑے

کرتا ہے اول فول بکتا ہے۔ ہر وقت غصّے میں بھرا رہتا ہے کھانا نہیں کھاتا۔ ہر چیز اسے بُری لگتی ہے۔ اچھی بات اسے بہت بُری معلوم ہوتی ہے۔ سفلی کا علاج روحانی اور سفلی دونوں طریقوں سے ہوسکتا ہے اگر کسی نے ایک درجے کا سفلی کیا ہے تو سوا درجے کا سفلی اس کو ختم کردے گا لیکن شرط یہ ہے کہ وہ سفلی کے زیادہ درجے کا ماہر ہو۔ عام طور پر سفلی والے ایک یا دو یا تین درجے تک سیکھتے ہیں۔ سفلی جادو کی پہلی شرط یہ ہے کہ ناپاکی، یعنی پاخانہ کھانا پڑتا ہے۔ ناپاک اور نجس اور بے غسل رہنا پڑتا ہے۔ اس کے بغیر سفلی کا عمل کامیاب نہیں ہوتا۔ سفلی کرنے والا نماز روزہ سے دور بھاگتا ہے پاکی صفائی سے اسے نفرت ہوتی ہے۔ سب سے اچھی بات یہ ہے کہ سفلی کا علاج روحانی طریقے سے کرائے۔

سفلی کا عمل مدت پوری ہونے کے بعد خود بخود ختم ہوجاتا ہے۔ ابتدا میں جتنی تیزی ہوتی ہے آہستہ آہستہ کم ہوتے ہوتے مدت پوری ہونے پر ختم ہوجاتی ہے۔ اس کی شکل سحر کے برخلاف ہوتی ہے۔



مدت پوری ہونے کے بعد سفلی از خود ختم ہوجاتا ہے۔

سحر اور سفلی دونوں میں شیاطین اور جنات بھینٹ لے کر کام کرتے ہیں اور لوگوں کو ستاتے۔ بیمار کر ڈالتے اور ان کا کاروبار تباہ کرتے ہیں۔ ملازمت اور نوکری ختم کرا دیتے ہیں۔ ہر ایک سے لڑائی جھگڑا کراتے ہیں۔ زمین۔ جائداد، دولت سب ختم کرا دیتے ہیں آدمی مالی وسائل اور آمدنی سے محروم ہو جاتا ہے۔ اسی طرح آہستہ آہستہ اس کی صحت بھی تباہ ہو جاتی ہے۔ یاد داشت ختم ہو جاتی ہے۔ بھول چوک بہت ہوتی ہے۔ جس کام میں ہاتھ ڈالتا ہے نقصان اٹھاتا ہے۔ جس کاروبار کو شروع کرتا گھاٹا ہوتا جاتا ہے۔ لوگوں کا قرض چڑھ جاتا ہے۔

سحر و سفلی کی نشانیاں

سحر و سفلی کی پہلی نشانی یہ ہے کہ آدمی کا دماغ ماؤف ہو جاتا ہے۔ اس کی یاد داشت ختم ہو جاتی ہے۔ بھول چوک کا مرض پیدا ہو جاتا ہے۔

اس کا دل بے چین رہتا ہے۔ گھبراہٹ بہت ہوتی ہے ایک جگہ جم کر بیٹھنا مشکل ہو جاتا ہے کسی کام میں دلچسپی نہیں رہتی نہ کسی کام میں دل لگتا ہے۔

بھوک بہت لگتی ہے لیکن کھایا نہیں جاتا۔ کھانا ہضم نہیں ہوتا۔ کوئی نہ کوئی مرض لگا رہتا ہے۔ دوا سے علاج سے فائدہ نہیں ہوتا۔ چکر آتے ہیں۔ بدن میں

درد رہتا ہے۔ سستی، کاہلی اور ٹال مٹول کی عادت پڑ جاتی ہے۔

جادو، سفلی کا علاج

جادو، سفلی کا علاج ممکن ہے۔ جس طرح سحر، جادو اور سفلی کے بہت سے طریقے ہیں اور اسی حساب سے ان کے اثرات بھی ہیں۔

مثلاً کسی آدمی کا پتلہ بنا کر اس کے گلے میں سحر یا سفلی کی عبارت لکھ کر ڈال دی جاتی ہے۔ سیندور، رائی، مرگھٹ کی راکھ، پیلے مسور کی دال کو مٹی کے کورے پیالوں میں بند کر کے اوپر چرخے سے کاتا ہوا دھاگہ لپیٹ کر اس پر سات قبروں کی مٹی گیلی کر کے لپیٹ کر کسی پرانی قبر میں ڈال دی جاتی ہے۔ دوسری طرف وہ آدمی بیمار ہوتا چلا جاتا ہے۔ اس کا ایک علاج تو یہ ہے کہ عمل کے ذریعہ یا موکل کے ذریعہ معلوم کیا جائے کہ کونسے قبرستان کی کس قبر میں پتلہ موجود ہے قبر کھول کر یا ایک اینٹ ہٹا کر اس کا پتلہ نکال کر اس کو توڑ پھوڑ کر دریا، سمندر، نہر، جھیل، تالاب یا کنوئیں میں ڈال دیا جائے۔ جادو، سفلی سب ختم اب کسی علاج کی ضرورت نہیں مریض از خود تندرست ہو جائے گا۔ لیکن یہ عمل خطرناک ہے عامل پر حملہ ہو سکتا ہے۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ تعویذات کے ذریعہ یا سورتوں کے ذریعہ اس کا علاج کیا جائے۔ سورۃ یٰسین شریف پڑھ کر

پانی پر دم کر کے اس کا پانی جب بھی پیاس لگے پلایا جائے۔
اسی طرح معوذتین (قل اعوذ برب الفلق آخر تک اور قل اعوذ برب الناس آخر تک) پڑھ کر پانی پر دم کر کے رکھ لیا جائے اور وہ پانی مریض کو کئی بار پلا جائے۔

بعض مرتبہ جادو کاپتلہ یا کاغذ پر مریض کی شکل بنا کر اس پر سفلی عمل کر کے کوے کے منہ میں رکھ کر اس کی چونچ کچے دھاگے سے باندھ کر زندہ کوے کو قبر میں ڈال دیا جاتا ہے یا اسی طرح کا پتلہ بنا کر مینڈک یا مچھلی کو کھلا دیا جاتا ہے یا کسی پرندے کو کھلا دیا جاتا ہے۔ چنانچہ اس کے اثر سے مریض ایک جگہ جم کر نہیں بیٹھ سکتا وہ ادھر اُدھر بلا وجہ بھاگتا پھرتا ہے نہ کوئی مقصد نہ کوئی کام۔ جس طرح مچھلی یا مینڈک دریا یا سمندر میں تیرتے پھرتے یا پرندہ اُڑتا پھرتا ہے ان کو ایک جگہ ٹھہرنا مشکل ہے اسی طرح یہ شخص بھی زمین پر چلتا پھرتا رہتا ہے اسے سکون و قرار نہیں ہوتا۔ بے چینی رہتی ہے۔

لہٰذا ہر جادو کا علاج صرف مخصوص عملیات کے ذریعہ مشکل ہے اس کے لئے بھی الگ الگ عملیات و تعویذات کرنے سے علاج ہوگا ورنہ وقتی فائدہ کے علاوہ کچھ حاصل نہ ہوگا۔

علاج کا طریقہ

علاج کے سلسلے میں سب سے پہلے یہ بات دیکھنی ہے اور یہ معلوم کرنا ہے کہ اس شخص پر جادو، سفلی، جن بھوت کے اثر سے بیماری ہے یا یہ مرض ہے۔ اس کا پتہ لگانے کے لئے سب سے پہلے مریض کا چوبیس گھنٹے پہنا ہوا ایسا کپڑا لیا جائے جس کے نیچے دوسرا کپڑا نہ ہو یعنی عورت قمیض یا کرتہ پہنے لیکن باڈی یا شمیض کرتے کے نیچے نہ پہنے۔ اسی طرح مرد کرتے کے نیچے بنیان نہ پہنے اور رات کو بھی اسی کرتے یا قمیض کو پہن کر سوئے پھر مرض کی تشخیص کا طریقہ جو ہر آسان عملیات و تعویذات کی کتابوں کے شروع میں لکھا ہے اس طریقہ پر قمیض کو ناپ کر پھر اس پر متعلقہ آیات دم کر کے رکھ دے بیس منٹ بعد اس کو ناپ کر دیکھ لے کہ چھوٹی، یا بڑی یا برابر ہے۔ پھر اس کا علاج کرے اور ایک تعویذ گلے میں ڈالنے کا دے دے تاکہ جادو، سفلی یا سحر جادو کا اثر دوبارہ نہ ہو جائے وہ تعویذ گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھے اور عورت ہے تو گلے میں ڈالے یا بائیں بازو پر باندھے۔

جب تعویذ گلے میں ڈال لیا یا بازو پر باندھ لیا تو اس کے بعد اس تعویذ کو گلے سے یا بازو سے نہ نکالے بلکہ ہمیشہ گلے میں

پڑا رہے یا بازو پر بندھا رہے۔ پاک، ناپاک ہر حالت میں بندھا رہے۔

جنات کو بھگانے کے لئے فلیتہ دیا جاتا ہے اس میں یہ احتیاط کرے کہ یہ لکھدے کہ "جنات چلا جائے اگر نہ گیا تو جل جائے گا" تاکہ جلانے کے گناہ سے بچ جائے، ذی روح کا جلانا سخت گناہ ہے۔ اس طرح لکھنے کے باوجود نہ جائے اور جل جائے تو گناہ نہ ہوگا۔ کوئی بھی عمل کی کامیابی کے لئے ضروری ہے کہ انسان پر جن کا اثر نہ ہو، جادو سفلی کا اثر نہ ہو ورنہ عمل کسی بھی صورت میں کامیاب نہ ہوگا۔

لہذا عمل کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لئے ضروری ہے کہ پہلے کپڑے کے ذریعہ تشخیص (چیک) کر لیا جائے کہ متعلقہ شخص یا عورت پر جن، جادو، سفلی کا اثر تو نہیں ہے، جب یہ معلوم ہو جائے تو عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ عمل میں ضرور کامیابی ہوگی۔ عمل کے دوران پاک بدن ہو، کپڑے پاک ہوں، قبلہ رُخ بیٹھے، تخلیہ (یعنی اس کمرے میں اکیلا ہو اور دروازہ بند ہو) ہو، جگہ پاک ہو، کمرے میں ہر طرف خوشبو چھڑکے (عطر وغیرہ) یا چنبیلی اور گلاب کی پتیاں چاروں طرف بکھیر دے یا لوبان یا اگر بتی جلائے۔ پڑھنے کے دوران اس جگہ سے بالکل نہ اٹھے۔ خطرناک چلہ کرتے وقت حصار ضرور کرے ورنہ نقصان اٹھائے گا۔

وضو کا سامان بھی اسی کمرے میں رکھ لے ایک ٹب اور دو لوٹے پانی تاکہ اگر وضو ٹوٹ جائے تو اسی جگہ دوسرا وضو کر لے۔

جو وظیفہ پڑھے کسی عالم دین، متقی اور نیک خصلت بزرگ سے اس کے الفاظ کی تصحیح کر لے تاکہ غلط نہ پڑھے ورنہ محنت ضائع ہو جائے گی اگر کسی عمل کا، سورۃ کا، آیت کا، کلمات کا، الفاظ کا، اسماء ربانی کا، دعا کا چلہ کیا ہے اس کی ایک تعداد روزانہ پڑھنے کے لئے مقرر کر لے اور روزانہ اس تعداد میں پڑھ لیا کرے۔ اگر ایک دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن دو مرتبہ پڑھ لے اگر دو دن مسلسل ناغہ ہو جائے تو تیسرے دن تین مرتبہ پڑھ کر عمل مکمل کر لے۔ اگر خدانخواستہ تین دن مسلسل ناغہ ہو گیا ہے تو عمل کا چلہ دوبارہ کرنا پڑے گا تین دن کے ناغہ سے عمل باطل ہو گیا، عمل ٹوٹ گیا اب نیا چلہ کرے۔ بعض عمل الٹے کے ہوتے ہیں یعنی کرانے والے یا کرنے والے پر جادو لوٹ جائے۔ ایسے عمل میں بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ دوسرے کی طرف لوٹانے والے عمل میں غلطی ہو جائے یا حصار نہ کیا ہو یا حصار کیا ہو لیکن کامل حصار نہ ہوا ہو تو اپنی خود کی جان و مال کو خطرہ ہوتا ہے یا ڈر خوف کے باعث حصار سے باہر نکل گیا تو پاگل ہونے یا خودکشی کر لینے کا خطرہ ہوتا ہے لہذا ایسا عمل کرنے سے پہلے سب

پابندیوں کو سامنے رکھے اور ان پر سختی سے پابند ہو کر عمل کرے۔ عمل کے الفاظ صحیح ادا کرے، تعداد مقررہ پوری پڑھے، بدن، کپڑے، جگہ، کمرہ سب پاک ہوں۔ بلکہ جگہ دھو کر پاک کر لے۔ غسل کر کے دھلے ہوئے یا نئے کپڑے پہن لے۔ حصار مکمل کرے۔ حصار ناقص ہوئی تو سخت نقصان کا اندیشہ ہے کیونکہ عمل اور چلے میں حصار سب سے بڑی بنیاد ہے حُب اور محبت اور عشق کے عمل میں بھی بہت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے اس سلسلے میں لوگ دھوکہ دے کر، جھوٹ بول کر، فراڈ کھیل کر غلط کام کے لئے تعویذ یا عمل کرتے ہیں یا کراتے ہیں۔ روپے پیسے کے لالچ میں ناجائز طور پر عمل کرنا یا نقش و تعویذ دینا سخت گناہ اور اپنی دنیا و عاقبت برباد کرنا ہے۔ اسی طرح جھوٹ بول کر غلط تعویذ یا نقش لینا یا عمل کرانا، عمل کرنا سب بدترین گناہ ہیں لہذا اس سلسلے میں عاملین کو بہت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔

جن، بھوت، پریت، آسیب، دیو، چڑیل کے علاج کے سلسلے میں بھی سخت احتیاط اور خیال رکھنے کی ضرورت ہے ذرا سی بداحتیاطی سے جان، مال اور اولاد کو سخت خطرہ ہوتا ہے اور اکثر بہت زبردست نقصان اُٹھانا پڑتا ہے یہ کام ہمیشہ حصار کر کے اور حصار کا عمل پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر ہاتھ پھیرنا ہے

کوئی جگہ ہاتھ پھیرنے سے رہ نہ جائے۔ اسی طرح حصار میں لکیر سے لکیر کو ملانا ہے لکیروں کے درمیان جگہ خالی نہ رہ جائے۔ اس میں وضو، غسل، پاک کپڑے، پاک جگہ اور خوشبو وغیرہ کا استعمال ضروری ہے لوبان یا اگر بتی ضرور جلائے۔ عمل کے وقت ہر دم ہوشیار اور چوکنا رہے جو کچھ پڑھ رہا ہے اس کے الفاظ کی ادائیگی عمدہ طریقہ پر کرے اگر نیند آ رہی ہو یا سستی کاہلی ہو یا طبیعت ٹھیک نہ ہو تو کوئی عمل نہ کرے ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ صحیح الفاظ ادا کرے۔ اگر الفاظ صحیح ادا نہ ہوتے ہوں تو عمل نہ کرے، یا الفاظ کو کسی صحیح پڑھنے والے سے درست کرا لے اور اس کو سنا کر صحیح کر لے۔

اگر تشخیص کے دوران کپڑا برابر رہے تو مریض کا علاج حکیم یا ڈاکٹر سے کرائے۔ اگر قرآنی علاج کرنا ہی ہے تو اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف درمیان میں اکتالیس مرتبہ الحمد شریف پوری سورت پڑھ کر پانی پر دم کر کے (پھونک مار کر) مریض کو پلائے۔

مریض کو یا جن والے کو یا جادو سفلی والے کو دن میں چار وقت پانی پڑھا ہوا یا تعویذ کا پلانا ہے یہ چار وقت جنات کی زیادہ شرارت اور سفلی جادو کی تیزی کے ہوتے ہیں ان اوقات میں مریض سخت تکلیف اور بے چینی محسوس کرتا ہے۔ وہ اوقات یہ ہیں:

۱۔ صبح سورج نکلنے کے بعد دس بجے تک
۲۔ دوپہر کو زوال سے لے کر دو بجے دن تک
۳۔ چار بجے دن سے رات نو بجے تک
۴۔ رات بارہ بجے سے دو بجے تک

اس لئے مریض یا سفلی جادو کے بیمار یا جن یا آسیب زدہ کو ان چار وقتوں میں پانی پلانا ہے تاکہ وہ مرض، جنات، یا سفلی جادو کی سختی سے محفوظ رہے اور اس کو زیادہ تکلیف نہ پہنچے۔ وہ اوقات یہ ہیں۔

۱۔ ناشتہ سے قبل ایک گھونٹ پانی پلانا ہے۔ زیادہ بھی پی سکتا ہے کم از کم ایک گھونٹ ہے۔
۲۔ دوپہر گیارہ بجے
۳۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے قبل
۴۔ بعد نماز عشاء۔ سونے سے قبل

جنات اور سفلی والے کو رات کو سونے سے قبل اپنے بستر پر بھی ہلکے ہلکے چھینٹے مارنے چاہئیں۔ سونے کے کمرے میں بھی چاروں کونوں میں ہلکے ہلکے پانی کے چھینٹے مارے جائیں۔ اس طرح عمل کرنے سے رات کو سکون سے نیند آتی ہے ورنہ بے چینی رہتی ہے یا رات بھر جاگنا پڑتا ہے۔ جب بھی آنکھ لگتی ہے جھٹکا سا لگ جاتا ہے۔ جیسے کسی نے دھکا دے دیا یا اوپر سے گرا دیا۔ پھر جب ایک مرتبہ آنکھ کھل جاتی ہے تو دوبارہ نیند نہیں آتی۔

پھر اذان کے وقت آنکھ لگتی ہے تو صبح اٹھنا مشکل ہوتا ہے نماز فجر قضا ہو جاتی ہے۔

پینے والا تعویذ ہمیشہ باوضو گھولنا چاہیئے۔ پانی کا تعویذ بعد نماز عشاء باوضو گھول کر رکھ دے اور صبح سے پینا شروع کر دے۔

پینے والے تعویذ یا باندھنے والے تعویذ کو بے وضو ہاتھ نہ لگائے بلکہ کسی تھیلی یا کاغذ میں لپیٹ کر ہاتھ میں لے۔ باندھنے والے تعویذ کو پلاسٹک لپیٹ کر کالا دھاگہ باندھ کر موم جامہ کر کے باندھے۔ باندھنے کا ڈورا کالا یا نیلا ہو، کپڑا بھی کالا یا نیلا استعمال کرے۔ باوضو موم جامہ کرے اور تعویذ بنائے۔ تعویذ جیب میں رکھ کر پیشاب خانے یا پاخانے میں چلا گیا تو تعویذ اب کام نہیں کریں گے لہذا دوسرے تعویذ بنائے۔ اسی طرح باندھنے والا تعویذ بھی بغیر موم جامہ کئے گندی جگہ، پیشاب کرنے کی جگہ یا پاخانے میں نہ لے جائے ورنہ اس کا اثر ختم ہو جائے گا۔

جب تعویذ پرانا یا بوسیدہ ہو جائے اس کو کسی کاغذ میں لپیٹ کر پتھر باندھ کر یا اینٹ، ٹھیکری کا ٹکڑا باندھ کر کسی کنوئیں، نہر، دریا، سمندر، جھیل میں ڈال دے ورنہ کسی ایسی جگہ جنگل میں دفن کر دے جہاں لوگ بہت کم جاتے ہوں اور پاک جگہ ہو۔

بھاگنے والے یا گم ہو جانے والے کے لئے جو نقش یا تعویز دفن کئے جاتے ہیں یا پیڑ وغیرہ میں لٹکائے جاتے ہیں ان کو بھاگنے والے کے آنے کے فوراً بعد یا گم ہو جانے والے کے مل جانے کے فوراً بعد اس نقش کو اس جگہ سے فوراً نکال لیا جائے ورنہ آنے والا پھر بھاگ جائے گا۔

جس عورت کے حمل کی حفاظت کے لئے گنڈہ یا تعویذ حمل کے دوران بندھوایا گیا ہے وہ گنڈہ یا تعویذ بچہ پیدا ہونے کے بعد بچے کو نہلا کر فوراً اس کے گلے میں باندھ دیا جائے ورنہ بچہ کے مر جانے کا خطرہ رہتا ہے۔

جن، بھوت سحر، جادو کے علاج کے بعد گلے یا بازو پر حفاظتی نقش ضرور باندھنا چاہیئے۔ جو تعویذ پینے کے لئے دیتے ہیں انہی میں سے ایک تعویذ لے کر موم جامہ کر کے گلے یا مرد ہے تو دائیں بازو پر اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے اور اس نقش یا تعویذ کو گلے یا ہاتھ سے کسی حالت میں نہ اتارے۔

پینے یا باندھنے کے تعویذ کسی حالت میں بھی غسل خانے یا پاخانے میں نہ لے جائیں اگر غلطی سے تعویذ جیب میں ہیں اور اسی حالت میں غسل خانے یا پاخانے میں چلا گیا تو اب ان تعویذوں کو سمندر، یا دریا، نہر، کنویں، تالاب میں ٹھنڈا کر دے یا پاک زمین میں گڑھا کھود کر دفن کر دے: اب ان کے استعمال سے فائدہ نہ ہوگا۔

اگر تعویذ بوسیدہ، پرانا اور خراب ہو جائے یا اس کے حروف و نقوش مٹ جائیں تو اس نقش یا تعویذ کو ایک بوتل یا پلاسٹک کی تھیلی میں ڈال کر کسی پاک جگہ دفن کر دیں۔ یا پتھر باندھ کر نہر، دریا، سمندر، جھیل، کنویں میں ڈال دیں۔ اس کو کچرے کوڑے میں نہ پھینکیں نہ گندے پانی کے نالے میں ڈالیں۔ یہ سخت گناہ کی بات ہے لہذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

جس طرح جادو، سفلی، سحر کے ذریعہ صحت، طاقت، قوت مردمی، اولاد کا ہونا، ہر قسم کی ترقی کو بند کیا جاتا ہے اسی طرح جادو، سفلی، سحر کے ذریعہ انسانی کاروبار، انسانی ملازمت اور نوکری کی بندش بھی کر دی جاتی ہے جس کے سبب انسان اعلیٰ صلاحیتوں اور قابلیت کے باوجود در در کی ٹھوکریں کھاتا ہے لیکن اُسے اس کی اہلیت و قابلیت کے مطابق عہدہ یا منصب نہیں ملتا ہے۔ اگر کسی سفارش کے ذریعہ عہدہ مل بھی گیا تو چند دن بعد جواب مل جاتا ہے۔ انسان سارا دن در در کی ٹھوکریں کھاتا ہے۔ مصیبتیں جھیلتا ہے اور شام کو ناکام گھر لوٹتا ہے۔

اس کے لئے وظیفے، وظائف، عملیات کرنا فضول ہیں ان میں کامیابی نہیں ہوتی اس کا سبب یہ سفلی، جادو، سحر ہے۔ سب سے پہلے سفلی، جادو، سحر کا علاج کیا جائے اس کے بعد ایک نقش سورۃ مزمل کا باوضو ایک کاغذ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھا جائے اور لپیٹ کر موم جامہ کر کے کالی ڈوری باندھ کر گلے میں ڈال لے یا مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھ لے اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے۔ اس کو چار پانچ سال کے لئے گلے میں یا بازو پر بندھا رہنے دے کیونکہ جادو کا پتلہ معلوم نہیں کتنے عرصے کے لئے دفن کیا گیا ہے جب تک وہ دفن ہے جادو کے اثرات کا خطرہ بھی باقی ہے لہذا اس نقش کو باندھنے کے بعد کبھی نہ اتارے۔ نہاتے وقت، میاں بیوی کے تعلقات کے وقت، کہیں سفر پر جاتے وقت۔

بعض عاملین کے نزدیک دریا یا سمندر پار کرنے سے جادو اتر جاتا ہے۔ یہ بات اس وقت صحیح ہے جب انسان سمندر پار آباد ہو جائے یا دریا پار چلا جائے پھر واپس نہ آئے۔ اگر واپس آگیا تو پھر جادو اثر کرنا شروع کر دے گا۔

کراچی میں لوگ کیماڑی سے کشتی میں بیٹھ کر منوڑہ جزیرے تک چلے جاتے ہیں کہ ہم نے سمندر پار کر لیا۔ پھر واپس آنے پر جادو اپنا اثر دکھانا شروع کر دیتا ہے۔

اسی طرح حیدر آباد سے دریا پار کر کے گاڑی یا کشتی کے ذریعہ کوٹری چلے جاتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ جادو اتر گیا۔

آسان عملیات و تعویذات کی تمام جلدوں میں بہت سی ہدایات مختلف عمل کے درج ہیں ان کو بھی ذہن میں رکھا جائے۔

سفلی، جادو، سحر کا اثر ختم ہونے کے بعد ہی عمل، وظیفہ، تعویذ اثر کرتا ہے۔ اس لئے پہلے علاج پھر عمل کرے۔

الحمد للہ آپ نے سترھویں جلد سے فائدہ اٹھایا اب اٹھارہویں اور انیسویں جلد سے فائدہ اٹھائیں جو اسماء حسنیٰ کے عملیات و نقوش پر مشتمل ہیں۔

خوشنویس و آرٹسٹ سید احمد شاہ رحمۃ اللہ علیہ مورخہ ۱۲ و ۱۳ ذیقعدہ ۱۴۲۶ھ
مطابق ۱۵/۱۶ دسمبر ۲۰۰۵ء جمعرات و جمعہ کی درمیانی رات ساڑھے آٹھ بجے جناح اسپتال
میں انتقال فرما گئے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ○ جمعہ کے دن ابراھیم حیدری
قبرستان میں تدفین عمل میں آئی۔ مرحوم خطِ نسخ، خطِ نستعلیق، خطِ ثلث، خطِ رقاع،
خطِ دیوانی، خطِ توقیع، خطِ محقق، خطِ ریحان، خطِ غبار، خطِ گلزار، خطِ طغریٰ خط مقابل
اور خطِ کوفی کے ماہر تھے۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء، قرآن پاک کے سیپارے، قاعدے اور
بے شمار اردو، سندھی کی اسلامی کتابیں کتابت کیں۔ آخر میں فضائل درود شریف کی کتاب
کے اسّی صفحے لکھے تھے کہ پیغامِ اجل آگیا۔ اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے بچے ابھی چھوٹے ہیں،
اللہ تعالیٰ ان کا نگہبان ہو۔ قارئین سے گزارش ہے کہ وہ مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لئے
اول تین بار درود شریف، ۱۴ مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین بار سورۂ اخلاص اور آخر میں تین بار
درود شریف پڑھ کر مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی دعا فرمائیں۔ شکریہ

اعجاز احمد سنگھانوی

ہماری مقبولِ عام مطبوعات

مرتبہ: اعجاز احمد خاں سنگھانوی

حکایات الصالحین یعنی اولیاءِ کرام کی ایمان پرور حکایات

اولیاء کرام، صوفیائے عظام، علماء حق، مشائخ طریقت اور حکام و قضاۃ کی ایمان افروز حکایات کا عظیم الشان مجموعہ۔

یہ حکایات شریعت و طریقت کا شاہکار، نیکی و تقویٰ کی منادا اور شرافت و انسانیت کا سبق سکھانے والی ہیں۔ اس کی بڑی جلد میں تین سو حکایات ہیں۔ قیمت: ۱۲۰/- روپے: چھوٹی کتاب میں صرف ایک سو حکایات ہیں۔ قیمت: ۳۰/- روپے۔

تحفۃ الاسلاف عن روایات الاخلاف یعنی علماء دیوبند کی دلچسپ اور سبق آموز حکایات

علماء دیوبند و سہارنپور کی حکایات کا دلچسپ اور بصیرت افروز مجموعہ۔

ان حکایات کا مطالعہ انسانی زندگی میں انقلابی تبدیلی پیدا کرتا ہے۔

ان حکایات کا مطالعہ اخلاق میں سنوار پیدا کرتا ہے، نیکی کا شعور پیدا کرتا ہے اور تقویٰ و طہارت کا احساس اُجاگر کرتا ہے۔

یہ حکایات انتہائی دلچسپ اور مؤثر ہیں۔ سفید کاغذ، کُل صفحات: ۳۲۰ قیمت۔ جلد اوّل: ۱۰۰/- روپے۔ جلد دوم: ۱۰۰/- روپے

مظہر بک ڈپو

STR III نزد گول مارکیٹ ناظم آباد نمبر ۱ کراچی

آسان تعلیم عملیات و تعویذات

یعنی

قرآنی علوم و معارف کا اعجاز

مرتبہ
عامل کامل اعجاز احمد خان سنگھانوی

جلد-۱۸

مظہر بک ڈپو
دکان محبوب کالونی ST2 III نزد گول مارکیٹ ناظم آباد نمبر ۳ کراچی ۱۸

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ

اور اتارتے ہیں ہم قرآن میں سے وہ چیز کہ وہ شفا ہے اور رحمت واسطے ایمان والوں کے۔

تسخیر

عملیات و تعویذات

خاندان شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علماء دیوبند و سہارنپور اور انکے منتسبین کے آسان اور فوراً اثر کرنیوالے عملیات اور تعویذات کا بیش قیمت مجموعہ جس میں ایک سو سالہ پرانی اور نایاب بیاض بھی شامل ہے۔

جلد: ۱۸

مرتبہ

عامل کامل اعجاز احمد خان سنگھانوی

ایم۔اے

اسلامیات، تاریخ اسلام، عربی

ناشر

مظہر بکڈپو

دکان نمبر ST-2-10E محبوب کارنر

فرنٹ گول مارکیٹ ناظم آباد نمبر ۱ کراچی ۷۴۶۰۰

نام کتاب : ——— آسان عملیات وتعویذات (اٹھارویں جلد)
نام مرتب : ——— اعجاز احمد خاں سنگھانوی (ایم اے)
نام کاتب : ——— استاذ محمد عیسیٰ سربازی۔ عبدالغفار رئیس
سائز : ——— ۲۳ × ۱۸ / ۸
کل صفحات : ——— ۲۲۰
قیمت : ——— [illegible] روپے
ناشر : ——— شاہ محمد قمر غلام خان
اشاعت اول : ——— جمادی الثانی ۱۴۲۹ھ / جون ۲۰۰۸ء
مطبع : مولانا حافظ قاری محمد حیات صاحب شجاع آبادی دامت برکاتہم
فون : ۶۷۰۳۴۹۴ (67034994)

کتب خانہ انوار شاہ کی جملہ مطبوعات کے لئے تمام خطوط وکتابت اس پتہ پر کریں۔

مظہر بک ڈپو
دکان ۵ مجیب کارنر نزد ۵۲ نزد گول مارکیٹ
ناظم آباد نمبر ۱۔ کراچی ۷۴۶۰۰، پوسٹ کوڈ نمبر ۷۴۶۰۰

اجازت از طرف مؤلف

میں ہر مرد وعورت کو ان عملیات کی اجازت دیتا ہوں
البتہ ان شرائط کی پابندی کی جائے۔

(۱) نماز باجماعت۔ عورتیں اپنے گھر پر پابندی کے ساتھ اوّل وقت نماز ادا کریں۔

(۲) حلال روزی کمانے اور کھانے کا اہتمام کریں۔

(۳) سچ بولیں، جھوٹ اور بیہودہ باتوں سے بچیں۔

(۴) تقویٰ اختیار کریں اور کسی اللہ والے کی صحبت اختیار کریں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو کبھی کبھی اللہ والوں کی خدمت میں حاضری دیا کریں۔

(۵) عورت اپنے شوہر کے ساتھ یا کسی محرم کے ساتھ جائے اور پردے کی سختی سے پابندی کرے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عملیات کرنے والے کے لئے ضروری ہدایات

موم جامہ کر کے کالے یا نیلے کپڑے میں سی کر ٹوپی میں سوئی
دھاگے سے ٹانک لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دماغی کمزوری سے
نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴	۴۰	۳۴	۲۸
۳۶	۲۶	۱۶	۳۸
۲۴	۳۰	۴۴	۱۸
۴۲	۲۰	۲۲	۳۲

جذام سے نجات کے لئے

اگر نخواستہ کوئی شخص جذام میں مبتلا ہوگیا ہو
اس کے لئے باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے
اس کے بعد سات بار یہ آیت پڑھے اس کے بعد گیارہ
بار درود شریف پڑھ کر سرسوں کے سوا پاؤ (تین سو گرام)
تیل پر دم کرے اور وہ تیل روزانہ صبح کے وقت یا
رات کو سوتے وقت مریض کے تمام جسم پر ملے انشاء اللہ تعالیٰ
مرض سے نجات حاصل ہوگی۔ تھوڑا تھوڑا تیل ملنا ہے خوب
سارا تیل نہیں ملنا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی
اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ
السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْھَمِرٍ ۝ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُیُوْنًا
فَالْتَقَی الْمَآءُ عَلٰٓی اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۝ وَحَمَلْنٰہُ عَلٰی
ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ۝ تَجْرِیْ بِاَعْیُنِنَا جَزَآءً لِّمَنْ
کَانَ کُفِرَ ۝ وَلَقَدْ تَّرَکْنٰھَآ اٰیَۃً فَھَلْ مِنْ مُّدَّکِرٍ ۝
فَکَیْفَ کَانَ عَذَابِیْ وَنُذُرِ ۝ وَلَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ
لِلذِّکْرِ فَھَلْ مِنْ مُّدَّکِرٍ ۝ کَذَّبَتْ عَادٌ فَکَیْفَ
کَانَ عَذَابِیْ وَنُذُرِ ۝ اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَیْھِمْ رِیْحًا
صَرْصَرًا فِیْ یَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ۝ تَنْزِعُ النَّاسَ ۙ
کَاَنَّھُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ۝ فَکَیْفَ کَانَ

عَذَابِیْ وَنُذُرِ ۝ وَلَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّکْرِ
فَهَلْ مِنْ مُّدَّکِرٍ ۝ ع اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِیْ تَجْرِیْ فِی
الْبَحْرِ بِمَا یَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ
السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْیَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا
وَبَثَّ فِیْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۪ وَّتَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ وَ
السَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰیٰتٍ
لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ۝

باری کا بخار یعنی تیسرے دن آنے والا بخار یا روزانہ وقتِ مقررہ پر آنے والا بخار

اگر کسی بچے یا بڑے کو باری کا بخار آتا ہو تو اس کے لئے بخار آنے سے ایک گھنٹہ قبل مندرجہ ذیل کلمات باوضو تین بار پڑھ کر بخار والے پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار نہیں آئے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ یَا مُسَبِّبُ سَبِّبْ یَا
شَافِیُ اشْفِ یَا کَافِیُ اِکْفِ یَا مُفْلِحُ اِفْلِحْ یَا
مُفَرِّجُ فَرِّجْ یَا سَهِّلُ یَا مُیَسِّرُ یَسِّرْ یَا رَحْمٰنُ الرَّحِیْمُ

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۔

ہر قسم کے بخار سے نجات

اگر کسی کو بخار آتا ہو اور جان نہ چھوڑتا ہو تو اس کے بخار آنے سے نصف (آدھا) گھنٹہ پہلے ایک پان پر یہ آیت باوضو لکھے۔ آیت یہ ہے لَا یُجَلِّیْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ۔ اس کو مریض برابر دیکھتا رہے جب بخار نہ آئے یا بخار آجائے تو پان کو کھالے یا دیوار پر لگادے (چسپاں کردے۔ ٹیپ سے لگادے) انشاء اللہ تعالیٰ بخار نہیں آئے گا اگر آئے گا تو بہت زور سے آئے گا اور اس کے بعد آنا بند ہو جائے گا۔ اگر بخار پھر بھی آئے تو یہ نقش باوضو لکھ کر بخار آنے سے پہلے اپنے تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پھر بخار نہیں آئے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔



کمر کے درد کا علاج

اگر کسی شخص کی کمر میں درد ہو تو اس کے لئے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں گیارہ مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر درد کی جگہ دم کر دے انشاء اللہ تعالیٰ درد موقوف ہوگا اور آرام آجائے گا۔ غیر عورت پر دم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک پلاسٹک کا پائپ لے کر عورت اپنی کمر میں درد کی جگہ لگالے اور مرد پردے کے پیچھے پڑھ کر تین مرتبہ پائپ میں زور سے پھونک مار دے۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ یَا مُحِیْطُ یَا وَاسِعُ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ۔

درد شقیقہ یا آدھے سر کا درد (آدھا سیسی)

اگر کسی کو درد شقیقہ یعنی آدھے سر کا درد (آدھا سیسی) ہوتا ہو اور اس کی تکلیف ناقابل برداشت ہو تو باوضو مندرجہ ذیل نقش لکھ کر موم جامہ کر کے درد کی جگہ سر میں باندھے یا ٹوپی میں اٹکالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد شقیقہ سے فوراً آرام آجائے گا۔

۷۸۶

یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
۲	۴	۶۰	۸
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح

بچھو کے کاٹے کا علاج

اگر کسی کو بچھو کاٹ لے تو اس کے لئے یہ دم بہت مفید ہے۔ کیسا ہی زہریلا بچھو کاٹ لے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً زہر اتر جائے گا۔

یہ عمل شب معراج، شب قدر یا شب برات میں تمام رات کیا جاتا ہے۔ بعد نماز عشاء باوضو پاک مصلے پر قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھ کر پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ

بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد سورۃ الم ترکیف بطور زکوٰۃ گیارہ ہزار بار پڑھے۔ اگر کسی کو بچھو کاٹ لے اور ڈنک مار دے یہ سورۃ ایک مرتبہ یا تین مرتبہ یا پانچ مرتبہ پڑھ کر درد کی جگہ دم کرے۔ دم کے لئے الم ترکیف کی سورۃ میں کیف کا لفظ نہ پڑھے۔ لیکن زکوٰۃ ادا کرتے وقت پڑھے۔

درود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

سورہ الم ترکیف یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلَمْ تَرَ کَیْفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِاَصْحٰبِ الْفِیْلِ ۝ اَلَمْ یَجْعَلْ کَیْدَھُمْ فِیْ تَضْلِیْلٍ ۝ وَّاَرْسَلَ عَلَیْھِمْ طَیْرًا اَبَابِیْلَ ۝ تَرْمِیْھِمْ بِحِجَارَۃٍ مِّنْ سِجِّیْلٍ فَجَعَلَھُمْ کَعَصْفٍ مَّاْکُوْلٍ ۝

سانپ یا بچھو کے کاٹے کا علاج

اگر خدانخواستہ کسی کو سانپ یا بچھو کاٹ لے تو اس کاٹی ہوئی جگہ کو مضبوط پکڑ لے تاکہ زہر آگے نہ جائے اور زمین پر لفظ (فرعون) لکھ کر ایک کیل کی نوک لفظ فرعون کی ف پر رکھ کر تین مرتبہ اس کیل پر جوتا مارے پھر پوچھے کہ زہر اُترا یا نہیں۔ اگر نیچے آگیا ہے تو اس جگہ کو مضبوط پکڑا دیں اور اسی طرح ف کے حرف پر کیل کی نوک رکھ کر تین جوتے ماریں۔ چند مرتبہ ایسا کرنے سے انشاء اللہ زہر اتر جائے گا مجرب عمل ہے۔

سانپ یا بچھو کے زہر کو اُتارنا

اگر کسی کو سانپ یا بچھو کاٹ لے تو کاٹی ہوئی جگہ کو بندھوائیں بلکہ باوضو گیارہ بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر نیم کی شاخ (نیم کی ٹہنی) سے اوپر سے نیچے کی طرف لاتا جائے اور درد اُترتا جائے گا اگر کہیں ٹھہر جائے تو دو مرتبہ مرتبہ پڑھ کر جھاڑ دے۔ اسی طرح سورہ فاتحہ پڑھتا جائے اور نیم کی ٹہنی سے نیچے کی طرف اشارہ کرتا جائے انشاء اللہ تعالےٰ زہر اتر جائے گا۔

نظر بد کے لئے

اگر کسی بچے یا بڑے کو بار بار نظر لگتی ہو تو اس کے لئے باوضو یہ نقش عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کر کے بچہ یا بڑے کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ یا بڑا نظر لگنے سے محفوظ ہو جائے گا۔ وہ نقش معظم یہ ہے

۷۸۶

۶۸	۶۱	۶۶
۶۳	۶۵	۶۷
۶۴	۶۹	۶۲

عورت کے استحاضہ کا خون بند کرنا

اگر عورت کو حیض کے علاوہ خون آتا ہو یا حیض کی مدت سے زیادہ خون آتا ہو تو اس کے لئے باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے یہ نقش لکھے اور لکھتے وقت قبلہ کی طرف منہ کر کے باوضو پاک مصلے پر بیٹھے اور ہرن کی جھلی (کھال) پر لکھے اور موم جامہ کر کے عورت کی بائیں ران پر باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خون بند

ہو جائے گا۔ جب خون بند ہو جائے تو اتار کر دھو کر رکھ دے جب بھی خون جاری ہونے کی شکایت ہو باندھ لیا کرے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۵	۲۰۲	۱۲۰
۲۵۲	۳۶	۱۵
۲۷۶	مانابعض	۵۲۷

ہر قسم کے بخار کے لئے

کسی بھی قسم کا بخار ہو اس کے لئے باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے یہ کلمات لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے بخار سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ يَا رَحِيْمُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الشَّافِيْ وَاَنْتَ الْكَافِيْ ۔ مجرب ہے۔

بچہ کا ڈر خوف سے بے خوف ہونا

اگر کوئی بچہ یا بڑا رات کو یا اندھیرے میں یا اکیلے

گھر میں ڈرتا ہو یا راستہ چلتے ہوئے خوف آتا ہو یا کسی سواری پر سوار ہونے سے خوف آتا ہو۔ اس کے لئے یہ نقش باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کر کے ڈرنے والے بچے یا بڑے کے گلے میں ڈال دے۔ مرد ہے تو سیدھے بازو پر بھی باندھ سکتا ہے اور عورت ہے تو اپنے بائیں بازو پر بھی باندھ سکتی ہے۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

مرگی کے لئے

اگر خدانخواستہ کسی بڑے یا بچے کو مرگی کا دورہ پڑتا ہو تو اس کے لئے ایک سفید مرغ صرف ایک رنگ کا اس میں دوسرا رنگ نہ ہو۔ مطلب یہ ہے کہ تمام پر مرغ کے سفید کوئی پر لال یا کالا نہ ہو۔

باوضو اتوار کے دن علی الصباح طلوعِ آفتاب (سورج نکلنے) سے پہلے ذبح کرے اور اس کے بعد ایک تعویذ عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو لکھے اور اس کو تانبے کے تعویذ میں ڈال کر موم سے بند کر دے اور مریض کے گلے میں باندھ دے اور اس طرح باندھے کہ مریض اس کو نکال نہ سکے۔ مطلب یہ ہے کہ ڈوری چھوٹی رکھے انشاء اللہ تعالیٰ مرگی سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

طسما طسما طسما ۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

طسما طسما طسما ۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

درد کمر کے لئے

اگر کسی کے کمر میں درد رہتا ہو تو اس کے لئے باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس ہرن کی جھلی (کھال) پر یہ نقش لکھے اور موم جامہ کر کے کمر پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ درد کمر دور ہوگا۔ مجرب نقش ہے وہ یہ ہے ←

۷۸۶

ع	ط	لے	الله
ب	دو	حا	۱۵

پیٹ کے درد کے لئے

اگر کسی کے پیٹ میں اکثر درد ہوتا ہو تو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے یہ نقش لکھے اور گیارہ کچے دھاگے لے کر اس نقش کو پیٹ پر باندھے لیکن شرط یہ ہے کہ تعویذ کو موم جامہ کر کے باندھے ورنہ تاثیر کھو دے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس کے باندھنے سے درد فوراً دور ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ص	۲	۱۵
ما	۵۱۱	۲
ما	ص	ع

رجعت عمل

اگر کسی شخص نے جلالی عمل کیا اور اس کی پابندیوں اور شرائط کو توڑ دیا اور اس کی وجہ سے دیوانہ ہو گیا تو تین دن

تک بعد نمازِ فجر اول و آخر گیارہ گیارہ بار دعائے قنوت اور درمیان میں ایک سو ایک (۱۰۱) بار درود شریف پڑھ کر مریض کے دونوں کانوں میں دم کرے۔ اگر تین دن میں اچھا ہو جائے تو بہتر ہے عمل ختم کر دے ورنہ سات دن تک یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد اچھا ہو جائے گا اور اس کی دیوانگی ختم ہو جائے گی

دعائے قنوت یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ وَنُثْنِيْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ يَّفْجُرُكَ اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّيْ وَنَسْجُدُ اِلَيْكَ وَنَسْعٰى وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْا رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰى عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ ط

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى

اِبْرٰهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرٰهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

نحوستِ سیارگان سے حفاظت

اگر کوئی شخص نحوستِ سیارگان سے محفوظ رہنا چاہتا ہو تو اس کو چاہیے کہ روزانہ ان کلمات کو نو (۹) مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نحوستِ سیارگان سے محفوظ رہے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یَا جَلِیْلُ یَا مُتَكَبِّرُ اِنِّیْ اَسْتَعِیْنُكَ اِحْفَظْنِیْ مِنْ نَّحُوْسَةِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَالْعُطَارِدِ وَالْمُشْتَرِیْ وَالزُّهْرَةِ وَالزُّحَلِ وَالْمِرِّیْخِ وَالرَّاسِ وَالذَّنْبِ بِحَقِّ یَا اَللّٰهُ یَا اَحَدُ یَا حَمِیْدُ بِاُمُوْرٍ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

عمل حضرت بابا فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ

یہ عمل حضرت بابا فرید الدین گنج شکرؒ سے منسوب ہے اس عمل کے چار فائدے ہیں۔

پہلا فائدہ یہ ہے کہ اگر کوئی بے گناہ قید ہو گیا ہو تو وہ تیسرے دن رہا ہو گا۔

دوسرا فائدہ یہ ہے کہ اگر کسی کے اولاد نہ ہوتی ہو اس کو چینی کی طشتری (پلیٹ بغیر پھول والی) پر عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے سورۃ اخلاص لکھے اور عورت کو اس کا پانی گھول کر پلائے۔ یہ عمل چالیس دن کرے

تیسرا فائدہ یہ ہے کہ اگر کوئی گم ہو گیا ہو تو بفضلہٖ تعالیٰ دو ہفتہ میں واپس آجائے گا

چوتھا فائدہ یہ ہے کہ اگر گھر میں فاقہ ہو یا کوئی مشکل پیش آئی ہے تو وہ دور ہوں گے۔

عمل ایک منگل سے دوسرے منگل تک کرنا ہے اور پڑھنے کا طریقہ یہ ہے۔

پہلا منگل جس سے عمل شروع کرنا ہے سورۃ اخلاص گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھے۔

بدھ کے دن سورۃ اخلاص بائیس (۲۲) مرتبہ پڑھے۔

جمعرات کے دن سورۃ اخلاص تینتیس (۳۳) مرتبہ پڑھے

جمعہ کے دن سورۃ اخلاص چوالیس (۴۴) مرتبہ پڑھے

ہفتہ کے دن سورۂ اخلاص پچپن (۵۵) مرتبہ پڑھے۔
اتوار کے دن سورۂ اخلاص چھیاسٹھ (۶۶) مرتبہ پڑھے۔
پیر کے دن سورۂ اخلاص ستر (۷۰) مرتبہ پڑھے۔
منگل کے دن سورۂ اخلاص اٹھاسی (۸۸) مرتبہ پڑھے۔
روزانہ عمل پڑھنے کے بعد اپنے مقصد کے حاصل ہونے کی دعا کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝
وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

جیل خانہ سے رہائی کے لئے

اگر کوئی شخص قید میں ہو اور اس کے گھر والے اس کی وجہ سے پریشان ہوں اور گھر میں کوئی ذمہ دار شخص نہ ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو لکھے اور اس نقش کو سمندر، دریا نہر یا چشمے کے پانی میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جب

اس تعویذ کی سیاہی پانی میں گھل جائے گی قیدی کی رہائی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے اگر حاکم نے ظلماً اس کو نہ چھوڑا تو از خود ایسے حالات پیش آجائیں گے کہ جیل خانہ سے تمام قیدی رہا ہو جائیں گے۔ وہ نقشِ معظم یہ ہے

۷۸۶

۸	۳۰	۳۳	۱
۳۲	۲	۷	۳۱
۳	۳۵	۲۸	۶
۲۹	۵	۴	۳۴

ناف و پیٹ کے درد کے لئے نقش

اگر کسی کے ناف یا پیٹ میں سخت درد ہو تو اس کے لئے باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے یہ نقش لکھے اور موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ درد فوراً دور ہوگا۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۳	ط	صر	صر
ح	ع	الو	۱۱
۷	و	ی	و
و	وط	۲۵	ح ہ

عورت کی ماہواری سے زیادہ خون بند کرنا

اگر کسی عورت کو استحاضہ کا خون آتا ہو جس سے لاغر اور کمزور ہوتی جا رہی ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کر کے عورت اپنی کمر میں باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خون بند ہو جائے گا۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۹	۳۳	۳۶	۲
۳۵	۳	۸	۳۴
۴	۳۸	۳۱	۷
۳۲	۶	۵	۳۷

مسان کے لئے نقش

اگر کسی کے بچے پیدا ہوتے ہی یا بالغ ہونے سے پہلے ہی مر جاتے ہوں تو اس نقش کو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ محفوظ رہے گا۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۲	۱۲
۴	۱۱	۵
۱۰	۷	۳

چوری گیا ہوا مال واپس آنا

اگر کسی گھر، اسٹور، گودام، دوکان یا محفوظ جگہ سے سامان یا رقم چرا کر چور لے گئے ہوں تو یہ نقش عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو لکھے اور اس تعویذ کو چوری ہونے کی جگہ لگا دے انشاء اللہ تعالیٰ مال واپس آجائے گا۔ یہ بھاگے ہوئے لڑکے، عورت، بچے کے لئے بھی کارآمد ہے۔ اس کے سونے کے کمرے میں لگا دے۔ وہ نقش معظم یہ ہے

۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

استخارہ

یہ بہت آسان استخارہ ہے۔ اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ یہ معلوم کرے کہ اس جگہ شادی کرنا مناسب ہے یا نہیں۔ یا یہ معلوم کرنا چاہتا ہے کہ میرے لئے یہ کاروبار صحیح رہے گا یا وہ کاروبار مثلاً میں کپڑے کا کاروبار کرنا چاہتا ہوں تو فائدہ ہوگا یا اناج کی تجارت میں زیادہ نفع ہوگا۔ کاروبار شراکت میں کروں تو کامیابی ہوگی یا اکیلے کرنے سے کامیابی

ہوگی۔ فلاں شخص کو کاروبار کے لئے رقم دوں یا انکار کردوں یا فلاں کو قرض دوں یا منع کردوں کہ رقم ڈوب جائے گی۔ اسی طرح کی تمام باتوں کے لئے یہ استخارہ بہت مفید اور بابرکت ہے فوراً ہی معلوم ہوجاتا ہے۔

عمل یہ ہے: بعد نمازِ عشاء دو رکعت نماز نفل بہ نیتِ استخارہ پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ والشمس سات (۷) مرتبہ پڑھے۔ دوسری رکعت میں سورۂ واللیل سات (۷) مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد زعفران کو عرقِ گلاب میں گھول کر اس سے یہ نقش لکھے اور اپنے سرہانے تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائے۔ اس دوران کسی سے بات نہ کرے۔ دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ کرکے سر شمال کی طرف اور ٹانگیں جنوب کی طرف کرے۔ اپنے مقصد کو دل میں رکھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پہلی ہی رات میں معلوم ہوجائے گا۔ اگر خواب ڈراؤنا ہو یا کوئی دشمن یا موذی جانور حملہ کرتا دیکھے تو اس کام کو نہ کرے نقصان ہوگا اور اگر خوشنما منظر دیکھے یا صبح اٹھنے کے بعد دل و دماغ میں خوشی

محسوس ہوتی ہو تو اس کام کو کرلے۔ وہ نقش جو سرہانے رکھ کر سونا ہے یہ ہے۔

ص	م	ل	ا
ا	ل	م	ص
م	ص	ا	ل
ل	ا	ص	م

دولت و برکت اور عزت قائم ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے پاس دولت کی فراوانی ہو اور گھر میں خیر و برکت ہو ہر قسم کی پریشانی، لڑائی جھگڑا بالکل نہ ہو۔ گھر میں سب پیار و محبت سے رہیں اور دلی سکون اور قلبی مسرت حاصل ہو اس کے لئے ہر ماہ نیا چاند طلوع ہونے کے بعد ہر منگل، بدھ اور جمعرات کو یہ نماز پابندی سے ادا کرے اور ہر ماہ پندرہ تاریخ تک جتنے منگل بدھ، جمعرات آئیں ان میں یہ نماز دو رکعت نفل بعد نمازِ عشاء ادا کیا کرے۔ سورۃ فاتحہ کے بعد سورۂ یٰسین شریف ایک ایک بار دونوں رکعت میں پڑھے۔ اس کے بعد درود شریف

ایک سو بار پڑھ کر دعائے کامیابی اور حصولِ دولت و عزت کی کرے۔ یہ نماز ہمیشہ اسی ترکیب سے چاند دیکھنے کے بعد پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ دنیا میں دولت مند، باعزت اور باوقار پرسکون زندگی گذارے گا۔

روزی میں برکت و فراخی کے لئے

اگر کوئی شخص روزی کی تنگی سے پریشان ہو اور اس کا گذارہ مشکل سے ہوتا ہو تو عشاء کی نماز میں وتر پڑھنے سے پہلے دو رکعت نفل ادا کرے اور دل میں یہ نیت کرے کہ اللہ تعالیٰ روزی میں برکت عطا فرمائے نفل نماز اس طرح پڑھے کہ سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ یٰسین شریف ایک ایک مرتبہ ہر رکعت میں پڑھے سلام پھیرنے کے بعد سر سجدہ میں رکھے اور سورۃ یٰسین مکمل طور پر پڑھے اس کے بعد گیارہ بار سجدہ سے اٹھ کر سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ پڑھے اور دعا کرے کہ:۔

"اے اللہ، اپنی رحمت اور سورۃ یٰسین شریف کی برکت سے میری روزی میں آسانی اور برکت پیدا فرما آمین"

جن کو حاضر کرنے کا عمل

اگر کسی پر جن آتا ہو تو آیت وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَیْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ یَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا قُضِیَ وَلَّوْا اِلٰی قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِیْنَ ۝ قَالُوْا یٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰی مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ یَهْدِیْٓ اِلَی الْحَقِّ وَاِلٰی طَرِیْقٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۝ یٰقَوْمَنَآ اَجِیْبُوْا دَاعِیَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ یَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَیُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ۝ وَمَنْ لَّا یُجِبْ دَاعِیَ اللّٰهِ فَلَیْسَ بِمُعْجِزٍ فِی الْاَرْضِ وَلَیْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِیَآءُ ۭ اُولٰٓئِكَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۝

تین مرتبہ پڑھے اور مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن حاضر ہوگا۔ اس سے معلوم کرے کہ اس کو کیوں ستاتا ہے۔ اگر معقول وجہ بتائے تو اس کا تدارک کرے ورنہ اس کے گلے میں سورۃ جن کا نقش ڈال دے۔ باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے سورۃ جن کا نقش لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ حفاظت ہو جائے گی۔

وہ نقش یہ ہے: (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۲۰۲۱۴	۲۰۲۰۷	۲۰۲۱۲
۲۰۲۰۹	۲۰۲۱۱	۲۰۲۱۳
۲۰۲۱۰	۲۰۲۱۵	۲۰۲۰۸

جن کو دور کرنے کے لئے

اگر کسی پر جن آگیا ہو تو سورۃ مزمل بلند آواز سے مریض کے کان میں پڑھے اور پڑھ کر پھونکے جن بھاگ جائے گا۔ اگر نہ بھاگے برابر پڑھتا رہے چپ نہ ہو نہ پڑھنا چھوڑے انشاء اللہ تعالیٰ بھاگ جائے گا۔

اس کے بعد عرق گلاب میں زعفران گھول کر باوضو اس سے یہ نقش لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ پھر جن نہیں آئے گا۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۸۶۰	۱۶۸۷۳	۱۶۸۷۰	۱۶۸۶۷
۱۶۸۷۱	۱۶۸۶۶	۱۶۸۶۱	۱۶۸۷۲
۱۶۸۶۵	۱۶۸۶۸	۱۶۸۷۵	۱۶۸۶۲
۱۶۸۷۴	۱۶۸۶۳	۱۶۸۶۴	۱۶۸۶۹

کسی کو جن ستاتا ہو

اگر کسی مرد، عورت، بچے کو جن ستاتا ہو تو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو سورۃ جاثیہ (پارہ ۲۵) لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن کا آنا، یا نظر آنا یا ستانا سب ختم ہو جائے گا۔

آسیب سے نجات کے لئے

اگر کسی پر آسیب کا سایہ ہو تو اس کے لئے باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے سورۃ جن (پ ۲۹) لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب سے نجات حاصل ہو گی۔

میاں بیوی میں محبت قائم کرنے کے لئے

اگر میاں بیوی میں محبت کی کمی کے باعث باہمی ربط وضبط کم ہے یا ایک دوسرے سے کھنچے کھنچے رہتے ہیں یا بہت کم بات چیت کرتے ہیں کبھی خوش ہو کر نہیں ملتے اس کے لئے یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں مثالی محبت قائم ہو گی۔ وہ عمل یہ ہے:

جب نیا چاند دیکھے تو اس ماہ کے پہلے جمعہ کے بعد کسی سے بات چیت نہ کرے۔ تخلیہ (ایسے کمرے میں جہاں کوئی دوسرا بچہ یا بڑا نہ ہو) میں یٰسین شریف بتکرار مبین (یعنی سورۂ یٰسین شریف میں سات جگہ لفظ مبین ہے جب پڑھنا شریف کرے اور پہلا مبین آئے تو پھر دوبارہ شروع سے سورۂ یٰسین شریف پڑھنا شروع کرے جب دوسرا مبین آئے تو پھر لوٹ کر تیسری مرتبہ سورۂ یٰسین شریف شروع سے پڑھنا شروع کرے۔ اسی طرح ہر مبین سے لوٹ کر پڑھے۔ جب ساتواں مبین آئے تو لوٹنے کی ضرورت نہیں سورت ختم کرے) تمام پڑھ کر پورا کرے جب ختم ہو جائے تو سات سفید الائچی پر میاں بیوی میں محبت و اُلفت کے واسطے مع نام میاں مع والدہ میاں۔ نام بیوی مع نام والدہ کے دم کرے اور ڈھائی سیر قلاقند مٹھائی کی دوکان سے منگا کر پہلے سے رکھ لے اس مٹھائی کو حضور پاک حضرت خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایصال ثواب کی نیت سے لوگوں میں تقسیم کر دے۔ انشاء اللہ تعالےٰ میاں بیوی میں مثالی محبت ہو جائے گی۔ مجرب عمل ہے۔

تنبیہ: یہ عمل صرف میاں بیوی کے لئے کرنے کا ہے اگر کسی غلط مطلب کے لئے کرے گا تو اثر نہ ہوگا اور نقصان اٹھائے گا لہٰذا کسی کی دنیا سنوارنے کے لئے اپنی عاقبت برباد کرنا کسی طرح درست نہیں ہے لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ غلط کام کرنے والا بعض مرتبہ سخت آزمائش اور مصیبت میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی ملاقات حضرت خضر علیہ السلام سے ہو جائے تو اس کو چاہئے کہ بعد نماز ظہر دس رکعت نماز نفل دو دو رکعت کر کے پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد المر تر کیف۔ لایلٰف قریش، ارأیت الذی، انا اعطیناک الکوثر، قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس ایک ایک بار پڑھے۔ اس عمل کی پابندی کرے گناہوں سے بچے، بدنگاہی کے گناہ سے دور رہے، حلال روزی محنت سے کمائے اور حلال روزی کھائے، دیگر تمام گناہوں سے بچے۔ خوفِ

خدا دل میں پیدا کرے اگر نصیب میں ہوا تو ضرور بضرور
زیارتِ حضرت خضر علیہ السلام سے مشرف ہوگا۔

استخارہ

اگر کوئی شخص کسی بات کی بابت معلوم کرنا چاہتا ہے کہ اس بات کا انجام اور نتیجہ کیسا نکلے گا تو اس کو یہ عمل کرنا چاہئے انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں صحیح جواب ملے گا عمل یہ ہے :

بعد نمازِ عشاء سورۂ والضحیٰ (پ۳۰) چودہ بار اور سورۂ الم نشرح (پ۳۰) چودہ بار۔ اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھے اور پاک چارپائی یا پاک فرش پر پاک بستر پر قبلہ کی طرف منہ کرکے دائیں کروٹ سر شمال کی طرف اور پاؤں جنوب کی طرف کرکے سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحیح بات معلوم ہو جائے گی۔ اگر پہلے دن معلوم نہ ہو تو دوسرے دن پھر عمل کرے اسی طرح جب تک معلوم نہ ہو عمل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی معلوم ہو جائے گی۔

میاں بیوی میں محبت کا عمل

اگر بیوی کو شکایت ہو کہ اس کا میاں اس سے محبت نہیں کرتا یا میاں کو شکایت ہو کہ بیوی اس سے پیار نہیں کرتی تو اس کے لئے یہ عمل پابندی ترک حیوانات کے ساتھ چالیس دن کرنا ہے۔ عمل کے دوران ان چیزوں کا پرہیز کرنا ہوگا :

ہر قسم کا گوشت، مچھلی، انڈا، کچا لہسن، کچی پیاز، تیل کی چیزیں، بازار کا پکوان، پکوڑے، دہی بڑے، کھیر، دودھ، لسی اور تمام بدبودار اشیاء سے پرہیز کرے۔ جب نیا چاند دیکھے تو پہلی جمعرات سے عمل شروع کر دے چالیس روز تک بلا ناغہ پڑھے اور پڑھنے کے بعد دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی چلہ میں کامیابی ہوگی دوسرے چلہ کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ آیت ذیل کو تین ہزار تین سو پچیس (۳۳۲۵) مرتبہ بعد نمازِ مغرب پڑھنا ہے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ۔ تنہائی کی جگہ پاک بدن پاک کپڑے، خوشبو لگا کر پاک مصلے پر قبلہ کی طرف منہ کرکے پڑھنا ہے۔ درمیان میں اٹھنا نہیں ہے اور نہ بات کرنی ہے

یہ عمل چالیس دن کرے۔ وہ آیت یہ ہے :
وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ۔

میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے کا نقش

اگر میاں بیوی میں محبت کی کمی ہو یا ایک دوسرے سے شکایت رہتی ہو تو اس کے لئے یہ نقش بہت مفید اور کارآمد ہے۔ اس کے لئے میاں کے نام کے اعداد، اس کی والدہ کے نام کے اعداد، بیوی کے نام کے اعداد، بیوی کی والدہ کے نام کے اعداد بہ طریق ابجد نکالے جو اعداد آئیں اس میں سے تیس (۳۰) عدد گھٹائیں اس کے بعد جو اعداد باقی بچیں ان کو چار پر تقسیم کر کے ایک مربع بادی چال میں پُر کریں اور حاصل تقسیم کو پہلے خانہ میں رکھیں اگر کسر (کچھ عدد تقسیم سے باقی بچ جائیں) واقع ہو تو تیرھویں خانہ میں سب بڑھا دیں۔ اور نقش مکمل کریں۔ اب میاں کو شکایت ہے تو وہ موم جامہ کر کے گلے یا اپنے دائیں بازو پر باندھ لے اور اگر عورت کو شکایت ہے میاں سے تو عورت وہ نقش اپنے بائیں بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال لے۔ اور سوا پانچ

روپے کی مٹھائی (یا آدھا کلو مٹھائی) لے کر بچوں میں بانٹ دیں (تقسیم کر دیں) ورنہ تعویذ اثر نہ کرے گا۔ بادی چال کے نقش کے خانے یہ ہیں اسی چال سے نقش پُر ہوگا۔ بادی چال کے نقش کے ایک (۱) کے ہندسہ کے خانہ میں پہلا عدد دو (۲) کے خانہ میں دوسرا عدد۔ اسی طرح سے تمام نقش پُر کرنا ہوگا۔ بادی چال کا نقش یہ ہے۔ (یہ مثال سے اصل نقش خود بنانا ہوگا)

۷۸۶

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

بواسیر کے لئے چھلّہ

اگر کسی کو بواسیر کی شکایت ہو تو اس کے لئے یہ چھلّہ بہت مفید ہے۔ اس چھلّے کو بائیں (الٹے) ہاتھ کی سب سے چھوٹی انگلی میں پہنے رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بواسیر دور ہو جائیگی اور فائدہ ہوگا۔ اسی طرح اگر کسی عورت کے دردِ زہ

(بچہ ہونے کا درد) شروع ہو تو وہ یہ انگوٹھی (چھلہ) اپنی کمر میں ڈوری سے باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ آسانی کے ساتھ بچہ ہو جائے گا کوئی پریشانی نہ ہوگی

چھلہ بنانے کی ترکیب یہ ہے

سونا رسے خالص چاندی کا چھلہ (انگوٹھی) بنوالے چاند کے مہینہ کی آخری بدھ کو ان حروفِ مقطعات کو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور اس تعویذ کو پانی میں گھول دے۔ اور گھول کو ایک برتن میں رکھ لے۔ اب چاندی کے چھلے کو آگ پر گرم کرے اور جب گرم ہو جائے اس کو پانی میں ڈال کر ٹھنڈا ہونے کے بعد پھر دوبارہ چھلے کو گرم کرے اور جب گرم ہو جائے پانی میں ڈال کر ٹھنڈا کرے۔ اسی ترکیب سے چھلے (انگوٹھی) کو سات مرتبہ گرم کرے اور سات ہی مرتبہ پانی میں ٹھنڈا کرے اب یہ چھلہ (یہ چھلہ ہوگا انگوٹھی کی طرح اس پر مہر نہ ہوگی بلکہ سادہ چھلہ ہوگا اور نہ اس پر کوئی موتی لگایا جائے گا) جو شخص اپنے بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں پہن لے گا اس سے بواسیر کا خاتمہ ہو جائے گا۔

حروفِ مقطعات یہ ہیں:

الٓمٓ۔ الٓمٓصٓ۔ الٓرٰ۔ الٓمٓرٰ۔ کٓهٰیٰعٓصٓ۔ طٰهٰ
طٰسٓمٓ۔ طٰسٓ۔ یٰسٓ۔ صٓ۔ حٰمٓ۔ حٰمٓ ۚ عٓسٓقٓ
قٓ۔ نٓ۔

وہ پانی جس میں چھلہ ٹھنڈا کیا جاتا تھا۔ کہیں ایسی جگہ دفن کر دے جہاں بے ادبی نہ ہو یا دریا۔ کنوئیں نہر میں ڈال دیں یا آگ پر رکھ کر جلا دے۔

بواسیر کے لئے دوسرا عمل

بواسیر کے لئے یہ عمل بھی مجرب ہے۔ یہ حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ بانی دارالعلوم دیوبند سے منقول ہے۔ یہ کلمات ایک مرتبہ روزانہ صبح کو بعد نمازِ فجر پڑھ لیا کرے۔ اگر ایسا ممکن نہ ہو تو بعد نماز عشاء پڑھ لیا کرے۔ یہ عمل بارہ ۱۲ دن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عمر بھر بواسیر سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں:

کاکا کرتا قدور کرتا آخر کرتا جو کرتا سو ہوئے یا آسنا۔ رسّی میں اُپجے اور رسّی میں جائے۔

بواسیر کا مجرب عمل

بواسیر کسی بھی قسم کی ہو، خونی ہو یا بادی سب کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔ یہ عمل بارہ ۱۲ مرتبہ روزانہ بارہ دن تک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بواسیر سے نجات حاصل ہوگی۔ اس کے پڑھنے کا کوئی وقت

مقرر نہیں لیکن شرط روزانہ ـــــ پڑھنا ہے۔ ناغہ کرے گا تو فائدہ نہ ہوگا۔ وہ عمل یہ ہے :

بنس میں میں نہ ہوئے جان کر نہ بتائے دوآزدہ برھمن مارنے کی ھتیا ہوئے روآ کاملاّ شاہ محمد عادیا سوھوئے۔

لوگوں کی نگاہ میں عزت والا بننا

اگر کوئی شخص کم حیثیت ہے یا عزت سے محروم ہے یا ہر شخص اس کو حقارت کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور وہ شخص چاہتا ہے کہ سب اس کی عزت کریں اور سب لوگوں کے دل میں اس کا احترام قائم ہو جائے تو اس کے لئے باوضو نقش ذیل صبح کے وقت بعد نمازِ فجر عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور تعویذ لپیٹ کر اس کو لوبان کی دھونی دے۔ مرد ہے تو دائیں بازو پر (کہنی سے اوپر) اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے۔

وہ نقش معظم یہ ہے : (اگلے صفحہ پر)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۷۸۶ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

۲۶۹۸	۲۶۹۱	۲۶۹۶	یَاحَنَّانُ
۲۶۹۳	۲۶۹۵	۲۶۹۷	یَامَنَّانُ
۲۶۹۴	۲۶۹۹	۲۶۹۲	یَادَیَّانُ
مَلِیْعًا	طَلِیْعًا	عَلِیْعًا	یَابُرْھَانُ

لوگوں کی تسخیر کے لئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی بات ہر شخص مانے اور اس کو اہمیت دے اور لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت و عظمت قائم ہو جائے تو اس کے لئے باوضو یہ نقش لکھے اور یہ نقش عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھنا ہے۔ لکھ کر باوضو صوم جامہ کر کے مرد دائیں بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال لے اور عورت بائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ وہ نقش مکرم یہ ہے :

۷۸۶

۴۰۳	۴۰۷	۴۱۰	۳۹۶
۴۰۹	۳۹۷	۴۰۲	۴۰۸
۳۹۸	۴۱۲	۴۰۵	۴۰۱
۴۰۶	۴۰۰	۳۹۹	۴۱۱

شیاطین کے شر اور تمام بلاؤں سے حفاظت

حضرت امیر المؤمنین علی مرتضیٰ سے یہ حصار منقول ہے اس کو تین مرتبہ باوضو بعد نمازِ فجر پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام اعضاء جسم پر (تمام جسم پر) پھیر لے۔ دونوں ہتھیلیاں ٹوپی اتار کر سر سے پھیرنا شروع کرے اور پاؤں تک لے جائے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ تمام دن رات ہر قسم کی بلاؤں اور شیاطین کی شرارتوں سے محفوظ رہے گا وہ حصار یہ ہے :

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِعْتَصَمْتُ بِاللّٰهِ فَفِرُّوْا اِلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا تَوْفِيْقِيْ اِلَّا بِاللّٰهِ حَسْبِيَ اللّٰهُ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ تَحَصَّنْتُ بِذِي الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ وَاعْتَصَمْتُ بِذِي الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَدَخَلْتُ فِيْ حِرْزِ اللّٰهِ وَفِيْ اَمَانِ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ الْبَرِيَّةِ اَجْمَعِيْنَ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

دینی اور دنیاوی حاجتوں کے پورا ہونے کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی دینی اور دنیاوی تمام حاجات پوری ہوتی رہیں تو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب اور بڑا کامیاب ہے۔ سب سے پہلے اپنے نام کے اعداد بحساب ابجد نکالے اور جتنے اعداد آئیں ان کے مطابق اسی تعداد میں پڑھے۔ مثلاً کسی کے نام کے اعداد دو سو (۲۰۰) آئے تو وہ اول اکیس (۲۱) بار درود شریف پڑھے اس کے بعد دو سو (۲۰۰) مرتبہ (اپنے نام کے اعداد کے مطابق) یہ کلمات پڑھے :

يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنِيْ بِحَقِّ تَوَّابِ الْوَهَّابِ

آخر میں پھر اکیس (۲۱) بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام دینی و دنیاوی ضرورتیں پوری ہوتی رہیں گی۔

یہ عمل بعد نمازِ عشاء کرے اور شب دوشنبہ (پیر کی رات) کو کرے اتوار کے دن عشاء کی نماز پڑھ کر عمل شروع کرے یہ پیر کی رات ہے۔ اکتالیس دن مسلسل بلاناغہ عمل کرے۔ چلہ کرنے کے بعد روزانہ اکتالیس مرتبہ یا ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھ لیا کرے۔

اسی عمل کو اگر یہ ہیز جلالی و جمالی کے ساتھ پڑھے اور

زمین پر دونوں ہتھیلیاں آہستہ سے مارے تو عجائبات پیش ہوتے رہیں گے۔ مگر کسی سے ذکر نہ کرے۔

درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

ہر حاجت پورا ہونے کے لئے

اگر کسی کی کوئی حاجت ہو اور وہ چاہتا ہو کہ ضرور پوری ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور روزانہ سات دن تک ان لکھے ہوئے کلمات کو نہر، دریا، تالاب، سمندر، ندی میں مسلسل سات دن تک صبح کے وقت ڈالے اور اپنی حاجات کا اظہار کرے۔ مثلاً اے اللہ میرے بیٹے کی شادی جلد ہو جائے۔ اسی طرح جو بھی حاجت ہو زبان سے کہدے۔ یہ عمل جمعرات سے شروع کرے۔ روزانہ سات دن تک ڈالے۔ وہ یہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الْمَلِکِ الْحَیِّ الْمُبِیْنِ مِنْ عَبْدِ الذَّلِیْلِ اِلَی الْمَوْلَی الْجَلِیْلِ۔ رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ ط

دست غیب کا عمل

اگر کوئی آدمی مجبور ہو اور کمانے اور محنت کرنے سے عاجز ہو اور سخت محنت نہیں کر سکتا ہو اس کے ساتھ بڑا خاندان ہو جس کی کفالت اس کے ذمہ ہو۔ اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب اور سریع التاثیر ہے۔ عمل یہ ہے: اول سات روزے رکھے پھر اکتالیس دن تک برابر یہ عمل بلاناغہ کرلے۔ یہ عمل بعد نمازِ عشاء گھر میں کرے مسجد میں نہ کرے۔ یہ آیت ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار ضرور پڑھے اس کے درمیان یہ آیت پڑھے ایک ہزار بار۔

وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَایَعْلَمُھَآ اِلَّا ھُوَ ط

انشاء اللہ تعالیٰ تین یا پانچ یا سات دن کے اندر اندر

آمدنی شروع ہوجائے سب سے پہلے عمل میں ایک روشنی سی معلوم ہوگی اس سے کہدے کہ پانچ سو روپے لائے۔ دوسرے روز دس ہزار روپے آئیں گے جس میں سے پانچ سو باقی رہیں گے اگر دورانِ عمل کچھ خرچ کرنا چاہے تو کرسکتا ہے۔

تنبیہ: یہ عمل صرف کمزور، لاچار اور مجبور انسان کے لئے ہے۔ موٹا تازہ تندرست صحت مند کرے گا تو کچھ حاصل نہ ہوگا اس لئے کمانے کے قابل لوگ اس کو کرکے اپنی محنت ضائع نہ کریں۔

ہر قسم کی حاجت پوری ہونے کے لئے

کسی بھی قسم کی حاجت ہو اس کے لئے چار رکعت نماز نفل بعد از نماز عشاء دو دو رکعت کرکے پڑھے چاروں رکعت پڑھنے کے بعد تین بار یہ دعا پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے دعا قبول ہوگی اور حاجت پوری ہوگی۔ وہ دعائے معظم یہ ہے۔

يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ يَا فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِيْ مَلَأَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ

وَاَسْئَلُكَ بِقُدْرَتِكَ الَّتِيْ قَدَرْتَ بِهَا عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِكَ وَاَسْئَلُكَ بِرَحْمَتِكَ الَّتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ يَا مُغِيْثُ اَغِثْنِيْ۔

ہر حاجت پورا ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی ہر جائز حاجت پوری ہو تو اس کے لئے باوضو یہ بست در بست (بیس میں بیس) کا نقش عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کرکے مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھ لے اور عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔

نقش بست در بست کا یہ ہے۔



برائے برکت مال و دوکان میں خریداروں کی کثرت

اگر کوئی چاہتا ہے کہ اس کی دوکان میں برکت ہو اور خریدار خوب آئیں اور مال خوب بکے اور خوب نفع ہو۔ اس کے لئے نیا چاند دیکھنے کے بعد دوشنبہ (پیر) یا چہارشنبہ (بدھ) یا پنجشنبہ (جمعرات) یا جمعہ کو بعد طلوع آفتاب (سورج نکلنے کے بعد) ایک گھنٹہ تک باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے نئے قلم سے قلم کے عطر لگائے لوبان کی دھونی دے کر لکھے اور پاک و صاف کپڑے میں موم جامہ کر کے اپنی دوکان یا مالِ تجارت میں رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت بکری ہوگی خریدار غیب سے پیدا ہوں گے اس قدر نفع ہوگا کہ عقل حیران ہوگی۔ نقش لکھتے وقت لوبان اگربتی یا صندل کی لکڑی کا دھواں دے۔ نقش یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ

۴۲۲۱ / ۱۹۵۹	۴۲۲۵ / ۱۹۶۳	۴۲۲۸ / ۱۹۶۶	۴۲۱۴ / ۱۹۵۲
۴۲۲۷ / ۱۹۶۵	۴۲۱۵ / ۱۹۵۳	۴۲۲۰ / ۱۹۵۸	۴۲۲۶ / ۱۹۶۴
۴۲۱۶ / ۱۹۵۴	۴۲۳۰ / ۱۹۶۸ بحکم تعداد دعوت شود	۴۲۲۳ / ۱۹۶۱	۴۲۱۹ / ۱۹۵۷
۴۲۲۴ / ۱۹۶۲	۴۲۱۸ / ۱۹۵۶	۴۲۱۷ / ۱۹۵۵	۴۲۲۹ / ۱۹۶۷

يَا فَتَّاحُ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ۔

زیادہ سے زیادہ خریدار آئیں

اگر کوئی یہ چاہتا ہے کہ اس کی دوکان پر زیادہ سے زیادہ خریدار آئیں اور اسے فرصت نہ ملے تو اس نقش کو عرقِ گلاب میں زعفران ملا کر اس سے باوضو لکھے اور اس کا فتیلہ بنا کر اوپر روٹی لپیٹے اور نئے کورے مٹی کے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر دوکان میں رات کو جلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس قدر خریدار آئیں گے کہ فرصت نہ ہوگی وہ نقش یہ ہے ←

۷۸۶

۸۰۲۳	۸۰۲۷	۸۰۳۰	۸۰۱۶
۸۰۲۹	۸۰۱۷	۸۰۲۲	۸۰۲۸
۸۰۱۸	۸۰۳۲	۸۰۲۵	۸۰۲۱
۸۰۲۶	۸۰۲۰	۸۰۱۹	۸۰۳۱

بھاگے ہوئے کو واپس لانا

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی یا عورت یا مرد یا نوکر گھر سے بھاگ جائے تو اس کے لئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو یہ نقش لکھے اور نیچے اس بھاگنے والے کا نام اور عرفیت بھی لکھے۔ مثلاً روشن خان عرف گڈو بن ماں کا نام بھی لکھے اور کسی بھاری پتھر یا وزن کے نیچے اس طرح دبائے کہ وزن تعویذ پر رہے۔ اگر تعویذ پر وزن نہ پڑا تو بھاگا ہوا واپس آئیگا تعویذ کو چھپا دیں اندھیرا کر دیں اس پر کمبل ڈال دیں تاکہ اندھیرا ہو جائے۔ اگر تعویذ روشنی میں رہا جب بھی کام نہ ہوگا۔ اور بہتر یہ ہے کہ کالے کپڑے میں لپیٹ کر اس کو دبائے تاکہ مفرور جلدی آئے۔ وہ نقش معظم یہ ہے ←

۴ ۸ ۶ ۲	۷ ۱ ۵ ۷	۴ ۸ ۶ ۲	۷ ۱ ۵ ۷
۹ ۳ ۳ ۵	۲ ۶ ۸ ۴	۹ ۳ ۳ ۵	۲ ۶ ۸ ۴
۴ ۸ ۶ ۲	۷ ۱ ۵ ۷	۴ ۸ ۶ ۲	۷ ۱ ۵ ۷
۹ ۳ ۳ ۵	۲ ۶ ۸ ۴	۹ ۳ ۳ ۵	۲ ۶ ۸ ۴

بُرا بھلا کہنے والوں کی زبان باندھنا

اگر کسی شخص کے خلاف کچھ لوگ بدگوئیاں کرتے ہیں اور حسد کے سبب طرح طرح کی بُرائیاں کرتے ہیں تو باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے یہ نقش لکھے اور بھاری پتھر یا بھاری وزن کے نیچے کالے کپڑے میں لپیٹ کر دبا دے اور اس طرح دبائے کہ وزن اس نقش پر رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بدگوئیاں کرنے والوں کی زبان بدگوئی سے رُک جائے گی اور ان کی زبان بُرا کہنے سے رُک جائے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

یَاضَآرُّ یَانَافِعُ

۲۹۲	۳۰۵	۳۰۲	۲۹۹
۳۰۳	۲۹۸	۲۹۳	۳۰۴
۲۹۷	۳۰۰	۳۰۷	۲۹۴
۳۰۶	۲۹۵	۲۹۶	۳۰۱

بِحَقِّ الْیَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓی اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَیْدِیْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ وَبِحَقِّ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ۔

آپس میں جدائی کے لئے

اگر خدانخواستہ کوئی آدمی یا عورت کا تعلق کسی غلط عورت یا مرد سے ہوجائے یا کسی لڑکے کا غلط تعلق کسی لڑکی سے ہوجائے یا کسی فراڈ کھیلنے والے یا مجرم پارٹی سے واسطہ ہوجائے تو اس سے جدا کرنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش پرانی قبروں کے درمیان ایک پلاسٹک یا شیشے کی چھوٹی ڈبیہ یا بوتل میں ڈال کر دفن کردے جب تک نقش دفن رہے گا دونوں جدا رہیں گے جب ملانا منظور ہو اس بوتل یا ڈبیہ کو قبرستان سے نکال کر تعویذ کو سمندر، دریا، نہر یا کنویں یا تالاب میں ڈال دے۔ وہ نقش یہ ہے ←

ذاالبطش	الشدید	انت الذی	لایطاق
الشدید	انت الذی	لایطاق	انتقامه
انت الذی	لایطاق	انتقامه	یاقاهر
لایطاق	انتقامه	یاقاهر	ذاالبطش

درمیان فلاں بن فلانۃ و فلانۃ بنت فلانۃ جدائی افتد

تنبیہ : یہ شدید مجبوری کی حالت میں کرنا ہے کیونکہ دو نقصان ہیں پہلا یہ کہ اگر دشمنی اس قدر زیادہ پیدا ہوگئی کہ انتقام کی آگ بھڑک اٹھی اور دشمنی میں قتل کردیا یا معذور کردیا یا نقصان پہنچا دیا تو بڑا نقصان ہوگا۔ دوسرا نقصان یہ ہوگا کہ دونوں خاندانوں میں جدائی پیدا ہوجائے گی جس سے خاندان بکھر کر رہ جائے گا۔ لہذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ کے قہر و غضب کو پیش نظر رکھے۔ سب سے اچھا یہ ہے کہ دونوں کی اصلاح کی تدبیر کرے اور اللہ تعالیٰ سے نوافل پڑھ پڑھ کر اصلاح کی دعا کرے۔ یہی طریقہ بہتر اور عمدہ ہے اور اس میں کوئی خطرہ بھی نہیں ہے۔

جدائی کے لئے

ناجائز محبت و دوستی یا دو دشمنوں کے درمیان

تفریق اور علیحدگی کرانا منظور ہو کہ دونوں مل کر سب کو ستاتے اور نقصان پہنچاتے ہیں۔ مندرجہ ذیل طلسم روٹی کے ٹکڑے پر لکھے اور نیچے دونوں کے نام اور ان کی والدہ کے نام لکھے اور وہ ٹکڑا سیاہ (کالے) کتے کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کتے کے کھاتے ہی جدائی پیدا ہو جائے گی۔ وہ طلسم یہ ہے۔ ۸۶۱۱ ط ۵ ۱۱۶۵ د ن ل د ۱۲۷ و د ۶۱

درمیان بن فلانہ و فلاں بن فلانہ جدائی ابدی لغتہ

مسان سے بچہ کا مرنا

جو بچہ پیدا ہوتا ہو چاہے لڑکا ہو یا لڑکی مسان کے سبب بالغ ہونے سے پہلے پہلے ہی مرجاتا ہو یا خام (کچا) حمل گر جاتا ہو تو اس کے لئے سورۂ فاتحہ اس طرح پڑھے کہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کا میم الحمد کے لام کے ساتھ مل جائے الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ (لحمدللہ) اسی ترکیب سے پوری سورہ فاتحہ (۴۱) مرتبہ روزانہ بلاناغہ پڑھ کر بچے پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ زندہ رہے گا اور لمبی عمر کا ہوگا۔ سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

جدائی کے لئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کے دو دشمنوں کے جدائی ہو جائے یا دو ناجائز محبت والے ہیں ان کے درمیان تفریق پیدا ہو جائے تو مندرجہ ذیل نقش کو باوضو لکھے اور ایک شیشی یا پلاسٹک کی ڈبیہ میں رکھ کر دو قبروں کے درمیان دفن کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جدائی واقع ہو جائے گی۔

وہ نقش یہ ہے۔

ع	۲۰	۱ع	۹ع
فلان بن فلانہ	۳	۶	۹
۷	۸	۱ھلا ۵	۳
۱۳	۱۲	۹	بغض علی فلاں بن فلاں

تنبیہ: یہ عمل محض کسی کو تنگ کرنے یا بلاوجہ تفریق ڈالنے

کے لئے کرے گا تو دنیا اور آخرت میں ذلیل وخوار ہوگا اور ناکام رہے گا لہذا کسی باعمل عالمِ دین سے مشورہ کر کے کرے ورنہ اللہ تعالیٰ کے عذاب میں گرفتار ہوگا۔

چور کا حال معلوم کرنا

اگر کسی کا مال چوری ہوگیا ہو اور چور کا حال معلوم کرنا ہو تو یہ حروف باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھیں اور رات کو تکیے کے نیچے رکھ کر سو جائیں انشاء اللہ تعالیٰ رات کو چور کا حال معلوم ہو جائے گا

و و و و و و ک ک ک ک ک ک ل ل ل ل

د د د د د د د د د د ص ص ص ص ص ص ل ل ل ل

ح ح ح ح ح ح ح ا ا ا ا ا ا ا ا ا ا ل ل ل ل ل ل

ل ل ل ا ا ا ا ا ا ا ا ا ا ا ا

تنبیہ: محض خواب وخیال کی بات پر کسی کو یقینی طور پر چور سمجھنا جائز نہیں ہے۔ البتہ جس شخص کی بابت معلوم ہو جائے اس کی تحقیق وتفتیش کرے۔ جب تک پورے وثوق کے ساتھ معلوم نہ ہو جائے کسی کو چور نہ بنائے۔

چور کا پتہ لگانا

اگر کسی کے یہاں چوری ہوگئی ہو اور چور کا پتہ نہ چلتا ہو تو جن لوگوں پر چوری کا شبہ ہو ان سب کی دعوت کرے اور چاول پکائے اس چاول کی دیگ میں یہ طلسم کاغذ پر باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھ کر رکھ دے۔ اور جن لوگوں پر چوری کا شبہ ہو ان کو کھلائے جو چور ہوگا اس کے حلق سے نوالہ نہیں اترے گا۔ اس کے حلق میں اٹک جائے گا اور نہ کھا سکے گا۔ وہ طلسم یہ ہے

ط ا ا ا سر ا سر
لا بد سمد لا حیھا صہ
حال ۹ ح ط ت ح ع ہ

تنبیہ: محض اندازے سے کسی پر چور کا حکم لگا دینا صحیح نہیں بلکہ پورے یقین اور تحقیق کے بعد ہی اس کے ساتھ چور والا معاملہ کیا جائے ورنہ سخت گناہ ہوگا۔

چور کا پتہ لگانا

اگر کسی جگہ چوری ہوگئی ہو تو اول دو رکعت نماز نفل بعد نمازِ عشاء پڑھے نیت یہ کرے کہ اے اللہ چور کا پتہ معلوم ہو جائے۔ نفل ادا کرنے کے بعد ایک سو بار یَا خَبِیْرُ

اَخْبِرْنِیْ پڑھے۔ اس کے اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے اور یہ نقش باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور تکیہ کے نیچے رکھ کر سو رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں چور کا حال معلوم ہو جائے گا۔ اگر پہلے دن معلوم نہ ہو تو دوسرے دن، تیسرے دن کرتا رہے یہاں تک کہ سات دن تک یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ سات دن کے اندر اندر ضرور معلوم ہو جائے گا۔

وہ نقش معظم یہ ہے

۷۸۶

ط	حبیب	واحد	۱۶
ودود	حوا	ی	طیب
وھاب	۱۷	۲۴	ھو
طیب	واجد	احد	حی

متوناتھ بھنجن پوری انڈیا
محمد اجمل مصباحی

ہماری مقبولِ عام مطبوعات

مُرتبہ: اعجاز احمد خاں

حکایاتُ الصّالحین

یعنی

اولیاءِ کرام کی ایمان پرور حکایات

اولیاء کرام، صوفیائے عظام، عُلماءِ حق، مشائخِ طریقت اور حکام و قضاۃ کی ایمان افروز حکایات کا عظیم الشان مجموعہ۔

یہ حکایات شریعت و طریقت کا شاہکار، نیکی و تقویٰ کی منادا اور شرافت و انسانیت کا سبق سکھانے والی ہیں۔ اس کی بڑی جلد میں تین سو حکایات ہیں۔ قیمت: -/۱۲۰ روپے، چھوٹی کتاب میں صرف ایک سو حکایات ہیں۔ قیمت: -/۳۰ روپے۔

حکایاتُ الاسلاف عن روایاتُ الاخلاف

یعنی

عُلماءِ دیوبند کی دلچسپ اور سبق آموز حکایات

عُلماءِ دیوبند و سہارنپور کی حکایات کا دلچسپ اور بصیرت افروز مجموعہ۔ ان حکایات کا مُطالعہ انسانی زندگی میں انقلابی تبدیلی پیدا کرتا ہے۔

ان حکایات کا مُطالعہ اخلاق میں سنوار پیدا کرتا ہے، نیکی کا شعور پیدا کرتا ہے اور تقویٰ و طہارت کا احساس اُجاگر کرتا ہے۔

یہ حکایات انتہائی دلچسپ اور مؤثر ہیں۔ سفید کاغذ، کُل صفحات: ۳۲۰ قیمت۔ جلد اوّل: -/۱۰۰ روپے۔ جلد دوم: -/۱۰۰ روپے

مظہر بک ڈپو

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ

اور اتارتے ہیں ہم قرآن میں سے وہ چیز کہ وہ شفا ہے اور رحمت واسطے ایمان والوں کے

تسخیرات

عملیات و تعویذات

خلفاء شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علماء دیوبند و سہارنپور اور انکے متبعین کے آسان اور فوراً اثر کرنے والے عملیات اور تعویذات کا بیش قیمت مجموعہ جس میں ایک سو سالہ آزمودہ اور نایاب مجرب بھی شامل ہے۔

جلد: ۱۹

مرتبہ

عامل کامل اعجاز احمد خان سنگھانوی

ایم۔اے

اسلامیات۔ تاریخ اسلام۔ عربی

ناشر

مظہر بکڈپو

دکان نمبر ST-2-IIE مجوب کارنر

نزد گول مارکیٹ ناظم آباد نمبر ۱ کراچی ۷۴۶۰۰

پوسٹ کوڈ نمبر

نام کتاب : ——— آسان عملیات وتعویذات انیسویں جلد (۱۹)
نام مرتب : ——— اعجاز احمد خاں بستھانوی (ایم اے)
نام کاتب : ——— سید احمد شاہ، عبدالغفار رئیس، محمد عیسیٰ سربازی
سائز : ——— ۲۳ × ۱۸ / ۸
کل صفحات : ——— ۳۲۰
قیمت : ——— ۳۰۰/- روپے
ناشر : ——— شاہ محمد قمر عالم خان
اشاعت اول : ——— مئی ۲۰۰۹ء / جمادی الاول ۱۴۳۰ھ
مصحح : مولانا حافظ قاری محمد حیات صاحب شجاع آبادی دامت برکاتہم

اجازت از طرف مؤلف

میں جملہ مرد عورت کو ان عملیات کی اجازت دیتا ہوں۔
البتہ ان شرائط کی پابندی کی جائے۔

(۱) نماز باجماعت۔ عورتیں اپنے گھر پر پابندی کے ساتھ اول وقت نماز ادا کریں۔
(۲) حلال روزی کمانے اور کھانے کا اہتمام کریں۔
(۳) سچ بولیں، جھوٹ اور بیہودہ باتوں سے بچیں۔
(۴) تقویٰ اختیار کریں اور کسی اللہ والے کی صحبت اختیار کریں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو کبھی کبھی اللہ والوں کی خدمت میں حاضری دیا کریں۔
(۵) عورت اپنے شوہر کے ساتھ یا کسی محرم کیساتھ جائے اور پردے کی سختی سے پابندی کرے۔

فون نمبر ۶۷۰۳۴۹۴ - ۶۷۰۲۴۹۴

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عملیات کرنے والے کے لئے ضروری ہدایات

۱- تعویذ لکھنے والے یا عمل کرنے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ نمازِ پنجگانہ مسجد میں باجماعت پابندیٔ وقت کے ساتھ ادا کرے، نوافل، اشراق، چاشت اوابین اور سنت تہجد کی ادائیگی میں حتی الامکان کوشش کرے۔ نیز مختلف اوقات میں تحیۃ الوضو، تحیۃ المسجد اور دیگر نوافل بھی ادا کرتا رہے۔

۲- کثرت سے درود شریف کا ورد رکھے۔ ہر نماز کے بعد سو دفعہ درود شریف پڑھے۔ جو درود نماز میں پڑھا جاتا ہے وہ افضل ہے، ورنہ جو درود شریف یاد ہو پڑھے۔ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ استغفار پڑھے۔ نیز فارغ اوقات میں ذکر الٰہی میں زبان کو مصروف رکھے، بیہودہ اور فضول باتوں میں وقت ضائع کرنے سے بچے۔ اپنا قیمتی وقت محنت مزدوری اور یادِ الٰہی میں صرف کرے۔ اپنے بچوں کی دیکھ بھال میں وقت صرف کرنا بھی بہتر ہے۔ روزانہ گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھا کرے، اس طرح کہ فجر، ظہر، عصر، مغرب کی نماز کے بعد دو دو مرتبہ اور عشا کے بعد تین مرتبہ۔ اگر ایسا نہ ہو سکے تو ایک ہی بیٹھک میں گیارہ مرتبہ پڑھ لے۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔

۳- تعویذ اور نقش باوضو لکھے۔ بغیر وضو نہ کوئی عمل کرے اور نہ تعویذ وغیرہ لکھے ہمیشہ کوشش کر کے باوضو رہے۔

۴- نقش یا تعویذ لکھنے سے پہلے زبان سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ضرور پڑھے۔

۵- تعویذ لکھتے وقت اُس آیت، دعا، کلمات یا الفاظ کو زبان سے ضرور پڑھے اگر آیت یا دعا کے الفاظ پر اعراب نہ ہوں تو کسی عالم دین سے اعراب لگوا لے لکھی جانے والی آیت، دعا یا کلمات کو لکھنے سے پہلے ایک دفعہ پڑھ لینے سے

اس تعویذ کی قوتِ تاثیر میں زبردست اضافہ ہو جاتا ہے۔

۶۔ نقش یا تعویذ کو ہمیشہ موم جامہ کر کے باندھے تاکہ ہر قسم کی بے حرمتی کے گناہ سے محفوظ رہے۔ بغیر موم جامہ کئے کوئی نقش یا تعویذ نہ باندھے۔

۷۔ تعویذ یا نقش روسیدہ ہو جائے تو اسے کسی پاک و صاف کپڑے میں لپیٹ کر کسی پاک جگہ دفن کر دے یا پتھر کے ساتھ باندھ کر سمندر یا کنویں میں ٹھنڈا کر دے (یعنی آہستہ سے اس میں چھوڑ دے پتھر پھینکنے کی طرح نہ پھینکے)

۸۔ نقش یا تعویذ موم جامہ کر کے مرد اپنے دائیں (سیدھے) بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال لے اس طرح کہ نقش دل پر ہو۔ اگر عورت ہو تو بائیں بازو میں موم جامہ کر کے نقش باندھے یا گلے میں ڈالے۔

۹۔ نقش یا تعویذ کو موم جامہ کر کے چاندی کے تعویذ میں بند کر لے یا پھر گہرے نیلے یا کالے کپڑے میں بند کر لے یا پاک چمڑے میں سلوا لے۔ بغیر موم جامہ کوئی تعویذ یا نقش نہ باندھے۔

۱۰۔ اگر ہرن کی کھال پر تعویذ لکھنا ہو تو چاندی کا ورق بنانے والوں کے پاس سے ہرن کی کھال آسانی مل جاتی ہے۔ ان سے خرید لے۔

۱۱۔ نقش پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے سب سے چھوٹا عدد لکھا جائے پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خانہ پُر کیا جائے۔ پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خالی خانہ پر کیا جائے۔ سب سے بڑا عدد سب سے آخر میں لکھا جائے یعنی اعداد کی ترتیب سے خالی خانے پُر کئے جائیں۔

۱۲۔ تعویذ ہمیشہ کچی کالی روشنائی سے لکھے۔ اگر کچی کالی روشنائی میسر نہ ہو تو زعفران کو پانی میں حل کر کے اس سے تعویذ یا نقش لکھے۔ پکے رنگ یا پکی روشنائی (مثلاً ڈالرائک وغیرہ کی طرح کی پکی روشنائی) سے تعویذ یا نقش نہ لکھے کہ اس میں ایسڈ استعمال کی جاتی ہے جو شراب سے بنتی ہے۔ لہٰذا احتیاط لازم ہے۔

۱۳۔ خون وغیرہ سے کوئی نقش یا تعویذ نہ لکھے۔ جن نقوش یا تعویذات میں مرغ کے خون سے تعویذ لکھنے کو کہا گیا ہے یا کسی اور جانور کے خون سے تعویذ یا نقش لکھنے کی بابت درج ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ عامل جس وقت کالی روشنائی سے یا زعفران سے تعویذ لکھنے لگے اسی وقت مرغ یا اس جانور کو بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہہ کر دوسرا شخص ذبح کر دے۔ دراصل یہ رمز و اشارہ ہے۔

۱۴۔ تعویذ یا نقش لکھتے وقت یا عمل پڑھتے وقت ان شرائط کو ملحوظ رکھے جو تعویذ یا نقش یا عمل کے لئے ضروری ہیں۔

۱۵۔ جنس وحب کے اعمال میں کسی پرہیزگار عالم دین سے ضرور مشورہ کر کے عمل کرے۔ ورنہ دنیا و آخرت کی تباہی کا اندیشہ ہے۔

۱۶۔ تعویذ اور نقش کی بابت یہ گمان کرے کہ ہر کام اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے ہوتا ہے اس کی مرضی یا مصلحت ہوگی تو کام ہو جائے گا۔ تعویذ یا نقش بذاتِ خود کچھ تاثیر نہیں رکھتے البتہ ان کی وجہ سے رحمتِ حق متوجہ ہو جاتی ہے۔

ہمیشہ دل میں یہ خیال رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کام ہوتا ہے اگر اللہ تعالیٰ کا حکم ہوا تو کام ہو جائے گا اور اگر اللہ تعالیٰ کا حکم نہ ہوا تو کام نہیں ہو سکتا لہٰذا عامل ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے کام کرے گناہ اور معصیت سے بچے اور اس کے فضل و احسان کا طالب رہے۔ سب سے اچھا یہ ہے کہ ہر عمل میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نمونہ سامنے رکھے اور سنت پر عمل کرے۔

۱۷۔ عامل پر لازم ہے کہ وہ عاجزی، انکساری اور فروتنی کو اپنا شعار بنائے اور ہر قسم کے دعویٰ سے خود کو بچائے کہ تکبر ہمیشہ ذلت و خواری کا سبب ہے اور اللہ تعالیٰ سے دوری پیدا کرتا ہے۔

۱۸۔ انبیائے کرامؑ، مقرب فرشتوںؑ اور اولیائے کرامؒ کے اسمائے گرامی جن نقوش

یا دعاؤں میں استعمال ہوتے ہیں وہ محض برکت اور توسل کے لیے ہیں۔ اصل کام بنانے والا اللہ تعالیٰ رب العالمین ہے لہذا اسی کے کرم وفضل پر نظر رکھی جائے۔

۱۹- سورج، چاند ستارے عملیات میں کچھ مدد گار ثابت نہیں ہوتے اور نہ اوقات کی پابندی ضروری ہے۔ جب طبیعت متوجہ ہو عمل کرے یا نقش وتعویذ لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پورا پورا فائدہ حاصل ہوگا۔

۲۰- شریعت اسلامیہ کے خلاف کوئی کام نہ کرے۔ اگر کرے گا تو دنیا میں ذلیل اور آخرت میں تباہ وبرباد ہوگا۔

۲۱- تعویذ یا نقش کا معاوضہ لینا جائز ہے۔ لیکن متعلقہ شخص کی آمدنی کا لحاظ کر کے لے تو بہتر ہے۔

۲۲- حلال روزی کمائے اور حلال روزی کھائے، حرام اور مشتبہ کھانے سے دل کا نور اور زبان کی تاثیر ختم ہو جاتی ہے۔ لہٰذا اس معاملے میں سخت احتیاط ضروری ہے۔

۲۳- جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے اس عظیم گناہ کے سبب زبان کا اثر جاتا رہتا ہے اور جھوٹا آدمی کسی پر کلام پڑھ کر دم کرے گا تو فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

۲۴- جھوٹ، غیبت، حسد، بغض، چغلی، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی نیز دیگر قلبی، زبانی اور عملی گناہوں سے خود کو بچائے اور اگر گناہ ہو جائے تو فوراً توبہ کرے۔

۲۵- بھاگنے اور فرار ہونے والے کے نقش یا تعویذات جو باندھے گئے ہوں یا دفن کئے گئے ہوں مفرور کے آتے ہی فوراً نکال لیں اور انھیں سمندر، دریا، نہر یا کنویں میں پتھر باندھ کر ڈال دیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

۲۶- فقہاء نے فرمایا ہے کہ خاوند کے لئے تسخیر کا تعویذ کرانا حرام ہے گو اس فتوے

کی عبارت مطلق ہے مگر قواعد سے اس کی شرح یہ ہے کہ حقوق دو طرح کے ہیں۔ ایک تو وہ حقوق جو شرعاً شوہر پر واجب ہیں اور دوسرے وہ ہیں جو شرعاً واجب نہیں۔ سو جو حقوق واجب نہیں ان میں کسی تعویذ وعمل کے ذریعہ سے اس کو مجبور کرنا یعنی تسخیر کی ایسی تدبیر جس سے وہ مغلوب اور پاگل ہو جائے اور اپنے مصالح کی کچھ خبر نہ رہے یہ غیر واجب پر مجبور کرنا ہے یہ حرام ہے۔ ہاں اگر حقوق واجبہ میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کے لئے مجبور کرنا بھی جائز ہے اور چونکہ ان عملیات میں اثر تابع ہوتا ہے قصد کے اس لئے عمل کے وقت غیر واجبہ حقوق حاصل ہونے کا قصد کرنا بھی گناہ ہے اور اثر کا تابع قصد ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ عملیات بھی ایک قسم کا مسمریزم ہے جس سے کسی کے دل اور دماغ پر قابو حاصل کیا جاتا ہے۔ لہٰذا عامل کو اس قسم کے تعویذ دینے میں احتیاط کرنا ضروری ہے اور کسی متقی عالم دین سے مشورہ کر کے نقش یا تعویذ دے تو بہتر ہے۔

۲۷- مؤلف کتاب ھٰذا کے والدین مرحومین، جملہ بزرگان دین ومشائخ عظام، جن کے عملیات وتعویذات اس کتاب میں درج ہیں ان سب کے لئے اول ودوم شریف تین مرتبہ الحمد شریف چوبیس مرتبہ اور سورۂ اخلاص قل ھو اللہ احد آخر تک تین مرتبہ پھر درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب مرحومین کو بخش دے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کرے تاکہ پورا پورا فیض حاصل ہو۔

تنبیہ: جو شخص کسی کو کچھ ثواب ہبہ کرتا ہے تو حق تعالیٰ بمحض احسان مثل اس ثواب کے اس کو یعنی جس کو اس نے بھیجا ہے عطا فرماتا ہے اور فرستندہ کا اصل ثواب فرستندہ کے واسطے رکھتا ہے

(مکتوب گرامی از حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ بنام مولانا ضیاء الحق منقول در مکتوبات اکابرین دیوبند ص۵۵)

کاہن، ساحر، جادوگر، رمّال اور نجومی کا شرعی حکم

شیخ علی قاری شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں:

ایک مسئلہ یہ ہے کہ کاہن جو غیب کی خبریں دیتا ہے، اس کی تصدیق کرنا کفر ہے۔ کیونکہ ارشادِ خداوندی ہے:

"کہہ دیجئے کہ نہیں جانتے غیب جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں سوائے اللہ تعالیٰ کے"

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کاہن کے پاس گیا پس اس کی بات کی تصدیق کی تو اس نے کفر کیا اس کے ساتھ جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کیا گیا ہے۔

اور کاہن وہ شخص ہے جو آئندہ آنے کے واقعات کی خبر دیتا ہے اور مکان کے اسرار کی معرفت کا مدعی ہو کہا گیا ہے کہ کاہن ساحر ہے اور نجومی جب آئندہ واقعات کے علم کا دعویٰ کرے تو وہ بھی کاہن کے مثل ہے اور اسی حکم میں رمّال داخل ہے۔

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ حافظِ قرآن بن جائے اور اس سلسلے میں اس کو زیادہ دشواری اور مشکل پیش نہ آئے تو اس کے لئے بعد نمازِ عشاء سونے سے پہلے روزانہ رات کو ایک سو ۱۰۰ بار سورۂ فاتحہ مکمل بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ کے ساتھ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی حافظِ قرآن بن جائے گا۔

اسی طرح اگر کوئی چاہتا ہے کہ اس کی اولاد حافظِ قرآن بن جائے اور اسے قرآن پاک یاد کرنے میں کوئی رکاوٹ پیش نہ آئے تو وہ شخص روزانہ بعد نمازِ عشاء ایک سو ۱۰۰ بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچوں کو پلایا کرے انشاء اللہ تعالیٰ سب بچے

آسانی کے ساتھ حافظِ قرآن بن جائیں گے۔ سورۂ فاتحہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَیْهِمْ ۝ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

ہر مرض اور ہر حاجت کے لئے

اگر کوئی شخص بیمار ہو اور اس کی بیماری پیچیدہ اور لاعلاج ہو یا اس کی کوئی حاجت ہو جس کا پورا ہونا ضروری ہو تو وہ شخص روزانہ بعد نماز فجر سورہ فاتحہ مکمل بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ کے ساتھ ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ پڑھا کرے۔ مریض خود پڑھے تو پانی پر دم کر کے وہ پانی چار وقت پیئے (۱) صبح ناشتہ سے قبل (۲) گیارہ بجے دن (۳) بعد نمازِ عصر (۴) بعد نمازِ عشاء۔

اسی طرح سورۂ فاتحہ جو ایک سو پچیس مرتبہ پڑھی ہے پانی پر دم کرنے کے ساتھ ساتھ دونوں ہتھیلیوں پر بھی دم کرے اور دونوں ہاتھ سر سے پاؤں کے تلوے تک تمام بدن پر پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد صحتیاب ہوگا۔ مرض سے نجات

ملے گی۔ سورۂ فاتحہ ایک سو پچیس مرتبہ ہر مقصد میں کامیابی کے لئے اور ہر حاجت کے پورا ہونے کے لئے بھی اکسیر ہے۔ جب تک حاجت پوری نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

کسی مرد کی قوتِ مردی کھولنا

بعض مرتبہ دشمنی سے یا کسی خاص مقصد سے کسی بھی مرد کی قوتِ مردی باندھ دی جاتی ہے جس سے صلاحیت مردی ختم ہو جاتی ہے اور بیوی کے قابل نہیں رہتا۔ اس کے لئے زعفران کو عرقِ گلاب میں گھول کر اس سے یہ طلسم باوضو قبلہ رُخ ہو کر لکھے اور کم از کم گیارہ عدد لکھے۔ دس عدد میں سے ایک عدد روزانہ نہار منہ بعد نمازِ فجر یا ظہر میں گھول کر پی لیا کرے اور گیارہویں تعویذ موم جامہ کر کے کالے چمڑے کے ٹکڑے میں سلوا کر گلے

میں ڈال لے یا دائیں بازو پر باندھ لے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ هم م [illegible] عصمله

له ۱۱ هم ملح ملح هاهاها [illegible] ملا [illegible]

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ فَتَحَ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝

اگر کسی کام کے سلسلے میں سخت مزاج سے واسطہ پڑ جائے

اگر کوئی کام ایسا ہو جس کے لئے سخت مزاج افسر کے سامنے پیش ہونا ہو اور ڈر ہو کہ اگر اس نے انکار کر دیا تو پھر کام رُکا رہے گا۔ لہٰذا اس کے سامنے پیش ہونے سے پہلے غسل کرے، پاک کپڑے پہنے اور باوضو حالت میں بسم اللہ کے ساتھ یہ آیت سات مرتبہ پڑھے اور اپنے سینہ پر دم کر لے اور راستہ میں بھی یہ آیت پڑھتا جائے اور کسی سے

بات نہ کرے۔ ضروری بات کرسکتا ہے۔ فالتو بات سے بالکل پرہیز کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ سخت مزاج افسر بڑے اچھے اخلاق سے پیش آئے گا اور کام کردے گا۔

وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ۭ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ۭ

ناجائز مقدمہ سے حفاظت

اگر کسی ظالم نے کسی پر ناجائز مقدمہ کردیا ہو یا پریشان کرنے کے لئے نئے نئے طریقے اختیار کرتا ہو تو اس سے حفاظت کے لئے باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے یہ تعویذ لکھے اور باوضو موم جامہ کرکے کالے چمڑے میں سلوا کر گلے میں ڈال لے یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ اگر عورت ہے تو گلے میں ڈال لے یا بائیں بازو پر باندھ لے۔

وہ تعویذ یہ ہے:



يَا لَطِيْفًا فَوْقَ كُلِّ لَطِيْفٍ اُلْطُفْ بِيْ فِيْ اُمُوْرِيْ كُلِّهَا

كَمَا اَحْبَبْتَ وَتَرْضٰى۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝

شہر یا بستی میں اچانک وبا پھوٹ پڑے

اگر کسی شہر یا بستی میں اچانک کوئی وبا پھوٹ پڑے اور گھر گھر پھیل جائے جس سے اموات کی کثرت ہوجائے۔ مثلاً خدانہ کرے کسی بستی میں طاعون، ہیضہ، انفلوئنزا، یا جانوروں میں بیماری پھیل جائے جس سے گائے، بھینس، بکری مرنے لگیں یا برڈ فلو پرندوں کی بیماری عام ہوجائے جس سے مرغیاں اور پرندے مرنے لگیں یا سمندر اور دریا میں بیماری پھیل جائے جس سے سمندری یا دریائی مخلوق مرنے لگے تو اس کے لئے ہر شخص روزانہ ہر نماز کے بعد ایک سو بار

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

پڑھے۔ اور مساجد میں بھی سب نمازی مل کر بعد نمازِ عصر یا بعد نمازِ عشاء لاتعداد پڑھیں۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ کی خصوصی رحمت نازل ہوگی اور چند دن میں اس وباء سے نجات حاصل ہوگی۔ مجرب عمل،

ہے۔ شرط پابندی کے ساتھ پڑھنا اور گناہوں سے دور رہنا ہے

ہر قسم کی مشکل آسان ہونے کے لئے

اگر کسی شخص کے سامنے کوئی مشکل پیش آجائے یا اس کے کام میں ہر وقت رکاوٹ پیدا ہوتی ہو تو اس کے لئے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں یہ آیت ایک سو بار بعد از نمازِ فجر اور ایک سو بار بعد از نمازِ عشاء پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پابندی کے ساتھ پڑھنے کی برکت سے ہر قسم کی مشکل آسان ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے:

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

کھیت اور کھیتی کی حفاظت کے لئے

اگر کسی کے کھیت میں چوہے، کیڑے مکوڑے، خنزیر اور

جنگلی جانور کھیتی کو خراب کرتے ہوں یا کھیتی کو اجاڑتے ہوں یا فصل کو کیڑا لگ جاتا ہو تو اس کے لئے پانچ کوری ہنڈیا خرید کر لائیں جس کا ڈھکن بھی ہو اور اس کو اسی حالت میں رہنے دے نہ دھوئے نہ اس کو پانی لگنے دے اور باوضو زعفران کو عرقِ گلاب میں گھول کر اس سے یہ عبارت پانچ کاغذوں پر لکھے۔ منہ قبلہ کی طرف کر کے لکھے۔ اور پانچوں کاغذوں کو ایک ایک کر کے لپیٹ کر ایک ایک ہانڈی میں ڈال کر ڈھکن ڈھک دے اور ایک کالا ڈورا ڈھکن کے اوپر سے لے کر لپیٹ دے تاکہ ڈھکن کھل نہ سکے۔ اس کے بعد کھیت کے چاروں کونوں اور کھیت کے درمیان میں گہرے گہرے گڑھے کھود کر ایک ایک ہنڈیا چاروں کونوں اور کھیت کے درمیان میں رکھ کر اوپر سے مٹی ڈال کر گڑھے کو بند کر دے۔

اس عمل کی برکت اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے کھیت ہر قسم کے موذی جانور اور کیڑے مکوڑوں سے محفوظ ہو جائے گا۔ اور فصل بھی اچھی ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا رَزَّاقَ الْعِبَادِ یَا خَلَّاقَ الْخَلَائِقِ یَا فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا مُنْبِتَ الزَّرْعِ فِی الْاَرْضِ وَالنَّبَاتِ وَیَا مُجِیْبَ

الدَّعْوَاتِ اِدْفَعْ مِنْ هٰذَا الزَّرْعِ شَرَّ الْهَوَامِرِ وَ الْوُحُوْشِ وَشَرِّ الْفَارَةِ وَالْخَنَازِيْرِ الْمُفْسِدَةِ وَارْزُقْنَا رِزْقًا حَسَنًا ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

دوکان کی آمدنی میں اضافہ

اگر کسی کی دوکان چلتی نہ ہو۔ اس کی بکری میں بہت فرق پیدا ہوگیا ہو اور آمدنی بہت کم ہوگئی ہو تو اس کے لئے روزانہ خود یا کسی بھی حافظِ قرآن یا ناظرہ پڑھنے والے سے سورہ بقرہ پڑھوالیا کرے لیکن پڑھنے والا بلند آواز سے پڑھے اور خود ایک بوتل میں پانی بھر کر اس میں دم کرالے اور وہ پانی دوکان کے باہر صبح و شام چھڑکے اور دو وقت دوکاندار وہ پانی (صبح و شام) پیئے اور صبح کو جب دوکان کھولے تو اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد اکتالیس ۴۱ مرتبہ

اَللّٰهُ الصَّمَدُ

آخر میں تین بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دوکان بہت چلے گی اور خوب آمدنی ہوگی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى

اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى
اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

شیطان کے شر اور اس کی شرارتوں سے حفاظت

بعض مرتبہ شیطان گناہوں کی طرف راغب کرتا ہے بعض مرتبہ کسی کو ستانے کی ترغیب دیتا ہے، بعض مرتبہ کسی کو نقصان پہنچانے کا سبق دیتا ہے۔ بعض مرتبہ گندے گندے خیالات سے دل و دماغ خراب کرتا ہے شیطان کے شر اور شرارت اور برے برے وساوس اور گندے خیالات سے نجات کے لئے ایک سو بار پڑھے

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط

اور ایک سو بار سورۃ الناس پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ شیطان سے حفاظت رہے گی۔

سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ
النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ
یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

ظالم حاکم و افسر کے شر سے حفاظت

اگر کسی جگہ کا حاکم ظالم ہو یا افسر سخت مزاج اور غصہ ور ہو تو اس کے شر سے بچنے کے لئے باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کر کے کالی ڈوری اور کالے چمڑے میں سلوا کر گلے میں ڈال لے یا لاسٹک لگا کر چمڑے میں سلوا کر دائیں بازو پر باندھ لے۔ عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے۔ یہ عمل عورت ظالم شوہر کے لئے بھی استعمال کر سکتی ہے۔

فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ نَصْرٌ مِّنَ
اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ ؕ سَتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَیْنَا وَعَیْنُ
اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَیْنَا بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا یَقْدِرُ عَلَیْنَا وَاللّٰهُ مِنْ
وَّرَآئِهِمْ مُّحِیْطٌ ۝ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْنِیْ بِسِتْرِكَ الْجَمِیْلِ
الَّذِیْ سَتَرْتَ بِهٖ نَفْسَكَ فَلَا عَیْنٌ تَرَاكَ حَسْبُنَا اللّٰهُ
وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ ۝ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ۝

نزلہ، دردِ سر، آنکھ کا درد اور آنکھ سے پانی بہنا

اگر کسی آدمی کا مزاج سرد ہو اور اسے ذرا سی سردی ہو یا ٹھنڈی ہوا برداشت نہ ہو اور ادھر ٹھنڈ آئی یا ٹھنڈی ہوا چلی اور اس کے نزلہ ہوا یا سر میں درد ہو گیا یا آنکھوں میں جلن اور چھینکیں آنا شروع ہو گئیں یا آنکھوں سے پانی بہنا شروع ہو گیا۔ اس کو رات کو نیند نہیں آتی، سانس لینے میں دشواری ہوتی ہے۔ اس کے لئے مندرجہ ذیل تعویذ عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو لکھے اور اس کو لپیٹ کر اس پر ایک کاغذ اور لپیٹ دے تاکہ قرآنی آیات کی بے حرمتی نہ ہو اور بغیر وضو بھی اسے ہاتھ لگایا جا سکے۔ اس تعویذ کو موم جامہ کرے کالے چمڑے میں سلوا کر ناک کے اوپر پیشانی پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔ وہ تعویذ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ یُرِیْدُ اللّٰهُ اَنْ یُّخَفِّفَ
عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِیْفًا ۝ اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ
عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِیْكُمْ ضَعْفًا ۛ ذٰلِكَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ
رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۛ

اٰلٰہی بحرمۃ یٰلیخا مکسلمینا کشفوطط اذر فطیونس
کشافطیونس تبیونس یوانس بوس قطمیر لا فیھا غول ولا ھم

عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ۝ فدا برچہار یارم ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ و حیدرؓ۔

پاگل کتّے کے زہر سے حفاظت

اگر خدانخواستہ کسی کو کوئی پاگل کتّا کاٹ لے تو اس کے لیے یہ عمل بہت عمدہ ہے۔ اول درود شریف تین بار پڑھے اس کے بعد بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ایک بار پڑھے۔ اس کے بعد سورۂ قریش گیارہ بار پڑھے اس کے بعد یہ دعا کرے۔

الٰہی بحرمتہ خواجہ محمد صادق ابن حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی قدس سرہٗ بحکم و برکتِ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اثرِ این سگِ دیوانہ گم شد۔ اور نمک پڑھ کریں۔ اور گیارہ دن وہ نمک مریض کو کھانے میں ڈال کر کھلائیں (روٹی کے آٹے میں ملائیں سالن میں ڈال دیں)

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

سورۃ قریش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

برائے دفع دشمن

اگر کسی آدمی کا دشمن بہت خطرناک اور موذی ہو ہر وقت نقصان پہنچانے، ستانے اور پریشان کرنے کے نئے نئے ڈھنگ اختیار کرتا ہو اور کسی طرح باز نہ آتا ہو تو اس کے دفعیہ کے لیے سورۃ الکوثر باوضو ایک اندھیری کوٹھری یا کمرے میں بعد نماز عشاء روزانہ تین سو بار پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن جلد ہی دفع ہو جائے گا۔ سورۃ الکوثر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

رزق میں برکت اور ہر مقصد میں کامیابی کیلئے

جمعہ کے دن جمعہ کے فرض کا سلام پھیرنے کے بعد یہ

کلمات پڑھے۔

یَارَحِیْمُ یَاوَدُوْدُ یَامُبْدِئُ یَامُعِیْدُ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

اگر کسی شخص کا جائز مقصد ہو جس میں کامیابی ضروری ہو تو اس کے لئے باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ (۶۶۶۶) بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے اور اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا کرے۔ یہ عمل ہر ماہ کی پہلی جمعرات کو کسی بھی وقت کرلے۔ اگر پہلے مہینے میں کام نہ ہو تو دوسرے ماہ چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات کو پھر یہ عمل کرے۔ جب تک مقصد میں کامیابی نہ ہو ہر ماہ کی پہلی جمعرات کو یہ عمل کرتا رہے۔ شرط یہ ہے کہ جگہ، مصلہ، کپڑے، بدن سب پاک ہوں۔ لوبان یا اگربتی جلائے یا عطر بدن اور کپڑوں پر لگا کر پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ لیکن شرط یہ ہے کہ جائز کام کے لئے کرے۔ ناجائز مقصد میں کامیاب نہ ہوگا بلکہ نقصان اٹھائے گا۔

لہٰذا احتیاط ضروری ہے۔

بچے کو سوکھے کا مرض

اگر بچے کو سوکھے کا مرض لگ جائے اور بچہ دن بدن سوکھتا جاتا ہو یہاں تک کہ ہڈیوں کا ڈھانچہ بن جائے تو اس کیلئے مندرجہ ذیل نقش باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کر کے کالی ڈوری کے ساتھ کالے چمڑے میں سلوا کر بچے کے گلے میں ڈال دے۔ اور گلے سے تعویذ کبھی نہ نکلنے دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جلد ہی سوکھنا بند ہو جائے گا اور صحت مند ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

شوہر کے دل میں بیوی کی محبت

اگر شوہر کا رویہ بیوی کے ساتھ درست نہ ہو یا شوہر سخت مزاج اور ترش رو ہو، گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہو تو مندرجہ ذیل نقش باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے

لکھے اور موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں سلوا کر عورت گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شوہر مہربان ہو جائے گا اور اس کے رویے ملاق و محبت کا برتاؤ کریں گے۔ تعویذ کو باندھنے سے پہلے اس پر عطر میں تبدیلی پیدا ہو جائے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۰۰۲	۶۰۱۶	۶۰۱۳	۶۰۰۹
۶۰۱۴	۶۰۰۸	۶۰۰۳	۶۰۱۵
۶۰۰۷	۶۰۱۱	۶۰۱۸	۶۰۰۴
۶۰۱۷	۶۰۰۵	۶۰۰۶	۶۰۱۲

جائز محبت کے لئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کے والدین، اس کی بہن اس کے بھائی اور خاندان والے اس کی قدر کریں، اس کے ساتھ نفرت و عداوت کا برتاؤ چھوڑ کر محبت و پیار کا برتاؤ کریں اور اس کے ساتھ اچھے اخلاق کے ساتھ پیش آئیں تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات کو باوضو زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے قبلہ رُخ (قبلہ کی طرف منہ کر کے) لکھے اور موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں سلوا کر لاسٹک لگا کر مرد دائیں بازو پر اور عورت بائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سارا خاندان محبت کرنے لگے گا اور حقوق جدائی پیدا کرنا ضروری ہے تاکہ وہ آئندہ کسی قسم کی شرارت نہ کر سکیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝

يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ يَا غَفَّارُ	وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ يَا كَرِيمُ	وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِنِّي يَا كَرِيمُ	إِنَّهُ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ يَا وَدُودُ
إِنَّ الْحُبَّ الْخَيْرَ لَشَدِيدٌ يَا وَدُودُ	وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ يَا رَحِيمُ	وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِنِّي يَا كَرِيمُ	يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ يَا لَطِيفُ
الَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ يَا لَطِيفُ	يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ يَا رَحْمٰنُ	إِنَّهُ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ يَا رَحِيمُ	وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِنِّي يَا رَحْمٰنُ
وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِنِّي يَا رَحْمٰنُ	إِنَّهُ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ يَا وَدُودُ	يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ يَا كَرِيمُ	وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ يَا رَحِيمُ

ناجائز دوستی ختم کرانا

اگر دو شخصوں میں یا کسی مرد عورت میں ناجائز محبت ہو اور اس سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو یا دو افراد مل کر کسی دوسرے کو نقصان پہنچانا چاہتے ہوں یا شرارت کر کے تنگ کرتے ہوں تو ان کے درمیان

جائز محبت کے لئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کے والدین، اس کی بہن، اس کے بھائی اور خاندان والے اس کی قدر کریں، اس کے ساتھ نفرت و عداوت کا برتاؤ چھوڑ کر محبت و پیار کا برتاؤ کریں اور اس کے ساتھ اچھے اخلاق کے ساتھ پیش آئیں تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش جاندر بچھنے کے بعد پہلی جمعرات کو باوضو زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے قبلہ رُخ (قبلہ کی طرف منہ کرکے) لکھے اور موم جامہ کرکے کالے چمڑے میں سلوا کر لاسٹک لگا کر مرد دائیں بازو پر اور عورت بائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سارا خاندان محبت کرنے لگے گا اور حقوق جدائی پیدا کرنا ضروری ہے تاکہ وہ آئندہ کسی قسم کی شرارت نہ کر سکیں۔

۷۸۶

٦٠٠٢	٦٠١٦	٦٠١٣	٦٠٠٩
٦٠١٤	٦٠٠٨	٦٠٠٣	٦٠١٥
٦٠٠٧	٦٠١١	٦٠١٨	٦٠٠٤
٦٠١٧	٦٠٠٥	٦٠٠٦	٦٠١٢

ناجائز دوستی ختم کرانا

اگر دو شخصوں میں یا کسی مرد عورت میں ناجائز محبت ہو اور اس سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو یا دو افراد مل کر کسی دوسرے کو نقصان پہنچانا چاہتے ہوں یا شرارت کرکے تنگ کرتے ہوں تو ان کے درمیان

لکھے اور موم جامہ کرکے کالے چمڑے میں سلوا کر عورت گلے میں ڈالے۔ بیماری میں جو تیزی ہو رہی تھی وہ دور ہو جائے گی۔ سب لوگ انشاء اللہ تعالیٰ شوہر مہربان ہو جائے گا اور اس کے رویے ملاق و محبت کا برتاؤ کریں گے۔ تعویذ کو باندھنے سے پہلے اس پر عطر میں تبدیلی پیدا ہو جائے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔ خوشبو لگائے۔ ایسی خوشبو جو الکحل سے پاک ہو۔ وہ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۞ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللَّهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۞

يُحِبُّونَهُ كَحُبِّ اللَّهِ ۞ يَا غَفَّارُ	وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلَّهِ ۞ يَا كَرِيمُ	وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِنِّي ۞ يَا كَرِيمُ	إِنَّ اللَّهَ لَحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ ۞ يَا وَدُودُ
إِنَّ اللَّهَ لَحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ ۞ يَا وَدُودُ	وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِنِّي ۞ يَا كَرِيمُ	وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلَّهِ ۞ يَا رَحِيمُ	يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللَّهِ ۞ يَا لَطِيفُ
الْحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ ۞ يَا وَدُودُ	وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِنِّي ۞ يَا كَرِيمُ	وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلَّهِ ۞ يَا رَحِيمُ	يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللَّهِ ۞ يَا لَطِيفُ
الَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا ۞ يَا لَطِيفُ	يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللَّهِ ۞ يَا رَحْمٰنُ	إِنَّ اللَّهَ لَحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ ۞ يَا رَحِيمُ	وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِنِّي ۞ يَا رَحْمٰنُ
أَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِنِّي ۞ يَا رَحْمٰنُ	إِنَّ اللَّهَ لَحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ ۞ يَا وَدُودُ	يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللَّهِ ۞ يَا كَرِيمُ	وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلَّهِ ۞ يَا رَحِيمُ

یہ نقش چاند کی پندرہ تاریخ کے بعد لکھ کر کسی پلاسٹک یا شیشے کی بوتل یا ڈبیہ میں بند کر کے دو پرانی قبروں کے درمیان دفن کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جدائی ہو جائے گی۔ شرط یہ ہے کہ جائز کام میں استعمال کرے۔ ناجائز کام میں استعمال کرے گا تو نقصان اٹھائے گا۔

یاقہار	ذالبطش	الشدید	انت الذی
ذالبطش	الشدید	انت الذی	لایطاق
الشدید	انت الذی	لایطاق	انتقامہ
انت الذی	لایطاق	انتقامہ	یاقہار

دشمن کی زبان بندی کے لئے

ایسا دشمن جو زبان دراز، گالم گلوچ کرنے والا، لڑائی جھگڑے کا شوقین، بات بات پر شور مچاتا ہے اس کی زبان بندی کے لئے مندرجہ ذیل کلمات بعد نماز فجر ایک سو بار پڑھ لیا کرے اور بعد نماز عشاء ایک سو بار پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی بدزبانی بند ہو جائے گی اور وہ اس بری عادت سے باز آجائے گا اور کسی سے بھی لڑائی جھگڑا نہ

کر سکے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنَاہُ بِمَاشِئْتَ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔

تمام پریشانیوں اور مصیبتوں سے نجات

اگر کوئی آدمی کسی ظالم کے ظلم کا شکار ہے یا رشتے دار عزیز قریب جادو سفلی کرا کے تکالیف پہنچاتے رہتے ہیں یا حاکم اور افسر سخت مزاج ہے۔ طرح طرح سے ظلم کرتا اور ستاتا ہے یا ساتھ کام کرنے والے حسد کرتے ہیں یا اہل محلہ بلا وجہ دشمنی کرتے ہیں تو ایسی صورت میں یہ دعا بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے ظلم سے محفوظ ہو جائیگا اس دعاء کو سات بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے سر سے پیر تک تمام جسم پر پھیر لے۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ یَا حَنَّانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ یَامَنَّانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ یَا دَیَّانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ یَا سُبْحَانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ مِنْ فِتْنَۃِ الزَّمَانِ وَجَفَاءِ الْاِخْوَانِ وَشَرِّ الشَّیْطَانِ وَظُلْمِ السُّلْطَانِ بِفَضْلِکَ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔

ہر مقصد میں کامیابی کا عمل

اگر کوئی شخص اپنے مقصد کے حصول میں پریشان ہو۔ لڑکے لڑکیوں کی شادی اور رشتے کا معاملہ ہو یا کاروبار میں ترقی کا مسئلہ ہو یا عہدہ اور منصب میں ترقی کی بات ہو یا تنخواہ اور آمدنی میں اضافے کا دل چاہتا ہو یا اور کوئی مقصد میں کامیابی درکار ہو تو اس کے لئے سورۃ یٰسین شریف کا عمل بہت مفید اور کارآمد ہے عمل شروع ہے عمل یہ ہے

پیر کے دن فجر کی نماز سے قبل غسل کرے، صاف ستھرے کپڑے پہنے، خوشبو لگائے اور فجر کی نماز جماعت سے پڑھے اور خاموشی کے ساتھ بلا کسی سے بات کئے گھر آکر تلاوت قرآن پاک یا ذکر الٰہی میں مصروف ہو جائے سورج نکلنے کے بعد اشراق کی نماز پڑھ کر الگ کمرہ میں جہاں کوئی دوسرا نہ ہو اور نہ آئے۔ اور نہ کسی سے بات کرے۔ دو رکعت نماز صلوٰۃ الحاجت پڑھے سلام پھیر کر قبلہ رُخ ہو کر جس طرح تشہد میں بیٹھتے ہیں

بیٹھا رہے اور سورۃ یٰسین شریف پڑھنا شروع کرے۔ جب پہلا "مُبِیْن" آئے تو پھر دوبارہ شروع سے سورۃ یٰسین شریف پڑھنا شروع کرے۔ جب پھر دوسرا مبین آئے تو دوبارہ لوٹ کر شروع سے پڑھنا شروع کرے اسی طرح ہر مبین کے لفظ سے لوٹ لوٹ کر پڑھے۔ جب آخری "مُبِیْن" پر پہنچے تو سات بار "مُبِیْن" کہے۔ اور ہر بار مُبین کہتے وقت تشہد والی (کلمے کی) انگلی کھڑی کرے اور اپنے مقصد کو دل میں خاص طور سے یاد کرے۔ یہ عمل سات دن تک کرے یعنی اتوار کے دن عمل کر کے ختم کر دے۔ اگر کام ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ پھر اگلے مہینہ میں اسی ترکیب سے عمل کرے اگر کام ہو جائے تو ٹھیک ورنہ پھر تیسرے مہینے میں عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آخری بار ضرور کامیابی ملے گی۔

ف۔ یہ عمل در اصل اللہ تعالیٰ سے رجوع کرنے اور اس کی رحمت کو اپنی طرف مبذول کرنے کے لئے ہے۔ در در کی ٹھوکریں کھانے سے بہتر ہے کہ اللہ تعالیٰ سے رجوع کیا جائے وہی ذات ہر کام بنانے پر قادر ہے اسی سے جستجو کرنے اور لو لگانے سے انسان کبھی ناکام نہیں ہوتا شرط اول یہ ہے کہ گناہوں سے دور رہے اور پختہ یقین رکھے کہ خدا تعالیٰ میرا کام ضرور

کرے گا۔

یہ عمل نیا چاند دیکھ کر پہلی پیر سے شروع کرے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

کسی کام کی بابت استخارہ

اگر شادی، کاروبار، شراکت میں کاروبار، تجارت کے لئے سفر، معاشی حالت کو بہتر بنانے کے لئے باہر کا سفر کسی بھی آدمی سے گہری دوستی قائم کرنے نہ کرنے کی بابت استخارہ کرنا ضروری ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ مشورہ ہے کہ اگر اشارہ ہاں میں ہے تو کرے ورنہ اس بات یا کام سے دور رہے کیوں کہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ استخارے کا عمل یہ ہے۔

تازہ وضو کر کے دو رکعت نماز نفل کی نیت باندھ لے اور پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ پڑھنے کے بعد سورۃ اخلاص پچیس مرتبہ پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پچیس مرتبہ پڑھے۔ پھر سلام پھیر کر نماز مکمل کرے اور نماز کے بعد اسی مصلہ پر قبلہ رُخ کھڑے ہو کر

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ○

کو بار بار پڑھنا شروع کرے اور برابر پڑھتا رہے یہاں تک

کہ اگر کسی کی گردن قبلہ سے دائیں طرف پھر جائے تو کام ہو جائے گا اور بائیں طرف از خود گردن پھر جائے تو کام نہ ہوگا لہٰذا اس کام سے دور رہنا بہتر ہے۔ سورۃ فاتحہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۭ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۭ
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّاۗلِّيْنَ ۧ

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ
وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

برائے چیچک

چیچک ایک خطرناک مرض ہے اس سے چہرے پر داغ پڑ جاتے ہیں اگر خدانخواستہ کسی کو خسرہ یا چیچک نکل آئے تو اس کے لئے باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے

یہ تعویذ لکھے اور اس تعویذ پر پلاسٹک لپیٹ کر موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں سلوا کر مریض کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ مریض اس مرض سے محفوظ رہے گا۔ اگر چھپکلی نکل آئی ہے تو جلد ہی اس سے صحتیاب ہو جائے گا۔

وہ تعویذ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ	اِيَّاكَ نَعْبُدُ	وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ	اِهْدِنَا الصِّرَاطَ
الْمُسْتَقِيْمَ	صِرَاطَ الَّذِيْنَ	اَنْعَمْتَ	عَلَيْهِمْ
غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ	عَلَيْهِمْ	وَلَا الضَّآلِّيْنَ	اٰمِيْن

سانپ کے کاٹے کا عامل بننا

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ سانپ کے کاٹے کا علاج کرے تو چالیس روز تک عشاء کی نماز کے بعد اندھیرے کمرے میں

فَاِذَا بَطِشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ۝

ایک سو سترہ (۱۱۷) بار پڑھے پھر چپ چاپ بغیر کسی سے بات کئے سو جائے۔ چالیس دن پڑھنے کے بعد عامل ہو جائے گا۔

جب کسی کو سانپ ڈس لے (کاٹ لے) تو اس آیت کو گیارہ گیارہ بار پڑھ کر تین مرتبہ دم کرے۔ مطلب یہ ہے کہ پہلے گیارہ بار پڑھ کر کاٹے کی جگہ پر دم کرے پھر دوبارہ گیارہ بار پڑھ کر کاٹے کی جگہ دم کرے پھر تیسری بار گیارہ بار پڑھ کر کاٹے کی جگہ دم کرے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کے فضل سے زہر کے قطرے ٹپکتے نظر آئیں گے اور مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

استخارہ کی ترکیب

اگر کوئی شخص کسی بھی مقصد کے لیے استخارہ کرنا چاہتا ہے اور یہ دیکھنا چاہتا ہے کہ یہ کام ہوگا یا نہیں۔ اس کام میں کامیابی حاصل ہوگی یا ناکامی سے واسطہ پڑے گا پہلے تازہ وضو کرے اور پھر اس کام کی نیت کرے کہ اے اللہ رب العزت یہ کام ہوگا تب بھی اور نہ ہوگا تب بھی مجھے اس سے اپنے فضل سے آگاہی عطا فرما اس کے بعد ایک سو مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے۔ اس کے بعد یہ درود شریف ایک سو بار پڑھے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔

اور کسی بھی قسم کا اناج ایک مٹھی لے کر اس کی آٹھ آٹھ دانے کی ڈھیریاں بنائے۔ پس اگر دانے ایک، پانچ یا چھ باقی رہ جائیں تو کام ہو جائے گا اور اگر ان ڈھیریوں کے علاوہ باقی دو، تین، چار، سات دانے رہ جائیں یا سب ڈھیری مکمل آٹھ آٹھ دانوں کی بن جائیں تو کام نہ ہوگا۔

ڈاڑھ کے درد سے نجات

اگر کسی شخص کی ڈاڑھ میں درد ہو رہا ہو اور کسی کل چین نہ آتا ہو تو اس کے لئے باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک سفید کاغذ پر یٰحَیُّ یَاقَیُّوْمُ لکھے اور اس طرح لکھے کہ ع کا سوراخ بڑا ہو تاکہ اس میں کیل یا میخ ڈال کر کسی درخت میں اس کاغذ کو گاڑ دیا جائے۔ اس طرح عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ ڈاڑھ کا درد صحیح ہو جائے گا۔

اور آدمی کو آرام ملے گا۔

نظرِ بد دور کرنا

اگر کسی بچے یا بڑے کو نظرِ بد کا اثر ہو جائے اور کسی کے ٹوکنے اور نظر گاڑ کر دیکھنے سے اس شخص کے بدن میں درد ہو جائے یا بخار ہو جائے یا کھانا پینا بند ہو جائے یا کسی کام کو طبیعت نہ چاہے یا سستی اور کاہلی ایسی مسلط ہو جائے کہ ہر وقت سوتا رہتا ہو یا لیٹا رہتا ہو اور دن بدن کمزوری بڑھتی جاتی ہو۔ تو اس کے لئے چند گرہ ہلدی کی لے کر ان پر تین تین مرتبہ

اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّالْکُفْرُ بَاطِلٌ

پڑھ کر اس ہلدی کی گرہوں پر پھونک ماریں اور اس ہلدی کی گرہوں کو کوئلے کی آگ میں ڈال کر چارپائی کے نیچے رکھ دیں اور چارپائی پر بغیر بستر کے مریض کو بٹھا کر اس پر کمبل یا چادر یا دری ڈال دیں تاکہ ہلدی کا دھواں اس کے بدن کو لگے۔ جب ہلدی جل جائیں اور دھواں نکلنا بند ہو جائے تو آگ کے برتن کو نکال لیں۔ اب دیکھیں کہ مریض کی حالت میں فرق آیا ہے تو ٹھیک ورنہ تین دن یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض تندرست ہو جائے گا اور نظرِ بد کا اثر ختم ہو جائے گا۔

نظر بد سے نجات کے لئے

اگر کسی جانور، آدمی، بچہ، عورت پر نظر بد کا اثر ہو جائے یا نئے مکان پر یا دوکان پر اثرِ بد کا اثر ہو جائے یا کسی سائیکل، موٹر سائیکل، گاڑی، کار گاڑی پر نظرِ بد کا اثر ہو جائے جس سے حادثات ہونے لگیں یا وہ گاڑی ٹھیک طرح سے نہ چلے اور آئے دن اس میں خرابی پیدا ہو جائے یا دوکان پر گاہک اور خریدار کم آئیں یا گھر میں رہنے والے سب بیمار رہنے لگیں یا مکان میں کسی کا بھی دل نہ لگے اور مکان خالی پڑا رہے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات کو سات مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے اور اسی طرح سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس مکان کے دیواروں پر یا دوکان ہے تو اس کی دیواروں پر اور دوکان کے سامنے کے حصے میں وہ پانی چھڑکے اگر گاڑی وغیرہ ہے تو اس پر بھی وہ پانی چھڑکے۔ اگر ایک مرتبہ کرنے سے حالت صحیح ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ یہ عمل تین دن روزانہ ایک مرتبہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نظرِ بد کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ بِسْمِ اللّٰہِ عَظِیْمِ الشَّانِ شَدِیْدِ الْبُرْھَانِ مَاشَآءَ اللّٰہُ کَانَ حَبَسَ

حَابِسٌ مِنْ حَجَرٍ یَابِسٍ وَشِھَابٍ قَابِسٍ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ رَدَدْتُّ عَیْنَ الْعَائِنِ عَلَیْہِ وَعَلٰی اَحَبِّ النَّاسِ اِلَیْہِ فِیْ کَیْدِہٖ وَکُلِّیَتِہٖ لَھُمْ دَقِیْقٌ وَّ عَظْمٌ فَیْمَا لَہٗ یَلِیْقُ، فَارْجِعِ الْبَصَرَ ھَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ○ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْکَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّھُوَ حَسِیْرٌ ○

برائے اختلاف وجدائی

اگر دو افراد میں ناجائز دوستی اور محبت ہو یا ایسی دوستی ہو جس کے سبب دونوں مل کر لوگوں کو نقصان پہنچاتے ہوں، ستاتے ہوں یا مصیبت کا باعث بنتے ہوں تو ان میں جدائی ڈالنا ضروری ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور لپیٹ کر کسی شیشی یا پلاسٹک کی تھیلی یا بوتل میں بند کر کے پرانی دو قبروں کے درمیان دفن کر دیں۔ اور روزانہ درود شریف ایک سو بار پڑھ لیا کریں۔ جس وقت دل چاہے درود شریف پڑھ لیا کریں وقت کی کوئی قید نہیں ہے البتہ پابندی کے ساتھ روزانہ پڑھنا ضروری ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پندرہ دن

کے اندر اندر جدائی پیدا ہو جائے گی۔

یہ مسئلہ حقوق العباد کا ہے لہذا ضروری ہے کہ اس عمل کو کرنے سے پہلے کسی متقی عالم دین سے مشورہ کر لے ورنہ دنیا و آخرت میں نقصان کا اندیشہ ہے لہذا سخت ضرورت کے وقت ہی اس کو کام میں لائے۔ ورنہ بہتر یہ ہے کہ ان کے شر اور شرارت سے محفوظ رہنے کی دعا اللہ تعالیٰ سے کرتا رہے۔

وہ طلسم یہ ہے۔



درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

برائے قائم ہونے حمل کے

اگر کسی عورت کو حمل قائم نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے

بروز بدھ بعد نماز عصر وہ عورت اپنے ہاتھ سے میٹھی روٹی پکائے اور اس روٹی پر سورۃ تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَھَبٍ (پوری سورۃ) بغیر بسم اللہ کے لکھے اور رات کو عورت اپنے ہاتھ سے اس روٹی کے دو حصے (برابر برابر) کرے۔ آدھا حصہ خود کھالے اور آدھا حصہ اپنے شوہر کو کھلا دے پھر صحبت کریں انشاء اللہ تعالیٰ حمل ضرور ٹھہرے گا۔

سورۃ تبت ید ابی لھب بغیر بسم اللہ کے یہ ہے

تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَھَبٍ وَّتَبَّ ۝ مَآ اَغْنٰی عَنْہُ مَالُہٗ وَمَا کَسَبَ ۝ سَیَصْلٰی نَارًا ذَاتَ لَھَبٍ ۝ وَّامْرَاَتُہٗ ط حَمَّالَۃَ الْحَطَبِ ۝ فِیْ جِیْدِھَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝

مرض ٹھہرا (یعنی حمل گر جانا یا بچہ پیدا ہو کر مر جانا)

بعض عورتوں کو یہ مرض ہوتا ہے کہ اول تو حمل نہیں ٹھہرتا اور اگر ٹھہر گیا تو کچا حمل ضائع ہو جاتا ہے اور بعض مرتبہ بچہ پیدا ہو کر چند دن میں یا اسی وقت مر جاتا ہے۔ ایسا بار بار ہوتا ہے۔ اس کے لئے یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل ضائع نہ ہوگا اور نہ بچہ جلدی مرے گا بلکہ زندہ رہے گا اور لمبی عمر ہوگا۔ وہ عمل یہ ہے۔

باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے یہ چار عدد تعویذ لکھیں۔ اور مکان کے چاروں کونوں میں گڑھا کھود کر اس طرح دفن کریں کہ چار مٹی کی چھوٹی چھوٹی ہنڈیا لے کر ان میں یہ تعویذ لپیٹ کر رکھ دیں اور ڈھکن بند کر دیں اور گڑھے میں رکھ کر اوپر سے مٹی ڈال دیں اور سیمنٹ سے پلستر کر دیں۔ وہ تعویذ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَكَفٰى بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ۝ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ۝ قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ ۝ وَاِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ ۝ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ۝ يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ۝ وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ۝ مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا ۝ وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ۝ اِلٰهِيْ بِحُرْمَةِ يٰسٓ يٰلِيْخَا مَكْسَلِمِيْنَا كَشْفُوْطَ طَبْيُوْنَسَ كَشَافَطْيُوْنَسَ اَذَافَطْيُوْنَسَ

يُوَانِسَ بُوْسٌ وَكَلْبُهُمْ قِطْمِيْرٌ

۷۸۶

یارب جبرائیل	یا قیوم	یارب میکائیل
یا قیوم	یا قیوم	یا قیوم
یارب اسرافیل	یا قیوم	یارب اسرافیل

چاند کی ہر ماہ کی پہلی، دوسری، تیسری (چاند دیکھنے کے بعد تین دن مسلسل) یہ تین تعویذ (پہلی کو ایک، دوسری کو ایک، تیسری کو ایک) باوضو پانی میں روزانہ گھول کر پی لیا کریں۔

پھر اگلے ماہ کی پہلی، دوسری، تیسری کو ایک ایک تعویذ باوضو پانی میں گھول کر پی لیا کریں۔ اسی طرح نو مہینے تک (حمل کے دوران) کل ستائیس ۲۷ تعویذ پیئے جائیں گے۔ لہٰذا پانی میں زعفران گھول کر اس سے باوضو یہ تعویذ لکھ کر رکھ لے۔ وہ تعویذ یہ ہیں۔

۷۸۶

یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ
یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ
یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ

حمل قائم ہونے سے پہلے اور حمل قائم ہونے کے بعد مسلسل بچہ پیدا ہونے تک یہ تعویذ بھی باوضو لکھ کر رکھ لیں اور ایک تعویذ باوضو پانی میں گھول کر پی لیا کرے۔
پلینے کے اوقات یہ ہیں:
۱۔ صبح ناشتہ سے قبل ۲۔ دوپہر گیارہ بجے ۳۔ بعد نمازِ عصر
۴۔ بعد نمازِ عشاء۔
اگر وضو نہ ہو تو دوسرے پانی میں چار گلاسوں میں تعویذ گھلوا کر رکھ لیں اور وقتِ مقررہ پر پی لیا کریں۔
وہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶
یَارَحْمٰنُ

نظرِ بد سے نجات کا تعویذ

از علامہ انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ

اگر کسی بچے یا بڑے کو نظرِ بد کی شکایت ہو تو اس کے لئے یہ تعویذ بہت مفید ہے۔ باوضو اس کو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور لپیٹ کر موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں سلوا کر کالی ڈوری لگا کر گلے میں ڈال دیں

انشاء اللہ تعالیٰ نظرِ بد سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے نجات حاصل ہوگی۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّ هَامَّةٍ وَّ كُلِّ عَيْنٍ لَّامَّةٍ
حَصَنْتُكَ بِحِصْنِ اَلْفَ اَلْفِ

گھر، دوکان، سامان میں آگ لگنے سے حفاظت

از علامہ انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ

مندرجہ ذیل آیاتِ قرآنی کو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھیں اور ایک ڈبہ میں بند کر کے اس مکان، دوکان یا سامان میں رکھ دیں تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ گھر، دوکان، سامان آگ لگنے سے محفوظ ہو جائے گا۔
وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ۝ وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ۔
تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ۝ اَلرَّحْمٰنُ

عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ۝ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ۝ يَوْمَ لَا
يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ۝ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ
سَلِيْمٍ ۝ اِئْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ۝ قَالَتَا اَتَيْنَا
طَآئِعِيْنَ ۝ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا
لِيَعْبُدُوْنِ ۝ مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ
اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو
الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ۝ وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا
تُوْعَدُوْنَ ۝ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ
مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ۝

ظاہری و باطنی استغناء کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اسے ظاہری غنا حاصل ہو اسی طرح اس کا باطن بھی عطیۂ خداوندی پر راضی ہو دل میں کسی قسم کا شکوہ شکایت پیدا نہ ہو تو اس کے لئے اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد اسم الٰہی

اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝

تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھا کرے۔ یہ عمل چالیس دن تک بلاناغہ کرے۔ چالیس دن کے بعد روزانہ بعد نماز

عشاء اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار درمیان میں

اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝

پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھا کرے اور ہمیشہ یہ عمل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غناء ظاہری و باطنی حاصل ہوگا۔ اہل دنیا سے مال و دولت کا لالچ ختم ہو جائے گا اور طبیعت کو سکون حاصل ہوگا۔

درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

ف: یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ اگر عشاء کے بعد پڑھنے والا عمل (۵۰۰) مرتبہ والا اگر ایک دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن ایک ہزار بار پڑھے اگر دو دن ناغہ ہو جائے تو تیسرے دن پندرہ سو بار پڑھے اور اگر مسلسل تین دن پڑھنے کا ناغہ ہو جائے اور تین دن برابر نہیں پڑھا تو عمل ختم ہو گیا اب پھر چالیس دن تک ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھ کر چلہ مکمل کرے ورنہ ۵۰۰ مرتبہ پڑھنے سے کچھ فائدہ نہ ہوگا۔

چہرے یا پشت وغیرہ پر مسّے

بعض لوگوں کو بدن پر مسّے ہو جاتے ہیں جس سے انسان

بدنما لگتا ہے مسّوں سے نجات کے یہ عمل بہت مفید ہے
یہ عمل کرنے سے مسّے تین چار روز میں از خود گرنا شروع
ہو جاتے ہیں اور چند دنوں میں جلد صاف ہو کر ایسی ہو جاتی
ہے کہ اس پر کوئی داغ دھبہ بھی نہیں رہتا۔ عمل یہ ہے۔
نئے مونجھ کی ایسی نئی رسی جس کو استعمال نہ کیا گیا ہو۔
بان فروخت کرنے والے کی دوکان سے خرید لیں اس رسی کو
لے کر جتنی تعداد میں مسّے ہوں اسی تعداد میں اس بان میں گرہ
دیں۔ گرہ دیتے وقت مریض مسّے پر شہادت کی انگلی (ہاتھ
کے انگوٹھے کے برابر والی انگلی) رکھے اور عمل کرنے والا صرف یہ
آیت اتنی ہی پڑھے آگے کے حصے کو نہ پڑھے۔ اس کو پڑھ کر دم وغیرہ
بھی نہیں کرنا۔ پھر دوسرے مسّے پر انگلی رکھے عامل بان میں گرہ
دے کر یہ آیت کے الفاظ پڑھے۔ الفاظ یہ ہیں۔

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا۔

جتنے مسّے مریض کے جسم پر ہوں اتنی ہی گرہ بان میں دی جائیں
اور اتنی ہی مرتبہ انگلی مسّے پر رکھے اور اتنی مرتبہ آیت کے یہ الفاظ
ایک ایک مرتبہ پڑھے۔ جب کلام ختم ہو جائے اس رسّی کو لپیٹ
کر کسی گندے ملبے یا کچرے کے ڈھیر کے نیچے گڑھا کھود کر دبا
دے۔ کم از کم دو ہفتے دبی رہے اس سے پہلے نہ نکالیں۔ اس

کے بعد نکال کر دریا، نہر، سمندر، جھیل یا جوہڑ میں پتھر
باندھ کر ڈال دیں۔ یا کسی جنگل میں دفن کر دیں

غیب سے فتوحات کے لئے

اگر کوئی شخص کمزور ہو اور روزی کے لئے محنت کرنے
سے قاصر ہو تو اس کو غیب سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے مدد
حاصل ہونے کے لئے یہ طلسم باوضو عرقِ گلاب میں زعفران
گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کر کے کالے چمڑے کے
ساتھ لاسٹک لگا کر مرد دائیں بازو پر باندھے اور عورت
بائیں بازو پر باندھے۔ یہ طلسم حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے
منقول ہے۔



ہر لاعلاج مرض اور مسان کے لئے سورۃ فاتحہ کا عمل

مسان کی بیماری عورتوں کو ہوتی ہے اس کے باعث

کچا حمل گر جاتا ہے۔ یا بچہ پیدا ہو کر مر جاتا ہے یا بچہ سوکھ سوکھ کر ہڈیوں کا ڈھانچہ بن جاتا ہے اور پھر مر جاتا ہے۔
اس کے لئے سورۃ فاتحہ کو اس طرح پڑھنا ہے کہ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ کے آخری میم کو اَلْحَمْدُ کے لام کے ساتھ ملا کر پڑھنا ہے (الرَّحِيْمِ الْحَمْدُ۔ رَحِيْمُ حَمْدُ) اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں اکتالیس ۴۱ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اور ایک بوتل پانی پر دم کرے۔ دوسرا کام یہ کریں کہ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف درمیان میں میم کو ملا کر الحمد شریف اکتالیس مرتبہ پڑھ کر سوا پاؤ اصلی سرسوں کا تیل جو لکڑی کے کولہو سے نکلوایا گیا ہو اس پر دم کرے اور وہ تیل بچے کو صبح ایک وقت مقرر کر کے ہلکا ہلکا تمام بدن پر مالش کریں اور رات کو سوتے وقت ایک وقت مقرر کر کے بچے کے تمام بدن پر تیل لگائیں اور بیمار کو چاہیئے کہ وہ تیل رات کو ایک وقت مقرر کر کے تمام بدن میں لگائے۔ پیٹھ میں کسی سے لگوا لے یا ایک کپڑے کے لمبے ٹکڑے میں تیل لگا کر تمام پیٹھ پر اس طرح ہلائے کہ تمام پیٹھ پر تیل لگ جائے۔
اس کے بعد غسل خانے میں جا کر وہ تیل ناف سے نیچے

پاؤں کے تلوے تک لگا لے۔ تیل اٹھنی کے برابر لینا ہے ہلکا ہلکا لگائے تمام بدن کو تیل سے چپڑنے کی ضرورت نہیں۔ یہ تیل اکتالیس دن لگانا ہے۔ اور پانی پینے کا طریقہ یہ ہے کہ دن میں چار وقت یہ پڑھا ہوا پانی پلایا جائے۔
پلانے کے اوقات یہ ہیں: ایک ایک گھونٹ پلانا کافی ہے
۱۔ صبح ناشتہ سے پہلے ۲۔ دوپہر گیارہ بجے ۳۔ بعد نمازِ عصر ۴۔ بعد نمازِ عشاء۔
سورۃ فاتحہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

ہر مقصد میں کامیابی اور بھاگے ہوئے یا گمشدہ کی واپسی

سورۂ فاتحہ بہت عظیم سورت ہے اس سورت میں شفا بھی ہے اور کامیابی بھی۔ جس صحیح اور درست مقصد کے لئے پڑھی جائے گی انشاء اللہ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ اس کے دو طریقے ہیں۔

پہلا طریقہ یہ ہے کہ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان اکتالیس۴۱ بار بسم اللہ کے آخری میم کے ساتھ الحمد کے شروع کو ملا کر پڑھے الرَّحِيْمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ (رَحِيْمِلْ حَمْدُ لِلّٰهِ)

اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ مغرب کی نماز ادا کر کے اسی جگہ بیٹھے بیٹھے اکتالیس۴۱ مرتبہ پڑھے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر غائب کی واپسی یا مقصد میں کامیابی کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس دن مسلسل دعا کرنے سے ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ مفرور واپس آجائے گا۔ اگر کسی جانور کی گمشدگی کے لئے دعا کرے تو وہ بھی ضرور مل جائے گا اور جو مقصد دل میں ہے وہ بھی انشاء اللہ تعالیٰ

ضرور پورا ہوگا شرط عمل کرنا یقین کے ساتھ پڑھنا ہے۔

سورہ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ
وَعَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ
وَعَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

فتوحات کا جاری ہونا

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ غیب سے فتوحات کا دروازہ کھل جائے اور اس کی ہر ضرورت غیب سے پوری ہوتی رہے تو اس کے لئے روزانہ ایک سو۱۰۰ بار سورۂ والضحیٰ (مکمل سورت) پڑھا کرے، کبھی ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام ضروریات غیب سے

پوری ہوتی رہیں گی۔ اور کبھی کسی کا محتاج نہ رہے گا۔
سورۃ والضحیٰ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
وَالضُّحٰى ۝ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۝ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا
قَلٰى ۝ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ۝ وَلَسَوْفَ
يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝ اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۝ وَوَجَدَكَ
ضَآلًّا فَهَدٰى ۝ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ۝ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا
تَقْهَرْ ۝ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝

میاں بیوی میں محبت کے لئے

اگر میاں بیوی میں محبت کی کمی ہو یا شوہر بیوی کے حقوق کی ادائیگی سے غافل ہے یا بیوی شوہر کے حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی کرتی ہے تو اس کے لئے عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو یہ تعویذ لکھے اور کسی سرسبز اور ہرے بھرے درخت میں کالے کپڑے میں لپیٹ کر لٹکا دے۔ انشاء اللہ تعالےٰ جلد ہی مثالی محبت پیدا ہو جائے گی۔ اگر مرد کی محبت کم ہو تو مرد کا نام اس کی والدہ کے نام کے ساتھ پہلے لکھے اور اگر عورت کی محبت کم ہو تو پہلے عورت اور اس کی والدہ کا نام لکھے اور پھر مرد اور اسکی

والدہ کا نام لکھے۔ مثلاً

حور بانو بنت خدیجہ و شہریار بن حلیمہ بائی



بھاگے ہوئے کو واپس لانا

اگر کوئی بچہ یا بڑا بھاگ گیا ہو یا عورت، نوکر، لڑکی لڑکا غائب ہو گیا ہو تو اس کی واپسی کے لئے مرغی کا ایک تازہ انڈہ لے اور اس کو دھو کر صاف کر لے اس پر ۷۸۶ لکھ کر حروف ابجد لکھے۔ اس کے بعد بھاگے ہوئے یا غائب کا نام لکھے اور اس کی والدہ کا نام لکھے۔ جس کے پاس بلانا ہے اس کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھے اور زمین میں دفن کرے۔ اس ترکیب سے کہ اس انڈے کو گڑھے میں رکھ کر اوپر نیچے اور چاروں طرف راکھ بھر دے اور اوپر مٹی سے گڑھا

بھر کر آگ جلادے۔ انشاء اللہ مفرور اور بھاگا ہوا یا غائب جلد آجائے گا۔ انڈے پر لکھنے کا طریقہ یہ ہے۔

۷۸۶

ا ب ج د۔ ھ و ز۔ ح ط ی۔ ک ل م ن۔ س ع ف ص
ق ر ش ت۔ ث خ ذ۔ ض ظ غ۔ اسلم بن سلمہ
وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ۝

ف۔ تعویذ میں لکھا ہوا نام فرضی ہے۔ جو بھاگنے والے یا غائب کا اصل نام ہو وہ لکھا جائے۔ اور اس کے والد یا والدہ کا نام اس کی والدہ کی نام کے ساتھ لکھا جائے۔

برائے زوالِ شہوت

اگر کسی شخص کو شہوت کا غلبہ ہو اور ہر وقت گناہ کا خدشہ رہتا ہو تو اس کے لئے اسماء الٰہی جن میں ی آتی ہے وہ چینی کی سفید بغیر پھول والی پلیٹ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو لکھیں۔ اور باوضو گھول کر نہار منہ ناشتہ سے قبل منہ دھو کر پی لے۔ سات دن تک مسلسل پینے سے انشاء اللہ تعالیٰ شہوت کا زور ٹوٹ جائے گا۔ اسی کے ساتھ ساتھ روزے بھی رکھے تو بہت مفید ہے اور ایک تسبیح یہ کلمات بھی روزانہ پڑھا کرے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

پلیٹ پر لکھے جانے والے اسماء یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلرَّحِيْمُ۔ اَلْعَزِيْزُ۔ اَلْعَلِيْمُ۔ اَلسَّمِيْعُ۔ اَلْبَصِيْرُ۔ اَللَّطِيْفُ۔ اَلْخَبِيْرُ۔ اَلْحَلِيْمُ۔ اَلْعَظِيْمُ۔ اَلْكَبِيْرُ۔ اَلْحَفِيْظُ۔ اَلْمُقِيْتُ۔ اَلْحَسِيْبُ۔ اَلْجَلِيْلُ۔ اَلْكَرِيْمُ۔ اَلرَّقِيْبُ۔ اَلْمُجِيْبُ۔ اَلْحَكِيْمُ۔ اَلْمَجِيْدُ۔ اَلشَّهِيْدُ۔ اَلْوَكِيْلُ۔ اَلْمَتِيْنُ۔ اَلْحَمِيْدُ۔ اَلْمُعِيْدُ۔ اَلْمُحْيِيْ۔ اَلْمُبْدِئُ۔ اَلرَّشِيْدُ۔

قوتِ مردمی کا کھولنا

بعض مرتبہ لوگ حسد یا دشمنی کے سبب قوتِ مردمی کو باندھ دیتے ہیں جس کے سبب باوجود بھرپور جوانی اور طاقت کے مرد عورت پر قادر نہیں رہتا۔ اس کے لئے یہ تعویذ بارہ عدد لکھے اور ایک تعویذ پلاسٹک میں لپیٹ کر

موم جامہ کرکے کالے چمڑے میں سلوا کر رکھ لے۔ بوقتِ صحبت کمر پر باندھ کر صحبت کرے اور ایک تعویذ روزانہ با وضو گھول کر صبح ناشتہ سے قبل پی لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بندش سے نجات حاصل ہوگی۔

وہ تعویذ یہ ہے

۷۸۶

یا فتاح	تفتحت	بالفتح	والفتح
تفتحت	بالفتح	والفتح	فی فتح
بالفتح	والفتح	فی فتح	یا فتاح
والفتح	فی فتح	فتحك	یا فتاح

الٰہی بحرم کشاد مردی فلاں بن فلانہ تا زندہ باد کشادہ باد

حافظہ میں بے مثال ترقی

اگر کسی کا حافظہ کمزور ہو اور اس کی یادداشت بہتر نہ ہو کہ جو کچھ پڑھتا ہو وہ بھول جاتا ہو تو اس کے لئے شبِ جمعہ (جمعرات کا دن گزرنے کے بعد والی رات) میں رات کے آخری حصہ میں۔ ایسا ممکن نہ ہو تو رات کے درمیانی حصے میں اگر ایسا بھی ممکن نہ ہو تو رات کے ابتدائی حصہ میں (یعنی عشاء کی نماز کے بعد) کھڑے ہو کر چار رکعت نفل

پڑھی جائے۔ پہلی رکعت میں سورت فاتحہ اور سورت یٰسین اور دوسری رکعت میں سورت فاتحہ اور حٰمٓ الدخان اور تیسری رکعت میں سورت فاتحہ اور الٓمٓ تنزیل السجدۃ اور چوتھی رکعت میں سورت فاتحہ اور سورت الملک پڑھی جائے۔ التحیات سے فارغ ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد مثلاً (اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اور اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰانَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰانَا اللّٰهُ) بیان کرے اور اللہ کی ثنا بہترین کلمات مثلاً (لَآ اُحْصِيْ ثَنَآءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَآ اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ) سے کرو اور مجھ نبی پر اور تمام انبیاء کرام پر بہترین طرح درود بھیجو (مثلاً درودِ ابراہیمی کے بعد اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ)

درودِ ابراہیمی یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

اور مرد و زن (عورت مرد) اور ان بھائیوں کے لئے جو تم

سے پہلے ایمان کے ساتھ دنیا سے رخصت ہوئے (مثلاً
کہے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ جَمِیْعَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ اور
کہے رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ
پھر اس کے بعد یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْکِ الْمَعَاصِیْ اَبَدًا مَّا اَبْقَیْتَنِیْ
وَارْحَمْنِیْ اَنْ اَتَکَلَّفَ مَالَا یَعْنِیْنِیْ وَارْزُقْنِیْ حُسْنَ
النَّظَرِ فِیْ مَا یُرْضِیْکَ عَنِّیْ۔ اَللّٰھُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَالْعِزَّۃِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ
اَسْاَلُکَ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِکَ وَنُوْرِ وَجْھِکَ
اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِیْ حِفْظَ کِتَابِکَ کَمَا عَلَّمْتَنِیْ وَارْزُقْنِیْ اَنْ
اَتْلُوَہٗ عَلَی النَّحْوِ الَّذِیْ یُرْضِیْکَ عَنِّیْ اَللّٰھُمَّ بَدِیْعَ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَالْعِزَّۃِ الَّتِیْ
لَا تُرَامُ اَسْاَلُکَ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِکَ وَنُوْرِ
وَجْھِکَ اَنْ تُنَوِّرَ بِکِتَابِکَ بَصَرِیْ وَاَنْ تُطْلِقَ بِہٖ
لِسَانِیْ وَاَنْ تُفَرِّجَ بِہٖ عَنْ قَلْبِیْ وَاَنْ تَشْرَحَ بِہٖ صَدْرِیْ
وَاَنْ تَغْسِلَ بِہٖ بَدَنِیْ فَاِنَّہٗ لَا یُعِیْنُنِیْ عَلَی الْحَقِّ
غَیْرُکَ وَلَا یُؤْتِیْہِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ
الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

یہ عمل تین جمعہ یا پانچ جمعہ یا سات جمعہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے قرآن پاک حفظ کرنا آسان ہو جائیگا اور اگر کوئی اور کتابیں پڑھنا چاہتا ہے یا سبق یاد کرنا چاہتا ہے تو وہ بھی آسانی سے یاد کر سکے گا۔

اسی طرح اگر کوئی بچہ غبی ہو اور پڑھنے میں کمزور ہو تو اس کی والدہ یا والد یا وہ خود اس دعا کو روزانہ تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی صبح و شام اس بچے کو پلا دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا حافظہ کھل جائے گا اور جو کچھ پڑھے گا یاد ہو جائے گا۔ یہ عمل کم از کم چالیس دن متواتر کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔ عمل شرط ہے۔ عمل میں ناغہ چھٹی کرنے سے بے برکتی ہوتی ہے اور اس کا وہ فائدہ حاصل نہیں ہوتا جو مطلوب ہے۔ لہٰذا عمل میں تعداد، حروف کی صحیح ادائیگی پابندی وقت کے ساتھ ساتھ عمل کا مسلسل اور بلا ناغہ کرنا شرط ہے۔

لاعلاج مرض سے شفاء

از علامہ انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ

اگر کوئی شخص ایک یا کئی لاعلاج مرضوں میں مبتلا ہو تو شفاء

کے لئے باوضو ایک یا کئی آدمی مل کر ہر سورت کی آخری آیت پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کریں تو مریض انشاء اللہ تعالیٰ للاعلاج مرض سے نجات پائے گا اور اس کو صحت حاصل ہوگی۔ چونکہ قرآن پاک میں ایک سو چودہ سورتیں ہیں لہٰذا ایک سو چودہ دم ہو گئے۔ یعنی ایک سو چودہ مرتبہ پانی پر دم کرنا ہے۔ جن آیتوں پر سجدہ لکھا ہوا ہے اس آیت کو پڑھ کر پانی پر دم کریں اس کے بعد اللہ اکبر کہہ کر قبلہ رُخ مصلے پر سجدہ کرے۔ تین مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی پڑھے اور اللہ اکبر کہہ کر سر اٹھالے۔ یہ عمل ہر سجدہ کی آیت کے وقت کرنا ہے۔ ایک سو چودہ آیات یہ ہیں، ہر سورۃ کی آخری آیت یہ ہے۔

۱۔ سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃ۔ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

جو شخص چاہتا ہے کہ اس کے علم میں برکت اس کے علم کا فیض دور دور تک پھیلے اور اس کے علم سے لوگ نفع اٹھائیں اور اس کے علم سے استفادہ کرنے کے لئے لوگ اس کی طرف جوق در جوق آئیں اور اس کا انتہائی احترام کریں۔ اور اس کے علم میں مسلسل اضافہ ہوتا رہے اس میں نقص پیدا نہ ہو کہ دماغ کمزور ہو گیا، حافظہ بیکار ہو گیا یا

علمی کاموں سے دور ہوگیا۔ ان تمام برائیوں سے محفوظ رہنے کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ عمل یہ ہے۔
ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھے

سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝

اس کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھے

رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۝

وظائف (وظیفے)

وظائف کے پڑھنے سے دین اور دنیا کے کاموں میں برکت ہوتی ہے۔ قرآن پاک کی تلاوت روزانہ بلاناغہ کیا کرے۔ اس سے دنیا اور آخرت کی بھلائیاں حاصل ہوتی ہیں اللہ تعالیٰ راضی ہوتا ہے اور نامۂ اعمال میں نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ یہ نیکیاں مرنے کے بعد مسلمان کا بہت بڑا سہارا ہوں گی اور آخرت میں نجات کا باعث بنیں گی۔ لہٰذا پابندی کے ساتھ روزانہ تلاوتِ کلام پاک کیا کریں اگر فرصت کم ہو تو تھوڑا پڑھ لے۔ لیکن ناغہ نہ کرے۔ تلاوتِ قرآن پاک دیکھ کر کرنا افضل ہے لہٰذا قرآن شریف سامنے رکھ کر باادب بیٹھ کر تلاوت کرے

قبلہ رُخ بیٹھ کر تلاوت کرے تو زیادہ بہتر ہے۔ قرآن پاک کی تلاوت کے علاوہ مندرجہ ذیل وظائف بھی روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ ان وظائف کی برکت سے انسان ناگہانی آفات مصائب، پریشانیوں سے محفوظ رہتا ہے ہر قسم کے حملے سے محفوظ رہتا ہے ہر قسم کے حادثے سے محفوظ ہو جاتا ہے کاروبار میں برکت ہوتی ہے۔ تھوڑی آمدنی میں برکت کے سبب زیادہ کام ہو جاتے ہیں۔ ہر کام میں آسانی ہوتی ہے۔ مشکل ختم ہو جاتی ہے۔ کھیتی کرنے والا ہل چلانے والا، محنت مزدوری کرنے والا، دفتر میں کام کرنے والا، دوکان پر بیٹھنے والا تھکن محسوس نہیں کرتا اور اپنا کام دلچسپی اور شوق سے کرتا ہے کام میں اس کا دل لگتا ہے۔ چند وظائف یہ ہیں۔

تسبیحاتِ فاطمہؓ

یہ تسبیح حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پیاری بیٹی حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو تلقین فرمائی تھی۔ بی بی فاطمہؓ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ گھر کا کام بہت زیادہ ہوتا ہے کام میں ہاتھ بٹانے کے لئے مجھے ایک خادمہ عنایت فرمادیں۔ آپ نے فرمایا کہ جب

سونے کے لئے لیٹو تو اسے پڑھ لیا کرو یہ تمہارے لئے خادم سے بہتر ہے (بخاری و مسلم)

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس تسبیح کا پنج گانہ نماز کے بعد پڑھنے والا نامراد نہیں رہتا۔ (مسلم)

تسبیح فاطمی یہ ہے

ہر نماز ختم کرنے کے بعد تینتیس ۳۳ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ اور تینتیس ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اور چونتیس مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ پڑھے۔ (مشکوٰۃ) اس کے پڑھنے کی برکت سے ہر کام میں کامیابی ہوگی۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ تھکن محسوس نہ ہوگی

دوسرا وظیفہ آیۃ الکرسی۔ قرآن پاک کی آیۃ الکرسی سب سے بڑی آیت ہے۔ اس کا پانچوں نمازوں کے بعد پڑھنے والا بہت سی آفات و بلیات سے محفوظ رہتا ہے۔ اس کو اس کی موت کے سوا کوئی چیز جنت میں جانے سے نہیں روکتی (بیہقی)

جو شخص اس آیۃ الکرسی کو سوتے وقت پڑھے گا اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک فرشتہ نگہبان مقرر ہو جاتا ہے اور اس کو شیطان کی طرف سے کسی قسم کا ضرر (نقصان) نہیں پہنچتا۔ (بخاری)

ہر نماز کے بعد سر پر دایاں ہاتھ رکھ کر گیارہ بار یَا قَوِیُّ

پڑھنا دماغ کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

یَا نُوْرُ گیارہ بار ہر نماز کے بعد پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں کو لگانا نظر کے لئے فائدہ مند ہے اسی طرح فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآءَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ ۳ تین مرتبہ پڑھ کر انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں کو لگائے تو انشاء اللہ تعالیٰ بصارت میں کمی نہ ہوگی بلکہ جس قدر نقصان ہو گیا ہوگا وہ بھی جاتا رہے گا۔

ہر نماز کے بعد گیارہ بار رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا پڑھا کرے اس سے علم میں ترقی ہوگی۔

جنت میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت حاصل ہونے کے لئے اَللّٰھُمَّ اَعِنَّا عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ۔ جو شخص یہ دعا ہر فرض نماز کے بعد ایک بار پڑھ کر بخشش کی دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف ہوں گے۔

جو شخص ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھے گا وہ شخص انشاء اللہ تعالیٰ قیامت کے دن باایمان اٹھے گا۔ وہ دعا یہ ہے

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنَا وَھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً ۚ اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ ۝

ہر قسم کا رنج وغم دور کرنا

ہر نماز کے بعد سات بار یہ کلمات پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا رنج وغم دور ہوگا، مشکل آسان ہوگی اور ہر مصیبت دور ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ط

آتشِ دوزخ سے حفاظت

جو شخص نمازِ فجر اور مغرب کی نماز کے بعد کسی سے بات کرنے سے پہلے اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ سات مرتبہ پڑھے گا وہ اگر اُس دن یا اُس رات میں مرگیا تو آتشِ دوزخ سے محفوظ رہے گا۔ (ابوداؤد)

جو شخص فجر کی نماز کے بعد تین بار

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ

الْمُتَكَبِّرُ ط سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ط يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

تو اس کے لئے اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتے مقرر کرتا ہے جو اس کے لئے بخشش کی دعا شام تک کرتے ہیں۔ پھر اگر وہ شخص اس دن مرجائے تو شہید مرتا ہے اور جو شام کو پڑھے تو صبح تک اس کے لئے فرشتے بخشش کی دعا کرتے ہیں اگر رات کو مرجائے تو شہید مرے گا۔

ہر قسم کے نقصان، بلا اور مصیبت سے حفاظت کا وظیفہ

جو شخص ہر صبح وشام تین تین بار پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ط

وہ شخص ہر نقصان، ہر چیز کے نقصان پہنچانے سے محفوظ رہے گا۔ مثلاً ہر قسم کی غلط دوا، زہر، جادو کئے ہوئے کھانے کے نقصان سے محفوظ رہے گا اور کوئی بلا اور مصیبت اس پر نہیں آئے گی۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہے گا۔

نیکیاں ملیں، گناہ دور ہوں اور شیطان سے امن

جو شخص صبح کو بعد نمازِ فجر یہ پڑھے صرف ایک بار

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔

تو اس کو اتنا ثواب ملتا ہے گویا اس نے ایک غلام آزاد کیا، اور اس کے نامۂ اعمال میں دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور اس سے دس برائیاں دور کی جاتی ہیں اور اس کے دس درجے بلند کئے جاتے ہیں اور شام تک وہ شیطان سے امن میں رہتا ہے اور یہی کلمات شام کو بعد نمازِ مغرب پڑھ لیا کرے تو رات کو بھی یہی اجر و ثواب پاتا ہے۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ)

دو کلمے زبان پر آسان لیکن میزانِ عمل میں بھاری

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ دو کلمے زبان سے آسانی سے ادا ہو جاتے ہیں لیکن میزانِ عمل (اعمال تولنے کی ترازو جو قیامت کے دن ہوگی) میں ان کا وزن بہت بھاری ہوگا وہ کلمات یہ ہیں۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ ان کلمات کی عظمت کا تقاضہ ہے کہ ہر مسلمان روزانہ ان کو پڑھ لیا کرے۔ اگر ممکن ہو تو ایک سو مرتبہ صبح کو پڑھ لے ورنہ ایک سو مرتبہ شام کو پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی نیکیوں کا پلڑا بھاری ہو جائے گا اور آسانی کے ساتھ بخشش ہو جائے گی۔

ہر قسم کے غم سے نجات

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی غم پیش آتا تو یہ دعا پڑھتے تھے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ

یہ دعا روزانہ صبح کو ایک سو بار پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ سارا دن ہر قسم کے غم و فکر سے محفوظ رہے گا اور خوشی و مسرت کے ساتھ اپنا دن گذارے گا

جنت کا خزانہ حاصل ہونا

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ (بخاری و مسلم)

جنت کا خزانہ حاصل کرنے کا بالکل آسان طریقہ یہ ہے کہ روزانہ بعد نمازِ فجر ایک سو بار روزانہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جنت کے خزانے کا مالک بن جائے گا۔

گناہوں سے پاک ہونا

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے کہا

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ

دن میں ایک سو بار، تو دور کئے جاتے ہیں گناہ اس سے اگرچہ ہوں مانند جھاگ سمندر کے۔ (بخاری و مسلم)

یہ آسان کلمات بعد نمازِ فجر پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ بہت سے گناہوں کی معافی کا سبب بن جائے گا۔ یہ اللہ تعالیٰ کا اپنے مسلمان بندے پر بہت بڑا احسان ہے کہ چند آسان کلمات کی ادائیگی سے اجر و ثواب بے حساب عطا فرماتا ہے۔ گھر میں خیر و برکت ہوتی ہے، ہر قسم کے ناگہانی حملوں اور آفات سے محفوظ رہتا ہے۔ ان کلمات کا وظیفہ کرنے والا کبھی پریشان نہ ہوگا، اسے ہر وقت اللہ تعالیٰ کی غیبی مدد حاصل رہے گی۔

تکلیف دینے والی چیز سے حفاظت

ایک حدیث شریف میں آیا ہے کہ جس نے سوتے وقت سورۂ فاتحہ و سورۂ اخلاص پڑھی وہ (ایذا دینے والی) ہر چیز سے محفوظ ہو گیا سوائے موت (مشکوٰۃ)

دونوں سورتیں ہر مسلمان کو یاد ہوتی ہیں رات کو سوتے وقت ان دونوں کو ضرور پڑھ کر سویا کرے انشاء اللہ تعالیٰ سانپ، بچھو، درندے اور نقصان پہنچانے والے کیڑے،

مکوڑے جانوروں کے ضرر سے محفوظ رہے گا۔ سورۂ فاتحہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا
الضَّآلِّيْنَ ۝

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝
وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

خود اور پڑوسیوں کی حفاظت

جو شخص آیۃ الکرسی کو سوتے وقت پڑھے خدا تعالیٰ اس کو اور اس کے سب پڑوسیوں کو امن میں رکھتا ہے۔ (بیہقی)

روزانہ پابندی کے ساتھ آیۃ الکرسی کا عمل کرنے والا یعنی رات کو ایک مرتبہ سوتے وقت پڑھنے والا چور، ڈاکو، لٹیرے، حملہ آور، نقصان پہنچانے والے سے محفوظ ہو جاتا ہے انشاء اللہ تعالیٰ

آرام سے رات گذارے گا۔ آیۃ الکرسی یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ
سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ
يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ
بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ
الْعَظِيْمُ ۝

دوکان کی بندش ختم، روزی میں برکت کاروبار میں ترقی

از حضرت سید نفیس شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

اگر کوئی روزی کی تنگی یا دوکان پر کاروبار میں مندی اور قرضے کی وجہ سے پریشان ہو تو اس نقش کو باوضو لکھ کر گھر میں فریم کرا کر لگالے۔ اسی طرح بڑے حروف میں باوضو لکھوا کر دوکان میں دروازے کے بالکل سامنے والی دیوار پر فریم کرا کر لگا دے اور ایک نقش باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کر کے گلے (پیسہ رکھنے کے ڈبے) میں رکھ دے اور

اسی طرح ایک نقش گھر میں پیسے رکھنے کے بٹوے یا صندوق یا الماری میں موم جامہ کر کے رکھ دے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بندش کھلے گی اور کاروبار ترقی کرے گا۔ قرضہ ادا ہوگا اور گھر اور دوکان میں برکت ہوگی۔ وہ نقشِ معظم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ

قُلْ	هُوَ	اللّٰهُ	اَحَدٌ
اَللّٰهُ	الصَّمَدُ	لَمْ	يَلِدْ
وَلَمْ	يُوْ	لَدْ	وَلَمْ
يَكُنْ	لَّهٗ	كُفُوًا	اَحَدٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۭ

يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ
يَا حَيُّ ۭ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّةِ مِنْ شَرِّ
كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَآمَّةٍ وَّعَيْنٍ لَّآمَّةٍ تَحَصَّنْتُ
بِحِصْنِ اَلٓفَ اَلٓفَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ
الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اِلٰهِيْ بِحُرْمَةِ يٰسٓ لَنَا

مَکْلِمِیْنَا کَشْفُوْطَطْ کَتَافَطْیُوْنَسْ
طَبْیُوْنَسْ یُوَانِسْ بُوْسْ وَکَلْبُھُمْ قِطْمِیْرٌ
وَعَلَی اللّٰہِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْھَا جَائِرٌ وَلَوْ
شَآءَ لَھَدٰکُمْ اَجْمَعِیْنَ ۝ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی
خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ
وَصَحْبِہٖ وَبَارَکَ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا ۝

ہر قسم کے شر اور نقصان سے حفاظت

اگر خدانخواستہ کسی شخص نے کوئی جرم کرلیا ہو یا قتل کر دیا ہو یا اس پر ناگہانی طور پر قتل یا چوری یا ڈاکے کا الزام آگیا ہو یا کسی طور پر بے گناہ پکڑا گیا ہو تو اس طلسم کو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور سفید موم میں موم جامہ کر کے زبان کے نیچے رکھ لے اور حاکم کے روبرو پیش ہو انشاء اللہ تعالیٰ حاکم نرم دل ہو جائے گا اور اس کے قلم اور زبان سے کوئی نقصان نہ پہنچے گا اور باعزت بری ہو جائے گا۔

ع ۷۲۷ ۵۲ ۱۱۹ ۱۱ ۱۱۱۸ ۱۱ ۹۱م
۷۸۸۱۱۳ سہ ۱۱۱۱ ۱۶۴ ۷

بھاگے ہوئے کو بلانا

اگر کوئی لڑکا، لڑکی، عورت مرد، بچہ بھاگ گیا ہو اور اس کو بلانا منظور ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور فتیلہ بنا کر روغنِ زیتون (زیتون کے تیل) میں اس کو روشن کر کے اس طرح کہ فتیلہ پر نئی اور پاک روئی لپیٹ لے اور بتی بنا کر کورا مٹی کا چراغ لے کر اس میں زیتون کا تیل ڈال کر روشن کرے انشاء اللہ تعالیٰ غائب فوراً واپس ہوگا۔ اگر زیادہ دور چلا گیا ہے تو کچھ دن بعد حاضر ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں یا رحیم کل صریخ و مکروب وغیاثہ و معاذہ یا سم (بھاگنے والے اور اس کی ماں کا نام) عَلٰی حُبِّ (بلانے والے اور اس کی ماں کا نام لکھے

عورت، گائے، بکری کا دودھ کم ہو جائے

اگر نظرِ بد کی وجہ سے یا کسی اور سبب سے عورت کا دودھ کم ہو جائے یا گائے بکری کا دودھ کم ہو جائے یا اس میں سے مکھن کم نکلے تو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے سفید کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے عورت، گائے بکری کے

گلے میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ عورت کے پستانوں میں خوب دودھ پیدا ہوگا اور گائے اور بکری کے تھن دودھ سے بھر جائیں گے اور تھن بھی کثرت سے نکلے گا۔ گائے اور بکری کا پہلے دن کا دودھ خیرات کر دیا جائے۔ اور عورت کی طرف سے کچھ صدقہ خیرات کر دیا جائے۔

وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ۝

نظر بد سے نجات

اگر کسی کو بار بار نظر لگ جاتی ہو۔ بچہ ہو یا بڑا، مرد ہو یا عورت ایسی صورت میں چرخے کے کاتے ہوئے سوت کو نیلا رنگ لے یا اگر چرخے کا کاتا ہوا سوت نہ ملے تو سوتی دھاگے کی نیلی گنٹی لے کر اس کے نو تار (نو دھاگے) ایک ہاتھ کے برابر لے کر ان کو برابر کر لیا جائے اور سات بار درود شریف

اور تین بار سورۃ اخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) پوری پڑھ کر ان دھاگوں میں ایک گرہ لگا کر دم کرے۔ اسی طرح یہ عمل چھ مرتبہ کر کے چھ گرہ لگیں گی اور ہر گرہ پر دم کرنا ہوگا۔ یہ دھاگہ مریض کے گلے میں ڈال دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ بار بار لگنے والی نظر بد سے محفوظ ہو جائے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

جانور کو نظر بد لگ جانا

اگر گائے بکری، گھوڑا، اونٹ، بھیڑ وغیرہ کو نظر بد لگ جائے اور اس کے سبب جانور بیمار ہو جائے یا کھانا پینا چھوڑ دے

اور سست ہو جائے۔ یا گائے، بکری، بھیڑ، اونٹنی کم دودھ دینے لگے یا اس کے تھن سوکھ جائیں۔ کالی اون کے نو تار دو ہاتھ کے برابر لے کر ان پر چھ گرہ لگائی جائیں۔ اور ہر گرہ پر سات بار درود شریف اور تین بار سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کرے اور جانور کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جانور نظر بد سے محفوظ ہو جائے گا اور تندرست ہو جائے گا۔ اور بکری، گائے، بھیڑ، اونٹنی خوب دودھ دینے لگے گی۔

درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

گم شدہ کی واپسی

اگر کوئی لڑکا، لڑکی، مرد، عورت یا نوکر، ملازم یا نوکرانی

یا ملازمہ گھر سے بھاگ گئی ہو یا زیور اور رقم لے کر بھاگے ہوں تو ان کی واپسی اور پتہ معلوم کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیات باوضو کالی کچی روشنائی یا عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور کسی اندھیری کوٹھڑی میں یا کسی کمرے میں دو پتھروں یا وزن دار چیز کے نیچے دبا دے اس طرح کہ تعویذ پر وزن پڑے اور اوپر سے کمبل یا رضائی ڈال دے تاکہ بالکل اندھیرا ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مفرور جلد واپس آجائے گا اگر دور گیا ہے تو ہو سکتا ہے دیر لگے لیکن اس کا پتہ جلد لگ جائے گا۔ جب مفرور یا گمشدہ واپس آجائے تو تعویذ کو وزن کے نیچے سے فوراً نکال لے ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔ جس جگہ فلاں بن فلاں یا فلانہ بنت فلانہ کا لفظ ہے وہاں بھاگنے والے یا بھاگنے والی یا مفرور اور اس کی ماں کا نام لکھے۔ باپ کا نام نہ لکھے۔ مجرب عمل ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ۭ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ۭ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝

اور سست ہو جائے۔ یا گائے، بکری، بھیڑ، اونٹنی کم دودھ دینے لگے یا اس کے تھن سوکھ جائیں۔ کالی اون کے نو تار دو تار کے برابر لے کر ان پر چھ گرہ لگائی جائیں۔ اور ہر گرہ پر سات بار درود شریف اور تین بار سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کرے۔ اور جانور کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جانور نظر بد سے محفوظ ہو جائے گا اور تندرست ہو جائے گا۔ اور بکری، گائے، بھیڑ، اونٹنی خوب دودھ دینے لگے گی۔

درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

گم شدہ کی واپسی

اگر کوئی لڑکا، لڑکی، مرد، عورت یا نوکر، ملازم یا نوکرانی

یا ملازم گھر سے بھاگ گئی ہو یا زیور اور رقم لے کر بھاگے ہوں تو ان کی واپسی اور پتہ معلوم کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیات باوضو کالی کچی روشنائی یا عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور کسی اندھیری کوٹھڑی میں یا کسی کمرے میں دو پتھروں یا وزن دار چیز کے نیچے دبا دے اس طرح کہ تعویذ پر وزن پڑے اور اوپر سے کمبل یا رضائی ڈال دے تاکہ بالکل اندھیرا ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مفرور جلد واپس آجائے گا اگر دور گیا ہے تو ہو سکتا ہے دیر لگے لیکن اس کا پتہ جلد لگ جائے گا۔ جب مفرور یا گمشدہ واپس آجائے تو تعویذ کو وزن کے نیچے سے فوراً نکال لے ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔ جس جگہ فلاں بن فلاں یا فلانہ بنت فلانہ کا لفظ ہے وہاں بھاگنے والے یا بھاگنے والی یا مفرور اور اس کی ماں کا نام لکھے۔ باپ کا نام نہ لکھے۔ مجرب عمل ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ۝ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ۝ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝

فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ
اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝
يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ
فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۝
حَتّٰٓى اِذَا اسْتَيْـَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ
نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَآءُ ؕ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ
الْمُجْرِمِيْنَ ۝
لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ؕ مَا كَانَ
حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ
كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

خونی پیچش یا خونی دست

اگر کسی شخص کو خونی پیچش یا خونی دست آرہے ہوں اور شدید درد ہوتا ہو تو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک کاغذ پر یہ آیت لکھے اور باوضو پانی میں گھول کر رکھ دے۔ اور مریض کو دن بھر تھوڑا تھوڑا پانی پلاتا

رہے پانی پینے والے کا باوضو ہونا ضروری نہیں ہے تعویذ لکھنے والا، تعویذ پانی میں گھولنے والا باوضو ہونا ضروری ہے جب تک مکمل آرام نہ آجائے روزانہ لکھ کر پلاتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد صحت حاصل ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ
رَبِّ اِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ
مِنِّيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

پاگل کتے کے کاٹے کا اثر زائل کرنا

تین چھٹانک نمک پسا ہوا لے کر باوضو اول درود شریف گیارہ بار پڑھے اس کے بعد بسم اللہ کے ساتھ گیارہ بار سورۃ قریش پڑھے۔ اس کے بعد یہ کلمات زبان سے ادا کرے اور یہ دم کیا ہوا نمک مریض گیارہ دن تک کھانے میں استعمال کرے اور ویسے بھی زبان سے چاٹ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ پاگل کتے کے کاٹے کا اثر دور ہوگا اور مریض کو صحت حاصل ہوگی۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ
عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

سورۃ قریش یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

اس کے بعد یہ الفاظ کہے۔

الٰہی بحرمت خواجہ محمد صادق ابن حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرھندی قدس سرہ بحکم ببرکت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم این اثر سگِ دیوانہ گم شد

گم شدہ یا بھاگنے والے کو واپس لانا

اگر کوئی بچہ یا بڑا گھر سے بھاگ گیا ہو یا اچانک گم ہوگیا ہو اس کے لئے عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ذیل کا تعویذ بنائے اور لکھ کر انار کے درخت (یا کسی سبز درخت میں اس طرح لٹکائے کہ نقش ہلتا رہے) میں لٹکا دے

(لٹکانے سے پہلے اسے کالے کپڑے میں سی لے اور کالا ہی دھاگا ہو۔ بھاگنے یا گم ہو جانے والے کا نام مع اس کی والدہ کے نام کے لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا یا گم شدہ فوراً واپس آجائے گا اگر دور پہنچ گیا ہے تو چند دن میں واپس آجائے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔



مدرسہ، مکتب، اسکول یا پڑھائی سے بھاگنے والا بچہ

بعض بچوں کی اپنے مدرسے یا اسکول سے چھٹیاں کرکر کے عادت خراب ہو جاتی ہے اور گھر سے مدرسہ یا اسکول جانے کے بجائے اِدھر اُدھر گلیوں میں گھوم پھر کر گھر واپس آجاتے ہیں۔ جب والدین کو پتہ چلتا ہے تو سختی کرتے ہیں تو بچہ گھر سے بھاگ جاتا ہے۔ بعض اساتذہ بھی ظالم ہوتے

ہیں بچوں کو بہت سخت مار پٹائی کرتے ہیں جس سے بچے کا دل پڑھائی سے اچاٹ ہو جاتا ہے اور وہ آوارہ گردی کرنے لگتا ہے۔ والدین پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ بچے کو ایسے ظالم استاد کے پاس دوبارہ نہ لے جائے بلکہ شفیق، مہربان اور نرم دل استاد کے پاس بچے کو پڑھانے بٹھائے اور یہ تعویذ باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں کالی ڈوری کے ساتھ سلوا کر بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ شوق سے پڑھنے لگے گا۔ اور بھاگنا اور آوارہ گردی چھوڑ دے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ۝ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ۝ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ ۝ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ۝ وَاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ ۝ يَصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ ۝ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِيْنَ ۝

موذی اور سخت قسم کے امراض سے نجات

اگر کوئی سخت تکلیف دینے والے امراض میں مبتلا ہو جس کی

وجہ سے کسی طرح بھی آرام و سکون نہیں ملتا۔ اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے کاغذ پر لکھیں اور ایک چینی کی پلیٹ پر لکھے اور کاغذ کو لپیٹ کر تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے۔ یا عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے اور اگر مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھ لے۔ اختیار ہے گلے میں ڈالے یا بازو پر باندھے۔ پلیٹ کو باوضو پانی میں گھول کر وہ پانی مریض کو دن بھر میں چار مرتبہ پلائے۔ پلانے کے اوقات یہ ہیں۔

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل

۲۔ دوپہر گیارہ بجے دن

۳۔ شام بعد نماز عصر

۴۔ بعد نمازِ عشاء

دوسرے دن پھر باوضو ایک پلیٹ لکھ کر تیار کرے اور پانی میں گھول کر اسی طرح چار وقت پلائے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک مریض مکمل طور پر صحت یاب ہو جائے اور تکلیف دور ہو جائے۔

اگر کسی جگہ زخم ہو یا سخت درد ہو تو سرسوں کا اصلی تیل ایک بوتل میں لے کر پلیٹ کا تھوڑا پانی اس میں ڈال کر رکھ لیں

اور مریض کے درد کی جگہ لگائیں یا زخم پر روئی سے لگائیں اور تیل میں روئی تر کر کے پٹی باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ درد جلد ختم ہوگا اور زخم جلد درست ہو جائے گا۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ الْهَامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ ط

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔

يَا شَافِيْ يَا شَافِيْ يَا شَافِيْ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ ط

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ط وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ

اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۔

بخار دور کرنے کے لئے

اگر کسی کو بخار رہو اور نہ جاتا ہو مسلسل بخار رہتا ہو تو اس کے لئے باوضو زعفران کو عرقِ گلاب میں گھول کر اس سے یہ تعویذات لکھیں اور روزانہ دن میں تین مرتبہ باوضو گھول کر مریض کو پلائیں۔ پلانے کے اوقات یہ ہیں۔

صبح ناشتہ سے قبل پہلا تعویذ پلائیں۔ تعویذ کو وضو کر کے گھولیں۔

دوپہر گیارہ بجے وضو کر کے دوسرا تعویذ پانی میں گھول کر پلائیں

تیسرا تعویذ بعد نمازِ عصر مغرب کی اذان سے قبل باوضو پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں۔ تعویذ یہ ہیں۔

(۱) بِسْمِ اللّٰهِ نَزَّتْ

(۲) بِسْمِ اللّٰهِ قَلَّتْ

(۳) بِسْمِ اللّٰهِ مَرَّتْ

چھوٹے بچے کا رونا

چھوٹا بچہ اچانک چونک کا رونے تو اس وقت وضو کر کے

دائیں کان میں اذان کہے اور بائیں میں تین مرتبہ تکبیر کہے۔
انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونے سے رُک جائے گا۔

اگر بچہ مسلسل روتا رہتا ہے اور سوتا بھی نہیں ہے تو آیت ذیل باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور لپیٹ کر باوضو موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں سلوا کر کالی ڈوری کے ساتھ بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ اکثر رونے کی عادت چھوڑ دے گا۔ اور صحیح ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۝

برائے مسان سوکھا

مسان کا مرض بہت خطرناک ہے۔ بچے کا گوشت گھلتا چلا جاتا ہے اور ہڈی اور چمڑا رہ جاتا ہے۔ اس کے لئے باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو ہی لکھیں۔ بغیر وضو کے ہرگز نہ لکھیں۔ چند کاغذوں پر لکھ کر رکھ لیں۔ ایک کاغذ کو موڑ کر تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے کالی ڈوری کے ساتھ کالے چمڑے میں کر کے سلوا کر بچے کے گلے میں ڈال دیں اور چالیس دن تک ایک تعویذ باوضو پانی میں گھول کر بچے کو چار وقت پلائیں۔

پلانے کے اوقات یہ ہیں

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل
۲۔ دوپہر گیارہ بجے
۳۔ بعد نماز عصر
۴۔ بعد نمازِ عشاء۔

وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۳۹۰۹	۳۹۰۴	۳۹۱۱
۳۹۱۰	۳۹۰۸	۳۹۰۶
۳۹۰۵	۳۹۱۲	۳۹۰۷

۴۱ بار باوضو چہل کاف پڑھ کر ایک پاؤ لوبان پر دم کر کے رکھ لے اور کوئلے کی آگ تیار کر کے رکھ لے اور کوئلے کی آگ تیار کر کے اس پر تھوڑا لوبان ڈال کر بچے کے بدن کو دھونی دے۔ یا لوبان کا برتن نیچے رکھ کر بچے کو اس کے اوپر کر کے دھونی دے۔ یہ عمل اکتالیس دن کرے۔

چہل کاف یہ ہے۔

كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً كِفَاكُهَا
كَكَمِيْنٍ كَانَ مِنْ كُلَلٍ

تَكْرِيْرًا اَلْكَرِّ اَلْكَرِّ فِيْ لَبَدٍ تَحْلِيْ مُشَكْشَكَةً كَالْمُهْلِ كَالْ
كَهَاكَ مَا فِيْ كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَتَهٗ يَا كَوْكَبًا كَانَ تَحْكِ
كَوْكَبُ الْفَلَكِ

مریض بچے کے جسم پر صبح کے وقت یہ تیل لگانا ہے۔ صرف ایک وقت مقرر کر کے لگانا ہے۔ چاہے تو تیل لگانے کے ایک گھنٹہ بعد بچہ کو نہلا دیں۔ سردی کی وجہ سے نہ نہلائیں یا محض نہلانے کا ارادہ نہیں ہے۔ تو کچھ حرج نہیں۔ بدن پر تیل لگا رہنے دیں یا ایک گھنٹہ بعد کپڑے سے صاف کر دیں۔ تیل شروع کرنے سے پہلے بچہ کا سر استرے سے منڈوا دیں۔ تیل سر سے پیر تک تمام بدن پر لگائیں جسم کا کوئی حصہ تیل سے خالی نہ رہ جائے۔ تیل آہستہ آہستہ لگائیں زور سے نہ رگڑیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مکمل فائدہ ہوگا اور بچہ تندرست ہو جائے گا ایک کلو یا ڈیڑھ کلو سفید تل لیں۔ ان کو صاف کر کے دھو کر سکھا لیں اور اس کا تیل لکڑی کے کولہو میں نکلوائیں۔ پلاسٹک کی بوتل بھر کر اس پر مندرجہ ذیل آیات باوضو پڑھ کر پھونک ماریں۔ وہ آیات یہ ہیں۔

سورۃ الفاتحہ مع بسم اللہ آخر تک تین مرتبہ۔
آیۃ الکرسی تین مرتبہ۔

وَالصّٰفّٰتِ سے مِنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ تک تین مرتبہ
سورہ جن شروع سے شَطَطًا تک تین مرتبہ
چاروں قل۔ تین تین مرتبہ
سورۃ فاتحہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ
الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ يَعْلَمُ
مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ
عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ
وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

وَالصّٰفّٰتِ سے مِنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَالصّٰفّٰتِ صَفًّا ۝

تَكْرُكْرًا الْكَرَّ الْكَرِّ فِيْ لَبَدٍ تَحْلِي مُشَكْشَكَةً كُلُكُلُكِ كَلَكٍ
كَفَاكَ مَابِيْ كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَتَهٗ يَا كَوْكَبًا كَانَ تَحْلِي
كَوْكَبُ الْفَلَكِ

مریض بچے کے جسم پر صبح کے وقت یہ تیل لگانا ہے۔ صرف ایک وقت مقرر کر کے لگانا ہے۔ چاہے تو تیل لگانے کے ایک گھنٹہ بعد بچہ کو نہلا دیں۔ سردی کی وجہ سے نہ نہلائیں یا محض نہلانے کا ارادہ نہیں ہے۔ تو کچھ حرج نہیں۔ بدن پر تیل لگا رہنے دیں یا ایک گھنٹہ بعد کپڑے سے صاف کر دیں۔ تیل شروع کرنے سے پہلے بچہ کا سر استرے سے منڈوا دیں۔ تیل سر سے پیر تک تمام بدن پر لگائیں جسم کا کوئی حصہ تیل سے خالی نہ رہ جائے۔ تیل آہستہ آہستہ لگائیں زور سے نہ رگڑیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ مکمل فائدہ ہوگا اور بچہ تندرست ہو جائے گا
ایک کلو یا ڈیڑھ کلو سفید تل لیں۔ ان کو صاف کر کے دھو کر سکھا لیں اور اس کا تیل لکڑی کے کولہو میں نکلوائیں۔ پلاسٹک کی بوتل بھر کر اس پر مندرجہ ذیل آیات باوضو پڑھ کر پھونک ماریں۔ وہ آیات یہ ہیں۔

سورۃ الفاتحہ مع بسم اللہ آخر تک تین مرتبہ۔
آیۃ الکرسی تین مرتبہ۔

وَالصّٰفّٰتِ سے مِنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ تک تین مرتبہ
سورہ جن شروع سے شَطَطًا تک تین مرتبہ
چاروں قل۔ تین تین مرتبہ
سورۃ فاتحہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ
الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ
مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ
عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ
وَلَا يَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

وَالصّٰفّٰتِ سے مِنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَالصّٰفّٰتِ صَفًّا ۝

فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۝ اِنَّ اِلٰهَكُمْ
لَوَاحِدٌ ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ
الْمَشَارِقِ ۝ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ۨ الْكَوَاكِبِ ۝
وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى
وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝
اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ
اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ۭ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝

سورہ جن شروع سے لے کر شَطَطًا تک یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ
نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝ يَّهْدِيْٓ
اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ۭ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ
تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ
كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۝

چاروں قل یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا
عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۭ لَكُمْ

دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

(۲) سورۃ الاخلاص یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ
يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

(۳) سورۃ الفلق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ
وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ
فِي الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

(۴) سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ
النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ
يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

سانپ کے کاٹے کا علاج

اگر کسی کو سانپ نے ڈس لیا ہو (کاٹ لیا ہو) اور کوئی آدمی اس کی خبر لے کر آئے کہ فلاں بن فلاں کو سانپ نے ڈس لیا ہے تو اسی وقت باوضو یہ آیت تین بار پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کرے اور اس شخص کو پلا دے جو خبر لے کر آیا ہے انشاء اللہ تعالیٰ سانپ کا ڈسا ہوا (کاٹا ہوا) صحت یاب ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝ (طٰہٰ آیت ۶۹ رکوع ۳ پارہ ۱۶)

جنات و سحر وغیرہ کو ختم کرنے کا عمل

اگر کسی کو جنات تنگ کریں یا کسی پر جنات کا اثر ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیات باوضو بغیر پھول والی چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھیں۔ اس کے بعد اس پلیٹ کو لوبان کی اور اگربتی کی دھونی دیں۔ اس کے بعد مریض پر لوبان کی دھونی دیں۔ اس کے بعد پلیٹ کو ایک

بڑے برتن میں پانی ڈال کر گھول لیں لکھے ہوئے کو پانی میں ملا لیں اس کے بعد پانی سے تین کام لینے ہیں

اول: یہ کہ اس پانی میں سے ایک بڑی بوتل بھر کر الگ رکھ لی جائے۔ اس بوتل کا پانی روزانہ چار وقت مریض کو پلانا ہے۔ ایک ایک گھونٹ۔ پلانے کے اوقات یہ ہیں۔ (۱) صبح ناشتہ سے پہلے (۲) دوپہر گیارہ بجے (۳) بعد نمازِ عصر (۴) بعد نمازِ عشاء۔

۲۔ دوسرا کام یہ ہے کہ دو بوتل پانی اس میں سے بھر کر نکال لیں۔ اور وہ پانی روزانہ مکان کے ہر ہر کونے، اسٹور، باورچی خانے میں چار وقت چھڑکیں۔

(۱) صبح سورج نکلنے کے بعد (۲) دن گیارہ بجے (۳) بعد نماز عصر (۴) رات کو بعد نمازِ عشاء۔ البتہ یہ پانی غسل خانے اور پاخانے میں نہیں چھڑکا جائے گا۔

۳۔ تیسرا کام یہ ہے کہ بقیہ پانی ایک بالٹی میں ڈال کر اور پانی ملا کر مریض کو اس سے ایسی جگہ غسل دیں کہ غسل کا پانی گٹر لائن یا گندی نالی میں نہ جائے بلکہ ایسی جگہ نہلائیں جہاں پانی زمین میں جذب ہو جائے۔ اگر گھر میں جگہ نہ ہو تو باہر غسل کرلے لیکن شرط وہی ہے پانی گٹر لائن یا گندی نالی یا کچرے

کوٹے میں جائے۔ غسل کے بعد یہ نقش باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھ کر اس میں گیارہ الائچی ڈال کر لپیٹ دیں اور موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں کالی ڈوری کے ساتھ سلوا کر تیار رکھیں۔ اور غسل کے فوراً بعد مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

یہ عمل ہر دس دن بعد کرنا ہے یعنی تین مرتبہ۔ دس دس دن بعد کل تیس دن کا عمل ہے۔ تعویذ جو پہلے غسل کے بعد پہنا تھا وہی رہے گا۔ باقی تمام کام اُسی طرح کرنے ہیں۔

وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۗ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ۭ وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ۭ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ۭ وَمَا هُمْ بِضَاۗرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ۭ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۭ وَلَبِئْسَ

مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ ۭ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ۭ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ۝

سحر، جادو، سفلی سے نجات

اگر کسی شخص پر سحر، جادو، سفلی کے اثرات ہوں یا کسی بھی طرح کی بندش کر دی گئی ہو تو اس کو کھولنے اور سحر، جادو، سفلی کے اثرات کو ختم کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیات ایک بار

باوضو پڑھ کر ایک پاک بالٹی میں پانی بھر کر اس پانی پر دم کرے اور مریض کو ایسی جگہ بٹھا کر اس کے سر پر پانی ڈال دے اس طرح کہ اس کا سارا بدن پانی سے بھیگ جائے۔ اس پانی کو کسی میدان میں یا کھیت میں ڈال دیا جائے۔ یہ پانی گٹر یا گندی نالی میں نہ بہایا جائے۔ اس کا سب سے اچھا طریقہ یہ ہے کہ لوہے کا بڑا ٹب لے کر اس میں مریض کو بٹھا کر پانی ڈال دیا جائے اور وہ پانی دور لے جا کر پاک مٹی میں یا میدان میں یا کھیت میں ڈال دیا جائے کہ خشک ہو جائے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ۝

ہر مشکل مہم اور اہم کام کے لئے اکسیر عمل

نیا چاند دیکھنے کے بعد کسی بھی تاریخ سے کسی ایک نماز کے بعد پابندی کے ساتھ بلاناغہ اکیس دن تک مسلسل یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی اور مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی شرط یہ ہے کہ مقصد جائز ہو۔ ناجائز کام کے لئے کرے گا تو خود نقصان اٹھائے گا اور ہرگز کامیاب نہ ہوگا۔

عمل یہ ہے۔

اول و آخر بیالیس ۴۲ مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں یہ آیت ایک سو بار پڑھے۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۭ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۭ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ

اگر یہ عمل فجر کی نماز کے بعد شروع کیا ہے تو روزانہ فجر کی نماز کے بعد ہی پڑھے اگر ظہر کی نماز کے بعد شروع کیا ہے تو آخر تک ظہر کے

بعد ہی پڑھے ایسا نہ کرے کہ کبھی فجر میں پڑھ لیا کبھی ظہر میں پڑھ لیا، کبھی عصر میں پڑھ لیا، کبھی مغرب میں پڑھ لیا۔ اس طرح کامیابی مشکل ہے اگر اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اس طرح بھی نواز دے تو اس کا فضل عظیم ہے۔

گم شدہ شخص یا چیز کا ملنا

اگر خدانخواستہ گھر سے کوئی بھاگ گیا ہو یا اچانک گم ہو گیا ہو یا راستے میں اِدھر اُدھر ہو گیا ہو یا کوئی چیز چوری ہو گئی، گم ہو گئی یا رکھ کر بھول گئے ہوں تو اس کے لئے یہ کلمات باوضو بے شمار مرتبہ پڑھے۔ گھر والے سب مل کر بھی پڑھ سکتے ہیں۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰھُمَّ رَادَّ الضَّالَّةِ وَھَادِیَ الضَّلَالَةِ اَنْتَ تَھْدِیْ مِنَ الضَّلَالَةِ اُرْدُدْ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ بِعُدْرَتِكَ وَسُلْطَانِكَ فَاِنَّھَا مِنْ عَطَایَاكَ وَفَضْلِكَ۔

انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا آجائے گا یا گمشدہ شخص یا مال مل جائے گا چوری گیا ہوا مال بھی واپس آجائے گا۔ شرط عمل۔ بے عمل کبھی کامیاب نہیں ہوتا۔ یہ تجربہ کیا ہوا عمل ہے ہمیشہ کامیاب رہا۔

برائے استغنا قلبی مجرب عمل

جو شخص چاہتا ہے کہ اسے استغنا قلبی حاصل ہو اور دل سے طمع اور لالچ کا مرض ختم ہو جائے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات رات کو سوتے وقت پڑھ لیا کرے۔ اس کے پڑھنے میں وضو شرط نہیں ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے غنائے ظاہری و باطنی حاصل ہوگا

برائے دفع دشمن

دشمن جو جان مال کا دشمن ہو، ہر وقت نقصان پہنچانے کے درپے رہتا ہو ایسے دشمن کے دفعیہ کے لئے کچی مٹی کے تین ڈھیلے لے اور ہر ڈھیلے پر تین مرتبہ یہ دعا پڑھ کر پھونکے۔ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ

اس کے بعد یہ تصور کرے کہ دشمن میرے سامنے کھڑا ہے اس کا تصور کر کے اس کے جسم پر یہ ڈھیلا مارے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک دشمن دفع نہ ہو جائے۔

تنبیہ: یہ عمل صرف جائز مقصد کے لئے کرنا ہے کسی کو ناجائز ستانے یا برباد کرنے کے لئے کرے گا تو خود نقصان اٹھائے گا اور ہرگز کامیاب نہ ہوگا لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے، دوسروں کو برباد کرنے کے چکر میں خود برباد نہ ہو جائے۔

مفرور اور بھاگے ہوئے کو واپس لانا

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو یا کھو گیا ہو یا ناراض ہو کر چلا گیا ہو یا راستے سے بھٹک کر گم ہو گیا ہو اس کے لئے یہ نقش بہت کارآمد ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا، کھویا ہوا، گم شدہ واپس آجائے گا یا اس کی خبر مل جائے گی۔ یہ نقش باوضو لکھ کر کالے کپڑے میں سی کر گھر میں کسی ایسی اونچی جگہ لٹکا دے جہاں ہوا سے ہلتا رہے۔ یا بجلی کے پنکھے کی پنکھڑی میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔



اس کے بعد روزانہ دو سو مرتبہ یَا مُعِیْدُ بھی پڑھ لیا کرے

جب وہ شخص آجائے تو تعویذ فوراً اتار لے ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔ اور تعویذ کو پتھر یا اینٹ کے ساتھ باندھ کر سمندر، دریا، نہر، تالاب، ندی میں ڈال دے۔ اگر ایسا موقع نہ ہو تو جنگل میں ایک گڑھا کھود کر اس میں دفن کر دے۔ اور یَا مُعِیْدُ پڑھنا بھی بند کر دے۔

دفع دشمن کا عمل

اگر کسی شخص کا دشمن اس کی جان، اس کے مال، اس کی اولاد کا نقصان کرتا ہے یا چاہتا ہے یا اس سے نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے تو اس کے لئے ایک مٹی کا لوٹا یا ہانڈی یا صراحی یا چھوٹا مٹکا لے جس کو پانی نہ لگا ہو اس کے تر سیٹھ ٹکڑے کرے اور ہر ٹکڑے پر سورۃ تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَهَبٍ بغیر بسم اللہ کے ایک ایک بار پڑھ کر دم کرے اور ظالم کے گھر پر تمام ٹھیکریاں ڈال دے۔ ظالم تباہ و برباد ہو جائے گا۔ یہ عمل ہفتہ یا بدھ کے دن کرے۔ اور اگر دوسرا اپنے اوپر کرے تو اس کے اتارنے کا یہی طریقہ ہے یعنی ٹھیکریوں پر دم کر کے دشمن کے گھر میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن جلد دفع ہو جائے گا اور برباد ہوگا۔

تنبیہ : یہ عمل سخت مجبوری میں کرنے کا ہے مذاق میں یا کسی کو بلا وجہ ستانے اور پریشان اور برباد کرنے کے لئے کرنا سخت گناہ اور دنیا کی ذلت اور آخرت کی بربادی کا سبب ہے لہٰذا کرنے سے پہلے کسی نیک متقی عالم دین سے مشورہ کر کے کرے ورنہ کہیں ایسا نہ ہو کہ خود برباد ہو جائے لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے

دفع دشمن کا عمل

جو شخص اس دعا کو ہمیشہ درمیان فرض سنت نماز فجر میں دس مرتبہ پڑھ لیا کرے اور باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھ کر موم جامہ کر کے مرد ہے تو دائیں بازو پر اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے۔ تو کوئی دشمن اس پر غالب نہیں ہوگا اور اس کو زیر کرنے والا خود زیر ہو جائے گا اور دشمن اس جگہ سے چلا جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْقَادِرِ الْقَاهِرِ الْقَوِيِّ الْكَافِيْ۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ عَدُوِّيْ هُوَ اَقْوٰى مِنْهُ اِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِيْنَ اَللّٰهُمَّ رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلَّمْ۔

سخت مشکل کا فوری حل

اگر کوئی شخص کسی سخت مشکل میں پھنس گیا ہو اور عزت اور جان و مال کے نقصان کا اندیشہ ہو تو صلوٰۃ تنجّینا مکمل ایک ہزار مرتبہ ایک ہی نشست (بیٹھک) میں یعنی درمیان میں اٹھ کر ادھر اُدھر نہ جائے اور نہ کسی سے بات کرے میں ختم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی پریشانی سے نجات حاصل ہوگی اور مشکل سے فوراً نجات ملے گی۔ اگر ایسا ممکن نہ ہو تو روزانہ ستر مرتبہ پڑھ لیا کرے جب تک کام نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔

صلوٰۃ تنجّینا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيَاتِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

سحر، جادو، سفلی کا آسان علاج

از شیخ الاسلام حضرت مولانا **ظفر احمد** عثمانی رحمۃ اللہ علیہ

اگر کسی پر سخت قسم کا سحر، جادو یا سفلی کیا گیا ہو جس کے سبب وہ سخت بے چین، بیمار، دیوانہ اور پاگل ہو گیا ہو تو اس کے لئے بیری کے سبز اور تازہ سات پتے توڑ کر اُن کو سل بٹہ پر تھوڑا پانی ڈال کر پیس لیں یا کونڈی میں موصلی میں رگڑ لیں۔ اور اس پسے ہوئے پتوں کو ایک گلاس میں ڈال کر پانی سے بھر لیں اور باوضو تین مرتبہ آیۃ الکرسی اور چاروں قل تین تین مرتبہ پڑھ کر اس گلاس کے پانی پر دم کر دیں اور مریض کو تین گھونٹ پلا کر باقی پانی سے مریض نہلایا جائے۔ بدن پر صابن نہیں لگانا ہے بلکہ صرف پانی اس طرح بہانا ہے کہ تمام بدن بھیگ جائے کوئی حصہ خالی نہ رہے۔ اور مریض کو ٹب میں بٹھا کر نہلایا جائے اور اس ٹب کے پانی کو کسی میدان میں گڑھا کھود کر دفن کر دیا جائے پانی کھلا نہ چھوڑا جائے اور گٹر یا گندی نالی میں نہ بہایا جائے۔ پاک جگہ پانی دفن کرے۔ یہ عمل روزانہ چودہ دن تک مسلسل کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض تندرست ہو جائے گا تمام بیماریاں اور پاگل پن

دور ہو جائے گا۔ اگر کسی مرد کو جادو سفلی کے ذریعہ بیوی کی مجامعت (صحبت) سے روک دیا گیا ہو تو اس کے لئے بھی یہ عمل بہت کارآمد ہے اسی طرح کسی عورت کو مرد سے صحبت کرنے سے روک دیا گیا ہو کہ بیوی شوہر سے دور بھاگتی ہو یا صحبت سے نفرت کرتی ہو یا صحبت کے وقت سخت تکلیف محسوس کرتی ہو تو اسی علاج سے عورت بھی درست ہو جائے گی۔

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

چاروں قل یہ ہیں۔

(۱) سورۃ کافرون

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ

اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

(۲) سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ
يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

(۳) سورۂ فلق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ
شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝
وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

(۴) سورۂ ناس یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ
النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ
يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

دودھ دینے والے جانوروں پر نظرِ بد

اگر گائے، بھینس یا بکری پر نظرِ بد لگ جائے اور وہ کھانا

پینا چھوڑ دے، یا اس کا دودھ سوکھ جائے یا کم ہو جائے تو اس کو نظرِ بد سے نجات دلانے کے لئے باوضو ایک کاغذ پر یہ تعویذ لکھے اور موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں سلوا کر کالی ڈوری کے ساتھ گائے، بھینس یا بکری کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بکری چارہ کھانے اور دودھ دینے لگے گی۔

وہ تعویذ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ
اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝

حیوان یا انسان کے پیشاب کی بند کھولنا

اگر خدانخواستہ کسی انسان یا حیوان کے پیشاب کو بند لگ جائے اور پیشاب نہ نکل رہا ہو جس کے سبب مریض کا برا حال ہو رہا ہو تو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر دو کاغذوں پر یہ آیت لکھے اور ایک کاغذ کو موڑ کر موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں کالی ڈوری کے ساتھ سلوا کر انسان یا جانور کے گلے میں ڈال دے اور دوسرا کاغذ پانی میں گھول کر انسان یا حیوان کو پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب کی بند کھل جائے گی

اور کھل کر پیشاب آئے گا۔ وہ آیت یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝

گھوڑے کے پیشاب کی بندش کھولنا

اگر کسی کے گھوڑے کا پیشاب بند ہو جائے اور بندش کے سبب اس کی حالت بہت خراب ہو تو اس کے لئے باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے یہ نقش دو عدد لکھے۔ ایک موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں کالی ڈوری کے ساتھ سلوا کر گھوڑے کے گلے میں ڈال دے اور ایک تعویذ پانی میں گھول کر گھوڑے کو پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ گھوڑا فوراً پیشاب کرے گا اور اس کا بند کھل جائے گا۔ بہت مجرب تعویذ ہے۔

وہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

يَا نَافِعُ	۱۱۰	يَا نَافِعُ
۲۰	يَا نَافِعُ	يَا نَافِعُ
يَا نَافِعُ	يَا نَافِعُ	يَا نَافِعُ

جانور، نوکر، اولاد باغی ہو جائے اور کہنا نہ مانے

اگر کسی کا جانور باغی ہو جائے، گھوڑا سواری کے وقت گڑبڑ کرے یا گلے بھینس دودھ دیتے وقت لاتیں ماریں۔ یا نوکر صحیح کام نہ کرے بلکہ نقصان پہنچانے والے کام کرے یا اولاد کہنا نہ مانے اور غلط راستے پر چلنے پر اصرار کرے تو اس کے لئے یہ آیت باوضو پڑھ کر اس کے دونوں کانوں میں تین بار پھونکا کریں جب تک صحیح نہ ہو جائے برابر عمل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جانور فرمانبرداری کریں گے۔ اولاد اور نوکر صحیح کام کریں گے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

سانپ کے ڈسے ہوئے کا زہر ختم کرنا

اگر کسی آدمی کو سانپ ڈس لے (کاٹ لے) اور کوئی شخص خود یا ڈاک سے یا تار سے اطلاع ملے تو تین مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر تھوڑے پانی پر پڑھ کر دم کر دے اور خبر لانے والے یا خط لانے

والے ڈاکیے یا تار لانے والے کو یہ پانی پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہو جائے گا۔ اگر موقع ہو اور وقت ہو تو اسی طرح پانی دو تین مرتبہ دم کر کے خبر لانے والے کو پلا دے۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

کہہ خدا سُن اے محمد سینی کے بس وس کیسی ہے
نبی پیارا ہانک پکارے جان بچے گھر بیٹھے کی
جو کوئی اس دی خبر لیاوے پانی بھر دیجئے جی
آپیوے تے اوہ بچ جاوے ہُدا ابو سمند کا بی

یہ کلمات چونکہ پنجابی کے ہیں لہٰذا اس کو پنجابی ہی میں پڑھے اردو میں نہ بدلے البتہ پنجابی لب و لہجہ کسی پنجابی بولنے والے سے درست کر لے۔ دراصل بات یہ ہے کہ بزرگوں کی زبان سے نکلی ہوئی بات میں بھی تاثیر ہوتی ہے اس کو اردو میں کرنے سے اس کی تاثیر میں فرق پڑ جائے گا لہٰذا اس کو پنجابی ہی میں پڑھے۔ پورا پورا فائدہ ہوگا اور دور دراز شخص صحتیاب ہوگا۔

برائے مسان

جس بچے کو مسان کا مرض ہو اور وہ سوکھ کر کانٹا ہو گیا ہو تو اس کے لئے باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے

باوضو یہ چہل کاف کا نقش لکھیں اور لپیٹ کر لوبان کی دھونی دے کر موم جامہ کرے کالے چمڑے میں کالی ڈوری کے ساتھ سلوا کر بچے کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جلد تندرست ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۹۰۹	۳۹۰۴	۳۹۱۱
۳۹۱۰	۳۹۰۸	۳۹۰۶
۳۹۰۵	۳۹۱۲	۳۹۰۷

ولادت میں آسانی

اگر کسی عورت کو دردِ زہ شروع ہو گئے ہوں تو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے یہ نقش لکھے اور سفید کپڑے میں لپیٹ کر اس کو عورت کی بائیں ران میں باندھ دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً بچہ پیدا ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

لؤلو	لؤلو	لؤلو
لؤلو	لؤلو	لؤلو
لؤلو	لؤلو	لؤلو

بچہ کی بسہولت پیدائش کے لئے

اگر کسی عورت کو دردِ زہ شروع ہوگیا ہو اور بچہ کی پیدائش کا وقت ہو چکا ہو تو مندرجہ ذیل طلسم باوضو ایک کاغذ یا ٹھیکری پر لکھ کر عورت کے سیدھے ہاتھ میں پکڑا دے عورت اسے دیکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دیکھتے دیکھتے فوراً بچہ پیدا ہوگا۔ وہ طلسم یہ ہے

ج ح خ ط ظ ع غ ق ی ك ل م | ا ش ث م ہ ہ ہ ا س و ك ل د

عورت کا حمل قائم رہنے کے لئے نیز درخت زیادہ پھل دے

اگر ان کلمات کو باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے کالے چمڑے اور کالی ڈوری کے ساتھ سلوا کر عورت کے گلے میں ڈال دے تو انشاء اللہ تعالےٰ عورت اسی مہینے میں حاملہ ہو جائے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هو هو هو هو هو هو هو
الله الله الله الله الله الله الله
ے ے ے ے ے ے ے
قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم
وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین

یہ ہی تعویذ باوضو لکھ کر لپیٹ کر کسی کالے کپڑے میں لپیٹ کر کسی آم، جامن، امرود یا پھل دار درخت پر لٹکا دیا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ درخت خوب پھل دے گا۔ بہت لاجواب تعویذ ہے۔

نماز حاجت (ترمذی شریف کا عمل)

ہر مقصد میں کامیابی، ہر مشکل کے حل کے لئے اور ہر رکاوٹ کو دور کرنے کے لئے حدیث شریف میں صلوٰۃ حاجت پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ تازہ وضو کرے اور دو رکعت نفل نماز برائے قضائے حاجت (ضرورت پوری ہونے) کی نیت سے پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد اس طرح دعا مانگے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا مُحَمَّدُ اِنِّيْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلٰى رَبِّيْ فَيَقْضِيْ حَاجَتِيْ (یہاں اپنی حاجت کا ذکر کرے اگر عربی میں عرض نہ کر سکتا ہو تو اردو میں کہہ لے یا جو زبان بولتا ہو اس میں کہہ لے) اَللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِيَّ وَشَفِّعْنِيْ فِيْ نَفْسِيْ۔

اس دعا کو پڑھنے سے پہلے اور بعد تین تین بار درود شریف

پڑھ لے۔ درود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

اگر کوئی شخص میت کو بُری حالت میں دیکھے

از حکیم الامت مجدد ملت مولانا شاہ محمد اشرف علی تھانوی قدس سرہ

اگر ایک شخص مرد ہو یا عورت کسی میت یا مرے ہوئے آدمی کو خواب میں دیکھے کہ وہ خراب حالت میں ہے۔ خراب کپڑے، پریشان تکلیف میں مبتلا ہے یا اپنے کسی دکھ تکلیف کا اظہار کر رہا ہے تو حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نے فرمایا کہ اس کے وارثوں کو مت خبر کرو کیونکہ ان کو رنج ہوگا بلکہ تم خود یٰسین شریف (پوری سورت) اور سورۂ ملک (پوری سورت) پڑھ کر اس کو ثواب پہنچا دو اور ایک ہفتہ تک ایسا ہی کرو۔ اللہ تعالیٰ کے کلام کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس مردے پر رحم فرمائے گا اور عذاب ختم کر دے گا۔ ثواب پہنچانے کے لئے اس طرح کہے

اے اللہ تعالیٰ میں نے جو قرآن شریف کی سورتیں پڑھی ہیں ان کو

قبول فرما اور حضور اکرم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے ان کا ثواب فلاں بن فلانہ (یہاں مردے کا اور اس کی والدہ کا نام لے) کو پہنچا دے اور اس کی مغفرت اور بخشش کا ذریعہ بنا دے آمین۔

دشمنوں سے حفاظت

از شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ

اگر کسی شخص کا واسطہ دشمنوں سے پڑ جائے یا کسی سے بلا وجہ دشمنی پیدا ہو جائے یا کوئی حسد کی وجہ سے دشمن بن جائے یا احسانات کو بھلا کر دشمنی کرنے لگے تو اس کے شر اور فتنہ سے محفوظ رہنے کے لئے نمازِ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان روزانہ بلا ناغہ اول و آخر درود شریف تین تین بار اور درمیان میں چالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح دشمن کی شرارت، اس کے نقصان پہنچانے سے محفوظ رہے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

سورہ فاتحہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

حمل قائم ہونے کے لئے

اگر کسی عورت کے حمل قائم نہ ہوتا ہو اور وہ دل سے اولاد کی خواہش مند ہو تو اس کے لئے اکیس (۲۱) عدد چھوہارے لے کر انہیں دھو کر صاف کر لے اور سورہ تغابن (پ) اکیس بار پڑھ کر ان پر دم کر کے رکھ لے۔ پھر حیض کے بعد سات عدد چھوہارے بعد نمازِ عشاء اس طرح کھائیں کہ ایک چھوہارہ روزانہ لے کر آدھا مرد کھائے اور آدھا عورت کھائے اس کے بعد ایک سو بار رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ دونوں الگ الگ پڑھیں۔ پھر ہمبستری کریں۔ اسی طرح مسلسل سات دن عمل کریں۔ اگر دوسری بار کرنے سے حمل ٹھہر جائے تو صحیح ہے ورنہ پھر تیسرے حیض کے بعد ہی عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور حمل

قائم ہوگا۔

جن بھوت، پریت، آسیب کو دفع کرنا

جس گھر میں جن، بھوت یا آسیب، دیو، پری ہوں ان سے نجات کے لئے حضور اکرم نور مجسم محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا نامہ مبارک بہترین ذریعہ ہے۔ اس نامہ مبارک کو لکھنے سے قبل اس کی زکوٰۃ ادا کرے وہ اس طرح کہ رات کو جب کہ رات کا نصف حصہ گذر چکا ہو یعنی آدھی رات باقی ہو غسل کرے نئے یا دھلے ہوئے پاک کپڑے پہن کر تہجد کی نماز بارہ رکعت ادا کرے۔ دو دو رکعت کی نیت کر کے پڑھے۔ اس کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) بار یہ درود شریف پڑھے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْمَبْعُوْثِ
اِلَى الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَالْاَسْوَدِ وَالْاَحْمَرِ وَالْاَصْغَرِ وَالْاَكْبَرِ
صَاحِبِ الْكَوْثَرِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اس کے بعد ایک سو اکتیس (۱۳۱) مرتبہ اس نامہ مبارک کو پڑھے۔ وہ نامہ مبارک یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ مُّحَمَّدٍ
رَّسُوْلِ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط اِلٰى مَنْ طَرَقَ الدَّارَ مِنَ

الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ وَالسَّائِحِيْنَ الْاَطَارِقًا يَطْرُقُ
بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ ۔ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِي الْحَيِّ
سَعَةً فَاِنْ تَكُ عَاشِقًا مُوْلِعًا اَوْ فَاجِرًا مُقْتَحِمًا اَوْ
رَاعِيًا حَقًّا مُبْطِلًا هٰذَا كِتَابُ اللّٰهِ يَنْطِقُ عَلَيْنَا وَ
عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ
تَعْمَلُوْنَ ۔ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِيْ هٰذَا وَانْطَلِقُوْا
اِلٰى عَبَدَةِ الْاَوْثَانِ وَالْاَصْنَامِ وَاِلٰى مَنْ يَّزْعَمُ اَنَّ
مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ
اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ تُغْلَبُوْنَ
حٰمٓ لَا تُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَاءُ اللّٰهِ
وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ
فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

اس کے بعد اس نامۂ مبارک کو سفید کاغذ پر کچی کالی روشنائی سے باوضو لکھے اور وہ کاغذ آسیب زدہ کو دکھائے یا مکان کی اس دیوار پر لگا دے جو دروازے کے بالکل سامنے ہے۔ گویا جیسے ہی کمرے میں آدمی داخل ہو اس کی نظر نامۂ مبارک پر پڑے انشاء اللہ تعالیٰ اسی دن اس گھر سے اور پاس پڑوس سے سب جن، بھوت پریت، آسیب بھاگ جائیں گے۔

آدھا سیسی کے درد کا علاج

اگر مرد یا عورت کے سر میں آدھا سیسی کا شدید درد ہوتا ہو اور کسی طور چین نہ آتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے

صبح سورج نکلنے سے پہلے ایک چینی یا مٹی کے پیالے میں پانی بھر کر مریض کے سامنے رکھ دے مریض اس پانی میں دیکھتا رہے اور حامل نیم کی ٹہنی لے کر اس کو سر سے پیر تک لاتا رہے۔ اور یہ پڑھتا رہے

بن میں بیاہی باندری آپ ہی بن پھل کھائے
اٹھو محمد ہانک دو آدھا سیسی جائے
درپن میں بیاہی باندری آپ ہی درپن پھل کھائے
اٹھو محمد ہانک دو آدھا سیسی جائے
سنکھن میں بیاہی باندری آپ ہی سنکھن پھل کھائے
اٹھو محمد ہانک دو آدھا سیسی جائے

یہ عمل تین دفعہ کرے اور پھر وہ پانی ایسی جگہ ڈال دے یا دیوار پر چھڑک دے جہاں کسی کا پاؤں نہ پڑے اور ناپاک جگہ نہ ہو۔

یہ عمل تین دن مسلسل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آدھا سیسی کا

مرض ختم ہوجائے گا۔ نیم کی ٹہنی پتے والی بھی ایک طرف ڈال دے دوسرے دن پھر ایک شاخ نیم کی پتے والی لے کر یہ عمل کرے۔

نوٹ: یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ اہل اللہ کی زبان میں ذکر وعبادت اور تلاوت کلام الٰہی کی برکت سے تاثیر پیدا ہوجاتی ہے۔ ان کی زبان سے نکلے ہوئے الفاظ بھی بہت موثر اور پُرتاثیر ہوتے ہیں لہٰذا ان الفاظ میں تبدیلی سے ان کی تاثیر ختم ہوجاتی ہے۔ لہٰذا عملیات وتعویذات میں یکسر کا فقیر بننے والا ہی کامیاب ہوتا ہے جو اپنے علم اور عقل کو کام میں لانے کی کوشش کرتا ہے ناکام ونامراد ہوتا ہے

مشکلات کے حل کے لئے اور رزق میں زیادتی

اگر کوئی شخص رزق کی کمی کا شکار ہو اور گذارہ نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید اور کامیاب ہے۔ ہر روز بعد نمازِ عشاء اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے درمیان میں پانچ سو (۵۰۰) بار یہ کلمات پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ روزی میں برکت ہوگی اور ہر قسم کی مشکل آسان ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

ہر مشکل کے حل کے لئے

جس شخص کا کام ہوتے ہوتے بگڑ جاتا ہو یا کام ہونے میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ پیدا ہوجاتی ہو تو اس کے لئے ایک لاکھ پچیس ہزار (۱۲۵۰۰۰) مرتبہ

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝

پڑھ کر ختم کرے۔ اس کے بعد روزانہ ایک وقت مقرر کر کے تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھ لیا کرے۔ اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے جب بھی پڑھنے بیٹھے باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر پڑھے۔ درمیان میں بالکل بات چیت نہ کرے نہ اٹھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ تمام رکاوٹیں دور ہوجائیں گی اور سب کام آسانی کے ساتھ انجام پائیں گے۔

پیشاب کی بندش کھولنا

اگر کسی کا پیشاب بند ہوجائے تو درج ذیل آیت عرقِ گلاب میں گھول کر اس کو چینی کی سادہ بغیر پھول والی پلیٹ پر باوضو ہو کر لکھ کر مریض کو پانی میں گھول کر پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ پیشاب

کا بند کھل جائے گا اور پیشاب کھل کر آئے گا۔ وہ آیت یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۚ فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۭ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ۭ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝

برائے حفاظتِ حمل

اگر کسی عورت کا حمل قائم نہ رہتا ہو تو اس کے قائم رہنے اور حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل آیات باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے سفید کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے چمڑے میں سلوا کر باوضو لوبان کی دھونی دے کر گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہے گا اور بچہ پیدا ہوگا۔

وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

بچہ کو ہر قسم کے مسان، سایہ، نظر بد سے بچاؤ کے لئے

اگر بچہ کی بابت ڈر ہو کہ اس پر مسان کا حملہ ہوگا یا اس پر کسی جن، بھوت، پریت کا سایہ ہونے کا خطرہ ہو یا نظرِ بد اور بیماری کا خوف ہو تو ذیل کا نقش عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے یا وضو لکھے اور موم جامہ کر کے لوبان کی دھونی دے کر چمڑے میں سلوا کر بچے کے گلے میں ڈال دے۔ چمڑا اور گلے کی ڈوری کالی ہو۔ وہ نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝



برائے سردی کا بخار

یہ بخار تیسرے دن آتا ہے اور مریض کو سخت ٹھنڈ لگتی ہے اور اس کا تمام بدن بُری طرح کانپتا ہے۔ اس کو رضائی، کمبل اُڑھانا پڑتا ہے پھر بھی کپکپی دور نہیں ہوتی۔ اس کے لئے پیپل کے تین پتوں پر یہ حروفِ مقطعات

باوضو لکھ کر رکھ لے اور روزانہ صبح نہار منہ جب کچھ نہ کھایا ہو ایک پتہ مریض کو چٹا دیا جائے۔ تین دن تین پتے روزاً ایک پتہ کے حساب سے چٹا دیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار و لرزہ ختم ہو کر صحتیاب ہوگا۔ وہ حروف مقطعات یہ ہیں۔

كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ

بخار سے نجات کے لئے

اگر کسی کو بخار نے گھیر لیا ہو اور روزانہ بخار چڑھا رہتا ہو اور اسے کچھ کام نہ کرنے دیتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے سفید بغیر پھول والی پلیٹ پر لکھیں اور بیمار کو پانی میں گھول کر پلائیں۔ روزانہ ایک پلیٹ لکھا کریں یا بہت ساری پلیٹیں لکھ کر رکھ لیں۔ چند دن کے استعمال سے انشاء اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے بخار بھاگ جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۝

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ
بِسْمِ اللّٰهِ فَرَرْتُ بِسْمِ اللّٰهِ قُلْتُ۔
يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ۝
اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ؕ
ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ؕ
وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

مرگی کے مرض سے نجات

اگر کسی بچے یا بڑے کو مرگی کا دورہ پڑتا ہو اس کے خاتمہ کے لئے مندرجہ ذیل کلمات عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک کاغذ پر لکھیں اور موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں سلوا کر کالی ڈوری کے ساتھ اس مریض کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ مرگی کے مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَّامَّةٍ

تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ یٰسٓ مَکْسُلِمِیْنَا کَشْفُوْطَ طَبْیُوْنُسْ کَشَا فَطْیُوْنُسْ اَذْرُفْطِیُوْنُسْ یُوَانِسْ بُوْسْ وَکَلْبُهُمْ قِطْمِیْرٌ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔

ھھھھھ

۷۸۶ ج ۱۱۱ ھ ق

ھھھھھھھ

حاکم، افسر کے پاس جانے اور اس کا دل نرم کرنے کا عمل

اگر کسی شخص کو اپنے کسی ضروری کام کے سلسلے میں کسی حاکم یا افسر سے واسطہ پڑ جائے اور اس کے دفتر میں حاضر ہونا پڑے تو اس کے سامنے جانے سے قبل سورۃ الناس اس طرح پڑھے کہ جب لفظ والناس پر پہنچے تو تین بار والناس ○ والناس ○ والناس ○ کہے۔ سات مرتبہ سورہ ناس اس ترکیب سے پڑھنے کے بعد اپنی شہادت کی (دائیں ہاتھ کی وہ انگلی جو انگوٹھے کے برابر ہے) انگلی کو زبان سے لبلگا کر اپنے ماتھے پر

صرف لام (اس طرح "ل") بنا دے۔ اب حاکم یا افسر کے سامنے جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نرمی کے ساتھ پیش آئے گا اور کام بھی کر دے گا۔

مجرب عمل ہے۔ سورۃ الناس یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ○ مَلِكِ النَّاسِ ○ اِلٰهِ النَّاسِ ○ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ○ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ○ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ○

والناس پر سورۃ ختم کر کے والناس کا لفظ تین مرتبہ اس طرح کہے وَالنَّاسِ ○ وَالنَّاسِ ○ وَالنَّاسِ ○

نکاح کی بندش کھولنا اور جادو، سفلی، سحر سے حفاظت

اگر کسی لڑکی یا لڑکے کا رشتہ نہ ہوتا ہو یا رشتہ کے لئے کوئی نہ آتا ہو یا آتا ہو لیکن ایک مرتبہ آنے کے بعد دوبارہ لوٹ کر نہیں آتا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ رشتہ اور شادی کی بندش کی گئی ہے اور لڑکی یا لڑکے پر جادو کیا گیا ہے۔ بندش کھولنے اور لڑکی اور لڑکے کو سحر، جادو، سفلی کے اثر سے نکالنے کے لئے تین عدد تعویذ باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے۔ اور ایک تعویذ پلاسٹک میں لپیٹ کر موم کا کپڑا لپیٹ کر (یعنی تعویذ کو موم جامہ کر کے) کالے

چمڑے میں لاسٹک لگا کر سلوا لے۔ مرد یعنی لڑکا دائیں بازو پر باندھے اور لڑکی یا عورت بائیں بازو پر باندھے۔ دو عدد نقش باوضو کسی برتن میں پانی لے کر اس میں گھول دیں اور ہر روز صبح کو زوال (گیارہ بجے دن) سے پہلے پہلے بغیر صابن لگائے وہ پانی تھوڑا آدھا گلاس ایک لوٹے پر پانی بھر کر ڈال دیں اور تمام بدن پر پانی بہالیں لیکن شرط یہ ہے کہ پانی گندی نالی یا گٹر میں نہ جائے بلکہ کچی زمین میں گڑھا کھود لیں تاکہ پانی اس میں جذب ہو جائے۔ یا پھر ایک لوہے یا پلاسٹک کے ٹب میں بیٹھ کر پانی بہالیں اس طرح کہ تمام بدن بھیگ جائے۔ اور اس ٹب کا پانی دور جنگل میں ڈال دیں ایسی جگہ جہاں کچرا اور گندگی نہ ہو۔ سب سے بہتر یہ ہے کہ اس پانی کو ایک گڑھا کھود کر اس میں ڈال دیں اور اوپر سے مٹی ڈال کر گڑھا بند کر دیں۔

وہ تعویذ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ
سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ
اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ

يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ
شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ
وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ
النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ
يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

دیوانہ کتے کے کاٹے کا توڑ

اگر خدانخواستہ کسی کو پاگل کتا کاٹ لے تو اس کا زہر بہت خطرناک ہوتا ہے، کچھ عرصے بعد آدمی اسی کتے کی طرح بھونکنے لگتا ہے اور دوسرے آدمیوں کو کاٹتا ہے جس سے وہ زہر ان کے جسم میں منتقل ہو جاتا ہے اور وہ بھی کتے کی طرح بھونکنے لگتے ہیں اور پاگل ہو جاتے ہیں۔ پاگل کتا جس کو کاٹ لے وہ پانی کو دیکھ کر بہت زیادہ پاگل ہو جاتا ہے۔ پاگل کتے کی یہ نشانی ہے کہ اس کی دُم نیچے لٹکی ہوئی ہوتی ہے۔ تندرست کتے کی دُم

مڑی ہوئی یا اوپر اٹھی ہوئی ہوتی ہے

کتے کے کاٹے کے بعد انجکشن لگتے ہیں لہذا کتے کے کاٹے کے بعد فوراً انجکشن کا پورا کورس لگوائیے اور یہ عمل بھی کرے ایک ٹکڑا روٹی پر پڑھ کر مریض کو کھلائے - وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝
فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

نیز ایک ٹکڑا بانات سرخ کا گولی میں لپیٹ کر مریض کو کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ کتے کے کاٹے کے زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

بچھو، تتیا، زنبور اور ہر قسم کے زہریلے کیڑے کا زہر ختم

اگر کسی کو بچھو، تتیا، زنبور یا کسی بھی قسم کا کیڑا سانپ کے علاوہ کاٹ لے تو اس کے لئے یہ آیت بہت مفید ہے۔ اس سے زہر کا اثر ختم ہو جاتا ہے۔ اس کی ترکیب یہ ہے

یہ سب تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں پھر پوچھیں درد کم ہوا یا نہیں، اگر کم ہوا ہے تو پھر تین بار پڑھ کر دم کریں۔ اسی طرح بار بار دریافت کرتے رہیں اور پڑھ پڑھ کر دم کرتے رہیں۔ جب درد ختم ہو جائے عمل ختم کر دیں۔ مجرب عمل ہے۔ وہ عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ۝

گائے، بھینس، بکری کو نظر لگ جانا

اگر کسی گائے، بھینس، بکری کو نظر لگ جائے اور دودھ دیتے وقت لاتیں مارے تو یہ تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں ڈوری کے ساتھ سلوا کر اس جانور کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحیح طرح سے دودھ دینے لگے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

برائے درد چھاتی (پستان)

اگر کسی کی چھاتی (پستان) میں درد ہوتا ہو تو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے دو نقش پاک مصلے پر قبلہ رُخ بیٹھ کر لکھے ایک نقش کو لپیٹ کر موم جامہ کر کے کالے چمڑے

میں کالی ڈوری کے ساتھ سلوا کر مریضہ کے گلے میں ڈال دے اور دوسرا نقش باوضو پانی میں گھول کر مریضہ کو پلائے اور کچھ پانی ہاتھ میں لے کر چھاتی (پستان) پر ملیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا اور آرام آئے گا۔ وہ نقش یہ ہے :

۷۸۶

۸	۱۲	۱۵	۱
۱۴	۲	۷	۱۳
۳	۱۷	۱۰	۶
۱۱	۵	۴	۱۶

برائے درد ناف

اگر کسی کی ناف جگہ سے اِدھر اُدھر ہوگئی ہو اور اس کے سبب پیٹ میں سخت درد ہوتا ہو تو اس کے لئے یہ نقش باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھیں اور موم جامہ کر کے ناف پر باندھ لیں ناف اپنی جگہ آجائے گی۔ تین چار دن کے بعد کھول کر رکھ دیں۔ اس کے باندھنے میں یہ شرط ہے۔ اگر تعویذ ناف سے اِدھر اُدھر ہوگیا تو ناف بھی اُدھر ہی ہو جائے گی لہٰذا اس طرح باندھے کہ تعویذ ناف پر ہی رہے اِدھر اُدھر نہ ہو۔

وہ تعویذ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ	یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ	یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ
یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ	مریض کا نام اس کی والدہ کا نام معہ	یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ
یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ	یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ	یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ

برائے درد دانت

جس شخص کے دانت یا ڈاڑھ میں درد ہو تو مندرجہ ذیل نقش ایک کاغذ پر بنائے اور اس کے چاروں کونوں پر سوراخ بنائے اور چھری یا کسی نوکدار (کیل وغیرہ) سے پہلے سوراخ میں رکھ کر زور سے دبائے اور مریض اپنے درد والے دانت کو زور سے پکڑے۔ عامل یہ کلمات پڑھے

اِلٰہی بِحُرْمَتِ حضرت عُثْمَان بن عَفَّان

پھر مریض سے پوچھے کہ درد ختم ہوا۔ وہ کہے ابھی باقی ہے تو دوسرے سوراخ میں وہ چھری کی نوک رکھے اور مریض درد والا دانت پکڑے۔ ایک دفعہ پھر وہی کلمات دُہرائے اور مریض سے درد کی بابت معلوم کرے۔ اگر درد چلا جائے تو ٹھیک ورنہ تیسرے خانے میں چھری کی نوک رکھ کر وہی عمل دُہرائے انشاءاللہ

دانت کے درد سے نجات حاصل ہوگی ۔ وہ نقش یہ ہے ۔



برائے دردِ سر

اگر کسی کے سر میں درد رہتا ہو یا اس کے سر میں شدید درد ہو رہا ہو تو یہ نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کی پیشانی (ماتھے) پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ مریض کا دردِ سر ختم ہو جائے گا۔
وہ نقش یہ ہے

صلوہ	سلوہ
سلوہ	صلوہ

ہر قسم کے درد سے نجات

اگر کسی انسان کے جسم کے کسی بھی حصے میں درد ہو اور وہ اس سے پریشان ہو تو باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر

یہ آیتِ شریفہ لکھ کر پانی میں گھول کر وہ پانی پلائیں اور کاغذ کو جلا دیں۔ اسی طرح تین تعویذ لکھیں روزانہ ایک تعویذ گھول کر مریض کو دن میں چار وقت پلائے اور یہی پانی تھوڑا سا لے کر درد کی جگہ لگائے

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل ۲۔ دوپہر گیارہ بجے
۳۔ بعد نمازِ عصر ۴۔ بعد نمازِ عشاء

وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۝ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝
يَا شَافِيْ يَا شَافِيْ يَا شَافِيْ

صحبت کی بندش کھولنا

بعض مرتبہ دشمنی یا حسد و بغض کے سبب یا بعض مرتبہ دولہا کو ذلیل کرنے کے لئے لوگ یہ حرکت کرتے ہیں کہ اس کی قوتِ مردمی کو عمل کے ذریعہ بند کروا دیتے ہیں جس کے سبب وہ باوجود طاقت اور جوانی کے صحبت سے مجبور ہو جاتا ہے اور ذہنی کوفت اور شرمندگی کے سبب بعض مرتبہ خودکشی بھی کر لیتا ہے۔ اس کے لئے زیادہ

پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ سورۂ یٰسین شریف تین مرتبہ باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیئے اور عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے سورہ بینہ یعنی لَمْ یَکُنِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا (پ۳۰) پوری مکمل سورت بغیر اعراب (زبر زیر) کے ایک سفید کاغذ یا چینی کی سفید پلیٹ بغیر پھول والی پر لکھے اور پانی میں گھول کر وہ پانی پی لیا کرے۔ یہ عمل برابر چند دن کرے۔ چاہے تو ایک ہی دن میں بہت سی پلیٹ خود لکھ کر یا کسی سے لکھوا کر رکھ لے اور باوضو روزانہ گھول کر پی لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی بندش ختم ہو جائے گی۔

کمزور اور چٹخی دیوار نہ گرے

اگر کسی کے مکان، دوکان یا باڑے کی دیوار کمزور ہو گئی ہو یا وہ چٹخ گئی ہو اس میں دراڑیں پڑ گئی ہوں تو اس کے لئے باوضو مندرجہ ذیل شعر ایک سفید کاغذ پر لکھے اور اس کو اس کمزور دیوار پر لگا دے اللہ تعالیٰ کی رحمت اور حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ دیوار قائم رہے گی اور گرنے سے محفوظ ہو جائے گی۔ عقیدہ اور عمل شرط ہے۔ وہ شعر یہ ہے۔

الٰہی بحرمتِ معروفِ کرخی
بماند سالہا دیوار ترخی

سانپ، بچھو اور موذی جانور کے کاٹنے سے حفاظت

اگر کوئی شخص جنگلوں میں سفر کر رہا ہو یا جنگل میں یا کھیت میں کام کرتا ہو یا لمبی گھاس یا بڑی بڑی جھاڑیوں کے درمیان سے گذرنا ہوتا ہو تو تین مرتبہ آیت کریمہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لے انشاء اللہ تعالیٰ سانپ بچھو اور موذی جانوروں کے کاٹنے سے محفوظ رہے گا۔ آیت کریمہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

پیشاب کی بندش کھولنا

اگر کسی شخص کے پیشاب کو بند لگ جائے اور پیشاب نہ ہونے سے اس کی حالت انتہائی خراب ہو جائے تو پیشاب کو جاری کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیات باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک چینی کی پلیٹ بغیر پھول والی پر لکھے اور پانی میں گھول کر اس مریض کو وہ پانی بار بار پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب کی بندش

کھل جائے گی اور پیشاب جاری ہوجائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۭ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۭ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ۭ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝

غنا، ظاہری و باطنی اور مالداری کے لئے

اگر کسی شخص کی آمدنی کم ہو اور خرچ زیادہ ہوتا ہو اور بظاہر آمدنی بڑھنے کا امکان بھی نہ ہو اور قرض ملنا بھی دشوار ہو تو ایسی صورت میں اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ کرنی چاہیئے اور اسی سے مدد طلب کرنی چاہیئے۔ اس کے لئے یہ عمل بہت مفید اور کارآمد ہے۔

بعد نمازِ عشاء باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد

یَا مُغْنِیُ

تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) بار پڑھے آخر میں درود شریف گیارہ بار پڑھے۔ یہ عمل بلاناغہ چالیس دن تک برابر کرے۔ اس طرح پڑھنے سے زکوٰۃ ادا ہوجائے گی۔ اب روزانہ بعد نماز عشاء اول تین بار درود شریف اس کے بعد گیارہ مرتبہ یَا مُغْنِیُ۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جیب خالی نہ رہے گی اور آمدنی کا غیب سے ذریعہ بن جائے گا۔ یہ عمل مسلسل اور بلاناغہ کرے۔ اگر تین دن مسلسل نہ کیا تو عمل ٹوٹ جائے گا اور چلہ دوبارہ کرنا پڑے گا۔ سفر میں یا کسی بھی حالت میں ناغہ نہ کرے اگر ایک دن ناغہ ہوجائے تو دوسرے دن دوگنا کرلے۔ اور اگر دو دن ناغہ ہوجائے تو تیسرے دن تین گنا

کرکے پڑھے۔ اور اگر مسلسل تین دن ناغہ ہوگیا تو عمل ٹوٹ گیا عمل دوبارہ کرے اور چالیس دن تک (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ پڑھے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ یہ عمل مسجد میں بیٹھ کر نہ کرے۔ دنیا کے لئے عمل مسجد میں کرنا بہت بُرا ہے۔ یہ عمل گھر یا کسی دوسری جگہ پڑھے۔ درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

حافظہ مضبوط اور ذہن کھلنا

جس بچے یا بڑے کا حافظہ کمزور ہو اور پڑھنے لکھنے کی بات یاد نہ رہتی ہو یا ہر بات بھول جاتی ہو یا بچہ کا حافظہ کمزور ہو وہ پڑھا ہوا سب ذرا دیر میں بھول جاتا ہے۔ اس کے لئے باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو سورۂ یٰسین شریف بغیر پھول والی پلیٹ میں لکھے اور باوضو گھول کر صبح کو پی لیا کرے یہ عمل مسلسل سات دن تک برابر کرے ناغہ نہ کرے۔ اگر پوری سورۂ یٰسین شریف ایک پلیٹ میں نہ لکھی جاسکے تو دوسری یا تیسری پلیٹ

میں بھی لکھ لے۔ اگر ایک ہی دن لکھ کر سب پلیٹ رکھ لے اور روزانہ صبح کو باوضو پانی میں گھول کر پی لیا کرے اگر کوئی دوسرا ہے یا بچہ ہے تو اسے گھول کر پلا دیا کرے۔ مجرب عمل ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ قوی ہوگا یادداشت مضبوط ہوگی۔

اگر شہوت مردی کم ہو جائے

اگر کسی کی شہوت مردی کم ہو جائے اور وہ پریشان رہتا ہو تو اس کی بحالی کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے چینی کی پلیٹ پر لکھے اور پانی میں گھول کر وہ پانی پی لے۔ تین دن عمل کر کے دیکھے اگر شہوت بحال ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ تین پلیٹیں لکھ کر پھر تین دن پیئے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی شہوت بحال ہو جائے گی۔ وہ طلسم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

ھم ۲۹ ۷۱۹ ۱۱۱ ۱۱ ۹ ۹ ۱۱۱

م ہ م ہ عجح اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ ہ

بھاگے ہوئے کو واپس لانا

اگر کوئی لڑکا، لڑکی، عورت، مرد، بچہ گھر سے فرار ہو گیا ہو

اور اس کی واپسی مشکل معلوم ہوتی ہو تو اس کے لئے یہ تعویذ باوضو عرقِ گلاب میں گھول کر اس سے لکھے اور اس کے نیچے بھاگنے والے کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھے اور کسی کانٹے دار درخت میں لٹکا دے انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا جلد واپس آجائے گا۔ جب بھاگا ہوا واپس آجائے تو اس تعویذ کو فوراً کھول کر اتار کر رکھ لے ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے

۸	۱۱	۲۴۹	۱
۲۴۸	۲	۷	۱۲
۳	۲۵۱	۹	۶
۱۰	۵	۴	۲۵۰

نام گمشدہ و نام والدہ

برائے حُب

حب کے لئے یہ نقش بہت مجرب ہے۔ یہ بیٹے باپ میں محبت پیدا کرنے، میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے اور اولاد اور والدین میں محبت پیدا کرنے کے لئے یا بہن بھائیوں میں محبت پیدا کرنے کے لئے یہ نقش بہت مجرب ہے۔ عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر باوضو اس سے ایک سفید کاغذ پر یہ نقش لکھے اور نیچے

ان افراد کے نام لکھے جن میں آپس میں محبت پیدا کرنی ہے۔ پھر اس کو لپیٹ کر سرخ ریشم کے کپڑے میں لپیٹ کر انار کے درخت میں باندھ دے کہ ہلتا رہے اور باندھنے سے پہلے لوبان کی دھونی دے۔ نقش کے چاروں طرف ان لوگوں کے نام اور ان کی والدہ کا نام لکھے جن میں باہمی محبت پیدا کرنی ہے۔ وہ نقش یہ ہے۔

ح ۸	و ۶	د ۴	ب ۲
د ۴	ب ۲	ح ۸	و ۶
ب ۲	د ۴	و ۶	ح ۸
و ۶	ح ۸	ب ۲	د ۴

فلاں بن فلانہ و فلاں بن فلانہ حب شدید پیدا شود

تنبیہ: یہ عمل صرف جائز محبت کے لئے کرنا ہے۔ ناجائز محبت کے لئے کرے گا تو نقصان اٹھائے گا اور کامیاب نہ ہوگا لہٰذا مصیبت سے بچنے کے لئے بہتر یہی ہے کہ اس نقش کو ناجائز کام کے لئے استعمال نہ کرے۔

نکاح کی بندش ختم کرنا۔ جادو سے حفاظت

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کا نکاح باندھ دیا گیا ہو۔ جب بھی شادی

کی بات چلتی ہے کسی نہ کسی موقع پر آکر ختم ہو جاتی ہے۔ اس طرح کافی عرصہ گذر گیا لیکن شادی نہ ہو سکی نکاح کی بندش کھولنے اور سفلی جادو کے اثرات ختم کرنے کے لئے یہ عمل بہت مفید اور کارآمد ہے۔

مندرجہ کلمات و آیات و سورتیں باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور تین عدد تعویذ بنائے۔ ایک تعویذ کو لپیٹ کر لوبان کی دھونی دے یعنی لوبان کو کوٹ کر کوئلے کی آگ پر ڈالے اس سے جو دھواں نکلے تعویذ کو اس دھوئیں میں کر دے۔ یہ لوبان کی دھونی ہوئی پھر اس تعویذ کو باوضو پلاسٹک لپیٹ کر کالے دھاگے سے باندھ کر پھر اس کو موم میں ڈبوئے ہوئے کپڑے میں لپیٹ دے۔ اس کے بعد کالی ڈوری کے ساتھ کالے چمڑے میں سلوا کر گلے میں پہن لے۔

باقی دو عدد تعویذ میں سے ایک تعویذ گھول کر ایک بوتل بھر کر رکھ لے۔ تعویذ کو آبِ زمزم یا بارش کے پانی میں گھولے تو بہتر ہے ورنہ دریا، نہر، کنوئیں، چشمے یا نلکے کے پانی میں گھول لے۔

اب صبح کو بعد نمازِ فجر سورج نکلنے کے بعد گیارہ بجے سے پہلے پہلے اس بوتل والے پانی میں سے آدھا گلاس پانی لے کر تین گھونٹ پانی پیئے اور باقی پانی ایک بالٹی پانی میں ڈال کر پاک

حالت میں تمام جسم پر وہ پانی بہالیں جسم کا کوئی حصہ خالی نہ رہے
پانی گٹر یا گندی نالی میں نہ جائے۔ کچا صحن ہے تو اس میں گڑھا
کھود لے تاکہ پانی اس میں جمع ہو کر سوکھ جائے۔ یا اگر فلیٹ ہے
یا پکا فرش ہے تو کسی لوہے کے ٹب میں کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر پانی
بہالے اور وہ پانی کسی بالٹی یا پلاسٹک کی تھیلی میں ڈال کر کسی جنگل
یا ویران جگہ یا سڑک کے کنارے یا باغ میں یا پیڑوں کی کیاری
میں ڈال دے۔ چھ دن اس بوتل کے پانی کو استعمال کر کے ختم
کر دے ساتویں دن دوسرا تعویذ یا وضو پانی میں گھول کر بوتل
بھر لے اور اسے استعمال کرے۔ یہ پانی پانچ دن مسلسل استعمال کرنا
ہے۔ روزانہ تین گھونٹ پی کر پانی میں ڈال کر غسل کرنا ہے۔ پاک
حالت میں غسل کرنا ہے غسل کے وقت صابن لگانے کی ضرورت
نہیں ہے۔ البتہ جسم پاک ہونا ضروری ہے۔ عورت اپنے ماہانہ ایام کے
بعد شروع کرے اور اگر مرد ناپاک ہو تو پہلے غسل کرے پھر پانی جسم
پر بہائے۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ
الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ
الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ

الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝
يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ
يَا حَيُّ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ
مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ
اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝
وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝
لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝
وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝
لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝
اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ
كُفُوًا اَحَدٌ ۝
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ
مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ
شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ
مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ

الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ
مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۧ
اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ یٰسٓ مَکْسَلِمِیْنَا کَشْفُوْطَطْ
اَذْرُفَطْیُوْسُ کَشَافَطْیُوْنُسْ تَبِیْوْنُسْ لُوَانِسْ بُوْسْ
وَکَلْبُهُمْ قِطْمِیْرٌ وَعَلَی اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْهَا
جَائِرٌ وَلَوْشَآءَ لَهَدٰىکُمْ اَجْمَعِیْنَ۔ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی
عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ
وَسَلِّمْ جَلْوَائِیْ جَلْوَائِیْ کھولوں کھولوں اھرن ماھی
حضرت شاہ جمن جتی جتی

پیٹ کی گرانی، بدہضمی اور درد شکم دور کرنا

اگر کسی شخص کو بدہضمی کا مرض ہو۔ پیٹ میں بھاری پن ہو یا پیٹ میں درد کی شکایت ہو تو اس کے لئے یہ افسوں گیارہ بار پڑھ کر بائیں ہاتھ پر دم کرے اور اس ہاتھ کو سارے پیٹ پر پھیرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیٹ کی گرانی اور درد ختم ہوگا اور گھبراہٹ اور پریشانی دور ہوگی۔
وہ افسوں یہ ہے

اجر ہاتھ، بجر ہاتھ، بھسم کرے سب پیٹ کا بھات
برکت حضرت شاہ قطب عالم پنڈوی کی چھو

آدھا سیسی کے درد کو دور کرنا

آدھے سر کا درد جس کو آدھا سیسی بھی کہتے ہیں۔ بہت شدید ہوتا ہے۔ اس کے سبب انسان کوئی کام نہیں کر سکتا اور سارا دن پریشان اور بے چین رہتا ہے۔ یہ درد سورج نکلتے ہی شروع ہوتا ہے اور جوں جوں سورج اوپر چڑھتا جاتا ہے تیز ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ دوپہر کو بہت زیادہ ہو جاتا ہے اور سورج ڈھلنے کے بعد سے کم ہونا شروع ہو جاتا ہے اور مغرب کے وقت ختم ہو جاتا ہے اس افسوں کو نوچندی جمعرات (نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات) کو ایک سو ایک مرتبہ باوضو قبلہ رُخ ہو کر پڑھے اور لوبان پیس کر رکھ لے اور کوئلے کی آگ جلا کر پاس رکھ لے اور پڑھتا جائے اور تھوڑا تھوڑا لوبان چٹکی چٹکی اس آگ پر ڈالتا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تعداد پوری ہونے کے بعد مریض کے سر کو پکڑ کر سات مرتبہ پڑھ کر سر پر دم کرے لیکن شرط یہ ہے کہ مریض کے سر کو دم کرتے وقت بھی اپنے ہاتھ میں پکڑے رکھے اور اس جگہ کو پکڑے جہاں درد ہو۔
افسوں یہ ہے

بن میں جائے باندری آدھا پھل کھائے
کھڑے محمد صاحب ہانک دو آدھا سیسی جائے

انشاء اللہ تعالیٰ سر کا درد دور ہو جائے گا۔ مجرب عمل ہے۔

مخالفین کے شر سے حفاظت کے لئے

از حضرت شاہ عبدالرحیم رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ

جس شخص کو اپنے مخالفین سے جان، مال، عزت یا کسی بھی قسم کے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو ہر قسم کے نقصان سے حفاظت کے لئے صبح بعد نمازِ فجر، دوپہر ٹھیک نصف النہار کے وقت اور شام کو بعد نمازِ مغرب یہ دعا پچیس ۲۵ مرتبہ پڑھ لیا کرے اور ہم کا اشارہ مخالف کی صورتِ خیالیہ کی طرف کریں۔ اس دعا کے اول و آخر تین تین بار یا پانچ پانچ بار درود شریف پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ مخالفین کے ہر قسم کی شر سے حفاظت رہے گی۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ

ہر قسم کی کاہلی اور سستی کو دور کرنے کا عمل

از حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ

بعض لوگ سستی اور کاہلی کے سبب ترقی اور کامیابی سے محروم رہتے ہیں۔ انسانی زندگی میں سست اور کاہل لوگ ہمیشہ

ناکام رہتے ہیں سستی اور کاہلی کو دور کرنے کے لئے بعد نمازِ عشاء ایک سو ایک (۱۰۱) بار بلند آواز سے پڑھیں۔ اس طرح کہ کسی دوسرے کی عبادت میں خلل نہ پڑے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

انشاء اللہ تعالیٰ سستی و کاہلی کا مرض ختم ہو جائے گا اور طبیعت میں چستی اور پھرتی پیدا ہو گی۔

ڈراؤنے اور پریشان کن خوابوں کا علاج

از شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ

اگر کسی شخص کو ڈراؤنے اور خوفناک خواب نظر آتے ہوں اور وہ نیند میں ڈر جاتا ہو اور پھر نیند نہ آتی ہو اور رات بھر جاگ کر گذارتا ہو تو اس کے لئے سونے سے قبل آیۃ الکرسی، سورۂ فاتحہ، معوذتین (قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس) پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر سر سے پیر تک پھیر لے، کوئی جگہ خالی نہ رہے۔ اس کے باوجود بھی کوئی پریشان کن خواب نظر آئے تو فوراً

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

اور اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھ کر سینہ (قلب) پر تھت کا رد دو اور کچھ پرواہ نہ کرو انشاء اللہ تعالیٰ ڈراؤنے

اور پریشان کردینے والے خوابوں سے نجات مل جائے گی۔

آیۃ الکرسی یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

سورۂ فلق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝

وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

سورۂ ناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

دشمنوں کے شر سے حفاظت کے لئے

از شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن صاحب دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ

ہر قسم کے دشمنوں کے شر سے حفاظت۔ جان، مال، عزت و آبرو کی حفاظت کے لئے یہ عمل بہت کارگر ہے۔ بعد نمازِ عشاء اول و آخر تین تین بار درود شریف درمیان میں یہ دعا اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ناکام اور ذلیل و خوار ہوگا۔ اپنے برے ارادے میں کبھی کامیاب نہ ہوگا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

تعویذ ام الصبیان

از حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ

جس بچے کو ام الصبیان کا مرض ہو اس کے لئے یہ تعویذ بہت مؤثر اور مفید ہے۔ بارہ نوعرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں سلوا کر بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ام الصبیان کے مرض سے محفوظ ہو جائے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲ ۴ ۶	۴ ۷	۱۲
	۶ ۱ ۸		
	۷ ۵ ۳		
	۲ ۹ ۴		
۳	۸ ۲		۶
۱۰	۵	۳	۱۵

سردی چڑھ کر جو بخار آئے

یہ بخار اکثر تیسرے دن آتا ہے۔ اس کے لئے دو ٹھیکری پاک اور نئے مٹکے یا نئے برتن کی ہو جس کو پانی نہ لگا ہو۔ اس پر کالی روشنائی سے یا زعفران سے یہ الفاظ لکھے۔

شاہ شفا کل بلا دفع

اور تین بار یہ الفاظ پڑھ کر ایک ایک ٹھیکری پر پھونک دے اور ایک دائیں بازو پر کپڑے میں لپیٹ کر باندھ لے اور دوسری بائیں بازو پر باندھ لے۔ روزانہ ان ٹھیکریوں کو بدل دیا کرے دائیں بازو والی بائیں بازو پر باندھ لے اور بائیں بازو والی دائیں بازو پر باندھ لے۔ تین روز تک مسلسل باندھے رہے اور روزانہ بدلتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ بخار دفع ہو جائے گا۔

پھیپھڑے کے مرض کا ازالہ

پھیپھڑے کے مریض کو "اَلَسْتَ لِاَمْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ" تین سو مرتبہ مٹھائی پر دم کر کے کھلایا جائے۔

زبردست عملیات

جن کی اجازت ان دس شرائط کے ساتھ مشروط ہے

۱ - یہ عملیات صرف ساٹھ سال سے اوپر عمر کے لوگ ہی کریں۔ انہی کو اجازت ہے۔

۲ - ان عملیات کو کرنے والا زنا کاری، اغلام بازی کرنے اور کرانے والا نہ ہو بدنگاہی سے بالکل پاک ہو۔ ان گناہوں کا ارتکاب اس نے زندگی میں کسی بھی مرحلے پر نہ کیا ہو۔ اگر کبھی گناہ ہو گیا ہو تو وہ ان عملیات کو نہ کرے ورنہ کامیاب ہونا مشکل ہے

۳ - ان عملیات کو کرنے والا حرام روزی کھانے، کمانے، اپنے جسم پر استعمال کرنے یعنی کپڑے بنالے یا مکان میں لگائے یا بجلی اور گیس کا بل دینے میں خرچ کرے ایسے کو ان عملیات کرنے سے کوئی نفع نہ ہوگا لہٰذا وہ اپنا وقت برباد نہ کریں۔

۴ - ان عملیات کو کرنے والا حسد، بغض، جھوٹ، دھوکہ، بدنگاہی کسی دوسرے کو نقصان پہنچانا، لوگوں کو ستانا، ان پر ظلم کرنا، ان کا مال غصب کرنا۔ یہ سارے عیب میں سے اگر ایک بھی عیب اس میں ہے وہ ان عملیات کو کرنے میں کامیاب نہ ہوگا۔

۵ - ان عملیات کو کرنے والا پنجوقتہ نمازی ہو، مسجد میں تکبیر تحریمہ

کے ساتھ باجماعت نماز ادا کرتا ہو۔ اگر تارکِ نماز ہے، جمعہ اور جماعت کی نماز سے غافل ہے یا نماز کو وقت پر ادا نہیں کرتا تو ایسا شخص ان عملیات کو کرنے میں کامیاب نہ ہوگا۔

۶ - ان عملیات کو کرنے والا کثرت سے درود شریف پڑھنے والا، روزانہ پابندی کے ساتھ ایک سیپارہ پڑھنے والا ہو۔ اس کے علاوہ تیسرا کلمہ، استغفار پڑھنے والا ہو

۷ - ان عملیات کو کرنے والا لوگوں کے ساتھ بھلائی کرنے والا ہو۔ ان کی مال سے، جان سے مدد کرنے والا ہو بلا کسی لالچ کے۔ جو شخص صرف اپنی بھلائی چاہنے والا ہو وہ ان عملیات کو کرنے میں کامیاب نہ ہوگا۔

۹ - ان عملیات کو کرنے والا پاک صاف رہنے والا ہو، گندے مکان یا گندی جگہ رہنے والا عمل کرے گا تو کامیاب نہ ہوگا۔

۱۰ - ان عملیات کے کرنے سے جو آمدنی ہو اس میں سے ایک یا آدھا حصہ غرباء اور مساکین میں پابندی کے ساتھ تقسیم کیا کرے۔

ترکیب نقش مربع بھرنے کی

کل اعداد میں ۲۱ نفی کردو باقی اعداد رکھ لو۔ اب نقش پُر کرو اور تیرھویں خانہ سے وہ اعداد بھریں جو کہ ۲۱ نفی کرنے کے بعد باقی ہیں۔ فرض کرو اس آیت کے اعداد ۱۴۹۲ ہیں ۲۱ نفی کرے ۱۴۷۱ باقی بچے۔ اب دیکھو اس طرح پر نقش تیار ہو گیا

۸	۱۱	۱۴۷۲	۱
۱۴۷۱	۲	۷	۱۲
۳	۱۴۷۴	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۴۷۳

مثلث نقش

کل اعداد میں سے ۱۲ نفی کر کے تین سے تقسیم کرو اگر ایک باقی رہے تو ساتویں خانہ سے ایک زائد کرو اگر دو باقی ہیں تو چوتھے خانہ میں دو زائد کر لو۔

ترکیب دیگر مربع نقش

کل اعداد میں سے ۳۰ نفی کر لو۔ چار پر تقسیم کرو۔ ایک بچے تیرھویں خانہ میں۔ اگر ۲ بچیں نویں خانہ سے اگر تین بچیں پانچویں خانہ سے زائد کرے اور میزان کر کے دیکھ لے کہ نقش صحیح ہو گیا یا نہیں۔

دست غیب

چاند کے ہر مہینہ کی سات (۷) تاریخ کو نمازِ فجر سے پہلے غسل کر کے آدھا پاؤ (سوا سو گرام) کی دو روٹیاں تیار کرے اور اس پر دیسی گھی لگا کر ایک پر شکر (چینی) رکھے اور دوسری پر دہی، تھوڑا نمک اور چار عدد سیاہ مرچ رکھے پھر جانماز کے دونوں کناروں پہ یہ دونوں روٹیاں رکھ کر چار رکعت نماز نفل ادا کرے۔ اس کے بعد ان روٹیوں پر حافظ خدا یار خان کے ایصالِ ثواب کے لئے آدھا سیپارہ پڑھ کر روٹیوں اور سیپارہ کا ثواب حافظ خدا یار خان کی روح کو بخشے۔ پھر طلوع آفتاب (سورج نکلنے) سے پہلے پہلے یہ نقش ہفت در ہفت سات عدد لکھے اور حفاظت سے رکھے۔ یہ عمل سب سورج نکلنے سے پہلے پہلے کر لے ورنہ عمل ٹوٹ جائے گا اور کامیابی نہ ہوگی۔ اور نقش لکھتے وقت بات نہ کرے۔ ظہر کی نماز پڑھ کر ان سات نقوش کو دریا، نہر یا سمندر میں آٹے میں لپیٹ کر ڈالے اور ڈالنے سے پہلے اور ڈالنے کے وقت کسی سے بات نہ کرے۔ البتہ دل

میں درود شریف پڑھتا رہے۔ نقش ہفت در ہفت یہ ہے۔

۴۶	۱۲	۱۱	۷	۴۴	۴۵	۱۰
۴۱	۳۵	۲۰	۱۷	۳۴	۱۹	۹
۴۳	۳۲	۲۸	۲۳	۲۴	۱۸	۸
۱	۱۳	۲۱	۲۵	۲۹	۳۷	۴۹
۲	۱۴	۲۶	۲۷	۲۲	۳۶	۴۸
۳	۳۱	۳۰	۳۳	۱۶	۱۵	۴۷
۴۰	۳۸	۳۹	۴۲	۶	۵	۴

دست غیب کا عمل

اگر کوئی چاہتا ہے کہ غیب سے آمدنی کا سلسلہ قائم ہو جائے تو یہ عمل اس کے لئے بہت کارآمد ہے۔

عمل یہ ہے۔

چاند رات (نیا چاند دیکھنے کے بعد والی رات) کو ایک میٹھی روٹی سوا پاؤ آٹے کی (تین سو گرام آٹے کی) پکائے اور حضرت غوث پاک کے ایصالِ ثواب کی نیت سے ایک پاؤ پارہ پڑھ کر روٹی اور پارے کا ثواب حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی

بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو بخشے۔ اس کے بعد دو رکعت نماز نفل ادا کرے۔ سلام پھیرنے کے بعد کلمہ طیبہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھے اور اس کے بعد چار سو چالیس (۴۴۴) مرتبہ یہ عزیمت پڑھے۔ عزیمت یہ ہے

اَجِبْ بِحَقِّ یَا جِبْرَائِیْلُ بِحَقِّ یَا مِیْکَائِیْلُ بِحَقِّ یَا مُنْعِمُ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ۔

اس کے بعد وہ روٹی نیک نمازیوں کو کھلائے۔ بعد نمازِ فجر بوقت طلوعِ آفتاب دو سو مرتبہ یہی عزیمت پڑھے

اَجِبْ بِحَقِّ یَا جِبْرَائِیْلُ یَا مِیْکَائِیْلُ بِحَقِّ یَا مُنْعِمُ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ۔

اس کے بعد یہ نقش باوضو تحریر کرے اور خانۂ اول میں ۲۰۰ لکھ دے اس کے بعد دونوں نعوظ کو انگلیوں میں دبائے اور کھڑا ہو کر دو سو (۲۰۰) مرتبہ

یَا مُنْعِمُ

پڑھے۔ اس کے بعد ایک نقش باوضو کھائے اور دوسرے کو ٹوپی میں رکھ لے۔ دوسرے روز صبح کو حسب حال باوضو ایک نقش لکھ کر پہلے کی جگہ ٹوپی میں رکھ لے اور ٹوپی والے نقش کو کھا لے۔ اسی طرح روزانہ کیا کرے کہ چالیس دن ہو جائیں۔ چلہ کے بعد روزانہ دو سو روپے اللہ کی رحمت سے غیب سے ملا کریں گے۔

وہ نقش معظم یہ ہے

۷۸۶

۴۲	۶۰	۹۸	۲۰۰
۹۲	۶	۳۶	۶۶
۱۲	۱۱۰	۴۸	۳۰
۵۴	۲۴	۱۸	۱۰۴

غیب سے آمدنی کا عمل

ترکیب غیب سے آمدنی ہونے کی یہ ہے کہ چاند کی پہلی شب جمعہ اور بعد نمازِ عشاء خوشبو لگا کر باوضو چار سو بتیس (۴۳۲) مرتبہ

اَجِبْ بِحَقِّ یَا جِبْرَائِیْلَ بِحَقِّ یَا بَاسِطُ پڑھے اور دریا یا نہر کے کنارے یا سمندر کے کنارے ریت پر انار کے قلم سے جس کو تین مرتبہ چاقو سے (قلم بناتے وقت چھیلا گیا ہو) چھ (۶) نقش لکھے دوسری رات آٹھ سو چونسٹھ (۸۶۴) مرتبہ یہ عزیمت پڑھے اَجِبْ بِحَقِّ یَا جِبْرَائِیْلَ بِحَقِّ

یَا بَاسِطُ اور بارہ ۱۲ عدد نقش انار کے قلم سے ریت پر لکھے۔ تیسری رات بارہ سو چھیانوے (۱۲۹۶) مرتبہ یہ عزیمت پڑھے اَجِبْ بِحَقِّ یَا جِبْرَائِیْلَ بِحَقِّ یَا بَاسِطُ اور انار کے قلم سے ریت پر اٹھارہ نقش تحریر کرے۔

چوتھی رات سترہ سو اٹھائیس (۱۷۲۸) مرتبہ پڑھے وہ عزیمت یہ ہے

اَجِبْ بِحَقِّ یَا جِبْرَائِیْلَ بِحَقِّ یَا بَاسِطُ

اور انار کے قلم سے ریت پر چوبیس نقش لکھے

پانچویں رات اٹھارہ سو چونسٹھ (۱۸۶۴) مرتبہ پڑھے اور عزیمت یہ ہے

اَجِبْ بِحَقِّ یَا جِبْرَائِیْلَ بِحَقِّ یَا بَاسِطُ

اور انار کے قلم سے ریت پر تیس عدد نقش لکھے۔ اس عمل کے دوران تمام دنوں میں ترکِ جلالی وجمالی کرے۔ سب سے بہتر یہ ہے کہ بھنے ہوئے چنے کھائے یا جو کی روٹی چٹنی کے ساتھ کھائے۔ اس کے بعد ایک سفید کاغذ پر باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر جنوب کی طرف منہ کر کے (مشرق کی طرف منہ کر کے کھڑے ہوں تو دائیں ہاتھ پر جنوب ہوگا) کھڑے ہو کر ایک نقش تحریر کرے، اور خالی خانہ میں ۱۰۰ روپے اور دو زانوں بیٹھ کر دائیں (سیدھی)

ران کے نیچے اس نقش کو رکھ کر بصدق دل دو سو سولہ
(۲۱۶) مرتبہ یہ عزیمت پڑھے

اَجِبْ بِحَقِّ یَا جِبْرَائِیْلُ بِحَقِّ یَا بَاسِطُ

عمل ختم ہونے پر ایک سو روپے اور نقش ران کے نیچے سے اٹھائے اور نقش کو اپنی ٹوپی یا پگڑی میں رکھے اس کے بعد بوقت طلوع آفتاب اسی طرح نقش لکھ کر عزیمت دو سو سولہ (۲۱۶) مرتبہ پڑھا کرے اور نقش دو تین جمع کر کے دریا، نہر یا سمندر میں ڈال دیا کرے اور ۱۰۰ روپے اپنے خرچ میں لایا کرے مگر ضروری ہے کہ ہر مہینہ کے پانچ دن اس عمل کو اسی طرح کیا کرے اور اس کے ساتھ ترکِ جلالی و جمالی بھی ضرور کرے اور دیگر تمام شرائط کو ذہن میں رکھ کر عمل کرے۔ یہ عمل دریا، سمندر یا نہر کے کنارے کرے۔ ورنہ کامیاب نہ ہوگا۔ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	۱۰۰	۳۰

دستِ غیب کا عمدہ عمل

اول سات روزے رکھے یہ عمل اکتالیس دن تک برابر کرے۔ آیت وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ[1] بعد نمازِ عشاء ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ روزانہ باوضو پڑھتا رہے۔ تین یا پانچ یا سات دن میں انشاء اللہ تعالیٰ روپے کی آمد شروع ہو جائے گی۔ سب سے پہلے عمل میں ایک روشنی سی معلوم ہوگی اس کے بعد کہدے کہ پانچ سو روپے لائے۔ دوسرے دن تمہارے پاس پانچ سو روپے آجائیں گے۔ اس میں سے ایک سو روپے خرچ کر لو چار سو باقی رہیں گے۔ اس عمل کے ختم ہونے سے پہلے پہلے اگر کچھ خرچ کرنا چاہو تو کر سکتے ہو۔

غیب سے روزی کا عمل

اس عمل کو کرنے سے پہلے تنہائی کی جگہ تلاش کرو۔ جب جگہ کا انتظام ہو جائے تو جَو کا آٹا باوضو پیس کر کے رکھ لو صرف اسی کی روٹی کھاتی ہے۔ اس روٹی میں گھی، چینی یا نمک بھی ملا سکتا ہے۔ لیکن بہتر یہ ہے کہ صرف جَو کی خالص روٹی ہو۔ گوشت، مچھلی، انڈا، پیاز، لہسن وغیرہ سے پرہیز کرے۔ جَو کا آٹا باوضو پیسنا ہے۔ اگر چکی پر پسوانا ہے تو

[1] وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ ط

اس کو غسل کراؤ اور وضو کراؤ پھر پسواؤ۔ روٹی خود باوضو پکاؤ اور کھاؤ۔ رفع حاجت (پاخانہ کے لئے) منہ پر کپڑا ڈال کر جائے تاکہ کوئی دیکھ نہ سکے اس عمل میں یہ بھی شرط ہے کہ عمل کے دنوں میں نہ یہ کسی کو دیکھے اور نہ اس کو کوئی دیکھے ساتھ روزے رکھے نوچندی پنجشنبہ (چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات) سے شروع کرے تو بہتر ہے۔ شام بعد نمازِ مغرب شروع کردے اور بلا تعداد بے شمار

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

ساتھ دن برابر پڑھے جب آٹھویں رات آئے تو ساتھ میں یہ آیت بھی ملادے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ

صبح کو بعد نمازِ فجر حضرت خضر علیہ السلام ملاقات کریں گے اُن سے اپنی حاجت (ضرورت) ظاہر کردے اور درود شریف اول و آخر گیارہ گیارہ بار ضرور پڑھے۔ اور رات کو بالکل نہ سوئے دن کو سو جائے تو کچھ حرج نہیں ہے لیکن رات بھر جاگ کر پڑھنا ہے۔

دست غیب کا عمل

باوضو روزانہ بعد نماز، اول درود شریف گیارہ مرتبہ
اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ یہ آیت

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ

اس کے بعد ایک سو پچاس (۱۵۰) مرتبہ

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس عمل کو اڑتالیس دن کرنا ہے۔ اکیس دن گزرنے کے بعد ایک جنیہ حاضر ہوگی اور ایک سو روپے دے جائے گی۔ اڑتالیس دن کے بعد چلہ ختم ہوگا اور چلہ کے بعد جتنی مقدار میں ضرورت ہو اس جنیہ سے مانگ لے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ روز کے پیسے روز خرچ کرے اگر جمع کرے گا تو بند ہو جائیں گے۔ چلہ کے بعد ایک تسبیح (ایک سو بار) پڑھ لیا کرے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ جنیہ سے کوئی نشانی بھی طلب کرے۔ درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

غیب سے روزی کا انتظام

اول چاند دیکھنے کے بعد سات روزے رکھے اور بعد نمازِ عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) بار

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ط

اس کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھے

يَا حَيُّ

اس کے بعد ایک سو پچاس (۱۵۰) مرتبہ

يَا قَيُّوْمُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل سات روز کا ہے۔

پرہیز: سات دن میں جھوٹ بالکل نہ بولے۔ غیبت نہ کرے۔ گوشت، انڈا، مچھلی، لہسن، پیاز اور بدبودار اشیاء (سگریٹ، بیڑی، حقہ) سے پرہیز کرے

ساتویں دن ایک جنّیہ نورانیہ آپ کے پاس آئے گی اور ایک سو روپے دے جائے گی۔ پھر اس کے بعد آپ کے پاس پانچ سو روپے روزانہ آیا کریں گے۔ سب سے پہلے ملنے والے ایک سو روپے کو محفوظ رکھے اس کو کسی حالت میں بھی خرچ نہ کرے ورنہ آمد کا سلسلہ بند ہو جائے گا۔

عمل دست غیب

نیا چاند دیکھنے کے بعد جو جمعرات آئے اس کو بعد نماز عشاء دو رکعت صلوٰۃ الحاجۃ ادا کرے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ یٰسین شریف پڑھے اور دوسری رکعت میں بھی سورۃ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ یٰسین شریف پڑھے۔ بعد سلام ایک مرتبہ سورۃ یٰسین شریف پڑھ کر ایک مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو اکتالیس (۱۴۱) مرتبہ یہ آیت پڑھے

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ط

اس کے بعد ایک سو چوہتر (۱۷۴) مرتبہ

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

پڑھے۔ آٹھویں رات کو یہ آیت

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ط

ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد ایک شخص حاضر ہوکر کوئی چیز پیش کرے گا۔ اس کو اپنے پاس محفوظ رکھے۔ اس رات کے بعد اس کو اپنے خرچ میں لائے۔ وہ چیز ہمیشہ رہے گی۔ جو رقم ملے اس کو روزانہ خرچ کرنا ہے۔

دست غیب کا عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کو غیب سے روزی ملے اور اس کو کسی کی غلامی یا نوکری نہ کرنی پڑے صرف ذکر الٰہی کی بدولت رقم ملتی رہے تو اس کے لئے درج ذیل (وہ نقش جو نیچے درج ہے) نقش باوضو لکھ کر سیدھی ران کے نیچے رکھ کر پانچ ہزار نوسو پچاس (۵۹۵۰) مرتبہ اسم

یَا وَهَّابُ

پڑھے۔ اکیس روز اسی طرح عمل کرے۔ جب اکیس ۲۱ روز ختم ہوجائیں گے تو پانچ سو ۵۰۰ روپے کا نوٹ ران کے نیچے سے ملے گا۔ اس کو لے کر آدھی رقم خیرات کردے اور آدھی رقم (ڈھائی سو روپے) اپنے جیب خرچ میں لائے۔ یہ مال حرام جگہ میں خرچ نہ کرے۔ مثلاً رشوت میں کسی کو نہ دے۔ نہ اس رقم سے سٹہ لگائے نہ جوا کھیلے۔ نہ اس سے شراب خرید کر پیئے۔

اور نہ کسی کو نقصان پہنچانے میں خرچ کرے۔ مثلاً کسی غنڈے کو رقم دے کر کہا کہ فلاں کو مار پیٹ کر۔ یا فلاں کا مال چرالے یا مال چھین لے۔ لہٰذا سخت احتیاط سے اور صحیح طور سے جائز کاموں میں صرف کرے۔ اگر غلط اور حرام کاموں میں یہ رقم خرچ کر دے گا تو فیض بند ہو جائے گا۔

اکیس روز پڑھنے کے بعد بھی روزانہ پانچ ہزار نوسو پچاس (۵۹۵۰) مرتبہ

یَا وَهَّابُ

وقتِ مقررہ پر پڑھتا رہے۔ عمل پڑھتے وقت منہ مشرق کی طرف کرے اور خوشبو کے لئے لوبان، لادن، صندل سفید کو باریک کوٹ کر یکجا کر کے رکھ لیں۔ جب پڑھنے بیٹھیں کوئلے کی آگ تیار رکھیں اس میں تھوڑا تھوڑا ڈالتے رہیں۔

زکوٰۃ اس عمل کی یہ ہے کہ یہ نقش چودہ ہزار (۱۴۰۰۰) کی تعداد میں لکھ کر کنویں، دریا، سمندر یا نہر میں ڈالے عمل کے لئے روزانہ غسل کرے، خوشبو لگائے۔ پاک وصاف کپڑے پہن کر یہ نقش لکھا کرے۔ روزانہ جس قدر

لکھے جائیں لکھ لیا کرے۔ چودہ ہزار کی تعداد پوری کرنی ہے جتنے دن میں بھی ہو جائیں اس کے لئے دن کی تعداد مقرر نہیں ہے کہ اتنے دن میں لکھنا ضروری ہے۔ اگر کسی دن بالکل فرصت نہ ملے تو ایک نقش ضرور لکھے۔ اکیس دن تک ترک حیوانات کرے پڑھنے اور لکھنے کے دوران تو زیادہ بہتر ہے۔

بڑی شرط یہ ہے کہ ایامِ زکوٰۃ میں روزانہ دیر تک پانچ سو کے نوٹ کو خوب غور سے دیکھتا رہے یہاں تک کہ بے دیکھے اسے سامنے دیوار پر پانچ سو روپے کا نوٹ نظر آنے لگے۔ اس نقش کو لکھتے وقت باوضو رہے۔ بے وضو نہ لکھے نہ عمل کرے۔ اگر کسی غلطی کے سبب آمد بند ہو جائے تو پھر سے صرف عمل کرے زکوٰۃ کی ضرورت نہیں ہے۔ ایک دفعہ زکوٰۃ ادا کرنے پر تمام عمر کے لئے زکوٰۃ ادا ہو گئی۔ نقش آتشی چال میں یہ ہے۔

۷۸۶

ب	ا	ھ	و
و	ھ	ا	ب
ا	ب	و	ھ
ھ	و	ب	ا

دست غیب کا عمل مجرب

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اسے غیب سے آمدنی ہو اور کسی کے آگے ہاتھ پھیلانا نہ پڑے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش کی زکوٰۃ دے۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کی تین تاریخ سے لے کر بارہ تاریخ تک خواہ جس تاریخ کو شروع کرے اگر اس دن جمعرات کا دن ہو تو بہتر ہے یعنی یہ عمل جمعرات سے شروع کرے تو زیادہ اچھا ہے۔ اول سوا کلو مٹھائی منگوائے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ایصالِ ثواب کی نیت کر کے کہے کہ

اے اللہ اس مٹھائی کا ثواب حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل میں حضرت علی شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پہنچے۔

پھر وہ مٹھائی نیک نمازیوں کو کھلا دے اس مٹھائی میں سے خود بھی کھا سکتا ہے البتہ بے نمازی کو بالکل نہ کھلائے نقش لکھنے سے پہلے اور نقش لکھنے کے بعد گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد بارہ (۱۲) نقش باوضو

اس عمل کو شروع کرے چاند رات کو بعد نماز عشاء
غسل کر کے پاک وصاف کپڑے پہن کر خوشبو لگائے۔
اس کے بعد تین پاؤ آٹے کی روٹی پکائے اور ان روٹیوں
پر گڑ اور دہی رکھ کر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ
علیہ اور اہل بیت عظام کے ایصال کے لئے سورۃ فاتحہ
اور چاروں قل پڑھ کر ان کو ایصال اس طرح کرے کہ

اے اللہ رب العزت اس طعام اور کلام
الٰہی کا ثواب حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم
کے طفیل میں حضرات اہل بیت کرام رضوان
اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور حضرت شیخ عبدالقادر
جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو پہنچے۔

اس کے بعد دو نقش لکھے۔ ہر نقش لکھنے سے قبل
اور لکھنے کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ درود شریف
یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ

اس طرح پر کرے کہ ہر خانہ پر بارہ مرتبہ

یَا وَاجِبُ

پڑھ کر دم کرتا رہے۔ بارہ روز تک بارہ نقش روزانہ لکھے
اور روزانہ لکھے ہوئے ان بارہ نقوش کو آٹے میں لپیٹ کر گولی
بنا کر دریا، سمندر، نہر، کنویں میں ڈالے اور کسی سے ذکر نہ کرے
تیرھویں روز بعد نماز فجر ایک نقش عرق گلاب میں زعفران
گھول کر اس سے پر کرے اور دو کاغذ کے ٹکڑے پانچ سو
روپے کے نوٹ کے برابر کے کاٹ کر جس جگہ تلاوت ختم کرے
قرآن شریف میں رکھ دے۔ روزانہ ایسا ہی کرے۔
چودھویں دن پانچ سو روپے قرآن شریف میں ملیں گے
وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۳	۸	۱
۲	۴	۶
۷	یا واجب	۵

کامیاب دست غیب

ماہ ثابت (جیٹھ، بھادون، اگھن، پھاگن) میں

عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

درود شریف کے درمیان دو سو مرتبہ

یَا مُنْعِمُ

پڑھ کر دو سو بار ایک نقش پر دم کرے۔ اس کے بعد پھر سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر

یَا مُنْعِمُ

پڑھے۔ اس کے بعد سات بار درود شریف پڑھ کر دوسرے نقش پر دم کرے

اس کے بعد ایک نقش کو پانی میں گھول کر وہ پانی دیوار پر چھڑک دے کہ پانی کی بے ادبی نہ ہو۔ ہلکے ہلکے چھینٹے دیوار پر مارے تاکہ زمین پر کیچڑ یا پانی جمع نہ ہو اور نقش کا کاغذ چولہے میں جلا دے تاکہ بے ادبی نہ ہو

اس کے بعد دوسرا نقش اپنے پاس پلاسٹک کی تھیلی میں رکھ کر اپنی ٹوپی میں ٹانکے لے یا پگڑی میں رکھے۔ اس کے بعد روزانہ بوقت طلوع آفتاب ایک نقش لکھ کر اس نقش کو پلاسٹک کی تھیلی میں رکھ کر پگڑی یا ٹوپی میں رکھ لے اور اور پگڑی یا ٹوپی میں موجود نقش کو ذرا سے پانی میں گھول کر

وہ پانی ہلکے ہلکے چھینٹے کے ساتھ دیوار پر چھڑک دے اور کاغذ کو چولہے میں جلا دے۔

جب بھی صبح کو سورج نکلنے کے وقت نقش لکھا کرے تو نقش لکھنے کے بعد اول سات بار درود شریف پڑھے اس کے بعد دو سو مرتبہ

یَا مُنْعِمُ

پڑھے۔ پھر سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر نقش پر دم کرے۔ یہ عمل برابر ایک سو ساٹھ (۱۶۰) دن کرے۔ ناغہ نہ کرے ورنہ عمل ٹوٹ جائے گا اور دوبارہ شروع کرنا پڑے گا۔

اور وہ روٹی کسی نمازی فقیر کو کھلا دے۔

نقش کے پہلے خانہ میں پہلے روز پانچ روپے لکھے دوسرے روز دس روپے اور تیسرے روز پندرہ روپے لکھے اسی طرح ایک سو ساٹھ دن تک روزانہ پانچ روپے بڑھا کر لکھتا جائے جب ایک سو ساٹھ پر نوبت پہنچے تو ۵۰۰ روپے لکھے۔ ہر چاند رات کو عمل کو پہلے دن کے عمل کے مطابق کیا کرے تاکہ تجدید عمل ہو جائے۔ انشاء اللہ

تعالیٰ مقررہ مدت گذرنے کے بعد پانچ سو روپے روز غیب سے ملا کریں گے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۲	۶۰	۹۸	۰
۹۲	۶	۳۶	۶۶
۱۲	۱۱۰	۴۸	۳۰
۵۴	۲۴	۱۸	۱۰۴

عامل کو چاہیئے کہ اپنا یہ راز کسی پر ظاہر نہ کرے۔

ماہ ثوابت یہ ہیں: جیٹھ، ہاڈ دن۔ اگھن، پھاگن یہ ہندی مہینے ہیں۔ جنتری کے ذریعہ معلوم کر لیا جائے کہ اب چاند کے ساتھ کونسا ہندی مہینہ شروع ہوا ہے

غیب سے روزی کا مجرب عمل

چاند دیکھنے کے بعد (عروج ماہ یعنی یکم سے ۱۲ تاریخ تک عروجِ ماہ کا وقت ہے) جمعرات کے دن بماہ آبی بالخصوص سرطان میں اس عمل کو شروع کرے۔ بہتر (۷۲) دن مسلسل روزے رکھے۔ روزہ روزانہ دودھ چاول سے افطار کرے۔

اکل حلال اور صدق مقال یعنی حلال روزی کھائے

اور جھوٹ کو بالکل چھوڑ دے۔ مذاق میں بھی جھوٹ نہ بولے نہ بچے کو بہلانے کے لئے جھوٹ بولے۔ اس دوران ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے۔ سوائے تعویذ لکھنے کے اپنے ہاتھ میں عمل کے دوران کچھ نہ پکڑے۔ یعنی دیگر تحریر سے پرہیز کرے۔ اور ہر روز بہتر (۷۲) نقش لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر نہر یا دریا یا سمندر میں ڈالے کسی دن ناغہ چھٹی نہ کرے۔ بہتر (۷۲) روز تک برابر بہتر (۷۲) نقش لکھے عمل ختم ہونے کے بعد ۵۰۰ روپے روز غیب سے ملا کریں گے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ ایک نقش روزانہ لکھ کر وقتِ مقررہ پہ دریا، سمندر یا نہر میں ڈالتا رہے۔ تاکہ عمل قائم رہے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۳۰	۳۳	۱
۳۲	۲	۷	۳۱
۲	۱۰۶	۲۸	۱
۲۱	۸	۱۲	۲۱۲

دستِ غیب کا عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اسے غیب سے روزی ملے تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔

نوچندی جمعرات کو غسل کر کے پاک و صاف کپڑے پہنے، خوشبو لگائے بعد نماز عمل شروع کرے اس دوران گوشت اور لہسن پیاز اور بدبودار اشیاء کو کھانے میں استعمال نہ کرے۔ گناہوں سے بچے، صدق و سچ کو اختیار کرے، جھوٹ، غیبت، لڑائی جھگڑے سے خود کو دور رکھے۔ یہ عمل اکیس[۲۱] روز یا چالیس[۴۰] روز پابندی کے ساتھ بلاناغہ کرے۔ بعد نمازِ مغرب اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد پانچ سو[۵۰۰] مرتبہ

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ پڑھنے کے دوران کسی سے بات نہ کرے۔ درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اس عمل کے بعد

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

ایک سو ایک[۱۰۱] مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ درود شریف اول و آخر گیارہ، بار پڑھا کرے۔ اس عمل کی برکت سے ایک سو روپے روز ملا کریں گے

دستِ غیب کا عمدہ عمل

اول ترک حیوانات جلالی و جمالی اختیار کرے۔ صرف جَو کی روٹی یا گندم کی روٹی بغیر نمک کھائے۔ تین روز رکھے۔ اس کے بعد نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلے اتوار کے روز سے یہ عمل شروع کرے۔ تہجد کی نماز کے بعد باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر ایک سو ایک (۱۰۱) بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد پانچ ہزار دو سو چوراسی (۵۲۸۴) مرتبہ اسم الٰہی

يَا بَاسِطُ

پڑھے۔ پھر ایک سو ایک (۱۰۱) بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد پاک صاف قلم دوات لے کر مندرجہ ذیل نقش بہتر (۷۲) عدد پر کرے۔ اور ان کو الگ الگ

دستِ غیب کا عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اسے غیب سے روزی ملے تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔

نوچندی جمعرات کو غسل کر کے پاک و صاف کپڑے پہنے، خوشبو لگائے بعد نماز عمل شروع کرے اس دوران گوشت اور لہسن پیاز اور بدبودار اشیاء کو کھانے میں استعمال نہ کرے۔ گناہوں سے بچے، صدق و سچ کو اختیار کرے، جھوٹ، غیبت، لڑائی جھگڑے سے خود کو دور رکھے۔ یہ عمل اکیس (۲۱) روز یا چالیس (۴۰) روز پابندی کے ساتھ بلاناغہ کرے۔ بعد نمازِ مغرب اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ پڑھنے کے دوران کسی سے بات نہ کرے۔ درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اس عمل کے بعد

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

ایک سو ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ درود شریف اول و آخر گیارہ، بار پڑھا کرے۔ اس عمل کی برکت سے ایک سو روپے روز ملا کریں گے

دستِ غیب کا عمدہ عمل

اول ترک حیوانات جلالی و جمالی اختیار کرے۔ صرف جَو کی روٹی یا گندم کی روٹی بغیر نمک کھائے۔ تین روز رکھے۔ اس کے بعد نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلے اتوار کے روز سے یہ عمل شروع کرے۔ تہجد کی نماز کے بعد باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر ایک سو ایک (۱۰۱) بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد پانچ ہزار دو سو چوراسی (۵۲۸۴) مرتبہ اسم الٰہی

يَا بَاسِطُ

پڑھے۔ پھر ایک سو ایک (۱۰۱) بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد پاک صاف قلم دوات لے کر مندرجہ ذیل نقش بہتر (۷۲) عدد پر کرے۔ اور ان کو الگ الگ

لپیٹ کر آٹا گوندھ کر اس میں ایک ایک نقش رکھ کر گولی
بنا کر دریا، نہر، سمندر میں ڈال دے جب تک نقش نہ ڈال
دے اس وقت تک کسی سے بات نہ کرے اور جب نقش ڈال کر
واپس ہو تو پیچھے مڑ کر نہ دیکھے۔ روٹی عمل کے دوران باوضو اپنے
ہاتھ سے پکائے۔ اپنا کوئی کام کسی دوسرے سے نہ کرائے بلکہ
اپنا کام خود کرے اکتالیس دن گذرنے کے بعد روزانہ کسی بھی طریقے
سے دو سو روپے روز ملا کریں گے لہذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے
اس بات کا کہ اسے غیب سے رقم ملتی ہے کسی سے ذکر نہ کرے۔
اکتالیس دن عمل کرنے کے بعد گیارہ نقش روزانہ لکھتا رہے
اور دوسرے، تیسرے یا چوتھے دن فرصت کے وقت آٹے
میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال آیا کرے اور بہتر (۷۲) مرتبہ
روزانہ اسم الٰہی یَا بَاسِطُ پڑھا کرے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

اُجِبْ بِحَقِّ یَا رَفْعَائِیْلُ بِحَقِّ یَا بَاسِطُ

۶	۴۸	۱۸
۳۶	۲۴	۱۲
۳۰	دو سو روپے	۴۲

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی
اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ
عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

غیب سے روزینہ مقرر ہونا

اگر کوئی چاہتا ہے کہ اس کی روزی کے لئے روزانہ
مقررہ آمدنی ہوتی رہے جس سے اس کے گھر کا خرچ چلتا رہے
اسے کسی سے مانگنے یا قرض لینے کی ضرورت نہ پڑے۔

یہ عمل نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات کے دن سے
شروع کرے۔ سب سے پہلے غسل کرے پاک و صاف
لباس پہنے، خوشبو لگائے، اگربتی سلگائے یا کوئلے
جلا کر ان پر لوبان چھڑک کر خوشبو پھیلائے۔ اس کے بعد یہ
نقش بارہ (۱۲) عدد پر کرے۔ یہ نقش اکتالیس دن لکھے۔
ان نقوش کو آٹے میں لپیٹ کر گولی بنا کر دریا، نہر، سمندر یا
جھیل میں ڈال دیا کرے۔ نقش لکھنے کے بعد بارہ ہزار (۱۲۰۰۰)
مرتبہ یَا وَاجِبُ پڑھے۔ اکتالیس روز عمل کرنے کے

بعد خزانۂ غیب سے روزینہ مقرر ہو جائے گا۔ جس کی مقدار دو سو روپے روزانہ ہو سکتی ہے۔ اس میں سے ایک حصہ مساکین لاوارث، بے روزگار، غرباء پر خرچ کر دے (یعنی خیرات کر دے) پیشہ ور فقیر کو بالکل نہ دے صرف ضرورت مند اور مستحق افراد کو دے۔ بقیہ رقم اپنے خرچ میں لاوے۔ حرام کام میں بالکل خرچ نہ کرے ورنہ روزینہ بند ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۳	۸	۱
۲	۴	۶
۷	دو سو روپے	۵

برائے دستِ غیب برکت کے واسطے

سات دانے جو کے لے کر بادِ صنوان پر نوسو ستانوے (۹۹۷) بار یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ پڑھ کر ان دانوں پر دم کرے اور اپنے خرچ کی تھیلی یا صندوق یا گلہ جس میں پیسے رکھتا ہے، کسی تھیلی میں بند کر کے رکھ دے۔ جتنا چاہے خرچ کرے انشاء اللہ تعالیٰ، اللہ تعالیٰ کے اسمائے مبارکہ کی برکت سے رقم ختم نہ ہوگی۔ جب اس صندوق، تھیلی یا گلہ میں سے رقم نکالے باوضو ہو کر اس میں سے رقم نکالے۔ اس روپے کو ناجائز کاموں میں خرچ نہ کرے

خرچ میں کمی نہ ہو برکت کا تعویذ

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کا ماہانہ خرچ نہ ہو اور اس میں اس طرح برکت اور اضافہ ہو کہ اسے کسی سے سوال کرنا نہ پڑے اور نہ قرض لینا پڑے اور محدود آمدنی میں پورے ماہ کا خرچ آسانی کے ساتھ پورا ہو جائے۔ اس تعویذ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے پیسے رکھنے کی تھیلی میں رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھیلی کبھی خالی نہ ہوگی بہت برکت ہوگی اور مؤکل کا نام تعویذ کی پشت پر (تعویذ کے پیچھے) لکھے۔ وہ یہ ہے بِحَقِّ یَا دَرْدَائِیْل۔

اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قلاً قلاً قلاً صفاً صفاً نہیاً نہیاً جزاباً جزاباً یا بدیع

۸ ۳۰۰۲۶	۱۱ ۳۰۰۲۹	۱۴ ۳۰۰۳۲	۳۰۰۱۹
۱۳ ۳۰۰۳۱	۲ ۳۰۰۲۰	۷ ۳۰۰۲۵	۱۲ ۳۰۰۳۰
۳ ۳۰۰۲۱	۱۶ ۳۰۰۳۴	۹ ۳۰۰۲۷	۶ ۳۰۰۲۴
۱۰ ۳۰۰۲۸	۵ ۳۰۰۲۳	۴ ۳۰۰۲۲	۱۵ ۳۰۰۳۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الٰہی بحق ھو الغفور الودود ذوالعرش المجید فعال لما یرید دو صد روپیہ بجہت خرچ روزمرہ از خزانۂ غیب برسان البدیع

دست غیب کا عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اسے دستِ غیب حاصل ہو جائے اور اسے پانچ سو روپے (۵۰۰/-) روز کی آمدنی ہو جائے اس کے لئے تین روزہ رکھے۔ اور روزہ صرف بادام، کشمش اور پستے سے کھولے اور سحری بھی اسی کو کھا کر کرے۔ اس کے لئے ایک پاؤ بادام، ایک پاؤ کشمش اور ایک پاؤ پستہ خرید کر رکھ لے۔ اور اسی سے سحری کرے اور اسی کو کھا کر افطار کرے۔ ان کے علاوہ کوئی دوسری چیز سحری یا افطاری میں استعمال نہ کرے صرف یہی میوہ کھانا ہے۔

ایک کمرہ الگ تھلگ صاف ستھرا دھو کر پاک کر لے۔ اس میں بخور (لوبان، اگرتی) وغیرہ جلائے، اس میں عطر چھڑکے۔ بعد نمازِ عشاء نہا دھو کر پاک و صاف کپڑے پہن لے پاک مصلے پر قبلہ رُخ بیٹھ کر اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد آیتِ کریمہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

پڑھنا شروع کرے جب ختم کرے تو جتنی بھی تعداد ہو جائے اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر تہجد پڑھے سحری کھائے اور فجر کی نماز پڑھے اس کے بعد چاہے تو کچھ دیر آرام کر لے۔ ورنہ پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر پڑھنا شروع کرے جب پڑھنا موقوف کرے گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ تین دن کے اندر آیت کریمہ ایک لاکھ (۱۰۰۰۰۰) مرتبہ پڑھنا ہے۔ اگر تین دن رات میں ایک لاکھ پورا نہ کیا تو عمل ٹوٹ گیا۔ نئے سرے سے دوبارہ شروع کرے۔

عمل مکمل ہونے کے بعد انشاء اللہ تعالےٰ پانچ سو روپے روزانہ ملا کریں گے۔ ان روپوں کو جائز کاموں میں خرچ کرے۔ ایک حصہ خیرات کر دے، حرام کام میں خرچ کرے گا تو ناکام ہو جائے گا اور دستِ غیب کا سلسلہ بند ہو جائے گا شرط یہ بھی ہے کہ بادام، کشمش، پستہ حلال کمائی کا ہو جھوٹ، غیبت، گالی بکنا، چغلی کھانا، حسد و بغض رکھنا، گناہ کرنا، اگر ان گناہوں کے علاوہ دیگر گناہوں میں بھی مبتلا ہو گا تو کامیاب نہ ہو گا۔ اگر ناکامی ہو تو اپنے عمل کا جائزہ لے کہ کونسا گناہ ہو رہا ہے جس کے سبب کامیابی سے محرومی ہے

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى

اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ
عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

دست غیب کا لاجواب عمل

دست غیب کے لئے یہ عمل بہت لاجواب ہے لیکن شرط یہ ہے کہ پہلے جھوٹ بولنا چھوڑ دے مذاق میں بھی جھوٹ نہ بولے نہ بچوں سے جھوٹے وعدے کرے دوسری بات یہ ہے کہ ہر قسم کے گناہوں سے کنارہ کش ہو جائے اور تمام گناہوں کو چھوڑ دے۔ غیبت، حسد و بغض، الزام تراشی، حرام کھانا، رشوت دینا یا لینا، شراب پینا، زنا کاری، فحش گوئی، گندہ مذاق، کسی کی عزت خراب کرنا اسے ذلیل کرنا، اس کی جعلی کرنا، کسی کو مارنا، پیٹنا، ظلم کرنا، ظالم کی مدد کرنا، بے ہودہ لوگوں کے ساتھ دوستی رکھنا، سود کھانا، سود لینا یا دینا، سود لینے دینے والے، خراب، ہیروئن، چرس، گانجہ، جوا، کا کاروبار کرنے والے کی بوتل، چلتے پینا یا دعوت کھانا یہ سب باتیں عمل کو باطل کر دیتی ہیں اور آدمی محنت کرنے کے باوجود محروم رہتا ہے۔ جو لوگ خود پر قابو نہیں رکھتے وہ ان اعمال کو کر کے اپنی محنت ضائع نہ کریں۔ ایسا عمل کرنے والے کو ہر کسی کا کھانا کھانے سے بچنا ہوگا۔ گناہوں کو چھوڑنا ہوگا بے ہودہ باتوں سے اور بے ہودہ دوستوں سے کنارہ کشی کرنی ہوگی۔ صرف حق حلال کی محنت کی روٹی کھائے فلم دیکھنے والے یا ٹی وی دیکھنے والے بھی اس عمل کو کر کے کامیاب نہ ہوں گے۔ جس کمرے میں عمل کیا جائے اس میں کسی قسم کی تصویر، جانور کی ہو یا انسان کی یا گڈے گڑیا یا دیگر نوع کی تصاویر ہوں اس میں بھی برکات کا ظہور نہ ہوگا۔

عمل یہ ہے

سات روزے رکھے اور روزانہ بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ یہ آیت پڑھے، اول و آخر گیارہ، گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ وہ آیت یہ ہے

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ط وَيَعْلَمُ
مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ط وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا
يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ
وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ○

درود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

اس کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ

یَا حَیُّ

پڑھے۔ اس کے بعد ڈیڑھ سو (۱۵۰) مرتبہ

یَا قَیُّوْمُ

پڑھے۔ یہ عمل روزانہ وقتِ مقررہ پر کرنا ہے۔ اس دوران پاک وصاف کپڑے پہنے خوشبو لگائے۔ ساتویں دن ایک نورانی حسینہ ظاہر ہوگی اور جو پانچ سو (۵۰۰) روپے دے گی وہ فوراً جیب میں ڈال لے۔ اب روزانہ پانچ سو روپے ملا کریں گے۔ شرائط کے ساتھ کرے گا تو ضرور کامیاب ہوگا ورنہ ناکام رہے گا۔ لہٰذا عمل کرنے سے پہلے اپنے حالات کا جائزہ لے اور دیکھے کہ وہ ان شرائط کی پابندی کر سکتا ہے یا نہیں۔

برائے فتوح غیب

یہ عمل فتوح غیب کے لئے بہت مؤثر ہے۔ جمعہ کے دن سنّت پڑھ کر اس کے بعد یہ دعا سات بار پڑھے۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد فرض نماز میں شریک ہو۔ دراصل جمعہ کے دن سنت اور فرض کے درمیان کرنے کا عمل ہے

وہ پڑھنے والی دعا یہ ہے

یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا وَدُوْدُ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ ط

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

قرضہ سے نجات کے لئے

اگر کسی آدمی کا قرضہ چڑھتا جاتا ہو لیکن کم ہونے کا نام نہ لیتا ہو تو اس کے لئے روزانہ بلاناغہ پابندی

کے ساتھ سورۂ نصر اکتالیس مرتبہ بعد نمازِ فجر پڑھا کرے
انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے قرضہ ادا ہونے کے اسباب
پیدا ہو جائیں گے اور جلد ہی قرضہ ادا ہو جائے گا۔

سورۂ نصر یہ ہے

إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللَّهِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَأَيْتَ النَّاسَ
يَدْخُلُونَ فِي دِينِ اللَّهِ أَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ
وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا ۝

تنگیٔ معاش کے لئے

اگر کوئی آدمی تنگ دست ہو اور اس کی آمدنی کم
اور خرچہ زیادہ ہو تو ایسی صورت میں گیارہ روز روزانہ
ایک سو بار یہ کلمات پڑھ کر فراخی معاش کی دعا کیا کرے
انشاء اللہ تعالیٰ رزق کے دروازے کھل جائیں گے
وہ کلمات یہ ہیں

اَللّٰهُمَّ تُبْ عَلَيْنَا قَبْلَ الْمَوْتِ وَهَوِّنْ عَلَيْنَا
شِدَّةَ الْمَوْتِ وَارْحَمْنَا عِنْدَ الْمَوْتِ وَلَا تُعَذِّبْنَا
بَعْدَ الْمَوْتِ يَا خَالِقَ الْحَيٰوةِ وَالْمَوْتِ تَوَفَّنَا
مُسْلِمِيْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِيْنَ .

دست غیب کا عمل

ایک روپیہ پر تین مرتبہ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ باوضو جمعہ کے
دن علی الصباح لکھے اس حالت میں کہ اس کا روزہ ہو۔ اس کے
بعد روزانہ روزہ رکھے اور ترکِ حیوانات جلالی و جمالی کرے۔
اور ایک وقت مقرر کر کے سورۂ نون (پ) تین سو مرتبہ روزانہ
پڑھ کر اس روپیہ پر دم کرے۔ یہ عمل ایک ہفتہ تک کرے۔
اس کے بعد اس روپیہ کو اپنے روپے رکھنے کی تھیلی میں رکھے
انشاء اللہ تعالیٰ بے حد برکت ہوگی۔ تجربہ کیا ہوا عمل ہے۔

دست غیب کا عمل

نیا چاند دیکھ کر بروز جمعرات دو سو روپے کا سرسوں
کا تیل لے کر بعد نمازِ عشاء نہا دھو کر پاک صاف کپڑے
پہن کر خوشبو لگا کر اور ایک نیا اور کورا چراغ (وہ مٹی
کا دیا جو کمہار کی دوکان سے لیا گیا ہو لیکن اس کو پانی سے
دھویا نہ گیا ہو بلکہ مٹی وغیرہ کو کپڑے سے صاف کیا گیا ہو
کورا چراغ کہلاتا ہے) لے کر روئی کی بتی بنا کر اس چراغ میں
رکھ کر اس میں سرسوں کا تیل ڈال کر چراغ جلائے ایک پاک
و صاف مصلے (نماز پڑھنے کی دری یا قالین) اپنائے کر

اس مصلّے کے چاروں کونوں کے نیچے ایک ایک ٹھیکری (پھوٹے ہوئے مٹکے، صراحی کے ٹکڑے) رکھ دے اور ایک ٹھیکری اپنے سامنے مصلّے کے نیچے سجدے کی جگہ رکھے اس کے بعد سامنے مصلّے کے نیچے والی ٹھیکری سب سے پہلے نکال کر اس پر "حضرت ابراھیم علیہ السلام" لکھے۔ اس مصلّے کے سیدھی (دائیں طرف والی) طرف کونے کی ٹھیکری پر

حضرت جبرائیل علیہ السلام

لکھے اس کے بعد مصلّے کے سامنے بائیں طرف کونے کی ٹھیکری پر

حضرت میکائیل علیہ السلام

لکھے۔ اس کے بعد پچھلے حصے کی بائیں جانب کونے کے نیچے کی ٹھیکری پر

حضرت اسرافیل علیہ السلام

لکھے۔ اس کے بعد مصلّے کے پچھلے حصّے کے دائیں جانب کونے کے نیچے کی ٹھیکری پر

حضرت عزرائیل علیہ السلام

لکھے۔ اس کے بعد اول آخر تین تین بار درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

پڑھے۔ درمیان میں سات ہزار سات سو ستتر (۷۷۷۷) مرتبہ

یَا فَتَّاحُ

پڑھے۔ یہ عمل مسلسل بلاناغہ اکیس دن پڑھے۔ اکیسویں دن کے بعد روزانہ سات سو (۷۰۰) مرتبہ پڑھ لیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ جو نصیب میں ہوگا مصلّے کے نیچے سے ملے گا اور آئندہ ملتا رہے گا۔ یہ راز ہے کسی پر ظاہر نہ کرے ورنہ آمد بند ہو جائے گی۔ دوسری بات گناہوں سے بچنا، جھوٹ، چغلی، غیبت، حرام مال کھانا یا یہ رقم حرام کام میں صرف کرنا یا بے جا خرچ کرنا۔ جھوٹ سے پرہیز کرنا ہے۔ ورنہ یہ فیض بند ہو جائے گا۔

ہمزاد کو تابع کرنا

نہا دھو کر پاک و صاف کپڑے پہن کر، عطر لگا کر ایک کمرہ جس میں کوئی دوسرا موجود نہ ہو اور اس کمرہ کو دن کے وقت پانی سے دھو کر پاک کر لیا گیا ہو۔ اس میں دروازہ بند کر کے پاک مصلّے پر بیٹھے۔ اور آیۃ الکرسی گیارہ بار پڑھ کر ایک چھری پر دم کرے اور چھری سے اپنے مصلّے کے چاروں طرف گول دائرہ کھینچ لے

اس کے بعد اس طرح بیٹھے کہ سامنے کی دیوار پر نظر پڑے اور سرسوں کا تیل ڈال کر مٹی کا چراغ روئی کی بتی بنا کر روشن کرے اور بیٹھ کے پیچھے اس چراغ کو رکھ لے اور سایہ پر جو دیوار پر بنتا ہے سینہ پر یا اس سے اوپر ایک جگہ جمائے اور سانس روک روک کر اسم الٰہی

یَالَطِیْفُ

ایک ہزار چار سو چوبیس (۱۴۲۴) مرتبہ پڑھے۔ اس عمل کے دوران اول و آخر درود شریف (نماز میں جو درود شریف پڑھا جاتا ہے) گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ اور نظر میں یَالَطِیْفُ کا تصور کرے کہ سامنے یَالَطِیْفُ لکھا ہے اور سانس روک کر پڑھے مثلاً سانس روکا اور جلدی جلدی یَا لَطِیْفُ یَالَطِیْفُ پڑھ لیا۔ اور عمل پڑھنے کے بعد دعا کرے کہ

"اے اللہ اس اسم اعظم کے تسوّر کے ذریعہ
سے میرے ہمزاد کو تابع و فرمانبردار کر دے آمین"

تیسرے ہفتہ میں متحرک ہوگا (یعنی اِدھر اُدھر چلتا پھرتا محسوس ہوگا) چوتھے ہفتہ میں بات چیت کرے گا اور کام کو دریافت کرے گا۔ اس وقت اس کہا جائے کہ پہلے تو مسلمان ہو جا۔ اس وقت کام بتلاؤں گا وہ غائب ہو جائے گا۔ پھر ایک ہفتہ بعد حاضر ہوگا (جس قدر زیادہ



دیر سانس روکا جائے گا) اسی قدر جلد کام ہوگا۔ اس کے بعد وہ مسلمان ہو جائے گا۔ اس وقت جب وہ کام معلوم کرے تو اس سے پانچ سو روپے روزانہ کا وعدہ کر لینا۔ آدھی رقم (ڈھائی سو روپے) اللہ کے نام پر خیرات کر دے اور آدھی رقم (ڈھائی سو روپے) اپنے خرچ میں لے آئے۔ جس قدر حبس دم (سانس روک کر پڑھو گے) کرو گے اور تصور سایہ زیادہ ہوگا جلد مطیع ہوگا۔ اس عمل میں کسی قسم کا خوف نہ کرے اور یہ تصور کرے کہ اللہ تعالیٰ کے عرش کے نیچے بیٹھا ہوں۔ پڑھنے کے دوران حصار سے باہر نہ نکلے، پڑھنے کے دوران بالکل بات نہ کرے، عمل ختم کرنے کے بعد بات کرے۔

ہمزاد ایک دم پچاس ہزار روپیہ لے کر آزاد کر سکتے ہو مگر قول و قرار نہایت احتیاط سے کرے۔ جب ضرورت ہو بلاوے یا روپیہ لے کر آزاد کر دے۔ یہ بھی دریافت کرے کہ اگر ہم کسی وقت آزاد کرنا چاہیں تو کس طرح پر ہوگا۔

مالدار بننے اور روزی میں برکت کے لئے

اگر کوئی شخص انتہائی غریب ہے اور گذارہ مشکل ہوتا ہے

یا قرض میں بندھا ہوا ہے تو مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے چمڑے یا کالے کپڑے اور کالی ڈوری کے ساتھ گلے میں ڈال لے۔ یا یہ تعویذ موم جامہ کر کے گلہ میں رکھے یا اپنے صندوق میں رکھے یا دوکان یا مکان میں لگائے انشاء اللہ تعالیٰ مالی حالت مضبوط ہوگی۔ گھر میں، دوکان میں، محلہ میں برکت ہوگی۔ اس نقش کو استعمال کرنے سے قبل ایک کلو مٹھائی منگوا کر حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایصالِ ثواب کی نیت سے نمازیوں میں یا معصوم بچوں میں بانٹ دے۔

وہ نقش یہ ہے۔

بِحَقِّ یَا شَمْسُ بِلَا کَافٍ

۷۸۶

۲۴۸۹	۱۴۱۲	۲۴۹۵	۲۴۸۲
۲۴۶۴	۲۴۸۳	۱۴۸۸	۲۴۹۳
۱۴۸۴	۲۴۹۷	۱۴۹۰	۲۴۸۷
۲۴۹۱	۲۴۸۶	۲۴۸۵	۱۴۹۶

دستِ غیب

غسل کرے پاک و صاف کپڑے پہنے، خوشبو لگائے

اور جس جگہ عمل کرے اس کو بھی دن کے وقت دھو کر پاک کر لے۔ لوبان یا اگربتی جلائے۔ آیت اِذْ قَالَ اِبْرٰهِیْمُ رَبِّ اَرِنِیْ کَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰی ..... عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ۔ یہ عمل اکتالیس دن کرنا ہے اور اکتالیس سو (۴۱۰۰) مرتبہ پڑھنا ہے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار۔ ایک ایک سو روپے کے پانچ نوٹ لے کر ان میں چار نوٹوں کے کناروں پر پنسل سے الگ الگ چاروں خلفائے راشدینؓ کے نام لکھے اور مصلہ کے چاروں کونوں کے نیچے رکھے۔ وہ نام یہ ہیں۔

۱ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ
۲ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالےٰ عنہ
۳ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ
۴ حضرت علی مرتضےٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ

اور پانچویں نوٹ پر
حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
کا نام لکھے اور مصلے کے نیچے سجدہ کی جگہ رکھ دے۔ یہ چاروں نوٹ عمل کی برکت سے پانچویں نوٹ کے پاس جب اللہ تعالیٰ رحمت سے خود جمع ہو جائیں سمجھ لو کہ عمل

مکمل ہوا۔ چلہ ختم ہونے کے بعد ان چاروں نوٹوں کو (جن پر سلفاء راشدینؓ کے نام لکھے ہیں) اپنے خرچ میں لائے پانچویں پر نشان لگا کر تھیلی میں رکھے کہ خرچ نہ ہو جائے چار نوٹ واپس آجایا کریں گے ہمیشہ پانچوں نوٹ یکجا رہیں گے۔ مگر یہ خیال رہے کہ جب خرچ کرنے دوکان پر جائے تو نوٹ دوکاندار کے ہاتھ میں مت دو بلکہ اس کے تھیلے پر پھینک دیا کرو یہ سنت یاد رکھنا لازم ہے۔ ورنہ اگر دوکاندار کے ہاتھ میں نوٹ دے دیا تو عمل ٹوٹ جائے گا۔ یہ روپیہ صرف اپنی ضروریات میں خرچ کرو خیرات کرو لیکن ناجائز کاموں میں خرچ نہ کرو ورنہ فیض بند ہو جائے گا۔ وہ آیت پڑھنے والی یہ ہے۔

فتوحاتِ غیبی کے لئے

اللہ تعالیٰ کی طرف سے فتوحاتِ غیبی کے لئے سورۃ فاتحہ اس ترکیب سے پڑھے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار۔ اس کے درمیان

۱ - اتوار کے دن۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝
۲ پانچ سو اکیاسی (۵۸۱) مرتبہ پڑھے۔
۲ - پیر کے دن۔ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
چھ سو اکیاسی (۶۸۱) مرتبہ پڑھے۔
۳ - منگل کے دن۔ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝
دو سو بیالیس (۲۴۲) مرتبہ پڑھے
۴ - بدھ کے دن۔ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝
آٹھ سو چھتیس (۸۳۶) مرتبہ پڑھے
۵ - جمعرات کے دن۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝
ایک ہزار چالیس (۱۰۴۰) مرتبہ پڑھے
۶ - جمعہ کے دن۔ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ
ایک ہزار آٹھ سو چھ (۱۸۰۶) مرتبہ پڑھے۔
۷ - ہفتہ کے دن۔ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

چار ہزار دو سو تینتیس (۴۲۳۳) مرتبہ پڑھے۔
اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ فتوحاتِ غیبی کا دروازہ کھل جائے گا اور ہر قسم کی معاشی بدحالی ختم ہو جائے گی۔ عمل شرط ہے برابر عمل کرے۔ چھٹی ناغہ نہ کرے۔

دستِ غیب

جو شخص چاہتا ہے کہ اسے دستِ غیب حاصل ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید اور لاجواب ہے۔
اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف (نماز میں پڑھا جانے والا درود) پڑھے۔ درمیان میں سورۂ مزمل شریف اس ترکیب سے پڑھے کہ درود شریف گیارہ بار پڑھنے کے بعد

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

پڑھے۔ اس کے بعد سورۂ مزمل یٰٓاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ سے پڑھنا شروع کرے جب فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا ۝ پر پہنچے تو ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ

حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل

پڑھے۔ سورۂ مزمل ختم کرنے کے بعد

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

پڑھے۔ اسی طرح اکتالیس روز یہ عمل اکتالیس مرتبہ پڑھ کر کرے۔ اس کے بعد ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار

یَا مُغْنِیُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے اللہ تعالیٰ غیب سے روزی کا انتظام فرمائے گا۔
جس دن عمل شروع کرے اول غسل کر کے پاک و صاف کپڑے پہن کر وقتِ عصر احرام باندھ کر پڑھے۔
ترکیبِ بالا پر اکتالیس بار پھر ہر روز بوقتِ عشاء درمیان سنت و وتر گیارہ مرتبہ ترکیب بالا پڑھا کرے صرف ایک روز وقتِ عصر پڑھا جائے گا۔

واسطے معلوم کرنے دفینہ کے

اگر یہ معلوم کرنا چاہے کہ اس مکان میں خزانہ کہاں دفن ہے تو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔
اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے درمیان میں ایک ہزار مرتبہ یہ آیات پڑھے۔

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ؕ
وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ
اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ
وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝

ہر ایک سو مرتبہ پڑھنے کے بعد ایک سو مرتبہ "مُبِیْن" کا لفظ کہے پھر اول سے شروع کرے پھر ایک سو مرتبہ یہ آیت پڑھنے کے بعد ایک سو بار "مُبِیْن" کا لفظ کہے اور پھر آیت پڑھنا شروع کرے۔ اس کے بعد تمام پڑھنے کے بعد پیلی سرسوں پر پڑھ کر اس جگہ جہاں دفینہ ہے سارے کمرے میں چھڑک دے اور چوبیس گھنٹے کمرہ اور مکان خالی رکھے۔ سرسوں خود بخود سمٹ کر ایک جگہ جمع ہو جائے گی۔ اسی جگہ خزانہ ہے کھود کر نکال لے۔

ہمزاد (مؤکل) کی تسخیر

یہ عمل صرف پچاس سال سے اوپر کے لوگ کریں، دوسرے یہ کہ ڈرپوک اور کمزور دل نہ کریں، تیسرے یہ کہ اس کا کرنے والا حلال روزی کھانے والا ہو، رشوت، سود، چوری، دھوکہ، لوٹ مار سے حاصل کردہ مال سے پرہیز کرنے والا ہو۔ بہتر یہ ہے کہ صرف اپنی کمائی کا کھانا کھائے کسی اور کی دعوت کھانا، چائے، بوتل، مٹھائی استعمال نہ کرے۔ ان شرائط کی پابندی نہ کرنے والا بڑا نقصان اٹھائے گا۔ لہذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے اور جس کمرے میں عامل عمل کر رہا ہے اس کے برابر والے کمرے میں ایک آدمی ہونا چاہیئے جو عامل ہو اور بُرا وقت پڑنے پر اس کی مدد کر سکے۔ عمل یہ ہے۔

یہ عمل چالیس دن کا ہے۔ چالیس دن تک ایسی خلوت (اکیلی جگہ) میں رہو کہ نہ تم کسی کو دیکھو۔ نہ تم کو کوئی دیکھے۔ چالیس دن تک روٹی اپنے ہاتھ سے پکانی ہوگی۔ گیہوں جس میں چوہے ملے ہوئے ہوں ایسے لو جس میں نہ کوئی کیڑا ہو نہ کسی دانے کو گھن لگا ہو۔ پھر ان کو دھو کر سکھا کر احتیاط سے آٹا پسوا کر اپنے پاس

رکھو۔ اسی طرح دال بھی ایسی ہو جس میں کوئی کیڑا نہ ہو اور نہ کسی دانے کو کیڑے نے کھایا ہو۔ ہر قسم کی دال اپنے پاس رکھو۔ ترک حیوانات جلالی و جمالی کرو۔ یعنی مچھلی، انڈا، گھی، دودھ، گوشت، چمڑے کی جوتی، گھڑی کا پٹہ چمڑے کا، کسی کے گھر کی کھیر، دودھ، مٹھائی، بازار کے پکوان، موت میں جانا، میت کو کندھا دینا، جس جگہ بچے کی ولادت ہوئی ہو اس گھر میں جانا، تیل کے پکوان۔ یہ سب منع ہیں ان سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔ اگر اتفاق سے کسی چیز کی ضرورت چلہ کے دوران ہو جائے تو کاغذ پر لکھ کر دے دو۔ گھر کے لوگ اس کی تعمیل کریں گے۔ عمل پڑھنے سے قبل غسل کرو، ایک سفید تہبند باندھ لو اور ایک سفید چادر اوڑھ لو (احرام والا لباس پہننا ہے) سلا ہوا کپڑا استعمال نہیں کرنا۔ عمل کے علاوہ تمام وقت عبادت میں گذارو۔ نمازوں کی پابندی کرو۔ خالی مت بیٹھو۔

نیا چاند دیکھنے کے بعد یہ عمل کرنا ہے (عروج میں) چاند کی پندرہ تاریخ کے بعد یہ عمل شروع نہیں کیا جا سکتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ چاند کی شروع کی تاریخوں میں عمل شروع کرنا ہے۔ خلوت (اکیلے کمرے) میں قبلہ کی طرف منہ کر کے اول چاقو یا

چھری کی نوک سے حصار کرے۔ حصار کی ترکیب یہ ہے۔

مندرجہ ذیل سورتیں اس ترتیب سے پڑھیں۔

(۱) آیۃ الکرسی بسم اللہ کے ساتھ ایک مرتبہ (۲) سورہ کافرون بسم اللہ کے ساتھ ایک مرتبہ (۳) سورۂ اخلاص بسم اللہ کے ساتھ ایک مرتبہ (۴) سورۂ فلق بسم اللہ کے ساتھ ایک مرتبہ (۵) سورۂ ناس بسم اللہ کے ساتھ ایک مرتبہ۔

مندرجہ بالا سورتیں پڑھ کر اپنے چاروں طرف پھونکے اور جسم پر دم کرے اور چاقو یا چھری پر دم کر کے چاقو یا چھری سے اپنے چاروں طرف لائن کھینچے۔ اگر پکے فرش پر لائن نہ بنے تو چاقو کی نوک کے ساتھ چاک لگا کر نشان لگا لے۔ پھر حصار کے اندر باوضو بیٹھ کر تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ الحمد شریف پڑھو۔ شروع کرنے سے قبل تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور ختم کرنے کے بعد تین مرتبہ درود شریف پڑھے

درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

اس تعداد کے مطابق پڑھنے سے چالیس دن میں جو عجائبات و غرائبات نظر آئیں ان سے نہ ڈرو، اگر مؤکل تم سے بات کرنا چاہیں تو کسی بات کا جواب نہ دو۔ اگر سلام کریں دل میں جواب دے دو زبان سے کچھ نہ بولو۔ مؤکل کی دی ہوئی چیز بالکل نہ لو۔ انشاء اللہ تعالےٰ چالیسویں دن اس سورۃ پاک کے مؤکل حاضر ہوں گے اور دوست ہونے کا اقرار کریں گے۔ جب کسی مؤکل کو بلانا ہو تو خلوت میں بیٹھ کر ایک ہزار بار الحمد شریف اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھو فوراً مؤکل حاضر ہوں گے اور تمہارے حکم کی تعمیل کریں گے۔ ان سے صرف جائز کام کہو وہ کریں گے ناجائز کام کا حکم دو گے تو نقصان اٹھاؤ گے لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ اسی طرح کسی پر ظلم کرنے کا

حکم مت دو، نقصان پہنچانے کا حکم مت دو۔ ناجائز طور پر مال لانے کی بابت حکم نہ دو۔

چلہ کے بعد ستر (۷۰) بار روزانہ الحمد شریف کا ورد رکھنا ہوگا اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھنا ہے۔ یعنی عمل کو قابو میں رکھنے کے لیے روزانہ اول و آخر تین تین بار درود شریف، درمیان میں ستر (۷۰) بار الحمد شریف پڑھنا لازم ہے ورنہ عمل ختم ہو جائے گا۔ اور مؤکل کو بلانے کے لیے اول تین بار درود شریف پھر ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ الحمد شریف پھر آخر میں تین بار درود شریف۔ مؤکل حاضر ہوگا۔ اس سے جائز کام لے

حصار میں پڑھی جانے والی سورتیں یہ ہیں

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ
اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَهٗ
مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ
اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ
وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ
كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ
وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

سورۂ کافرون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ
اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ
يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

سورۃ الفلق یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ
شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝
وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

سورۃ الناس یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ
النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ
يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

ہجوم احزان وغم وفکر کیلئے

ہر نماز کے بعد سات مرتبہ سورہ الم نشرح (آخر تک) اور سوتے وقت سترہ (۱۷) مرتبہ یہی سورت اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر سینہ پر دم کر لیا کریں۔

تنگدستی اور قرض کے لئے

بعد نماز عشا تنہا بیٹھ کر یَا وَهَّابُ چودہ سو چودہ (۱۴۱۴) بار پڑھ کر یہ دعا ایک سو مرتبہ پڑھا کریں۔ یَا وَهَّابُ هَبْ لِيْ مِنْ نِّعْمَةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔ اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف ہو۔

تنگدستی اور قرض سے نجات کے لئے

بعد نماز صبح سورۂ اذا جاء نصر اللہ (آخر تک) اکیس مرتبہ، بعد ظہر ۲۲ مرتبہ، بعد عصر ۲۳ مرتبہ، بعد مغرب ۲۴ مرتبہ اور بعد عشاء ۲۵ مرتبہ۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف ہوا کرے۔ مداومت پر انشاء اللہ کامیابی حاصل ہوگی۔ نماز باجماعت اور اتباع شریعت اور ذکر میں کوتاہی نہ کریں۔

مزاروں پر حاضری کے وقت کا عمل

جب قبرستان یا مزار میں حاضری ہو تو یہ پڑھے:۔

السلام علیکم یا دار قوم مؤمنین انتم سلفنا ونحن

بالاثر وانا انشاء الله بکم للاحقون یغفر الله لنا ولکم اجمعین وصلی الله علی سیدنا ومولانا محمد والہ و صحبہ وبارک وسلم سلاما علیکم لما صبرتم فنعم عقبی الدار۔

پھر درود شریف تین[۳] بار، سورۂ فاتحہ تین[۳] بار، سورۂ اخلاص بارہ[۱۲] بار، درود شریف تین[۳] بار پڑھ کر مزار کو بخشے اس کے اور تمام گرد و پیش کے مدفونین کے لئے دعاء مغفرت کرے۔[۱]

ہر قسم کی مشکلات حل ہونے کا عمل

(روزی، اعزہ واقربا کے ستانے کی)

اگر ممکن ہو تو آخیر رات میں ورنہ بعد از مغرب یا بعد از عشاء اور اگر رات میں ممکن نہ ہو تو دن ہی میں ایسے وقت میں کہ نوافل جائز ہوں چار رکعت نفل بہ نیت دفع مصائب نازلہ وقضاء حاجت ومشکلات پڑھیں۔

اول رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ سَوْبار (سو مرتبہ)

دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ سَوْبار

تیسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ اُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ

[۱] مکتوبات شیخ الاسلام جلد سوم ص۱۹۶۔

اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ سَوْبار

چوتھی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ سَوْمرتبہ پڑھیں۔

اور سلام پھیرنے کے بعد سَوْمرتبہ رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھ کر دفع مشکلات واردہ کے لئے دعا بحضور قلب مانگا کریں انشاء اللہ تھوڑے ہی عرصہ میں عمدہ نتائج ظاہر ہوں گے۔

نوٹ: سَوْکا عدد گننے کے لئے تسبیح لے سکتے ہیں۔ ہاتھ باندھے نماز میں شمار کر سکیں گے۔[۱]

دفع وساوس وبرے خیالات کیلئے

سورۃ الناس، شام یا صبح کو معنی کے خیال کے ساتھ ایک تسبیح روزانہ پڑھ لیا کریں انشاء اللہ وساوس سے نجات مل جائے گی۔[۲]

دشمنوں کے شر، ہر قسم کے ڈر، خوف اور وساوس سے نجات کیلئے

روزانہ مغرب یا عشاء کے بعد سورۂ لایلاف قریش مع البسمہ ایک سَوْایک دفعہ پڑھ لیا کیجئے۔ صبح کی نماز کے بعد سات مرتبہ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ہمیشہ پڑھ لیا کیجئے (ناغہ نہ کیجئے)

رات کو سوتے وقت آیۃ الکرسی اور چاروں قل ایک ایک مرتبہ

[۱] مکتوبات شیخ الاسلام جلد چہارم ص۔ [۲] ایضاً ص۱۸

پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر پھونک کر ہتھیلیاں، چہرہ، سر، سینہ اور تمام بدن پر ہاتھ پھیر لیا کیجئے جہاں پر ہاتھ پہنچتا ہو۔ اسی طرح تین مرتبہ کرکے سویا کیجئے۔ [1]

فقر و فاقہ، خیالات بد، دشمنوں کی ایذا رسانی سے نجات کیلئے

سورۂ قریش کے پڑھنے اور مداومت کرنے سے امید قوی ہے کہ فقر و فاقہ اور دشمنوں کی ایذا رسانی میں کمی ہوگی اور تحفظ ہوتا رہے گا۔

رات کو سوتے وقت آیۃ الکرسی اور چاروں قل سے بدخوابی اور شیاطین و خباثت کی تاثیرات دور ہوتی ہیں اور انسان محفوظ ہوتا ہے۔

صلوٰۃ الحاجت ہر قسم کی مشکلات کے لئے ہے جو بھی اور جب بھی پیش آئیں پڑھتے ہوئے اُن کے حل ہونے کا خیال دل میں رکھنا چاہیئے اور مداومت چاہیئے۔

سورۃ الناس پر مداومت کرنے سے نماز اور دوسری عبادتوں میں خطرات اور بُرے خیالات وغیرہ سے تحفظ ہوگا۔ [2]

رزق کی کمی دور کرنے کے لئے

روزانہ گیارہ دفعہ سورۂ مزمل پڑھا کریں اور جب وکیل پر پہنچیں تو پچیس دفعہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھا کریں، کسی وقت کی قید نہیں ہے، بلا ناغہ پڑھیں۔

[1] مکتوب شیخ الاسلام جلد چہارم صفحہ ۔ [2] ایضاً ۔

قنوت نازلہ

از حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنیؒ

اَللّٰهُمَّ اهْدِنَا فِيْمَنْ هَدَيْتَ وَعَافِنَا فِيْمَنْ عَافَيْتَ وَتَوَلَّنَا فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ وَبَارِكْ لَنَا فِيْمَا اَعْطَيْتَ وَقِنَا شَرَّ مَا قَضَيْتَ فَاِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ وَاِنَّهٗ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ نَسْتَغْفِرُكَ وَنَتُوْبُ اِلَيْكَ وَنَتُوْبُ اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ اَعِزَّ كَلِمَةَ الْاِسْلَامِ وَالْمُسْلِمِيْنَ اَعِزَّ كَلِمَةَ الْاِسْلَامِ وَالْمُسْلِمِيْنَ اَعِزَّ كَلِمَةَ الْاِسْلَامِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَانْجِزْ وَعْدَكَ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَللّٰهُمَّ اخْذُلِ الشِّرْكَ وَالْمُشْرِكِيْنَ اَعْدَآءَ نَا وَاَعْدَآءَ كَ اَعْدَآءَ الدِّيْنِ۔ اَللّٰهُمَّ زَلْزِلْهُمْ اَللّٰهُمَّ شَتِّتْ شَمْلَهُمْ اَللّٰهُمَّ فَرِّقْ جَمْعَهُمْ اَللّٰهُمَّ اَهْلِكْ اَمْوَالَهُمْ اَللّٰهُمَّ قَلِّلْ عَدَدَهُمْ اَللّٰهُمَّ اهْزِمْ جُنُوْدَهُمْ اَللّٰهُمَّ اَلْقِ الرُّعْبَ وَالْفَشَلَ وَالْاِخْتِلَافَ بَيْنَهُمْ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ

مِنْ شُرُوْرِهِمْ اَللّٰهُمَّ خُذْهُمْ اَخْذَ
عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ اَللّٰهُمَّ خُذْهُمْ اَخْذَ
عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ اَللّٰهُمَّ خُذْهُمْ اَخْذَ
عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ۔ اَللّٰهُمَّ لَا تُعَامِلْنَا بِمَا
نَحْنُ اَهْلُهٗ وَعَامِلْنَا بِمَا اَنْتَ اَهْلُهٗ
اَنْتَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْعَفْوِ
وَالْكَرَمِ وَالْجُوْدِ وَالْاِحْسَانِ
وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى اَحَبِّ خَلْقِهٖ اِلَيْهِ
سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ
وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

الحمد للہ جلد نوزدھم ختم شد

الحمدللہ آپ نے انیسویں جلد سے فائدہ
اُٹھایا اب بیسویں جلد سے فائدہ اٹھائیں

ہماری مقبولِ عام مطبوعات

مرتبہ: اعجاز احمد خان سنگھانوی

حکایاتُ الصّالحین یعنی اولیاءِ کرام کی ایمان پرور حکایات

اولیاء کرام، صوفیائے عظام، عُلماء حق، مشائخِ طریقت اور حکام و قضاۃ کی ایمان افروز حکایات کا عظیم الشان مجموعہ۔

یہ حکایات شریعت و طریقت کا شاہکار، نیکی و تقویٰ کی منادا اور شرافت و انسانیت کا سبق سکھانے والی ہیں۔ اس کی بڑی جلد میں تین سو حکایات ہیں۔ قیمت: ۱۲۰/- روپے، چھوٹی کتاب میں صرف ایک سو حکایات ہیں۔

قیمت: ۳۰/- روپے۔

حکایاتُ الاسلاف عن روایاتُ الاخلاف یعنی عُلماء دیوبند کی دلچسپ اور سبق آموز حکایات

عُلماء دیوبند و سہارنپور کی حکایات کا دلچسپ اور بصیرت افروز مجموعہ۔

ان حکایات کا مُطالعہ انسانی زندگی میں انقلابی تبدیلی پیدا کرتا ہے۔

ان حکایات کا مُطالعہ اخلاق میں سنوار پیدا کرتا ہے، نیکی کا شعور پیدا کرتا ہے اور تقویٰ و طہارت کا احساس اُجاگر کرتا ہے۔

یہ حکایات انتہائی دلچسپ اور مؤثر ہیں۔ سفید کاغذ، مکمل صفحات۔

قیمت۔ جلد اوّل: ۱۰۰/- روپے۔ جلد دوم: ۱۰۰/- روپے

مظہر بک ڈپو

دکان ۷ محبوب کارنر ST 2 III E نزد گول مارکیٹ ناظم آباد ۳ کراچی ۱۸